QAUMI
ENGLISH-URDU DICTIONARY

مقتدرہ قومی زبان
پاکستان

QAUMI ENGLISH - URDU DICTIONARY

Edited by
Dr. JAMEEL JALIBI
S. I, H. I

سلسلہ مطبوعات : ۲۰۶

کتاب کا عالمی معیاری نمبر: ISBN 969-474-000-2
کتاب کا عالمی معیاری نمبر: ISBN 969-474-133-5
کتاب کا عالمی معیاری نمبر: ISBN 969-474-168-8
کتاب کا عالمی معیاری نمبر: ISBN 969-474-085-1

طبع اول ________ ۱۹۹۲ء
طبع دوم ________ ۱۹۹۴ء
طبع سوم ________ ۱۹۹۶ء
طبع چہارم ________ ۱۹۹۹ء
طبع پنجم ________ ۲۰۰۲ء
تعداد ________ ۴۰۰۰
قیمت ________ ۵۰۰ روپے
اہتمام ________ محمد اکرام بلال
طابع ________ الحمرا پبلشنگ اسلام آباد
ناشر ________ پروفیسر فتح محمد ملک
(صدر نشین)
مقتدرہ قومی زبان، ایچ ۸ / ۴،
پطرس بخاری روڈ، اسلام آباد،
پاکستان۔

قومی انگریزی اردو لغت، ایڈیٹر جمیل جالبی
I۔ انگریزی زبان۔ لغات۔ اردو
ا۔ جالبی، جمیل ۱۹۲۹ء۔
۲۔ مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد
۳۔ سلسلہ ۹۱۴۳۹۔۴۲۳

ترتیب

پیش لفظ

گزشتہ نصف صدی میں ، غیر معمولی سائنسی ترقی کے باعث ، نہ صرف معاشرہ اور انسان بدلا ہے بلکہ زبانیں بھی غیر معمولی تبدیلیوں سے ہم کنار ہوئی ہیں ۔ ان ساری تبدیلیوں سے اردو زبان کو ہم آہنگ کرنے اور اسے صحیح سمت میں وسعت دینے کے لیے ایک ایسی انگریزی اردو لُغت وقت کی ضرورت تھی جو عہدِ حاضر کے جدید ترین علمی و سائنسی تقاضوں کو پورا کر سکے ۔ اسی خیال کے پیش نظر جب راقم الحروف نے ''مقتدرہ قومی زبان'' کے صدر نشین کا منصب سنبھالا تو اس مسئلے پر کئی مہینے غور اور مشورہ کرکے یہ طے کیا کہ ایک ایسی انگریزی اردو لغت کی داغ بیل ڈالی جائے جو آج کی زبان ، اس کے محاورے ، اصطلاحات اور لفظیات سے اردو دانوں کو متعارف کرا سکے اور قومی زبان میں لکھنے اور کام کرنے والوں کے لیے ایک مفید وسیلہ بن سکے ۔

انگریزی اردو لغت نویسی کی روایت ہمارے ہاں دو سو سال سے زیادہ قدیم ہے ۔ اس توانا روایت نے قدم قدم پر ہمارا ساتھ دیا ہے ۔ جارج ہیڈلے کی ''انگریزی ہندوستانی لغت'' ۱۷۷۲ء میں لندن سے شائع ہوئی تھی اور یہ سلسلہ کسی نہ کسی صورت میں آج تک جاری ہے ۔ اب تک جو چھوٹی بڑی انگریزی اردو لُغات تالیف ہوئی ہیں اور جن کی تعداد سو کے قریب ہے ، ان میں سے بیشتر کا مطالعہ کیا گیا ۔ مطالعے کے بعد اس بات کی تصدیق ہوئی کہ یہ سب لغات اپنی جگہ آج بھی اہم ہیں اور اپنے اپنے دور کی ضرورتوں کا احاطہ کرتی ہیں لیکن جدید ترین سائنسی ، معاشرتی ، معاشی ، علمی ، فکری ، ادبی اور ابلاغ عامہ کے تقاضوں کو پورا نہیں کرتیں ۔ اس مطالعے سے اس بات کی بھی توثیق ہوئی کہ اردو زبان کو اب یقیناً ایک ایسی انگریزی اردو لغت کی ضرورت ہے جو آج کے سارے علوم و فنون کا احاطہ کرتی ہو اور نئی زبان ، اصطلاحات و محاورات کو بھی اپنے دامن میں سمیٹتی ہو ۔ یہ ''قومی انگریزی اردو لغت'' ، جس کا پہلا ایڈیشن آپ کے سامنے ہے ، ایک جامع جدید لغت کے اعتبار سے ، عہد حاضر کی کم و بیش ساری ضرورتوں کو پورا کرتی ہے ۔ اس میں نہ صرف امریکہ ، برطانیہ ، اسکاٹ لینڈ ، کینیڈا ، نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا وغیرہ کے مخصوص انگریزی الفاظ و محاورات بلکہ دو سو سے زیادہ علوم و فنون کی اصطلاحات بھی شامل ہیں ۔ یہ سب وہ الفاظ ، محاورات اور اصطلاحات ہیں جو معیاری انگریزی تحریروں میں استعمال ہوئے ہیں ۔

جیسا کہ ہم سب جانتے ہیں آج انگریزی زبان دنیا میں برطانوی اثر و نفوذ ہی کی تابع نہیں رہی ہے بلکہ یہ زبان اب زیادہ تر امریکی اقتدار و تسلط کے سہارے دنیا میں عام ہو رہی ہے ۔ اسی لیے اس لغت کی تالیف میں اس بات کو بنیادی اہمیت دی گئی ہے کہ نہ صرف برطانوی انگریزی شامل کی جائے بلکہ امریکی انگریزی زبان اور اس کے محاورے کو بھی ، جدید دنیا کے بدلتے ہوئے علمی و فکری تناظر میں ، سامنے رکھا جائے ۔ جدید معیاری سائنسی ، معاشی و مالیاتی کتابوں اور کمپیوٹر پروگراموں میں جو زبان استعمال ہو رہی ہے وہ بڑی حد تک امریکی انگریزی ہے ۔ اسی لیے پورے غور و فکر کے بعد طے کیا گیا کہ اس کام کے لیے ویبسٹر ڈکشنری (انسائیکلوپیڈک ایڈیشن) کا جدید ترین ایڈیشن استعمال کیا جائے ۔ اس میں ایسے الفاظ بھی شامل ہیں جو ہیں تو تجارتی نشان لیکن عام زبان کا حصہ بن چکے ہیں ۔ اس میں وہ نئے الفاظ

بھی شامل کر دیے گئے ہیں جو ویبسٹر کے ۱۹۸۶ء کے ایڈیشن میں بطور ضمیمہ شامل کیے گئے تھے ۔ یہ لغت ہر علم و فن کا احاطہ کرتی ہے اور اس میں آپ کو عام طور پر وہ الفاظ مل جائیں گے جن کے معانی کی آپ کو تلاش ہے ۔

ہماری یہ ''قومی انگریزی اردو لغت'' نہ صرف عہد حاضر کی جدید ضروریات اور تقاضوں کو پورا کرتی ہے بلکہ سائنسی و تکنیکی ذخیرۂ الفاظ کا بھی وسیع تر احاطہ کرتی ہے ۔ اس میں قدیم کے ساتھ ساتھ جدید ترین معنی بھی شامل کیے گئے ہیں البتہ وہ الفاظ چھوڑ دیے گئے ہیں جو انگریزی زبان میں ۱۷۵۵ء سے پہلے متروک ہو چکے تھے ۔ یہ لغت صرف کسی ایک پیشے یا علم سے وابستہ لوگوں کے لیے ہی نہیں ہے بلکہ ہر علم ، ہر پیشے اور ہر اس شخص کی ضرورت پوری کرنے کے لیے تیار کی گئی ہے جو کسی بھی جدید یا جدید ترین علم یا فن پر اردو زبان میں کام کرنا چاہتا ہے ۔ یہ لغت بیک وقت ہر نوع کے سائنس دانوں ، انجینئروں ، قانون دانوں ، پیشہ وروں ، مورخوں ، ماہر سیاسیات ، ماہر لسانیات و صوتیات ، جدید علوم و فنون کی جدید ترین کتابوں کے مترجمین کے لیے مدد گار ثابت ہو گی اور دفتری و انتظامی امور اور اخبارات یا شعبۂ خبریات میں کام کرنے والوں کے لیے بھی مفید ہوگی ۔ یہ لغت اختصاصی نہیں بلکہ عمومی لغت ہے ۔ ایسی عمومیت جس میں اختصاص شامل ہے اور ایسا اختصاص جس میں عمومیت شامل ہے ۔ اس لغت کے ذریعے ہم، اعتماد کے ساتھ ، اپنی قومی زبان کو اکیسویں صدی مں داخل کر رہے ہیں ۔

لغت نویسی ایک مشکل اور پیچیدہ کام ہے اور بالخصوص اس وقت یہ کام اور دشوار ہو جاتا ہے جب لغت ذُولسانی ہو ۔ جب ایک زبان کے الفاظ و محاورات کو دوسری زبان میں منتقل کیا جاتا ہے تو نہ صرف زبان کو نئے سانچوں میں ڈھالنا پڑتا ہے بلکہ نئے علوم و فنون کے زیر اثر نئے الفاظ ، مرکبات اور اصطلاحات بھی وضع کرنی ہوتی ہیں ۔ اس عمل کے دوران اس زبان کے لسانی مزاج کو بھی سامنے رکھنا ہوتا ہے جس زبان میں یہ نئے تصورات ڈھالے جا رہے ہیں ۔ اس عمل سے لسانی امتزاج وجود میں آتا ہے اور وہ زبان نئی جہتوں سے آشنا ہوتی ہے اور اس کی قوتِ بیان بڑھتی اور سینکڑوں نئے الفاظ ، اصطلاحات و مرکبات اس کے دامن میں سمٹ آتے ہیں ۔ زیر نظر لغت میں لسانی امتزاج کا یہ عمل وسیع پیمانے پر ہوا ہے ۔ اس لغت کا بڑا مقصد ، جو الفاظ و معانی کی تعداد کے اعتبار سے آج تک شائع ہونے والی ہر لغت سے زیادہ ضخیم ہے ، یہ ہے کہ وہ لوگ جو اردو میں کسی بھی موضوع پر لکھنا چاہتے ہیں یہ لغت الفاظ ، اصطلاحات یا نئے تصورات کی تفہیم میں ان کی مدد کرے اور جب ہم اردو زبان کا ذکر کرتے ہیں تو اس میں تمام پاکستانی زبانوں کو بھی شامل کرتے ہیں ۔

ذولسانی لغت کا بُنیادی کام ، یہی ہوتا ہے کہ کسی لفظ یا اِصطلاح کے معنی لغت دیکھنے والے پر روشن اور اس اجنبی لفظ سے اسے مانوس کر دے ۔ زیر نظر لغت بھی یہی خدمت انجام دیتی ہے یعنی ایک طرف کسی لفظ کے اندر پوشیدہ مرکزی تصور کو آپ کے سامنے کھولتی ہے اور دوسری طرف متبادل اردو لفظ یا الفاظ مہیا کرتی ہے تاکہ لکھتے وقت یہ الفاظ آپ کی قوتِ اظہار میں اضافہ کریں ۔ اس لغت میں اردو زبان کے لسانی مزاج کے مختلف رنگوں اور خوشبوؤں کو ملا کر نئے مفاہیم ، نئے معانی اور ان کے نئے رُخوں کو ایک واضح صورت دینے کی کوشش کی گئی ہے ۔ اظہارِ بیان کے نئے پیرایے زبان میں داخل کیے گئے ہیں ۔ اس لغت میں

آپ کو اردو زبان بدلتی ، نئے شعور ، نئے تصورات اور نئے مفاہیم کو سلیقے سے ادا کرتی ہوئی محسوس ہو گی ۔ نئے مفاہیم اور نئے تصورات کو ادا کرنے کے لیے ایک نیا اندازِ اظہار اختیار کیا گیا ہے ۔ ممکن ہے لسانی امتزاج و لسانی تشکیل کے اس عمل میں آپ کو کہیں کہیں اجنبیت کا احساس ہو لیکن وقت ، استعمال اور رواج کے ساتھ یہ اجنبیت دور ہوتی اور نِکھری ہوئی نئی نئی صورتیں سامنے آتی چلی جائیں گی ۔ یہ عمل ، اردو زبان کے ارتقائی عمل ، بالخصوص سائنسی و علمی زبان کے عملِ ارتقا کو سہل اور تیز تر کرے گا ۔ حتی الوسع ہر انگریزی لفظ یا اصطلاح کا اردو متبادل بھی دیا گیا ہے ۔ اس امکان کے پیش نظر کہ وہ لفظ یا اصطلاح ، جو ہم نے دی ہے ، آپ کی ضرورت یا خواہش کو پورا نہ کرتی ہو یا آپ کو پسند نہ ہو ، ہم نے اس لفظ یا اصطلاح کے اندر موجود مرکزی تصور یا مفہوم کو بھی بیان کر دیا ہے تاکہ اس تصور سے واقف ہو کر آپ اپنی قوتِ تخلیق سے حسب ضرورت خود نیا لفظ یا اصطلاح وضع کرسکیں ۔ یہ عمل ساری لغت میں قریب قریب ہر لفظ کے ساتھ کیا گیا ہے ۔ آپ کی ضرورت و خواہش کے مدنظر مترادفات بھی دیے گئے ہیں تاکہ آپ ان مترادفات میں سے حسب ضرورت اپنا مطلوبہ لفظ منتخب کرسکیں ۔ اس لغت میں متعدد نئے مرکبات اور اصطلاحات بھی وضع کی گئی ہیں جو کثرتِ استعمال سے رائج ہو جائیں گی ۔

اب ''قومی انگریزی اردو لغت'' کے بارے میں چند باتیں ، نہایت اختصار کے ساتھ ، اور کہنا چاہتا ہوں :

۱ ۔ انگریزی الفاظ کا امریکی و برطانوی املا ساتھ ساتھ دیا گیا ہے ۔ پہلا املا امریکی ہے اور دوسرا املا برطانوی ہے ۔ یہی صورت معانی کی ہے ۔ امریکی و برطانوی دونوں معانی دیے گئے ہیں ۔

۲ ۔ اس لغت میں ایک لفظ کے وہ سارے معانی دے دیے گئے ہیں جن معانی میں کوئی ایک انگریزی لفظ استعمال ہوتا ہے ۔ اردو عبارت میں سیمی کولن (؛) اس بات کا اشارہ ہے کہ اس لفظ کے ایک معنی پورے ہو گئے ہیں ۔

۳ ۔ اس بات کا خاص طور پر التزام کیا گیا ہے کہ اگر ایک لفظ یا اصطلاح مختلف علوم و فنون میں مختلف معانی و مفاہیم میں استعمال ہوتی ہے تو ہر علم کے ذیل میں اس کے معانی الگ سے دیے جائیں ۔

۴ ۔ جب آپ کسی انگریزی لفظ کے لیے اردو مترادف تلاش کریں تو اس لفظ کے ذیل میں جتنے معانی ، جس صرفی یا نحوی صورت میں ، دیے گئے ہیں ان سب کو دیکھ لیجیے ۔ اردو مترادفات حسب ضرورت کہیں بیچ میں آئے ہیں اور کہیں شروع یا آخر میں ۔ مترجمین کی سہولت کے لیے مختلف پیرایۂ بیان اور مترادفات خاص طور پر شامل کیے گئے ہیں ۔

۵ ۔ انگریزی الفاظ کی اسم ، فعل ، صفت ، متعلق فعل ، حرف ربط اور حرف جار وغیرہ کی صورتوں کو اردو میں پیش کیا گیا ہے ۔ انگریزی زبان میں اسم اور صفت الگ الگ ہوتے ہیں ۔ ہم نے اردو میں بھی انہیں الگ الگ ظاہر کیا ہے ۔ گو بنیادی طور پر اردو کا لسانی مزاج یہ ہے کہ اسم اور صفت ایک ہوتے ہیں اور صفت ہی میں اسم پوشیدہ ہوتا ہے ۔

۶ ۔ عام طور پر اسم کو اسم ہی کی صورت میں درج کیا گیا ہے لیکن اردو استعمال میں بہت سے الفاظ علامت مصدر ''نا'' پر ختم ہوتے ہیں اور بجائے فعل کے اسم کے معنی دیتے ہیں ۔

۷۔ پاکستان کی علاقائی زبانوں کے الفاظ بھی ، معانی و مفاہیم کے بھرپور اظہار کے لیے ، استعمال کیے گئے ہیں ۔ اس عمل میں علاقائی زبانوں کے بہت سے الفاظ اردو زبان میں شامل ہو گئے ہیں جن سے لسانی ، ثقافتی اور فکری یک جہتی کے عمل کو فروغ حاصل ہو گا ۔ یہ عمل قومی زبان کے مزاج کے عین مطابق ہے ۔

۸۔ اظہار کو جامع بنانے کے لیے ہم نے انگریزی و پراکرتی الفاظ کے درمیان واو عطف اور ہمزہ لگا کر بھی مرکبات بنائے ہیں ۔

۹۔ اکثر انگریزی الفاظ یا محاورے کی وضاحت کے لیے مختصر انگریزی جملے ، محلِ استعمال دکھانے کے لیے ، درج کیے گئے ہیں تاکہ معنی کی تفہیم میں لغت دیکھنے والے کو آسانی ہو ۔

۱۰۔ اردو ، عربی ، فارسی ، ترکی کے سینکڑوں الفاظ انگریزی زبان میں آج بالکل اسی طرح مستعمل ہیں جس طرح سینکڑوں انگریزی الفاظ ، اردو اور ان زبانوں میں شامل ہو گئے ہیں ۔ ہم نے اپنی زبانوں کے ان الفاظ کی ، بالخصوص اردو الفاظ کی ، نشان دہی معانی کے ساتھ کر دی ہے اور ان الفاظ کے وہی معنی دیے ہیں جن میں وہ اِنگریزی زبان میں مستعمل ہیں ۔

۱۱۔ جہاں ایک انگریزی لفظ دو الگ الگ مختلف ، منفی یا مُثبت ، معنی میں استعمال ہوتا ہے وہاں اس لفظ کو ، ویبسٹر کے اصول کے مطابق الگ ہی درج کیا گیا ہے ۔

۱۲۔ اردو الفاظ پر ، صحیح تلفظ کے لیے ، کثرت سے اعراب لگائے گئے ہیں ۔ یہ صورت آپ کو عام طور پر کسی دوسری لغت میں نظر نہیں آئے گی ۔

۱۳۔ متن میں بار بار استعمال ہونے والی کم مانوس اردو اصطلاحات کو ، حروف تہجّی کے اعتبار سے مرتّب کر دیا گیا ہے اور ان کے سامنے انگریزی اصطلاح یا لفظ درج کرکے ضمیمے کے طور پر لغت کے آخر میں شامل کر دیا گیا ہے ۔ یہ ضمیمہ کم مانوس اردو اصطلاحات کی تفہیم میں آپ کی مدد کرے گا ۔

۱۴۔ سارے علوم و فنون کے لیے جو اردو اصطلاحات اور گرامر کے مخفّفات اس لغت میں استعمال ہوئے ہیں ، اُن کی اردو انگریزی فہرست ایک صفحہ پر شروع میں شامل کر دی گئی ہے ۔

۱۵۔ یہ لغت لائنو ٹائپ کے جدید ترین کمپیوٹر پر تیار ہوئی ہے جس میں حروف جوڑ کر الفاظ بنتے ہیں اور اس کی طباعت بھی جدید مشینوں پر ہوئی ہے ۔

''قومی انگریزی اردو لغت'' کسی ایک فرد کا نہیں بلکہ اجتماعی کام ہے ۔ سب نے اپنے اپنے مرحلے اور مقام پر تن دہی اور اخلاص کے ساتھ کام کیا اور اسے وہ صورت دی جس میں یہ آپ کے سامنے ہے ۔ ہم نے ایک صفحے پر ان سب معاونین اور کام کرنے والوں کی تفصیل دے دی ہے تاکہ اس لغت کی تکمیل کے سلسلے میں ان کی خدمات محفوظ رہ سکیں ۔ میں ان سب کا تہ دل سے شکر گزار ہوں ۔

مقتدرہ قومی زبان کی ہیئتِ حاکمہ نے لُغت کے اس منصوبے کو بخوشی منظور کیا ، معزز اراکین نے پُرجوش الفاظ میں میری اور میرے رفقائے کار کی ہمت افزائی کی ۔ ہم ہیئت حاکمہ کی اس تائید و حمایت کے لیے شکر گزار ہیں ۔ میں کابینہ ڈویژن کے سابق معتمد جناب حسن ظہیر کا انتہائی ممنون ہوں جنھوں نے قدم قدم پر میری ہمت بڑھائی ۔ خدا انھیں تادیر صحت مند و سلامت رکھے ۔ میں کابینہ ڈویژن کے موجودہ معتمد جناب خالد عمر فاروقی کا بھی تہِ دل سے

شکر گزار ہوں جنہوں نے ، اس قومی منصوبے کی تکمیل میں ، ہر طرح میری مدد اور حوصلہ افزائی کی ۔ یہ کام ان سب کے تعاون ہی سے پایۂ تکمیل کو پہنچا ۔

آخر میں ایک بات اور کہنا چاہتا ہوں ۔ کوئی انسانی کام مکمل یا حرف آخر نہیں ہوتا ۔ یہ کام بھی حرف آخر نہیں ہے ۔ محض ایک کوشش ہے جو اخلاص و انکساری کے ساتھ کی گئی ہے ۔ غلطی اور فروگذاشت انسانی خمیر میں شامل ہے ۔ مجھے امید ہے کہ آپ ہماری فروگذاشتوں سے درگذر فرمائیں گے اور ہمیں اپنے قیمتی مشوروں سے سرفراز کریں گے تاکہ اگلے ایڈیشن کو ہم آپ کی آراء کی روشنی میں خوب سے خوب تر بناسکیں ۔ اس لغت پر مسلسل کام ہوتے رہنا چاہیئے تاکہ ہر ایڈیشن میں اضافے اور تصحیح در تصحیح کا عمل جاری رہے اور یہ لغت متواتر ہماری ساری جدید ضروریات پوری کرتی رہے ۔ مقتدرہ میں فوری طور پر ایسے انتظامات کیے جا رہے ہیں جن پر عمل پیرا ہونے سے ''قومی انگریزی اردو لغت'' دنیا کی معروف لغتوں کی طرح پھلتی پھولتی رہے گی ۔

اسلام آباد :

۲۵ دسمبر ۱۹۹۱ء

ڈاکٹر جمیل جالبی

ایڈیٹر

پانچواں ایڈیشن

قومی انگریزی اردو لغت نہ صرف مقتدرہ قومی زبان کی ایک اہم اور کثیرالاشاعت تصنیف ہے بلکہ دنیائے لغات میں اس کا شمار ایک مفید لغت کی حیثیت سے ہوتا ہے۔ اس لغت کو زندگی کے مختلف شعبوں سے وابستہ افراد نے شرف پذیرائی بخشا ہے۔ مقتدرہ قومی زبان ۱۹۹۲ء سے اب تک اس لغت کے چار ایڈیشن شائع کر چکا ہے۔ علاوہ ازیں ۱۹۹۵ء میں سروسز بک کلب نے مقتدرہ قومی زبان کی باقاعدہ اجازت اور تحریری معاہدہ کے بعد اس لغت کی مزید اڑتیس ہزار (۳۸،۰۰۰) کاپیاں شائع کیں۔ قابل ذکر نکتہ یہ ہے کہ ابھی تک اس کی مانگ میں کوئی کمی واقع نہیں ہوئی۔ جس سے اس کی مقبولیت کا درست اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ مانگ اور تقاضے کے پیش نظر اس کا پانچواں ایڈیشن شائع کیا جا رہا ہے۔

کاغذ، طباعت اور مختلف طباعتی اخراجات میں اضافے کے باوجود زیر نظر ایڈیشن کی قیمت میں کسی قسم کا کوئی اضافہ نہیں کیا گیا تاکہ اس لغت سے زیادہ سے زیادہ افراد استفادہ کرسکیں۔

موجودہ ایڈیشن سے مستفید ہونے والے حضرات سے درخواست ہے کہ وہ اس لغت میں پائی جانے والی پروف اور متن کی اغلاط کی نشان دہی فرما دیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں انہیں درست کیا جا سکے۔

پروفیسر فتح محمد ملک

لغت میں استعمال ہونے والے انگریزی مخففات

a.	Adjective	n.	Noun
adv.	Adverb	Obs.	Obsolete
art.	Article	pl.	Plural
aux.v.	Auxiliary verb	Prep.	Preposition
Brit.	British	pron.	Pronoun
conj.	Conjunction	prov.	Proverb
dial.	Dialect	superl.	Superlative
fig.	Figuratively	v.	Verb
impers.	Impersonal	v.i.	Verb Intransitive
interj.	Interjection	v.t.	Verb Transitive

لغت نویسی اور گرامر سے متعلق اردو الفاظ و اصطلاحات اور ان کے انگریزی مترادفات

ادب	Literature	طنزیہ	Ironical
اسم	Noun	ضمیر	Pronoun
بڑا حرف	Capital	عوامی	Slang
بول چال	Colloquial	فجائیہ	Interjection
بولی	Dialect	فعل	Verb
تجارتی نشان	Trade Mark	فعل لازم	Verb Intransitive
ترخیم	Contraction	فعل متعدی	Verb Transitive
ترکیب	Composition	قدیم	Archaic
تفضیل	Superlative	کلاسیکی	Classical
جمع	Plural	گرامر	Grammar
چھوٹے حروف	Lower case	لغوی	Literal
حرف جار	Preposition	مترادف	Synonym
حرف عطف	Conjunction	متروک	Obsolete
سوالیہ	Interrogative	متعلق فعل	Adverb
امر	Imperative	مجازاً	Figuratively
بڑے حروف	Capitals	مخفّف	Abbreviation
صفت	Adjective	مرخّم	Contracted
		مفعول	Object.

لغت میں مستعمل علوم و فنون کے اُردو نام اور ان کے انگریزی مترادفات

اردو	English
آثاریات	Archaeology
اِبلاغیات	Communication
ادب	Literature
اَحصاء	Calculus
اخلاقیات	Ethics
ارضیات	Geology
اَساطیر/اساطیری	Mythology
اِسکی انگ	Skiing
اِسکیٹنگ	Skating
اِسلام/اسلامیات	Islam
اسمیات	Taxonomy
اَلجبرا	Algebra
الکیمیا	Alchemy
اِلہیات	Theology
اَمراضیات	Pathology
انجینئری	Engineering
بازارِ حصص	Stock Market
بازبانی / باز داری	Falconry
باسکٹ بال	Basket ball
باؤلنگ	Bowling
بائبل / بائبلی	Biblical
بحریه	Navy
بدھ مت	Budhaism
برج (کھیل)	Bridge
برق	Electricity
برقیات	Electronics
بشریات	Anthropology
بصریات	Optics
بلیئرڈ	Billiards
بیس بال	Base Ball
بیطاری	Veternary
بیمه	Insurance
بینکاری	Banking
پارچه بافی	Weaving
پروٹسٹنٹ	Protestant
پوکر	Poker
تاریخ	History
تاریخِ فطرت	Natural History
تاش	Cards
تجارت	Commerce
تجارتی	Commercial
تحلیلِ نفسی	Psycho-Ananlysis
تشریح الاعضاء	Anatomy
تعزیریات	Penology
تعلیم	Education
تکنیکی	Technical
تمثیل	Analogy
توپ خانه	Gunnery
تھیئٹر	Theater, Theatre
تیراکی	Swimming
تیغ بازی	Fencing
ٹائپ سازی	Typography
ٹائپ کاری / ٹائپنگ	Typing
ٹکٹ اندوزی	Philately
ٹینس	Tennis
ٹی وی (ٹیلی وژن)	Television
ثقافت	Culture
ثقافتی بشریات	Cultural Anthropology
جراحی	Surgery
جوثومیات	Bacteriology
جغرافیه	Geography
جلد بندی/جلد سازی	Book - Binding
جمناسٹک	Gymnastics
جنگلات/جنگل بانی/ جنگل کاری	Forestry
جننگ	Ginning
جنین	Embryology
جہاز رانی	Nautical
جہاز سازی	Ship Building
جینیات	Genetics
جیومیٹری	Geometry
حَجریات	Paleontology
حَرحَرکیات	Thermodynamics
حساب	Arithmetic
حِساب داری	Accounting
حَشریات	Entomology
حکومت	Government
حیاتیات	Biology
حیاتی کیمیا	Biochemistry
حیوانیات	Zoology
حیوانی جغرافیه	Zoogeography
خود کاری	Automation
دایه گیری/قبالت	Obstetrics
دفتر	Office
دندان سازی	Dentistry
دوا سازی	Pharmacy
دھات کاری	Metal work
ڈرائنگ	Drawing
ڈھلائی	Forging
رگبی	Rugby
رنگ کاری	Dyeing
روحانیات	Spiritualism
رومی/رومن کیتھولک کلیسا	Roman Catholic Church
ریاضی ،	Mathematics
ریڈیو	Radio
ریل/ریلوے	Railway
زراعت	Agriculture
زیورات	Jewellery
سانڈ لڑائی	Bull - Fighting
سمعیات	Accoustics
سمکیات	Ichthyology
سوانح	Biography
سول انجینئری	Civil Engineering
سیاسی	Political
شاعری	Poetry
شطرنج	Chess
شکاریات	Hunting/Shooting
شماریات	Statistics
صحافت	Journalism
صحائف	Scripture
صخریات	Petrography
صدفیات	Conchology
صنعت	Manufacturing
صوتیات	Phonetics
صیہونیت	Zionism
طب	Medical
طباخی	Cookery
طباعت	Printing
طب نفسی	Psychiatry
طبیعیات	Physics
طیرانیات	Aeronautics
طیرانی حرکیات/ہوا حرکیات	Aerodynamics
طیوریات	Orinthology
ظروف سازی	Ceramics
عتیق	Antique
عروض	Prosody
عسکری	Military

عصبیات	Neurolorgy
عکاسی	Photography
علم ادویہ/علم الادویہ	Pharmacology
علم امراض چشم	Ophthalmology
علم بیان	Rhetorics
علم زبان	Philology
عمرانیات	Sociology
عہد نامہ جدید	New Testament
عہد نامہ قدیم/عتیق	Old Testament
فٹ بال	Foot Ball
فضائیات	Aero-Space
فعلیات	Physiology
فلزیات	Metallurgy
فلسفہ	Philosophy
فلکیات	Astronomy
فلم/متحرک فلم	Film/Movie
فن / آرٹ	Art
فنِ تعمیر	Architecture
فنونِ لطیفہ	Fine Arts
فونڈری	Foundry
قانون	Law
قانونِ انگلستان	English Law
قبالت	Obstetrics
قحفیات	Craniology
قفقازی	Caucasoid
قلعہ بندی	Fortification
قلمیات	Crystallography
قیافہ شناسی	Phrenology
کاروبار	Business
کاغذ سازی	Papermaking

کان کَنی	Mining
کتابت	Calligraphy
کرکٹ	Cricket
کُشتی	Wrestling
کِشتی رانی	Rowing
کلاسیکی	Classical
کلیسائے انگلستان/ انگلستانی کلیسا	Church of England
کلیسیات	Ecclesiastic
کمپیوٹر	Computer
کندہ کاری	Engraving
کھاتہ داری	Book-keeping
کھیل	Game
کیمیا	Chemistry
گالف	Golf
گرامر	Grammar
گلبانی	Horticulture
گھڑ دوڑ	Horse-race
گھڑی سازی	Horology
لِسانیات	Linguistics
مابعد الطبیعیات	Metaphysics
ماحولیات	Ecology
مارمن کلیسا	Mormon Church
ماقوائیات	Hydraulics
مالیات	Finance
ماہی گیری	Fishing
مثلثیات	Trigonometry
مجسمہ سازی	Sculpture
محنت	Labor, Labour
مذہب / مذہبیات	Religion

مساحت	Surveying
مسکوکیات/ٹکسال	Coinage
مسیحی علوم	Christian Sciences
مشین	Machinery
مصریات	Egyptology
مصوری	Painting
معاشیات	Economics
معدنیات	Mineralogy
معماری	Masonry
مُکّا بازی	Boxing
مَناعیات	Immunology
منطق	Logic
مواصلات	Communication
موسمیات	Meteorology
موسیقی	Music
میکانیات	Mechanics
نباتیات	Botany
نَجّاری	Carpentry
نَجوم	Astrology
نسلیات	Ethnology
نفسیات	Psychology
نقابت	Heraldry
نقشہ نویسی	Cartography
نل کاری	Plumbing
ویٹ لِفٹنگ	Weight lifting
ہاکی	Hockey
ہندو مت	Hinduism
ہوا بازی	Aviation
ہوائیات	Pneumatics

ایڈیٹر

ڈاکٹر جمیل جالبی

معاون خصوصی

ڈاکٹر عطش درانی

نائب معاون خصوصی

جناب الطاف قمر

مجلس برائے نظرثانی

۱ ـ بریگیڈیر گلزار احمد
۲ ـ جناب سید فیضی
۳ ـ پروفیسر محمد شریف کنجاہی
۴ ـ جناب مسعود قریشی
۵ ـ جناب عماد الدین
٦ ـ جناب مقبول الہی
۷ ـ جناب محمد احمد سبزواری
۸ ـ پروفیسر سلیم احمد صدیقی
۹ ـ جناب وارث سرہندی

ترجمہ و تسوید

۱ ـ پروفیسر محمد شریف کنجاہی (S, F, A)
۲ ـ جناب سید فیضی (T, B)
۳ ـ جناب احسن علی خان (C)
۴ ـ پروفیسر نیاز عرفان (D)
۵ ـ جناب سید ذاکر اعجاز (New Words, E)
٦ ـ پروفیسر خادم علی ہاشمی (G)
۷ ـ جناب محمد اظہارالحق (H)
۸ ـ جناب وارث سرہندی (L, I)
۹ ـ پروفیسر جمیل آذر (J)
۱۰ ـ ڈاکٹر رحیم بخش شاہین (K)
۱۱ ـ ڈاکٹر الہی بخش اختر اعوان (M)
۱۲ ـ جناب جمیل نقوی (N)
۱۳ ـ جناب راشد مفتی (O)
۱۴ ـ جناب ہلال احمد زبیری (P)
۱۵ ـ ڈاکٹر سید سبط حسن (Q)
۱٦ ـ پروفیسر سلیم احمد صدیقی (X, R)
۱۷ ـ جناب محمد ابن الحسن (S جزواً)
۱۸ ـ ڈاکٹر منظور الہی ممتاز (U)
۱۹ ـ ڈاکٹر سہیل بخاری (V)
۲۰ ـ ڈاکٹر مظفر حسن ملک (W)
۲۱ ـ ڈاکٹر عبد المالک عرفانی (Y)
۲۲ ـ پروفیسر احسان اکبر (Z)

فنی و تکنیکی معاونت اور پروف خوانی

۱ ـ جناب محمد یوسف مغل
۲ ـ جناب حبیب فخری
۳ ـ جناب ودود احمد جیلانی
۴ ـ جناب معین احمد صدیقی
۵ ـ جناب جمشید عالم
٦ ـ جناب قاضی عزیز الرحمن عاصم
۷ ـ جناب عبد الرحیم خان
۸ ـ جناب شکیل احمد منگلوری
۹ ـ جناب محمد بخش ہاشمی
۱۰ ـ جناب سعید احمد (کتاب دار)

QAUMI ENGLISH - URDU DICTIONARY

A

A, a, n. انگریزی بلکه دنیا کے تقریباً تمام حروفِ تہجی کا
پہلا حرف باستثنا قدیم جرمانی کے جس میں یہ چوتھے مقام پر تھا
اور ایتھیوپیائی زبان کے ، جس میں آج بھی یہ تیرہواں حرف ہے ۔

a, Indef., art. حرفِ تنکیر ؛ یہ استعمال ہوتا ہے :
(۱) حروفِ صحیح کی آوازوں سے شروع ہونے والے لفظوں کے پہلے ؛
(an کے برعکس جو حروفِ علّت والی آوازوں سے شروع ہونے والے
لفظوں کے پہلے آتا ہے) ؛ (۲) اسم کی واحد صورت کے پہلے ؛ (۳)
اسمائے جمع کے پہلے جب ان سے متعدد اشخاص یا اشیا مراد ہوں جیسے
a few 'a dozen ؛ (۴) اسم معرفہ سے پہلے جب کرداری نمونے کے طور
پر پیش کرنا مقصود ہو ، جیسے a Napoleon , a Jack Dempsey ؛ (۵)
تقسیمی قوتوں کے ساتھ : ایک ؛ فی ؛ پر ؛ ایک ایک ؛ پیچھے ؛ گیل ؛
ہر (جیسے a hundred a year ' a mile a minute) - (یہ a کبھی حرفِ ربط
تھا ، اب حرفِ تنکیر ہے) ۔

A, n. کسی ترتیب میں اول درجہ ، قسم یا معیار کی علامت ۔
(موسیقی) آٹھ سُروں کی c سرگم کا چھٹا سُر ، وائلن کے بے کھونٹی کے
. تار سے نکلنے والا سُر۔

A-1, a. اعلیٰ ؛ اول درجے کا ، خصوصاً جہاز داری کے
رجسٹر میں٬جہازوں کی بحری موزونیت کے اعتبار سے ، درجہ بندی ۔

aardvark, n. بھٹ سور ؛ جنوبی افریقہ کا ایک بڑے
جثّے والا لمبوترا چوپایہ : بڑی دم ، بڑے کان اور مضبوط پنجوں والا
ایک بِل کھـود ، بے دانت ، تھن دار جانـور ، جس کی عام خوراک
چیونٹیاں اور دیمک ہے ۔ اورک ٹیروپس آفر (Orycteropus afer) ۔

aardwolf, n. بھٹ بھیڑیا ؛ کیڑے مکوڑے اور مردار کھانے
والا جنوبی افریقہ کا لگڑ بگڑ سے مِلتا جُلتا دھاری دار جانور ، پروٹے
لس کرس ٹے ٹس (Proteles cristatus) ۔

Aaron's-beard, n. ریش بُوٹی ؛ ہارون بوٹی ؛ علف چاہی ؛
ایک سدا بہار جھاڑی جس میں پیلے پھول لگتے ہیں اور بالوں جیسی
ڈنٹھل ہوتی ہے ۔ ہائی پیری کم کیلی سینم (Hypericum Calycinum) ۔

Aaron's rod, n. عصائے ہارون ؛ بوصیر ؛ عصائے زریں ؛
(۱) ایک عصا نما تعمیراتی آرایش جس کے ارد گرد پتے سے نکلے ہوتے
ہیں یا بَل کھاتا ہوا سانپ بنا ہوتا ہے ۔ (۲) پھولوں سے لدے لمبی ٹہنیوں
والے پودوں میں سے کوئی ایک پودا جیسے عصائے زریں ۔

AB, n. خون کی معروف اقسام میں سے ایک ،
یہ خون رکھنے والا اسی قسم کے خون والے کو اپنا خون دے سکتا ہے
اور اے ، بی ، اے بی اور او والوں سے خون لے سکتا ہے ۔

A.B. بی اے کی تعلیمی ڈگری کا لاطینی مخفّف ۔

aba, n. عبا ؛ قبا ؛ چوغہ ؛ عربی لباس ؛ بکری یا اونٹ کے
بالوں سے تیار کیا گیا کپڑا جو عموماً دھاری دار ہوتا ہے اور شام و عرب
اور دوسرے ہمسایہ ملکوں میں بھی تیار کیا جاتا ہے ۔

abaca, n. عبا کا ؛ فلپائنی پودے کا مقامی نام جس سے
منیلا سن حاصل ہوتا ہے ؛ اس پودے کا ریشہ ۔

aback, adv. (۱) پیچھے کی جانب ؛ پیچھے کو ؛ پچھلی طرف ۔
(۲) (جہاز رانی) بادبان میں سامنے سے یوں دباؤ ڈالنا کہ کشتی پیچھے
کی جانب چلنے لگے ۔

taken aback, بھونچکا رہ جانا ؛ اچانک گرفت یا زد میں
آ جانا ؛ حیران رہ جانا ، غیر متوقع طور پر۔

abacus, n. گِنتارا ؛ گنتی سِکھلانے کا ایک چوکھٹا
جس کی سلاخوں میں منکے پروئے ہوتے ہیں ، حسابی جمع تفریق کے
لیے اس سے کام لیا جاتا ہے ۔ (فن تعمیر) پرکالا ؛ وہ سِل یا تختی جو
کسی ستون کے راس پر بنائی جاتی ہے اور اس کی چوٹی کا کام دیتی
ہے ۔

abacist, n. گنتاریا ؛ گنتارے سے کام لینے والا ۔

abaft, adv., prep. جہاز کا پچھلا حصہ ؛ پیچھے کی جانب ؛
سُکانِ کشتی ؛ دنبالۂ جہاز ؛ پچھاڑی ؛ پیچھے ؛ عقب ۔

abalone, n. ابلونا ؛ گوش صدفہ ؛ گوش صدفہ کی جنس سے
تعلق رکھنے والا سمندری گھونگھا جس میں سے ہلکے رنگ کی صدفی
جھلّی حاصل کی جاتی ہے ۔ دیکھیے : Sea ear, ear shell ۔

abandon, v.t. (کسی کی خاطر) پوری طرح دست بردار ہونا؛
دے ڈالنا ؛ کلیۃً دے دینا ؛ کامل اظہار لا تعلقی کرنا ؛ بلا اکراہ حوالے
کرنا ؛ تیاگنا ؛ ساتھ چھوڑ دینا ؛ بے وفائی کرنا ؛ دغا دینا ؛ شہر بدر کرنا ؛
جلا وطن کرنا ؛ دیس نکالا دینا ؛ ذاتی خواہشات و احساسات کے آگے
جُھک جانا ؛ ہاتھ اٹھانا ؛ چھوڑ بیٹھنا ؛ باز آنا ؛ دست کش ہونا ؛ کنارہ
کش ہونـا ؛ لا دعـویٰ ہونـا ؛ توبـہ کرنـا ؛ ترک کرنا ؛ تجنا ؛ سونپنا ۔
(عسکری) کسی طیارے سے خود نکل کر اسے تباہ ہو جانے دینا ۔ (اسم)
تسلیم و رضا کا رویہ ؛ تقدیر پسندی ؛ روایتی پابندیوں سے آزادی ؛ بے
پروائی ؛ لاابالی پن ؛ مست مولا پن ۔

abandoned, a. متروکہ ؛ ویران ؛ بے لگام ؛ اخلاق باختہ ؛
بے حیا ؛ بگڑا ہوا ؛ اوباش ؛ بے باک ؛ خراباتی ۔

abandonee, n. (قانون) متروک الیہ ؛ منتقل الیہ ؛
وہ شخص ، جہاز بچانے کے عوض ، جسے کوئی چیز چھوڑی جائے ۔

abandoner, n. تارکِ ؛ تیاگی ؛ چھوڑ جانے والا ؛ چھوڑ دینے والا ۔

abandonment, n. ترک کر دینے کا عمل ؛ حالتِ دست برداری ؛
حوالگی ؛ بے وفائی ؛ لا اُبالی پن ؛ ضبط ناشناسی ؛ بے لگامی ؛ تیاگ ؛
ترک ؛ دست برداری ؛ کنـارہ کشی ؛ ترکِ رفـاقت ؛ کس مپُرسی ؛ بے
چارگی ۔

abas, interj. مردہ باد ؛ غارت باد ۔

abase, v.t. (قدیم) اشیا کا درجہ گرانا ؛ لین دین کم کرنا ؛
قدروقیمت گھٹانا ؛ مقام و منصب سے گھٹانا ؛ ذلیل کرنا ؛ خفیف کرنا ؛
کم منزلت کرنا ؛ اُتارنا ؛ بے عزت کرنا ؛ کم قدری کرنا ۔

abasement, n. منزلت سے گرانے کا عمل ؛ افسردگی کی کیفیت ؛
افسـردہ خاطـری ؛ بے عزتی ؛ توہین ؛ ہتک ؛ تذلیل ؛ خواری ؛ خفت ؛

ذلت ؛ تحقیر۔

abash, v.t. احساسِ جرم یا کمتری کے ذریعے کسی کو پریشان ، بدحواس یا مختل کرنا ؛ شرمندہ کرنا ؛ افراتفری میں ڈالنا ؛ خجل کرنا ؛ شرمسار کرنا ؛ لجانا ؛ شرمانا ؛ پانی پانی کرنا۔

abashment, n. شرمساری ؛ شرم و اضطراب کی کیفیت ؛ ذلت ؛ خجالت ؛ انفعال ؛ شرمندگی ؛ جھینپ ؛ خواری۔

abate, v.t. تخفیف کرنا ؛ مدھم یا دھیما کرنا ؛ نچلی سطح پر لانا ؛ (مقدار یا شدت میں) کم کرنا؛ گھٹانا ؛ تھوڑا کرنا ؛ منہا کرنا ؛ تفریق کرنا ؛ حذف کردینا ؛ تخفیف کرنا۔ (قانون) باعثِ تکلیف امر کو غیر مؤثر یا کالعدم کرنا ؛ کسی عمل کو معطّل یا ختم کر دینا ؛ کسی قانونی حکم کو منسوخ کر دینا ؛ دُور کرنا ؛ ہٹانا ؛ اُٹھانا ؛ رفع کرنا ؛ کمی کرنا۔ (فعل لازم) نیچے چلے جانا ؛ کم ہونا ؛ دب جانا۔ (قانون) ناکام ہونا ؛ غیر موثر ہو جانا ؛ بیٹھنا ؛ تھمنا ؛ اترنا ؛ تخفیف ہونا۔

abatable, a. قابلِ تخفیف۔

abated, a. منبت کاری میں آرایشی نقش و نگار کے پس منظر کے طور پر کی گئی تراش خراش۔

abater, n. مندرجہ بالا افعال کو انجام دینے والی کوئی شخصیت یا شے۔

abatement, n. عمل تخفیف ؛ حاصل تخفیف ؛ تخفیف ؛ کمی ؛ گھٹاؤ ؛ گھاٹا ؛ کٹوتی ؛ وضع شدہ رقم ؛ تخفیفی رقم ؛ منہائی۔ (قانون) منسوخی ؛ ناکامی ؛ اراضی معاق پر ناجائز قبضہ ؛ واجب الادا ٹیکسوں کی تشخیص میں کمی۔ (نقابت) کلنک کا ٹیکہ ؛ نشانِ بے وقاری ؛ داغِ رسوائی۔

abatis, n. (قلعہ بندی) شجری مورچہ بندی ؛ کاٹے ہوئے درختوں سے ، جن کی چھوٹی ٹہنیاں الگ کر دی گئی ہوں ، اس طرح مورچہ بندی کرنا کہ شاخوں کا رُخ حملہ آور کی طرف رہے تا کہ دشمن کی پیش قدمی روکی جا سکے ؛ دشمن کی پیش قدمی روکنے کے لیے خار دار تار لپٹے ہوئے درختوں کا انبار۔

A battery, n. (برق) طاقت کا وہ منبع جو الیکٹرون ٹیوب میں فلامنٹ کو گرم کرتا ہے۔

abattoir, n. مذبح ؛ ذبح خانہ ؛ بوچڑ خانہ ؛ سرکاری کمیلا۔

abaxial, a. غیر محوری ؛ محور سے ہٹا ہوا ؛ محور سے پرے۔

abb, n. بانا ؛ بانے کا دھاگا ؛ بھرنی دھاگا ؛ پُود ؛ بھیڑ کے نچلے اعضا سے حاصل شدہ ادنیٰ درجے کی اُون۔

Abba, n. اباّ ؛ باپ ؛ بعض مشرقی کلیساؤں میں مذہبی نوعیت کا تعظیمی لقب یا خطاب۔

abbacy, n. اَبُوّت ؛ وہ رُتبہ حقوق و مراعات جو کسی راہب کو حاصل ہوں ؛ کسی راہب یا خانقاہ کی عمل داری ؛ تولیت ؛ حدودِ عمل ؛ صاحب خانقاہ یا دَیر کا منصب۔

abbatial, a. کسی راہب یا ابُوّت کا یا اس سے متعلق۔

Abbasid, n. عباسیہ/عباسی ؛ خلفا کے اس خاندان سے تعلق رکھنے والا جس نے ۷۵۰ تا ۱۲۵۸ء بغداد میں حکومت کی اور جو خود کو (حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے چچا (حضرت) عباس کے اخلاف کہتے تھے۔

abbe, n. ایبے ؛ فرانس میں (بالخصوص انقلاب سے پہلے) اپنے آپ کو الٰہیات کے لیے وقف کر دینے والا یا جس نے کسی دینی درسگاہ میں مطالعۂ نصاب کیا ہو ؛ پادری ؛ راہب ؛ فرانس کے متاہل پادریوں کا تعظیمی خطاب۔

abbess, n. صدر راہبہ ؛ راہبات کی خانقاہ کی زنانہ سرگروہ جس کو عموماً راہب جتنا ہی وقار اور اقتدار حاصل ہوتا ہے بجز اس کے کہ وہ پادریت سے متعلق روحانی فرائض ادا نہیں کر سکتی۔

Abbevillian, Abbevilean, a. ایبے وِلی ؛ یورپ میں قدیم حجری کلچر سے متعلق دَور جس کا آغاز پہلے برفانی دور میں ہوا اور جو دوسرے مابینی برفانی عہد تک موجود رہا۔

abbey, n. خانقاہ ؛ ایبی ؛ کسی راہب یا راہبہ کے زیر اختیار کوئی خانقاہ ؛ تارکِ دنیا مردوں،عورتوں کی جماعت جنھوں نے خود کو مذہب اور مجردانہ زندگی بسر کرنے کے لیے وقف کر دیا ہو؛ ایسی سکونتی عمارات ؛ ابُوّتی کلیسا۔

abbot, n. صدر راہب ؛ کسی خانقاہ کا مرد سربراہ ؛ بعض صدر راہب تاجپوش ہوتے تھے اور ان کا مقام تقریباً بشپ کے برابر ہوتا تھا ، بعض دفعہ غیر پیشہ ور آدمی بھی صدر راہب ہو جاتے تھے اور خانقاہ کی آمدنی وصول کرتے تھے۔

abbreviate, v.t. مختصر کرنا ؛ خلاصہ کرنا ؛ چھوٹا کرنا ؛ کسی لفظ یا ترکیب کے کسی حصے کو حذف کر کے مختصر صورت میں ڈھالنا ؛ مخفف کرنا۔ (عسکری) کسی تحریری سروے یا رپورٹ کی طوالت کم کرنا ، خصوصاً جب وہ افسرانِ بالا کو بھیجی جا رہی ہو۔

abbreviation, n. اختصار ؛ اجمال ؛ مخفف ؛ طوالت میں کمی ؛ تخفیف ؛ مختصر سازی ؛ اختصاری یا تخفیفی صورت خصوصاً کسی لفظ یا ترکیب کا جزو جسے علامتی طور پر کُل کے لیے برتا جائے۔

abbreviator, n. مخفف کنندہ ؛ خلاصہ ساز ؛ مُخَفِّف۔

abbreviatory, a. اجمال کارانہ۔

ABC, n. انگریزی حروف تہجی کے پہلے تین حروف عموماً بصورت جمع استعمال ہوتا ہے بمعنی حروف تہجی ؛ ا ب ت ؛ کسی مضمون ، پیشے یا علم کی مبادیات۔

ABC soil, n. وہ مٹی جس میں تین بالکل واضح افقی تہیں ایک تقابلی صورت میں نظر آتی ہیں اور ان کو A ، B اور C کہتے ہیں۔

abdicable, a. قابلِ دست برداری ؛ تیاگ یوگ ؛ اس کا یا اس سے متعلق جس کو آدمی تیاگ دے یا جس سے دست بردار ہو سکے۔

abdicate, v.t. چھوڑ دینا ؛ ترک کرنا ؛ تیاگ دینا ؛ حوالے کر دینا ؛ سبکدوش ہونا ؛ دست بردار ہونا ؛ تجنا ؛ خالی کر دینا ؛ محروم وراثت کرنا ؛ اپنی مرضی سے ، اعلانیہ یا رسمی انداز میں تخت یا فرائض وغیرہ سے دست بردار ہوجانا۔ (فعل لازم) رضاکارانہ اقتدار چھوڑ دینا۔

abdication, n. دست برداری ؛ علیحدگی ؛ کسی عہدے بالخصوص شاہی منصب سے دست بردار ہونے کا عمل۔

abdicator, n. دست بردار ہونے والا ؛ کنارہ کش ؛ تیاگی ؛ تارِک۔

abdomen, n. شکم ؛ پیٹ ؛ بطن ؛ سینے اور پیڑو کے درمیان انسانی

جسم کا حصہ ، جس میں معدہ ، جگر ، تلّی ، پتہ ، گردے ، مثانہ اور انتڑیاں ہوتی ہیں ؛ پوری طرح نمو یافتہ کیڑے مکوڑے کے تین حصوں میں سے عقبی حصہ ۔

abdominal, a. بطنی ؛ شکمی ؛ پیٹ پُری ؛ مذکورہ حصۂ جسم سے متعلق ؛ پیٹ پر ؛ پیٹ میں ؛ پیٹ کے لیے ۔

abdominous, a. کاسۂ شکم ؛ ڈھینڈس ؛ موٹا ؛ توندل ؛ بڑے پیٹ والا ۔

abduce, v.t. بھگا لے جانا؛ اغوا کر لینا ؛ کھینچ کر لے جانا ؛ پیچھے لگا کر لے جانا ؛ گمراہ کرنا ۔

abducent, a. دور کش ؛ پس کش ؛ مبعِّد ۔

abducent muscles, n. عضلاتِ مبعدہ ؛ کسی حصۂ جسم کو خطِ وسطی سے کھینچنے یا کھولنے والے عضلات یا پٹھے ؛ دور کش عُضلات ۔

abduct, v.t. اغوا کر لینا ؛ بھگا کر لے جانا ؛ کھینچ کر لے جانا ؛ چپکے سے یا/ اور زبردستی لے جانا ؛ نکال کر لے جانا ؛ بہکا کر لے جانا ؛ اڑا لے جانا ۔ (فعلیات) بدن کے محورِ حقیقی سے یا کسی حصے سے ہٹا لے جانا/کھینچنا ۔

abduction, n. اغوا کرنے کا یا ہو جانے کا عمل ؛ اغوا ۔ (تشریح الاعضا) تبعید ؛ وہ عمل جس کے ذریعے پٹھے کسی عضو یا دوسرے حصے کو بدن کے محور سے ہٹا لیتے ہیں ۔ (قانون) ناجائز طور پر کسی کو بہکا لے جانا جیسے کسی نوجوان عورت کو فریب ، ترغیب یا کھلی جارحیت کے ساتھ ۔ (منطق) وہ دلیلِ منطقی جس میں صغریٰ اور نتیجہ دونوں امکانی ہوتے ہیں ؛ قیاسِ احتمالی ۔

abductor, n. اغوا کنندہ ؛ مُغوی ؛ اغوا کرنے والا ؛ بھگا لے جانے والا ۔ (تشریح الاعضا) باعد ؛ مرکزِ بدن سے بعض حصہ ہائے بدن کو حرکت میں لانے والا عضلہ ۔

abeam, adv. (جہاز رانی) شہتیروں کی سمت میں یعنی جہاز کی لمبان یا پیندے کے زاویۂ قائمہ پر ؛ جہاز کے پہلو سے مخالف سمت پر ۔

abecedarian, n. [انگریزی حروف اے بی سی ڈی سے] ابجد آموز ؛ ابجد خواں ؛ اتائی ؛ کسی بھی علم میں نو آموز ؛ طفل مکتب ؛ مبتدی ۔ (صفت) ابجد سے متعلق ؛ ابجدی ترتیب میں ؛ ابتدائی ؛ مبادیاتی ۔

abecedary, a. ابجدی ؛ حروف ابجد سے متعلق یا اُن سے بنا ہوا ؛ الفبائی ؛ ابجد وار ۔ (اسم) پہلا اصول یا جزو اوّل ؛ مبتدی ؛ نو آموز ؛ مبادیات ؛ شروعات ۔

abed, adv. بستر میں ؛ سویا ہوا ؛ بستر پر ؛ پلنگ پر ؛ خوابیدہ ؛ آرام میں ۔

abele, n. سفیدے کا درخت ؛ (پاپولس البا) سفیدا ۔

Abelian group, n. (الجبرا) ابیلی گروپ ؛ ایک استبدالی (مبادلت پذیر) گروہ جیسے AB = BA جہاں گروہ کے اندر اے اور بی کوئی دو عناصر ہوتے ہیں ۔ ناروے کے ریاضی دان نیلز ابیل کے نام پر موسوم ۔

abelmosk, n. مُشک دانہ ؛ ابوالمشک ؛ گرم ممالک کا ایک پودا جسے خوشبودار بیجوں کے لیے کاشت کیا جاتا ہے ، عطریات میں استعمال ہوتا ہے اور کافی وغیرہ کو مہکانے کے لیے بھی ۔

Aberdeen Angus, n. [اصلاً اسکاٹ لینڈ کے دو اضلاع کے نام پر اس کا نام رکھا گیا ہے] سیاہ رنگ کا ایک بے سینگ مویشی ۔

Aberdeen terrier, n. ابرڈین ٹیریئر ؛ اسکاٹش ٹیریئر ؛ اسکاٹ لینڈ کے چھوٹے قد کے کُتّوں کی ایک نسل ۔

aberrance, aberrancy, n. انحراف ؛ کج روی ؛ گمراہی ؛ حالت گم گشتگی ؛ معمول یا عام روش سے ہٹ جانا ۔ (جیومیٹری) کسی منحنی کا اپنے دائرہ انحنا سے انحراف ۔

aberrant, a. خلافِ معمول ؛ کج رو ؛ گمراہ ؛ بھٹکا ہوا ؛ منحرف ؛ روشِ عام یا معمول کی راہ سے ہٹا ہوا ؛ نا راست باز ؛ ناموزوں ؛ خلاف معمول ؛ اعجوبہ ؛ انوکھا ؛ خلافِ فطرت عامہ ؛ عجیب الخِلقت ؛ ناقص الخِلقت ۔ (اسم) اپنے گروہ کے مسلمہ سماجی راستے سے ہٹ جانے والا ؛ انوکھی ساخت والا کوئی فرد یا فطری گروہ خصوصاً متغیر کروموسوم کے تعلق سے ۔

aberration, n. انحراف ؛ گم راہی ؛ سیدھے راستے ، معیار یا نمونے سے انحراف ؛ معمول سے ہٹا ہوا طریق کار یا چلن ؛ بگاڑ ؛ بدحواسی ؛ دماغی خلل ؛ صحت مند ذہنی حالت کا اختلال ؛ کریت ؛ چُوک ؛ بیہوشی ؛ جنون ۔ (بصریات) انعطافی یا انعکاسی شعاعوں کا واحد ماسکہ (فوکس) سے انحراف یا ایسی شعاعوں کی مختلف ماسکوں کی جانب عدسے یا آئینے کی کروی شکل کے باعث سمٹاؤ جس سے نقش دھندلا دھندلا سا اُبھرتا ہے ؛ کروی ضلالت ؛ سفید روشنی کو ترکیب دینے والی شعاعوں کے انعطافی اختلاف سے پیدا ہونے والی ایسی ہی صورتِ حال جس سے کسی شبیہہ کے کناروں پر سات رنگی حالت پیدا ہو جاتی ہے ، اسے لونی ضلالت بھی کہتے ہیں ؛ فریبِ نظر ؛ نگاہ کی چُوک ۔ (فلکیات) زمین اور روشنی کی حرکت کے باعث کسی جرمِ سماوی کا بظاہر اپنی جگہ سے سرکاؤ ؛ کسی جرمِ سماوی کے حقیقی اور مشاہدے میں آئے ہوئے مقام کا فرق ۔

aberrational, a. انحرافی ؛ ضلالت کا ۔

abet, v.t. تحریض/ترغیب دینا ؛ حوصلہ افزائی کرنا (امداد دے کر ، اشارہ کر کے یا سراہتے ہوئے ، زیادہ تر ناروا معنوں میں آتا ہے)؛ بھڑکانا ؛ اُکسانا ؛ حمایت کرنا ؛ بڑھاوا دینا ؛ بلہ شیری کرنا ؛ پُھسلانا ؛ بہکانا ، ورغلانا ، شہ دینا ، مدد کرنا ؛ اعانت کرنا ؛ پناہ دینا ؛ دستگیری کرنا ؛ بچانا ؛ لالچ دینا ؛ برانگیختہ کرنا ؛ صلاح دینا یا بتانا ؛ تدبیر بتانا ۔

abetment, n. اعانت ؛ مددگاری ؛ دستگیری ؛ مدد ؛ بلہ شیری ؛ شہ ؛ مجرمانہ اعانت ۔

abettor, n. حمایتی ؛ انگیزہ کار ؛ جرم کرانے والا ؛ مددگار مجرم ؛ معاونِ جرم ؛ معُین جرم ؛ ترغیب دینے والا ؛ اکسانے والا ۔

abeyance, n. التوا ؛ معرضِ التوا ؛ تعطل ؛ املاک ، اعزازت یا عہدہ داریوں کے لیے کسی قابض یا قبضہ دار کی ، انتظار یا توقع کی حالت ؛ کسی قانون یا ضابطہ کی عارضی حالتِ التوا ؛ عرصۂ تعطل ۔

abeyant, a. معلّق ؛ معطّل ؛ عارضی طور پر غیر مؤثر ۔

abhor, v.t. نفرت کرنا ؛ کراہت کرنا ؛ گھن کھانا ؛ مارے دہشت کے دُبک کر رہ جانا ؛ حقیر جاننا ؛ گھن کرنا ؛ حقارت کرنا ۔

abhorrence, n شدید نفرت ؛ حقارت ؛ سخت چڑ ؛ اکراہ ؛ کراہیت ؛ نفرت ؛ گھن ؛ نفور ۔

abhorrer, n. مُتنفّر ؛ شدید نفرت کرنے والا ؛ نافر ۔

abhorrent, a. مُتنفّر ؛ حقارتی ؛ گھناؤنا ؛ انتہائی مکروہ ؛ ناراض ؛ متخالف ؛ بے جوڑ ؛ قابلِ تنفر ؛ نفرت انگیز ۔

abidance, n. تعمیلِ حکم ؛ تعمیلِ ارشاد ؛ تعمیل قانون ؛

مسکن ؛ سکونت ؛ بسیرا ؛ تسلسل ۔

abide, v.i. رہایش یا سکونت اختیار کرنا ؛ ٹھہرنا ؛ ٹِکنا ؛ قیام کرنا ؛ اُترنا ؛ ڈیرا کرنا ؛ بسنا ؛ آباد ہونا ؛ سکونت کرنا ؛بودوباش کرنا ۔ (فعل متعدی) (کسی کے لیے) تیار رہنا ؛ منتظر ہونا ؛ برداشت یا تحمل کی سکت رکھنا ؛ (حالات کے سامنے) ڈٹے رہنا ؛ گوارا کرنا ۔

abide by, پابندی کرنا (دستور ، قانون یا حکم کی)؛ اطاعت کرنا ؛ وفادار رہنا ؛ مطمئن رہنا ۔

abider, n. پابند ؛ مطیع ؛ وفادار ۔

abiding, a. دیرپا ؛ پائیدار ؛ مستقل ؛ ہمیشہ کا ؛ مسلسل ؛ جاری ؛ دوامی ؛ ثابت قدم ؛ غیر متزلزل ۔

abidingness, n. ثابت قدمی ۔

ability, n. قابلیت ؛ لیاقت ؛ مقدور ؛ قدرت ، اہلیت ، قابل ہونے کی حالت یا صورت ؛ رجحانِ طبع ؛ موزونیِ طبع ؛ صلاحیّت ؛ استعداد ؛ کچھ کرنے کی طاقت ؛ (جسمانی ، ذہنی ، قانونی وغیرہ) طاقت ؛ زور ؛ اختیار ؛ جمع کی صورت میں عموماً حاصل کردہ صلاحیتوں اور لیاقتوں کے لیے آتا ہے ؛ دماغی قوتیں ؛ ذہنی ودیعتیں ؛ سامان ؛ حیثیت ؛ ذریعہ ؛ وسیلہ ۔

abiogenesis, n. غیر حیاتی تولید ؛ لاحیاتی تولید ؛ حیات از غیرِ حیات ؛ نظریہ جس کے مطابق غیر جاندار مادہ سے جاندار مادہ پیدا کیا جا سکتا ہے ؛ نظریۂ خود تولیدی ؛ خود زائی ۔

abiogeny, n. خودزائی ؛ خود تولیدی ۔

abiogenist, n. پیروِ غیر حیاتی تولید ؛ معتقدِ خود زائی ۔

abiogenetic, a. خود زا ؛ خود تولید یا اس سے متعلق ۔

abirritant, n. دافعِ سوزش (لوشن یا مرہم وغیرہ) ؛ دافع جلن ۔

abject, a. فرومایہ ؛ پستی میں ڈوبا ہوا ؛ ناکارہ ؛ سفلہ ؛ قابل حقارت ؛ ادنیٰ ؛ کاسہ لیس ؛ پاجی ؛ نیچ ؛ خوار ؛ پَست ؛ کمینہ ؛ ذلیل ؛ بُری ، نکمی ، خراب یا ناکارہ (چیز) ۔ (اسم) (متروک) رذیل ؛ مفلوک الحال ؛ ذات باہر ؛ پست حالی کا شکار ؛ پست ہمت ؛ بے دل ؛ بودا ؛ سبک سر ؛ بے آبرو ۔

abjection, n. پست حالت ؛ سفلہ مزاجی ؛ ذلالت ؛ گراوٹ ؛ ذلت ؛ خواری ؛ زبوں حالی ؛ پستی ؛ تذلیل ؛ تحقیر؛ توہین ؛ اہانت ؛ خفت ۔

abjectly, adv. خواری کے ساتھ ؛ ذلت کے ساتھ ؛ سفلگی کے ساتھ ؛ فرومایگی سے ۔

abjectness, n. کمینگی ؛ فرومایگی ؛ دنایت ؛ سفلگی ؛ پاجی پن ؛ کمینہ پن ۔

abjuration, n. حلفاً دست برداری ؛ حلفی انکار؛ عملِ لا تعلّقی ؛ باضابطہ تردید یا انکار ؛ ترکِ کامل ؛ کامل دست برداری ۔

abjuratory, a. حلفی انکار سے متعلق ۔

abjure, v.t. حلفاً دست بردار یا منکر ہونا ؛ قسم کھا کر انکار کرنا ؛ حلفاً مسترد کرنا ؛ باضابطہ انکار کرنا ؛ اطاعت یا خطاؤں سے کنارہ کش ہونا ؛ اعترافِ خطا کرنا ؛ تائب ہونا ؛ ترک کرنا ؛ دست کش ہونا ؛ قسم کھانا ؛ توبہ کرنا ۔

abjurer, n. مذکورہ بالا اعمال کرنے والا ؛ حلفی منکر ؛ حلفاً انکاری ۔

ablactate, v.t. دودھ چُھٹانا ۔

ablactation, n. دودھ چُھٹائی ؛ دودھ بڑھائی ۔

ablate, v.t. قطع کرنا ؛ کاٹ کر ، پگھلا کر یا تیزابی عمل سے کسی چیز کو الگ کرنا ، تحلیل کرنا یا ختم کرنا ۔ (فعل لازم) قطع ہو جانا ؛ کٹ جانا ؛ تحلیل ہو جانا ؛ شدتِ حرارت سے الگ ہو جانا ۔ (عسکری) اڑا لے جانا (خصوصاً حرکیاتِ ہوائی سے پیدا شدہ حرارت کو) ۔

ablation, n. قطع کاری ؛ انقطاع ؛ لے جانے کا عمل ؛ عمل جراّحی سے الگ کرنا یا نکالنا ؛ خلائی گاڑی کی تھوتھنی کا پگھلنا جب وہ دوبارہ کرۂ ہوائی میں آواز سے زیادہ رفتار کے ساتھ داخل ہو ۔ (ارضیات) پگھلنے اور فرسودگی کا عمل (خصوصاً گلیشیائی برف کا) ؛ تحلیل ؛ فرسودگی ؛ فاصلیت ۔

ablative, a. فاصلی ؛ لے جانے یا ایسے میلان کا حامل ؛ اس کا اطلاق سنسکرت ، لاطینی اور چند دیگر زبانوں میں اسما کی کسی صرفی حالت یا اس کے کسی لفظ پر ہوتا ہے ۔

ablative absolute, n. مطلق فاصلی ؛ لاطینی زبان میں ترکیب نحوی جس میں اسم یا ضمیر اور ان کے متعلقات دونوں حالتِ مفعول لہٗ میں مل کر متعلق فعل بناتے ہیں اور عام طور پر اس سے حالتِ موجود کا اظہار ہوتا ہے (جیسے : .the house having been built) ۔

ablaut, n. (لسانیات) صوتی تحریف ؛ ابلات ؛ ہند یورپی زبانوں میں کسی لفظ میں موجود حرفِ علت کا کسی اور حرفِ علت سے بدل کر مفہوم یا استعمال میں تبدیلی پیدا کردینا جیسے .bind, band , bound , bond بالخصوص استعمال ، مفہوم اور زمانے کے فرق کو ظاہر کرنے کے لیے کسی ایک حرفِ علت کی تبدیلی جیسے sink , sank , sunk میں ed کے اضافہ کے بجائے حروف کی تبدیلی ؛ مصوتے کی تبدیلی ۔

ablaze, a. جلتا ہوا ؛ شعلہ زن ؛ روشن ؛ شدید اشتیاق ، غصے یا خواہش کی حالت میں ؛ آتش گرفتہ ؛ تیز رنگوں سے دمکتا ہوا ؛ سوزاں ؛ فروزاں ؛ برافروختہ ؛ بپھرا ہوا ؛ بھڑکتا ہوا ؛ چمکتا ہوا ؛ تاباں ۔

able, a. قابل ؛ اہل ؛ سکت ، وسائل ، مہارت یا اہلیت رکھنے والا ؛ باکفایت ؛ بااستعداد ؛ حسبِ معیار ؛ مستعد ؛ ہوشیار ؛ مضبوط یا غیر معمولی ذہنی اور عقلی صلاحیتیں رکھنے والا ؛ توانا ؛ چست ؛ فطین ؛ قوی ۔

ably, adv. صلاحیت کے ساتھ ؛ قابلیت سے ۔

able-bodied, a. زور آور ؛ طاقت ور ؛ صحت مند ؛ مضبوط بدن والا ؛ کام کے لیے ضروری طاقت رکھنے والا (اکثر ایسے بحری ملازم کے لیے استعمال ہوتا ہے جو بحر نوردی میں ماہر ہو اور جہازی کتابوں میں اسے اے یا بی درجہ دیا جاتا ہے) ؛ کار آزمودہ ملاح ۔

ablegate, n. پاپائی ایلچی ؛ کسی نئے عہدہ دار کی طرف بھیجا گیا پاپائی سفیر یا ایلچی ۔

abloom, a., adv. شگفتہ ؛ جوبن پر ؛ پُر بہار ؛ شاداب ؛ کِھلا ہوا ؛ شگفتگی کی حالت میں ۔

abluent, a. مصفّی ؛ پانی یا کسی اور سیال کے ذریعے صاف شدہ ۔ (اسم) مصفی ؛ دھو ڈالنے یا غلاظتوں کو بہا لے

جانے/دور کرنے والا ۔

ablution, n. دھلائی ؛ وضو ؛ دھونے کا عمل ؛
کسی سیال (عموماً پانی) کے ذریعے پاک صاف کرنے کا عمل ،
بالخصوص مذہبی واجبات کے طور پر جسم کا غسل ؛ طہارتِ بدنی ۔

ablutionary,a. طہارتِ بدنی سے متعلق ۔

abnegate, v.t. تردید کرنا ؛ انکار کرنا ؛ منکر ہونا ؛
مکر جانا ؛ نہ کرنا ؛ نہیں کرنا؛ دست کش ہو جانا ؛ دست بردار ہو جانا ؛
اطاعت قبول کر لینا ؛ ہار مان لینا ۔

abnegation, n. انکار؛ انکار کا عمل ؛ حقوق سے
دست برداری ؛ تردید ؛ روگردانی ؛ ترکِ دنیا ؛ نفس کشی ۔

abnegator, n. منکر؛ تارک الدنیا ؛ انکار،
تردید یا ترکِ دنیا کرنے والا ۔

abnormal, a. شاذ ؛ مُستثنیٰ ؛ غیر معمولی ؛
خلافِ معمول ؛ قاعدے کے خلاف ؛ دستور کے نامطابق ؛ نمونے یا معیار
سے ہٹا ہوا ؛ بے قاعدہ ؛ غیر فطری ؛ خلافِ عادت ؛ غیر معتدل ؛ غیر
طبعی ؛ قانون یا نظام کے برعکس ؛ غیر معمولی طور پر زائد جیسے غیر
معمولی شرح منافع ۔

abnormality, abnormity, n. غیر معمولی پن ؛ استثنائیت ؛
غیر معمولی ہونے کی حالت یا صفت ؛ معیار ، نمونے یا قاعدے سے
انحراف ؛ بے قاعدگی ؛ ندرت ؛ خلافِ معمول صورت ؛ بے اعتدالی ۔

aboard, adv. کشتی یا جہاز میں ؛ پہلو بہ پہلو ؛
جہاز ، طیارے یا گاڑی میں/کے اندر ؛ کشتی سوار ؛ جہاز سوار ۔ (بیس
بال ، عوامی) مقام ابتدا پر ۔ (حرفِ جار) جہاز پر/میں (جیسے
to go aboard a ship) ۔

all aboard! مسافروں کے لیے ایک آگاہی اشارہ کہ
گاڑی چلنے کو ہے ؛ سب سوار ۔

abode, مسکن ؛ جائے قیام یا سکونت کی جگہ ؛
گھر ؛ مکان ؛ وہ جگہ جہاں کوئی رہتا ہو ؛ بسیرا ؛ ٹھکانا ؛ ڈیرا ۔

abolish, v.t. موقوف کرنا ؛ رد کردینا ؛ برخاست کرنا ؛
اُٹھا دینا ؛ توڑنا ؛ منسوخ کر دینا ؛ کالعدم کر دینا ؛ نابود کر دینا ؛ مٹا
دینا ؛ محو کر دینا ؛ غیر مؤثر کرنا ؛ قلمزد کر دینا ؛ وجود مٹا دینا ؛ دبا
دینا ؛ منہدم کر دینا ؛ معدوم کر دینا ؛ انجام تک پہنچا دینا ؛ ختم کر دینا
(کسی قانون ، رواج یا قیودِ ہستی کو) ۔

abolishable, a. قابل تنسیخ ۔

abolisher, n. موقوف کنندہ ؛ ناسخ ۔

abolishment, n. منسوخی ؛ معدومی ؛ موقوفی کا عمل ۔

abolition, n. تنسیخ ؛ منسوخی ؛ موقوفی ؛ عملِ تنسیخ ؛
تعدیم یا ایسا ہونے کی حالت ؛ کسی مسلّمہ بُرائی کا انسداد ؛ انہدام ؛
اِخراج ؛ برخاستگی ؛ برطرفی ۔

abolitionism, n. انسدادیت ؛ انسداد کے اصول یا حکمتِ عملی ۔

abolitionist,n. حامئ انسدادیت ؛ کسی برائی کے
انسداد کا حامی (خصوصاً وہ جو ریاستہائے متحدہ امریکا میں انیسویں
صدی میں انسداد غلامی کی تائید کرتا تھا) ۔

abomasum, abomasus, n. شکمہ ؛ جُگالی کرنے والے جانوروں کا
چوتھا یا اصلی معدہ جو تیسرے معدے سے لگا ہوتا ہے ۔

A-bomb, n. جوہری بم ؛ ایٹم بم ؛
جیسے اے بم سکویڈرن ۔ دیکھیے : atomic bomb ۔

abominable, a. کریہہ ؛ قابلِ نفرت ؛ مکروہ ؛ حقیر ؛ ناگوار خاطر ؛
گھناؤنا ؛ انتہائی نفرت انگیز ؛ لعنتی ؛ پاپی ۔

abominableness, n. قابلِ نفرت ، کریہہ یا انتہائی
حقارت انگیز ہونے کی حالت یا خصوصیت ۔

abominably, adv. مکروہانہ ؛ قابلِ نفرت انداز سے ؛
حقیرانہ ۔

Abominable Snowman, n. مکروہ برفانی آدمی ؛ ایک قدآور
گھنے بالوں اور پستانوں والا حیوان (میمل) جس کے خدوخال انسان سے
ملتے جلتے ہوتے ہیں اور کہا جاتا ہے کہ وہ ہمالیہ میں پایا جاتا ہے ۔
دیکھیے : Yeti ۔

abominate, v.t. انتہائی نفرت کرنا ؛ کراہت کرنا ؛
ناگوارِ خاطر جاننا ؛ گِھن کھانا ۔

abomination, n. کراہت ؛ تنفّر ؛ نفرت ؛
نفرت کرنے کا عمل یا نفرت کیے جانے کی حالت ؛ حقارت ؛ انتہائی
ناگواری ؛ جس سے نفرت کی جائے یا جو قابل نفرت ہو مثلاً قابل نفرت
یا شرمناک بُرائی ۔

aboral, a. (تشریح الاعضا ۔ حیوانیات) مخالفِ دہن ؛
مُنھ کی مخالف سمت میں ۔

aboriginal, a. قدیمی ؛ اصلی ؛ قدیم ترین ایاّم معلوم سے
کسی خطے میں آباد جیسے aboriginal tribes ۔
(اسم) قدیم باشندہ ؛ پراچین ؛ قدیم ؛ اصلی ۔

aboriginally, adv. اصلاً ؛ شروع ہی سے ؛ آغاز سے ؛
بالکل ابتدا سے ؛ قدیمی طور پر ۔

aborigine, n. پراچین ؛ کسی ملک کے ابتدائی باشندوں
میں سے (بر خلاف غیر ملکی حملہ آوروں یا آباد کاروں کے) ۔
(جمع کی صورت میں) کسی خطے کے اصلی جانور اور پھول ؛ پراچین
لوگ ۔

aborning, adv. رُوبہ ولادت ؛ جنم لیتے ہوئے ؛ تکمیل یا
پورا ہونے سے قبل ؛ رُوبہ تکمیل ۔ (صفت) وجود پذیر ؛ عمل پذیر ؛ تکمیل
پذیر (جیسے the 17th century was aborning سترھویں صدی وجود پذیر
تھی/جنم لے رہی تھی) ۔

Abort, v.t. v.i. ساقط کرنا/ہونا ؛ جہاز ،
خلائی گاڑی وغیرہ کے کسی عمل ، فعل یا کام کو مختصر ، ختم یا
ساقط کر دینا (خصوصاً آلات کی خرابی کے باعث) ۔ (اسم) کوئی ہوائی
جہاز یا خلائی گاڑی جس کا عمل ساقط ہو جائے ؛ ساقط ہو جانے کا
عمل یا وقوعہ ۔

Abort, v.i. حمل گرنا ؛ اسقاطِ حمل ہونا ؛
وقت سے پہلے جنین کو جنم دینا یا رحم سے خارج کر دینا ؛ نامکمل یا
ابتدائی حالت میں ظاہر ہونا ۔

abortifacient, n. مُسقط ؛ اسقاط حمل کے لیے
استعمال میں لائی جانے والی کوئی چیز (دوا یا آلات) ۔

abortion, n. اسقاطِ حمل ، حمل گرنے کا عمل ؛
وقت طبعی سے پہلے یا جنین کے زندہ رہ سکنے والے مرحلے سے پہلے اسے

رحم بدر کرنے کا عمل ؛ مولود قبل از وقت ؛ عجیب الخِلقت ؛ عفریت ؛ تکمیل پانے یا پروان چڑھنے میں ناکام رہ جانے والی کوئی چیز۔

abortionist, n. مُسقِط ؛ اسقاطی ؛ حملِ گرانے والا (خصوصاً ناجائز یا غیر قانونی حمل گرانے والا) ۔

abortive, a. قبل از وقت جنم دیا گیا ؛ ابتدائی ؛ نامکمل صورت میں ؛ ناقص ۔ (مجازاً) منصوبوں اور پروگراموں کے حوالے سے نامکمل اور کچ رہ جانے والی ؛ ناکارہ ؛ تکمیلِ نایافتہ ؛ کامیابی سے ناہم کنار ؛ بے ثمر ؛ ادھورا ؛ کچا ۔ (اسم) مُسقَط ؛ اسقاط آور دوائی ۔

abortively, adv. مُسقَط انداز سے ؛ قبل از وقت ۔

abortiveness, n. مُسقط ہونے کی حالت ؛ حالتِ اسقاط ؛ ناکامی ؛ ادھورا پن ۔

ABO System, n. اے بی او نظام ؛ انسان کا بنیادی دموی نظام جس سے خون کے چار معروف گروہوں کا نظام تشکیل پاتا ہے یعنی اے ، بی ، اے بی اور او۔

abound, v.i. بافراط ہونا ، بہت مروّج ہونا ؛ زیادہ مقدار میں ہونا یا رکھنا ؛ لبا لب ہونا ؛ ریل پیل ہونا ؛ بھرپور ہونا ؛ بہت ہونا ؛ بکثرت ، بہتات سے مہیا کیا جانا (عموماً with یا in کے ساتھ، جیسے lakes which abound with fish جھیلیں جن میں مچھلیوں کی بہتات ہے) ۔

about, prep. ارد گرد ؛ بیرونی جانب یا سطح پر ؛ گھیرتے ہوئے ؛ تقریباً (جیسے two yards about the stem) ؛ کسی جگہ ، وقت ، حجم ، تعداد ، مقدار وغیرہ سے/میں قریب ؛ ہونے کے قریب ؛ قریب العمل ؛ کے نقطے پر ؛ مرحلے پر، بعد میں مصدر لگاتے ہیں جیسے to be about to speak بولنے کو ہے/بولنے ہی والا ہے) ؛ دلچسپی رکھتا ہوا ؛ میں مصروف ؛ (جیسے what is he about وہ کس کام میں مصروف ہے) ؛ متعلق ؛ سے وابستہ ؛ بحوالہ ؛ کے قابو میں (جیسے keeping your wits about you ۔ اپنے حواس قابو میں رکھتے ہوئے) ۔ (متعلق فعل) بیرونی جانب کے گرد ؛ چکر میں ؛ دائرے میں ؛ عدد ، وقت ، جگہ ، کیفیت یا درجے میں قریب قریب ؛ یہاں وہاں ؛ یہیں کہیں ؛ آس پاس ؛ کسی ایک یا دوسری جگہ میں ؛ مختلف سمتوں میں ۔

bring about, رونما کرنا ؛ سبب بننا ؛ باعث بننا ؛ وجود میں لانا ؛ مکمل کرنا ۔

come about, رونما ہونا ؛ واقعہ ہونا ۔

go about, کرنے کو آمادہ ہونا ؛ کمر بستہ ہونا ۔

turn about, باری باری ؛ بدل بدل کر۔

about-face, n. برعکس ؛ رائے یا سمت کی معکوسیت ؛ بالکل الٹ ہو جانا۔ (عسکری) پیش قدمی کی سمت کو بالکل اُلٹ دینے کا فرمان یا حکم ۔ (فعل لازم) اپنے مقام کو یوں بدلنا کہ مخالف سمت سامنے آجائے ؛ اپنی رائے کو بالکل الٹ دینا / بدل دینا / برعکس کر لینا ۔

about-ship, v.i. جہاز کا رُخ یا راستہ بدلنا ۔

above, prep. اوپر ؛ بالا؛ پرے ؛ مقابلةً اونچی جگہ پر/میں ؛ کسی بھی پہلو سے اعلیٰ ؛ سے بالا تر؛ تعداد , مقدار یا درجے میں کسی سے زیادہ ؛ سے زائد ۔ (متعلق فعل) مقابلةً اونچی جگہ پر/ میں ؛ عہدے یا ترتیب کے لحاظ سے پہلے (خصوصاً کتاب یا تحریر میں ۔ جیسے what has been said above ۔ (قدیم) علاوہ ۔ (اسم) آسمان ؛ مذکورہ بالا (جیسے: from the above you will learn) ۔ (صفت) سابقہ ؛ مذکورہ ۔

above all, مقدم ؛ سب سے پہلے ؛ دیگر تمام ملحوظات سے پہلے ۔

above-board, adv. صاف نظر آنے والا ؛ اظہر من الشمس ؛ کسی فریب ، مکر یا بہروپ کے بغیر؛ علانیہ ؛ برملا ؛ کھلا کھلا ؛ سب کے سامنے ؛ کھلم کھلا ؛ شک و شبہ سے بالا ۔

above-ground, a. زمین کے اوپر ؛ بالائے زمین واقع ۔

abracadabra, n. ابرا کاڈبرا ؛ مشرقی اصل کا لفظ جسے چھومنتر میں برتا جاتا ہے ، کاغذ پر اسے یوں تکون بنا کر لکھا جاتا ہے کہ پہلی سطر میں پورا لفظ آتا ہے ، دوسری سطر میں آخری حرف چھوڑ دیا جاتا ہے اور اسی طرح ہر بار کیا جاتا ہے یہاں تک کہ ایک حرف رہ جاتا ہے ، اسے تعویذ کے طور پر پہنا جاتا تھا اور بعض امراض کا اسے توڑ سمجھا جاتا تھا ؛ کسی جادو یا سحر کے خلاف مفروضہ منتر ؛ یاوہ گوئی ؛ بے معنی بات ۔

abradant, n. خراشندہ ؛ رگڑنے اور چمکانے کے کام آنے والا مسالا جیسے کُرنڈ ، ریت یا شیشہ ۔ (صفت) صیقل یا تیز کرنے کی صلاحیت رکھنے والا ۔

abrade, v.t. رگڑنا یا گھسنا (بنیادی طور پر رگڑ سے) ؛ کھرچنا ؛ خراش پیدا کرنا ؛ مل کر یا رگڑ کر (کسی چیز کو) اُتارنا ؛ چھیلنا ؛ گھسنا ؛ چاٹنا ۔

abranchiate, a. بے خیشوم ؛ گل پھڑے کے بغیر ؛ بن گل پھڑا ۔

abrasion, n. گھسا ؛ گِھسائی ؛ رگڑ ؛ گِھساوٹ ؛ جلن ؛ سوزش ؛ مل اُتار ؛ رگڑ لگ جانے سے جلد کی بیرونی تہ پر آئی ہوئی کھرونچ ؛ کوئی چھلی یا کُھرچی ہوئی جگہ ۔

abrasive, a. رگڑنی ؛ کھرچنی ۔ (اسم) گھسا دینے والا ؛ پیسنے یا رگڑنے میں کام آنے والی شے ۔

abreact, v.t. (نفسیات) شِفا بالکلام ؛ تبادلۂ خیال کے ذریعے (دبائے ہوئے جذبات سے) سکون حاصل کرنا ؛ تبادلۂ خیال سے شفا یا تسکین پانا ۔

abreaction, n. ماضی کے کسی ناگوار تجربے سے باہمی گفتگو کے ذریعے سکون جوئی یا سکون یابی ۔

abreast, adv., a. پہلو به پہلو ؛ صف به صف (جیسے to march four abreast چار چار کی صفوں میں گامزن ہونا) ؛ ایک معیار یا حد تک (جیسے to keep abreast of science سائنس سے معیاری آگاہی رکھنا) ؛ ترقی میں دوسروں کے برابر ؛ ہم قدم ؛ ساتھ ساتھ ؛ برابر ؛ دوش بدوش ۔

abri, n. پناہ ؛ پناہ گاہ (خصوصاً فوج کے لیے) ؛ جائے پناہ ؛ مامن ۔

abridge, v.t. مختصر کرنا (لیکن ضروری مافیہ کو بحال رکھتے ہوئے) ؛ کم کرنا ؛ خلاصہ کرنا ؛ کم الفاظ استعمال کر کے چھوٹا کرنا ؛ گھٹانا ؛ محروم کرنا ؛ کسی چیز میں سے

کچھ کاٹ دینا (اس صورت میں of بعد میں لگاتے ہیں جیسے to abridge one of his rights : کسی کے حقوق میں سے کچھ کم کر دینا) ۔

abridger, n. مُلخِّص ؛ خلاصہ کرنے والا ۔

abridgable, abridgeable, a. قابلِ خلاصہ ۔

abridgement, abridgment, n. ملخص ؛ مختصر کرنے کا عمل/ہونے کی حالت ؛ وہ جسے مختصر کیا گیا ہو / خلاصہ ؛ ڈائجسٹ ؛ لُبِ لُباب ؛ اختصار ؛ تلخیص (کسی کتاب وغیرہ کی) ؛ نچوڑ ؛ اجمال ۔

abroach, a., adv. منھ دار ؛ سوراخ دار ؛ چھید کیا ہوا ؛ جو اس حالت میں ہو کہ اس میں سے مائع بہ سکے (پیپے کے بارے میں کہا جاتا ہے) ؛ گھومتا ہوا ؛ چکر کھاتا ہوا ۔

abroad, adv. کُھلے بندوں ؛ جو تنگ حدود میں محصور نہ ہو ؛ پھیلا ہوا ؛ وسیع ؛ کسی چیز کا اپنی شاخیں پھیلانا ؛ اِدھر اُدھر ؛ گھر سے باہر ؛ کسی مکان یا احاطہ کی دیواروں سے باہر ؛ کسی ملک کی حدود سے پرے ؛ غیر ممالک میں ؛ غلطی پر ؛ گمراہ ؛ بھٹکا ہوا ؛ جہاں تہاں ؛ بے ٹھکانہ ؛ بے خانماں ۔

abrogate, v.t. منسوخ کرنا ؛ فسخ کرنا ؛ کالعدم کرنا ؛ کسی اختیار کے ذریعے منسوخ کر دینا ؛ اُٹھا دینا ؛ رد کرنا ۔

abrogable, a. قابلِ تنسیخ ؛ لائق منسوخی ۔

abrogation, n. ایسا کرنے کا عمل ؛ عملِ تنسیخ ؛ انفساخ بالامر ۔

abrogative, a. منسوخ کرنے کا اہل ؛ ناسخ ؛ مائل بہ انفساخ ۔

abrupt, a. ایکا ایکی ؛ یک لخت ؛ اُٹھا ہوا ؛ ڈھلوان ؛ اونچا نیچا (چٹانوں اور ان کے ٹیلوں کے تعلق سے) ؛ اچانک ؛ اکھڑ ؛ مُنہ پھٹ ؛ بے جوڑ ؛ اکھڑی ہوئی ؛ ذہن کو موقع کے لیے تیار ہونے کی فرصت دیے بغیر ؛ بے ربط ؛ گریز کا اسلوب ۔

abruptly, adv. یک لخت ؛ یکا یک ؛ کسی پیشگی اطلاع و انتباہ کے بغیر ؛ عموداً ؛ اچانک ۔

abruptness, n. مذکورہ بالا ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ ڈھلواں ؛ نشیب و فراز ؛ ناگہانی پن ؛ عمودیت ؛ بے تکلفانہ جلد بازی یا تیزی ؛ کھردرا پن ؛ بے ڈھنگا پن ۔

abruption, n. یکایک علیحدگی ؛ انقطاع ؛ اچانک اور شدت کے ساتھ قطع ہونا ۔

abscess, n. دُمّل ؛ دنبل ؛ پھوڑا ۔ (امراضیات) جسم یا عضو کی کسی بافت میں پیپ بھرے مواد کا جمع ہو جانا جس کے ساتھ درد ، جلن اور سوجن ہوتی ہے ۔

abscessed, a. پیپ بھرا ۔

abscind, v.t. کاٹ دینا ؛ الگ کر دینا ؛ قطع کر دینا ۔

abscise, v.i. (نباتیات) کاٹنے کے عمل سے کسی چیز کا الگ ہو جانا (جیسے پھول پودے سے) ۔

abscissa, n. فصلہ ؛ مقطوعہ ؛ کسی بیضے کے مخروطی حصے کے آڑے محور یا قطر کا کوئی جزو جسے محور سے قائمہ زاویہ بنانے والے خط اور راس کے درمیان سے کاٹا گیا ہو ؛ کسی نقطے کا لا (x) جزو ۔

abscission, n. عمل جراحی ؛ چیر پھاڑ ؛ انقطاعی عمل ؛ بُرید کاری ؛ علیحدگی (خصوصاً دفعۃً) ؛ پتوں ، پھولوں وغیرہ کا پودوں سے طبعی طور پر جھڑنا ؛ کسی فقرے یا جملے کے درمیان اچانک توقف (عموماً خطیبانہ اثر آفرینی کے لیے) ۔

abscond, v.i. روپوش ہو جانا ؛ کھسک جانا یا خفیہ طور پر اپنے آپ کو روپوش کر لینا ؛ بھاگ جانا (عموماً مسروقہ اشیا کے ساتھ تا کہ قانونی گرفت سے بچا جا سکے) ؛ پڑاؤ اٹھا دینا ؛ فرار ہونا ؛ غائب ہونا ۔

absconder, n. روپوش ہو جانے والا ؛ مفرور ؛ بھگوڑا ۔

abseil, n. (کوہ پیمائی) کسی عمودی پہاڑی کی چوٹی پر باندھ کر نیچے اترنے کا کوئی ذریعہ (مثلاً رسی یا تار) ۔ (فعل لازم) اس طریقے سے اترنا ۔

absence, n. غیر حاضری ؛ عدم موجودگی ؛ غیبت ؛ بیوگ ؛ برہ ؛ جدائی ؛ علیحدگی ؛ مکانی لحاظ سے فاصلے پر ہونے کی حالت ؛ کمی محسوس ہونے کی حالت ؛ کسی مخصوص حلقے میں غیر موجودگی ۔

absent, a. غیر حاضر ؛ اوجھل ؛ غیر متوجہ ؛ جس کی کمی محسوس ہو ؛ جس کی کمی ہو ؛ نا موجود ؛ غائب ۔

absently, adv. عدم توجہی سے ؛ بے دھیانی یا غائب دماغی سے ۔

absent, v.t. دانستہ غیر حاضر رہنا (جیسے to absent oneself) ۔

absenter, n. غیر حاضری کرنے والا ۔

absentee, n. غیر حاضر ؛ غیر حاضر باش ؛ غائب باش ؛ اپنی ڈیوٹی یا مسکن سے غیر حاضری کرنے والا ، عموماً ان زمینداروں کے لیے آتا ہے جو آمدنی تو ایک علاقے سے حاصل کرتے ہیں لیکن رہتے کسی اور علاقے میں ہیں ۔

absentee ballot, n. وہ ووٹ پرچی جسے انتخاب کے دن ووٹر اپنے حلقے سے دور ہوتے ہوئے استعمال کرتا ہے ؛ فاصلاتی رائے پرچی ۔

absenteeism, n. غیر حاضر باشی ؛ جس جگہ باقاعدہ حاضر باشی کی توقع ہو وہاں غیر حاضری کی بہت بڑھی ہوئی شرح ۔

absentee voter, n. عدم موجود رائے دہندہ ؛ فاصلاتی ووٹر ؛ ووٹ دینے کا اہل وہ شخص جو روز انتخاب اپنے انتخابی حلقے سے بامر مجبوری غیر حاضر ہوتے ہوئے ڈاک کے ذریعے اپنا فرض پورا کرتا ہے ۔

absent-minded, a. غیر حاضر دماغ ؛ غائب الذہن ؛ کسی اور خیال میں کھویا ہوا ؛ فراموش کار ؛ غیر متوجہ ؛ گُم صم ؛ پراگندہ دماغ ۔

absent-mindedly, adv. غیر حاضر دماغی سے ؛ بے توجّہی سے ؛ عدم توجّہی سے ۔

absent-mindedness, n. غیر حاضر دماغی ؛ بے دھیانی ؛ پراگندہ دماغی ؛ عدم توجّہی ۔

absent without leave, AWOL, a. غیر حاضر بلا رخصت ؛ فوجی ملازم یا کوئی اور شخص جس پر عسکری قانون کا اطلاق ہوتا ہو ، اپنے فرائض کی جگہ سے بلا اجازت یا جواز یابی کے چلا گیا ہو یا غیر حاضر ہو لیکن اس کی نیّت دغا دے جانے کی نہ ہو ۔

absinthe, n. افسنتین ؛ ناگ دانہ ؛ فرانس کی ایک

مقبول شراب ؛ ناگ دانہ سے بنائی جانے والی برانڈی ؛ عام افسنتین جسے مروا/ناگ دانہ (Artemisia absinthium) کہتے ہیں ۔

absinthial, a. افسنتینی ؛ افسنتین کی طرح ۔

absolute, a. مطلق ؛ بے نسبت ؛ بے قید ؛ پابندی یا حد بندی سے آزاد ؛ نامشروط یا غیر مشروط ؛ بے شرط ؛ غیر موصوف ؛ کامل ؛ خالص ؛ مکمل ؛ مثبت ؛ آزاد ؛ من مانا ؛ مطلق العنان (جیسے an absolute monarch) ؛ دو ٹوک ؛ آزاد متصوَر ؛ غیر تقابلی اور غیر نسبتی ؛ از خود موجود ؛ حقیقت اُولیٰ ؛ قائم بالـذات ؛ واجب الوجود ؛ قائم بالوصل ۔ (گرامر) ذوالحال ؛ نحوی لحاظ سے بے انحصار ، یعنی فقرے کا جزو تو ہو لیکن نحوی طور پر اس سے آزاد ہو ؛ وہ اسم صفت جس کا موصوف مقدّر ہو ؛ وہ فعل متعدی جس کا مفعول مذکور نہ ہو ۔ (طبیعیات) مطلق ؛ مطلق تسلیم کیا گیا ؛ مسلّمـہ معیار کا (جیسے absolute zero of temperature) ۔
(اسم) کوئی مطلق شے ۔ (مابعد الطبیعیات) بے نیاز اور نسبتوں سے پاک ذات / صمد (اس صورت میں اس سے پہلے the لگاتے ہیں) ؛ تمام موجودات کی علتِ غائی ؛ قائم بالذات ؛حقیقتِ کل ؛ اللہ ؛ خدا ۔

absolutely, adv. مطلقانہ ؛ نرا ؛ محض ؛ بالکل ؛ بلا قید یا شرط ؛ مکمل طور پر ؛ بنفسہ ۔

absoluteness, n. مطلقیت ؛ کاملیت ؛ مطلق العنانی ۔

absolute ceiling, n. مطلق ارتفاع ؛ سطح سمندر سے زیادہ سے زیادہ بلندی جس پر ہوائی جہاز معمول کی افقی پرواز جاری رکھ سکتا ہے ۔

absolute pitch, n. مطلق اوج ۔ (موسیقی) فی سیکنڈ ارتعاشات کے حوالے سے کسی معیاری سرگم میں سُر کا قطعی درست مقام ؛ سُر کی اس صحیح جگہ کو پہچاننے کی صلاحیت یا پہلے سے سُنے بغیر کسی مخصوص سُر کو گا سکنے کی اہلیت ؛ اسے اوج کامل بھی کہتے ہیں ۔

absolute scale, n. (طبیعیات) مطلق پیمانہ ؛ کوئی حرارتی اسکیل جس کا آغاز مطلق صفر سے ہو ۔

absolute system of units, n. اکائیوں کا مطلق نظام ؛ اکائیوں کا ایسا نظام جو اساسی حیثیت رکھنے والی ، غیر متغیر قدر کی مخصـوص اکـائیوں (مثلاً کمیّت ، طول اور وقت) پر مبنی ہوتا ہے ؛ برعکس ایسے نظام کے جس میں اکائیاں کسی حد تک اختیاری ہوں (مثلاً کشش ثقل کی اکائی جس کی اکائی عرض بلد اور طول بلد کے ساتھ بدلتی رہتی ہے) ۔

absolute temperature, n. مطلق درجۂ حرارت ؛ صفر مطلق سے ناپا جانے والا درجہ حرارت خصوصاً ایسے پیمانے پر جس کا انحصار حرحرکیات کے بعض مخصوص اصولوں پر ہو ۔

absolute unit, n. مطلق اکائی ؛ اکائیوں کے کسی مطلق نظام میں سے کوئی اکائی ۔

absolute value, n. (ریاضی) مطلق قدر ؛ مطلق قیمت ؛ علامت کے علی الرغم کسی حقیقی عددی مقدار کی عددی قدر ؛ کسی قدری فاصلے کا (منبع سے) مثبت اظہار جس کو یوں لکھا جاتا ہے IXI اور اس سے مراد ہوتا ہے x کی قدر مطلق ؛ کسی ملتف عدد کے مربعوں کے مجموعے کا مثبت جذر ۔

absolute zero, n. مطلق صفر ؛ وہ کم سے کم ممکن درجہ حرارت جو مادے کی فطرت قبول کرتی ہے یا وہ درجہ حرارت جس پر ذرات ، جن کی حرکت سے حرارت پیدا ہوتی ہے ، ساکن ہو جائیں ۔ یہ ایک فرضی نقـطہ ہے ۔ منفی ۲۷۳٫۱۶ درجے سینٹی گریڈ یا منفی ۴۵۹٫۷ درجے فارن ہائیٹ ۔

absolution, n. برأت ؛ بریّت ؛ معاف کرنے یا بری الذمہ قرار دینے کا عمل؛ بری ہو جانے کی حالت ؛ گلو خلاصی ؛ در گزر ؛ عفو ؛ مُکتی ؛ نجات ؛ مغفرت ؛ معافی (کسی گناہ یا اس کی سزا سے) ؛ معافی کو ظاہر کرنے کا قاعدہ ، نیز استغفار کے لیے کی جانے والی دُعا کی ایک صورت (جیسے مُردے کو دفن کرتے وقت خصوصاً رومن کیتھولک عیسائیوں کا معمول ہے) ۔

absolutism, n. مطلقیت ؛ مطلق العنانی ؛ حکمرانی میں اختیار مطلق کا استعمال یا اصول ۔ (مابعدالطبیعیات) مُنزّہ یا مطلق ہستی کو ماننے کا نظریہ ؛ یقینی؛لاریب ہونے کی صفت ؛ اثباتیت ۔

absolutist, n. پیرو مطلقیت ۔

absolutistic, a. مطلقانہ ۔

absolutory, a. انداز درگزری میں ؛ در گزر کرنے کی اہلیت/قدرت ۔

absolve, v.t. آزاد کر دینا/سبکدوش کر دینا/فارغ کر دینا ؛ کسی منصب ، فرض یا ذمہ داری سے جیسے to absolve a person from a promise ۔کسی فرد کو قول سے آزاد کر دینا) ؛ اعمال و افعال سے پیدا ہونے والی تعزیروں یا نتائج سے نجات دے دینا ؛ برأت دینا ؛ بری کر دینا ؛ معاف کر دینا یا گناہ بخش دینا (بعد میں from لگاتے ہیں) ۔

absolvable, a. قابلِ در گزر ؛ قابلِ معافی ۔

absolver, n. بری/درگزر کرنے والا ؛ بخشندہ ۔

absonant, a. غیر موزوں ؛ بے تال ؛ بے سُرا ؛ ناموافق ؛ متضاد ؛ نفرت انگیز ؛ بے میل ؛ (بعد میں اکثر from آتا ہے یا to) ؛ غیر معقول ؛ بے جوڑ ۔

absorb, v.t. پی لینا ؛ چوس جانا ؛ ضم کر لینا ؛ سوکنا ؛ پینا ؛ مدغم کرنا ؛ اسپنج کی طرح جذب کر لینا ؛ کشش شعری کے ذریعے اندر کھینچنا ؛ نگل جانا ؛ سُٹک جانا ؛ پوری توجہ یا توانائی کو اپنی طرف مبذول کر لینا ؛ پچا جانا ؛ کسی میں محو یا غرق ہونا ۔

absorbability, n. جذب پذیری ۔

absorbable, a. جذب پذیر ۔

absorbency, n. جاذب ہونے کی حالت یا صلاحیت ؛ جاذبیت ۔

absorbent, n. جاذب ؛ کوئی جذب کرنے والی شے ؛ حیوانی بدن میں عِرق جاذبہ ؛ وہ نالی جس کے ذریعہ غذائی مادہ نظامِ ہضم میں جاتا ہے ؛ زخم پر خون کے بہاؤ کو روکنے یا چوسنے کے لیے لگائی جانے والی کوئی شے ؛ خون روک ؛ پٹرول کو صاف کرنے یا گیس تیار کرنے میں نیز گیس اور دھماکہ خیز مادوں کو الگ کرنے میں استعمال ہونے والا سیال مادہ ؛ سیال مادوں ، ضیائی کرنوں وغیرہ کو جذب کرنے کی صلاحیت رکھنے والا ؛ انجذابی فعل انجام دینے والا ۔

absorbing, a. پُرکشش ؛ جذّاب ؛ غیر معمولی طور پر دلچسپ ؛ متوجہ کر لینے والا ۔

absorption, n. جذب ؛ تحلیل ؛ ادغام ؛ سوک ؛ حل ؛ انجـذابی عمـل یا سلسلہ ؛ منہمک یا متـوجہ ہو جانے کی حالت ۔

(طبیعیات) تخفیف ؛ وہ عمل جس کے ذریعے تابناک توانائی جذب ہو کر توانائی کے دیگر رُوپوں میں ڈھل جائے ؛ ایک شے کا دوسری شے کو اپنے اندر پچا لینے کا عمل۔

absorptive, a. جاذب ؛ جس میں جذب یا سرایت کرنے کی صلاحیت ہو۔

absorptivity, n. انجذابیّت ؛ جذب کر لینے کی قدرت یا صلاحیت ؛ جاذبیت۔

abstain, v.i. باز رہنا (رضاکارانہ طور پر) ؛ اجتناب برتنا ؛ الگ رہنا ؛ بچنا ؛ چھوڑنا ؛ پرہیز کرنا ؛ حذر کرنا۔

abstainer, n. باز رہنے والا ؛ مُجتنِب ؛ محترز ؛ پرہیز کرنے والا (خصوصاً وہ جو نشہ آور مشروبات سے پرہیز کرتا ہے)۔

abstemious, a. محتاط خور ؛ کھانے پینے کے آزادانہ استعمال سے پرہیز کرنے والا ؛ پرہیزی ؛ محتاط ؛ پرہیز گار ؛ پارسا ؛ اعتدال یا پرہیز کو اپنانے والا یا زہد کی زندگی بسر کرنے والا۔

abstention, n. اجتناب ؛ پرہیز ؛ پرہیز کا عمل۔

absterge, v.t. پُونچھنا یا پُونچھ کر صاف کرنا ؛ دھو ڈالنا ؛ جُلاّب دینا ؛ مَیل نکالنا ؛ زخم دھونا۔

abstergent, a. دھو ڈالنے والا یا جُلابی اوصاف والا ؛ مصفّی ؛ مُسہل ؛ صافی۔ (اسم) جو صاف کرنے میں مدد دیتا ہو ؛ مصفّی۔

abstinence, n. پرہیز ؛ اعتدال ؛ رسائی میں ہونے والی کسی چیز سے رضاکارانہ طور پر اجتناب کا عمل (خصوصاً کسی جسمانی لطف یا لذت سے) ؛ کم کھانا پینا۔

abstinent, a. بھگت ؛ پرہیزگار۔

abstract, v.t. جدا کرنا ؛ اخذ کرنا یا الگ کرنا ؛ ہٹا دینا؛ بازگیری کرنا ؛ چوری کرنا ؛ اپنی دھن میں لگا لینا ؛ علیحدہ کر کے غور کرنا ؛ خلاصہ کرنا ؛ مختصر کرنا۔

abstracter, n. خلاصہ نگار ؛ اجمال نویس۔

abstract, a. مشکل ؛ پیچیدہ ؛ باریک ؛ دقیق ؛ قائم بالغیر ؛ بلاوجود ؛ مجرد ؛ تجریدی طور پر سوچی یا خیال کی گئی ؛ کسی مخصوص شے سے الگ سمجھی ، جانی گئی ؛ قیاس پر مبنی ؛ غیر عملی یا غیر اطلاقی۔ (گرامر ، منطق) مجرد : اسمائے ذات یا اصطلاحات اوصاف کے نام ہوتے ہیں جب کہ اسمائے توصیفی اشیا کے نام ہوتے ہیں۔ (اسم) خلاصہ یا اختصار جس میں اصل کا نچوڑ ہو ؛ ان واقعات کا سیدھا سادا مختصر بیان جو تفصیلاً کہیں اور مرقوم ہوں ؛ انتخاب۔(ادویہ سازی)کسی ٹھوس ست کو قندشیر میں ملا کر کسی دوا سے تیار کیا گیا سفوف جس کی تاثیر اصل سے دوگنی ہو جاتی ہے۔

abstracted, a. غائب دماغ ؛ کسی خیال میں مگن ؛ غیر متوجہ ؛ غافل ؛ بے خبر۔

abstraction, n. تجرید؛ محویّت ؛ نکالنے یا علیحدہ کرنے کا عمل ؛ واپس لینے کا عمل ؛ کسی مرکب شے میں یک جا اجزا کے بارے میں الگ الگ سوچنے کا عمل ؛ کوئی مجرد چیز ؛ مجرد نوعیت کا کوئی خیال یا تصور ؛ ناقابل عمل یا غیر حقیقت پسندانہ خیال ؛ غائب دماغی ؛ کسی خیال میں پوری طرح کھوئے رہنے کی حالت۔ (آرٹ) کوئی فن پارہ جس کا مقصد کسی مخصوص تصور یا جذبے کی طرف اشارہ کرنا ہو لیکن اظہار کے لیے مروجہ اشیأ یا اشاروں کو استعمال نہ کیا گیا ہو۔

abstractive, a. جس میں الگ یا علیحدہ کرنے کی صلاحیت ہو۔

abstriction, n. (نباتیات) انقراض ؛ تخمکی تشکیل کا ایک طریقہ جس میں کسی تخمک دار کے ایک دوسرے کے بعد نمو پذیر حصے پردوں کی نمو کے ذریعے ایک دوسرے سے الگ ہو جاتے ہیں۔

abstruse, a. دقیق یا عسیر الفہم ؛ عام اذہان یا خیالات سے بہت دور ؛ بمشکل فہم و ادراک میں آنے والا ؛ سِرّیّ ؛ کٹھن ؛ مشکل ؛ عمیق ؛ پیچیدہ ؛ دور از کار ؛ ژولیدہ۔

abstrusely, adv. پیچیدگی کے ساتھ ؛ عمیقانہ ؛ ان اصطلاحات و خیالات کے ساتھ جو عیاں و واضح نہ ہوں۔

abstruseness, n. باریکی ؛ اشکال ؛ پیچیدہ ہونے کا وصف۔

absurd, a. بے معنی ؛ غیر معقول ؛ واہیات ؛ عقل عامہ یا فہم کے نامطابق ؛ مضحکہ خیز ؛ بیہودہ ؛ اوٹ پٹانگ ؛ احمقانہ ؛ لغو ؛ غیر منطقی ؛ متضاد ؛ نادرست ؛ بعید القیاس۔

absurdity, n. بے معنویت ؛ بیہودگی ؛ واہیات پن ؛ لغویت ؛ نامعقولیت ؛ بے تکا پن۔

absurdly, adv. بیہودہ طریقے سے ؛ بیوقوفی سے۔

absurdist, a. اَبسرڈ نام کے تھیٹر سے متعلق یا اس میں شامل۔ (اسم) وہ شخص یا مضمون وغیرہ جو اس تھیٹر کی حمایت کرتا ہے ؛ وہ ڈرامہ نگار جو اس تیکنیک سے کام لیتا ہے۔

abulia, n. (نفسیات) ذہنی خلل جس سے قوتِ ارادی میں بگاڑ یا فقدان پیدا ہو جاتا ہے ؛ حد سے زیادہ بڑھی ہوئی قوتِ فیصلہ کی انتہائی کمی۔

abundance, n. افراط ؛ چھلکنے کی حد تک زیادہ فراوانی ؛ دولت ؛ بہتات ؛ وفور ؛ ریل پیل ؛ کثرت۔

abundant, a. کثیر ؛ وافر ؛ فراواں ؛ کثیر الحصول ؛ ظرف و ضرورت سے زیادہ ؛ بہتیرا ؛ بہت سا ؛ گھنا ؛ کافی و وافی۔

abuse, v.t. دُشنام دینا ؛ بُرا بھلا کہنا ؛ گالی دینا ؛ بے جا صرف کرنا ؛ بے عزت کرنا ؛ آبرو لینا ؛ ناجائز استعمال کرنا ؛ غلط یا بُرے کام میں لانا ؛ کسی کے ساتھ زیادتی کرنا ؛ اذیت دینا ؛ بے آبرو کرنا ؛ خلاف ورزی کرنا ؛ دھوکا دینا ؛ بُرا برتاؤ کرنا۔

abuse, n. گالی ؛ گالی گلوچ ؛ دُشنام ؛ بُری ریت ؛ بدمعاملگی ؛ بُرا کام ؛ بُری حرکت ؛ نا مناسب سلوک ، استعمال یا اطلاق ؛ بدعنوانی ؛ بداستعمالی ؛ کوئی فاسد دستور یا رواج ؛ چوٹ ؛ بدسلوکی ؛ فحش یا بیہودہ زبان۔

abuser, n. گلیرّ ؛ دشنام طراز (گفتگو یا طرز عمل میں)۔

abusive, a. دشنام طراز ؛ درشت گو ؛ بدسلوک ؛ فحش گو ؛ اُجڈ ؛ دشنام آمیز ؛ توہین آمیز ؛ مُنہ پھٹ ؛ بدزبان ؛ بدلگام ؛ زبان دراز ؛ مکھارا۔

abusiveness, n. ہتک آمیزی ؛ بدزبانی ؛ دشنام طرازی ؛ درشت زبانی۔

abut, v.t. ملحق ہونا ؛ متصل ہونا ؛ کنارے یا سرحد پر مل جانا ؛ بِھڑنا ؛ ٹکر کھانا ؛ چھونا ؛ لگنا۔ (فعل لازم) نقطۂ اتصال یا خطِ اتصال بنانا۔

abutilon, n. خطمی صحرائی کی جنس کا کوئی پودا جس کے پتوں اور تنوں پر روئیں ہوتے ہیں ، اس میں وہ نوع بھی شامل ہے جسے زنگولی شکل کے پھولوں اور رنگ برنگے پتوں کے باعث کاشت کرتے ہیں ؛ شگوفہ دار میپل۔ دیکھیے : maple) ۔ایک سجاوٹی پودا جس کے پتے میپل جیسے ہوتے ہیں ۔

abutment, n. اڑواڑ ؛ قینچی ؛ پایہ ؛ ستون ؛ اتصالی کیفیت ؛ ملحق حصہ ؛ سنگم ؛ نقطۂ اتصال ؛ پشتے یا دیوار کا وہ ٹھوس حصہ جس کا محراب سہارا لیتی ہے یا جس میں سے نکلتی ہے ؛ پُشتی بان ۔

abuttal, n. کسی قطعہ زمین کا ملحقہ حصہ یا حدیں ملنے کی حالت ؛ کسی زمین سے ڈانڈا ملنا ۔

abysm, n. گہرائی ؛ غار ؛ پاتال ۔ (دیکھیے : abyss) ۔

abysmal, a. اتھاہ ؛ عمیق ؛ گہرا ؛ ناقابلِ پیمایش ؛ گہرائی یا غار سے متعلق ۔

abyss, n. اتھاہ خلیج ؛ کوئی گہری اور اناپ چیز ؛ دوزخ (مجازاً یا حقیقتاً) ؛ پاتال ؛ تحت الثریٰ ؛ عمق ؛ انتہائی گہری کھائی ؛ قعر ۔

abyssinian, a. ابی سینیا ؛ حبش /حبشہ /ایتھوپیا کا باشندہ ؛ ابی سینیائی کلیسا کا رکن ۔

acacia, n. کیکر ؛ ببول ؛ اقاقیا؛ سجاوٹی درخت اور جھاڑیاں جو اس جنس سے متعلق ہوں اور جو پھلی دار نسل سے ہوں ، اس کی بعض انواع سے کتھا اور بعض سے گوند (صمغ عربی) حاصل ہوتا ہے ۔

acacia tree, n. درخت اقاقیا (بعض اوقات سیاہ لوکسٹ درخت کو بھی اس نام سے پکارتے ہیں جس کا اصطلاحی نام کیکرِ کاذب Robinia pseudoacacia ہے) ۔

Academe, n. ایتھنز کی اکیڈمی ؛ کوئی درسگاہ ؛ اکیڈمی ؛ اکادمی ؛ اعلیٰ تعلیم کے ادارے کا ماحول ؛ کالج یا یونیورسٹی کی فضا کو ترجیح دینے والا۔

academic, a. کالج سے متعلق (خصوصاً اعلیٰ تعلیم کے) ؛ کلاسیکی یا حریت پسندانہ تعلیم سے متعلق ؛ نظری ؛ جس کی عملی اہمیت نہ ہو ؛ تعلیم یافتہ لیکن علم کے عملی اطلاق سے عاری ؛ قواعد اور روایات کا پابند ؛ تقلیدی ۔ (اسم) کسی کالج یا یونیورسٹی کا طالب علم یا فیکلٹی کا رُکن ۔

academical, n. کسی اکیڈمی کا رُکن ؛ کُلیہ یا جامعہ سے متعلق۔(جمع) کسی اسکول یا کالج کے افسروں اور طلبا کی وردی یا لباس ۔

academic freedom, n. تعلیمی آزادی ؛ کسی رکاوٹ یا تادیبی کارروائی کے اندیشے کے بغیر کوئی مضمون پڑھنے یا پڑھانے کی آزادی ۔

academician, n. فروغ فنون و سائنس کے ادارے کا رُکن ؛ جامعی ؛ رکن اکادمی ؛ حکمت یار ۔

academicism, n. کسی اکیڈمی کا طریق تدریس یا نظام تعلیم ؛ علمی تقلید یا روایت پسندی جیسے ادبیات میں ۔

academy, n. اکادمی ؛ اکیڈمی وہ مدرسہ جس کی حیثیت ابتدائی اسکول سے بڑی اور کالج سے کم ہو ؛ اعلیٰ تعلیم کی درسگاہ ؛ کوئی اسکول یا کالج جس میں بنیادی طور پر عسکری مضامین پڑھائے جاتے ہوں لیکن جہاں انڈر گریجوٹ کو بھی تعلیم دی جائے اور سندیاب ہونے کے بعد انہیں افسر شمار کیا جائے تا کہ وہ مسلح افواج میں شامل ہو سکیں ؛ ادب ، سائنس یا آرٹ کو فروغ دینے والی انجمن جو سرکاری یا غیر سرکاری طور پر قائم کی جائے اور جس کے ارکان کو رُکن اکادمی یا جامعی کہا جاتا ہے ؛ وہ مکتبِ فلسفہ جسے یونانی فلسفی افلاطون نے قائم کیا تھا ۔

Acadian, a. اکادیا کا رہنے والا یا اس سے متعلق ؛ نووا اسکوشیا کا سابقہ نام ۔ (اسم) اکادیا کا اصلی باشندہ ؛ نیز وہ شخص جو اکادیائی سلسلے سے تعلق رکھتا ہو اور لوسیانا میں رہتا ہو ۔

acajou, n. کاجو ؛ کاجو کا درخت یا اس کا پھل ؛ نیز اس کی چھال سے حاصل ہونے والے گوند یا رال کو بھی کہتے ہیں ۔

acantha, n. پودے کا کانٹا ؛ جانور کی ریڑھ ؛ جانوروں کی ریڑھ ہڈی کا نکیلا ابھار ؛ مہرہ پشت ۔ پُرخار ؛ کانٹوں سے بھرا ہوا ؛ خار دار (جیسے اکنتھاشیا کنبے کا پودا) ۔

acanthine, a. اکانتھس پودے سے متعلق یا اس جیسا ؛ پُرخار ؛ چبھنے والا ؛ کانٹوں بھرا ۔

acanthous, a. ریڑھ دار ؛ سُولک ۔

acanthocephalan, a. (حیوانیات) خارسرا ؛ سَر پر سُول یا ہُک رکھنے والا ، جیسے بعض کِرم امعا جو اِن کے ذریعے جانوروں کے جسم میں پیوستہ رہتے ہیں ۔

acanthoid, a. خاردار ؛ سُول یا ریڑھ کی سی شکل والا (والی) ؛ ریڑھک ؛ سُولک ؛ خارآسا ؛ ریڑھ کا سا ؛ چبھنے والا ۔

acanthopterygian, a. خار مہیبرہ ؛ اکنتھروپ ٹریجائی سلسلے کا یا اس سے متعلق ؛ اس سلسلے کی مچھلی ، جس کے پنکھ کانٹوں جیسے ہوتے ہیں ؛ پن بھیڑیا ۔

acanthus, n. کنگر ؛ شوکت الیہود ؛ بحیرہ روم کے علاقے میں پودوں کی ہر وہ قسم جس کے بڑے بڑے خاردار پتے ہوتے ہیں ؛ سجاوٹ کا ایک انداز جسے قدیم یونانی اور رومی طرز تعمیر میں استعمال کرتے تھے ، یہ سجاوٹ اکنتھوس پودے کے پتوں سے ملتی جلتی تھی ۔

acappella, a. (موسیقی) کلیسائی موسیقی کے انداز میں ؛ بے ساز موسیقی ۔

acariasis, n. جرب ؛ جُوؤں سے پیدا ہونے والی ایک جلدی بیماری ؛ جوئیں پڑنا ۔

acarid, n. قمل ؛ کیڑوں کی ایک قسم جس میں جوئیں اور چچڑیاں وغیرہ شامل ہیں اور ان سب میں چوسنے کے لیے مُنھ بنا ہوتا ہے ۔

acaricide, n. جُوں مار ؛ جوؤں کو مارنے کی دوا ۔

acaroid, a. قمل نما ؛ جوں نما ؛ چچڑی یا جوں سے مشابہ ۔

acaroid resin, n. کرمکی رال ؛ ایک سرخ یا زرد رال یا رسائن جو بعض گیاہی درختوں سے حاصل اور وارنش میں استعمال ہوتی ہے ۔

acarpelous, acarpellous, a. (نباتیات) وہ پودا جس کے

رحم دانی (بقچہ) نہ ہو ؛ بے بقچہ ۔

acarpous, a. (نباتیات) بے ثمر ؛ جو پھل نہ دے ؛ بے پھل ؛ اپھل ؛ بانجھ ۔

acarus, n. قملہ ؛ چچڑی کی جنس کا کوئی حشرہ ؛ جُوں ۔

acatalectic, a., n. (عروض) جس کے سب ارکان تہجی پورے ہوں ؛ سالم (جیسے an acatalectic verse) ۔ ہو) ۔

acaudate, acaudal, a. بے دُم ؛ جو دُم دار نہ ہو ؛ بے دُما ؛ ابتر ۔

acaulescent, acauline, acaulose, acaulous, a. (نباتیات) بے تنا ؛ اپور ؛ بے ساق ؛ جس کا تنا نہ ہو (یا نظر نہ آئے) ۔

accede, v.i. تسلیم کرنا ؛ قبول کرنا ؛ منظور کرنا ؛ مان جانا ؛ رضا مند ہو جانا (جیسے کسی مشورے کو مان لینا یا شرائط پر راضی ہو جانا جو کسی اور کی جانب سے پیش ہوں) ؛ شرائط قبول کر کے کسی معاملے میں فریق بن جانا ؛ شامل ہونا یا شامل کر لیا جانا ؛ جانشین ہونا (جیسے کسی وارث کا) ؛ وراثتاً حاصل ہونا (خاص طور پر کسی فرماں روا کا) ۔

accelerando, a. adv. (موسیقی) بتدریج بلند ہوتی ہوئی رفتارِ آواز ۔

accelerate, v.t. چال یا رفتار بڑھانا ؛ تیز تر کرنا ؛ سریع کرنا ؛ زیادہ رفتار کے ساتھ حرکت میں لانا یا آگے بڑھانا ؛ زیادہ عجلت کے ساتھ وقوع پذیر کرنا یا ہونے میں مدد دینا ۔

acceleration, n. حالتِ اسراع ؛ تیزی کی حالت ؛ سرعت ؛ تیز رفتاری ؛ اسراع ۔ (ہوا بازی) رفتار کی شرح افزودگی جو عموماً G's میں ریکارڈ کی جاتی ہے ۔ (تعلیم) ایسا نصابی اضافہ جو اسکول کے ان طلبہ کی ضرورتوں کے لحاظ سے کیا جائے جو جلدی اپنا نصاب ختم کر لیں ۔

acceleration of gravity, n. کششِ ثقل کے باعث کسی گرتی ہوئی چیز میں سُرعت جو سطح سمندر پر ۳۲ فٹ فی سیکنڈ فی سیکنڈ ہے اور عرض بلد اور ارتفاع کے مطابق اس میں تبدیلی واقع ہوتی رہتی ہے ۔

accelerator, n. عاجل ؛ جلدی کرنے والا ؛ سرعت پذیر یا سرعت آور ؛ عجلتی ؛ کسی خودکار گاڑی کے گردنے کو کھولنے یا بند کرنے والا پرزہ ۔ (کیمیا) عمل انگیز ۔ (طبیعیات) بار دار اجزا کی رفتار کو تیز کرنے والا کوئی وسیلہ ؛ رفتار تیز کُن ۔ (تشریح الاعضا) کوئی عصبہ یا عضلہ جو حرکت تیز کر دیتا ہے ۔

acceleratory, a. تیز ساز ؛ مُعجّل ۔

accelerative, a. رفتار افزا ؛ رفتار میں اضافہ کرنے والا ؛ تیز کر دینے والا (حرکت یا رفتار کو) ۔

accelerometer, n. رفتار پیما ؛ ہوائی جہاز کی رفتار کا اندازہ لگانے اور اسے آنکنے کے لیے برتا جانے والا آلہ ۔

accent, n. لہجہ ؛ سُر ؛ تلفظ ؛ دباؤ ؛ زور ؛ حرکت ؛ اُتار چڑھاؤ ؛ اظہار کی وہ مخصوص کوشش جس کے ذریعے کسی (لفظ یا ترکیب کے) ایک رُکن کو دوسروں سے زیادہ تاکیدی بنا دیا جاتا ہے (لہجے میں تبدیلی سے یا آواز کے ذریعے زور دینے سے) ؛ تلفظ یا قدر میں امتیاز پیدا کرنے یا تاکید کا اظہار کرنے والی علامت ؛ حرف یا ٹائپ جن پر á - à - ê - ē وغیرہ ایسے نشانات ہوں ؛ شعر یا موسیقی وغیرہ میں زور تاکیدی ؛ اندازِ اظہار ۔ (جمع) الفاظ جیسے بولے گئے ہوں ۔ (ریاضی) کوئی نشان یا متعدد نشانوں میں سے ایک جو کسی حرف یا شکل کے آخر میں لگایا جاتا ہے تا کہ ان ایک سی الجبرائی مقداروں میں امتیاز کیا جا سکے جن کی قدریں مختلف ہوتی ہیں ۔ جیسے ـ ‴a - ″a - ′a وغیرہ ۔ (ان کو بالترتیب اول ، دوم اور سوم کہا جاتا ہے) یا کسی مخصوص اکائی یا ناپ کو ظاہر کیا جا سکے جیسے فٹ (′) ۔ انچ (″) اور یوں ″۳ - ′۵ سے مراد ہو گا پانچ فٹ تین انچ یا پھر منٹ (′). سیکنڈ (″) وقت اور درجوں کے لیے جیسے ″۲۵ ـ ′۱۸ سے اٹھارہ منٹ پچیس سیکنڈ مراد ہو گا ۔ کسی گروہ یا علاقے کے لوگوں کا مخصوص اسلوبِ تلفظ ۔ (موسیقی) بعض اُن مخصوص سُروں پر ڈالا گیا زور جو ترنم کا امتیاز بن کر بار بار باقاعدگی سے آتا ہے ۔ (فعل متعدی) زور یا تاکید کے ساتھ تلفظ کرنا ؛ تاکیدی نشان ڈالنا ؛ زور ڈال کر زبان سے ادا کرنا ؛ ضرب لگانا ؛ زور دینا ؛ لہجہ ادا کرنا ۔

accentual, a. زور یا تاکید سے متعلق ؛ مترنم ۔

accentual verse, a. وہ شعر جس میں ترنم کی بنیاد زور یا شدت پر ہو ۔

accentually, adv. ترنم کے ساتھ ؛ تاکید کے ساتھ ۔

accentuate, v.t. تاکیدی نشان ڈالنا ؛ زور ڈالنا؛ زور دینا ؛ کسی چیز کے کسی حصے کو زیادہ نمایاں کرنا ؛ تاکید کا نشان لگانا ۔

accentuation, n. طریق تاکید ؛ اندازِ تاکید ؛ زور ڈال کر اظہار امتیاز کرنا ؛ تلفظ کاری یا تاکیدی نشان کے ذریعے جس پر زور ڈالا جائے ۔

accept, v.t. قبول کرنا ؛ تسلیم کرنا ؛ (پیش کی گئی کسی چیز کو) لے لینا؛ اظہار مہربانی یا رضامندی سے وصول پانا ؛ مان جانا ؛ رضامند ہو جانا ؛ اقراری انداز میں جواب دینا ؛ رسماً قبول کرنا (جیسے کسی کالج یا کلب میں) ؛ مان لینا ؛ سمجھ جانا ؛ خوش آنا۔(تجارت) دستخط کر کے وصول کرنا ادائیگی کی توثیق یا ڈرافٹ وغیرہ کے تعلق سے ؛ کسی بات کی ذمہ داری قبول کرنا ؛ ہُنڈی سکارنا (فعل لازم) تحفہ ، مشورہ ، دعوت ، تجویز وغیرہ قبول کر لینا ۔

accepter, acceptor, n. قبول کنندہ ؛ قبول کرنے والا (خصوصاً کسی ہنڈی کے حوالے سے) ۔

acceptable, a. قابلِ قبول ؛ اچھا ؛ پسندیدہ ؛ من بھاؤنا ؛ جو قبول کیے جانے کے لائق ہو ؛ تسلی بخش ؛ مناسب ؛ کم سے کم تقاضوں پر پورا اترنے والا ۔ (عسکری) کسی اقدام کا یا اقدام کی قیمت پر : جیسے گوارا حدود کے اندر خیال کیا جائے ۔

acceptability, acceptableness n. قبولیت ؛ پذیرائی ؛ پسندیدگی ۔

acceptably, adv. قابلِ قبول طریقے سے ؛ پسندیدہ طور پر ۔

acceptance, n. رضامندی ؛ تسلیم ؛ قبولیت ؛ پسند ؛ قبول کرنے کا عمل یا قبول کیے جانے کی حالت ؛ نوازش مندانہ پذیرائی ؛ نوازش ؛ توثیق ؛ اعتقاد ؛ منظوری ؛ قبولیت شرائط (خواہ زبانی طور پر یا کسی عمل کے ذریعے جو عملاً اقرار ہی کے مترادف ہو جیسے کسی معاہدے کی صورت میں) ۔ (تجارت) مکتوب الیہ کی جانب سے

ہُنڈی ، ڈرافٹ یا ادائیگی نامے کے وقت مقررہ پر ادا کر دینے کا اقرار نامہ نیز وہ ڈرافٹ یا ادائیگی نامہ وغیرہ جسے کسی شخص نے ادائیگی کے لیے دستخطوں کے ساتھ قبول کیا ہو اور یوں ادا کرنے کا وعدہ کر لیا ہو۔

acceptant, a. قبول کنندہ ؛ تسلیم کنندہ ۔

acceptation, n. قبول کرنے یا وصول کرنے کا عمل ؛ مہر پرور یا پُر نوازش پذیرائی ؛ وہ مفہوم یا مدعا جس میں کوئی لفظ یا اظہار سمجھا یا عموماً قبول کیا جاتا ہے ؛ رضامندی ؛ اعتقاد ؛ یقین کُلی ؛ سُکارا ۔

accepted, a. مُسلّمہ ؛ عام طور پر مانا ہوا ؛ عام طور پر معمول کے مطابق یا درست خیال کیا گیا ؛ رواج کے مطابق ؛ حسبِ دستور ؛ حسبِ رواج ؛ درست ؛ مناسب ؛ مُسلّم ۔

acceptive, a. قبول کرنے یا وصول کرنے پر آمادہ ۔

access, n. رسائی ؛ دسترس ؛ داخل ہونے کی اجازت ؛ پہنچ ؛ تقرب ؛ گزر ؛ داخلہ ؛ قابل رسائی ہونے کی حالت ؛ رسائی کے وسائل یا طریقے ؛ بیٹھ ؛ باریابی ؛ دخل ؛ باہمی خبررسانی کا راستہ ؛ باٹ ؛ راہ ؛ راستہ ۔ (دینیات) یسوع مسیح کے ذریعے خدا تک رسائی ؛ ایک جذباتی دورہ یا ہیجان ۔

accessibility, n. دسترس ؛ حصول پذیری ؛ قابل رسائی ہونے کی حالت یا کیفیت یا باریابی ؛ رسائی پذیری ۔ (عسکری) کسی چیز کی وہ حالت جو اسے قابل رسائی یا قابلِ حصول بنا دیتی ہے ؛ ہوائی جہاز کی وہ صلاحیت جس کی بدولت وہ اسے اپنی منزل تک پہنچنے کے قابل بناتی ہے ؛ طیارے کی مختلف مقامات پر اُڑنے اور اُترنے کی صلاحیت ۔

accessible, a. قابل حصول ؛ قابل رسائی ؛ جس تک پہنچ آسان ہو ؛ زیر اثر آ جانے کے قابل ؛ اثر پذیر ؛ دسترس پذیر ۔

accession, n. مان جانے کا عمل ؛ کسی عہدے ، حق یا منصب تک رسائی ؛ وابستگی ؛ رضامندی ؛ اضافہ ؛ افزونی ؛ اضافہ کردہ چیز ؛ تخت نشینی ۔ (قانون) املاک میں بالیدگی یا اصلاح و بہتری سے اضافہ ۔ (بین الاقوامی قانون) وہ باہمی اقرار نامہ جو ریاستوں کے مابین ہوتا ہے نیز کسی معاہدے کو قبول کر لینا ۔ (طب) مرض کا حملہ یا آغاز ۔

accession book, n. داخلہ رجسٹر ؛ (لائبریری کی) کتاب اندراجات ؛ وہ رجسٹر جس میں لائبریری کے لیے موصول ہونے والی کتابوں کا تفصیلی اندراج ہوتا ہے ۔

accession number, – داخلہ نمبر ؛ اندراج نمبر ؛ کتاب اندراج میں درج کی جانے والی کسی جلد کو دیا گیا نمبر ۔

accessorial, a. لوازماتی ؛ اعانتی ؛ مسبّب

accessory, accessary, a. لازمہ ؛ شامل ؛ عاملِ اُولیٰ کے ساتھ ثانوی صورت میں عمل پیرا ؛ مجموعی اثرآفرینی میں مددگار ؛ کسی اور چیز کے ساتھ جس کا بنیادی تعلق ہو ؛ لاحقہ ؛ معاون ؛ ضمنی ؛ زائد ۔

accessories, n. کسی جرم میں اعانت یا حمایت کرنے والا ؛ شریک جرم ؛ معاون جرم ؛ اصلاً کسی اور چیز سے متعلق ، جو کسی زیادہ اہم چیز کے اثر میں مددگار ہو ؛ لاحقہ ؛ لوازم ۔

accessorily, adv. مسبّب کے طور پر؛ ضمنی ؛ عامل اُولیٰ کے طور پر نہیں بلکہ ثانوی عامل کے طور پر ۔

accessoriness, n. شریک و مددگار ہونے کی حالت ؛ ثانوی حیثیت میں ہونے یا کام کرنے کی کیفیت ۔

accessory fruit, n. ثمر زائد ؛ وہ پھل (ناشپاتی) جس میں ایک یا ایک سے زیادہ تخم دانیاں نیز کسی اور نباتی حصے کے ریشے ، جیسے گلِ کرسی یا گُلِ کٹوری ، بھی ہوتے ہیں ۔

acciaccatura, n. (موسیقی) چھوٹا الاپ ؛ وہ خفیف سُر جو محض لحن تیز کرنے کے لیے نکالا جاتا ہے اور ہر چند اس کی اٹھان اصل سے آدھی دھیمی ہوتی ہے لیکن اسے چھیڑا اصل کے ساتھ ہی جاتا ہے ۔ (صوتیات) کسی مرکب حرفِ علت یا دہرے مصوتے (diphthong) کی پہلی اور بے زور آواز ؛ غیر موکد ۔

accidence, n. گردان ؛ تصریف ؛ گرامر کا وہ حصہ جو تصریف الفاظ یا اسما و صفات وغیرہ نیز افعال کی گردان سے تعلق رکھتا ہے ؛ وہ کتابچہ جس میں گرامر کی ابتدائی باتیں بتائی گئی ہوں ؛ کسی بھی مضمون کے بارے میں ابتدائی باتیں ؛ مبادیات گرامر؛ صرف و نحو ۔

accident, n. حادثہ ؛ اتفاق ؛ جو اتفاقاً وقوع پذیر ہو ؛ کوئی واقعہ جو اس وقت ہو جائے جب اس کا سان گمان بھی نہ ہو ؛ غیر متوقع اور غیر ارادی طور پر پہنچنے والا صدمہ ؛ ناگہانی افتاد ؛ واردات ؛ سانحہ ؛ ناشدنی ؛ عارضی خاصہ ؛ وہ خصوصیت جو کسی چیز میں اساسی حیثیت کی حامل نہ ہو اور نہ ہی اس کی غیر مُتبدّل علامات میں سے ہو ، جیسے کاغذ کی سفیدی ۔ (فلسفہ) حادث ؛ وہ شدنی یا وجود جو کسی اور کے وجود پر منحصر ہو ۔ (ارضیات) سطح کی وہ معمولی سی بے قاعدگی جس کا سبب واضح نہ ہو ۔

accidental, a. ناگہانی یا اتفاقیہ وقوع پذیر ہونے والا ؛ غیر متوقع ؛ وقتی ؛ ہنگامی ؛ غیر ضروری ؛ غیر واجب الوجود ؛ عارضی ۔ (اسم) حادثاتی ؛ وہ خصوصیت جو اساسی نہ ہو ؛ معروضی ۔ (موسیقی) وہ سُر یا تان جو اُس کلیدی سرگم میں نہیں ہوتی جس میں راگ ترتیب دیا گیا ہو ۔

accidentally, adv. حادثاتی طور پر ؛ غیر ارادی طور پر ؛ غیر متوقع طور پر ؛ اتفاقاً ؛ ناگہانی طور پر ۔

accipiter, n. کوتاہ بازو ، دراز دُم ، چھوٹی یا درمیانی جسامت کے باز کی جنس جیسے یورپ کا چھوٹا شکرا ؛ ایکسپٹر جنس سے تعلق رکھنے والا کوئی پرندہ ؛ شکاری پرندہ ؛ شکار خور پرندہ ۔ (جراحی) ناک پر باندھی جانے والی پٹی ؛ ناک پٹی ۔

acclaim, v.t. آفرین کہنا ؛ اعتراف کرنا ؛ منادی کرنا ؛ بلند آواز سے اعلان تحسین کرنا ؛ سلام آفرین کرنا ۔ (اسم) خوشی کا نعرہ ؛ جیکار ؛ بلند بانگ تحسین ؛ نعرہ تحسین ؛ اظہار پسندیدگی ؛ خوش آمدید ؛ شاباش ؛ مرحبا ؛ آفرین ۔

acclamation, n. نعرۂ تحسین ؛ نعرہ یا ایسا کوئی اور اظہار جس سے خوشی ، دلی تائید ، پسندیدگی یا نیک خواہشات ظاہر کرنا مقصود ہو ؛ اظہار تحسین ؛ زبانی ووٹ (اکثر متفقہ جس سے قبولیت کا اظہار ہوتا ہے) ؛ نعرہ بازی ۔

acclamatory, a. نعرہ بازی سے ؛ خوشی یا تحسین کا اظہار کرتے ہوئے ؛ عوامی قبولیت کا اظہار کرتے ہوئے ۔

acclimate, v.t. v.i. اجنبی یا نامانوس ماحول کو قبول کر لینا اور اس کے مطابق ڈھل جانا ؛ آب و ہوا کا راس آ جانا ؛ رس بس جانا ؛ عادی ہو جانا ۔

acclimation, n. اجنبی ماحول میں ڈھل جانے کا عمل ؛ اس ماحول میں رس بس جانے کی کیفیت ۔ (فعلیات) آب و ہوا یا ماحول کی تبدیلی سے واسطہ پڑنے پر جسم کی وضعاً اور فعلاً ہم آہنگی ۔

acclimatize, v.t., v.i. ماحول کے مطابق ڈھال لینا ؛ ڈھل جانا ؛ نئے حالات کا عادی ہو جانا ۔

acclimatization, n. قبولیت ماحول ؛ خوگیری ؛ ہم آہنگی ۔

acclivity, n. زمین کی ڈھلان یا جھکاؤ ؛ چڑھائی ؛ اونچائی ؛ بلندی ؛ ارتفاع جیسے پہاڑی کا ایک رُخ ، اسے چڑھائی کہا جاتا ہے اور دوسرے رُخ کو declivity یعنی اُترائی کہا جاتا ہے ۔

acclivitous, acclivous, a. نکلتی ہوئی ؛ اوپر اٹھتی ہوئی ؛ (جیسے کوئی ڈھلواں پہاڑی) بلندی مائل ڈھلوان ؛ سلامی بناتے ہوئے ۔

accolade, n. نائٹ (نوابی) کا منصب عطا کرتے ہوئے آڑی تلوار سے کندھے کو چھونے ، آپس میں بغل گیر ہونے اور بوسہ لینے کا عمل ؛ کوئی اعزاز ، مرحمت یا تحسین آمیز توجہ ۔ (موسیقی) وہ کھڑی پٹی جس سے ساز یا باجے کی کھونٹیاں جڑی ہوتی ہیں ؛ کھونٹی ۔ (فن تعمیر) کسی محرابی راستے کے اوپر خم دار ڈھانچا ۔

accommodate, v.t. بنا لینا ، (موزوں ، موافق یا ہم آہنگ) ؛ حسب حال بنانا ؛ مطابق کر لینا ؛ جیسا نمونہ ہو ویسا ہی بنا دینا ؛ جوڑ میل کرنا ؛ مطلوبہ سہولتوں کے ساتھ مہیا کرنا یا بہم پہنچانا ؛ فائدہ پہنچانا ؛ مہیا کرنا ؛ ممنون کرنا ؛ گنجایش نکالنا ؛ حمایت کرنا ؛ مصالحت کرنا ۔ (فعل لازم) ایک ڈھنگ اختیار کرنا ؛ مان جانا ؛ مطابقت میں قدم اٹھانا ۔

accommodating, a. مرنجاں مرنج ؛ مصلحت آمیز ؛ لحاظ دار ؛ صلح جو ؛ با مروّت ؛ خواہشوں کے آگے جُھک جانے والا ؛ حالات کے ساتھ سمجھوتہ کرنے کے لیے اصولوں اور اعتقادات کو بدلنے پر آمادہ ہو جانے والا ؛ دوسرے کو ممنون کرنے اور اس کی مان جانے کا خوگر ؛ آشتی پذیر ۔

accommodation, n. ممنون سازی ؛ مطابقت پذیری ؛ رفع اختلافات ؛ مصالحت ؛ میل ملاپ ؛ اک رنگی ؛ موافقت ؛ وہ چیز جو کسی آسانی ، سہولت یا تواضع وغیرہ کے سلسلے میں کوئی ضرورت پوری کرتی ہے ؛ سہولت ؛ قرض ؛ ہاتھ ادھار ؛ دست گرداں ؛ دوسروں کی مدد کرنے کے لیے آمادگی ؛ سمائی ؛ جگہ ؛ گنجایش ؛ کمرا ؛ مکان ؛ رہایش ۔ (عموماً جمع کی صورت میں) آرام کی چیزیں (اسباب ، سامان) ۔

accommodation bill, n. سہولتی ہُنڈی ؛ وہ ہُنڈی جو حقیقی ہُنڈی کی طرح کسی قرضے کی ادائیگی کے طور پر نہیں دی جاتی بلکہ اس کا مقصد رقم گیر کو سہولت مہیا کرنا ہوتا ہے تاکہ وہ ادھار حاصل کر سکے یا فراہمی رقم کر سکے ۔

accommodation ladder, n. جہازوں میں لٹکا ہوا سہولتی زینہ ؛ مدد سیڑھی ؛ وہ سیڑھی جو جہاز کے ایک طرف لٹکی ہوتی ہے تا کہ چھوٹی کشتیوں میں اترنا یا ان میں سے چڑھنا آسان رہے ۔ یہ عموماً اخراجی راستے پر تنگی ہوتی ہے ۔

accommodative, a. لحاظ دار ؛ با مروت ؛ سہولت رساں ؛ سہولت رسانی پر آمادہ ؛ حالات کے مطابق ڈھل جانے والا ؛ آشتی پذیر ۔

accompaniment, n. لاحقہ ؛ ضمیمہ ؛ لوازمہ ؛ کوئی چیز جو لازمی نتیجہ بنے یا جو اصل چیز کے ساتھ خوشنمائی یا میل کے لیے بڑھا دی جائے ؛ کوئی چیز جو کسی دوسری چیز کے ساتھ شریک ہو ؛ منسلک ۔ (موسیقی) کسی ایک صدا یا بہت سی صداؤں کے ساتھ یا اصل ساز کا ساتھ دینے والے سازوں کے ذریعے ادا کیے گئے ذیلی سُر (خواہ وہ ایک ہوں یا زیادہ) ؛ آس دینے والا ؛ دم ساز ۔

accompanist, n. دم ساز ؛ سنگت دینے والا گائک ؛ (بڑے گویے کے ساتھ) سُر ملانے والا ؛ ساز یا آواز میں بڑے گویے کا ساتھی ۔

accompany, v.t. ہمراہ ہونا ؛ ساتھ ہونا ؛ سنگ ہونا ؛ ساتھی یا ہمرکاب ہو کر کسی کے ساتھ جانا یا شریک ہونا ؛ اکٹھے جانا ؛ ہم کار ہونا ؛ وابستہ ہونا ؛ کسی گویے یا نغمہ نواز کے ساتھ گانے میں سنگتی بننا ؛ آس دینا ؛ دم سازی کرنا ؛ آواز ملانا ۔

accomplice, n. شریک جرم ؛ ساتھی ؛ رفیق ؛ شریک یا سہیم (خصوصاً کسی جُرم میں) ؛ کسی خلاف قانون کام میں حصہ دار یا شامل (عموماً ثانوی حیثیت میں) ۔

accomplish, v.t. پورا کرنا ؛ مکمل کرنا ؛ پوری طرح اختتام کو پہنچانا ؛ بجا آوری کرنا ؛ تعمیل کرنا؛ انت کو پہنچانا ؛ انجام دینا ؛ ختم کرنا ؛ تمام کرنا ؛ تکمیل کرنا یا باعث بننا ؛ کرنے میں کامیاب ہونا ؛ مراد ، مطلب یا مدعا پانا ۔ (عسکری) کسی جنگی منصوبے و مقصد یا اقدام کو مکمل کر لینا ؛ (کوئی مقصد) حاصل کر لینا ؛ بیان یا نقشہ تیار کرنا ۔

accomplished, a. مکمّل ؛ تکمیل شدہ ؛ انجام پذیرفتہ ؛ انتہا کو پہنچا ہوا ؛ تربیت یافتہ ؛ ماہر ؛ اہل ؛ باصلاحیت ؛ مہذّب یا فیشن ایبل ؛ سوسائٹی کے لیے ضروری خیال کیے جانے والے اوصاف اور تحصیلات کا مالک ؛ پورا ؛ کامل ؛ سگھڑ ؛ وضع دار ؛ خوش ادا ۔

accomplishment, n. مکمل کرنے یا سرانجام دینے کا عمل ؛ تکمیل ؛ حصول کارکردگی ؛ کامیابی (خصوصاً وہ جس کا تعلق فیشن ایبل سوسائٹی سے ہو) ؛ کار نمایاں ؛ تہذیب ؛ وضعداری ؛ سلیقہ ؛ سگھڑاپا ؛ گُن ؛ ہُنر ؛ جوہر ؛ تکمیل یافتہ ؛ نبھاؤ ؛ کمالیت ؛ کامیابی ۔

accord, n. سمجھوتہ ؛ معاہدہ ؛ اتفاق رائے ؛ میل ملاپ ؛ مطابقت ؛ موافقت ؛ یک دلی ؛ اشیا کی منصفانہ مراسلت ؛ ہم آہنگی ؛ صوتی یکسانیت ؛ تال میل ؛ حکومتوں کے درمیان معاہدے کا رسمی عمل ؛ ارادی یا غیر ارادی عمل یا حرکت ؛ خود بخود ؛ اپنی مرضی سے ؛ آپ ہی آپ ؛ آپ سے ۔ (فعل متعدی) عطا کرنا ؛ دینا ؛ اظہار رضامندی کرنا ؛ ہاں کرنا ؛ نوازنا ؛ سرفراز کرنا ؛ قبول کرنا ؛ جائز رکھنا ۔ (فعل لازم) مطابقت یا ہم آہنگی میں ہونا ؛ راضی ہونا ؛ ہم خیال ہونا ۔

accordance, n. ہم خیال یا مطابق ہونے کی حالت ؛ انوسار ؛ کسی کے ساتھ اقرار نامہ ؛ کسی چیز سے پوری مطابقت یا اس کے مطابق ؛ عطا کرنے کا عمل ؛ بموجب ؛ بلحاظ ؛ بمراد ؛ حسب ۔

accordant, a. ہم نوا ؛ مطابق ؛ گوارا ؛ ہم خیال ؛ ہم ساز ؛ مشابہ ؛ ہم آہنگ ۔

accordantly, adv. ہم آہنگی سے یا مطابقت کے ساتھ ۔

according, a مطابق ؛ گوارا ؛ سازگار ؛ ہم آہنگ ۔

according to, کے مطابق ؛ بموجب ؛ بمطابق ۔

accordingly, adv. سازگار طور پر ؛ موزوں طریقے سے ؛ (مطابق و موافق) طریقے سے ؛ نتیجہ کے طور پر ؛ نتیجتاً ؛ اس ریت سے ؛ علیٰ ہذا القیاس ؛ اس لیے ؛ مناسب عرصے میں ۔

accordion, n. دستی ارگ ؛ ارگن باجا ؛ اکاردہ ؛ ایک مغربی ، کلید دار ، دھونکنی والا ساز جسے دھات کی بانسریوں کے ساتھ بجاتے ہیں ۔

accordionist, n. اکاردہ نواز ؛ دستی ارگن نواز ؛ مذکورہ باجے کو بجانے والا ۔

accost, v.t. پہلے ہم کلام ہونا ؛ مخاطب کیے جانے سے پہلے مخاطب ہونا ؛ غیر اخلاقی مقاصد کے لیے کسی سے بات چھیڑنا (کسبیوں کے بارے میں کہا جاتا ہے) ؛ رجوع ہونا ؛ بولنا ۔

accouchement, n. زچگی ؛ بچہ زائی ؛ جاپا ؛ جننا ؛ صاحب فراشی ۔

accoucheur, n. زچگی میں عورتوں کی دیکھ بھال اور نگہداشت کرنے والا سرجن ؛ قبیل / قابلہ ؛ ماہر وضعِ حمل ؛ جنانے والا/والی ۔

accoucheuse, n. دایہ ؛ دائی ؛ جنائی ۔

account, v.t. خیال کرنا ؛ سمجھنا ؛ کسی کے کھاتے میں ڈالنا یا کسی پر الزام لگانا ؛ وجہ ثبوت دینا ؛ دلیل دینا ۔ (فعل لازم) کوائف کی تفصیل تیار کرنا یا ان کو تحریر میں لانا : (to یا for کے ساتھ) ؛ وضاحت مہیا کرنا : (for کے ساتھ) ۔

account, n. حیثیت ؛ مرتبہ ؛ قدرومنزلت ؛ جانچ پڑتال ؛ جوڑ ؛ شمار ؛ گنتی ؛ کھاتہ ؛ حساب ؛ فردِ حساب ؛ لین دین یا مصارف کی میزان ؛ فرد جرم ؛ خریدی یا بیچی گئی اشیا کا ، ادائیگیوں کا ، خدمات کاری وغیرہ کا تفصیل نامہ ؛ کوائف ، حقائق یا واقعات کے بارے میں توضیح ؛ داستان ؛ سرگزشت ؛ پوچھ پاچھ ؛ تعلق ؛ کیفیت نگاری ؛ دلیل یا ملحوظات ؛ بِنا (جیسے on all account) ؛ نفع ؛ فائدہ (to turn to account) ؛ لحاظ ؛ جانب ؛ خاطر (trouble incurred on one's account) ۔ (بازار حصص) حساب چکانے کے دن سے پہلے کے عرصہ میں بازارِ حصص میں کیا گیا لین دین ؛ گاہک کی مال دلال /اسٹاک بروکر کے ساتھ یا اس کے ذریعے کی گئی خریداریوں کا یادداشت نامہ ۔

accountability, n. احتساب ؛ قابل مواخذہ ؛ جواب دہی ؛ ذمہ دار یا دین دار ہونے کی حالت ۔

accountable, a. تابع احتساب ؛ ذمّہ دار ؛ ادا کرنے یا نقصان کی صورت میں تلافی کا ذمّہ دار ؛ کسی اعتماد یا امانت کے لیے ذمہ دار ؛ جواب دہ ؛ ضامن ؛ قابلِ توضیح ؛ قابلِ باز پُرس ۔

accountancy, n. حساب داری کا کام یا پیشہ ؛ تجارتی حسابات کی کھاتہ داری یا پڑتال ؛ مُنیمی ۔

accountant, n. محاسب ؛ حساب دان ؛ منیم ؛ حساب دار یا حسابات کی پڑتال کو اپنا پیشہ بنا لینے والا ؛ کسی پبلک دفتر میں حسابات کا ذمہ دار افسر ۔

accountantship, n. حسابدار کا عہدہ یا ملازمت ۔

account executive, n. خدمت کارانہ کاروبار مثلاً اشتہارکاری میں مؤکل کے حساب کتاب کو چلانے والا ذمہ دار افسر ۔

accounting, n. فنِ حساب داری ؛ کسی فرم کے کھاتوں کو کھولنے ، ان میں اندراجات کرنے اور ان کی پڑتال کرنے کا علم اور عملی نظام ؛ خرید و فروخت وغیرہ کا مطالعہ کر کے کسی کاروباری ادارے کی مالی صورتِ حال اور عمل درآمدی نتائج کا تجزیہ کرنے کا فن ؛ لین داریوں اور دین داریوں کا تفصیل نامہ ۔

accouter, accoutre, v.t. ذاتی مزیّنات سے آراستہ کرنا یا سنوارنا ؛ خصوصاً فوجی وردی اور اعزازات کے ساتھ بن سنور کر نکلنا ؛ فوجی خدمت کے لیے لباس اور اسلحہ پوشی کرنا ؛ سجنا ؛ بناؤ ٹھناؤ کرنا ؛ آرایش کرنا ۔

accouterment, accoutrement, n. لوازمات ؛ ساز ؛ تزئین کاری کا عمل ؛ پوشاک یا سازوسامان کے ساتھ اضافی طور پر شامل کی جانے والی کوئی شے ، عموماً جمع کی صورت میں آتا ہے بمعنی مزیّنات اور سازوسامان خصوصاً وہ جو سپاہی کو وردی اور اسلحہ کے علاوہ دیا جاتا ہے ؛ سامان آرایش ؛ سازوسامان ۔

accredit, v.t. کسی سے منسوب کرنا ؛ کسی کے سر سہرا باندھنا ؛ خوبیوں کا اعتراف کرنا (کسی تعلیمی ادارے کی)؛ معیار کے مطابق ہونے کی تصدیق کرنا ؛ یقین کر لینا (کسی کہانی پر) ؛ اقتدار یا اختیار سے سرفراز کرنا ؛ مراسلہ تعارف دے کر بحثیت سفیر روانہ کرنا ؛ سفارت بھیجنا ؛ مختار کرنا ؛ اختیار دینا ۔

accrescent, a. نمو پذیر ؛ ترقی پذیر ۔ (نباتیات) پھول آنے کے بعد زیادہ بڑھنے والا ۔

accrescence, n. افزودگی کا عمل؛ تدریجی بڑھوتری یا نمو ؛ حجم پذیری ؛ توسیع پذیری ۔

accrete, v.i. یکجا نمو پانا ؛ چپک چمٹ جانا (to کے ساتھ) ۔ (فعل متعدی) نمو کے ساتھ اضافہ کرنا ۔ (صفت) حجم پذیرفتہ ؛ ہم نمو ۔

accretion, n. ہم نمونی ؛ حجم یا قد میں اضافہ پذیری ؛ بڑھاوا ؛ افزودگی (طبعی نمو پذیری سے یا تدریجی خارجی اضافے سے) ؛ نئے مواد یا اجزا کا بتدریج ساتھ ملتے جانا یا ساتھ جُڑ جانا ؛ ایسی بڑھوتری اور تکاثر سے حاصل ہونے والا مجموعہ ، نیز وہ شے جو ساتھ چمٹ جائے یا بتدریج ساتھ ملتی جائے ؛ وسعت پذیری ؛ افزونی ؛ آمد ؛ زوائد ؛ الحاق ؛ حاشیہ ۔(قانون) خارجی الحاق سے جائیداد کا زیادہ ہونا جیسے زمین کا سیلابی مٹی سے ۔ (امراضیات) معمولاً الگ الگ ہونے والے اعضا کا جڑواں طریقے سے بڑھنا ۔

accroach, v.t. ہتھیا لینا (جیسے اقتدار وغیرہ) ؛ غصب کر لینا ۔

accrual, n. حاصل ہونے کا عمل یا سلسلہ کاری ؛ اضافہ پذیری ؛ حاصل شدہ ۔

accrue, v.i. نکلنا ؛ بڑھنا ؛ نفع ہونا یا حاصل ہونا ؛ مزید ہونا ؛ ظہور میں آنا یا پیدا ہونا ؛ فطری بڑھوتری ، نمو یا اضافے کے طور پر منتج ہونا ۔

acculturation, n. کسی ایک ثقافتی گروہ کا دوسرے گروہ کی ثقافت کو قبول کر لینا ؛ کسی بچے کو ثقافتی خصوصیات یا معاشرتی خدوخال کے مطابق ڈھالنے کا عمل ۔ (لسانیات)

لسانی مہارتوں کے ساتھ ، سہولت کو پختہ کرنے کی غرض سے ، کسی اجنبی کلچر کے بارے میں شناسائی حاصل کرنے کی مشق و مزاولت ۔

accumbent, a. جُھکا ہوا ؛ خمیدہ ؛ کسی سے ٹیک لگائے ہوئے ۔

accumbency, n. خمیدگی ؛ جھکا ہوا ہونے کی حالت ؛ جھکاؤ ۔

accumulate, v.t. جمع کرنا ؛ ڈھیر لگانا ؛ انبار لگانا ؛ اکٹھا کرنا ؛ یک جا کرنا ؛ بٹورنا ؛ فراہم کرنا ۔ (فعل لازم) مقدار یا تعداد میں بڑھتے بڑھتے زیادہ ہو جانا ؛ بہت زیادہ ہو جانا ۔

accumulation, n. انبار سازی ؛ ڈھیر ؛ تودہ لگ جانا ؛ تکاثر ؛ جمع کیا گیا کوئی انبار ؛ مسلسل اضافے کے ذریعے بڑھوتری ؛ تودہ ۔

accumulative, a. مجموعی ؛ اجتماعی ؛ انبار سازی کا باعث ؛ انباری ؛ مجتمع ہوتا ہوا یا کرتا ہوا ۔

accumulator, n. سرمایہ اندوز ؛ جوڑنے والا ؛ اکٹھا کرنے والا ؛ جمع کرنے والا ؛ جامع ؛ مجتمع ساز ؛ مجتمع ؛ ایک پُرزہ جیسے کہانی جسے کُنڈلایا جائے تو قوّت یا توانائی کے ذخیرے کا کام دیتی ہے ؛ مختلف قسم کی ان مشینوں میں سے کوئی ایک جو جمع میزان کرتی ہیں جیسے حسابی مشین ، نقدی کا حساب کرنے والی مشین یا کمپیوٹر ؛ برق اندوز ؛ کوئی بیٹری یا سیل جس میں برقی توانائی ذخیرہ ہو ؛ مخزن برق ؛ جامع برق ؛ آبی یا ہوائی نظام میں استعمال ہونے والا دباؤ دار ظرف جو اس نظام کے عملی دباؤ کے مطابق سیال اندوزی کرتا ہے ؛ ایسے سیال کو جمع کرنے والا ظرف جو بھاپ بن کر نکلنے ہی والا ہو ۔

accuracy, n. ٹھیک ٹھیک ؛ بالکل صحیح ؛ صحیح ؛ اندازے کے مطابق ہونے کی حالت یا خوبی ؛ بالکل ؛ عین بعین ، صداقت ، اصول یا نمونے سے مطابقت ؛ درستی ؛ ہوبہوئی ؛ سچائی ؛ کھرا پن ؛ راستی ۔

accurate, a. سچائی ، معیار ، اصول یا کسی نمونے کے عین مطابق ؛ غلطی یا نقص سے پاک ؛ ہو بہو ؛ ٹھیک ؛ چوکس ؛ بالکل درست ؛ بے کم و کاست ۔

accurse, v.t. بُرا بھلا کہنا ؛ لعن طعن کرنا ؛ بددعا دینا ۔

accursed, accurst, a. ملعون ؛ لعنتی ؛ برباد ؛ مقہور ؛ مردود ؛ قابلِ نفرت ؛ کراہت آور ؛ لعین ؛ مُتنفِّر ۔

accusal, n. تہمت ؛ الزام ۔

accusation, n. تہمت ؛ تہمت تراشی کا عمل ؛ وہ جس کا کسی کو الزام دیا جاتا ہے ؛ کسی کے خلاف لگایا گیا الزام ؛ استغاثہ ۔

accusative, n., a. (گرامر) لاطینی ، جرمن اور روسی قسم کی تصریفی زبانوں میں اس سے حالت مفعولی مراد لی جاتی ہے ۔ اس کا بیشتر عمل فعل کا بلاواسطہ مفعول اول ہونا ہے ؛ حالتِ مفعولی ۔

accusatory, a. اتہامی ؛ الزامی ؛ تہمت آمیز ۔

accuse, v.t. مرتکب ٹھہرانا (کسی جرم ، قانون شکنی یا قصور کا) (اس صورت میں of بعد میں آتا ہے) ؛ استغاثہ دائر کرنا ؛ بہتان باندھنا ۔ (فعل لازم) الزام تراشی کرنا ؛ تہمت دھرنا ۔

accuser, n. الزام تراش ؛ الزام تراشی کرنے والا ؛ مدّعی یا مستغیث ؛ رسمی طریقے سے کسی کو موردِ الزام ٹھہرانے والا ؛ نالشی ۔

accused, n. شخصِ ماخوذ ؛ ملزم ؛ موردِ الزام شخص یا اشخاص ؛ عدالت میں اپنی صفائی پیش کرنے والا ؛ مدّعا علیہ ۔

accustom, v.t. عادت یا استعمال سے مانوس بنانا ؛ عادی بنانا ؛ خوگر کرنا ؛ بان ڈالنا ؛ معمول یا دستور باندھنا ۔

accustomed, a. جس کو بکثرت عمل میں لایا جائے ؛ مروج ؛ عادی ؛ خوگر ؛ حسبِ معمول ؛ روایتی ؛ مانوس ۔

accustomization, n. کسی اجنبی یا نئے ماحول میں سکون و آرام سے ، یا کم سے کم بے سکونی کے ساتھ رہنا سیکھنے کا طریق عمل ۔

ace, n. یکّہ ؛ اِکّا ؛ تاش کے پتے یا پانسے کا نشان ؛ نشان زدہ پتّے یا پانسے کے چہرے والا رُخ ؛ بے حقیقت یا معمولی سی مقدار یا فاصلہ ؛ رتّی ؛ ذرّہ ؛ تاش کے بعض کھیلوں میں اِکّے کو دس شمار کیا جاتا ہے ؛ ماہر ؛ چیمپئن ؛ کسی میدانِ عمل میں دانائے کار ۔ (عسکری ، عوامی) جس لڑاکا پائلٹ کے بارے میں سرکاری طور پر تسلیم کیا گیا ہو کہ اس نے دشمن کے پانچ یا زیادہ طیارے مار گرائے ہیں ، اُسے اس نام سے پُکارا جاتا ہے ۔ (صفت) احسن ؛ ماہر ؛ ممتاز ؛ نمایاں ترین ؛ خُوبی میں اوّل ۔

ace, v.t. ٹینس ، بیڈ منٹن ، بینڈ بال وغیرہ میں اپنے حریف سے یوں نمبر جیت جانا کہ وہ ضرب لگی گیند کو چھو تک نہ سکے ؛ گالف کھیلنے میں ایک ہی ضرب سے کُچی میں گیند ڈال دینا ۔

acedia, n. کاہلی یا مردہ دلی کی حالت ؛ جینے کی خواہش کا فقدان ۔

acellular, a. بے خلیوں کا ۔

acentric, a. بے مرکزا ؛ مرکز سے ہٹا ہوا ؛ جس کا مرکز نہ ہو ؛ بے مرکز ۔

acephalous, a. بے سرا ؛ سر کے بغیر ؛ کسی سربراہ ، حاکم ، سردار یا قائد کے بغیر ؛ بے حاکم ۔

acequia, n. آب پاش نہر یا کھائی ۔

acerate, acerose, a. (نباتیات) نوکدار ؛ سُوئی کی شکل کا ؛ تیز اور نوکیلا ۔

acerb, a. تُرش ، کھٹا ، کڑوا اور تلخ ذائقے والا ؛ طنز آمیز ؛ عیب چیں ؛ ترشی اور کھردرے پن کے ساتھ ؛ ترش خو ؛ تند مزاج ۔

acerbate, v.t. ترُشانا ؛ برانگیختہ کرنا ؛ تلخانا ؛ تلخ کرنا ؛ برافروختہ کرنا ؛ تیز کر دینا ؛ بڑھا دینا ؛ مشتعل کر دینا ۔ (صفت) ترش و تلخ ؛ ناگوار ۔

acerbity, n. تُرشی (ذائقے کے کسیلے پن کے ساتھ) ؛ درشتی یا شدت ؛ دردناکی ؛ تُندی ؛ تلخ مزاجی ؛ تیزی ؛ آتش مزاجی یا سخت گیری ؛ تُرشیلا پن ؛ تلخی ۔

acerose, a. نوکیلا ؛ نوک دار ؛ خار دار ۔

acerous, a. (حیوانیات) بے سینگ ، بے گیرہ اور

والی دواؤں میں برتا جانے والا ایک ٹھوس قلمی مرکب۔

acetyl, a. (کیمیا) ایسیٹل گروپ سے جس کا تعلق ہو (وہ گروپ جو سرکے کے تیزاب میں ظاہر ہوتا ہے)۔ (اسم) وہ مستقل جزو جو سرکے کے تیزاب سے اخذ کیا جائے۔

acetylate, v.t. ایسیٹل گروہ کو کسی مرکب میں داخل کرنا ؛ اصلیۂ سرکہ۔

acetyl-choline, n. ایسے ٹل کولین ؛ ایک کیمیائی مرکب جو عصبی سروں سے خارج ہوتا ہے اور عصبی ہیجانوں کو آگے پہنچانے میں دخیل ہوتا ہے؛ تجارتی بنیادوں پر تیار کیا جانے والا ایک مرکب جو انتڑیوں کی حرکتوں کو بیدار کرنے اور فشار خون کم کرنے میں مفید ہے۔

acetylene, n. ایسیٹیلین ؛ ایک جل اٹھنے والی گیس جسے کیلسیم کاربائیڈ اور پانی سے تیار کیا جاتا ہے ؛ ویلڈنگ میں اور نامیاتی مرکب سازی میں اسے ایندھن کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

acetylsalicylic acid, n. ایسپرین۔

ache, n. درد ؛ چیس ؛ ٹیس ؛ دُکھ ؛ پیڑ ؛ مسلسل دھیما دھیما درد ؛ ایک مسلسل ٹیسیں مارتا ہوا درد (دانت درد ، کان درد) ؛ بے چینی و اضطراب کا احساس (دل درد) ؛ اشتیاق یا خواہش مندی کا احساس۔

ache, v.i. دکھنا ؛ درد کرنا ؛ درد یا دکھ میں مبتلا ہونا ؛ بے آرام و بے چین ہونا ؛ بہت پُرشوق ہونا ؛ تمنا کرنا ؛ کسی شخص یا معاملے وغیرہ کے بارے میں ہمدردانہ جذبات رکھنا ؛ چسکنا ؛ کسکنا۔

achene, n. (نباتیات) یک تخمہ ؛ ایک چھوٹا سا خشک شدہ تخم دان جس میں ایک ہی بیج ہوتا ہے اور وہ پک کر بھی نہیں کُھلتا۔

Acheron, n. یونانی اور رومی اساطیر کے مطابق ہڈیس میں ایک دریا ہے جس پر مُردوں کی روحوں کو (دیوتا) کیرون اِدھر اُدھر لے جاتا تھا ؛ لہذا پاتال ؛ عالمِ اسفل ؛ تحت الثریٰ ؛ دوزخ۔

achievable, a. پانے کے لائق ؛ قابلِ حصول ؛ کردنی ؛ قابلِ تکمیل۔

achieve, v.t. پانا ؛ انجام دینا ؛ تعمیل کرنا ؛ مکمل کر دینا ؛ پورا کرنا ؛ اختتام کو پہنچانا ؛ آخری کامیاب خاتمے تک پہنچا دینا ؛ نبھانا ؛ پا لینا ؛ باعث بننا ؛ کوشش کے ذریعے بامراد ہونا ؛ پیدا کرنا ؛ حاصل کرنا۔

achiever, n. یابندہ ؛ تحصیل کنندہ ؛ فعل بالائے اسم فاعل (وہ جو حاصل کر لیتا ہے یا مکمل کر لیتا ہے)۔

achievement, n. کارنامہ ؛ تحصیل یا تکمیل کا عمل ؛ کارِ نمایاں ؛ کامیاب مہم ؛ کوئی بڑا یا بہادرانہ کام ؛ امتیازی کام ؛ بڑی کامیابی ؛ حاصل ؛ تحصیل ؛ تکمیل۔

Achillean, a. ٹرائے کی جنگ میں یونان کے داستانی ہیرو اکیلیز کا یا اس سے متعلق۔

Achilles, n. ہومر کی تصنیف ایلیڈ (Iliad) میں جنگِ ٹروجن کا اساطیری ہیرو۔ یہ پاریس (Paris) کے ہاتھوں اس وقت

بے محاس کیڑے مکوڑے۔

acervate, a. (نباتیات) گُچھیلا ؛ گُچھیلا ؛ گُچھوں یا گچھوں میں اُگنے والا ؛ گُچھے یا گُچھے دار۔

acescent, a. تُرشیدہ ؛ کھٹا ؛ قدرے ترش ؛ تیزابیت دار ؛ تیزابی ؛ ترشی مائل۔

acetabulum, n. حرقفی ؛ وہ جوف جس میں ران کی ہڈی کا سرا بیٹھتا ہے ؛ وہ قفلی جس میں کیڑے کی ٹانگ جڑی ہوئی ہوتی ہے ؛ وہ پیالہ نما چُسنا جس کے ساتھ دہ شاخہ مچھلی کے بازو پیوست ہوتے ہیں ؛ قدیم روم میں ، وہ چھوٹی سی پیالی جس میں سرکہ یا چٹنی ڈال کر دستر خوان پر رکھتے تھے۔

acetal, n. (کیمیا) الکحل میں آکسیجن کے نامکمل عمل سے تیار ہونے والا سیال۔

acetaldehyde, n. پانی میں حل ہو جانے والا بے رنگ سیال مادہ جو بسرعت بخارات بن کر اُڑ جاتا ہے۔ اس کی بُو تیز ، جھل دار ہوتی ہے ۔ عموماً شیشوں کو صیقل کرنے اور نامیاتی مرکب سازی میں استعمال کیا جاتا ہے۔

acetamide, n. (کیمیا) تیزابی ایمائیڈ ؛ سرکے کے تیزاب کا ایمائیڈ ؛ ایک سفید ٹھوس وضع کا بلوریں مادہ جو زیادہ تر نامیاتی مرکب سازی میں استعمال کیا جاتا ہے۔

acetaminopher, n. ایسی ٹامینوفر ؛ درد و بخار سے نجات دینے والی دوا۔

acetanilide, n. ایک مادہ جو اینالائن پر ثلجی سرکے کے تیزاب کے عمل سے بنتا ہے اور اس سے بخار، سر درد نیز جوڑوں کے درد کا علاج کرتے ہیں۔

acetate, n. نمکِ سرکہ ؛ ایک نمک جسے تیزابی ترشے کے ساتھ کسی اساس کو ملانے سے تیار کرتے ہیں ؛ سیلیولوس ایسیٹیٹ (خلیاتی نمکِ سرکہ) سے بنی ہوئی کوئی چیز (جیسے ایسی ٹیٹ ریان) ؛ پلاسٹک کا بنا ہوا ایک شفاف سا سرپوش جس سے فن پاروں کو حفاظت کے لیے ڈھانپتے ہیں۔

acetic, a. سرکے کے خواص والا ؛ ترش۔

acetous, acetose, a. تُرش ذائقے والا ؛ سرکے کی خاصیت والا ؛ تیزابیت دار کھٹاس ؛ کھٹاس کا باعث ؛ سرکہ سازی کا عمل۔

acetic acid, n. سرکے کا تیزاب ، عموماً یہ الکحل کی تکسید سے تیار ہوتا ہے اور پانی اس میں جزو اعظم ہوتا ہے۔

acetification, n. سرکہ سازی ؛ تُرش ہو جانے کا عمل ؛ سرکہ بنانے کا عمل۔

acetifier, n. سرکہ سازی کا آلہ۔

acitify, v.t. سرکے یا تیزاب میں تبدیل کرنا۔ (فعل لازم) تیزاب بن جانا ؛ سرکے میں بدل جانا۔

acetometer, acetimeter, n. سرکہ پیما ؛ محلول میں سرکے کے تیزاب کی قوت یا خالصیت کا اندازہ لگانے کا آلہ۔

acetone, n. ایک کافور طبع ، پرّاں کیمیائی مرکبّ جسے وارنش ، پینٹ ، چربی ، ربڑ اور پلاسٹک نیز نامیاتی مرکبات میں محلّل کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

aceto-phenetidin, n. بخار روکنے یا درد دور کرنے

مارا گیا تھا جب تیر اس کی ایڑی میں لگا جو اس کی واحد کمزور جگہ تھی ۔

Achilles heel, n. وہ جگہ جو سب سے زیادہ کمزور اور اثرپذیر ہو ۔

Achilles tendon, n. (تشریح الاعضا) آخیلی وتر ؛ وہ نس جو ایڑی کی ہڈی اور پنڈلی کی مچھلی کو ملاتی ہے ۔

achlamydate, a. (حیوانیات) بعض سیپ،گھونگھے وغیرہ کی طرح بے خول و بے غلاف ۔

achlamydeous, a. (نباتیات) بے کاسہ کٹوری کے وہ پھول جو بے خول ہوتے ہیں ۔

achlorhydria, n. انہضامی لُعابوں میں ہائیڈروکلورک ایسڈ یعنی نمک کے تیزاب کی ناموجودگی ۔

achondroplasia, n. (طب) کُرکری ہڈی کی نمو میں نقص جس سے ٹھنگنا پن پیدا ہو جاتا ہے ۔

achromatic, a. بے رنگ ؛ رنگ نادار ؛ محروم اللون ؛ ارتکازِ رنگ سے مُبرّا ؛ وہ جو روشنی کو بنیادی رنگوں میں الگ الگ کیے بغیر گزر جانے دے ، جیسے ایک ایکرومیٹک عدسہ یا دوربین ۔ (موسیقی) بنیادی آہنگ یا سُرتان میں تغیّر کا فقدان ۔

achromaticity, achromatism, n. بے رنگ ہونے کی حالت ؛ فقدانِ رنگ ؛ رنگ کی کمی ؛ رنگِ ناداری ؛ بے رنگی ۔

achromatize, v.t. رنگ سے محروم کرنا ؛ بے رنگ کر دینا ۔

achromatin, n. (حیاتیات) خلیے کے مرکزے کا وہ حصہ جو داغ نگیر ہو (صاف اور بے داغ) ؛ رنگ ناپذیرہ ۔

achromatous, a. بے رنگ ؛ معمول سے بھی ہلکے رنگ والا ۔

acicula, n. کسی حیوان یا پودے کی ریزھ یا کانٹا ؛ نوکیلا کرسٹل ۔

acicular, aciculate, aciform, a. سوزن شکل ؛ سوئی کی سی شکل والا (والی) ؛ کانٹے کی سی تیز نوکوں والا ؛ سوزن دار ۔

acicularly, adv. سوزن دارانہ ؛ خار آسا ۔

acid, a. ایسڈ ؛ تیزابی ؛ تیز ، تلخ یا کسیلے ذائقے والا ؛ ناشیریں ؛ غیر قلوی ؛ مزاج یا اطوار و عادات میں ترش ؛ ترش رُو ؛ تیز مزاج ؛ وہ جس میں حد سے زیادہ تیزابی ارتکاز ہو ۔

acid, n. (کیمیا) تیزاب ؛ ترشہ ؛ حمض ؛ ایک مرکب جس میں بنیادی جُز ہائیڈروجن اور جس کا ذائقہ تُرش ہوتا ہے ، نیلے نباتاتی رنگوں کو سرخ کر دیتا ہے ، الکلی کو بے تاثیر و معتدل بنا دیتا ہے اور اپنے اساس سے مل کر نمک بناتا ہے ؛ کوئی تُرش شے ؛ ترشی ؛ املی ؛ کھٹائی ؛ مجازاً کوئی شے جس میں تلخی ہو یا جو بدطبع یا بدفطرت ہو ؛ عام بول چال میں خیال آور نشہ کی گولی ایل ایس ڈی ۲۵ کو بھی کہتے ہیں ۔

acidanthera, n. ایک افریقی بوٹی جو گرمیوں میں پھولتی ہے اور بصلہ دار جنس Irideceae سے تعلق رکھتی ہے ۔ اس کا امتیاز تیغی شکل کے پتے اور لمبی نلکی جیسے پھول ہیں جو لمبی ، الگ پھوٹی ہوئی ، پتوں بھری شاخ پر کھلتے ہیں ۔

acid-fast, a. پکّے رنگ کا ؛ جس کے داغ تیزاب سے بھی بہ آسانی دور نہ ہو سکیں جیسے تپ دق کا جرثومہ ۔

acid head, acidhead, n. (عوامی) خیال آور نشہ دار دوائیں استعمال کرنے والوں کی بول چال میں اس سے وہ شخص مراد ہے جو خیال آوری کے لیے کبھی کبھی یا مستقلاً ایل ایس ڈی (LSD) استعمال کرتا ہے ؛ تیزاب سر ۔

acidic, a. (کیمیا) تیزابی ؛ ایسڈ سے متعلق ؛ جس کے اجزائے ترکیبی میں تیزاب کی مقدار زیادہ ہو ۔

acidifiable, a. ترشیت پذیر ؛ جسے ترشایا جا سکے یا تُرشہ/تیزاب میں تبدیل کیا جا سکے ۔

acidification, n. تیزاب سازی یا اس کا عمل ۔

acidifier, n. تیزاب ساز ؛ کوئی شے جو تیزابی اثر پیدا کرے ۔

acidify, v.t., v.i. تیزاب / تُرشہ بنانا ؛ تیزاب سازی کرنا ؛ ایسڈ میں تبدیل کرنا ؛ تُرش ہو جانا ؛ کھٹا ہونا یا کرنا ۔

acidimeter, n. (کیمیا) تُرشہ پیما ؛ کسی محلول یا آمیزے کے مخصوص وزن یا حجم میں تیزابی مقدار کا اندازہ لگانے کا آلہ ؛ تیزابیت پیما ۔

acidity, n. تیزابیت ؛ ایسڈ یا ترش ہونے کا وصف ؛ ترشی ؛ کھٹاس ؛ کھٹا پن ۔

acidophile, n. (حیاتیات) تیزاب پسند ؛ کوئی ریشہ یا نامی جسم ، خلیہ یا بیولی جس کے لیے تیزابی ماحول سازگار ہو ۔

acidophilic, acidophilus, a. (حیاتیات) جس پر آسانی سے تیزاب کا دھبا پڑ جائے ؛ تیزابی ماحول میں خوب پھلنے پھولنے والا ۔

acidophilus milk, n. وہ دودھ جس میں تیزاب دوست بیکٹیریا کی آمیزش کی گئی ہو ۔ اسے بعض معالجاتی مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

acidosis, n. خون کا ترشاؤ ؛ خون اور بدنی ریشوں میں غیر معمولی طور پر تیزابیت کی افراط ۔

acid rain, n. تیزابی بارش ؛ بارش جس میں گندھک اور شورے کے تیزاب کی آلایش ہوتی ہے ۔

acid rock, n. راک موسیقی ، جو رومانی فضاؤں میں لے جانے کی تاثیر رکھتی ہے ۔

acid test, n. نائٹرک اسڈ کی مدد سے زیورات میں سونے کی مقدار معلوم کرنے کا طریقہ ؛ ایک دشوار اور فیصلہ کن امتحان (ٹیسٹ) ۔

acid trip, n. (عوامی) خیال آور دوائی ایل ایس ڈی کے ذریعے پیدا کردہ فاسد حسیّات اور بلند ادراکی کی طویل حالت ۔

acidulate, v.t. ہلکے درجے کی ترشی پیدا کرنا ؛ کسیلا کرنا ؛ کھٹا کرنا ۔

acidulent, a. کسی قدر ترش یا تیزابی ؛

تیزابیت دار ؛ کڑوا ؛ ترش خُو ؛ چڑچڑا ۔

acidulous, a. کڑوا کسیلا ؛ دل کا میلا ؛ طور طریق اور پسند و ناپسند میں قدرے ترش ؛ تیز ؛ کٹیلا ؛ ترش خو ؛ نیم ترش (جیسے ٹاٹری یا نارنگی وغیرہ کا ست) ۔

acierate, v.t. لوہے کو فولاد میں تبدیل کرنا ۔

aciform, a. تیز ؛ سوزن شکل ؛ نوک دار ۔

acinaceous, a. بیجوں یا مغزوں سے بھرا ہوا ۔

acinarious, a. انگوری بیج سے مشابہ چھوٹے کُروی ڈنٹھلوں والے چھلکوں سے ڈھکا ہوا ، جیسے سمندری کائی کی بعض قسمیں ۔

aciniform, a. انگوری شکل والا ؛ انگور کی طرح ؛ گچھا گچھا ۔

acinaciform, a. تیغہ نما ؛ نیمچے سے ملتا جُلتا ۔

acinose, acinous, a. گٹھلی دار ؛ گٹھلیوں والا ۔ (نباتیات) گُٹھلیا ؛ انگوری بیج ۔

acinus, n. (تشریح الاعضا) چھوٹا سا گوشک ؛ غدود کی چھوٹی سے چھوٹی (تھیلی نما) ذیلی تقسیم ؛ خلوہ ۔

ack-ack, n. طیارہ شکن توپ ؛ طیارہ شکن توپ خانہ ؛ طیارہ شکن توپ کی گولہ اندازی ۔

acknowledge, v.t. تسلیم کرنا ؛ قول یا فعل کے ذریعے اقرار یا اعتراف کرنا ؛ شکریہ ادا کرنا ؛ کسی سلسلے میں اظہارِ تشکر کرنا ؛ کسی ادعا یا سچائی کو تسلیم کرنا ؛ ہونے کو تسلیم کرنا ؛ ذمہ داری قبول کرنا ؛ وصولی کی اطلاع دینا ؛ بجا کہنا ؛ پہنچ لکھنا اقبال کرنا ؛ منظور کرنا ؛ تسلیم کرنا ؛ ہاں کرنا ؛ اعتراف کرنا ۔

acknowledgment, acknowledgement, n. اقرار و اعتراف وغیرہ کرنے کا عمل ؛ شناخت ؛ بجا گوئی ؛ تحریری اقبال ؛ تشکر گوئی ؛ کسی رعایت کے صلے میں جو کیا یا دیا گیا ہو ؛ رقم وصولی کی رسید ؛ منظوری ؛ تسلیم ۔ (قانون) اقرار نامہ ؛ کسی فرد کا قانونی تقاضے کے مطابق اعلان کرنا کہ اس نے فلاں قانونی دستاویز کی تکمیل کی ہے ؛ باپ کا اپنے ناجائز بچے کے بارے میں اعلانیہ اقبال ؛ کسی مراسلہ بھیجنے والے کی جانب سے وصول شدہ پیغام کہ اس کی مُرسلت منزل مقصود پر پہنچ گئی ہے اور اسے سمجھ لیا گیا ہے ۔

aclinic, a. معدلِ مقناطیسی ؛ مقناطیسی سوئی کا روگردانی یا جھکاؤ سے آزاد ہونا ؛ اس کا اطلاق اس فرضی خط پر ہوتا ہے جو استوائے زمینی کے قریب ہوتا ہے اور وہاں مقناطیسی سوئی اِدھر اُدھر نہیں ہوتی ؛ بے میدان ۔

aclinic line, n. مقناطیسی خطِ استوا ؛ استوائے مقناطیسی ۔

acme, n. بلند ترین مقام ، چوٹی ؛ مُنتہا ؛ حاصل شدہ اوج ؛ پختگی یا کمال ؛ مرض کی شدید ترین صورت یا بحران ؛ حدِّ کمال ؛ عروج ؛ انتہا ؛ اوج کمال ۔

acne, n. چہرے پر سخت اور سوزشی مہاسوں اور پھنسیوں کی پُھوٹ (عموماً آغازِ جوانی میں)؛ جلد کی ایک سوزشی بیماری جو روغنی غدودوں میں رکاوٹ سے پیدا ہوتی ہے ۔

acock, adv. مُرغائی وضع میں ؛ مرغے کی سی وضع میں ؛ ٹیڑھی ؛ بانکی ؛ ترچھی ۔

acock-bill, adv. (جہاز رانی) لنگر ڈالتے یا بَلّیوں کا زاویہ عرشے کے مطابق رکھتے وقت کھونٹیوں اور لنگری نوکوں کو ترچھا یا اوپر کیے ہوئے ۔

acolyte, n. حضور باش ؛ خادم ؛ رومن کیتھولک کلیسا میں پادریوں کے ایک کم منصبی سلسلے کا وہ فرد جو بلند منصبی سلسلوں کی عبادت گزاری کے دوران ان کی خدمت میں حاضر رہتا ہے ؛ وہ خادم جو اس کام کے لیے ملازم رکھا گیا ہو ؛ پیروکار ؛ مائدہِ مقدّمہ کا خدمت گار ۔

aconite, aconitum, n. میٹھا تیلیا ؛ بِس ؛ جدواری جنس کا کوئی پودا ، خواہ وہ زہریلا ہو یا ادویاتی انواع میں سے ہو ۔

acorn, n. بلوط کا پھل ؛ یک خولی ؛ یک تخمی بیضوی سا جوز جو ایک مستقل جوف (پیالے) میں نمو پاتا ہے ؛ اسی شکل کا غنچہ یا کلس ، جیسا کہ بعض فرنیچر کی اشیا کے اوپر بنا ہوتا ہے ۔

acorn tube, n. (برقیات) بلوط پھل کی شکل کی ایک خلا دار ٹیوب جو بنیادی طور پر برقیات کے انتہائی شدید تعدّد ارتعاش میں استعمال کی جاتی ہے ۔

acosmism, n. (فلسفہ) مادی کائنات کے وجود کا انکار ۔

acotyledon, n. (نباتیات) بے بیج پتّا ؛ بے فلکا ؛ وہ پودا جس کے بیج جن کو بذرے کہا جاتا ہے بیج پتے یا تخمی لختے نہیں رکھتے اور اس لیے یہ پودا تخم دار پودوں کے نچلے گروہ سے تعلق رکھتا ہے ۔

acoustic, a. صوتی ؛ سمعی ؛ صوتیاتی ؛ سماعتی عضو یا حِس سے یا علم صدا شناسی سے متعلق ؛ صدا روک ؛ صدا باز دار ۔

acoustical, n. بہرے پن یا گران گوشی کا درمان/علاج ۔

acoustically, adv. سماعیات سے متعلق یا اس انداز سے جو سماعیات کے مطابق ہو ۔

acoustic mine, n. جہاز کے انجنوں ، دُھرے اور دھکیلچوں وغیرہ کی آواز سے زیر آب پھٹ جانے والی سُرنگ ۔

acoustics, n. سمعیات؛ علم الصوت؛ صوتی اسباب۔ و حقیقت کا علم ؛ ان لچکیلے اجسام کے ارتعاش کی کیفیت کا علم جو سماعتی عضو کو متاثر کرتے ہیں ؛ سماعت گاہ (آڈیٹوریم) وغیرہ میں سماعت پذیری یا صحیح آواز آنے کا باعث بننے والے خواص ۔

acoustician, n. ماہر سماعیات ؛ ماہر الصوت ۔

acoustic velocity, n. کسی مخصوص ماحول میں آواز کی لہروں یا اس جیسی اور لہروں کی رفتار ۔

acquaint, v.t. شناسا کرانا ؛ آگاہ کرنا ؛ مطلع کرنا ؛ باخبر کرنا ؛ مانوس کرنا ؛ معاشرتی رابطے میں لانا ؛ خبر دینا ؛ علم رکھنا (کسی شخص یا چیز کے بارے میں) ۔ (عموماً بعد میں with لگاتے ہیں) ۔

acquaintance, n. شناسائی ؛ تعارف ؛ جان پہچان ؛ آشنائی ؛ گہری واقفیت ؛ ذاتی علم ؛ صاحب سلامتی ؛ مانوس باشی (بعد میں with آتا ہے) ؛ واقف کار ؛ شناسا ؛ ملاقاتی ؛ کسی

سے جان پہچان والا ؛ اپنے شناساؤں میں شامل سب لوگ ـ

acquainted, a.
شناسا ؛ جو واقف تو ہو لیکن زیادہ بے تکلف یا لنگوٹیا نہ ہو ؛ آگاہ ؛ واقف ؛ محرم ؛ جانکار ؛ جان پہچان رکھنے والا ـ

acquest, n.
حصول ؛ دریابی ؛ تحصیل ؛
حاصل شدہ چیز ـ (قانونِ دیوانی) وراثت کے علاوہ کسی طریقے سے حاصل کی گئی جائیداد ـ

acquiesce, v.i.
مطمئن ہو جانا ؛
بظاہر مطمئن ہو جانا ؛ مخالفت یا عدم اطمینان کے بغیر رضا مند ہو جانا ؛ خاموشی سے مان جانا ؛ بجا گوئی کرنا ؛ کسی کے تقاضے کے آگے جھک جانا ؛ تسلیم کر لینا ؛ راضی ہونا ؛ قبول کرنا ؛ منظور کر لینا ـ

acquiescence, n.
رضامندی ؛ سپر اندازی ؛
منظوری ؛ رضا ؛ مرضی ؛ موافقت ـ (قانون) کسی قانونی اقدام سے اس وقت تک غفلت برتنا کہ اتنے میں خود حق ہی باطل (غیر مؤثر) ہو کر رہ جائے ـ

acquiescent, a.
خاموشی سے مان جانے والا ؛
بے احتجاج قبول کرنے یا سر خم کر دینے والا ؛ چپکے سے رضامند ہو جانے والا ـ

acquirable, a.
قابلِ حصول ـ

acquire, v.t.
حاصل کرنا ؛ پا لینا ؛
قبضہ حاصل کر لینا (اکثر غیر واضح طریقے یا وسیلے سے) ؛ اپنے اقدام سے اپنے لیے کچھ حاصل کر لینا ؛ اکتساب کرنا ـ

acquirer n.
حاصل کنندہ ؛
حاصل کرنے والا ـ

acquired character, n.
عادتِ ثانیہ ؛
وُہ حیاتیاتی تبدیلی جو موروثاً نہیں بلکہ ماحول یا عادت گیری سے پیدا ہو جاتی ہے ـ

acquirement, n.
اکتساب کا عمل ؛
دَریابی ؛ وہ جو اکتسابی ہو ؛ حصول ؛ کسبی بمقابلہ وہبی ؛ تحصیل ـ

acquisition, n.
حاصل کرنے کا عمل ؛
حاصل کردہ چیز ؛ منفعت (عموماً مادی فوائد کے لیے آتا ہے) ؛ تحصیل ؛ اکتساب ـ (خلائیات) کسی سیّارچے کی مدارشناسی کا عمل یا خلائی تحقیق کا خطِ حرکت جس سے راہِ حرکت یا دور پیمائی سے متعلق اعداد و شمار حاصل ہوں ـ

acquisitive, a.
اکتسابات کا رسیا ؛
املاک اور علم وغیرہ کا شوق یا رجحان رکھنے والا ؛ حاصل کرنے والا ؛ مُکتسب ـ

acquisitiveness, n.
اکتساب دوستی ـ

acquit, v.t.
چھوڑنا ؛ رہا کرنا ؛
بے گناہ ٹھہرانا ؛ کسی ذمہ داری یا الزام سے بری کر دینا یا سبکدوش کر دینا ؛ الزام وغیرہ سے بری کرنا ؛ بے باق کرنا ؛ بے جرم یا بے قصور قرار دے دینا ؛ اُجلا مُنھ کرنا (charge سے پہلے of لگایا جاتا ہے) ؛ تمیز داری کا مظاہرہ کرنا ؛ خوش اطواری دکھانا ؛ خوش رویہ ہونا ـ

acquittal, n.
اظہار بریت کا عمل ؛
کسی قرضے کی بے باقی ؛ ذمہ داری سے سبکدوشی ؛ کسی جرم سے عدالتی طور پر بریت ؛ چھٹکارا ؛ رہائی ؛ بریّت ـ

acquittance, n.
قرضے یا کسی اور زیرباری سے چھٹکارا؛ ایسی بریّت کی شاہد تحریر؛ فارغ خطی ؛ بے باقی ؛ رہائی ـ

acre, n.
ایکڑ ؛ زمین کی ایک مخصوص مقدار ؛
ریاستہائے متحدہ امریکا اور برطانیہ کے قانون کے مطابق ایک ایکڑ ۱۶۰ مربع جریبوں ، یا ۴۸۴۰ مربع گز یا ۴۳۵۶۰ مربع فٹ کا ہوتا ہے ؛ (جمع کی صورت میں بمعنی جاگیر اور اراضی آتا ہے) ؛ عام بول چال میں اس سے وسیع و عریض رقبۂ زمین مراد لیا جاتا ہے ـ

acreage, n.
کسی رقبے میں ایکڑوں کی تعداد ؛
ایکڑوں کی مجموعی تعداد ـ

acre-foot, n.
ایکڑ فٹ ؛ ایک ایکڑ کو ایک فٹ گہرائی تک بھرنے کے لیے پانی کی مقدار (۴۳۵۶۰ مکعب فٹ) ـ

acre-inch, n.
ایکڑ فٹ کا بارہواں حصہ یا ۳۶۳۰ مکعب فٹ ـ

acrid, a.
ذائقے یا بو میں تیز یا کٹیلا ؛ چرپرا ؛ کڑوا ؛ تُند ؛ دھانس پیدا کرنے والا ؛ تلخ ؛ زہریلا ؛ تُرش مزاج یا خُو والا ؛ جلا دینے والا ؛ تیز ؛ سخت ـ

acridity, acridness, n.
سوزناکی ؛
تُرش مزاجی وغیرہ ؛ چرچراہٹ ؛ چرپراہٹ ، جھلاہٹ ؛ تندی ؛ تیزی ـ

acridine, n.
ایک بے رنگ قلیائی مرکّب ، جسے کول تار سے حاصل کرتے ہیں اور بعض ادویات اور رنگ سازی میں استعمال کرتے ہیں ـ

acriflavine, n.
ایکری فلیون ـ (کیمیا) ایکریڈائن سے مشتق دانے دار مرکب جو عموماً پروفلے وِین آمیزے میں پایا جاتا ہے اور اُس سے ، سالماتی ساخت میں ، میتھائل گروہ کی وجہ سے مختلف ہوتا ہے ؛ اسے زیادہ تر دافع عفونت (اینٹی سیپٹک) کے طور پر ادویات میں استعمال کیا جاتا ہے ـ

acrimonious, a.
بدخُلق ؛ تیز و تند ؛
انتہائی کڑوا ؛ کرخت ؛ سوزناک ؛ چبھنے والا ؛ طعن آمیز ـ

acrimoniously, adv.
بدخلقی کے ساتھ ـ

acrimoniousness, n.
بدخُلقی پن ؛ کڑواہٹ ؛ کرختگی وغیرہ ـ

acrimony, n.
بدخُلقی ؛ تُندخوئی ؛ تیز مزاجی ؛
مزاجی تندی یا تیزی ؛ تلخیِ اظہار ؛ تُرش خوئی ؛ کھردرا پن ـ

acritical, a.
(طب) بے خطر ؛
جس میں کسی بحران کا اندیشہ نہ ہو ـ

acrobat, n.
بازی گر ؛ قلا باز ؛ نٹ ؛
اونچائی پر تنی ہوئی رسّی پر ناچنے والا ؛ جست بازی ، قلا بازی ، جمناسٹک اور رسہ بازی وغیرہ کرنے والا ؛ اپنی جسمانی مہارت کی اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والا ؛ تعلقات یا رائے میں اچانک تبدیلیاں کر لینے والا ؛ شعبدہ باز ـ

acrobatic, a.
بازیگرانہ ؛ شعبدہ بازانہ ـ

acrobatics, n.
بازی گری ؛
جمع یا واحد ہر دو صورتوں میں اس سے مراد بازی گر کے کرتب ہیں ؛ جمناسٹکی کھیل ؛ چابکدستی اور سرعت کے ساتھ جسمانی قوت اور

acrospire, n. اکھوا ؛ بیج پھوٹنے پر زمین سے سر نکالنے والا پہلا پتا ؛ انگوری ۔

acrospore, n. (نباتیات) سربذرہ ؛ کھمبی (فُطرات) کی طرح تخم دان کے سرے پر لگنے والا بیج ۔

across, adv., prep. آر پار ؛ ایک طرف سے دوسری طرف تک (along کے برعکس) ؛ آڑا ؛ دوسری جانب ؛ ترچھا ؛ ایک دوسرے کو کاٹتا ہوا ؛ کسی زاویے سے گزرتا ہوا ؛ اُس جانب ؛ اُس پار ۔ (صفت) صلیب نما ؛ باہم متقاطع ؛ چلیپائی ۔

across-the-board, a. ریڈیو یا ٹی وی کا وہ پروگرام جو ہفتہ بھر (ایام کار میں) ایک ہی مقررہ وقت پر نشر ہوتا ہے ؛ گھڑ دوڑ کی بازی جس میں مساوی رقمیں ایک ہی گھوڑے کی جیت یا مقام اور کھیل میں لگائی جاتی ہیں بشمول تمام ارکان یا زمرے اور اُن سے متعلق ۔

acrostic, n.,a. موشحہ ؛ صنعت توشیح ؛ کوئی کلام یا شعر جس میں پہلا یا پہلا اور آخری یا مصرعوں کے بعض اور حروف ترتیب وار ملانے سے کوئی نام ، خطاب ، مقولہ یا کوئی اور لفظ ، جملہ ، ترکیب یا ابجد بن جاتے ہیں ؛ کئی الفاظ کے سر حروف سے مرتبہ لفظ یا الفاظ ۔

acrostically, adv. توشیحی ؛ بالائی صنعت کے انداز میں ۔

acrotism, n. ضعف نبض ؛ نبض کی سست رفتاری یا ڈوبنا ۔

acrylate, n. (کیمیا) ایکری لیٹ ؛ ایکری لک تیزاب سے نکلنے والا نمک یا مرکّب (دیکھیے ester) ۔

acrylic, a. ایکری لک ؛ ایکرولین یا اس کے مشتقات سے حاصل کیے جانے والے تیزاب سے متعلق ۔

acrylic acid, n. ایکری لک تیزاب ۔ (کیمیا) ایک بے رنگ مہلک سیال جس کی بُو ناگوار ہوتی ہے اور اسے ایکرولین کی تکسید سے حاصل کیا جاتا ہے ۔ یہ ایکری لک رال تیار کرنے میں بہت اہم ہے ۔

acrylic fiber, n. ایکریلک ریشہ ؛ پارچہ بافی کے مصنوعی سوت کی انواع میں سے ایک جسے اسٹیلین اور ہائیڈروجن سینائڈ کے مرکب سے حاصل کرتے ہیں ۔

acrylic resin, n. ایکری لک رال ؛ اکریلک یا میتھ ایکریلک تیزاب کے نمکیات کی کثیر ترکیبی سے حاصل کی گئی تھرمو پلاسٹک رال : اسے طیاروں کے شفاف حصوں ، عدسوں اور دانتوں کا سیٹ بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

acrylo-nitrile, n. (کیمیا) ایکروناٹرل ؛ اُڑ جانے والا ایک بے رنگ آتش گیر سیّال جسے زیادہ تر ایکریلک سوت ، مصنوعی ربڑ اور پلاسٹک وغیرہ کو کثیر ترکیبی سے بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

act, v.i. محرک ہونا ؛ اثر دکھانا ؛ کارگر ہونا ؛ موثر ہونا ؛ عمل یا حرکت میں ہونا ؛ ذہن کے کسی مقصد یا ارادے کو نتیجہ خیز و موثر بنانا ؛ اچھا کام یا خوش خلقی دکھانا ؛ تمیز سے پیش آنا ؛ اداکاری کرنا ؛ قائمقامی کرنا (فعل متعدی) معاملہ کرنا ؛ کرنا ؛ سرانجام دینا ؛ بطور اصل پیش کرنا ؛ ادا کرنا مثلاً اسٹیج پر ؛ سوانگ بھرنا ؛ نقل کرنا ؛ کھیلنا ؛ دکھاوا کرنا ؛ جعل سازی کرنا ؛ بجا لانا ؛ عمل میں لانا ۔

مہارت کے کام ۔

acrocarpous, a. (نباتیات) سرپھلا ؛ اس لفظ کا اطلاق ایسی کائیوں پر ہوتا ہے جن پر پھل لگنے کے ساتھ ہی ان کی بنیادی ڈنڈی کی نمو رک جاتی ہے ۔

acrodont, a. بے جڑ کے ایسے دانت رکھنے والا جو بالائی اور زیریں جبڑوں کے اُبھار سے جُڑے ہوتے ہیں ۔ (اسم) ایسے دانتوں والا کوئی جانور ۔

acrodromous, acrodrome, a. (نباتیات) راس مائل ؛ کسی نقطے کی طرف بڑھنے والا : رگوں کے اس سلسلے کے بارے میں کہا جاتا ہے جس میں رگیں پتّے کے راس پر جا کر ختم یا اس کی طرف خم کھا جاتی ہوں ۔

acrogen, n. سرنموئی ؛ ایسے پودے مثلاً کائی ، فرن ، اسپ دُم وغیرہ جو اس تنے یا ساق کے پھیلنے سے بڑھتے ہیں جو سب سے اوپر چوٹی پر ہوتا ہے ؛ پُھنگل سے بڑھنے والا پودا ۔

acrogenous, a. سرنمو ؛ پھنگل کی جانب سے پھیلنے والا جیسے فرن کا درخت ؛ سرنموئی سے متعلق ۔

acrolein, n. (کیمیا) ایکرولین ؛ اُڑ جانے والا سیّال ایلڈی ہائیڈ ، ناگوار سی بو والا مرکب جسے روغنیات کو مُقطر کرتے وقت گلیسرول کو اُڑانے سے یا الائیل الکحل کی تکسید سے حاصل کرتے ہیں ؛ زیادہ تر نامیاتی مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔

acrolith, n. سنگ سرا ؛ وہ مجسمہ جس کے صرف ہاتھ پاؤں اور سر ہی پتھر یا سنگ مرمر کے بنے ہوتے ہیں ۔

acrolithic, a. سنگ سرا سے متعلق ۔

acromegaly, n. کبرالجوارح ؛ شاذ ہونے والی غدودی بیماری جس کا تعلق ہڈی (خصوصاً جبڑے ، ہاتھ یا پاؤں کی) کے حد سے زیادہ بڑھ جانے سے ہوتا ہے ۔

acromegalic, a., n. کبرالجوارحی ؛ مذکورہ بیماری کا شکار یا اس بیماری سے متعلق ۔

acromion, n. (تشریح الاعضا) اخرمہ ؛ نوکِ شانہ ؛ کندھے کی ہڈی کا باہر کی جانب ابھار ۔

acromial, a. اخرمی ؛ نوک شانہ سے متعلق ۔

acronical, a. طالع ؛ بعد از غروب اور آمد شب ، طلوع ہونے والے ستارے ۔ (بمقابلہ cosmical) ۔

acronically, adv. طالع کے انداز میں ۔

acronym, n. سرنامیہ ؛ وہ لفظ جو الفاظ کے ابتدائی حروف یا ہجوں کو ملا کر بنایا گیا ہو (جیسے راڈار radio detecting and ranging سے بنایا گیا ہے) ۔

acropetal, a. (نباتیات) سرجُو ؛ بنیاد یا جڑ سے چوٹی کی جانب بڑھنے والا ۔

acrophobia, n. بالاترسی ؛ بلند مقام سے خوف کھانے کا مرض ۔

acropolis, n. کوٹ ؛ بالا حصار ؛ قدیم یونانی شہر کا سب سے اونچا حصہ جو عموماً کسی ایسی بلند جگہ پر واقع ہوتا تھا جہاں سے قصبے کی قلعہ بندی بھی ہو جاتی تھی اور وہ پُرشکوہ بھی لگتا تھا ۔

ماورائے بنفشی رنگ کی حامل ہوتی ہے اور عکسی کیمیائی تبدیلیاں پیدا کرتی ہے۔

actinide series, n. (کیمیا) شعاعی سلسلہ ؛ ایکٹی نائیڈ سلسلہ ؛ تابکار عناصر کا ایک گروہ جس میں ایکٹی نیئم نمبر ۸۹ سے لے کر لارنشیئم نمبر ۱۰۳ تک عناصر شامل ہوتے ہیں۔

actiniform, a. شعاعیہ ؛ لالۂ دریائی/عقیق البحر سے ملتا جلتا ؛ تابکاری صورت میں ؛ شعاع دار۔

actinism, n. کیمیائی شعاعیت۔ (کیمیا) حرارت یا روشنی کی شعاع کاری ؛ دھوپ کے کیمیائی حصّے کی خصوصیات جو کیمیائی ترکیب و تحلیل کرتا ہے، جیسے عکاسی میں۔

actinium, n. (کیمیا) ایکٹینیئم : ایک تابکار عنصر ؛ میسوتھوریئم کا ہم جا (آنسوٹوپ)۔

actinograph, n. شعاع نگار ؛ شمسی شعاعوں کے کیمیائی نفوذ یا ایکٹینیائی تغیرات کو ناپنے اور ثبت کرنے کا آلہ ؛ شعاع ناپ۔

actinoid, a. شعاع صورت ؛ شعاعوں کا سا ؛ تابناک۔

actinolite, n. کِرن پتھر ؛ سبز سنکھیا۔ (معدنیات) ایک خاکستری یا سبز جھلک دینے والا معدن جو قلموں یا ڈلی کی شکل میں ملتا ہے۔

actinolitic, a. مذکورہ دھات سے متعلق۔

actinometer, n. شعاعیت پیما ؛ عمل شعاع پیما ؛ سورج کی ایکٹینائی شعاعوں کی شدت کی پیمایش کرنے والا آلہ (زیادہ تر فوٹو کیمیائی اثر کے ذریعے)۔

actino-metric, a. شعاعیت پیمائی سے یا اس کے استعمال سے متعلق۔

actinomorphic, a. کِرَن شکل ؛ ستارا شکل ؛ قطری تناسب دار (بعض پھول مثلاً گل اشرفی جو ہر جانب سے یکساں نیموں (نصف نصف) میں بٹ جاتے ہیں)۔

actinomycete, n. (جرثومیات) شعاع فطر ؛ چھتری نما شاخدار ڈنٹھلی فطر کی جنس سے تعلق رکھنے والا فطر، جس میں ریشہ دار یا سلاخ نما جراثیم ہوتے ہیں۔

actinomycin, n. ایکٹینومائیسن ؛ زمینی جراثیم سے الگ کیے گئے زردی مائل سرخ یا سرخ بالی پیپٹائیڈ ضد حیوی ادویات (اینٹی بائیوٹک) کی ایک قسم۔

actinon, n. ایکٹینون ؛ ایک تابکار گیس دار، جامد عنصر جو صرف چند سیکنڈ تک باقی رہتا ہے اور ریڈان کے ساتھ آنسوٹوپ بناتا ہے۔

actinouranium, n. ایکٹینو یورینیئم ؛ یورینیئم کا آنسوٹوپ جس کا ایٹمی وزن ۲۳۵ ہوتا ہے۔

actinozoan, n. مرجان ؛ مونگا ؛ بحری مرجانی جانوروں کی ایک قسم۔ (صفت) مرجانی یا مرجان سے متعلق۔

action, n. عمل ؛ فعل ؛ حرکت ؛ اثر ؛ دعویٰ ؛ کارروائی ؛ عمل کرنے یا فعال ہونے کی حالت یا صورت، برعکس سکون یا آرام کے ؛ سرگرمی ؛ کوئی عمل یا کی گئی چیز ؛ کسی

act as, قائمقامی کرنا ؛ کسی اور کے فرائض یا مناصب انجام دینا۔

act on, تعمیل کرنا ؛ پر عمل کرنا (حکم ماننا) ؛ کے مطابق عمل کرنا ؛ مؤثر ہونا۔

act out, (اداکاری وغیرہ) کر کے دکھانا ؛ ڈرامے میں حصہ لینا۔ (نفسیات) تحت شعوری جذبات کا برملا اظہار کرنا۔

act up, خواہ مخواہ سرکشی یا حکم عدولی کرنا۔

actable, a. قابلِ عمل ؛ قابلِ ادا ؛ عمل پذیر ؛ جسے کر کے دکھایا جا سکے ؛ عملاً ممکن۔

actability, n. عمل پذیری ؛ امکان عملی۔

act, n. عمل کام ؛ جو کیا جا چکا یا کیا جا رہا ہو ؛ کارنامہ ؛ مہم ؛ معرکہ؛کار نمایاں ؛ قوت کا وہ استعمال جس کا نتیجہ اس کا سبب ہوتا ہے ؛ امکان کے برعکس حقیقت یا حقیقت وجود کی حالت ؛ واقعیت ؛ کسی ڈرامے کا ایک حصہ یا جز، جو عموماً ذیلی حصّوں/منظروں میں بٹا ہوتا ہے ؛ قانون ساز ادارے کی جانب سے کوئی فرمان، فیصلہ یا قانون ؛ آئین ؛ ایکٹ ؛ کاج ؛ فعل ؛ کرتب۔

caught in the act, رنگے ہاتھوں پکڑا گیا ؛ کسی اقدام (ارتکاب) کو خفیہ طور پر کرتے ہوئے پکڑا گیا۔

get into the act, ٹانگ اڑانا ؛ دخل در معقولات کرنا ؛ گھس بیٹھنا ؛ اس سرگرمی میں شامل و شریک ہو جانا جو عام طور پر دوسروں کے لیے مخصوص ہو۔

put on an act, تصنع/بناوٹ سے کام لینا ؛ بہانہ کرنا۔

ACTH, n. (حیاتی کیمیا) adreno corticotropic hormone کے ابتدائی حروف کا مجموعہ ؛ ایک رطوبت زا ہارمون جو گُردے کے غدودوں کے گردپوش کو حرکت میں لاتا ہے۔ (ادویہ سازی) ایک مواد جو حیوانوں کے رطوبتی غدودوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔

actin, n. ایکٹن ؛ ایک پروٹین جو عضلات کے سُکڑنے میں اہمیت رکھتی ہے۔

acting, a. قائم مقام ؛ عارضی طور پر کوئی ذمہ داری، خدمت یا کسی اور شخص کے فرائض بجا لانے والا۔ (اسم) اداکاری ؛ کیمروں کے سامنے یا اسٹیج پر کوئی اداکاری۔

actinia, n. عقیق البحر ؛ لالۂ دریائی ؛ ایک جانور ''سمندر پھول'' کی قسم ؛ ایک مرجانی جانور جس کے مُنھ کے ارد گرد ہم مرکز دائروں کی صورت میں حساس ریشے ہوتے ہیں جو پھیلنے پر پھول کی شوخ رنگ پنکھڑیوں کی مانند ہوتے ہیں۔

actinic, a. کیمیا شعاعی ؛ شعاعوں سے متعلق (خصوصاً سورج کی کیمیائی شعاعوں سے متعلق) ؛ ایسی شعاعوں کے بارے میں یا ان سے متعلق۔

actinology, n. کیمیا شعاعیت ؛ وہ علم جس میں دھوپ کی اس قوت کا مطالعہ کیا جاتا ہے جو فوٹو کیمیائی ردّ عمل پیدا کرتی ہے ؛ علمِ کیمیا شعاعی۔

actinic ray, n. (طبیعیات) کیمیائی شعاع ؛ بالا بنفشی شعاع ؛ روشنی کی شعاع جو مختصر طول موج اور طیف میں بنفشی یا

فعل کی انجام دہی ؛ کام ؛ مشقت ؛ کارنمایاں ؛ کارنامہ ؛ جنگ یا معرکہ ؛ کسی مرکب یا اسی قسم کے کسی آلے کی حرکت یا میکانزم ؛ عملیت ؛ طریق عمل ؛ اقدام ؛ تحریک ؛ واقعات کا وہ مربوط سلسلہ جس پر کسی ڈرامے یا فکشن کی دلچسپی کا انحصار ہوتا ہے ؛ ادا ؛ اشارت اور اشارتی حرکت ؛ کوئی مقدمہ یا اس کی پیروی میں قانونی چارہ جوئی ؛ نالش ؛ کسی چیز کا دوسری چیز پر چھوڑا ہوا اثر ؛ چوٹ ؛ صدمہ ؛ تاثیر ۔ (فعلیات) بافتوں ، اعضا وغیرہ میں وہ تبدیلی جس کے نتیجے میں عمل پیدا ہوتا ہے ۔ (عسکری) کوئی فوجی کارروائی یا اقدام ؛ جنگی نقل و حرکت یا سرگرمی ؛ کسی انتظامی یا انصرامی مقصد کو پورا کرنے کے لیے ضروری تکمیلی طریقِ کار ۔

actionable, a.
دعویٰ طلب ؛ لائق اقدام ؛ قابل چارہ جوئی ؛ قابلِ عمل؛ قابل گرفت ؛ جواز اقدام مہیا کرنے والا (قانونی چارہ جوئی کی صورت میں) ؛ نالش کے لائق ۔

actionably, adv.
دعویٰ طلبانہ ؛ مذکورہ بالا انداز سے ۔

activate, v.t.
حرکت میں لانا ؛ افزودہ کرنا ؛ متحرک کرنا ؛ منظم کرنا ؛ حرکت دینا ۔ (طبیعیات) تابکار بنانا ؛ کسی عمل انگیز (catalyst) کے ذریعے کسی ردّ عمل کو تیز کرنا ۔ (عسکری) کسی تشکیل شدہ یونٹ میں مزید ارکان ارسال کر کے اسے فعّال بنانا ؛ کوئی پیش اقدامی جماعت قائم کرنا ۔ (فعل لازم) سرگرم عمل ہو جانا ؛ متحرک ہونا ؛ فعّال ہونا ۔

activator, n.
محرّک ؛ مسرّع ؛ متحرک بنانے والا ۔

activated carbon, n.
افزودہ کاربن ؛ سفوف یا دانہ دار صورت میں پایا جانے والا کاربن جو عملِ جذب کے ذریعے تطہیر کاری میں کام آتا ہے اور کاربن کاری اور کیمیائی افزودگی کے دوران حاصل ہوتا ہے ۔

activation, n.
متحرک کاری ؛ تاب کار سازی ؛ افزودگی؛ فعالیت ۔

active, a.
فعّال ؛ عامل؛ زندہ ؛ قوت کار یا صلاحیت کار رکھنے والا ؛ اثر انداز ہونے کی قوت رکھنے والا ؛ مؤثر ؛ نتیجہ خیز ؛ زود کار ؛ تیز ؛ چست ؛ پُھرتیلا ؛ مستعد ؛ مسلسل مصروف کار ؛ مصروف ؛ منہمک ؛ مشغول ؛ جُت جانے والا ؛ جس میں فعل ، کام اور عمل یا انصرام کار پایا جائے : (جیسے active demand for goods اشیا کی فعال طلب) ؛ واقعی / فعّال / سرگرم (جیسے active warfare) ۔ (گرامر) فعل کی وہ صورت یا حالت جس میں فاعل سے فعل سرزد ہو رہا ہو (جیسے He broke the glass میں broke یعنی [illegible]روف، مجہول یا Passive کے برعکس)؛ مسلح افواج میں حاضر خدمت: (جیسے active duty)؛ شریک عمل (جیسے active member فعال رکن) ؛ توانا ؛ پُرجوش ؛ پُرزور ؛ چاق و چوبند ۔

actively, adv.
فاعلانہ؛ عاملانہ ؛ فعّال انداز سے / مؤثر انداز سے ؛ مستعدانہ ؛ زندہ دلانہ ؛ سرگرمی سے ۔

activeness, n.
عاملیت ؛ فعلیت ؛ فعالیت پذیری ؛ مستعدی ؛ توانائی ؛ چُستی وغیرہ ۔

active duty, n.
حاضر خدمت ؛ افواج کی کسی ایک شاخ میں باقاعدہ ہمہ وقتی شمولیت ۔

active satellite, n.
فعال سیّارچہ ؛ وہ سیّارہ جو خورد امواج کے اشارات وصول کرتا ، ان کی افزونی کرتا اور پھر ان کو واپس نشر کرتا ہے (جیسے ٹیلیفون ، ٹیلیویژن وغیرہ) یا جیسا کہ Telstar کرتا ہے ۔

activism, n.
(فلسفہ) فعّال پذیری ؛ فعلی ارادیت ؛ نظریہ کہ ایک فعال ، خلاق ذہن ہی حقیقت کل کا سرچشمہ ہے ۔ (سیاسیات) عاملیت اور قطعیّت کا نظریہ ۔

activist, n.,a.,
فعّالیت پسند / ارادیت پسند؛ سر گرمِ عمل ۔

activity, n.
سرگرمی ؛ عاملیت ؛ فعّالیت ؛ چال ؛ تیزی ؛ ترت پھرت ؛ پُھرتی ؛ عامل یا سرگرم کار ہونے کی حالت یا خوبی ؛ فعّال صلاحیت ؛ قوّتِ فاعلہ ؛ چُستی ؛ مستعدی ؛ زندہ دلی ؛ سرعت کاری ؛ کوئی طبعی یا معمول کے مطابق طریق عمل ؛ کوئی مخصوص اقدام ، مشغلہ ، سر گرمی یا دائرۂ اعمال (جیسے an extra curricular activity غیر نصابی سرگرمی) ۔ (عسکری) کام یا مہم کی تکمیل کے سلسلے میں کیا گیا عمل ۔

act of God, n.
(بیمہ ، قانون) منشائے قدرت ؛ فعل خداوندی ؛ مشیت ایزدی ؛ کوئی بلاواسطہ وقوعہ جس کی نہ تو پیش گوئی ممکن ہو اور نہ پیش بندی جیسے کوئی طوفان ، آندھی ، زلزلہ یا دیگر قدرتی آفات ۔

actomyosin, n.
ایکٹو مائیو سین ؛ ایک انقباضی مرکب جس میں ایکٹن اور مائیو سین ہوتے ہیں اور عضلات کو سکیڑنے میں ایڈی نو سائین ٹرائی فاسفیٹ سے متعلق ہے ۔

actor, n.
اداکار ؛ وہ جو اداکاری کرتا ہو ؛ ناٹکی کرنے والا ؛ کسی کھیل ، فلم یا ڈراموں میں کسی کردار کو پیش کرنے یا کوئی پارٹ ادا کرنے والا ۔

actress, n.
اداکارہ ؛ ڈرامہ یا فلم وغیرہ میں کام کرنے والی عورت ۔

Acts of the Apostles, n.
رسولوں کے اعمال ؛ عہد نامہ جدید کا وہ صحیفہ جسے لوقا سے منسوب کیا جاتا ہے اور جس میں عیسوی کلیسا کے آغاز کو بیان کیا گیا ہے ۔

actual, a.
واقعی ؛ اصلی ؛ جو حقیقتاً اور معروضی طور پر موجود ہو ؛ حقیقی ؛ مؤثر طور پر عمل پیرا ؛ مؤثر ؛ ممکن اور مفروضی کے برعکس ؛ فی الوقت موجود ؛ حاضر ؛ مروّج ؛ اصلی ۔ (اسم) اصل یا حقیقت میں موجود کوئی چیز ؛ سچے واقعات پر مبنی فلم یا ٹی وی ڈرامہ ؛ دستاویزی ؛ ہُوبہو ۔

actualness, n.
واقعیت ؛ فی الحقیقت ہونے کا وصف ۔

actuality, n.
واقعیّت ؛ حقیقت ؛ اصلیت ؛ فی الحقیقت ہونے کی حالت ؛ وہ جو اصلی یا حقیقی ہو ۔

actualization, n.
واقعی ؛ حقیقی یا اصلی بنانے کا عمل ؛ عملِ تشکیل ؛ تصور پذیری ۔

actualize, v.t.
واقعی یا حقیقی بنا دینا؛ عملی جامہ پہنانا ؛ تشکیل دینا ۔

actually, adv.
واقعتاً ؛ درحقیقت ؛ اصلاً ؛ حقیقی طور پر ؛ واضح اظہار کے ساتھ ؛ فی الواقع ؛ فی الحقیقت ۔

actuary, n.
ایکچوئری ؛ کلرک ؛ رجسٹرار ؛ کسی مشترک سرمایہ کمپنی میں کوئی عہدیدار ، خصوصاً بیمہ کمپنی میں جس کا کام یہ ہوتا ہے کہ وہ بیمہ اور سالیانہ پریمیم ، زرِ تلافی اور سالانہ منافع (Dividends) وغیرہ کا حساب کرتا رہے ۔

actuarial, a. مذکورہ حساب دار سے یا اس کے کاروبار سے متعلق ۔

actuate, v.t. روبہ عمل کرنا ؛ عمل کی تحریک دینا یا اس کے لیے اُبھارنا ؛ اُکسانا ؛ آمادہ کرنا ؛ آغاز کرنا (کسی سلسلۂ کار کا) ؛ برانگیختہ کرنا ؛ شہ دینا ۔

actuation, n. عمل میں لائے جانے کی حالت ؛ جذبہ مُحرّکہ ؛ عملی صورت دینے والی قوّت ؛ اشتعال ؛ ترغیب ۔

actuator, n. مُحرّک ؛ وہ جو تحریک عمل دیتا ہے یا عملی جامہ پہناتا ہے ۔

acuate, a. نوکیلا ؛ تیز ؛ سوزن آسا ؛ خاردار ؛ سوئی کی شکل کا ۔

acuity, n. نوکیلا پن ؛ چبھن ؛ تیزی ؛ شدت ؛ تیز فہمی ؛ حسِ ادراک کی تیزی ۔

aculeate, aculeated, a. (نباتیات) خاردار ؛ نوکدار ۔ (حیوانیات) نیش دار ۔

aculeus, n. (حیوانیات) بھڑ یا شہد کی مکھی کا ڈنک ؛ نیش ۔ (نباتیات) کانٹا ؛ خار ؛ سوئی ۔

acumen, n. سرعتِ ادراک ؛ ذکاوت یا زود رسی (خصوصاً عملی معاملات میں) ؛ زیرکی ؛ معاملہ فہمی ؛ باریک بینی ؛ تیز فہمی ؛ دقیقہ رسی ؛ فراست ۔

acuminate, a. نوکیلا ؛ تیز دھار ؛ نوکدار ۔ (فعل متعدی) تیز دھار بنانا ۔ (فعل لازم) نوکیلا ہو جانا ۔

acumination, n. نوک سازی ؛ تیز کرنے کا عمل ؛ دھار رکھنے کا عمل ؛ نوکیلا سرا ؛ تیز نوک ؛ نوکیلے سرے والی چٹان ؛ زیادتی ؛ شدت ۔

acupressure, n. اکو پریشر؛ مریض کی بحالی صحت کے لیے اس کے جسمانی سلسلہ ٔ نقاط پر انگلی کا دباؤ ؛ علاج بہ فشارِ انگشت ۔

acupuncture, n. اکو پنکچر؛ سوزن زنی ؛ ایک جراحتی عمل جسے سب سے پہلے چینیوں نے بعض امراض مثلاً سردرد ، عصبی درد ، گٹھیا وغیرہ کی شکایات میں اختیار کیا ۔ اس میں ایک یا ایک سے زیادہ چھوٹی چھوٹی سوئیوں کو بدن میں چبھو دیتے ہیں تا کہ اخراجِ رطوبت ہو یا درد میں افاقہ ہو جائے ۔

acute, a. نوکیلا ؛ حادہ ؛ شدید ؛ تیز نوک والا ؛ تیز نوک پر ختم ہونے والا (کند یا بے نوک کے برعکس)؛ روشن دماغ ؛ تیکھا ؛ تیز فہم ؛ باریک سے باریک امتیازات کو پا جانے والا ؛ دقیقہ رس ؛ باریک امتیازات سے کام لینا جس کا خاصہ ہو ؛ جس کی بصیرت بہت تیز ہو (کند ذہن یا احمق کے برعکس) ؛ بصیر ؛ نفیس اور سریع قوّتِ مدرکہ کا مالک ؛ خفیف سے خفیف اثرات کو محسوس کرنے والا ؛ ذکی الحس ؛ تیز یا شدید (درد) ؛ اونچے سُر میں ؛ اونچی لَے میں ؛ کان میں گھس جانے والی (آواز) ۔ (طب) مرض کی وہ حالت جس میں کم و بیش شدید علامات شامل ہو جائیں اور جلد ہی بحرانی کیفیت پیدا ہو جائے جس میں فوری اور گہری سنجیدہ توجہ کی ضرورت ہوتی ہے ؛ انتہائی خراب ؛ انتہائی نازک (حالت) ۔ (جیومیٹری) زاویہ قائمہ سے کم یعنی ۹۰ درجے سے کم ؛ زاویہ حادہ ۔

acutely, adv. شدت کے ساتھ ؛ تیزی کے ساتھ ؛ کڑے طور پر ؛ بڑی محتاط تفریق و تمیز کے ساتھ ؛ ذکاوت سے ۔

acuteness, n. بالائی فعل کی خصوصیت ؛ تیزی ؛ شدت ؛ ذکاوت ؛ زیرکی ؛ بصیرت ؛ نازکی ۔

acyclic, a. (نباتیات) غیر مدوّر ؛ بے حلقہ ؛ جو دائروں میں ترتیب نہ دیا گیا ہو ۔ (کیمیا) غیر حلقی ؛ منفصل زنجیری بناوٹ والا مرکب ۔

acyclovir, n. ایسی کلوور ؛ ایک آزمایشی دوا جو خیال ہے کہ پیوندکاری کے مریضوں میں ہونٹوں اور اعضائے تناسل کی پھنسیوں کے انسداد میں مؤثر ہوتی ہے ۔

ad, n. (بول چال) ایڈورٹائزمنٹ کا مخفّف ؛ ایَڈ ۔

adactylous, a. بے انگشت ؛ انگلیوں اور پنجوں کے بغیر ۔

adage, n. ضرب المثل ؛ کہاوت ؛ قدیم مقولہ جسے طویل استعمال اور ادراک عامہ نے قبول کر لیا ہو ؛ مثل ۔

adagio, a., adv. (موسیقی) دھیما ؛ دھیمے انداز سے ؛ آہستہ ؛ آہستگی سے ؛ دھیرے دھیرے ۔ (اسم) موسیقی یا بیلے میں دھیمی تال ۔

Adam, n. آدم ؛ بشرِ اوّل ؛ انسانِ اوّل کا نام ۔ (مجازاً) طبعِ انسانی میں موجود پیدایشی خطا کاری (عموماً the old Adam کی ترکیب کی صورت میں استعمال ہوتا ہے جیسے He had a lot of the old Adam in him) ؛ بشریت ۔

Adamic, a. آدم سے متعلق؛بشری ۔

adam-and-eve, n. ایک پودا جس کی جڑ پُٹین بنانے کے کام آتی ہے ؛ ایک بوٹی جس کے بھورے زرد پھول ہوتے ہیں اور جوڑ پر ایک پتا ہوتا ہے ۔

adamant, n. ناقابل شکست چیز؛ کوئی چیز جو اتنی سخت ہو کہ اس میں سے کوئی چیز پار نہ جا سکے ؛ بے لچک ؛ سخت پتھر؛ سنگ خارا ؛ ہیرا ؛ الماس ۔ (صفت) تمام ترغیبات کے باوجود اپنی رائے یا خیال سے دستبردار نہ ہونے والا ؛ اڑیل یا خود پسند ؛ ضدی ۔

adamantean, adamantine, a. الماسی ؛ پتھر کا بنا ہوا ؛ سنگ آسا ؛ سنگین ؛ نفوذ ناپذیر ؛ نا قابل ادخال ؛ ہیرے سے سخت ؛ کڑا ؛ بہت ہی سخت ۔

adamantly, adv. ضد یا بے لچکی کے ساتھ ۔

Adam's apple, n. کنٹھ ؛ گھنڈی ؛ گلے کے سامنے والے حصے کا اُبھار جو مردوں میں زیادہ نمایاں ہوتا ہے ؛ غدہ درقیہ ؛ ایک آرایشی خوشبو دار بیل ، چنبیلی کی طرح کی ۔

Adam's needle, n. اَت کٹ ؛ ابرِ آدم ؛ وہ پودے جو سجاوٹ کے لیے اُگائے جائیں ؛ آرایشی پودے ۔

adapt, v.t. موزوں بنانا ؛ مطابقت پیدا کرنا ؛ موزوں کرنا یا حسبِ حال کرنا ؛ متناسب کرنا ؛ میل کرنا ؛ ویسا ہی کرنا یا بنانا ؛ موافق بنانا ؛ حالات کے مطابق ڈھالنا ؛ حسبِ منشا بنانا ؛ ایک میل کا کرنا ؛ ملانا ؛ سمتل کرنا ۔(فعل لازم) ماحول کے مطابق ڈھل جانا ۔

adaptability, n. مطابقت پذیری ؛ مطابق بننے یا ہونے کی صلاحیت ۔

adaptable, a. مطابقت پذیر ؛
مطابق بننے یا ہونے کے قابل ؛ غیر متوقع ، غیر مانوس اور نئے حالات کے مطابق بلا دقت خود کو ڈھال لینے کے قابل ۔

adaptableness, n. مطابقت پذیری ۔

adaptation, adaption, n. مطابقت پذیری ؛ میل ؛ مناسبت ؛ مطابقت ؛
تطابق؛ ڈھال لینے یا موزوں بنا لینے کا عمل ؛ توافق ؛ موزوں یا مناسب ہونے کی حالت ؛ وہ جسے ڈھال لیا گیا ہو ؛ اخذ ۔ (حیاتیات) کسی نامیے کی ساخت میں ماحول کے مطابق ڈھل جانے کے لیے تبدیلی ۔(عمرانیات) ثقافتی حالات کے ساتھ ہم آہنگ ہو جانے کے لیے فرد یا معاشرے کے رویے میں آہستہ آہستہ تبدیلی ۔

adapter, n. مطابقت پیدا کرنے والا شخص یا چیز ؛ قُفلی؛ ربطالہ۔
تصرف پذیر (خواہ جاندار ہو یا بے جان) ؛ اجزا کو باہم پیوست ہو جانے کے قابل کر دینے والی کوئی اختراع ؛کوئی منسلکہ شے جس سے مشین میں نئے یا کسی قدر مختلف استعمال کے لیے تبدیلی پیدا کی جائے ۔

adaption, n. دیکھیے : adaptation ۔

adaptive, a. توافقی ؛ تطابقی ؛
ڈھلنہار ؛ ڈھل جانے کے میلان والا ۔

adaxial, a. ساق رُو ۔ (نباتیات) تنے یا
پھول ڈنڈی کی جانب رخ کرنے والا جیسے پت ڈنڈی کی بالائی جانب ۔

add, v.t. جمع کرنا ؛ اضافہ کرنا ؛
جوڑنا ؛ یوں اکٹھا کرنا یا رکھنا کہ تعداد میں زیادہ ہو جائے ؛ جوڑنا یا ملانا ؛ ایک رقم میں یک جا کرنا ؛ ملا دینا ؛ مزید کہنا ۔ (فعل لازم) مل جانا ؛ اضافے کا کام دینا (to کے ساتھ) ؛ جمع جوڑ کا حسابی عمل کرنا ۔

addable, addible, a. قابلِ اضافہ و جمع ۔

addax, n. مہات ؛ افریقہ اور عرب میں پائے جانے
والے دراز قد ہرنوں کی ایک نوع جس کے سینگ چکر دار ہوتے ہیں ۔

addend, n. addendum کا مخفف ۔
(ریاضی) مضاف ؛ وہ مقدار یا عدد جسے پہلے سے موجود یا موخر مقدار کے ساتھ جمع کرنے کے لیے ملایا جاتا ہے ۔

addendum, n. ضمیمہ ؛ اضافہ ؛ کسی کتاب یا
ادبی تصنیف کا ذیل ، تتمہ ، ضمیمہ ؛ اضافہ کی گئی کوئی چیز -ad denda جمع) ۔ (مشین) گراری کا وہ حصہ جو دندانوں کی درمیانی گولائی سے اوپر اُٹھتا ہے ۔

adder, n. افعی ؛
زہریلے سانپوں کی ایک قسم خصوصاً امریکا اور یورپ میں عام پایا جانے والا ۔

adder, n. جمع کنندہ (شخص یا مشین) ۔

adder's tongue, n. افعی زبان ؛ لسان الحیَّہ؛
فرن کی ایک قسم جو اوفیو گلوسم یا مارزبان جنس سے تعلق رکھتی ہے ، اُس کی نوک پر سانپ کی زبان کا گمان گزرتا ہے ؛ امریکی جنگلی بنفشہ ۔

addict, v.t. عادتاً استعمال کرنا ؛
نشہ کرنا ؛ عادی کر دینا ؛ لت پڑنا عموماً ضمیر معکوس کے ساتھ اور ناپسندیدہ مفہوم لیے ہوئے ۔ بعد میں to لگاتے ہیں (جیسے to addict oneself to narcotics) ۔

addicted, a. عادی ؛ عادتاً عامل ؛ نشئی
عادی بنایا ہوا (بعد میں to لگاتے ہیں) ؛ عادی بن گیا ہوا ۔

addict, n. عادی ؛ جسے کسی کام یا
عادت کی لت پڑ گئی ہو (خصوصاً نشہ کرنے کی) ۔

addiction, n. عادت ؛ لت ؛ علت ؛
دھت ؛ نشہ ؛ لت پڑ جانے کی حالت ؛ عادتِ منشیات ؛ ادمان ۔

addictive, a. لت آور ؛ نشہ آور ؛
لت ڈال دینے والا (جیسے an addictive drug

addictive, n. نشہ ؛ ان ادویات کی ایک
قسم جو مزاجاً عادت ڈال دینے والی ہیں ۔

Addisonian, a. ایڈیسنی ؛ برطانوی مصنف
جوزف ایڈیسن (۱۶۷۲ — ۱۷۱۹) سے متعلق یا اس کی خصوصیت یا اس کے اندازِ تحریر سے متعلق ۔ (اسم) اس کی تحریروں کا مطالعہ کرنے والا ۔

Addison's disease, n. [انگریز طبیب ٹی ۔ ایڈیسن کے نام پر]
ایڈیسنی مرض ۔ (امراضیات) ایک مرض جس میں نقاہت ، سُوءِ ہضم اور عموماً گردے کے بالائی غدودوں کے فعل میں خرابی کے باعث جلد کی رنگت بھورے رنگ کی ہو جاتی ہے ۔

addition, n. اضافہ ؛ بیشی ؛ جوڑ ؛
جمع ؛ میزان ؛ جمع کرنے کا عمل ؛ دو یا زیادہ عددوں کو ایک رقم میں جمع کرنا ؛ حساب کا وہ قاعدہ یا وہ شاخ جس کے ذریعے میزان متعین کرنے کے لیے عددوں کو جمع کیا جاتا ہے ؛ کوئی کمرہ یا تعمیر وغیرہ جس کو پہلے سے موجود کسی عمارت سے ملا لیا گیا ہو ؛ ملحقہ زمین جسے پہلے سے مملوکہ جائیداد میں شامل کیا جائے ۔

additional, a. ضمنی ؛ اضافی ؛ مزید ؛
اضافہ کردہ ؛ زائد ؛ فالتو ۔

additionally, adv. اضافے کے طور ؛ ضمناً ۔

additive, a. جمعی ؛ اضافی ؛
اضافے کرنے میں مددگار ؛ اضافے کو ظاہر کرتا ہوا یا اضافے سے متعلق ؛ مجموعی ۔ (اسم) وہ شے جسے قلیل مقدار میں کسی اور شے میں ملایا جائے تا کہ مطلوبہ خواص کو بہتر بنایا جا سکے یا اس سے محافظ غذا کا کام لیا جا سکے ؛ بالخصوص وہ مواد جسے کسی مُحرکہ میں ملا دیا جائے تا کہ اس سے کوئی خاص مقصد حاصل کیا جا سکے (جیسے ، احتراق پذیری کی زیادہ ہموار شرح حاصل کرنے کے لیے) ؛ قُوّت بڑھانے کے لیے جمع کی جانے والی یا کی گئی چیز ۔

addle, a. پراگندہ ؛ مفقود السمت ؛ پراگندہ ذہن ؛
گندہ ؛ بدبودار (انڈے کے لیے آتا ہے) ۔ (فعل متعدی) پریشان کرنا ؛ گڈ مڈ کرنا ؛ الجھانا ۔ (فعل لازم)پریشان ہونا ؛ گڈ مڈ ہونا وغیرہ ؛ خراب یا گندہ ہو جانا (انڈے کا) ۔

addle brained, گڈمڈ ؛ پریشان خیال ؛

addle headed, addle pated, a. کوڑھ مغز ؛ بے سمجھ ؛
پراگندہ فکر ۔

address, v.t. روئے سخن کسی جانب کرنا ؛
کسی کو مخاطب کرنا ؛ اعلانیہ کہنا ؛ کسی سے زبانی یا تحریری درخواست کرنا ؛ مخاطب کرنا ؛ کسی سے بات کرنا ؛ تحریراً کسی کو

مخاطب کرنا ؛ پتہ لکھنا (کسی شے پر) ؛ اظہار عشق کرنا ؛ شادی کے لیے التجا کرنا؛ الیکٹرانی کمپیوٹر کے ذریعے کسی مقام کی جانب ترسیل اطلاع کرنا ۔ (فعل لازم) تیاریاں کرنا؛ رجوع ہونا؛ متوجہ ہونا ۔

to address oneself to, کسی سے بات کرنا ؛ کسی کام میں اپنے آپ کو لگانا ۔

address, n. کسی شخص کی جانب اپنی توجہ اور اپنی گفتگو کا رُخ پھیرنے کا عمل ؛ کسی سے مخاطبت ؛ کوئی تقریر یا تحریر جس میں ایک شخص یا اشخاص کا گروہ دوسرے شخص یا اشخاص کے گروہ سے اِبلاغ کرتا ہے ؛ کسی سے بات کرنے کا اسلوب ؛ گفتگو میں کسی شخص کا انداز؛ معاشقت (اس مفہوم میں بیشتر بصورتِ جمع آتا ہے) ؛ کسی خط کی سمت جیسی کہ وہ لفافے سے ظاہر ہوتی ہے ؛ وہ جگہ یا اس جگہ کا نام جہاں کسی کو پہنچنا ہو ؛ سپاس نامہ ؛ تقریر؛ پتہ ؛ خطاب ۔

address, n. (کمپیوٹر) کمپیوٹر کے حافظے میں وہ مقام جس میں معلومات جمع کی جاتی ہیں یا جسے معلومات ارسال کی جاتی ہیں یا جس سے معلومات حاصل کی جاتی ہیں ؛ کمپیوٹر کو دی گئی ہدایت جس کے مطابق اسم یا عدد یا لیبل کے ذریعے اُس ڈیٹا (DATA) کی تخصیص ہوتی ہے، تا کہ ہدایت کے مطابق عمل ہو سکے ۔

addressee, n. مکتوب الیہ؛ وہ جسے مخاطب کیا گیا ہو ؛ مخاطب ۔

adduce, v.t. حوالہ دینا ؛ نظیر دینا ؛ شہادت ، ثبوت یا سند کے طور پر نام لینا یا مثال دینا ؛ کسی موضوع کے تعلق سے توجہ میں لانا ؛ پیش کرنا ؛ بیان کرنا ۔

adducer, n. ایسا کرنے والا ؛ نظیر دہندہ ؛ ثبوت دہندہ ۔

adducible, a. قابلِ استناد ؛ ثبوت یا دلیل کے طور پر پیش کرنے کے قابل ۔

adducent, a. مُقرّب ؛ آگے لے جانے یا اکٹھا کرنے والا (جیسے an adducent muscle) ۔

adduct, v.t. (تشریح الاعضا) کسی عضو کا بدن کے اصل محور کی جانب کھینچنا ۔

adduction, n. کھینچنے کا عمل ؛ کھچاوٹ ۔ (تشریح الاعضا) وہ عمل جس کے ذریعے بدن کا کوئی حصہ بدنی محور کی جانب کھینچا جاتا ہے ۔

adductive a. کھینچے یا کھنچے جا سکنے کے قابل ۔

adelantado, n. (ہسپانوی) کبھی اس سے کسی صوبے کا گورنر مراد لیا جاتا تھا ؛ ہسپانوی امریکا کے ابتدائی تلاش کاروں یا آبادکاروں میں سے کوئی ۔

ademption, n. (قانون) کسی ترکے کو منسوخ کرنے کا عمل ۔

adenine, n. (کیمیا) تُرشہ ایڈی نین ؛ ایک سفید قلمی الکلی نما اساس (Base) جیسے چائے ، غدودی اعضا ، یورک ایسڈ سے حاصل کیا جاتا ہے اور بیشتر دوا میں استعمال ہوتا ہے ۔

adenocarcinoma, n. (امراضیات) ایک موذی رسولی جو غدودی لعابی جھلّی میں نمودار ہوتی ہے ۔

adenoid, n. (عموماً جمع میں آتا ہے) کلانی غدہ حلق ، جس سے ناک کے ذریعے سانس لینے میں رکاوٹ ہوتی ہے ۔

adenoidal, a. غدودی ؛ بالائی غدودوں کا ۔

adenology, n. مطالعہ غدود ؛ علم غدود شناسی ۔

adenoma, n. (امراضیات) غدی رسولی ؛ ایک غدود کی سی ساخت کی رسولی ۔

adenomatous, a. غدود دار ۔

adenopathy, n. غدّی مرض ۔

adenopathic, a. جسے غدّی مرض ہو ؛ غدی مرض سے متعلق ۔

adenotomy, n. غدودی جراحی ؛ غُدّہ تراشی ۔

adenosine, n. (کیمیا) ایڈی نوسین ؛ ایک قلمی نواتیہ (نیوکلوسائیڈ) جسے خمیر کے نیوکلک ایسڈ سے اخذ کرتے ہیں اور جس پر آب پاشیدگی کر کے ایڈینائین اور ربوس حاصل ہوتے ہیں ۔

adenosine diphosphate, n. ایک خمیر جو شکر پاشی کے عمل میں خلیے کے ذریعے انتقال توانائی میں بہت اہم ہے اور تمام زندہ خلیوں میں پایا جاتا ہے ۔ (اس کا مخفف ADP ہے) ۔

adenosine triphosphate, n. اڈینوسائن ٹرائی فاسفیٹ ؛ ایک نواتیہ ''نیوکلوٹائیڈ'' جو تمام خلیوں میں ہوتا ہے ۔ یہ اعضا کی محفوظ توانائی کا مظہر ہے اور متعدد حیاتی کیمیا کے توانائی خیز یا توانائی طلب تعاملات کے لیے اہم ہے ۔

adenovirus, n. غدّی وائرس ؛ غدّی سایہ ؛ وائرسوں کا کوئی گروپ جو ڈی این اے (مرکزائی ترشے) کا حامل ہو : تنفسی امراض پیدا کرنے والا جو ممکن ہے کہ مہلک رسولیوں کو جنم دیتا ہو ۔

adept, n. ہنر مند ؛ کاریگر ؛ کسی فن میں پوری طرح ماہر یا دست رس رکھنے والا ؛ تربیت یافتہ ماہر ؛ صلاحیت دار ۔

adept, a. ماہر کامل ؛ لائق ؛ پورا ؛ مستعد؛ کارآزمودہ ؛ تجربہ کار ۔

adeptly, adv. ماہرانہ وغیرہ ۔

adeptness, n. مہارت وغیرہ ۔

adequacy, n. موزونیت ؛ اکتفا ؛ موزوں ہونے کی حالت ؛ کسی خاص مقصد کے لیے کافی ۔

adequate, a. موزوں ؛ کافی ؛ برابر ؛ متناسب ؛ بالکل ہم ساں؛ معقول ؛ بالکل موزوں؛ صریحاً موزوں یا کافی ؛ مطابق ؛ موافق ۔ (قانون) معقول حد تک ضرورت (یا تقاضا) پورا کر جانے والا ۔

adequately, adv. مناسب طریقے سے؛ باکفایت طریقے سے؛ پورے طور پر ۔

adequateness, n. موزونیت ۔

adeundem, adv.. a. ایک ہی درجے (میں / کا / تک) ؛ بنیادی طور پر اعزازی علمی ڈگری عطا کرنے پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

adhere, v.i. باہم چپک جانا ؛ چمٹ جانا ؛ اچھی طرح کسی کے ساتھ جُڑجانا یا مل جانا ؛ وابستہ رہنا ؛ لگن یا لگاؤ

کے ساتھ جمے رہنا (بعد میں عموماً to لگاتے ہیں جیسے to adhere to a belief) ؛ پابند یا قائم رہنا؛ثابت قدم رہنا ۔

adherence, n. استقامت ؛ استواری ؛ وفاداری ؛ دلی لگاؤ ؛ وابستگی ؛ ثابت قدمی ۔

adherend, n. (کیمیا) کوئی چیز یا سطح جو دوسری چیز یا سطح کے ساتھ کسی چیپ دار چیز سے جُڑی ہوئی ہو ؛ چسپندہ ۔

adherent, a. چسپاں ؛ چپکا ہوا ؛ پیوستہ ؛ کسی چیز کے ساتھ پوری طرح چپکا ہوا ؛ چمٹا ہوا ؛ وابستہ ؛ لگا ہوا ؛ چسپاں ؛ ملحق ۔ (گرامر) اسم کے ماقبل آیا ہوا اور اس کے مفہوم میں تصرف کرتا ہوا ۔

adherent, n. پیروکار ؛ ساتھی ؛ حامی ؛ طرف دار ؛ رفیق ؛ پابند ؛ وہ جو پابند رہے ؛ جو کسی قائد ، جماعت ، مقصد یا پیشے کا پیرو ہو ۔

adhesion, n. چپک ؛ پیوستگی یا چپک جانے کی حالت ؛ وابستگی ؛ ایک ہو جانا ؛ اجسام کی سطحوں کا باہم پیوست ہو جانا ؛ گہرا تعلق یا وابستگی ؛ ہم آہنگی ؛ ہم خیالی ؛ دماغ یا احساسات کی گہری وابستگی ؛ رضامندی ؛ موافقت ؛ پابندی ؛ پاسداری جیسے an adhesion to a treaty ۔ (جراحی) چیرا دینے کے نتیجے میں داغ والے ریشے کی بالیدگی ۔ (نباتیات) عموماً باہم جدا رہنے والے حصوں کا اتصال ؛ التصاق ۔

adhesive, n. چیپ ؛ لیس ؛ لعاب ؛ چسپاندہ ؛ ایک مواد جسے ایک شے کو دوسری کے ساتھ چپکانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے جیسے گوند ، سریش یا گلو وغیرہ ؛ لصق ۔

adhesive, a. چسپندہ ؛ لیسدار ؛ چیپ دار ؛ لعاب دار ؛ چمٹ جانے والا ۔

adhesively, adv. جڑے ہوئے ؛ وابستہ رہتے ہوئے ؛ چپکتے ہوئے ۔

adhesiveness, n. مذکورہ بالا صورت یا حالت ۔

adhesive tape, n. چپکاؤ پٹی ؛ گوند پٹی ؛ کوئی ٹیپ جس کے ایک طرف گوند جیسی چیز لگی ہوتی ہے اور جسے مختلف طریقوں سے استعمال کیا جاتا ہے ۔

ad hoc, a., adv. وقتی ؛ اسی خاص مقصد کے لیے ؛ بلا وسیع اطلاق کے یا سابق جواز کے (جیسے an adhoc explanation) ۔

ad hoc committee, n. وقتی کمیٹی ؛ کسی ایک موقع یا مقصد کے لیے قائم کی گئی کمیٹی ۔

ad hominem, a. کسی فرد کے شعور و عقل کی بجائے اس کے تعصبات اور ذاتی احساسات کو ابھارنا ؛ مخالف کو بے وقعت بنانے کے لیے اس کی دلیل کا جواب دینے کی بجائے اس کے کردار یا پس منظر پر حملہ کرنا ۔

adiabatic, a. حربند ؛ منقول ؛ حرارت حاصل یا ضائع کیے بغیر طبعی تبدیلیوں والا ۔

adiabatic curve, حربند منحنی ؛ کسی سیّال کے حجم اور دباؤ کے تعلق کو ظاہر کرنے والا وہ خم جو حرارت حاصل یا ضائع کیے بغیر اپنا حجم تبدیل کر لیتا ہے ۔

adiaphora, n. وہ امور جو اخلاقیات کے اعتبار سے غیر اہم ہوں ؛ وہ معاملات جن میں اخلاقی طور پر کوئی حسن و قبح نہ ہو ؛ اعتقاد یا عمل میں غیر ضروری یا بے مصرف باتیں ۔

adiaphorism, n. آزاد روی ؛ مذہبی رواداری ۔

adiaphorous, a. وسیع المشرب ؛ آزاد خیال ؛ غیر اہم یا غیر ضروری خصوصاً اخلاقی حوالے سے ؛ غیر جانبدار ۔

adiathermanous, a. حر ناگزار ۔ (طبیعیات) جو حرارت ناگزار ہو ؛ شعاعی حرارت کے لیے ناقابل گزر ؛ حرارت نا پذیر ۔

adiathermancy, n. حر ناگزاری ؛ حرارت ناپذیری ۔

adieu, interj. n. خدا حافظ ؛ سپرد خدا : ''میں تجھے خدا کے حوالے کرتا ہوں'' کا مخفف ؛ خدا حافظ ؛ الوداع ؛ دوستوں کے باہم جدا ہوتے وقت نیک تمناؤں کا اظہار ۔

ad infinitum, a., adv. تاانتہا ؛ دائمی ؛ ابدی ۔

adios, interj. خدا حافظ ؛ الوداع ؛ سلام رخصت ۔

adipose, a. چربیلا ؛ چربی چڑھا ؛ جس میں چربی ہو یا جو چربی سے ملتا جلتا ہو ؛ مرغن ؛ شحیم ۔ (اسم) چربی ؛ حیوانوں کی وہ چربی جو چربیلے ریشوں کے خلیوں میں جمع رہتی ہے ؛ گردوں پر کی چربی ۔

adiposity, n. موٹاپا ۔

adipose tissue, n. چربیلا ریشہ ؛ چربیلی بافت ؛ گوشت کی چربی پر مبنی واصل ریشوں سے بنا ہوا حیوانی ریشہ/بافت جس میں چربی جمع ہوتی ہے ۔

adit, n. راستہ ؛ شارع ؛ رسائی ؛ داخلہ ؛ گزرگاہ ؛ موری ؛ موکھلا ؛ بمبا ؛ نالی ؛ کان میں جانے کا کم و بیش اُفقی راستہ ۔

adjacency, n. اتصال ؛ متصل ہونے کی حالت؛ نزدیکی؛ قرب ؛ ریڈیو یا ٹی وی کا وہ اعلان یا نشریہ جو کسی اور اعلان یا نشریہ کے فوراً پہلے یا فوراً بعد کیا جائے ۔

adjacent, a. متصل ؛ بالکل قریب یا پاس پڑا ہوا ؛ سرحد پر ؛ ہمسائیگی میں ؛ ساتھ ملا ہوا ؛ ملحق ۔

adjacently, adv. بالائی صفت سے متعلق فعل ۔

adjectival, a. صفت سے متعلق یا صفت کی مانند ؛ صفت کا مفہوم لیے ہوئے ؛ صفاتی ؛ صفاتیہ ۔

adjectivally, adjectively, adv. بطور صفت یا صفت کے انداز میں ۔

adjective, n. (گرامر) صفت ، وہ لفظ جسے اسم کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے تا کہ مذکورہ چیز کا وصف بیان کیا جائے یا وہ گُن جو اس سے منسوب کیا گیا ہے یا کسی چیز کو کسی اور چیز سے مختلف ظاہر کرنے کے لیے اس کی تخصیص اور اس کی تعریف ہو جائے اور اس طرح اسے واضح بھی کر دیا جائے اور محدود بھی ۔ (صفت) منحصر ؛ اضافی صفت کا کام دیتا ہوا ؛ صفتی؛ جو تنہا نہ ہو ؛ ان رنگ مسالوں سے متعلق جن کو کسی ایسے مُحرّق رنگ کی ضرورت ہوتی ہے جس سے وہ پکے ہو جاتے ہیں ۔

adjoin, v.t. ملانا یا اضافہ کرنا ؛ متصل ہونا ؛ یکجا کرنا؛ ساتھ شامل کرنا یا ضم کرنا ۔ (فعل لازم) لگا ہونا؛ ساتھ پڑا ہونا؛ متصل ہونا؛ ملحقہ ہونا ؛ جڑنا ؛ لگا

ہونا ۔

adjoining, a.
ملحقہ ؛ متصلہ ؛
پڑوس میں ؛ لگا ہوا ؛ برابر میں ؛ سب سے قریبی (نسبتی صورت میں) ۔

adjourn, v.t.
ملتوی کرنا یا کسی اور دن پر
یا بعد کے کسی وقت پر ٹال دینا ؛ اجلاس معطّل کر دینا کسی آئندہ دن
کے لیے (کسی سرکاری یا غیر سرکاری ادارے کا) ؛ کسی ادارے کے
اجلاس کو آئندہ پر ملتوی کر دینا ؛ موخر کرنا ۔ (فعل لازم) وقتی طور
پر کاروبار کرنے یا چلانے سے رُک جانا ؛ کارروائی کو معطل کر دینا ۔

adjournment, n.
التوا ؛ وقفہ جس میں کوئی قانون ساز
یا سرکاری ادارہ اپنے اجلاس ملتوی کر دے ۔

adjudge, v.t.
ازروئے قانون سرکاری طور پر اعلان
کرنا یا صادر کرنا ؛ عدالتی طور پر فیصلہ سنانا ؛ سزا سنانا یا مجرم
گرداننا ؛ حکم سنانا ؛ نپٹانا ؛ کسی پر فتویٰ لگانا ؛ قرار دینا ؛ محاکمہ
کرنا ۔

adjudicate, v.t.
قانوناً صادر کرنا ؛
عدالتی طور پر فیصلہ سنانا ؛ حکم سنانا ۔ (فعل لازم) عدالت لگانا ؛
عدالتی فیصلہ کرنا ۔

adjudicator, n.
منصف ؛ قاضی ، حاکم ، جج وغیرہ ۔

adjudication, n.
قانونی فیصلہ ؛ عدالتی طور پر
سماعت کر کے کسی فیصلے پر پہنچنا ؛ عدالت کا صادر کردہ فرمان ،
فیصلہ ، محاکمہ یا ڈگری ۔

adjunct, a.
کسی شے یا شخص سے وابستہ
(خصوصاً ذیلی یا ماتحت کے طور پر) ؛ وابستہ کار ؛ معاون ؛ ماتحت ؛
متعلق ۔

adjunctive, a.
الحاقی ۔

adjunctly, adv.
الحاقانہ ؛ معاونانہ وغیرہ ۔

adjunct, n.
کوئی جوڑی یا جُڑی ہوئی چیز ؛
ملحقہ ؛ منسلکہ ؛ متعلقہ ؛ لوازمہ ؛ مُمِد ؛ ماتحت ہم کار ؛ ماتحت رفیق
کار ؛ معاون ؛ مددگار ۔ (گرامر) کوئی توصیفی لفظ یا ترکیب وغیرہ فقرے
کے کسی مخصوص رکن سے جس کا تعلق ہو ۔

adjunction, n.
شامل یا اضافہ کرنے کا عمل ؛
اضافہ ؛ الحاق ۔

adjuration, n.
حلف ؛ حلفیہ بات یا بیان ؛
قسم ؛ صدق دلانہ التجا ۔

adjuratory, a.
حلفیہ ؛ حلفی خصوصیت کے
ساتھ ؛ قسمیہ ۔

adjure, v.t.
حلفیہ الزام لگانا ؛ پابند کرنا ؛
حکم دینا ؛ سچے دل سے التجا کرنا جیسے حلف اٹھا کر یا قسم کھا کر
کیا جاتا ہے ؛ حلف دینا ؛ حلف لے لینا ۔

adjurer, n.
ایسا کرنے والا ؛ حلف کار ۔

adjust, v.t.
ہم آہنگ کرنا ؛ موافق بنانا ؛
جاگزیں کرنا ؛ ترتیب سے لگانا ؛ باترتیب کرنا ؛ کسی نظام کے مطابق یا
اس کے حسب تقاضا کرنا ؛ نپٹانا یا اطمینان بخش حالت میں لانا تا کہ
فریقین نتیجے سے متفق ہو جائیں ؛ تسویہ کرنا ؛ سدھارنا ؛ ٹھیک کرنا ؛
لگانا ؛ قاعدے میں کرنا ۔ (عسکری) توپ کا دائرۂ نظر یا دہانہ درست
کرنا تا کہ ٹھیک نشانہ بیٹھ سکے ۔ (فعل لازم) اپنے آپ کو موافق بنانا
یا ڈھالنا ؛ خود کو مطابق بنانا ؛ ایک میل کا کرنا ۔

adjust, v.t.
(بیمہ کاری) کسی دعوے کو چُکانے
کے لیے ادا کردہ رقم کا فیصلہ کرنا ۔

adjustor, n.
بیمہ دعوؤں کو چکانے والا ؛ ناسل ۔

adjustable, a.
قابل تسویہ ؛ کسی خاص مقصد
کے لیے حسب ضابطہ یا حسب حال ہو سکنے کے قابل ؛ توافق یا تطابق
پذیر ۔ (طیرانیات) ہوائی جہاز کا پرزہ جس میں دو یا دو سے زیادہ
صورتوں میں بٹھانے یا استعمال کرنے کی گنجایش رکھی جائے جیسے
an adjustable wing ؛ دو فعلی ۔

adjuster, adjustor, n.
گنجایش کار یا گنجایش دار ۔

adjustment, n.
تسویہ ؛ ضرورت کے
مطابق ڈھل جانا ؛ ہم آہنگ بنانے کے وسائل (جیسے ڈایل یا لیور کے
ذریعے) ؛ کسی متنازع دعوے کا تصفیہ ؛ مخصوص حالات کا تقاضا
پورا کرنے کے لیے قیمتوں وغیرہ میں تبدیلی ۔

adjutancy, n.
ایڈجوٹینٹ کا عہدہ / کام ۔

adjutant, n.
(عسکری) کمانڈنگ آفیسر
کا نائب جس کا فرض منصبی احکام وصول کرنا اور دوسروں تک
پہنچانا ہوتا ہے ؛ معاون ؛ مددگار ؛ اجٹین ۔

adjutant bird, n.
لم ٹنگا ؛ لم ڈھیک ؛ لہ ڈھینگ ؛
سارس کی ایک قسم ؛ گنجا پاہی ؛ لق لق بندی ؛ ایک بہت بڑا چل
چل پرندہ جو پاک و ہند کے گرم علاقوں کا باسی اور مردار خور ہے ۔

adjutant general, n.
(عسکری) ریاستہائے متحدہ
امریکا کی فوج کا یا کسی بڑی فوجی یونٹ کا اعلیٰ انتظامی افسر ۔
(جمع : adjutants general) ۔

adjuvant, n.
معاون ؛ مدد گار ؛ مساعد ۔
(طب) کسی نسخہ میں شامل کی جانے والی وہ شے جس سے اصل اجزا
کی تاثیر میں اضافہ ہو جائے ۔ (صفت) مددگار ؛ امدادی ۔

Adlerian, a.
ایڈلری ۔ (نفسیات اور
طب نفسی میں) الفرڈ ایڈلر سے یا اس کے نظریات سے متعلق ۔

adlerian psychology, n.
ایڈلری نفسیات ؛
نفسیات کی وہ راہ جو اس مفروضے پر مبنی ہے کہ انسانی رویّہ اس
جدوجہد کے زیراثر ہوتا ہے جو وہ احساس کمتری یا کمی کو پورا کرنے
کے لیے کرتا ہے ۔

ad lib, adv.
حد یا پابندی کے بغیر ؛
وہ جسے غیر محدود کر دیا گیا ہو ۔ (صفت) فی البدیہہ ؛ بغیر تیاری
کے تقریر ۔ (فعل متعدی) فی البدیہہ کہنا ؛ برجستہ اظہار خیال کرنا ۔
(فعل لازم) بغیر تیاری کے کرنا یا بولنا ۔

adlibitum, adv.
(موسیقی) حسب خواہش ؛ اپنی مرضی
کے مطابق ؛ موسیقار کو دی گئی یہ ہدایت کہ جیسا چاہے کرے (امر
واجب کے برعکس) ۔

adman, n.
صاحب اشتہار ؛ اشتہار والا ؛
اشتہارات ترتیب دینے ، ڈیزائن کرنے یا اشتہار کے لیے لوگوں کو آمادہ
کرنے والا ؛ تشہیر کار ۔

adwoman, n.
اشتہار والی ۔

admeasure, v.t.
اندازہ کرنا ؛ حصّے لگانا
کسی چیز کی ابعاد ، سائز یا گنجایش کا تعین کرنا ؛ ناپنا ؛ حصّے کرنا ۔
(جہاز رانی) کسی جہاز یا کشتی کے ابعاد اور گنجایش ، پیمایش کے

ذریعے معلوم کرنا ۔

admeasurement, n. پیمایش ؛ تقسیم ؛ حصّہ سازی ؛ ناپ ؛ کسی چیز کا ناپ یا ابعادی تعّین ؛ مصدقہ ابعاد ۔

administer, v.t. بندوبست کرنا ؛ انتظام کرنا ؛ نگرانی کرنا ؛ کارکنِ اعلیٰ کی حیثیت سے انتظام کرنا ، ہدایت دینا یا ماتحت عملے کی رہنمائی و نگرانی کرنا ؛ قوانین وغیرہ کے عمل درآمد میں ہدایت دینا یا دیکھ بھال کرنا ؛ مہیا کرنا ؛ دینا؛ بہم پہنچانا ؛ فراہم کرنا ؛ دوائی کی کوئی خوراک دینا ؛ بانٹنا یا تقسیم کرنا ؛ قسم دینا ؛ حلف لینا ۔ (قانون) کسی متوفی کی املاک کا انتظام و انصرام کرنا ، قرضے وصول کرنا ، واجبات ادا کرنا وغیرہ ۔ (فعل لازم) معاونت کرنا ؛ امداد یا رسد وغیرہ بہم پہنچانا (to کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔ (قانون) ناظم کے طور پر کام کرنا ۔

administrable, a. قابل انتظام؛ قابل انصرام ؛ قابل نگرانی وغیرہ ۔

administrate, v.t. انتظام کرنا ؛ انصرام کرنا ۔

administration, n. انتظامیہ ؛ نظم و نسق ؛ بندوبست ؛ انتظام کرنے کا عمل ؛ اہتمام ؛ انصرام ؛ ہدایت نہائی ؛ انتظام کاری ؛ حکومتِ امورِ عامہ ؛ حکومت کے انتظامی امور ؛ وہ عمال حکومت جو اجتماعی طور پر ایسے امور کی بجاآوری پر متعین ہوں اور ان کا برسرمنصب رہنے کا دور ؛ منصرم ؛ عمل داری ؛ حکومت ۔ (قانون) کسی متوفی کے املاک کی دیکھ بھال ، قرضوں کی وصولی ، ادائیگی قرضہ جات و وصایا اور وارثوں میں جائیداد کی تقسیم کا کام ؛ عدل گستری ۔

administrative, a. انتظامی ؛ عملی ؛ انتظام و انصرام یا انتظامیہ سے متعلق یا ان سے پیدا ہونے والے امور ۔

administrative county, n. انتظامی ضلع (برطانیہ کا ، قدیم کاونٹی کے برعکس) ۔

administrator, n. منصرم ؛ سربراہ ؛ ناظم ؛ ایڈمنسٹریٹر ؛ منتظم ؛ رہنمائی کرنے والا ، دیکھ بھال کرنے والا ؛ تقسیم کرنے والا یا بانٹنے والا ؛ وصیت کیے بغیر مرنے والے شخص کے مال و منال اور جائیدادکا مختار کار ۔

administratorship n. نظامت ؛ ناظم کا عہدہ ۔

administratrix, n. مونث کے لیے استعمال ہوتا ہے: منتظمہ ؛ ناظمہ ؛ انتظام کرنے والی ۔

admirable, a. قابلِ تعریف ؛ قابلِ ستایش ؛ واجبِ احترام ؛ تحسین ، عزت و احترام یا محبت کے لائق ؛ نہایت ہی عمدہ ؛ احسن ۔

admirableness, n. ستایش ؛ احترام ؛ عزت ؛ تحسین ؛ عمدگی ۔

admiral, n. امیرالبحر ؛ بحری بیڑے کا کمان دار ؛ بحری عہدہ دار کا بلند ترین منصب ؛ بحری عہدہ دار کا اعلیٰ منصب ؛ دو قسم کی تتلیوں میں سے کوئی ایک سرخ تتلی یا سفید تتلی یعنی Vanessa atalanta (ریڈ ایڈمرل) اور Limenitis camilla (وہائٹ ایڈمرل) ۔

admiral of the fleet, n. برطانوی امیرالبحر ؛ برطانوی بحریہ کا اعلیٰ ترین عہدہ دار ۔

admiralty, n. نظارتِ بحریہ ؛ امیرالبحر کا دائرہ اختیار ۔ (برطانوی) حکومت کا وہ محکمہ جو بحری امور کا ذمہ دار ہوتا ہے ؛ بحری عدالت ۔

the Admiralty, n. لندن میں بحری امور کے لیے برطانوی کمیشن کی سرکاری عمارت ۔

admiration, n. تعریف ؛ ستایش ؛ مدح ؛ تحیّر ؛ تحسین ؛ حیرت و مسرت کے ملے جلے جذبات جیسے پسندیدگی ، تعظیم ، محبت یا احترام ؛ کسی خوبصورت یا نہایت عمدہ چیز سے اُبھرنے والا جذبہ ۔

admire, v.t. تعریف کرنا ؛ تعجب کرنا ؛ سراہنا ؛ توصیف کرنا ؛ پسند کرنا ؛ پسندیدگی ، تعظیم ، احترام یا عقیدت بھری حرمت کے ساتھ دیکھنا ؛ کسی چیز کے حسن ، عمدگی اور کمال سے لطف اندوز ہونا ؛ مسرت کے ساتھ دیکھنا یا غور کرنا ۔ (فعل لازم) پسندیدگی محسوس کرنا یا اس کا اظہار کرنا ۔

admirer, n. مدّاح ؛ ثنا خواں ؛ عاشق ؛ ستایش کرنے والا ؛ حد درجہ احترام کرنے والا ؛ کسی عورت کی برملا تعریف کرنے والا ؛ فریفتہ ۔

admiringly, adv. ستایشی انداز کے ساتھ ؛ ستایش کے ساتھ ۔

admissibility, n. قابل قبول ؛ قبول ہونے کی صلاحیت ؛ سماعت پذیری ۔

admissible, a. جائز ؛ مباح ؛ روا ؛ قابل قبول ؛ جو قبول کیے جانے کا اہل اور جائز ہو ؛ واجب ؛ مستحق ؛ تسلیم شدہ ؛ قابل منظوری ؛ قابل سماعت ۔

admission, n. داخلہ ؛ گزر ؛ پہنچ ؛ باریابی ؛ رسائی ؛ اقرار ؛ قبول کرنے کا عمل ؛ داخل ہونے کا مقدور یا اس کی اجازت ؛ فیس داخلہ ؛ پہنچنے کی مقدرت ؛ کسی ایسی دلیل یا ایسی صورت کو تسلیم کر لینا جو پوری طرح ثابت نہ ہوئی ہو ؛ کوئی تسلیم شدہ بیان یا نکتہ ؛ اقبال جرم ؛ اقرار الزام ؛ اعتراف خطا ؛ کسی بیان یا بات کی صداقت کو تسلیم کرنا ؛ رسید ۔

admissive, a. تسلیم خو ؛ اعتراف کی فطرت رکھنے والا ۔

admit, v.t. بیٹھنے دینا ؛ داخل ہونے کی اجازت دینا ؛ اندر آنے دینا ؛ اندر داخل ہونے کا حق دینا ؛ کسی سوسائٹی ، کارپوریشن ، جگہ یا مراعات وغیرہ تک حق رسائی دینا ؛ دلیل سے مان جانا ؛ صحیح سمجھتے ہوئے قبول کر لینا ، اجازت دینا ؛ منظور کرنا ؛ قبول کرنا یا اس کی استطاعت رکھنا ؛ اقرار کرنا ؛ ماننا ؛ تسلیم کرنا ؛ مُقر ہونا ؛ اعتراف کرنا ؛ اقبال کرنا ۔ (فعل لازم) پروانگی یا اجازت دینا ؛ رعایت دینا ؛ موقع دینا ؛ امکان بہم پہنچانا ؛ ماننا ؛ تسلیم کرنا ۔

admittedly, adv. تسلیم ، اعتراف یا رضامندی کے طور پر ۔

admittance, n. پروانگی ؛ اجازت ؛ داخل ہونے کی اجازت ؛ داخلہ ۔ (برقیات) کسی سرکٹ کی متبادل رو کو لے جانے کی حدِ گنجایش ۔

admix, v.t. آمیز کرنا ؛ کسی اور چیز کے ساتھ ملانا ۔

admixture, n. آمیزش ؛ ملانے یا آمیز کرنے کا عمل ؛ آمیز کاری ؛ وہ چیز جو ملانے سے بنے ؛ جزو جو کسی مرکّب یا مکسچر میں شامل کیا جائے ۔

admonish, v.t. ملامت کرنا ؛ کسی خطا کے

بارے میں متنبہ یا خبر دار کرنا ؛ نرمی سے سرزنش کرنا ؛ ملائمت سے سمجھانا ؛ تنبیہ کرنا ؛ غلط کاری پر نصیحت کرنا ؛ ہوشیار کرنا ؛ موعظت کرنا ؛ ہدایت کرنا ؛ نصیحت کرنا ؛ سکھانا یا رہنمائی کرنا ؛ یاد دلانا ؛ ادائے فرض کے لیے یاد دلانا یا آمادہ کرنا ؛ جتانا ؛ کان کھولنا ۔

admonisher, admonitor, n. ناصح ؛ ہادی ؛ نصیحت کرنے والا ؛ تنبیہ کرنے والا ۔

admonition, n. تنبیہ ؛ سمجھانے اور تنبیہہ کرنے کا عمل ؛ مشورہ ؛ نصیحت ؛ انتباہ ؛ نرم سرزنش ؛ ادائے فرائض کی ہدایت ؛ رہنمائی ؛ ہوشیار باشی ؛ ہدایت ۔

admonitory, a. انتباہی ؛ نصیحت آمیز ؛ فہمایشی ۔

adnate, a. توام ؛ جڑواں ؛ ہم نمو ؛ خلقاً وابستہ نمو : (زیادہ تر نباتیات میں) ہم رُست ۔

adnation, n. ہم نموئی کی حالت ؛ جڑواں حالت ۔

adnauseam, adv. مریضانہ طور پر؛ مریضانہ حد تک ۔

ado, n. جھمیلا ؛ کھڑاگ ؛ ٹھک ٹھکا ؛ شور شرابا ؛ اضطراری حرکتیں ؛ گڑبڑ ؛ دقّت ؛ دشواری ؛ ہنگامہ ؛ درد سری ؛ پریشانی ؛ اضطراب ۔

adobe, n. خشت آفتابی ؛ ناپختہ اینٹ ؛ دُھوپ سوکھی اینٹ یا اس قسم کی اینٹ میں کام آنے والی مٹی ؛ ایسی اینٹوں سے بنا ہوا مکان یا دیوار وغیرہ ۔

adolescence, n. عنفوان شباب ؛ نوبلوغیت ؛ اٹھتی جوانی ؛ نمو پانے کی حالت (عام طور پر نسل انسانی کے نوجوان طبقے پر اس کا اطلاق ہوتا ہے) ؛ زندگی میں طفلی اور بلوغ کا درمیانی عرصہ ؛ آغاز شباب سے کامل بلوغ تک کا عرصہ ۔

adolescent, a. بالغ ؛ نموپذیر ؛ بلوغ کی طرف بڑھتا ہوا ؛ بچپن سے رجولیت یا نسائیت کی طرف رواں ۔ (اسم) جو بارہ سے انیس سال کے درمیان ہو اور شباب کی منازل طے کر رہا ہو ؛ نوجوان ۔

Adonai, n. خدا کا عبرانی نام جسے احتراماً ناقابل بیان یونانی JHVH کے متبادل کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے اسے انگریزی زبان میں یہوواہ (Jehovah) کہا جاتا ہے ؛ یسوع مسیح، جو تثلیث مقدس کی دوسری شخصیت ہیں ۔

Adonic, a. ایڈونیس کا یا اس سے متعلق جو یونانی اساطیر کا ایک وجیہہ نوجوان تھا ۔ (عروض) ایسی نغمہ نگاری جس میں dactyl (شعر کا وزن ایک بڑے اور دو چھوٹے ارکان پر مشتمل ہو) اور ایک spondee (شعر کا وزن دو طویل اور دو تاکیدی ارکان پر مشتمل ہو) یا trochee (بحر جس کے ہر رکن میں پہلا بول تاکیدی اور دوسرا غیر تاکیدی ہو) ہو ، اسے ایڈونک اس لیے کہتے ہیں کہ یہ ایڈونیس کے میلے میں گائے جانے والے گیتوں میں استعمال ہوتی تھی ۔ (اسم) کوئی ایڈونک شعر یا مصرعہ ۔

adopt, v.t. قانوناً متبنیٰ بنانا ؛ گود لینا ؛ لے پالک بنانا ؛ اپنے کنبے میں شامل کر لینا اور اسے اپنی اولاد کی طرح جاننا ؛ انتخاب یا پسند کی بنا پر اپنانا (پالیسیوں ، اصولوں ، قیاسوں یا لائحہ عمل وغیرہ کے طور پر) ؛ اخذ کرنا ؛ مستعار لینا ۔

adoptable, a. قابل انتخاب ؛ قابلِ قبول ؛ اپنانے یا اختیار کرنے کے لیے ، موزوں ، مناسب یا اہل ۔

adopter, n. لے پالو ؛ لوال ؛ اپنانے یا اختیار کرنے والا ؛ گود لینے والا ۔

adoption, n. اختیار ؛ انتخاب ؛ تبنیت ؛ اپنانے یا اختیار کرنے کا عمل ؛ اپنائے جانے کی حالت ۔

adoptionism, n. نظریہ تبنیت ؛ یہ عقیدہ کہ یسوع مسیح تبنیت (بیٹا بنا لینے) کے ذریعے ابن اللہ ٹھہرے ورنہ ان کی حیثیت ایک صُلبی بیٹے کی نہیں تھی ۔

adoptive, a. تبنیتی ؛ تبنیت کی بنا پر تشکیل یافتہ ؛ اخذ و انتخاب کی صلاحیت رکھنے والا ؛ گود لیوا ۔

adopting, adopted, a. فرضی ؛ ماخوذ ؛ متبنی ؛ مفروضہ ۔

adoptively, adv. محولہ بالا طور طریقے سے ۔

adorability, n. قابل تعظیم ہونے کی حالت ۔

adorable, a. محترم ؛ واجب التعظیم ؛ قابل تعریف ؛ قابلِ پرستش ؛ انتہائی دلکش ؛ فرحت زا ؛ محبت کے قابل ۔

adorableness, n. فرحت انگیزی ؛ دلکشی وغیرہ ۔

adorably, adv. قابل ستایش انداز میں ۔

adoration, n. عزت ؛ احترام ؛ تعریف ؛ تعظیم ؛ پرستش ؛ بھگتی ؛ عمل پرستش ؛ عقیدت ؛ کسی دیوتا کی آرتی ؛ انتہائے محبت (جیسے کسی مرد کو کسی عورت سے) ۔

adore, v.t. بڑی عقیدت کے ساتھ پرستش کرنا ؛ تقدیس و تحریم کرنا ؛ انتہائی خلوص دل ، تعظیم ، محبت اور احترام سے پیش آنا ؛ باہم انتہائی محبت کرنا (کسی مرد اور عورت کا) ۔

adorer, n. مدّاح ؛ مقدس سمجھ کر پوجا کرنے والا ؛ ستایش گر ؛ پجاری ؛ عاشق ۔

adoringly, adv. فریفتگی سے ؛ احتراماً ؛ ستایش گرانہ ۔

adorn, v.t. زینت دینا ؛ سجانا ؛ آراستہ کرنا ؛ خوبصورت بنانا ؛ لباس یا زیورات کے ذریعے دلکشی میں اضافہ کرنا ؛ آرایش کرنا ؛ سنگارنا ؛ بناؤ ٹھناؤ کرنا ؛ مزیّن کرنا ۔

adornment, n. بناؤ سنگھار ؛ آرایش ؛ زیبایش ؛ سجاوٹ ؛ زینت ؛ آراستگی ؛ بناؤ سنگھار کرنے کا عمل ۔

adrenal, a. پر گُردہ ؛ گُردے پر پاس کے قریب ؛ گردے کی غدودی رطوبت سے حاصل شدہ مادے سے متعلق ۔(اسم) گردے کے غدود ۔

adrenal gland, n. گردے کے غدود ؛ ایک چھوٹا سا ہارمون زا غدود جو قشر اور مغز سے مرکب ہوتا ہے اور گردے سے پیوست ہوتا ہے ۔

adrenaline, n. برگردوی مادہ ؛ ایڈرینالین ؛ وہ ہارمون جو گردوی غدود کے مغز سے رستا ہے ۔

adrenalin, n. ایڈرنیلین ؛ ایک پیٹنٹ دوا جو بطور مقوی قلب اور مسکنِ عضلات وغیرہ کے لیے استعمال کی

adulteration, n. کھوٹ ملی کوئی شے ؛
مصنوعہ چیز یا حالت ؛ ملاوٹ کا عمل؛ ملاوٹی ہونے کی حالت ؛ آمیزش دار چیز؛ آمیزش داری کی حالت ۔
adulterer, n. زانی؛ حرام کار۔
adulteress, n. زانیہ ؛ چھنال ؛
قحبہ ؛ بازاری عورت ۔
adulterine, a. حرامی ؛ ولدالزنا؛
کبیج؛ حرام جنا ؛ آمیزش دار ؛ ناخالص ؛ جعلی ۔
adulterous, a. زناکار ؛ زانی ؛
حرام کاری کا مرتکب ؛ حرام کاری سے متعلق ؛ ناجائز؛ چھنال ؛ بدکار ۔
adultery, n. زنا کاری ؛ حرام کاری ؛
رضاکارانہ جنسی فعل کا ارتکاب (کسی شادی شدہ کا کسی ایسے سے جو اس کا زوج نہ ہو) ؛ چھنالا پن ؛ بدکاری ۔
adumbrate, v.t. کسی چیز کی ہلکی سی
جھلک دکھانا یا مختصر سا خاکہ بنانا ؛ چھا جانا ؛ دھندلا دینا ؛ پس پشت کر دینا ؛ شگون بتانا ؛ مبہم سی پیش گوئی کرنا ؛ اندازہ لگانا ۔
adumbration, n. خاکہ ؛ سایہ ؛ اشارہ ؛
ہلکا سا عکس دینے یا پیش گوئی کرنے کا عمل ؛ کسی چیز کی ہلکی سی جھلک دکھانے یا خاکہ بنانے کا عمل ؛ کسی چیز کا مبہم یا نامکمل خاکہ ؛ ہیولہ ؛ پرچھائیں۔
adust, a. جُھلسا ہوا ؛
سوختہ ؛ خشک شدہ ؛ جلا بُھنا ؛ گرد آلود ؛ مزاجاً یا ظاہراً افسردہ یا ملول ؛ مُردہ دل۔
advalorem, a., adv. مالیت واری محصول ؛
(محاصل کے لیے) محصول بحساب قیمت ؛ قیمت کے مطابق (یہ اصطلاح عموماً صفت کے طور پر ان محصولوں یا لگانوں کے لیے بولی جاتی ہے جو مال کی مصدقہ قیمت کی مقررہ فی صد شرح کو ظاہر کرتی ہے) ؛ بیچکی محصول ۔
advance, v.t. پیشگی دینا ؛ آگے لے جانا ؛
مزید پیش قدمی کرنا ؛ ترقی دینا ؛ بلند تر منصب پر پہنچانا ؛ آگے بڑھانا یا وقت میں مؤخر کرنا ؛ رفتار کار کو بڑھانا ؛ جلدی کرنا یا وقت میں مقدّم کرنا ؛ بھاؤ بڑھانا ؛ نمو یا بالیدگی کو تیز تر کرنا ؛ پیش کرنا یا تجویز کرنا ؛ نگاہ یا توجہ میں لانا (کوئی چیز یا بات جس پر کاربند رہنے کو کوئی تیار ہو) ؛ الزام دینا ؛ دعویٰ کرنا ؛ پیشگی مہیا کرنا ؛ اُدھار دینا ؛ کام کی تکمیل یا مال کی فراہمی سے پہلے رقم دے دینا ، جیسے پیشگی رقم دے دینا ۔
advance, v.i. حرکت میں آنا ؛ آگے بڑھنا ؛
روانہ ہونا ؛ ترقی کرنا؛ بہتر ، بڑا ، عقلمند یا عمر میں بڑا ہو جانا؛ عہدے ، مرتبے، منصب یا نتیجے میں بڑھ جانا ؛ عہدہ میں ترقی پانا (نیز مرتبے یا وقار میں) ۔
advance, a. سامنے رکھا ہوا ؛ پیش داشت ؛
قبل از وقت یا پیشگی مکمل یا مہیا کیا گیا ۔
advanced, a. قبل از وقت؛
ابتدائی یا درجۂ آغاز سے آگے ؛ ترقی پذیر؛ بڑھا ہوا ؛ ترقی یافتہ ۔
advance, n. پیش رفت ؛ چڑھوتری ؛

جاتی ہے ۔
adrenergic, a. (طب) ایڈرینالین یا کسی
ایسے ہی مادے سے اثرپذیر یا خارج شدہ ۔
adrenocortico-tropic, a. قشرِ گردہ کو متاثر کرنے والا ۔
adrenocoticotrophics hormone, n. قشر گردہ کو
متاثر کرنے والا ہارمون (ACTH) ۔
adrift, a., adv. متلوّن؛ ادھر ادھر تیرتا ہوا؛
بے سمت حرکت کرتا ہوا؛ ہواؤں اور لہروں کے رحم و کرم پر؛ کسی اتفاقی جذبے سے مغلوب ؛ بے ٹھکانہ ؛ رہنمائی سے محروم ؛ قاصر ؛ بے کس ۔
adroit, a. ماہر ؛ چالاک ؛ چُست ؛
ہتھ چھٹ ۔ (مجازاً) ذہنی صلاحیتوں کے استعمال میں زیرک ؛ تاک ؛ زُود ایجاد ؛ فہیم ؛ ذکی ؛ حاذق ؛ زود انصرام ؛ پھرتیلا ؛ چابک دست ۔
adscititious, a. بیرونی ؛ خارجی ؛
باہر سے ماخوذ ؛ ضمنی ؛ زائد؛ اتفاقی ۔
adscript, a. یمیں نوشت ؛ زیر نوشت (subscript)
کے برعکس کسی حرف یا علامت کی دائیں جانب اور ہم سطر ، تحریر کردہ ۔ (اسم) ایسا لکھا ہوا حرف یا نشان ۔
adsorb, v.t. جذب کرنا ؛ کسی سطح پر
پتلی تہ کی صورت میں جمع کرنا جیسے گیسی سالمے ، محلول مادے یا سیال کو۔
adsorbate, n. مجذب ؛ بالائی عمل میں مجتمع مادے ۔
adsorbent, a. جاذب ؛ سطح پر پتلی تہ کی صورت
میں جمع ہو جانے کی صلاحیت یا رجحان رکھنے والا ۔
adsorption, n. سطحی جذب ؛ گیس یا کسی
سیال کی پتلی تہ کا ٹھوس اجسام یا سیال مادوں کی سطح سے چپک جانا ؛ اس چپک میں ٹھوس شے چپکے مادے سے کیمیاوی طور پر نہیں ملتی ؛ سالمات کا سطح سے چپک جانا ؛ سالمات کی چپک ۔
adularia, n. حجر القمر ؛ سنگ نور ؛
شفاف فلسپار ؛ ایک بہت خالص روشن ، نیم شفاف قسم کی عام سرخ یا سفید رنگ کی دھات جسے مون سٹون بھی کہتے ہیں ؛ چندر منی ۔
adulation, n. تملق ؛ چاپلوسی ؛
گری ہوئی حد تک خوشامد ؛ حد سے زیادہ خوشامد ؛ بے جا خوشامد ؛ بہت زیادہ ستایش ۔
adulate, v.t. نہایشی محبت کا اظہار کرنا ؛
حد سے گری ہوئی بے جا خوشامد یا چاپلوسی کرنا ۔
adult, a. سیانا ؛ بالغ ؛ جوان ؛
پُرشباب ؛ بالغ کے لیے موزوں ۔ (اسم) جوان آدمی یا قانوناً بالغ ؛ بلوغت کو پہنچا ہوا شخص ؛ سن بلوغت کو پہنچا ہوا ؛ پوری طرح نشوونما پایا ہوا جانور یا پودا ۔
adulterant, n.,a. وہ چیز جو ملاوٹ کا سبب ہو ؛
ملاوٹی ۔
adulterate, v.t. کسی غیر یا ناقص چیز
کے ملا دینے سے گھٹیا یا مصنوعی بنا دینا ؛ ملاوٹی کرنا ؛ کھوٹ ڈالنا ۔
adulterate, a. کھوٹ والا ؛ ملاوٹ والا ؛
ملاوٹ دار ؛ صورت یا انداز وغیرہ میں آمیزش دار۔

بڑھوتری ؛ پیش قدمی؛ اگوائی ؛ تدریجی ترقی ؛ سدھار ؛ بہتری ؛ ترقی ؛
تجویز؛ پیغام شادی ؛ کسی جانب پہلا قدم ؛ قیمت میں اضافہ ؛ قیمت
میں چڑھاؤ ؛ زرِ پیشگی ۔

in advance, سامنے ؛ پہلے؛ پہلے ہی سے؛
متبادل کی وصولی سے پہلے ۔

advancement, n. پیش قدمی ؛
پیش قدمی کرنے کی حالت یا عمل ؛ ترقّی دینے کا عمل ؛ سدھار ؛
بہتری ؛ بڑھاوا ؛ ترقّی ؛ برتری ۔

advantage, n. مناسب صورت ؛
تفوق یا برتری کے تعلق سے سازگار صورت یا موقع ؛ فائدہ ؛ مفاد ؛
بڑھائی ؛ فوقیت ؛ بہتری یا منفعت ۔(ٹینس) وہ پوائنٹ جو اس کھیل کے
دو متواتر پوائنٹ جیتنے کے بعد حاصل کیا جائے ۔

advantage, v.t. فائدہ دینا ؛ کسی کے کام آنا ؛
فائدہ پہنچانا ؛ ترقی دینا ؛ مدد دینا ؛ نفع بخش یا سود مند ہونا ؛ فوقیت
دینا ۔

advantageous, a. مفید ؛ سود مند ؛
نفع بخش ؛ فائدہ مند ؛ سہولت مہیا کرنے والا ؛ منفعت ساز ؛ آرام دہ ؛
سہولت بخش ؛ نفع آور ۔

advection, n. افقی حمل حرارت ؛
ہوا کے کسی حصے کی افقی حرکت سے حرارت یا فضا کی دیگر
خاصیتوں کی نقل و حرکت ؛ فضا میں ہوا کی افقی حرکت ۔

advene, v.i. شامل ہو جانا ؛
جمع ہو جانا ؛ حصہ بن جانا (کسی چیز کا) ؛ جزو بن جانا (اگرچہ لاینفک
نہیں) ۔

advent, n. آمد یا ورود ۔ (کبھی کبھی بڑے
A کے ساتھ) (کلیسا) یسوع مسیح کا دنیا میں آنا ؛ بعثت مسیح علیہ
السلام ؛ ایک موسم (بشمول چار اتوار) جو کرسمس سے پہلے ہوتا ہے
اور بعثت مسیح کی بشارت کے طور پر منایا جاتا ہے ۔

Adventism, n. عقیدہ ظہور ثانی ؛
یہ عقیدہ یا نظریہ کہ یسوع مسیح کا ظہور ثانی قریب ہے ۔

Adventist, n. معتقد ظہور ثانی ؛
اُن عیسائی فرقوں میں سے کسی ایک کارکن جن کا اعتقاد ہے کہ
یسوع مسیح کے متوقع ظہور ثانی کا وقت اب قریب ہے ؛ مسیحی
ظہور پرست ۔

adventitia, n. ظہارہ ؛ غلاف رگ ؛ کسی عضو کو
ڈھانپنے والی خارجی وصلی بافت ۔

adventitious, a. خارجی ؛ خارج سے آنے والا ؛
بدیسی ؛ بیرونی ؛ اجنبی ؛ اتفاقاً یا عارضی طور پر موجود ؛ سنجوگی ؛
عارضی ؛ اتفاقی ۔ (نباتیات و حیوانیات) کسی بے قاعدہ جگہ یا خلاف
معمول صورت میں نمودار ہونے والا (جیسے کوئی جڑ) ۔

adventitiously, adv. اتفاقاً ؛ عارضی طور پر؛
غیر مقامی انداز سے ۔

adventitiousness, n. اجنبیت ؛ عارضی موجودگی وغیرہ ۔

adventive, a. خارجی ؛ بیرونی ۔
(نباتیات و حیوانیات) غیر مقامی یا جس نے پوری طرح نیا ماحول قبول
نہ کیا ہو (جیسے غیر ملکی پودے یا جانور) ۔

adventure, n. مُہم ؛ کارنہایاں ؛ ماجرا ؛
جوکھم ؛ واقعہ ؛ سانحہ ؛ پُرجوش تجربہ ؛ دلیرانہ اور غیر یقینی نتیجے
والا کام(جس پر ہاتھ ڈال دیا گیا ہو) ؛ تجارتی جوؑا ؛ سٹا ؛ ذاتی زندگی
کا کوئی قابلِ ذکر واقعہ ؛ یاد رکھنے کے قابل واقعہ یا تجربہ ؛
سرگزشت ۔

adventurism, n. مسلمہ قواعد اور اصولوں
کے خلاف سرتاب رویہ ؛ مہم جوئی ؛ انحراف ۔

adventure, v.t. خطرے میں ڈالنا ؛
مہم جوئی کرنا ؛ جان جوکھوں میں ڈالنا ؛ خطرہ مول لینا ۔ (فعل لازم)
جوکھم اٹھانا ؛ سعی کرنا ؛ کوشش کرنا ۔

adventurer, n. مہم جو ؛ جانباز ؛ جواری ؛
سرباز ؛ مبارزت طلب ؛ انوکھی یا غیر معمولی مہموں میں حصہ لینے
والا یا ان کو اختیار کرنے والا ؛ خفیہ وسائل پر گزران کرنے والا ؛ بے
ایمان ؛ بدمعاش ۔

adventuresome, a. جان باز ؛ خطرے مول لینے کا
رجحان رکھنے والا ؛ دلیر ؛ جسارتی ؛ جرأت مند ۔

adventuress, n. مہم جو عورت ؛
جان باز عورت ؛ قابلِ اعتراض ذرائع سے دولت یا سماجی مقام حاصل
کرنے والی ۔

adventurous, a. مہم جو ؛ مہم طلب ؛ دلیر ؛
خطروں بھرا ؛ سورما ؛ دلاور ؛ جان باز ؛ من چلا ۔

adventurously, adv. مہم جویانہ ؛ دلیرانہ ؛
جان بازانہ ؛ انجام ناشناسی کے ساتھ ۔

adverb, n. (گرامر) متعلق فعل ؛
اجزائے کلام کا غیر منصرف جز جو افعال و صفات یا دیگر متعلقات فعل
میں تصرف کرتا ہے تا کہ ان کی اہمیت محدود یا وسیع ہو جائے ۔ اس
سے عموماً وقت ، جگہ ، انداز ، حالت ، سبب ، نتیجہ ، درجہ ، وسیلہ وغیرہ
کا اظہار ہوتا ہے ۔

adverbial, a. متعلق فعل کی خصوصیت یا
ساخت لیے ہوئے یا اس سے متعلق ۔

adverbially, adv. متعلق فعل کے انداز میں
یا اس کی قوت یا خصوصیت کے ساتھ ۔

adverbum, adv. لفظ بہ لفظ ؛ ہو بہو
انہی الفاظ میں ؛ حرف بہ حرف ۔

adversary, n. دشمن ؛ مخالِف ؛ عنادی ؛
حریف ؛ کسی فرد یا افراد سے عناد رکھنے والا ؛ فرد یا گروہِ افراد جو
کسی اور فرد یا گروہِ افراد کا مخالف ہے یا ان کے خلاف کام کرتا ہے ۔
(بڑے A کے ساتھ) بمعنی شیطان ۔

adversative, a. اختلاف، ناموافقت یا
عداوت کا اظہار کرتا ہوا (جیسے an adversative conjunction) ۔
(اسم) مخالفت یا ناموافقت کو ظاہر کرنے والا لفظ ۔

adversatively, adv. مخالفانہ ؛ بالعکس ۔

adverse, a. مخالف سمت میں کام کرتا ہوا ؛
برعکس عملی ؛ مخالف سمت میں عمل کرتا ہوا ؛ مخالفت کرتا ہوا ؛
عنادی ؛ ناموافق ؛ نامساعد ؛ مخالف ؛ دُشمنانہ ؛ نحس ؛ بد قسمت ؛ آفت

رساں ؛ ناسازگار۔

adversely, adv.
مخالف یا ناموافق طریقے سے۔

adverseness, n.
مخالفت ؛ ناموافقت ؛ عناد ؛ ناسازگاری۔

adversity, n.
بدبختی ؛ بپتا ؛ کامیابی یا تمنا میں رکاوٹ ڈالنے والا واقعہ یا سلسلہ واقعات ؛ بدقسمتی ؛ آفت ؛ مصیبت ؛ اُفتاد ؛ زبوں حالی ؛ بے آرامی ؛ نا خوشی کی حالت ؛ ادبار ؛ نحوست۔

advert, v.i.
لحاظ کرنا ؛ دھیان دینا ؛ ذہن یا توجہ مبذول کرنا ؛ نگاہ ڈالنا ؛ مشاہدہ کرنا ؛ دیکھنا ؛ حوالہ دینا ؛ اشارہ کرنا (بعد میں to لگاتے ہیں)۔

advertence,
توجہ ؛ دھیان ؛ لحاظ ؛ چوکسی۔

advertency, n.
ہوشیاری ؛ پاس۔

advertent, a.
متوجہ ؛ چوکس ؛ پاس دار۔

advertently, adv.
چوکس طریقے سے ؛ توجہ سے۔

advertise, v.t.
آگاہ کرنا ؛ اطلاع دینا ؛ متوجہ کرنا ؛ عام کرنا ؛ مشتہر کرنا (خصوصاً مطبوعہ یا نشری اعلان کے ذریعے) ؛ بیچنے کی غرض سے (کسی چیز کی) پسندیدگی کو معروف کرنا ؛ مشہور کرنا۔ (فعل لازم) اشتہار دے کر لوگوں کی توجہ میں لانا۔

advertiser, n.
مشتہر ؛ اشتہار دینے والا۔

advertisement, n.
اشتہار ؛ مشتہرہ ؛ اعلان یا پیغام جس کا مقصد یہ ہو کہ کسی چیز کی خوبیاں اور مطلوبہ فوائد لوگوں کو معلوم ہو جائیں ، خصوصاً وہ اعلان جس کا معاوضہ دیا گیا ہو اور جو کسی اخبار یا میگزین میں شائع ہوا ہو یا ریڈیو،ٹی وی کے ذریعے نشر کیا گیا ہو ؛ اشتہار دینے کا عمل۔

advertising, n.
اشتہار بازی ؛ کاروبارِ اشتہار ؛ کسی مصنوع یا خدمت گزاری وغیرہ کی جانب اجرتی اعلانات، نشریات یا مطبوعہ مواد کے ذریعے لوگوں کی توجہ مبذول کرنا ؛ اشتہارات کی ترتیب کاری ، تحریر کاری ، خاکہ بندی اور توقیت سے متعلق کاروبار۔

advice, n.
مشورہ ؛ ہدایت ؛ صلاح ؛ تجویز ؛ کوئی رائے جو قابلِ عمل سمجھ کر دی گئی یا پیش کی گئی ہو ؛ اطلاع ؛ رپورٹ ؛ اعلان نامہ ؛ نوٹس ؛ خبریہ ؛ کسی کاروباری سوداکاری کے سلسلے میں جاری کردہ اعلامیہ ؛ سیاسی یا سفارتی سرکاری رپورٹ۔

advisability, n.
موزونیت ؛ موزوں ہونے کی خوبی۔

advisable, a.
مشورے کے قابل ؛ قرینِ مصلحت ؛ کیے جانے یا زیرِ عمل لانے کے لیے موزوں ؛ جس میں مشورے کے لیے گنجایش موجود ہو ؛ مناسب۔

advisableness, n.
قرینِ مصلحت ہونے یا موزوں ہونے کی خوبی۔

advisably, adv.
از روئے نصیحت یا ازروئے مشورہ ؛ دانشمندانہ ؛ دور اندیشانہ۔

advise, v.t.
کسی کو مشورہ دینا ؛ نصیحت کرنا ؛ اطلاع دینا ؛ آگاہ کرنا ؛ کسی طرف دھیان دینا ؛ واقف کرنا۔ (فعل لازم) غور کرنا ؛ سوچ بچار کرنا ؛ مشورہ لینا ؛ سوچنا ؛ سمجھنا۔

adviser, advisor, n.
ناصح ؛ نصیحت کرنے والا ؛ چوکنا کرنے والا ؛ مشیر ؛ صلاح کار۔

advised, a.
محتاط ؛ دور اندیش ؛ سوچا سمجھا ؛ جس پر خوب سوچ بچار کی گئی ہو ؛ آگاہ ؛ مشورے یا غوروفکر کے ساتھ کیا گیا ، بنایا گیا یا لیا گیا (جیسے an advised act)۔

advisedly, adv.
غور و فکر یا مشورے کے ساتھ ؛ دوراندیشی کے ساتھ ؛ دانستہ ؛ سمجھ بوجھ کر۔

advisedness, n.
دور اندیشی ؛ محتاط طریق عمل ؛ خبرداری۔

advisement, n.
مشاورت ؛ مشورت ؛ نگرانی ؛ غوروخوض (جیسے to take under advisement)۔

advisory, a.
مشاورتی ؛ پندومشورہ دینے کا جسے اختیار ہو ؛ نصیحت آمیز۔

advocacy, n.
وکالت ؛ کسی کے حق میں استدلال ؛ بیچ بچاؤ ؛ حمایت ؛ طرف داری ؛ پیروکاری۔

advocate, n.
وکیل ؛ ایڈووکیٹ ؛ پیروکار ؛ عدالت میں کسی کے مقدمے کی وکالت کرنے والا ؛ جو کسی معاملے کا دلیل کے ساتھ دفاع یا اس کی بریت یا حمایت کرتا ہے ؛ کسی بات کے حق میں وکالت کرنے والا ؛ بیچ بچاؤ کرنے والا۔

advocate, v.t.
کسی معاملے یا پالیسی وغیرہ کے حق میں وکالت کرنا ؛ سرکاری عدالت کے سامنے دلائل کے ساتھ کسی کی صفائی پیش کرنا ؛ علانیہ سفارش کرنا ؛ حمایت کرنا ؛ بے خطا ٹھہرانا ؛ تائید کرنا۔

advocation, n.
وکالت ؛ حمایت ؛ وکالت کرنے کا عمل ؛ کسی کو طلب کرنے کا عمل ؛ کسی کی حمایت میں بولنے کا عمل۔

adynamia, n.
کمزوری ؛ ضعف ؛ ناتوانی ؛ بیمار ہونے کے باعث توانائی کا فقدان ؛ قوت حیات کی کمی۔

adynamic, a.
کمزور ؛ ناتواں ؛ ضعیف ؛ توانائی سے محروم۔

adytum, n.
زیارت گاہ خاص ؛ اندرون ترین مقدس یا متبرک مقام ؛ وہ مقام مقدس جس میں ازمنۂ قدیم میں صرف پادریوں ہی کو داخل ہونے کی اجازت تھی ؛ خلوت گاہ مقدس ؛ گرجے کی قربان گاہ ؛ پادری کے کھڑے ہونے کا خاص کونہ یا مقام ؛ ذاتی کمرہ ؛ حرم۔

adz, adze, n.
بسولا ؛ تیشہ ؛ کلہاڑی کی طرز کا اوزار جس سے عمارتی لکڑی کی سطح کو تراشتے ہیں ؛ اس کا کاٹنے والا پھل جو دستے پر زاویہ قائمہ بناتا ہے۔
(فعل متعدی) کلہاڑی یا بسولے سے تراشنا یا کوئی شکل دینا۔

adzuki bean, n.
جاپان میں سالانہ کاشت کیے جانے والا جھاڑی جیسا لوبیے کا پودا ،اس کا اصطلاحی نام Phaseolus angulari's ہے؛ بیج جو آٹے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔

aedes, n.
ایڈیز؛ ایک مچھر جس سے زرد بخار ہو جاتا ہے ، اس کا اصطلاحی نام Aedes aegypti ہے، اسے زرد بخار مچھر بھی کہتے ہیں؛ اس جنس کا کوئی مچھر۔

aedile, n. قدیم روما میں وہ مجسٹریٹ جو عمارتوں ، گلیوں ، کوچوں ، منڈیوں اور کھیلوں وغیرہ کا نگران ہوتا تھا۔

aedileship, n. مذکورہ بالا اختیارات کا عہدہ۔

Aegean, a. آژی؛ بحیرۂ آژ / ایجین سے متعلق ؛ بحیرہ روم کا ایک بازو جو یونان کے مشرق میں واقع ہے؛ خاص طور پر اس تہذیب سے متعلق اور اس کے لیے معروف ہے جو یونان کے تاریخی دور سے پہلے تھی اور جو بحیرۂ ایجین اور اس کے متصل جزیروں میں خوب پھولی پھلی جیسے کریٹ ، آرگولس وغیرہ میں ایجین تہذب؛ آژی تہذیب۔

aegis, n. (یونانی اساطیر) زیوس کی ڈھال؛ بعد میں ایک قسم کا سینہ پوش مراد ہوا؛ پلاس ایتھینا کے زرہ بکتر کا ایک حصہ ؛ ہر وہ چیز جو ڈھال بنتی یا حفاظت کرتی ہے؛ حفاظتی قوّت یا اثر؛ پناہ؛ سرپرستی۔

Aeneolithic, a. برنج حجری ؛ اس عہد سے متعلق جو کانسی دھات کے عہد سے پہلے تھا ، جب ماقبل تاریخ کا انسان تانبا استعمال کرتا تھا۔

Aeolian, a. ہواؤں کے یونانی دیوتا ایولس سے متعلق ۔ (چھوٹے a سے) ہوا سے متعلق ؛ ہوا یا پھونک سے با آواز یا باصدا ہونے والا ، جیسے کوئی سازِ موسیقی ؛ ہوا کے سہارے یا ذریعے سے اٹھایا ہوا۔

aeolian harp, n. بادِ ترنگ ؛ عُودِ ہوائی ؛ ایک ڈبہ جس میں بڑا سا سوراخ ہوتا ہے اس سوراخ کے اوپر مساوی لمبائی کے کسے ہوئے تار ہوتے ہیں جو ہوا کے اوپر سے گزرنے پر بجنے لگتے ہیں۔

aeolotropic, a. مختلف السموت ؛ غیرمتساوی السموت ؛ ان اجسام کو کہتے ہیں جو مختلف سمتوں میں غیر مساوی لچک رکھتے ہیں برعکس isotropic کے ۔

aeon, n. غیر متعین عرصے یا غیر مختتم طوالتِ زمانی کا دور ؛ ازل ؛ ابد ؛ ایک عہد ؛ جُگ ؛ عصر ۔ (ارضیات) ارضیاتی زمانے کی سب سے بڑی اکائی جو دو یا دو سے زیادہ زمانوں پر محیط ہو۔(دیکھیے : eon) ۔

aeonian, a. ازلی؛ ابدی ؛ غیرفانی ؛ دائمی ۔

aerate, v.t. ہوا/گیس بھرنا ؛ کاربن ڈائی آکسائڈ ، دیگر گیسوں یا ہوا سے مخلوط کرنا ؛ کسی چیز کو ہوائی اثرات کے حوالے کرنا ؛ ہوا میں رکھنا۔ (فعلیات)(خون وغیرہ کو) آکسیجن بہم پہنچانا جیسا کہ عمل تنفس میں ہوتا ہے؛ آکسیجن کی آمیزش کرنا؛ ہوا کی زد میں لانا یا ہوا میں رکھنا۔

aeration, n. ہوا بھرائی؛ ہوا آمیزی ۔

aerator, n. دھونکنی؛ پھونکنی؛ سوڈا تیار کرنے کے آلات ؛ ایک آلہ جس کے ذریعے دھواں دے کر گندم اور دیگر غلوں کو مرطوب ہونے سے محفوظ رکھا جاتا ہے۔

aerial, a. ہوائی یا فضائی ؛ ایریل ؛ ہوا باش ؛ ہوا میں بار بار جانے والا ؛ ہوائی جہاز یا طیارے سے متعلق ہوا میں یا ہوا سے پیدا کردہ ؛ خیالی ؛ تصوری ؛ عارضی ؛ موہوم ؛ ہوا کے دُور اندر چلا جانے والا ؛ اونچا ؛ بلند ؛ سُبک ؛ دلربا ؛ خوبصورتی والا ؛ ہوا پرورد (جیسے بعض جڑیں) ۔(اسم) ہوائیہ ؛ اینٹینا ؛ تابکار لہروں کو بطور اکائی آواز گیر (ریسیور) میں وصول کرنے والی شے۔

aerially, adv. ہوائی طریقے سے ؛ ایریل کے ذریعے۔

aerial bomb, n. (عسکری) ہوائی بم ؛ طیارے کے ذریعے گرائے جانے کے لیے بنایا گیا بم جو/عام طور پر ایک موقت آلے کے ذریعے یا ٹکرانے سے پھٹتا ہے۔

aerial combat, n. (عسکری) فضائی معرکہ ؛ فضائی جنگ ؛ مُحارب عساکر کے طیاروں کی فضائی جنگ۔

aerial engineer, n. (عسکری) فضائی انجینئر ؛ فلائیٹ انجینئر ، عموماً فوجی عہدیدار۔

aerialist, n. ہوائی قلاباز ؛ اونچے تار یا ورزشی جھولے وغیرہ پر کرتب دکھانے والا قلاباز (عموماً کسی سرکس میں) ؛ نٹ ؛ بازیگر۔

aerial ladder, n. ہوائی سیڑھی ؛ ہوائی زینہ ؛ وہ زینہ جسے فضا میں حسبِ ضرورت اونچا کیا جا سکے جیسا کہ آگ بجھانے والوں کے ٹرک میں لگا ہوتا ہے۔

aerial mine, n. (عسکری) ہوائی سرنگ ؛ طیارے میں سے اور معمولاً پانی میں گرانے کے لیے بنائی گئی سرنگ ؛ جنگ عظیم دوم کا ابتدائی بم جسے عموماً پیراشوٹ کے ذریعے گرایا جاتا تھا۔

aerie, aery, eyrie, n. نشیمن ؛ بلند آشیانہ ؛ گھونسلا ؛ شکاری پرندے کا گھونسلا (جیسے عقاب یا باز کا) ؛ کسی بڑے پرندے کا بلند ٹھکانہ ؛ بلند آشیانہ ؛ کوئی بلند کُرسی مکان ، بسیرا یا رہایش گاہ۔

aeriferous, a. ہوا بر ؛ ہوا دار ؛ ہوا رساں۔

aerification, n. ہوا سازی یا ہوا آمیزی کا عمل۔

aeriform, a. ہوا صورت ؛ موہوم ؛ ہوا طبع ؛ غیر حقیقی ؛ گیس دار ؛ مادی وجود سے محروم ؛ ہوا پیکر ؛ خیالی ؛ غیر مادی۔

aerify, v.t. (کسی چیز میں) ہوا بھر دینا ؛ ہوا سے (کسی چیز کو) بھر دینا ؛ ہوا سے ملا دینا ؛ ہوا کی صورت میں تبدیل کر دینا ؛ گیس یا ہوا بھرنا۔

aero, a. فضائی ؛ طیارہ یا طیارے کی پرواز سے متعلق ۔

aeroballistics, n. (ساخت میں واحد یا جمع) فضائی گولہ بار ؛ طیارے میں سے گولے ، میزائل ، راکٹ،بم وغیرہ پھینکنے والی منجنیقیں۔

aerobatics, n. فضائی/ہوائی کرتب ؛ (جمع|. جملے میں واحد بھی اور جمع بھی) ۔ (واحد) کرتب دکھانے کا فن یا عمل (جیسے ہوائی جہاز یا بے انجن طیارے کو قلابازیاں کھلانا) حیرت انگیز پرواز؛ ہوائی کرتب ۔ (جمع) ایسے کرتب جن کا مظاہرہ جنگی یا نمایشی پرواز کے دوران کیا جاتا ہے۔

aerobatic, a. قلابازانہ۔

aerobe , aerobium, n. ہوا جرثومہ ؛ ہوا نامیہ؛ ایک خردنامیّہ جس کی بقا کے لیے ہوا یا آکسیجن کی ضرورت ہے۔ (برعکس anaerobe نا ہوا نامیہ کے)۔

aerobic, a جسے زندہ رہنے اور پھولنے پھلنے کے لیے ہوا کی یا غیر مرکب آکسیجن کی ضرورت ہو جس کا باعث ہوا جرثومہ کی موجودگی ہو ؛ ہوا نامی۔

aerobics, n. ہوا باشی؛ ایک نظام ورزش جو دل اور پھیپھڑوں کی حرکات کو تقویت دینے کے لیے آکسیجن کی زیادہ مقدار جسم کے اندر کھینچنے پر مبنی ہے۔

aerobiosis, n. ہوا یا آکسیجن کی فضا میں زندگی؛ ہوا باشی۔

aerodrome, n. ہوائی اڈا۔

aerodynamics, n. ہوائی حرکیات (جمع لیکن جملے میں واحد بھی آتا ہے)؛ حرکیات کاوہ میدان جس کا تعلق ہوا یا دیگر گیسی سیّالوں کی حرکت سے ہے اور ان قوّتوں سے بھی جو ایسے ماحول کی مناسبت سے حرکت میں آنے والے اجسام پر عمل پیدا ہوتی ہیں۔

aerodynamic, a. حرکیّات ہوائی سے متعلق؛ ہوا حرکی۔

aerodynamicist, n. بالائی موضوع میں دلچسپی رکھنے والا۔

aerodyne, n. ہوا سے زیادہ بھاری طیارہ (جیسا کہ مروجہ ہوائی جہاز، گلائیڈر یا ہیلی کاپٹر)۔

aeroembolism, n. ہوائی سُداویت؛ شریانوں میں نائیٹروجن گیس کے بلبلوں کے سبب رکاوٹ پیدا ہو جانا؛ یہ بلبلے اس وقت بنتے ہیں جب ہوا کے دباؤ میں جسم کے اندر تیزی سے کمی ہونے لگتی ہے (جیسا کہ زیادہ بلندی پر پرواز کرنے سے)۔

aeroemphysema, n. ایک بیماری جو بلندی پر ہوا کے دباؤ میں کمی آنے سے پیدا ہوتی ہے یہ بدن کی رابطہ بافتوں میں گیسی بلبلے بن جانے سے ہو جاتی ہے (جیسا کہ بلند پروازی میں)۔

aerogram, aerogramme, n. ایروگرام؛ ہوائی ڈاک یا لاسلکی پیغام؛ ہوائی مکتوب جو تہ کرنے سے لفافے کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔

aerographer, n. فضا نویس؛ ریاستہائے متحدہ امریکا میں وہ افسر بحریہ جو موسمی حالات کا مطالعہ اور پیش گوئی کرتا ہے۔

aerography, n. فضا نگاری؛ ہوائی یا فضائی صورت حال کی وضاحت؛ موسمیات؛ موسم شناسی۔

aerolite, aerolith, n. حجرہوائی؛ حجر شہابی؛ شہاب؛ سنگِ آسمانی۔

aerolitic, a. شہابی؛ شہاب سے متعلق۔

aerological, aerologic, a. ہوا شناسی یا علمِ کرۂ ہوائی سے متعلق۔

aerologist, n. ہوا شناس؛ ماہر ہوائیّات۔

aerology, n. ہوائیات؛ ہوا شناسی؛ طبیعیات کی وہ شاخ جس کا موضوع ہوا، اس کے اجزائے ترکیبی، خواص اور مظاہر ہیں؛ علم کرہ ہوائی۔ (موسمیات) بہت بلندی پر فضا کا مطالعہ۔

aeromechanic, n. میکینک ہوا بازی؛ ہوائی جہازوں کو ٹھیک کرنے والا۔ (صفت) ہوائی میکانیات کے متعلق یا اس کا حوالہ لیے ہوئے۔

aeromechanics, n. ہوا میکانیات؛ ہوا یا دوسری گیسوں کا حرکت اور توازن کی حالت میں مطالعہ، نیز ان ٹھوس اجسام کا مطالعہ جو گیسوں میں ڈوبے ہوئے ہوں۔

aeromechanic, aeromechanical, a. ہوا میکانکی۔

aeromedical, a. طبّ ہوا بازی کی سائنس اور اس کی پریکٹس سے متعلق۔

aeromedicine, n. طبِّ ہوا بازی؛ طب کی وہ شاخ جو ان عوارض سے تعلق رکھتی ہے جو ہوابازی کے دوران پیدا ہو سکتے ہوں۔

aerometeorograph, n. طیارے میں استعمال ہونے والا فضا نگار۔

aerometer, n. مقیاس الہوا؛ ہوا پیما؛ گیس پیما؛ ایک آلہ جس سے ہوا کا ثقل معلوم کیا جاتا ہے یا اس کی ثقالت کا اندازہ لگایا جاتا ہے نیز ہوا اور گیسوں کا وزن جانا جاتا ہے۔

aerometric, a. فضا نگاری سے متعلق۔

aerometry, n. فضا نگاری؛ ہوا اور گیسوں کی ثقالت اور ان کے وزن کی پیمایش کرنے والی شاخِ علم۔

aeronaut, n. ہوا نورد؛ ہوا سے ہلکے طیارے میں ہوائی جہاز رانی کرنے والا؛ ماہر طیرانیات؛ غبارچی؛ طیارچی۔

aeronautic, aeronautical, a. ہوا نوردی کے علم و عمل سے متعلق۔

aeronautical engineer, n. فضائی انجینیر؛ ہوائیاتی انجینئر؛ ہوائی جہاز اور اس کے کل پُرزے ڈیزائن کرنے اور بنانے کا ماہر۔

aeronautics, n. طیرانیات؛ علم طیارہ سازی؛ ہوائی جہاز ڈیزائن کرنے، تیار کرنے اور بنانے کا کاروبار، فن اور سائنس۔

aeroneurosis, n. ہوائی عصبی تغیّر؛ ہوائی اعصابی خلل؛ اعصابی تناؤ، پریشانی یا تھکن کے باعث ہوابازوں میں پیدا ہونے والا نفسی اعصابی خلل، جس سے دل ڈوبنے یا بیٹھنے، پیٹ درد، بے خوابی اور اعصابی چڑچڑاپن پیدا ہو جاتا ہے۔

aeronomy, n. فضا کے بالائی طبقات کے طبعی اور کیمیائی مظاہر کا مطالعہ۔

aeropause, n. بالائی فضا کا وہ حدود نا آشنا خطّہ جس کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ وہ فضا کے زیادہ کثیف حصے اور خلا کے درمیان حدِّ فاصل ہے۔

aerophore, n. ہوا زن؛ ہوا کو صاف کرنے کا ایک دستی آلہ؛ ایک آلہ جس سے پھیپھڑوں میں ہوا بزور داخل کی جاتی ہے (سکتہ یا غشی کی صورت میں)۔

aeroplane, n. ہوائی جہاز؛ طیارہ۔

aeroscepsis, aeroscepsy, n. (حیوانیات) فضائی حالات وکیفیات (بُو وغیرہ) سے زود حسی یا اثر پذیری۔

aerosol, n. (طبعی کیمیا) ہوا سَمّ؛ ایرو سول؛ کسی گیس میں ٹھوس یا مائع ذرات کی موجودگی جو دھوئیں یا دُھند کا باعث بنتے ہیں؛ کسی دھاتی ظرف میں کسی معدوم الحرکت گیس کے ساتھ دباؤ میں رکھی ہوئی کوئی سیّال شے جسے والو کے ذریعے بوقت ضرورت ظرف سے خارج کیا جاتا ہے۔

aerosolize, v.t. ہوا سم کرنا؛ ایرو سول کرنا؛ ایرو سولی طریقے سے بکھیرنا یا منتشر کرنا۔

aerosol bomb, n. ایک ظرفچہ جس میں ایرو سول خصوصاً جراثیم کش یا حشرات کش سیّال چھڑکنے کا آلہ نصب ہوتا ہے۔

aerospace, n. فضائیات: ہوائی فضا ؛ زمین کا کرۂ ہوائی مع اس سے ملحقہ خلا کے ؛ زمین کا گرد پوش ہوائی مع ملحقہ خلا کے ؛ ہوائی گاڑیوں کی پروازی سرگرمی میں پلاسٹک میزائل ، زمینی سیارے ، عنانی خلائی گاڑیاں وغیرہ چھوڑنے ، کنٹرول کرنے اور سمت دکھانے میں دونوں کو ایک ہی اقلیم گنا جاتا ہے ۔ (صفت) خلا و ہوا سے متعلق ؛ ہوائی فضا سے متعلق (خصوصاً ان گاڑیوں کے بنانے کے متعلق جو خلا و ہوا میں چلتی ہیں ، جیسے میزائل ، راکٹ اور سیٹلائیٹ وغیرہ ۔

aerosphere, n. کرۂ ہوائی ؛ زمین سے اوپر کے کرۂ ہوائی کی وہ فضا جس میں طیاروں کے ذریعے انسانی پرواز ممکن ہے ۔

aerostat, n. ایسا ہوائی جہاز جو اپنی اُٹھان یا اڑان کی صلاحیت اپنے مخزن میں موجود ، ہوا سے ہلکی گیس سے حاصل کرتا ہے ۔

aerostatics, n. (جمع ہے لیکن ترکیب کلام میں واحد بھی آتا ہے) ہوا سکونیات ؛ طبیعیات کی ایک شاخ جس کا تعلق ان ٹھوس اجسام کے توازن سے ہے جو گیسی سیّالات میں ڈوبے ہوتے ہیں اور گیسی سیّالات کے توازن سے جن کا تعلق ہوتا ہے ۔

aerostation, n. غباری پرواز ؛ ہوائی جہاز رانی ؛ ہوائی جہاز یا غبارہ اڑانے کا علم یا فن [aviation (ہوا بازی) سے ممتاز]۔

aerothermodynamics, n. ہوائی حر حرکیات ؛ (ہوا کی) انتہائی زیادہ رفتاروں پر حرحرکیاتی مظاہر کا مطالعہ یعنی ہوا کی حرحرکیاتی خاصیتیں (مطالعہ کے لیے) اہمیت رکھتی ہیں ۔

aerotrain, n. وہ ریل گاڑی جو یک پٹڑی اور باد کُشن (Aircushion) کے اصولوں سے کام لیتی ہوئی تیز رفتار سے چلتی ہے ۔

aery, a. ہوا دار ؛ نسیم آور ؛ ایثری ؛ ہوائی ۔

Aesculapian, a. (طب) قدیم شفا بخش دیوتا کا یا اس سے متعلق ؛ فنِ شفا کے متعلق ۔ (اسم) طبیب ؛ معالج ۔

aesthete, esthete, n. جمالیات کے اصولوں یا نظریات کا طالب ؛ حُسن پرست ؛ جمال دوست ۔

aesthetic, aesthetical, esthetic, esthetical, a. جمالی ؛ حسن و ذوق کے مطالعہ سے متعلق ؛ حُسن و جمال سے متعلق ؛ جمالیاتی ؛ حسن پسندانہ ۔

aesthetically, esthetically, adv. حسن پرستانہ ؛ حسن و جمال کے حوالے سے ؛ جمالیاتی طور پر ۔

aestheticism, estheticism, n. جمالیات کے اصول یا نظریات ؛ جمالیت ۔

aesthetics, esthetics, n. فنونِ لطیفہ کا نظریہ اور اس کے تعلق سے ذہن و جذبات کا فلسفہ ؛ علم جمالیات ؛ فلسفے کی وہ شاخ جس کا موضوع حسن و جمال ہو ؛ نظریاتِ ذوق ۔

aestival, estival, a. گرمائی ؛ موسم گرما سے متعلق ۔

aestivate, estivate, v.i. تصیّف کرنا ۔ (حیاتیات) موسم گرما کو غیر فعال گزارنا ۔

aestivation, estivation, n. تصیّف ؛ گرمائی نیند ۔

aethrioscope, n. ایتھر نما ؛ اشعاع سما نما ؛ آسمان کی مختلف حالتوں کے باعث فضائی حرارت میں ہونے والے چھوٹے چھوٹے تغیرات کو جانچنے کا آلہ ۔

aetiology, etiology, n. تعیین علت ؛ علّت شناسی ؛ مرض یا کسی مظہر یا عارضے کے سبب یا اسباب کے بارے میں نظریہ ؛ علم الاسباب ۔

aetiological, etiological, a. تعیینِ علت کا یا اس سے متعلق ۔

afar, adv. بہت پرے ؛ دُور ؛ مکانی لحاظ سے فاصلے پر یا فاصلے سے (عموماً اس کے پہلے from آتا ہے یا بعد میں off یا دونوں آتے ہیں) ۔

afeard, afeared, a. ڈرا ہوا ؛ خوف زدہ ۔

affability, n. خوش خلق ہونے کا وصف ؛ خوش خلقی ؛ مروت ؛ کشادہ دلی ؛ خُلق ۔

affable, a. جلد گھل مل جانے والا ؛ بلا تکلف دوسرے سے بات چیت میں لگ جانے والا ؛ متواضع ؛ خوش اخلاق ؛ خلیق ؛ حلیم ؛ دلجو ؛ خوش اطوار ؛ پُرتپاک ؛ خوش گوار ؛ بامروت ؛ کشادہ دل ؛ اِس سے affably متعلق فعل ہے (کشادہ دلی سے)۔

affair, n. کسی قسم کا کاروبار ؛ کیا گیا یا کیا جانے والا (کام)؛ بیوپار ؛ کام کاج ؛ جھڑپ ؛ واردات ؛ ماجرا ؛ معاملہ ؛ بات ؛ مسئلہ ؛ عوام میں وجہ رسوائی یا تنازع بننے والا واقعہ ؛ وقوعہ یا سماجی اجتماع ؛ کوئی واقعہ ۔ (جمع کی صورت میں) سرکاری یا مالی معاملات جیسے .to put one's affairs in order ؛ مختصر آشنائی (عموماً ناجائز)۔

affect, v.t. اثر انداز ہونا ؛ اثر پیدا کرنا یا تبدیلی لے آنا ؛ متاثر کرنا ؛ جوش پیدا کرنا ؛ کارگر ہونا ؛ دل میں بیٹھنا ؛ کُھب جانا ؛ احساسات کو اُبھار کر متحرک یا متاثر کرنا ؛ آرزو کرنا ؛ عادتاً کسی کے تعاقب میں ہونا یا کسی کی جانب کھنچا جانا ؛ ظاہر کرنا ؛ بناوٹی صورت اختیار کرنا ؛ بناوٹ سے کام لینا ۔

affectedness, n. تصنّع ؛ دکھاوا ؛ بناوٹ ؛ ظاہرداری ۔

affect, n. (نفسیات) ادراک اور ارادہ کے برعکس احساس اور جذبہ ؛ جذبہ مع جسمانی حرکات ؛ تاثر ؛ جذبہ ۔

affectation, n. تصنّع ؛ بناوٹ ؛ جو حقیقی یا قدرتی نہ ہو وہ بننے یا دکھانے کی کوشش ؛ دکھاوا ؛ ریاکاری ، (خصوصاً وہ جو قابل ستایش یا غیر معمولی ہو) ؛ بناوٹی صورت یا نمود ؛ ظاہر داری ۔

affected, a. مائل یا راغب ؛ ریا کار ؛ متاثر ؛ ایسے امر کا حامل ہونے کا دعویٰ کرنا جو فطری یا حقیقی نہ ہو ؛ ظاہر دار ؛ بہروپ دھارے ہوئے ؛ تاثر پذیر ؛ سخت رنجیدہ ؛ زیر اثر (جیسے کسی بیماری کے)۔

affectedly, adv. ظاہر داری سے ؛ ظاہر دارانہ ؛ بناوٹی طریقے سے یا ریاکاری سے ۔

affecting, a. کارگر پُر اثر ؛ جذبات ابھارنے پر قادر ؛ اثر انگیزی کے لیے موزوں ؛ رقّت انگیز ؛ مؤثر ؛ دلدوز ؛ درد انگیز

affectingly, adv.
کارگر یا پُر اثر طریق سے ؛
اثر انگیز یا پُر تاثیر / دل نشین انداز میں ۔

affection, n.
کسی طریق سے کسی کے جذبات
متاثر کرنے کی حالت ؛ ذہنی جھکاؤ ؛ رجحان ؛ میلانِ طبع ؛ کیفیت ؛
چاہ ؛ لگن ؛ کسی کے لیے مشتاقانہ احساس یا لگاؤ ؛ عقیدت ؛ الفت ؛
اُنس ؛ محبّت ؛ اثرانداز ہونے یا کرنے کا عمل ؛ متاثر ہونے کی کیفیت ؛
وہ وصف یا جوہر جو کسی سے الگ نہ کیا جا سکے ؛ کوئی خاص تبدیلی
جیسے جسم میں کوئی اضافہ یا کمی ؛ روگ ؛ عارضہ ۔

affectional, a.
محبت / عقیدت وغیرہ سے متعلق یا
اس کے مفہوم کے ساتھ ؛ مشفقانہ ۔

affectionate, a.
مشُفق ؛ بہت محبت یا پیار کرنے والا ؛
شیدائی ؛ مشتاق ؛ رحم دل ؛ پریمی ؛ مُحبّانہ طریق عمل ؛ نرم دل ؛
مُحب ۔

affectionateness, n.
دلدادگی ؛ محبت بھرا ہونے کا وصف ؛
اشتیاق ؛ عقیدت ۔

affective, a.
کیفیت یا جذبے کو ظاہر کرنے والا ؛
محبت یا الفت وغیرہ سے متعلق ؛ جذباتی ؛ قلبی کیفیت سے متعلق ۔
(نفسیات) خیال سے زیادہ جذبے سے متعلق ۔

affenpinscher, n.
ایفن پنشر ؛ چھوٹے قد کی نسل کا
ایک کتا جس کی جلد گہری سرخ ، سیاہ یا بھوری ہوتی ہے ، نوکیلے
کان ہوتے ہیں اور ناک ٹھوڑی اور آنکھوں کے ارد گرد گُچھے دار بال
ہوتے ہیں ۔

afferent, a.
(فعلیات) درآور ؛ اندر کی جانب کسی
مرکزی نقطے کی طرف لے جانے والا (جیسے بعض عصبی یا رگیں) ؛
بالمقابل efferent کے ۔

affettuoso, a.
(موسیقی) جذباتی ؛ درد انگیز ؛ پُر اثر ۔

affettuoso, adv.
(موسیقی) جذبے کے ساتھ ؛
نغمہ کار کو دی گئی ہدایت کہ جذبے کے ساتھ ادا کرے ۔

affettuoso, n.
(موسیقی) نغمہ سازی یا نغمہ نوائی
جو اساسی طور پر مؤثر اور درد انگیز ہو ۔

affiance, v.t.
منگنی کرنا ؛ شادی کے وعدے
کا پابند کر دینا ؛ سگائی کرنا ؛ نسبت کرنا ؛ بھروسا دینا ۔

affiant, n.
(قانون) حلف نامہ داخل کرنے والا ؛ حلفی ۔

affidavit, n.
تحریری حلفی بیان ؛
بیان حلفی ؛ حلف نامہ ؛ حقائق پر مبنی تحریری بیان جس پر کسی فریق
نے دستخط کیے ہوں اور مجاز مجسٹریٹ کے سامنے اس کے بارے میں
قسم کھائی ہو اور توثیق کی ہو ؛ حلفی تحریر ۔

affiliate, v.t.
الحاق کرنا ؛ ملحق کر لینا ؛
رشتہ داری میں لینا یا لانا (جیسے متبنیٰ بنا کر یا رسمی ذریعے سے) ؛
ساتھی یا شریک کار بنانا یا بننا (one-self کے بعد with لگا کر) ؛ کسی
ادارے میں اشخاص کو بحیثیت اراکین اور انجمنوں کو بحیثیت شاخ
ملحق کر لینا ؛ متعلق کرنا ؛ منسوب کرنا ؛ ساتھ جوڑنا ۔ (قانون) ولدیت
کا تعین کرنا (بعد میں upon آتا ہے) ۔

affiliate, v.i.
اپنے آپ کو شامل کرنا ۔ (اسم) شامل
شدہ شخص ؛ ملحق شدہ جماعت ، ادارہ یا کمپنی ۔

affiliation, n.
عملِ الحاق یا ملحق ہونے کی کیفیت ؛
اشتراک ؛ الحاق ؛ رفاقت ؛ شراکت ؛ تعلق داری ؛ نسبت ؛ قرابت داری ۔

affine, n.
قرابت دار بوجہ شادی ۔

affinal, a.
شادی سے متعلق ۔

affined, a.
قریبی رشتہ دار ؛ علاقہ دار ؛ وابستہ ۔

affine, a.
(ریاضی) محدود مقداروں کو
محدود اقدار تفویض کر کے ان کی محدودیت کو برقرار رکھنا ؛ وہ
توجیہہ جو نقاطِ محدود کا نقاطِ محدود تک اور متوازی خطوط کا
متوازی خطوط تک گراف بناتی ہے ؛ متساوی الزاویہ اِلف تحویل ۔

affinitive, a.
قربت سے مخصوص ؛
قریبی رشتہ داری ؛ قریبی تعلق یا وابستگی ۔

affinity, n.
ناتا ؛ ناتے داری ؛ شادی سے قائم شدہ
رشتہ (خونی رشتہ داری کے برعکس) ؛ اشتراک ؛ عام رشتہ ، ربط یا
اتحاد (جیسے زبانوں یا آوازوں کا) ؛ اقسام یا طبائع میں یکسانیت ؛ اس
قسم کے احساس یا کشش کو قبول کرنے والا ؛ لگاؤ ؛ سروکار ؛ رغبت ؛
میلان ؛ قدرتی کشش ۔ (کیمیا) اِلف ؛ وہ قوت جس کے ذریعے غیر
آہنگ مزاج کے اجسام بعض مخصوص تناسبات کے ساتھ مل کر ایسا
مرکب بناتے ہیں ، جو ان اجزائے ترکیبی میں سے ہر ایک کی طبع سے
مختلف ہوتا ہے ۔

affirm, v.t.
وثوق کے ساتھ دعویٰ کرنا ؛
اعتماد کے ساتھ بتانا ؛ ادعا کرنا ؛ اعلان کرنا ؛ دعویٰ کرنا ؛ انکار کے
برعکس اعتراف کرنا ؛ قانونی طور پر تصدیق کرنا یا جائز قرار دینا ؛ قائم
یا بحال رکھنا ؛ برقرار رکھنا ۔ (فعل لازم) سچے دل سے باضابطہ اعلان
کرنا ؛ قانونی طور پر توثیق کرنا یا تسلیم کرنا ؛ اظہارِ حلفی کرنا ۔

affirmable, a.
قابلِ توثیق ؛ قابلِ اعلان ؛ قابلِ تسلیم ۔

affirmably, adv.
توثیق پذیر ؛ ایجاب پذیر ۔

affirmance, n.
توثیق ؛ اثبات ؛ اقرار ۔

affirmant, n.
توثیق یا ادعا وغیرہ کرنے والا ؛
قسم اٹھانے کی بجائے توثیق کر دینے والا ۔ اِسے affirmer بھی کہتے
ہیں ۔

affirmation, n.
توثیق ؛ تصدیق ؛
درست ہونے کی تصدیق یا توثیق کا عمل ؛ جس کا ادعا کیا جائے ؛ برملا
گوئی ؛ اثبات ؛ قسم اٹھانے میں پس و پیش کرنے والے کا اس کی جگہ
صدق دلانہ بیان ۔

affirmative, n.
اثباتی ؛ ایجابی ؛ وہ لفظ یا ترکیب
جس میں تصدیق یا توثیق ہو یا کسی سوال کا اثبات میں جواب دیا
جائے ؛ نفی کے برعکس مُثبت ؛ (مباحثہ) مبحث کا وہ فریق جو موضوعِ
بحث کی صداقت کے حق میں بات کرتا ہے ؛ حامی ۔

affirmative, a.
ایجابی ؛ منفی کے برعکس مثبت ۔
اثباتی ؛ تصدیق کنندہ ۔

affirmatively, adv.
اثباتی انداز میں ؛
مثبت طریقے سے ۔

affix, v.t.
نتّھی کرنا ؛ ساتھ شامل کرنا ؛ ملانا ؛
کسی دستاویز کے خاتمے پر یا آخر میں تحریراً اضافہ کرنا ؛ منسلک
کرنا ؛ ساتھ شامل کرنا (جیسے اپنے دستخط) ؛ باندھنا ؛ چپکانا (جیسے
ایک چیز کو دوسری سے) ۔

affix, n.
لاحقہ ؛ سابقہ ؛ اضافہ ؛ وہ حرف یا

رکن جو کسی حرف ، اساس یا اصل کے پہلے یا آخر میں مشتق بنانے کے لیے لگایا جائے ؛ سابقہ یا لاحقہ ؛ کوئی منسلکہ چیز ؛ ضمیمہ ؛ تعلیقہ۔

afflatus, n. تخلیقی آمد (جیسے کسی شاعر کو) ؛ علم کا ربانی نزول ؛ الہام ؛ القا۔

afflict, v.t. ایسی ایذا پہنچانا (جسم یا ذہن کو) جس میں تسلسل یا دیرپائی ہو ؛ ذلیل کرنا ؛ دکھ دینا ؛ غمناک کرنا ؛ براساں کرنا ؛ مصیبت میں ڈالنا ؛ ابتلا میں ڈالنا ؛ اذیت دینا ؛ بے آرام کرنا ؛ قہر نازل کرنا ؛ بپتا ڈالنا۔

afflicter, n. اذیت پہنچانے والا ؛ موذی۔

affliction, n. مصیبت ؛ آفت ؛ بپتا ؛ اذیت ؛ اذیت پانے کی کیفیت ؛ جسم اور دماغ کے شدید درد یا بے چینی کی حالت یا اس کا سبب ؛ بَلا ؛ دکھ۔

afflictive, a. پُردرد ؛ درد بھرا ؛ تکلیف دہ ؛ بلا خیز ؛ دردناک۔

affluence, n. کسی جانب بہاؤ یا کثرت ؛ بہتات ؛ فراوانی ؛ دولت مندی ؛ تونگری ؛ مُرفّہ الحالی۔

affluent, a. رواں ؛ کسی جانب بہتا ہوا ؛ مالدار ؛ فراواں ؛ دولت مند ؛ متمول۔

affluent, n. (جغرافیہ) معاون ندی۔

afflux, n. بہاؤ ؛ کسی طرف بہنے والا (جیسے لوگوں کا سیلاب یا خون کا دریا) ؛ رجحان ؛ رغبت ؛ میلان۔

afford, v.t. مان لینا ؛ دینا ؛ دے دینا ؛ فراہم کرنا ؛ مہیا کرنا ؛ پیدا کرنا (منافع وغیرہ) ؛ عطا کرنا یا مرحمت کرنا (حوصلہ افزائی یا تحسین کے لیے) ؛ وسائل کی کثرت کے باعث خریدنا ، بیچنا یا خرچ کرنا ؛ زیادہ نقصان کے بغیر دوسرے کو دے دینا ؛ مقدور رکھنا ؛ مصارف برداشت کرنے کے قابل ہونا (اس سے پہلے can, could, may, might استعمال کرتے ہیں)۔

afforest, v.t. بدل دینا (جیسے عام زمین کو جنگل میں) ؛ زمین کو جنگلانا۔

afforestation, n. زمین کو جنگلانے کا عمل ؛ جنگلائی گئی زمین۔

affranchise, enfranchise, v.t. آزاد کرنا ؛ غلامی سے رہائی دینا ؛ پورا حقِ شہریت و رائے دہی دینا۔

affray, n. بلوا ؛ فساد ؛ ہنگامہ ؛ شور شرابا ؛ جھگڑا ؛ لڑائی ؛ توتکار ؛ مارکٹائی۔

affreight, v.t. کرایے پر لینا (جیسے جہاز کو مال اسباب وغیرہ لانے لے جانے کے لیے)۔

affreighter, n. کرایہ پر لینے والا۔

affreightment, n. جہاز کو مال لانے لے جانے کے لیے کرایہ پر لینا۔

affricate, v.t. (صوتیات) فِرک کرنا ؛ حرفِ صحیح کی ساکن آواز کا فوراً بعد آنے والے مرغولی (spirant) اور فرکی (fricative) اصوات کی اسی حالت میں میل جیسے teach میں ch اور gentle میں g۔

affrication, n. (صوتیات) فرک کاری ؛ حرف صحیح کی ساکن آواز میں تبدیلی لانے کا عمل اس سے حاصل ہونے والی تبدیلی جیسے pf جرمن زبان میں۔

affright, v.t. ڈرانا ؛ خوفزدہ کرنا ؛ اچانک خوف یا خطرے سے ڈرانا ؛ ایک دم یا غیر متوقع طور پر ، اچانک ڈرا دینا۔ (اسم) ہول ؛ دہشت۔

affront, v.t. گستاخی کرنا ؛ ہتک کرنا ؛ کھلم کھلا گستاخی کا مظاہرہ کر کے ناراض کرنا ؛ توہین کرنا ؛ للکارتے ہوئے مقابلہ کرنا۔

affront, n. گستاخی ؛ سبکی ؛ ہتک ؛ گستاخی یا زبان درازی کا کھلم کھلا مظاہرہ ؛ غُصہ میں جذبات کی پامالی ؛ بے عزتی ؛ شرم یا بدنامی کا احساس پیدا کرنے والی کوئی حرکت۔

affuse, v.t. انڈیلنا ؛ چھڑکنا (کسی مائع سے)۔

affusion, n. اوپر بہانا ؛ انڈیلنے یا چھڑکنے کا عمل (جیسے بپتسمہ کے لیے)۔

Afghan, n. افغانستان کا باشندہ ؛ آریائی خاندان کی زبان جو افغانستان میں بولی جاتی ہے۔ (چھوٹے a سے) کروشیے یا بُنائی سے بُنا ہوا اونی کمبل یا چادر ؛ دُھسہ۔

Afghan, a. افغانی ؛ افغانستان سے متعلق۔

Afghan hound, n. افغان شکاری کُتّا ؛ مشرق قریب میں پائی جانے والی شکاری کتے کی ایک نسل جس کے ریشمی بال ، ریشمی کلغی اور چھوٹا سر ہوتا ہے۔

aficionado, n. جوشیلا ؛ عقیدت مند ؛ پُر جوش پجاری۔

afield, adv. کھیت کی جانب ؛ کھیت میں ؛ بیرون ملک ؛ دساور میں ؛ گھر سے دور ؛ بھٹکا ہوا ؛ اپنے علم اور تجربے کے میدان سے ہٹا ہوا ؛ کالے کوسوں دور۔

afire, a., adv. سوزاں ؛ آتش گرفتہ ؛ جلتا ہوا۔

aflame, a., adv. شعلہ زن ؛ جگمگاتا ہوا ؛ دمکتا ہوا ؛ دہکتا ہوا ؛ فروزاں ؛ درخشاں۔

afloat, a., adv. پانی پر ؛ لبریز ؛ آب برداشتہ ؛ تیرتا ہوا ؛ دور سمندر میں ؛ ہچکولے کھاتا ہوا ؛ بے ٹھکانہ ؛ متزلزل ؛ طغیانی پر ؛ سیلاب زدہ ؛ ادھر ادھر بہتا ہوا ؛ ایک شخص سے دوسرے تک گردش میں (جیسے کوئی افواہ) ؛ مصائب کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے۔

afoot, a., adv. پیدل ؛ پاؤں کے سہارے ؛ پا برداشتہ ؛ چلتا ہوا ؛ ترقی میں ؛ منصوبہ بندی کی حالت میں جیسے کوئی تجویز یا لائحۂ عمل۔

afore, adv., prep., conj. (زمان و مکان کے حوالے سے) قبل ؛ پیشتر ؛ اگلے زمانے میں ؛ سابقہ ؛ قبل ؛ قدیم۔

aforesaid, aforementioned, a. مذکورہ بالا ؛ ایک ہی تحریر یا تقریر میں سابق الذکر ؛ محولہ بالا ؛ مذکورۃ الصدر۔

aforethought, a., n. سوچا سمجھا ہوا ؛ طے کردہ ؛ پیش بینی کے ساتھ۔

afoul, a., adv. کسی الجھن یا تصادم میں ؛ خراب شدہ ؛ الجھایا ہوا۔

afoul of, prep. کسی جھگڑے یا تصادم کی حالت میں ہونا (جیسے to run or fall afoul of the law یعنی کسی قانون سے متصادم یا نزاعی حالت میں ہونا)۔

afraid, a. متذبذب ؛ خدشے سے متاثر ؛

خوفزدہ ؛ خائف ؛ ڈرا ہوا ۔ (عام بول چال) سوچوں میں گھرا ہوا ؛ سوچ میں پڑا ہوا ؛ کسی ناخوشگوار بات کی ناگواری کو دور کرنا جیسے I am afraid you will have to wait ۔

afreet, afrit, n. عِفریت ؛ اساطیر عرب کا ایک طاقتور جن یا دیو ۔

afresh adv. نئے سرے سے ؛ از سر نو ؛ پھر ؛ وقفے سے ۔

African, a. افریقہ یا اس کے باشندوں کے متعلق ۔ (اسم) افریقی ؛ افریقائی ؛ افریقہ کا باشندہ ؛ افریقی اقوام میں سے کسی ایک سے تعلق رکھنے والا ۔

Africander, Afrikander, n. وہ شخص جو پیدا تو جنوبی افریقہ میں ہوا ہو لیکن اصلاً یورپی ہو بالخصوص ڈچ نژاد ؛ افریکانر ؛ زیادہ درجۂ حرارت کو برداشت کرنے والی جنوبی افریقہ کے مویشیوں کی ایک نسل ۔

Africanderism, n. یورپی نژاد افریقیوں سے مخصوص یا ان کا ایجاد کردہ کوئی لفظ ، محاورہ یا فقرہ وغیرہ ؛ افریقی لہجہ ۔

Africanist, n. افریقی تہذیبوں یا زبانوں کے مطالعہ کو موضوعِ تحقیق بنانے والا ؛ ماہر افریقیات ۔

African violet, n. ایک عام گھریلو پودا جس کا اصطلاحی نام Saintpaulia ionantha ہے اور جس کے پھول گلابی ، بنفشی یا سفید اور پتے مخملیں ہوتے ہیں ۔

Afrikaans, n. افریکانز ؛ سترھویں صدی کے ولندیزی آبادکاروں کی بولی سے ماخوذ ایک زبان جو جنوبی افریقہ میں بولی جاتی ہے ۔

Afrikaner, n. دیکھیے : Africander ۔

Afro, لاطینی لفظ Afer بمعنی افریقی کی ایک صورت جسے بطور سابقہ استعمال کیا جاتا ہے (جیسے افروایشین یعنی افریقی اور ایشیائی یا افریقی نسل کا ایشیائی ؛ اسی طرح افرویوروپین) ۔

Afro-American, a. امریکا کے حبشی نژاد افریقیوں سے متعلق ۔

Afro-Asiatic, a. ان زبانوں کے خاندان سے متعلق جو سارے جنوب مغربی ایشیا اور شمالی افریقہ میں مصری ، سامی ، چڈ ، بربری اور بعض حامی ذیلی زبانوں سمیت بولی جاتی ہیں ۔

aft, a., adv. (جہاز رانی) دنبالۂ جہاز یا ہوائی جہاز کی عقبی سمت یا اس پر یا اس کے قریب کے محل وقوع کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا جانے والا لفظ ؛ پیچھا ؛ دُنبالہ ۔

after, a. بعد ؛ پیچھے ؛ عقب میں ؛ زمانی لحاظ سے مابعد ؛ مؤخر ؛ مِن بعد ؛ بعد میں آنے والا (جیسے an after period of life) اس مفہوم میں اکثر بعد میں آنے والے اسم کے ساتھ متصل ہو جاتا ہے ۔

after, conj. وقت کے لحاظ سے بعد کے مفہوم میں (جیسے after the others arrived.) ۔

after, adv. زماناً مؤخر ؛ بعد وقت ؛ پیچھے ؛ بعد میں آنے والا ؛ متعاقب ؛ تعاقب میں ۔

after, prep. مکان و زمان کے لحاظ سے مؤخر ؛ تعاقب میں ؛ تلاش میں ؛ ساتھ یا خواہش لیے ہوئے ؛ ریس کرتے ہوئے ؛ دیکھا دیکھی ؛ انداز چراتے ہوئے کسی نمونے کا (جیسے after a model) ؛ کے مطابق ؛ موافقت میں ؛ کے تناسب سے (جیسے after our desserts) ؛ رتبے یا منصب میں کم ؛ کے بعد ؛ متعلق (جیسے inquire after) ؛ موسوم بہ (جیسے named after her mother) ۔

after-all, آخر کار ؛ بحیثیت مجموعی ؛ زیادہ سے زیادہ ؛ بایں ہمہ ؛ بہر حال ؛ پھر بھی ؛ الغرض ۔

afterbirth, n. آنول نال اور جینی جھلّیاں ، بچے کی ولادت کے بعد رحم سے جن کا اخراج ہو جاتا ہے ۔ (دیکھیے secundines:) ۔

afterbody, n. (فضائیات) دُم چھلا ؛ ہوائی گاڑی کا جیسے مصنوعی سیارے کے پیچھے پیچھے جانے والا ہم سفر مجسومہ؛ راکٹ یا خلائی جہاز کا وہ حصہ جو محفوظ راکٹ یا دوسرے مجسومہ کی تھوتھنی سے لگا ہے تحفظ فضا میں داخل ہوتا ہے ؛ کسی گاڑی کا عقبی حصہ ؛ پخ ۔

afterbrain, n. دیکھیے : myelencephalon ۔

afterburner, n. (طیرانیات) پس محرق ؛ ایک آلہ جس سے فضا کی آلودگی کو کم کرنے کے لیے موٹر کار وغیرہ کے انجن کے کاربنی فضلے کو جلا کر تباہ کیا جاتا ہے ؛ ایک امدادی احتراق خانہ جو بعض جیٹ انجنوں کے دنبالی پائپوں کے اندر یا ان سے متصل ہوتا ہے ، جن میں ان اخراجی گیسوں کی غیر مستعمل گرم آکسیجن استعمال کی جاتی ہے جو جلے ہوئے ایندھن سے حاصل ہوتی ہے تا کہ ایندھن ثانی کو جلایا جائے اور یوں دنبالی پائپ سے خارج ہوتی ہوئی گیسوں کی کثافت اور حرارت میں اضافہ کیا جا سکے نتیجۃً دھکے کی قوت میں اضافہ ہو جاتا ہے ۔

aftercare, n. (طب) حفظ ما بعد ؛ کسی افاقہ پذیر مریض کے لیے احتیاط ما بعد ؛ ما بعد نگہداشت ۔

afterclap, n. ما بعد انجام ؛ کسی معاملے کو ختم تصور کرنے کے بعد پیش آنے والے حیران کن عواقب ۔

afterdamp, n. چوک ڈیمپ ؛ پس تُف ؛ دم گھونٹ یا زہریلی کاربانک ایسڈ گیس جو کوئلے کی کان میں دھماکہ خیز گیس کے پھٹنے کے بعد پائی جاتی ہے ۔

afterdeck, n. (جہاز رانی) عقبی عرشہ ؛ جہاز کے وسط سے بعد والا عرشے کا حصہ ۔

aftereffect, n. اثر ما بعد ؛ تاخیر سے ظاہر ہونے والا اثر ۔ (طب) فوری اثر کے بعد ظاہر ہونے والا اثر (جیسے کسی دوائی کا) ۔

afterglow, n. شفق ؛ پس تاب ؛ ایک چوڑی بلند اور تاباں سی شعاعی محراب ، جو مغربی ممالک میں کبھی کبھار بلند ترین بادلوں پر گھرے ہوتے دھندلکے میں نظر آتی ہے اور جس کا باعث وہ خاکی ذرات ہوتے ہیں جو بالائی فضا میں معلّق رہتے ہیں ؛ تابشِ ثانی ، جیسا کہ گرم کی گئی دھات مکمل طور پر دہکنے سے پہلے دکھائی دیتی ہے ؛ سابقہ تجربات کی سہانی یاد ؛ سرگزشت کی سہانی یاد ؛ فاسفوری تابش ۔

afterimage, n. پس دید ؛ پس ہیولہ ؛ وہ صورت یا ...سی تاثر جو محرّک کے غائب ہو جانے کے بعد بھی باقی رہ جائے ۔

afterlife, n. حیاتِ مابعد ؛ حیات بعد الموت ؛ کسی شخص کی زندگی کا بعد میں آنے والا دور ؛ دورِ فردا ۔

aftermath, n. پچھیتی گھاس ؛ نتیجہ ؛ ماحصل ؛

ایک ہی موسم میں ایک ہی زمین سے گھاس کی دوسری کٹائی ۔

after most, aftmost, a.
سب سے پیچھے ؛
سب سے پچھلا ؛ عقب ترین؛foremost کے برعکس ۔ (جہاز رانی)
عرشے کا بالکل آخری حصہ ۔

after noon, n., a.
سہ پہر ؛ دن کا وہ حصہ
جو دوپہر اور شام کے درمیان آئے ۔ (مجازاً) کسی چیز کا پچھلا حصہ ۔

after noons, adv.
ہر سہ پہر ؛ کسی ایک سہ پہر
کو ؛ سہ پہر کو بار بار ۔

after piece, n.
اصل ڈرامے کے بعد
دکھایا جانے والا کوئی چھوٹا سا ڈرامائی تفریحی کھیل ۔

after shaft, n.
پس ساق ؛ کسی پرندے کے پر
کے برابر سے اگنے والا دوسرا پر ۔

after taste, n.
بعد ذائقہ ؛ بعدِ احساس ؛
وہ ذائقہ جو کھانے پینے کے بعد منہ میں باقی رہے ؛ وہ احساس جو کسی
تجربے کے بعد باقی رہ جائے ۔

after thought, n.
پس اندیشی ؛ فکر بعد ؛
عمل کے بعد کی سوچ ؛ وہ خیال جو بعد از وقت یا متعلقہ عمل کے کیے
جا چکنے کے بعد ذہن میں آئے ؛ بعد کی وضاحت ۔

after time, n.
وقت آئندہ (عام طور پر
جمع میں استعمال ہوتا ہے) ؛ مستقبل ۔

afterward, afterwards, adv.
بعد میں ؛ آنے والے وقت میں ۔

afterworld, a.
عقبیٰ ؛ موت کے بعد جا کر رہنے
والی متصورہ جگہ ؛ اگلی دنیا ۔

aft most, a.
(جہاز رانی) جہاز کا دور ترین
عقبی حصہ ؛ دنبالۂ جہاز ؛ بعید ترین ۔

aga, agha, n.
آغا ؛ ترکی زبان میں
کمانڈر یا بڑے افسر کو کہتے ہیں ؛ ایک تکریمی لفظ بلحاظ عمر ۔

again, adv.
پھر ؛ دوبارہ ؛ دُسرا کے ؛
دوسری بار ؛ ایک بار پھر ؛ مکرر ؛ پھر کبھی ؛ کے برعکس ؛ کے
برخلاف ؛ دوسری طرف ؛ مزید برآں ؛ علاوہ ازیں ؛ مزید ؛ بدلے میں ؛ پھر
پہلی حالت (جگہ ، وضع یا صورت میں) ؛ جواباً ؛ مزیداً ۔

against, prep.
برعکس ؛ برخلاف ؛مکاناً بمقابل
(پہلے عموماً over لگاتے ہیں) ؛ کی مخالفت میں ؛ کا توڑ کرتے ہوئے ؛
مقابل میں ؛ بہ نسبت ؛ کے خلاف ؛ مخاصمت رکھتے ہوئے ؛ کی سمت
میں ؛ سے تعلق رکھتے ہوئے ؛ ٹھہرے ہوئے یا سہارا لیے ہوئے (جیسے to lean
against the wall) ۔

agamete, n.
(حیاتیات) غیر جنسی تولیدی خلیہ ؛
ایک غیر جنسی تناسلی خلیّہ جو کسی اور خلیے سے مواصلت کے بغیر
کوئی عضویہ پیدا کر لیتا ہے ؛ غیر زواجہ ؛ بے گمٹہ ۔

agamic, agamous, a.
غیر زواجی ؛ بے جنس ؛ اَلنگ ؛
بے تزویج ؛ بے جنسا ۔

agamo-genesis, n.
غیر زواجی تولید ؛
جنسی عمل کے بغیر تولید ؛ بے جنسی ولادت ؛ تولید بے تزویج ؛
انشقاقی تولید ۔

agamo-genetic, a.
غیر زواجی تولیدی ؛
محولہ بالا کا اسم صفت ۔

agape, n.
قدیم عیسائیوں میں ایک ضیافتِ خیرات
یا ضیافتِ اخوت و محبت ؛ عشائے ربّانی کی ضیافت ؛ ایک عیسائی
کی دوسرے عیسائی کے لیے برادرانہ محبت ؛ اخوتِ عیسائیت ۔

agape, a., adv.
مُنھ کا کھلے کا کھلا رہ جانا
(حیرت یا توقع کے عالم میں) ؛ تعجب سے ہکّا بکّا ہو جانا ؛ بھونچکا ؛
ششدر ؛ حیران ۔

agar-agar, n.
(ملایا) اگر اگر ؛ ایک لیس دار شے
جو بعض ایشیائی سمندری کائیوں سے حاصل ہوتی ہے اور جراثیم
پروری میں وسیلے کا کام دیتی ہے ، نیز جلاب آور ہے ، بعض غذاؤں
کو تادیر تازہ رکھتی ہے ۔

agaric, n.
اگیری کھمبی ؛ اگیری کیشیا ؛
کھمبیوں کی انواع میں سے کوئی ایک (عام کھمبی سمیت) جسے
اگیریکس کیمپسیٹری (agaricus campestri) کہتے ہیں اور خوردنی
ہونے کے باعث کاشت کی جاتی ہے ۔

agate, n.
عقیق ؛ اگیٹ ؛
ایک نیم شفّاف پتھر جس میں مختلف رنگ کی باہم ملی جلی پٹیاں اور
تہیں ہوتی ہیں لیکن زمین عام طور پر دودھیا سفید عقیق کی ہوتی ہے ۔
یہ نیلم ، سنگ مردہ ، دودھیا پتھر کے ساتھ ملا جلا پایا جاتا ہے ؛ سنگ
سلیمانی ؛ تقریباً ½ ۵ پوائنٹ سائز کا ٹائپ (چھپائی کے لیے) ؛ کھیلنے
کی ایک گولی جو اس سے یا اس سے ملتے جلتے پتھر سے بنی ہوتی ہے ۔

agate line, n.
اشتہاریات میں پیمایشی اکائی
جو ۱/۱۴ انچ گہری اور ایک کالم چوڑی ہوتی ہے ؛ اگیٹ لائن ۔

agate-ware, n.
عقیقی ظروف ؛ اگیٹ برتن ؛
برتنوں کی ایک قسم یا انیمل کے برتن جن کو عقیق کی مانند چتکبرا
کیا جاتا ہے ۔

agave, n.
امریکی ایلوا ؛ امریکی
(خصوصاً میکسیکی) کیوڑے کے خاندان کا ایک پودا جس کی انواع
سے کارآمد ریشے (ایلوائی سن وغیرہ) ، خمیری مشروب (پولک) ،
الکحل مقطر (میسکل) یا ایک صابونی متبادل (امول) بنائے جاتے ہیں ،
اسے آرایش کے لیے بھی کاشت کیا جاتا ہے جو دس سے ستر سال کے
عرصے کے بعد پھول دیتا ہے ۔

agaze, a.
غور سے دیکھتا ہوا ؛
ٹکٹکی باندھے ہوئے ؛ گھورتا ہوا ۔

age, n.
عمر ؛ زمانہ ؛ عرصہ ؛
جُگ ؛ عہد ؛ دور ؛ عصر ؛ ایک زمانی عرصہ جو کسی چیز یا ہستی کے
کل دورانیے یا اس کے حصے کی نمائندگی کرتا ہے ؛ وہ عرصہ جس میں
کوئی شخص زندہ رہا ہے ؛ زندگی کا آخری حصہ ؛ بڑھاپا/بوڑھے ہونے کی
حالت ؛ جمع کے طور پر عمر رسیدہ لوگ (جیسے age versus youth
بوڑھے بمقابلہ نوجوان) ؛مدت عمر (جیسے the age of the fruitfly) ؛
قانونی بلوغت یا وہ عمر جس میں بعض حقوق حاصل ہو جاتے ہیں
(جیسے to be under age عمر سے کم ہونا) ۔ (بول چال) عرصہ دراز ؛
مدت مدید (جیسے not to have been there in an age مدت سے وہاں
نہیں گیا) ؛ کوئی تاریخی عہد (جیسے the victorian age) ؛ کسی
مخصوص امتیاز کا دور (جیسے an age of expansion) ؛وہ لوگ جو
کسی ایک دور یا نسل سے تعلق رکھتے ہوں ، (جیسے
the ages yet unborn) ۔

age, v.i.
عمر رسیدہ ہونا ؛
بڑی عمر کی شباہت اختیار کرنا ؛ بوڑھا ہونا ۔ (فعل متعدی) عمر یا پختگی کی کیفیت بخشنا (جیسے to age wine) ؛ بوڑھا کر دینا ۔

aged, a.
عمر رسیدہ ؛ بہت پرانا ؛
پوری طرح نمو یافتہ ؛ بڑھاپے کے متعلق /کی عمر جتنا ۔

agedness, n.
بڑھاپا ؛ پیری ؛ پیرانہ سالی ۔

ageless, a.
عمر رسیدگی سے مبرا ؛
جو کبھی بوڑھا یا پرانا نہ ہو ؛ سدا بہار ؛ سدا جوان ۔

age-long, a.
ایک عمر تک رہنے والا ؛ تابعمر ؛ تاحیات ۔

agency, n.
ایجنسی ؛ عاملیت ؛
قوت استعمال کرنے یا عمل پیرا رہنے کی حالت ؛ آلہ کاری ؛ وسیلہ ؛ واسطہ ؛ ذریعہ ؛ کسی ایجنٹ یا عامل کا کام یا دفتر ؛ کوئی تنظیم یا کمپنی جو اپنی خدمات پیش کرے ؛ کوئی سرکاری شعبہ ؛ آڑھت ؛ کارندگی ۔

agenda, n.
(جمع لیکن ترکیب میں واحد)
پیش نامہ ؛ ایجنڈا ؛ یادداشت ؛ ان چیزوں کی فہرست یا پروگرام جن پر عمل کیا جانا ہو یا جو کی جاتی ہوں ۔

agene, n.
تجارتی بنیاد پر تیار کی گئی
نائٹروجن ٹرائیکلورائیڈ (تجارتی نشان) ۔

agenesis, n.
(طب) بے نموئی ؛ بانجھ پن ؛
نامردی ؛ نامکمل نمو (جیسے جسم کے کسی ایک حصے کی) ۔

agent, n.
ایجنٹ ؛ نمائندہ ؛ کارندہ ؛
عامل ؛ قوت یا علّتِ عاملہ ؛ وہ مجسومہ یا چیز جو کسی عمل کے آغاز کا باعث بنے ؛ وہ شخص جسے کسی دوسرے کا کام سونپا جائے ؛ گماشتہ ؛ وکیل ۔

agential, a.
ایجنٹ یا ایجنسی سے متعلق ۔

agent officer, n.
(عسکری) فوجی افسر جسے
رقم مختص کرنے کے لیے منتخب کیا جائے ۔

agent orage, n.
گھاس پھوس کو تباہ کرنے والا
دو برگ ریز اجزا 2,4D اور 2,4,5T کا انتہائی زہریلا آمیزہ ۔

agent provocateur, n.
فتنہ انگیز جاسوس ؛ وہ خفیہ
ایجنٹ جس سے لوگوں کو کسی اقدام پر اکسانے کا کام لیا جاتا ہے تا کہ وہ لوگ مستوجب سزا ہو سکیں ۔

age-old, a.
قدیم ؛ عرصہ دراز سے موجود ؛ پرانا یا پرانی ۔

ageratum, n.
سدا بہار ؛ گل مینا کی نسل سے تعلق
رکھنے والے ، امریکی منطقہ حارہ کے مرکب پودے ، جیسے پرکش (Conyzoides) ، فصلی پودا جس میں چھوٹے ، گھنے ، نیلے یا سفید پھول لگتے ہیں ؛ نیلے مرکب پھولوں میں سے کوئی ۔

agglomerate, v.t.
ہم بستہ کرنا ؛
اکٹھا کر کے انبار لگانا ؛ گولی یا ڈھیر بنانا ؛ مجتمع کرنا ۔ (فعل لازم) جُھنڈ کی شکل اختیار کرنا ؛ انبار بن جانا ۔ (اسم) ڈھیر یا گولا جیسے آتش فشانی اجزا کا گولا/تودہ ۔ (صفت) اکٹھا/ڈھیر کیا ہوا یا باندھا ہوا ۔ (نباتیات) گھنے جُھنڈ کی صورت ؛ باہم پیوستہ ؛ انباشتہ ۔

agglomeration, n.
ہم بستگی ؛ ڈھیر ؛ گولا ؛
تودہ ؛ ڈھیر لگنے کا عمل ؛ تودہ ہونے کی حالت ؛ کوئی بے ترتیب ڈھیر/ڈلا ؛ انباشتگی ۔

agglomerative, a.
ہم بستہ ؛ تودے کی شکل اختیار
کرتا ہوا یا دیتا ہوا ؛ جمع یا اکٹھا کرنے کی قابلیت رکھنے والا ۔

agglutinant, a.
چسپاندہ ؛ چپکاؤ ؛ گوند یا سریش
کی طرح جوڑنے یا چسپاں کرنے والا ۔(اسم) کوئی لیسدار مادہ جو دوسری چیزوں کو چپکا دیتا یا جوڑ دیتا ہے ۔

agglutinate, v.t.
چپکانا ؛ چسپاں کرنا ؛
ملا دینا؛ چپکا دینا (جیسے گوند یا کسی اور لیسدار مادے کے ساتھ) ؛ گلُو یا سریش لگا کر یکجا کر دینا ؛ ایک کر دینا ؛ پیوست کر دینا ؛ جوڑنا ۔ (فعل لازم) گُچّھے کی صورت میں متحد ہونا یا یک جا ہونا ۔ (صفت) چسپیدہ ؛ یوں ملا ہوا جیسے سریش لگا دی گئی ہو ؛ جڑا ہوا ؛ چپکا ہوا ۔

agglutination, n.
چپکاوٹ ؛ چپک ،
چپکنے یا چپکانے کا عمل ؛ اجزا کی باہم پیوستگی ؛ چسپیدگی ۔ (لسانیات) الزاق ؛ تشکیلِ الفاظ کی وہ صورت جس میں صوتیے (مارفیم) اپنی معنوی اور صوری آزادی کو برقرار رکھتے ہیں اور دوسرے صوتیوں میں مدغم نہیں ہوتے ۔ (حیاتیات) الزاق ؛ جراثیم یا دیگر خلیوں کا کسی ضد جسیمے کے ورود کے باعث سمٹ کر یکجا ہو جانا ۔

agglutinative, a.
الزاقی ؛ اس عمل کی قوت یا
اس کا میلان رکھنے والا ۔ (لسانیات) جس لفظ یا صوتیے میں باہم مل جانے کی صلاحیت ہو ۔

aggrade, v.t.
(ارضیات) ملبہ وغیرہ سے کسی
دریائی وادی کی سلامی یا سطح بلند کرنا ، degrade کے برعکس ؛ طبق بندی کرنا ۔

aggradation, n.
طبق بندی ۔

aggrandize, v.t.
عظیم یا عظیم تر بنانا
(خصوصاً اقتدار ، دولت ، منصب یا وقار میں) ؛ کسی چیز کو یوں پیش کرنا کہ وہ عظیم تر دکھائی دے ؛ مبالغہ کرنا ؛ ترقی دینا ؛ سرفراز کرنا ؛ اونچا درجہ دینا ؛ وسعت دینا ؛ پھیلانا ؛ بڑھانا ۔

aggrandizement, n.
برگزیدہ یا سربلند کرنے
یا ہونے کا عمل ؛ اپنے مقام و منصب وغیرہ میں اضافہ کرنے کا عمل؛ ترقی؛ پیش قدمی؛ سرفرازی ؛ عظمت ؛ توقیر ؛ توسیع ۔

aggrandizer, n.
سرفراز کرنے والا ؛
واسع ؛ متذکرہ بالا اعمال و افعال کرنے والا ۔

aggravate, v.t.
بد تر ، شدید تر یا کم
قابل برداشت بنانا ؛ زیادہ غیر معمولی یا کم قابل درگزر بنانا ؛ تیز تر کر دینا ؛ مبالغہ کرنا ؛ مشتعل کرنا ؛ غصہ دلانا ؛ تنگ کرنا ؛ برہم کرنا ؛ سنگین کرنا ؛ زیادہ خراب کرنا ۔

aggravating, a.
بھڑکا دینے والا ؛
برہم کرنے والا ۔

aggravatingly, adv.
برہم کر دینے والے انداز سے ۔

aggravation, n.
بدتر کرنے یا حالات خراب تر کرنے
کا عمل ؛ برانگیختگی ؛ برافروختگی ؛ سبب برہمی ؛ سنگینی ؛ اشتعال ؛ زیادتی ۔

aggregate, v.t.
میزان لگانا ؛ جمع کرنا ؛
اکٹھا کر کے ایک رقم ، ڈھیر یا مقدار بنا دینا ؛ میزان کرنا ؛ جوڑنا ؛ ملانا ۔ (اسم) رقم ؛ ڈھیر یا اجزا کا مجموعہ ؛ میزان یا مجموعہ ؛ چھوٹے چھوٹے ذرات جن سے مٹی بنتی ہے ؛ اکٹھا ؛ مجموعی ۔(ارضیات) ان معدنی

اجسام کی یک جائی جن کو میکانکی طریقے سے الگ الگ کیا جا سکتا ہے جیسے ریتلا پتھر۔

in the aggregate, مجموعی طور پر ؛ ایک کُل خیال کرتے ہوئے ؛ سب کو ملا کر ؛ بحیثیت مجموعی۔

aggregately, adv. سب کو ملا کر؛ ایک رقم یا ایک ڈھیر کے طور پر لیتے یا سمجھتے ہوئے۔

aggregate, a. مجموعہ؛ کل؛ جو اجزا کے جمع ہونے یا مل جانے سے ایک کلی رقم یا ڈھیر بن گیا ہو ؛ میزان ؛ تمام ؛ جملہ ؛ مجتمع ۔ (نباتیات) گلچوں یا پھل پتوں کے گچھے کے متعلق یا ان کی خصوصیت لیے ہوئے۔

aggregation, n. جمع ؛ مجموعہ ؛ یک جائی کی حالت یا اس کا عمل ۔(حیاتیات) نامیوں کا گروہ جو یوں تو ایک دوسرے کے ساتھ بڑی قربت قائم کیے رہتا ہے لیکن اس طرح باہم مربوط نہیں ہوتا کہ ان کو ایک سماج گنا جا سکے ؛ اجتماع۔

aggregative, a. اجتماعی ؛ یک جائی کا رجحان لیے ہوئے۔

aggress, v.i. چھیڑ کرنا ؛ حملے میں پہل کرنا ؛ مخاصمت یا جارحیت کا پہلے ارتکاب کرنا ۔ (فعل متعدی) حملہ کرنا ؛ چڑھائی کرنا۔

aggression, n. چھیڑ خانی ؛ پہلا حملہ یا عداوتی عمل ؛ پہلا اقدام جو جنگ یا تنازع کی طرف لے جاتا ہو ؛ تجاوز یا بے جا مداخلت ؛ جارحانہ اقدام ؛ جارحیت ۔ (نفسیات) خصومت (اس کا رخ اندر کی طرف ہو خواہ باہر کی طرف)۔

aggressive, a. آمادہ جارحیت ؛ جارحانہ ؛ جرأتمندانہ پہل کر کے بڑھتا ہوا۔

aggressor, n. جارحیت کرنے والا ؛ جارح ؛ حملہ آور ؛ تشدّد کرنے والا ؛ جنگجو ؛ متشدِدّ۔

aggrieve, v.t. آزردہ کرنا ؛ رنج دینا ؛ کسی کو دکھ یا غم پہنچانا ؛ اذیت پہنچانا ؛ غم زدہ کرنا ؛ کسی کو اس کے حقوق کے معاملے میں تکلیف پہنچانا یا نشانۂ جبر بنانا ؛ بُری طرح تنگ کرنا ؛ رنجیدہ کرنا ؛ آزردہ کرنا ؛ ستانا ؛ دق کرنا۔

aggrieved, a. آزردہ ؛ رنجیدہ ؛ جبر دیدہ ؛ زیادتی کا شکار۔ (قانون) قانونی حقوق سے محروم کیا گیا ؛ ناخوش ؛ متفکّر ؛ پریشان کیا گیا ؛ غم زدہ ؛ ستایا ہوا ؛ رنجور۔

aghast, a. دہشت زدہ ؛ متحیر ؛ حیرت زدہ ؛ سراسیمہ ؛ ناگہانی خوف یا ڈر سے بدحواس ؛ بھونچکا ؛ ہکّا بکّا ؛ حواس باختہ ؛ ششدر ؛ خائف۔

agile, a. چُست ؛ چلنے پھرنے میں سبک اور تیز ؛ پھرتیلا ؛ ذہن اور ذہانت کے لحاظ سے چوکس اور فعال ؛ چالاک۔

agilely, adv. مستعدی سے ؛ چُست اور چوکس انداز میں ؛ پھرتی سے۔

agility, agileness, n. چُستی ؛ مستعدی ؛ پھرتیلا پن ؛ سرگرمی ؛ ذہنی سرگرمی ؛ پُھرتی ؛ تیزی۔

agio, n. بٹاون ؛ بٹا ؛ تفاوت مالیت ؛ دو اقسام کے سِکّوں میں قدری فرق(خصوصاً کاغذی سِکّے اور دھاتی سِکّے میں)؛ بُھنوائی ؛ بٹائی ؛ زر کی مبادلت میں ادا کی گئی بُھنوائی یا بٹّا۔

agiotage, n. غیر ملکی زرمبادلہ کا لین دین کرنے والے کا کاروبار ؛ مبادلت زر ؛ صرافی۔

agitate, v.t. اشتعال دلانا ؛ تشدد آمیز خلاف قاعدہ اقدام میں دھکیلنا یا مجبور کرنا ؛ ہلچل ڈالنا ؛ ہلورنا ؛ مضطرب کرنا؛ پریشان کرنا ؛ گفتگو کرنا؛ جھک جھک کرنا ؛ مباحثہ کرنا ؛ لوگوں کی توجہ کسی طرف مبذول کرنا (تقاریر یا پمفلٹ وغیرہ کے ذریعے سے) ؛ بھڑکانا ؛ مشتعل کرنا ؛ کھلبلی ڈالنا ۔ (فعل لازم) مظاہرے میں شریک ہونا یا شامل ہونا۔

agitation, n. اشتعال ؛ مظاہرہ ؛ اشتعال دلانے کا عمل یا مشتعل ہونے کی حالت ؛ ذہن و احساس کا اضطراب ؛ جسمانی ہلچل ؛ ہیجان ؛ عوام کے سامنے کسی مقصد کو آگے بڑھانے کے لیے متواتر اصرار خصوصاً سیاسی یا سماجی مقصد کے لیے ؛ شورش۔

agitato, a., adv. (موسیقی) ہیجانہ ؛ تیز تیز اور بے تابانہ انداز میں نغمہ سرائی۔

agitator, n. شورشی ؛ مشتعل کرنے والا ؛ عوامی بے چینی کو بھڑکانے والا یا بیدار کرنے والا ؛ ہل چل پیدا کرنے والا (شخص یا معاملہ) ؛ پھینٹنے والا آلہ ؛ بلورنی ؛ بلونی ؛ مدھانی۔

agleam, a. دمکتا ہوا ؛ تاباں ؛ چمکتا ہوا ؛ روشن۔

aglet, aiglet, n. گُھنڈی ؛ پُھندنا؛ ٹِکلی ؛ بوٹ کے تسمے پر لگی ہوئی دھاتی پتری؛ لباس پر لگائی جانے والی ایسی ہی سجاوٹی شے ؛ گوٹا کناری۔

agley, adv. سیدھی راہ سے بھٹکا ہوا ؛ ٹیڑھا ؛ غلط ؛ گمراہ۔

aglimmer, a. چمکتی ہوئی حالت میں ؛ فروزاں ؛ تاباں۔

aglitter, a. تاباں۔

aglow, a. درخشاں ؛ روشن ؛ دہکتا ہوا۔ (مجازاً) جوش میں آیا ہوا۔

agnail, n. دردِ ناخن ؛ ہاتھ یا انگلی کی سوزش ؛ گٹّا۔

agnate, n, a. ددھیالی عزیز ؛ ذَکری رشتہ دار ؛ جدّی رشتہ دار۔ ددھیالی رشتہ دار یا سگا ؛ پشتینی ؛ جدّی۔

agnatic, a. جدّی یا ذکری نسل کے متعلق۔

agnation, n, a. صرف پدری جانب کی رشتہ داری ؛ ذَکری پیڑھی سے ؛ آبائی ؛ ددھیال۔

agnomen, n. عرفیت ؛ اضافی نام یا لقب جو کسی شخص کو دیا گیا ہو (یہ خصوصاً قدیم رومیوں کے حوالے سے استعمال کیا جاتا ہے)۔

agnostic, n. لاادری ؛ جو خدا یا کائنات کی ابتدا یا کسی اور چیز کے بارے میں کوئی علم رکھنے سے انکار کرتا ہے (ماسوا مادی مظاہر کے) اور سمجھتا ہے کہ ایسے معاملات کے متعلق کچھ نہیں جانا جا سکتا ؛ لاادری فرقے سے تعلق رکھنے والا ۔ (فلسفہ) اس پر شک یا انکار کرنے والا کہ علمِ حقیقی مطالعہ کے کسی دائرے میں ممکن ہے۔ (صفت) لاادریوں یا ان کے عقائد سے متعلق ؛ علم کے تمام دعووں کے بارے میں بے یقینی سے کام لینے والا۔

agnosticism, n. مادہ پرستی ؛ لاادریت ؛
لاادریوں کے عقائد و نظریات ۔

Agnus Dei, n. (کلیسا) میمنے کی تصویر
(حضرت عیسیٰ کی علامت کے طور پر)؛ بُزغالہِ ربّانی ؛ لاطینی میں حضرت عیسیٰ کا نام ۔

ago, a.. adv. گزشتہ ؛ گزرا ہوا ؛ حاضر وقت
یا زمانۂ حال سے پہلے (جیسے a year ago ایک سال پہلے) ؛ بیتا ہوا ۔

agog, a.. adv. مشتاقانہ بے تابی سے ؛ اشتیاق ،
پیش بینی یا تجسس سے ؛ انتہائی مضطرب ؛ سرگرمی سے ۔

agon, n. مقابلہ ؛ قدیم یونان میں
مصوری ، کسرت کاری ، ڈراما وغیرہ کے مقابلے ہوتے تھے اور مقابلوں میں سبقت لے جانے والوں کو تمغے وغیرہ دیے جاتے تھے ۔ ''ایگون'' اسی مقابلے کو کہتے ہیں ؛ قدیم یونانی ڈرامے میں باقاعدہ مباحثہ ۔
(ادب) کش مکش (خصوصاً وہ کش مکش جو ہیرو اور اس کے مخالف کے درمیان جاری رہتی ہے) ۔

agonal, a. اذیت ناک ؛ اذیت سے متعلق ۔

agonic, a. جو زاویہ نہ بناتا ہو ؛
بے زاویہ ؛ بے کونہ ؛ بے میل ۔

agonic lines, n. سطح زمین پر ایک فرضی خط
جو ان مقامات کو ملاتا ہے جو مقناطیسی انحراف نہیں رکھتے اور جہاں مقناطیسی سوئی شمال حقیقی اور ساتھ ہی مقناطیسی شمال کی جانب بھی رخ کیے ہوتی ہے ؛ بے میل خط ۔

agonist, n. عوامی کھیلوں میں مقابلہ آزمائی
کرنے والا ؛ مقابلہ جُو ؛ اپنی داخلی آویزشوں سے نبرد آزما ۔ (فعلیات) انقباضی پٹھا جو کسی اور مخالف الحرکت پٹھّے کے زیر اثر ہو ۔

agonize, v.i. اذیت یا شدید درد کی حالت میں ہونا ؛
شدید ابتلا میں ہونا ؛ بہت زیادہ کوشش سے کام لینا ؛ حد سے زیادہ زور لگانا ؛ کرب ناک ہونا ۔ (فعل متعدی) انتہائی درد سے تڑپنا ؛ ایذا دینا ۔

agonized, a. دُکھ بھرا ؛ اذیت کا اظہار کرتا ہوا (وغیرہ) ۔

agonizing, a. اذیت خیز ؛ شدید دردناک (وغیرہ) ۔

agony, n. ذہن و بدن کا انتہائی درد ؛ انتہائی کوفت ؛
شدید تکلیف ؛ کرب ؛ اذیت ؛ عذاب ؛ جان کنی ؛ نزع ؛ سکرات ۔

agony column, n. (بول چال) وہ اخباری کالم
جس میں لوگوں کی جانب سے گمشدہ (اَعِزّا و اموال وغیرہ) کی تلاش کے اشتہار شامل ہوتے ہیں ۔

agoraphobia, n. خوف کشادگی ؛ کھلی جگہوں سے
مریضانہ خوف ۔

agraffe, agrafe, n. ایک سجاوٹی بکسوا یا گھنڈی
یا آنکڑا جس سے لباس کے حصوں کو اکٹھا رکھا جاتا ہے ؛ پیانو کے تاروں کی تھرتھری یا ارتعاش روکنے کی چٹکی ؛ معماروں کے کام آنے والا لوہے کا ایک اوزار؛ سنڈاسی ؛ اڑواڑ ؛ کلاب ۔

agranulocyte, n. بے ذرّی خلیہ ؛ بے ریزہ خلیہ ؛
سفید جسیمہ جس کے ساتھ خلیابی (خلیہ + آبی: Cytoplasmic) ذرات نہیں ہوتے ۔

agranulocytosis, n. قلّتِ خلّیاتِ خون ؛
خون کی ایک خطرناک تباہ کن بیماری جس کی نمایاں علامت یہ ہے کہ سفید جسیمے کم ہوتے جاتے ہیں ۔

agrapha, n. (جمع) حضرت عیسیٰ سے منسوب
وہ باتیں جو ابتدائی عہد کے عیسائیوں کی تحریروں میں اور عہد نامہ جدید کے اجزا میں تو ملتی ہیں لیکن مسلمہ مذہبی صحیفوں میں شامل نہیں ہیں ؛ اقوال ضعیف ۔

agraphia, n. ناکاتبی ؛ زبان بستگی کی ایک صورت ؛
ایک نقص دماغی جس میں مریض تحریری علامات کے ذریعے اظہار خیال نہیں کر سکتا ۔

agrarian, a. زرعی ؛ زراعتی ؛ اراضی یا تقسیم اراضی
سے متعلق (خصوصاً سرکاری اراضی) ؛ دیہی کھیتوں میں خود رو ؛ کسانوں یا ان کی تنظیموں اور ان کے مفادات سے متعلق ۔

agrarian, n. زمینی جائیداد کی مساوی تقسیم اور کسانوں
کی تنظیموں اور تحریکوں کی ترقی کا حامی ؛ کسان پسند ۔

agrarianism, n. زرعی اصلاحات ؛ وہ نظریہ اور
تحریک جو مزروعہ املاک کی مساوی تقسیم کی وکالت کرتے ہیں ؛ نیز بر وہ اجتہاد یا تجویز جو کسان کی مالی حالت کو بہتر بنا سکے ؛ کسان پسندی ۔

agree, v.i. راضی ہونا ؛ متفق ہونا ؛ اتفاق کرنا ؛
ایک ہی ذہن کا ہونا ؛ خیال میں ہم آہنگی پیدا کرنا ؛ الجھاؤ کے بغیر اور ملاپ کے ساتھ رہنا ؛ مفاہمت یا خوش اسلوبی پیدا کر لینا ؛ تصفیے پر پہنچ جانا ؛ ہم رویّہ ہونا ؛ تردید نہ کرنا ؛ ہم رائے ہونا ؛ مغائرت نہ دکھانا ؛ ایک سا ہونا ؛ میل کھانا ؛ مطابق ہونا؛ موزوں ہونا ؛ مزاج سے موافقت کرنا یا حسب مزاج بن جانا (اس صورت میں with بعد میں لگاتے ہیں جیسے food agrees with a person) ؛ راس آنا ؛ جوڑ ہونا ؛ ایک رنگ ہونا ؛ ہم شکل ہونا ؛ یک رنگ ہونا ؛ یکساں ہونا ؛ موافق ہونا ؛ ہم خیال ہونا ۔ (گرامر) عدد ، حالت ، جنس یا ضمیر شخصی کے مطابق ہونا ۔

agreeability, agreeableness, n. مطابقت ؛ موافقت ؛
خوش گواری ؛ دلپذیری ۔

agreeable, a. راس ؛ موزوں ؛ قابل مطابقت ؛
موافق ؛ ذہن یا حواس کے لیے خوش آیند(جیسے agreeable manners دلپذیر آداب)؛ پسندیدہ ؛ دل پسند ؛ دل پذیر ؛ خوشگوار ؛ مان جانے یا اتفاق کر جانے پر آمادہ یا تیار ۔

agreeablly, adv. موافقانہ ؛ خوش آیند انداز سے ؛ بموجب ؛
ایسے انداز سے جو مسرت بخش ہو ؛ خوش دلانہ ۔

agreement, n. اتفاق ؛ رضامندی ؛ سمجھوتا ؛
مفاہمت ؛ ہم آہنگی ؛ مطابقت ؛ جذبات و آرا کا اتفاق ؛ باہمی سودا ؛ پیمان ؛ معاہدہ ؛ اقرار نامہ ؛ راضی نامہ ؛ میل ؛ ملاپ ؛ میل جول ؛ ایکا ۔ (گرامر) عدد ، حالت ، جنس یا ضمیر شخصی میں مطابقت ۔

agrement, n. ایک حکومت کی جانب سے
نامزد سفیر کے بارے میں دوسری حکومت کی رضامندی ۔

agrestic, a. دیہاتی ؛ گنوار ؛ اکھڑ ؛ بداطوار ؛ دہقانی ۔

agricultural, a. زراعتی ؛ زرعی ۔

agriculture, n. زراعت ؛ زمین کی کاشت ؛ فصلیں اگانا ؛
مویشی یا پالتو جانوروں کی پرورش ؛ کھیتی باڑی ؛ بونا جوتنا ؛

کاشتکاری ؛ کشاورزی ؛ نسل پروری ۔

agriculturalist, agriculturist, n. کسان ؛
زمیندار ؛ کاشت کار ؛ مزارع ۔

agrimony, n. خارسرپوست ؛ اگریمونیا نسل کے
شمالی امریکا کے متعدد پودوں میں سے ایک جس کے پھول چھوٹے زرد
رنگ کے ، پتے دو رویہ اُگے ہوئے (پروں کی طرح) ، چھوٹے چھوٹے پھل
اور خمدار کانٹے ہوتے ہیں ۔

agriology, n. وحشی رسومات ؛ انسانی رسوم
کا تقابلی مطالعہ (خصوصاً کم ترقی یافتہ تہذیب میں رسوم بشری کا) ۔

agriologist, n. بدویت شناس ؛ دانائے رسوم بشری ۔

agrobiologic, a. زرعی حیاتیات یا ایگرو بائیولوجی
کے متعلق ۔

agrobiology, n. زرعی حیاتیات ؛ فصلیں اگانے
کے حوالے سے پودوں کی زندگی اور پرورش کی سائنس ؛
ایگروبائیولوجی ۔

agrologic, a. زرعی حیاتیات یا اگرالوجی کی یا اس سے متعلق ۔

agrologist, n. ماہر زرعی حیاتیات ؛ اگرالوجی کی سائنس
میں علم خصوصی رکھنے والا ۔

agrology, n. زمین کا مطالعہ (خصوصاً فصلیں اگانے کے حوالے سے) ۔

agronomy, n. دیہی معاشیات ؛
کاشتکاری؛ کھیتوں کی دیکھ بھال؛ فصل حاصل کرنے کی سائنس؛
فلاحت ۔

agronomic agronomical, a. دیہی معاشیات ، کاشکاری یا
ایگرانومی سے متعلق ۔

agronomist, n. دیہی معاشیات یا ایگرانومی
کا مطالعہ کرنے والا ؛ ماہر کاشتکاری ۔

agro-techny, n. زرعی صنعت ؛ زرعی سائنس کی
وہ شاخ جو خام زرعی پیداوار کو تیار کردہ اشیا میں تبدیل کرنے سے
واسطہ رکھتی ہے جیسے شِیر کاری ، پھلوں وغیرہ کو ڈبوں میں بند کرنے
کا کام وغیرہ ۔

aground, a., adv. زمین پر ؛ ساحل پر جا چڑھا ہوا ؛
خشکی پر چڑھا ہوا ؛ مصیبت میں پھنسا ہوا ؛ زمین یا خشکی پر ٹکا
ہوا ؛ خشکی میں پھنسا ہوا۔

ague, n. تپ لرزہ ؛ باری کا ملیریائی بخار
جس میں وقفے وقفے کے ساتھ سردی محسوس ہوتی ہے ؛ کپکپاہٹ کا
دورہ یا حملہ ؛ لرزہ براندمی۔ (فعل متعدی) تپ لرزہ کا اثر ہونا ؛ اپنے آپ
کو بخار زدہ ظاہر کرنا۔

agued, aguish, a. بخار زدہ ؛ کپکپاتا ہوا ؛ لرزتا ہوا ؛
لرزہ زدہ؛ کپکپی مارا ۔

ah, interj. آہ ؛ ہائے ؛ اف ؛ افسوس ؛
لفظ اظہار برائے درد ، حیرت، رحم ، دردمندی، شکایت، نفرت،
ناپسندیدگی ، خوشی ، بشاشت وغیرہ (بمطابق موقع و محلِ اظہار)؛ہئے
ہئے ؛ ہائے ہائے ؛ افسوس ؛ تف ؛ اے ہے ۔

aha, interj. آہا؛ مبارک ؛ تعجب؛ اخاہ؛
اچھا ؛ سبحان اللہ ؛ کیا کہنے وغیرہ ؛ لفظ اظہار برائے ظفر مندی، توبین،
حیرت وغیرہ (وا واہ ؛ تف ؛ تھو ؛ اوہو) ۔

ahead, adv. آگے ؛ اگاڑی ؛ سر کے
بل ؛ سامنے؛ آگے آگے؛ پہلے ؛ وضع میں اوپر کی جانب ؛ پیش پیش ؛
مزید آگے ۔

ahem, interj. ہوں؛ متوجہ کرنے ، شک ظاہر کرنے
یا انتباہ کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

ahimsa, n. اَہِنسا ؛ عدمِ تشدد ؛ جین مت ،
ہندو مت اور بدھ مت کا مذہبی اصول جو کسی بھی قسم کے تشدّد کا
قائل نہیں ۔

Ahorizon, n. طولی تراشیں زمین ؛ سطح زمین کی ترچھی
کاٹ میں سب سے اوپر والی تہ جسے عموماً سطح کی مٹی یا بالائی مٹی
کہا جاتا ہے اور اس میں مواد نامیہ بکثرت پایا جاتا ہے۔

ahoy, interj. لفظ بوئے کی کشیدہ صورت ؛ وہ آواز جو
بالخصوص جہاز کے خلاصی لوگ پکارتے وقت لگاتے ہیں ؛ جیسے
بوت ؛ ہو۔

aid, v.t. مدد کرنا ؛ معاونت کرنا ؛ اعانت کرنا ؛
مدد دینا ؛ سہولت پیدا کرنا ؛ مدد کو آنا؛ ساتھ دینا؛ سہارا دینا ؛
دستگیری کرنا ۔

aid, n. مدد ؛ اعانت ؛ امداد؛ معاون (فرد یا شے)؛
مددگار ؛ سہارا یا ساتھ ؛ دستگیری ۔

aider, n. مددگار ؛ ساتھی ؛
مدد دینے والا ؛ معاون ؛ دستگیر۔

foreign aid, غیرملکی امداد ؛ بیرونی امداد ؛
سیاسی ، سماجی یا اقتصادی مقاصد کے لیے ایک قوم کی دوسری قوم
کو دی گئی کسی قسم کی امداد ۔

aide, n. افسر تعمیل ؛ کسی اعلیٰ سرکاری
افسر کے ساتھ نائب کے طور پر کام کرنے والا ؛ ایڈی کانگ ؛ ماتحت ۔

aide-de-camp, n. ایڈی کانگ ؛ افسر تعمیل ؛
سردار رکاب ۔ (عسکری) وہ افسر جو کسی جرنیل کے احکام وصول کر
کے ان کو آگے پہنچائے اور بطور سیکرٹری کام کرے ۔

aid-man, (عسکری) فوج میں طبی دستے
کا فرد جو کسی فیلڈ یونٹ (بنیادی مرکز علاج) کے ساتھ وابستہ کیا گیا
ہو۔

AIDS, A.I.D.S. (Acquired immune defficiency syndrome), n. ایڈز ؛ ایک سنگین قسم کا
عارضہ جس میں جسم کے مدافعتی نظام
کے کچھ حصہ کو نقصان پہنچتا ہے اور متاثرہ شخص خطرناک تعدیے
کا شکار ہو سکتا ہے ؛ کسبی عارضۂ نقصِ جسمِ دافع ۔

aid station, n. (عسکری) جنگی طبی مرکز؛ محاذ جنگ سے
دور یا الگ تھلگ علاقے میں قائم شدہ طبی مرکز جہاں فوری توجہ
طلب یا چھوٹے موٹے علاج طلب فوجیوں کی دیکھ بھال کی جاتی ہے ۔
نیز بیماروں ، زخمیوں اور جاں بحق ہونے والوں کی درجہ بندی کی جاتی
ہے ۔

aiglet, n. دیکھیے: Aglet ۔

aigrette, n. چھوٹا سفید یورپی سارس یا بگلا ؛
اس کے یا کسی اور پرندے کے پروں کی کلغی یا گُچّھا جسے سرسنگار
کے طور پر پہلے ہزار سالہ سن عیسوی میں استعمال کیا جاتا تھا ؛ جواہر
کاری یا کسی قسم کا کوئی اور سرسنگار۔

aiguille, n. سرکوہ ؛ پہاڑ کی چوٹی ؛ قُلّۂ کوہ ؛ چٹانوں یا پہاڑی تودوں کی چوٹیاں یا سوئیوں کی طرح کی نوکیں ؛ برف یا گلیشیر کے تیز نوک والے تودے ؛ سوراخ کرنے کا برما ۔

aiguillette, n. وردی کا پھندنا ؛ ایک دھاتی گھنڈی ۔ (عسکری) دھات سرا تین لڑیوں والا کڑھا ہوا ایک فیتہ جسے فوجی اتاشی اور ایڈی کانگ اپنی وردی کے ساتھ بائیں شانے پر لگاتے ہیں ۔

aikido, n. اکیڈو ؛ (کُشتی میں) ذاتی مدافعت کا جاپانی طریقہ جس میں گرفت ، پیچ اور پٹخنے کے داؤ آزمانے کے لیے حریف کے زور حرکت سے فائدہ اٹھایا جاتا ہے ۔

ail, v.t. دردناک بنانا یا بے سکون کرنا (بدنی یا ذہنی طور پر) ؛ تکلیف دینا ۔ (فعل لازم) بیمار پڑنا ؛ تکلیف میں ہونا ؛ دکھی ہونا ۔

ailing, a. علیل ؛ دکھی ؛ بیمار ؛ روگی ۔

ailanthus, n. شجر فلک ؛ چینی بوٹی ؛ اسی جنس (ailanthus) کا سبز پھولوں ، ناگوار بو اور دواؤں میں استعمال ہونے والا ایک پودا جو شہروں میں عام طور پر لگایا جاتا ہے ۔

aileron, n. (طیرانیات) ایلیرون ؛ ہوائی جہاز کے بازو کے عقبی کنارے میں یا اس کے قریب لگی ہوئی سطح جو پھیلانے پر بھی پروں کی حدود کے اندر رہتی ہے اور جس کے ذریعے جہاز کو ڈانواڈول ہونے سے بچایا جاتا ہے ؛ پہلو میں بنی ہوئی دیوار جیسے گرجے کا بغلی راستہ ۔

ailment, n. روگ ؛ مرض ؛ بیماری ؛ جسمانی تکلیف ؛ ماندگی ؛ دکھ درد ۔

aim, v.i. ہدف لینا ؛ سیدھ لینا ؛ میزائل کو ہدف کی جانب کرنا ؛ ذہن ، ارادہ یا نیت کا بدلنا ؛ سعی کرنا ؛ کوشش کرنا (بعد میں at آتا ہے) ۔ (فعل متعدی) نشانہ لینا ؛ شست باندھنا ؛ ہدف بنانا (کسی چیز یا بات کو) (اس صورت میں بعد میں at لگایا جاتا ہے) ؛ ارادہ کرنا (بعد میں علامت مصدر لگاتے ہیں جیسے we aim to finish to-day)۔(عسکری) سیدھ باندھنا جیسے کسی لڑاکا طیارے کی طرف تا کہ توپیں ہدف کو زد میں لے آئیں ؛ توپ کی طرح یوں نشانہ لینا کہ اس سے نکلا ہوا میزائل اپنے ہدف پر ٹھیک جا کر لگے ؛ بم یا بارودی سرنگ گرانا ۔ (اسم) میزائل کی شست بندی یا سیدھ ؛ متوقع ہدف یا شے جسے نشانہ بنانا مقصود ہو ؛ ہدف ؛ شست ؛ نشانہ ؛ مقصد ؛ نصب العین ؛ اسکیم ۔

aim-less, a. بے مقصد ؛ بے مدعا ؛ عبث ؛ اٹکل پچو ؛ بے تکا ۔

aimlessly, adv. بے مقصد طور پر ؛ بے تکے انداز میں ۔

ain't, [amn't کا متغیرہ ؛ am اور not کا مخفف معیاری نہیں سمجھا جاتا ہے] نہیں ہے ؛ نہیں رکھتا ہے ؛ نہیں ہیں ؛ نہیں رکھتے ہیں (متحدہ امریکا کی چند بولیوں کے سوا کسی میں بھی معیاری نہیں سمجھا جاتا بمعنی نہیں ہوں) ۔

air, n. ہوا ؛ پَوَن ؛ بے ذائقہ ، بے بو ، بے رنگ ، غیر مرئی گیسوں کا مختلف الجنس آمیزہ جو کرۂ ارض پر محیط ہے اور جس میں آمیزش کا تناسب نائٹروجن ۷۸٫۰۳٪، آکسیجن ۲۰٫۹۹ آرگون ۰٫۹۴٪، کاربن ڈائی آکسائیڈ ۰٫۰۳٪ ۔ ، ہائیڈروجن ۰٫۰۱ ۔ فی صد نیز کرپٹون، نیون ، ہیلیم، اور زینون کی معمولی سی مقدار شامل ہے ؛ یہی ہم سانس لیتے وقت اندر لے جاتے ہیں اور جو ہر قسم کی حیوانی اور نباتی زندگی کے لیے بھی بہت ضروری ہے ؛ باد متحرک ۔ (موسیقی) سُر ؛ موسیقی کے کسی باآہنگ ٹکڑے میں نغمے کا بنیادی حصہ ؛ لے ؛ تان ؛ راگ ؛ کسی شخص یا چیز کی شکل و شباہت یا طور طریق (جیسے an air of importance بڑائی کا احساس) ؛ تصنّع ؛ کبروغرور ؛ ڈھنگ ؛ وضع ؛ چال ؛ روش ؛ روپ ؛ صورت ؛ طور ۔

air, v.t. ہوا میں رکھ دینا ؛ ہوا دینا ؛ ہوا اندر آنے دینا ؛ ہوا دار بنانا (جیسے to air a room) ؛ کُھلے بندوں کہہ دینا ؛ علی الاعلان کہہ دینا (جیسے to air one's views) ۔

air alert, n. (عسکری) کسی ہوائی حملے کا مقابلے کرنے یا کسی اور ہوائی اقدام میں الجھنے کی صورت میں ہوائی عملے کے چوکس رہنے کی حالت تا کہ وہ طیاروں کو فضا میں لے جانے کے احکام کی فوری تعمیل کے لیے تیار رہے ؛ اس قسم کے اقدام کے لیے دیا جانے والا سگنل ؛ چوکس ۔

air bag, n. ہوا تھیلی ؛ آٹو موبائل کے ڈیش بورڈ میں لگائی جانے والی پلاسٹک کی تھیلی جو تصادم کی صورت میں پھول جاتی ہے اور ایک حفاظتی گدے کی شکل اختیار کر لیتی ہے ۔

air base, n. ہوائی تنصیب ۔ (عسکری) ریاستہائے متحدہ امریکا کی فضائیہ کا محکمہ جو ایک ہوائی اڈے ، اس کی تنصیبات ، سہولیات ، عملے ، پرواز سے متعلق سرگرمیوں ، عملدرآمد ، طیاروں کی دیکھ بھال ، بہم رسانی اور فضائی تنظیموں پر مشتمل ہوتا ہے ؛ اس قسم کی تنصیب جو کسی اور ہوائی فوج سے تعلق رکھتی ہو ؛ ہوائی جہاز کے فعل افعال کا مرکز ؛ محدود معنوں میں اس سے صرف موجود تنصیبات مراد لی جاتی ہیں ۔

air bladder, air sac, n. ہوا دانی ؛ ہوا کی ایک تھیلی جو اکثر مچھلیوں کی ریڑھ کی ہڈی کے نیچے ہوتی ہے اور ان کا اچھال قائم رکھتی ہے اور جس سے بیشتر بڑی مچھلیوں کا آبی سکونی دباؤ باقاعدہ رہتا ہے ؛ پُھکنا ؛ گل بھیڑا ؛ گل بھیڑ ۔

airborne, a. بادبرداشتہ ؛ جسے ہوا حرکی قوّت نے اُٹھایا ہوا ہو ؛ اڑتا ہوا ؛ زمین سے اٹھا ہوا ؛ ہوا میں ؛ فضا میں بے عنان تیرتا ہوا ؛ اوپر اٹھا ہوا ؛ ہوا میں یا اس کے ذریعے سے بلندیوں میں لے جایا گیا یا اڑایا گیا ۔

air brake, n. ائیر بریک؛ ہوائی روک ؛ ایک میکانکی بریک جو دبی ہوئی ہوا کے ذریعے عمل پیرا ہوتا ہے اور ایک پسٹن کو دھکیلتا ہے ۔

airbrush, n. پچکاری ؛ ایک آلہ جو دبی ہوئی ہوا کی نالی کے ساتھ لگا ہوتا ہے اور پینٹ (روغن) کو اسپرے کرنے کے کام آتا ہے ۔

air burst, n. ہوائی دھماکہ بالعموم بم یا شیل وغیرہ کا ۔

air carrier, n. فضائی باربردار ؛ ہوائی ترسیل کنندہ ؛ ہوائی ترسیل اور نقل و حمل کا غیر فوجی ادارہ ؛ وہ ہوائی جہاز جو مال مسافر اور ڈاک لے کر جاتا ہے ۔

air castle, n.
ہوائی قلعہ ؛ دن سپنا ؛
خیالی پلاؤ ؛ ناقابل حصول منصوبہ ۔

air chamber, n.
ہوا خانہ ؛ کوئی جوف یا خانہ
جس میں ہوا بھری ہوئی ہو۔

air coach, n.
فضائی گاڑی ؛ فضائی کوچ ؛
مسافروں کے لیے باکفایت اور کم خرچ درجہ والا طیارہ۔

air command, n.
(عسکری) فضائی کمان؛
وہ کمان داری یونٹ جس میں دو یا دو سے زیادہ ہوائی فوجیں ہوتی ہیں۔

air-condition, v.t.
موسمیانا ؛ درونِ خانہ ہوا کی
کیفیت اور حرارت وغیرہ کو حسب خواہش رکھنا۔

air-conditioner, n.
ایئرکنڈیشنر ؛
ایک بادگرداں آلہ جسے خصوصاً ٹھنڈا رکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

air-conditioning, n.
موسمیائی عمل ؛
کسی بند جگہ میں بادگردانی ، رطوبت ، حرارت اور ہوائی صورت حال کو حسب ضرورت رکھنے کا عمل ؛ موسماؤ ؛ ہوا سدھار ۔

air controlman, n.
ہوائی رابطہ افسر ؛
امریکی بحریہ کا چھوٹا افسر جو ہوائی آمدورفت میں ربط پیدا کرتا ہے۔

air-cooled, a.
ہوا بستہ ؛ سردایا ہوا ؛
ہوا کے ذریعے ٹھنڈا کیا گیا جیسے کہ آٹو موبائیل انجن میں ہوتا ہے۔

air corridor, n.
(عسکری) فضائی گزرگاہ ؛
ہوائی جہاز کا فضائی راستہ خصوصاً وہ جو یا تو طیارہ شکن دفاعی نظام میں سے گزرتا ہو یا بین الاقوامی معاہدوں کے تحت وضع کیا گیا ہو۔

air craft, n.
طیارہ ؛ ہوائی جہاز۔
(طیرانیات) کوئی مشین یا آلہ جو ہوائی سفر کے لیے تیار کیا گیا ہو (بعض صورتوں میں بشمول خلائی سفر) اور جسے اس کی اپنی اُچھال اٹھائے رکھتی ہو (جیسا کہ غباروں والے جہازوں میں ہوتا ہے) یا ہوائی ذرات کا اس کی بیرونی سطحوں پر یا ارد گرد ، حرکی ردعمل یا جیٹ کے بہاؤ کا ردِّعمل اُسے اُٹھائے رکھتا ہے۔

air craft carrier, n.
طیارہ بردار بحری جہاز ؛
بحریہ کے ہوائی جہاز لے جانے والا بحری جہاز جس پر جہازوں کے اترنے چڑھنے کے لیے عرشے بنے ہوتے ہیں۔

air crew, n.
فضائی عملہ ؛
کسی طیارے کو اڑانے کے لیے ذمہ دار عملہ ۔

air current, n.
ہوائی رو ؛
وہ ہوائی لہر جو افقی کے علاوہ کسی بھی سمت کو چل رہی ہو (بالخصوص عموداً) ۔

air defense, n.
(عسکری) فضائی دفاع ؛
دشمن کے طیاروں یا میزائلوں کے حملے کے خلاف دفاعی نظام ؛ اس مقصد کے لیے کیے گئے جملہ اقدامات ؛ ایسا دفاع مہیا کرنے والی کوئی تنظیم یا سرگرمی ۔

air drill, n.
ہوائی برما ؛ دبی ہوئی ہوا کی
طاقت سے سوراخ کرنے والا آلہ ۔

air drome, n.
مطار ؛ طیران گاہ؛
ہوائی اڈہ ؛ جہازوں کے اترنے کی جگہ ؛ ایئرپورٹ ؛ ایئروڈروم ۔

air drop, v.t.
(عسکری) فضا سے گرانا ؛
دوران پرواز طیارے سے فوجی اور دوسرا سازوسامان نیچے گرانا۔ (اسم) فضا سے گرنے کا عمل۔

air-dry, a.
سوکھا ہوا ؛
اس قدر خشک کہ ہوا میں ڈالنے پر بھی اس میں سے کوئی نمی ظاہر نہ ہو۔ (فعل متعدی) ہوا میں ڈال کر خشک کرنا۔

air duct, n.
باد گیر ؛ ہوا نالی ؛
ہوا دان ؛ ایک ٹیوب (خصوصاً کانوں میں کام آنے والی) جس کے ذریعے تازہ ہوا اندر پہنچائی جاتی اور گندی ہوا خارج کی جاتی ہے۔

aire dale terrier, n.
ایر ڈیل ٹیریئر؛
یارک شائر (انگلینڈ) کے مقام ائر ڈیل کا بھاری بھر کم ٹیریئر نسل کا کتا جس کے بال ہلکے یا گہرے بھورے رنگ کے ہوتے ہیں یا پیٹھ پر ان کا رنگ سیاہ یا خاکستری ہوتا ہے۔

air engine, n.
ہوائی انجن ؛
گرم یا دبی ہوئی ہوا سے چلنے والا انجن۔

air express, n.
ائر ایکسپریس ؛
ہوائی ترسیل کے ذریعے سازوسامان کی جلد نقل و حمل کا نظام ؛ اس طرح بھیجا گیا سامان۔

air field, n.
ہوائی مستقر ؛ ہوائی اڈہ ؛
طیاروں کے اترنے کی وہ جگہ جہاں ان کے لیے رن وے یا دوڑنے کے میدان بنے ہوتے ہیں۔

air fleet, n.
(عسکری) فضائی بیڑا ؛
طیاروں کا بیڑہ خصوصاً وہ جو ایک ہی افسر کے زیر کمان ہو (جیسے the 7th Air Fleet)۔

air flow, n.
کسی گاڑی کی حرکت سے
ہوا میں پیدا ہونے والی حرکت یا بہاؤ۔

air foil, n.
ہوا پترا ؛ ہوا کی متحرک رو
کو ردِعمل سے قابو میں رکھنے کے لیے طیارے میں بنائی گئی کوئی سطح جیسے بازو یا دُم ۔

air force, n.
(عسکری) فضائیہ ؛ فضائی فوج ؛
(۱) فضا میں عسکری کارروائیاں کرنے والے عملے ، سازوسامان اور تنصیبات کی تنظیم۔ (۲) (بحروفِ جلی) کوئی موسوم یا خاص فضائی فوج (جیسے the US Air Force; the 7th Air Force وغیرہ) ؛ فضائی قوت ؛ فضا میں یا فضا سے استعمال کی گئی قوّت کی مقدار ؛ دوران پرواز کسی چیز پر اثر انداز ہونے والی قوتوں میں سے کوئی قوت جیسے ہوا کا کھنچاؤ، کششِ ثقل یا اُچھال وغیرہ یا ان کا مجموعہ ؛ ہوا حرکی قوّت ۔

airframe, n.
طیرانی ڈھانچا ؛
انجنوں کے بغیر طیارے کے باقی اجزائے ترکیبی ۔

air freight, n.
فضائی باربرداری ؛
ایئر ایکسپریس ؛ فضائی سامان کو دوسری جگہ پہنچانے والا نظام یا کارِ خدمت ۔

air gauge, n.
ہوا پیما ؛ ہوائی دباؤ ناپنے کا آلہ ۔

air glow, n.
فضا تابی ؛ بالائی فضا کی وہ

نورافشانی جو رات کو وسطی اور نچلے عرض بلدوں پر دکھائی دیتی ہے۔

air gun, n.
ہوائی بندوق ؛ ایئر گن ؛ ہوا کے دباؤ سے چلنے والی بندوق ؛ ہوا کے دباؤ سے چلنے والا دستی آلہ۔

airhead, n.
(عسکری) دشمن کی حدود کے اندر کا علاقہ یا دوست ملک کی حدود کے اندر کا وہ علاقہ جو خطرے کی زد میں ہو ؛ وہ علاقہ جہاں زمینی ذرائع سے رسائی آسان نہ ہو یا جسے اس لیے قبضے میں کیا یا رکھا گیا ہو کہ افواج و سامان کی رسد اور مسلسل بہم رسانی بذریعہ فضا ہوتی رہے۔

air hole, n.
ہوا دان ؛ ہوا سوراخ ؛ وہ سوراخ جو ہوا کی آمد و رفت کے لیے بنایا جائے ؛ کسی جوہڑ یا دریا کو ڈھانپ رکھنے والی برف میں بنا ہوا اس قسم کا قدرتی سوراخ ؛ گرداب۔

airily, adv.
خوش باشانہ ؛ شگفتہ دلانہ ؛ ہلکے پھلکے انداز میں ؛ زندہ دلی کے ساتھ ؛ لطافت کے ساتھ۔

airing, n.
چہل قدمی ؛ ہواخوری ؛ ہوا دکھائی (جیسے کپڑوں کو) ؛ پبلک کی نظر میں آ جانے کا عمل۔

air jacket, n.
ہوائی صدری ؛ ہوا دار جیکٹ ؛ ایک جیکٹ جس میں ہوا بھری جا سکے اور جس کو پہننے والا پانی میں تیرتا رہے ؛ حیاتی صدری ؛ کسی مشین کے ایک حصے کے گرد محیط ہوا کا غلاف جس سے اشعاع حرارت کا اندازہ لگایا جاتا ہے۔

air lane, n.
ہوائی راستہ ؛ ہوا میں وہ مخصوص راستہ جس میں سے کوئی طیارہ گزرتا ہے۔

air launch, v.t.
فضا میں سے کسی طیارے کے ذریعے داغنا (جیسے to air launch a guided missile)۔

air lift, n.
فضائی رسد رسانی ؛ رسد رسانی جو بذریعہ طیارہ عمل میں لائی جائے۔ (فعل متعدی) فضائی ذریعے سے لے جانا (خصوصاً نرغے میں آئے ہوئے مقامات کی طرف)۔

air line, n.
ہوائی کمپنی ؛ ایئر لائن ؛ ہوائی نقل و حمل کا وہ قائم شدہ ادارہ خصوصاً کاروباری جس کے پاس اپنا سازوسامان ، املاک اور دیگر سہولیات ہوں ؛ ایسے نظام کو چلانے والی یا اس کی مالک کمپنی ؛ دو مقامات کے درمیان آنے جانے کا راستہ۔

airliner, n.
مسافر بردار طیارہ ؛ کسی ایئر لائن کے زیر استعمال تجارتی آمدورفت کے لیے مسافر ہوائی جہاز۔

air lock, n.
ہوا بند ؛ ایئر لاک ؛ باقاعدگی پیدا کرنے کے لیے پریشر چیمبر کے مدخل پر ہوا بند حلقہ ؛ کوئی رکاوٹ جیسی کہ پانی کے پائپ یا پمپ میں ہوابستگی سے پیدا ہو جاتی ہے۔

airmail, air-mail, n.
ہوائی ڈاک ؛ ایئر میل ؛ ہوائی جہاز کے ذریعے ڈاک کا انتظام ؛ اس طرح پہنچائی گئی ڈاک۔ (فعل متعدی) بذریعہ طیارہ ڈاک بھیجنا۔ (صفت) ہوائی ڈاک کا یا اس سے متعلق (جیسے an air mail stamp)۔

air man, n.
ہوا باز ؛ ایئر مین ؛ غیر فوجی طیارچی ؛ فضائیہ کا اسٹاف سارجنٹ سے کم درجے کا کوئی فوجی۔

air man, basic, n.
بنیادی ہواباز ؛ فضائیہ میں سب سے نچلے درجے کا اندراجی ملازم۔

airmanship, n.
ہوا بازی ؛ فن طیارہ رانی ؛ طیارہ اڑانے یا جہاز رانی کا فن۔

air marshal, n.
ایئر مارشل ؛ برطانوی نیز پاک فوج میں وہ کمشنڈ افسر جو فضائیہ میں ایئر وائس مارشل سے بالا لیکن ایئر چیف مارشل سے کم منصب ہو (مخفف A.M.)۔

air mass, n.
جمعیتِ ہوا ؛ کسی وسیع رقبے کے اوپر ہوا کا بہت بڑا اجتماع جس کی افقی سمت میں رطوبت اور درجہ حرارت کی حالت سر تا سر یکساں ہو۔

Air Medal, n.
(عسکری) تمغۂ پرواز ؛ ایئر میڈل ؛ وہ تمغہ جو ریاستہائے متحدہ امریکا کی فضائیہ کے عملے کو دورانِ پرواز قابل تعریف خدمات سرانجام دینے پر دیا گیا ہو۔

air mile, n.
فضائی میل۔

air minded, a.
ہوا پسند ؛ ہوائی سفر یا ہوابازی کے کسی پہلو سے دلچسپی رکھنے اور ان کو پسند کرنے والا ؛ فضا پسند۔

air plane, n.
ہوائی جہاز۔ (طیرانیات) اپنے وسیع تر مفہوم میں ہوا سے وزنی کوئی بھی طیارہ جو پیوستہ یا متحرک سطحوں پر سے ہوا کے حرکی ردعمل کے ذریعہ اڑتا ہے ، بشمول پسٹن یا جیٹ سے چلنے والے جہاز یا گلائڈر ، ہیلی کاپٹر ، جیروپلین اور پردار میزائل وغیرہ (aerostats کے برعکس) ؛ محدود معنوں میں قوت سے چلنے والا ہوائی جہاز جس میں پیوست یا تغیر پذیر پر ہوتے ہیں ؛ کوئی بھی پردار ہوائی جہاز جس میں ہیلی کاپٹر شامل ہیں لیکن گلائڈر اور پردار میزائل شامل نہیں ؛ کسی بحری طیارے کے برعکس کوئی زمینی طیارہ۔

air plant, n.
(نباتیات) اکاس بیل ؛ طفیلی پودا ؛ ان پودوں کا مجموعی نام جو دوسروں کے سہارے پلتے ہیں اور اپنی ساری غذا فضا سے حاصل کرتے ہیں ، جیسے بہت سے ثعبیے ؛ ہوائی پودا۔

air pocket, n.
ہوا رخنہ ؛ ہوا تھیلی ؛ وہ فضائی مقام جہاں شدید اور عمودی موج ہوا چلتی ہے اور جب ہوائی جہاز اس حلقے میں داخل ہوتا ہے یا اس سے دوچار ہوتا ہے تو یک لخت غوطہ کھاتے ہوئے اوپر اٹھتا ہے یا نیچے گرتا ہے جیسے کسی تھیلی میں جا گرا ہو ؛ ہوائی بھنور ؛ جیب ہوائی ؛ ہوائی رَو ؛ اضطرابِ ہوا۔

air police, n.
فضائی پولیس۔ (بیشتر بڑے A سے) فضائیہ یا فضائی نیشنل گارڈ میں وہ تربیت یافتہ پولیس جو نظم و ضبط برقرار رکھنے اور پاسداریٔ قانون کی ذمہ دار ہوتی ہے۔

air port, n.
ہوائی اڈہ ؛ ایئر پورٹ ؛ سمندر یا زمین پر ہوائی جہازوں کے وہ ٹھکانے جہاں ایک یا ایک سے زیادہ ہینگر ہوں ، جہاں مسافر یا مال بردار جہازوں کے اڑنے ، اترنے اور دیکھ بھال کی سہولت موجود ہو۔

air post, n.
ہوائی ڈاک ؛
ہوائی جہاز کے ذریعے ڈاک کی ترسیل ۔

air power, n.
طاقتِ پرواز ؛ فضائی قوت ؛
وہ قوت جو انسان کی اس صلاحیت سے پیدا ہوتی کہ وہ کسی جہاز میں پرواز کر سکتا ہے یا اسے فضا یا خلا میں چلا سکتا ہے ؛ ہوائی طاقت ۔ (عسکری) کسی قوم میں فوجی ، تجارتی اور نجی شعبوں کی مجموعی فضائی قوّت ۔

air pressure, n.
ہوائی دباؤ ؛ ہوا کا حرکی یا سکونی دباؤ یا دونوں کا (خصوصاً کرہٗ ہوائی کا) ؛ فضائی دباؤ ۔ (عسکری) وہ قوّت یا دباؤ جو فضائی قوّت کے ذریعے ظاہر کیا گیا ہو ۔

air pump, n.
ایئر پمپ ؛ ہوائی پمپ ؛
کسی جہاز میں دبی ہوا بھرنے یا خلا پیدا کرنے کے لیے ہوا نکالنے کی مشین ۔

air raid, n.
ہوائی حملہ ؛ زمین پر کسی شہر یا ہوائی اڈے کو نشانہ بنانے کے لیے دشمن کے ہوائی جہازوں کا حملہ ۔

air rifle, n.
ایئر رائفل ؛ ہوائی بندوق ؛
ہوائی رائفل ؛ وہ رائفل جس میں گولی یا چھرا وغیرہ چلانے کے لیے دبی ہوا سے کام لیا جاتا ہے ۔

air route, n.
ہوائی راستہ ؛ فضائی جادہ ؛
وہ مقررہ راستہ جس پر کاروباری طیارے آتے جاتے ہیں ۔

air sac, n.
ہوا دانی ؛ پُھکنا ؛
وہ تھیلا جس میں ہوا بھری ہوئی ہو ؛ پرندوں ، مچھلیوں وغیرہ کے ہوا بھرے جوفوں میں سے کوئی ایک ؛ کیسۂ ہوائی ؛ سانس لینے کی تھیلی ۔

air scoop, n.
باد آور ؛
وہ حصہ یا آلہ جو سامنے کی جانب سے کُھلا اور طیارے پر کسا ہوتا ہے تاکہ دوران پرواز ہوا کو اندر لایا جا سکے ؛ آٹو موبائیل انجنوں کو اضافی ہوا مہیا کرنے کے لیے بھی اس سے کام لیتے ہیں ۔

air screw, n.
(برطانوی) طیارے کا ہوا پنکھا ؛
ہوائی جہاز کی دھری ۔

air shaft, n.
ہوا دان ؛ باد کَش ؛
ہوا شافٹ ؛ کسی کان یا سرنگ میں تازہ ہوا کے لیے بنایا ہوا راستہ ؛ کسی عمارت میں ہوا اور روشنی داخل ہونے کا راستہ ؛ روزن ؛ روشن دان ۔

air ship, n.
ہوائی جہاز ؛ ہوا میں اڑنے اور کھینے کی صلاحیت رکھنے والی مشین جسے گیسی تھیلے سہارا دیے ہوتے اور ایک یا ایک سے زیادہ انجن اسے چلاتے ہیں ۔

air sickness, n.
طیرانی مرض ؛ فضائی بیماری ؛
فضائی عارضہ ؛ وہ بیماری یا ناسازی جو بعض اوقات ہوائی سفر کے دوران پرواز طیارے کی حرکت اور ارتفاع کے باعث لاحق ہو جاتی ہے ، جی متلانا اور سر چکرانا نمایاں علامات ہیں ۔ ایسے مریض کو فضائی بیمار (air sick) کہتے ہیں ۔

air-slaked, a.
ہوا میں بجھا ؛
مرطوب ہوا میں بھیگا ہوا ؛ بجھا ہوا (جیسے چونا) ۔

air sleeve, n.
باد نما ؛ ہوائی آستین ؛
ہوا تابہ ؛ آستین نما کپڑا جو ہوا لے کر ہوا کا رخ بتاتا ہے ۔

air space, n.
ہوائی فضا یا زمین کی مخصوص سطح کے اوپر کی فضا خصوصاً کسی ملک کی فضا جو اس کی عمل داری میں شمار کی جاتی ہے ؛ فضائی رقبہ ؛ مخصوص فضا ۔

air speed, n.
ہوائی رفتار ؛ طیارے کی وہ رفتار جس کا تعین ہوائے محیط کے حوالے سے کیا جاتا ہے نا کہ زمین کے حوالے سے ۔

air spring, n.
ہوائی کمانی ؛ ہوائی لچک
کے ذریعے کسی اچانک دباؤ کا مقابلہ کرنے والا آلہ ۔

air'stream, n.
ہوائی لہر ؛ موجِ ہوا ؛ ہوا کا بہاؤ ۔

air strip, n.
رن وے ؛ طیاروں کا مفر یا دوڑنے والا راستہ ۔

air terminal, n.
کوئی ہوائی اڈہ ،
شہر یا کوئی دوسری جگہ جو اس امر کا پتہ دے کہ یہاں تجارتی طیارے اتارنے اور ان کی دیکھ بھال کا بندوبست ہے ؛ کسی ہوائی کمپنی کا اڈہ ، ٹرمینل ۔

air tight, a.
ہوا بند ؛ ہوا کے لیے نفوذ نا پذیر ؛
باد ناگزر ، کِل حکمت طریقے سے بند ؛ حملے یا مبارزت کے لیے کوئی راہ نہ دینے والا (جیسے an airtight alibi) ۔

air-to-air, adv.
فضا سے فضا میں ؛
محو پرواز طیاروں کے مابین ۔

air-to-air, a.
فضا میں طیاروں کے مابین
وقوع پذیر یا مستعمل (جیسے an air-to-air missile فضا سے فضا میں مار کرنے والا میزائل) ۔

air vessel, n.
وہ کشتی نما جس میں ہوا
موجود ہو یا جو ایصالِ ہوا کرتا ہو ؛ ہوا خانہ ؛ گل پھڑا ؛ تنفّسی نالی ۔

air wave, n.
موجِ ہوا ؛ ہوا لہر ؛
وہ وسیلہ جس کی وساطت سے ریڈیو اور ٹی وی کے نشریے ارسال کیے جاتے ہیں ۔

air way, n.
ہوا گزار ؛ وہ ہوائی گزرگاہ
جسے مجاز مقتدرہ نے ہوائی آمدورفت کے لیے موزوں ٹھہرایا ہو ؛ ہوا کے لیے راستہ جیسا کہ کسی معدن یا کان میں مہیا کیا جاتا ہے ؛ ہوائی راستہ ۔

air worthy, a.
لائقِ پرواز ؛ فضائی خدمت کے لیے
موزوں ، سازگار اور محفوظ ، جیسا کہ کوئی ہوائی جہاز ۔

airy, a.
ہوائی ؛ ہوا دار ؛
ہوا کی خاصیتوں والا یا ان پر مشتمل ؛ غیر مادی ؛ بشاش بشاش ؛ سبک خرام ؛ شگفتہ مزاج ؛ رنگیلا ؛ تصنع لیے ہوئے ؛ آسمانی ؛ ہوا سے بھرا ہوا ؛ جُھوٹا ؛ قیاسی ۔

airiness, n.
بالائی اوصاف کی حالت یا وضع ۔

aisle, n.
بغلی راستہ ؛
بڑے یا کسی عام گرجے کا بغلی حصہ (راستہ) جسے مرکزی حصے یعنی نافِ کلیسا سے پایوں یا ستونوں کے ذریعے جدا کیا گیا ہو ؛ نشستوں کی قطاروں کے مابین راستہ ۔

aisled, a.
ایسے ستونوں یا پایوں سے آراستہ ۔

aitch bone, n.
کفلی ہڈی ؛ عصعص ؛
بیل کی کولھے کی ہڈی ؛ اس ہڈی والا گوشت ؛ اسے edge-bone بھی

کہتے ہیں (اگرچہ مغالطے سے)۔

ajar, a., adv. نیم وا ؛ ادھ کُھلا ؛ پوری طرح کھلا نہ بند ؛ قدرے کھلا ؛ دروازے کے بارے میں بولا جاتا ہے ؛ بے جوڑ ؛ نا آہنگ ؛ بے میل۔

akvavit, aquavit, n. آکیواویٹ ؛ خشک ، بے رنگ ، جن سے مشابہ اسکینڈے نیوی شراب جو باز کشیدہ الکحل سے بنتی اور کالے زیرے سے مہکی ہوتی ہے۔

akimbo, a., adv. کولھے پر یوں ہاتھ رکھے ہوئے کہ کہنی باہر کی جانب ہو (بازو کے بارے میں کہا جاتا ہے)۔

akin, a. سگا ؛ قرابت دار ؛ ایک پیٹ کا ؛ ماں جایا ؛ خون کے رشتے والا ؛ ہم سرشت ؛ ہم جنس ؛ ایک سی خو بو والا ؛ ملتا جلتا۔

a la, prep. بمطابق،طور، انداز یا اسلوب (خصوصاً کھانا پکانے یا ادبی اسلوب کے حوالے سے)۔

ala, n. پر ؛ جَناح ؛ پرندے کا بازو ؛ کھمبراٹ ؛ بدن کا پر سے مشابہ کوئی عضویاتی زائدہ ؛ اسی شکل کا کوئی حصہ ، سلسلہ یا توسیع جیسے کسی ہڈی ، خول ، بیج یا تنے وغیرہ کا ؛ تیتری پھول کی دو رخی پنکھڑیوں میں سے ایک ؛ قدیم روما میں گھر کا وہ چھوٹا کمرہ جو ایک بڑے کمرے یا آنگن میں کھلتا تھا۔

alabaster, n. سنگ جراحت ؛ سیلکھڑی ؛ الباسٹر ؛ ایک سخت نیم شفاف مرمریں پتھر جس کی دو معروف قسمیں ہیں : ایک وہ جس میں جپسم زیادہ ہوتا ہے اور دوسرا جس میں کیلشیم ، عموماً زیبایشی اشیا بنانے کے کام آتا ہے ؛ کھریا پتھر ؛ سفید مرمر۔

alabastrine, a. الباسٹری ؛ کھریا پتھر کا یا اس سے متعلق۔

ala carte a. حسب نرخ نامہ ؛ ہر پلیٹ کے مندرجہ نرخ کے ساتھ۔

alack, interj. (قدیم) آہ ؛ ہیہات ؛ ہا ؛ دکھ یا افسوس کے اظہار کا ندائیہ۔

alack-a-day, interj. ہائے ہائے ؛ افسوس ! یہ دن دیکھنا پڑا (بمقابلہ well-a-day کے)۔

alacrity, n. آمادگی ؛ کوئی کام کرنے کے لیے خوش دلانہ آمادگی ؛ پرشوق رضامندی ؛ خوش دلی۔

alamo, n. ہسپانوی استعمال میں سفیدے کا درخت اور جنوب مغربی ریاستہائے متحدہ امریکا میں کپاس کی جھڑی کو کہتے ہیں۔

alamode, n. (فیشن کے مطابق) ایک نفیس چمک دار پارچہ جس سے گلو بند تیار کیے جاتے ہیں۔

alarm n. گجر ؛ الارم ؛ ہتھیار بندی کا اعلان ؛ کسی خطرے کے سر پر آ جانے کا اعلان یا اشارہ ؛ اضطراب ؛ گڑبڑ ؛ انتباہ ؛ تلاطم ؛ خطرے کی تشویش سے اچانک خوف یا تکلیف دہ سنسنی ؛ دھڑکا ؛ نیند سے جگانے کے لیے میکانکی آلہ کھٹکا ؛ خطرے کی گھنٹی۔

alarm, v.t. گجر بجانا ؛ الارم بجانا ؛ دفاع کے لیے ہتھیار بندی کا اعلان کرنا ؛ خطرے سے کسی کو آگاہ کرنا ؛ چوکس رہنے کے لیے کہنا ؛ خوف زدہ کر کے بے سکون کر دینا ؛ بے آرام کرنا ؛ شر کے خدشے سے خوف زدہ کر دینا ؛ چوکنا کرنا ؛ ڈرانا ؛ پریشان کرنا۔

alarming, a. الارم بندی ؛ بھیانک ؛ خطر انگیز ؛ کھٹکا پیدا کرنے والا ؛ ڈراؤنا ؛ خوفناک ؛ ہوشربا۔

alarmingly, adv. ڈرا دینے والے انداز سے۔

alarm clock, n. گجر گھڑی ؛ الارم کلاک ؛ الارم والی گھڑی ؛ وہ گھڑی جس کے ساتھ حسب ضرورت وقت پر نیند سے بیدار کر دینے کے لیے گھنٹی لگی ہوتی ہے۔

alarmism, n. واویلا پن ؛ کسی معقول وجہ کے بغیر واویلا مچانے کی عادت یا ایسا کرنے کا رجحان۔

alarmist, n., a. بوکھل ؛ بولچی ؛ ہولا ؛ سنسنی پیدا کر دینے والا ؛ سنسنی قبول کر لینے کا میلان رکھنے والا ؛ کسی بری خبر کو مبالغہ آمیزی کے ساتھ پھیلانے والا ؛ بغیر کسی معقول وجہ کے سنسنی پیدا کر دینے کی عادت رکھنے والا۔

alarm reaction, n. انتباہی ردِّعمل (فعلیات) ماحول کو قبول کرنے کی پہلی علامت جس میں دباؤ کے جواب میں بدن جھٹکے کا مظاہرہ کرتا ہے ؛ ایک فطری عضلاتی حرکت جس کا اظہار پرندے خطرے کے وقت بار بار کرتے ہیں۔

alas, interj. غم ، اندوہ ، ترحم ، فکر مندی یا برائی کے اندیشے کا اظہار کرنے والا ندائیہ ؛ حیف ؛ افسوس ؛ ہائے ہائے ؛ وائے۔

Alaskan, a. ایلاسکی ؛ شمالی امریکا کی ۴۹ ویں ریاست کا یا اس سے تعلق رکھنے والا۔

Alaskan mal-a-mute, n. ایلاسکائی نسل کا ایک بڑا مضبوط کتا جس کے جسم پر موٹی بھدی سیاہی مائل سفید یا بھورے رنگ کی سمور ہوتی ہے ، خصوصاً برف پر بغیر پہیے والی گاڑی کھینچنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

alate, alated, a-lar, a. جناح دار ؛ بازو دار (پرندہ وغیرہ) ؛ جس کے بازو ہوں ؛ جس کے بازوؤں جیسے اعضا ہوں۔

alation, n. جناحی حالت ؛ بازو دار صورت یا حالت ؛ بازوؤں کی بناوٹ یا ترتیب کا انداز (جیسے کیڑے مکوڑوں میں)۔

alb, n. پادریوں کا ایک منصبی پہناوا ؛ چوغا ؛ جبہ ؛ عبا ۔ دیکھیے chasuble اور cassock ۔

albacore, n. اِلبکر (مچھلی) ؛ ایک بڑی پردار سمندری مچھلی ، جس کا اصطلاحی نام تھونس جرمو (Thunnus germo) ہے اور جو لذیذ گوشت کے باعث پسندیدہ ہے ؛ ڈبے بند الطون (Tuna) بیشتر یہی ہوتی ہے ؛ الطون قسم کی مختلف مچھلیوں میں سے کوئی ایک۔

Albanian, a. البانوی ؛ البانیہ کے لوگوں ، رسم و رواج اور زبان سے متعلق (جنوب مشرقی یورپ کی ایک بلقانی جمہوریہ ، جو یوگوسلاویہ اور یونان کے درمیان واقع ہے)۔ (اسم) البانیہ کا باشندہ یا باسی ؛ البانوی لوگوں کی ہند یورپی زبان۔

albata, n. البیض ؛ جرمن سلور ؛ زنکل ؛ جست ؛ قلعی اور تانبے کا ایک سفید مرکب جس میں سرمہ اور چاندی بھی اکثر شامل ہوتے ہیں ؛ نقلی چاندی۔

albatross, n. البتروس ؛ قادوس ؛

بڑے آب دوست پرندوں کی متعدد قسموں میں سے کوئی ایک بشمول جسیم ترین بحری پرندوں کے ۔

albedo, n.
البیاض ؛ درجہ بیاض ۔
(فلکیات) کسی سیّارے یا سیّارچے پر پڑنے والی ضیاعی کرنوں کی اس امر کے ساتھ پیمایش کہ کتنی کرنیں خارج ہوئیں اور کتنی پہنچیں ۔

albeit, conj.
بر چند ؛ باوجودیکہ ؛ اگرچہ ؛ حالانکہ ۔

albertype, n.
[موجد البرٹ کے نام پر] البر ٹائپ ؛
جیلا ٹینی فوٹو گرافی پلیٹ سے سیاہی کے ذریعے چھاپنے کا ایک طریقہ ؛ اس طرح کی چھپائی ؛ کولو ٹائپ ۔

albescent, a.
سفید یا سفیدی مائل ؛
قدرے سفید ؛ زردی مائل پھیکا سفید ۔

Albigenses, n.
(حالت جمع) بارھویں صدی کے
مذہبی مصلحین کا ایک فرقہ جن کو شدید عقوبت دی گئی ۔ فرانسیسی قصبے البی کے حوالے سے' جہاں وہ رہتے تھے ، یہ نام پڑا۔

albinic, a.
ابرصی ؛ بھورا یا اس رنگ سے متعلق ۔

albinism, n.
برصیت ؛ سورج مکھی (بیماری) ؛
بھورا پن ؛ بھورا ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

albino, n.
ابرص ؛ غیر معمولی زرد
رنگت والا کوئی شخص جس کی تلوینی کمی کے باعث بال کم اور آنکھیں گلابی ہوتی ہیں /زال ؛ طبعی تلوین سے عاری پودا یا جانور/سفید پودا ۔

Albion, n.
(شاعری میں) انگلینڈ کے قدیم ناموں میں سے ایک ۔

albite, n.
البائٹ ؛ فلسپار
کا دوسرا نام اس میں پوٹاش کی جگہ ہلکے رنگ کی سوڈے کی الکلی ہوتی ہے اور کھار کی چٹانوں میں پائی جاتی ہے ۔ دیکھیے: feldspar -

album, n.
بیاض ؛ البم ؛ سادہ سفید کتاب
یا کاپی جو آٹو گراف ، نثری یا نظمی ٹکڑوں ، تصویروں، یادداشتوں وغیرہ کے لیے استعمال ہوتی ہے ؛ ایک یا ایک سے زیادہ فونو گراف (صوت نگار) ریکارڈ جو ایک ہی ملفوف میں رکھے ہوں اور ان کی درجہ بندی نغمہ نگار ، گلوکار ، نغمہ ساز یا نغمہ سازی کے لحاظ سے کی گئی ہو۔

albumen, albumin, n.
البومین ؛ زُلال ؛ انڈے کا
سفید یا شفاف لیسدار حصہ ۔ (نباتیات) بیج کے بیولے کو محیط غذائی مواد ۔ (حیاتی کیمیا) پروٹین کے درجے کا ایک رکن جو پانی میں گھل جاتا ہے اور حیوانات اور نباتات کے ریشوں اور رس میں پایا جاتا ہے اور جن میں گندھک ، آکسیجن ، ہائیڈروجن ، کاربن اور نائٹروجن شامل ہوتی ہے ؛ بیضین ۔

albumenize, v.t.
بیضین دار بنانا ؛ البومین
میں ڈھالنا یا اس سے ڈھانک دینا ؛ البومین سے خوب بھر دینا (اسے z کی جگہ s سے بھی لکھتے ہیں) ۔

albuminoid, n.
البومین نما ؛ البومین سے مشابہ
ایک مادہ ؛ مفرد پروٹین جو سینگ دار یا کُرکری ہڈی کی بافتوں میں پایا جاتا ہے ، پروٹین ؛ زُلال نما ؛ البومینے ؛ مغز نما ۔ (صفت) البومین کے اوصاف لیے ہوئے ؛ البومینی ۔

albuminous, albuminose, a.
البومینی ؛ زُلالی ؛
البومین سے متعلق یا اس کے خواص لیے ہوئے ؛ ان پودوں پر اطلاق ہوتا ہے جن کے بیجوں میں البومین کا ذخیرہ ہوتا ہے ، جیسے غلہ ، کھجور وغیرہ ۔

albuminuria, n.
البومنیریا ؛ بَول زُلالی ۔
(امراضیات) وہ صورت جس میں البومین پیشاب میں شامل ہوتی ہے اور اکثر گردوں کی خرابی کی مظہر ہوتی ہے ۔

albumose, n.
البوموس ؛ انہضامی لحمیات
(پروٹین) کی آب پاشیدگی سے بنا ہوا کوئی مرکب ۔

alburnum, n.
رس چوب ؛ چوب خام ؛ گابھا ؛
برنمو پودوں کی لکڑی کا سفید اور نرم حصہ جو اندرونی چھال اور اصل لکڑی کے مابین ہوتا ہے؛ رسیل لکڑی ۔

alcaide, alcayde, n.
قلعہ دار ؛ ہسپانیہ ، پرتگال ،
جنوب مغربی ریاستہائے متحدہ امریکا میں کسی قلعے کے کماندار کو کہتے ہیں ؛ داروغہ جیل ۔

alcalde, alcade, n.
ہسپانیہ ، پرتگال ، جنوب مغربی
ریاستہائے متحدہ امریکا میں عدالتی اور انتظامی ہر دو اختیارات کا حامل رئیس بلدیہ (میئر) ۔

alcazar, n.
القصر ؛ ایوان شاہی ؛
بربری طرز کی کوئی عمارت ۔

alchemist, n.
کمیا گر ؛ کیمیا گری کرنے والا ۔

alchemy, n.
الکیمیا ؛ کیمیا گری ؛
دورِ وسطیٰ کا علمِ کیمیا ؛ ایک فن جس کی خصوصی کوشش یہ تھی کہ کم مایہ دھاتوں کو سونے میں بدل لیا جائے اور کوئی محلّل کُل کوئی اکسیر حیات معلوم کر لیا جائے ؛ اسی لیے ہر ساحرانہ قوت یا قلبِ ماہیت کا عمل یہی کہلایا ؛ پیتل سے مشابہ مخلوط دھات ۔

alcohol, n.
الکحل ؛ ایک بے رنگ ، آتش گیر ،
اڑ جانے والا سیّال ؛ بعض مٹھاسوں خصوصاً گلوکوز سے بذریعہ تخمیر بنائے گئے سیّال کا نشہ آوری طریقہ ۔ اب اسے عموماً غلے سے یوں تیار کیا جاتا ہے کہ اس میں شعیرہ ملا دیا جاتا ہے جس سے مالٹوز اور ڈیکسٹرن تیار ہو جاتی ہے ۔ ان میں خمیر ملا کر خمیر اُٹھنے دیا جاتا ہے لہذا کوئی الکحلی شراب ۔ (کیمیا) ان کیمیاوی مرکبات کے گروہ میں سے کوئی ایک جن کو ہائیڈروکاربن سے یوں اخذ کیا جاتا ہے کہ ہائیڈروجن کے ایک یا ایک سے زیادہ ایٹموں کی جگہ اسی قدر ہائیڈروکسل اجزا لے لیے جاتے ہیں ۔ ایتھائل الکحل کو بھی یہی نام دیتے ہیں جسے ایتھنول بھی کہا جاتا ہے ؛ طبی اور تجارتی الکحل ۔

alcoholic, a.
الکحلی ؛ الکحل سے متعلق
یا اس کے خواص سے متعلق ۔ (اسم) عادی شرابی ۔

alcoholism, n.
شراب خوری ؛ ان عادی شرابیوں
کی حالت جن کو الکحل نے مسموم کر دیا ہو ؛ شراب خوری کی علّت ۔

alcoholize, v.t.
الکحل کرنا ؛ الکحل میں بدلنا ؛
اسپرٹ کو اس قدر مصفّی کرنا کہ وہ بالکل بے آلود ہو جائے ؛ مخمور کرنا یا الکحل کے زیر اثر لانا ۔

alcoholometer, n.
الکحل پیما ؛ کسی سیال میں
خالص الکحل کی مقدار کا اندازہ لگانے والا آلہ ۔

alcoholometry, n.
الکحل پیمائی ؛

ایسا اندازہ لگانے کا علم یا عمل ۔

alcove, n. قبہ ؛ شہ نشین ؛ پس گوشہ ؛ کمرے میں ایک چوڑا اور گہرا نہاں خانہ جو بستر یا کرسیاں وغیرہ رکھنے کے لیے بنایا گیا ہو ؛ کوئی قدرتی خلوت گاہ یا کُنج ۔

aldehyde, n. الڈی ہائیڈ ۔ (کیمیا) ایک شفاف بے رنگ سیال جو خالص الکحل میں آکسیجن ملانے سے حاصل ہوتا ہے ؛ CHO گروپ کے زبردست ردّعمل والے مرکبات کے قبیل میں سے ایک جسے الکحل سے دو ہائیڈروجنی ایٹموں کے نکالنے سے حاصل کرتے ہیں اور پھر ایک آکسیجنی ایٹم کا اضافہ کر کے اسے ترشے میں بدل دیتے ہیں ۔

alder, n. حوُر رومی ؛ توسہ ؛ بید کی قسم کا ایک درخت ؛ النس قسم کے پودوں کا معروف نام ؛ اصل نام النس گلوٹی نوسا (Alnus glutinosa) ہے ، عموماً مرطوب خنک علاقوں میں ہوتا ہے ۔

alderman, n. نائب رئیس بلدیہ ؛ میونسپل افسروں کی جماعت میں سے ایک جس کا عہدہ رئیس بلدیہ سے نیچے ہوتا ہے ۔ اس کے انتظامی ، عدالتی اور قانون سازی کے اختیارات حسب مقام و رواج مختلف ہوتے ہیں ۔

aldermanic, a. ایلڈرمین کا یا اس کو سزا وار ۔

Alderney, n. الڈرنی ؛ چھوٹے مویشیوں کی ایک نسل جس کا رنگ عموماً ہلکا بادامی ہوتا ہے ۔ اصلاً رودبار انگلستان کے اسی نام کے جزیرے میں ہونے سے یہ نام پڑا ۔ یہ اپنے دودھ کی وجہ سے معروف و ممتاز ہے ۔

Aldine, a. ایلڈی ؛ وینس کے ایلڈوس مینوتیوس اور اس کے خاندان (۱۴۹۰ — ۱۵۹۷ء) کے چھاپے خانے سے آغاز ہونے والا ۔

Aldine type, n. ایلڈی ٹائپ ؛ ترچھی ٹائپ جسے چھاپنے والے نے اپنے ۱۵۰۱ء کے ورجل ایڈیشن کے لیے ڈیزائن کیا تھا ۔

ale, n. بُوزہ ؛ ایک قسم کی شراب جس میں تقریباً ٦ فیصد الکحل ہوتی ہے اور اسے شعیری آمیزش سے تخمیر کے بعد بنایا جاتا ہے ؛ جو کی شراب ۔

aleatory, a. اتفاقی ؛ اتفاقی واقعہ سے متعلق ؛ اتفاقی واقعہ پر مبنی (موسیقی ، فن) ، سُروں یا ڈیزائن کے انتخاب میں اتفاق کو استعمال کرتے ہوئے ۔

alee, adv. (جہاز رانی) جہاز کی ہوا سے محفوظ سمت ؛ اُس جانب کے برعکس جس پر ہوا ٹکراتی ہے (aweather ہوا رخ کے برعکس) ۔

ale-house, n. شراب خانہ ؛ بُوزہ خانہ ؛ وہ جگہ جہاں بیئر اور شراب وہیں پینے کے لیے بیچی جاتی ہوں ۔

Alemanic, n.,a. المانوی ؛ سوئٹزرلینڈ ، السّاس اور جنوب مغربی جرمنی میں بولی جانے والی بالائی جرمانی بولیاں ۔

alembic, n. قرنبیق ؛ انبیق ؛ عموماً شیشے یا تانبے کا کیمیاوی برتن جس کو کبھی عمل تقطیر میں استعمال کیا جاتا تھا ؛ وہ آلہ جس کے ذریعے عمل تقطیر سے ملتے جلتے انداز میں نقشینی کاری کی جاتی ہے ۔

alephnull, n. (ریاضی) معدوم الف ؛ چھوٹے سے چھوٹا غیر صفاتی لامتناہی عدد ؛ تمام مثبت اعداد صحیحہ کے ذاتی عددوں کا مجموعہ ۔

alert, a. چوکنا ؛ چوکس ؛ پھرتیلا ؛ چوکسی پر ؛ پاسبانی پر ؛ رکھوالی پر ؛ تلاش میں ؛ کسی خطرے یا ہنگامی حالت کے خلاف پہرہ ؛ کمر بستہ ؛ آمادہ ۔

alertness, n. چوکسی ؛ چوکنا پن ۔

alert, n. تنبیہہ ؛ آنے والے خطرے سے انتباہ ؛ وہ عرصہ جس میں یہ انتباہ موثر رہے ۔

alert, v.t. خطرے کے امکان سے خبردار کرنا ؛ متنبہ کرنا ۔

aleurone, n. اناج میں موجود سفید چھوٹے دانے ؛ دلیا ۔

Aleut, n. الیوت ؛ الیوتی جزیروں کا باسی خصوصاً وہ جو اسکیمو علاقے سے تعلق رکھتا ہو ؛ الیوت (بولی) ۔

Aleutian, a. الیوتی ؛ الیوتی جزائر اور الاسکا کے شمال مغربی علاقے ، وہاں کے لوگوں اور ان کی زبان سے متعلق ۔

ale-wife, n. (۱) شراب خانے کی منتظمہ ؛ کلاّلن ۔ (۲) شمالی امریکا کی چھوٹی مچھلی جو ہیرنگ اور شاڈ سے مشابہ ہے اور بحراوقیانوس کے ساحلی پانیوں میں پائی جاتی ہے (شکاگو کے ساحل سمندر آخری موسم بہار میں ان مچھلیوں سے بھرے ہوتے ہیں) ۔

alexander, n. کاک ٹیل جو کوکو کریم ، میٹھی کریم اور برانڈی یا جن سے بنائی جاتی ہے ۔

Alexandrian, a. اسکندریائی ؛ اسکندریہ (مصر) سے متعلق ، بالخصوص قدیم اسکندریہ سے متعلق ۔ (بعض اوقات بڑے A سے بھی لکھتے ہیں)

alexandrine, n. انگریزی شاعری میں شعر کی ایک قسم جس میں بارہ رکن تہجی ہوتے ہیں ، فرانسیسی میں بارہ اور تیرہ رکن باری باری شعروں میں آتے ہیں ۔ یہ نام سکندراعظم کی زندگی پر فرانسیسی میں لکھی گئی نظم سے موسوم ہوا ۔

alexandrite, n. [روسی بادشاہ الیگزنڈر دوم کے نام پر] زبرجد کی ایک قسم ؛ یہ دن کی روشنی میں گہرا سبز لیکن مصنوعی روشنی میں سرخ نظر آتا ہے (نگینے کے طور پر استعمال ہوتا ہے) ۔

alexia, n. (امراضیات) لفظ کوری ؛ ایک دماغی خلل جس میں پڑھنے یا باآواز بلند پڑھنے کی صلاحیت نہیں رہتی ؛ ناخوانی ۔

alexin, n. (فعلیات ، کیمیا) الکسین ؛ معمول کے مطابق خوناب میں موجود بعض اجزا جو جراثیم کُشی کی صلاحیت رکھتے ہیں ۔

alexipharmic, a. تریاقی ؛ مرض یا زہریلے اثرات کو زائل کرنے والا ؛ دوا کا کام دینے والا ۔ (اسم) درماں ، علاج ؛ تریاق ۔

alfa, n. الفا ؛ ابلاغیات میں اے (A) کا نمایندہ لفظ ۔

alfalfa, n. برسیم ؛ فصفصہ ؛ لُوسن ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا میں چارے کے پودے لوسرن کا عام نام ۔ (اصطلاحی نام میڈیکاگو سٹائیوا) اس کے پھول ارغوانی نیلے ہوتے ہیں اور اسے گھوڑوں اور گائے بھینس کے لیے چارے کے طور پر کثرت سے کاشت کیا جاتا ہے ۔

alfileria, n. الخلال ؛ تیکھی گھاس (Erodium cicutarium)
جرمینیم نوع کی گھاس جو اصلاً یورپی ہے لیکن اب ہر جگہ اگائی
جاتی ہے اور چارے کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔

al-for-ja, n. الخرج ؛ خُرجی ؛
ایک چرمی تھیلا یا کاٹھی سے منسلک تھیلا ۔

alfresco, al fresco, a., adv. کھلی ہوا میں ؛ میدان میں ؛
صحن میں ؛ گھر سے باہر (جیسے an alfresco dinner) ۔

algae, n. کائی ؛ الجی ؛ اُشنہ ؛
تالوسی پودوں (تھیلو فائیٹ) کی ذیلی شاخ کے کئی قسم کے پودے ؛ یہ
میٹھے پانی میں بھی ہوتے ہیں اور نمکین پانی میں بھی (جوہڑ جالا ،
جل دُوب اور بعض سمندری بوٹیوں سمیت) ؛ صُوف البحر ۔

algaroba, algarroba, n. خروب (پھل اور پیڑ) ؛
جزائر غرب الہند کا ایک پھلی دار درخت ؛ میٹھی پھلی والا خرنوب
درخت ؛ پروسوپس گلینڈولوسا (Prosopis glandulosa) ۔

algebra, n. الجبرا ؛ ریاضیاتی تجزیے کی وہ شاخ جس میں
حسابی عمل کو علامتوں کے ذریعے ظاہر کیا جاتا ہے اور اعداد اور
مقدار کے لیے حروف سے کام لیا جاتا ہے ؛ اس موضوع سے متعلق کوئی
نصابی کتاب یا تحقیقی مقالہ ۔

algebraist, n. الجبرادان ؛ علم الجبرا کا ماہر ۔

algebraic, algebraical, a. الجبری ؛ الجبرا سے متعلق ۔

algebraically, adv. الجبرے کی رُو سے ۔

algebraic number, n. الجبری عدد ؛ کسی ایسی الجبریائی مساوات
سے حاصل کرد، جذر جس کے سرناطق (rational coefficient) ہوں ۔

Algerian, a. الجزائری ؛ الجیریا (الجزائر) کے باشندوں
کے خصائص رکھنے والا یا ان سے متعلق : الجیریا شمال مغربی افریقہ
کے بحیرہ روم والے ساحل کی ایک جمہوریہ ہے اور ۱۹۶۲ء تک
فرانسیسیوں کے زیر نگیں رہی ۔ (اسم) الجیریا کا باشندہ ؛ الجیریائی
(جزائری) ۔

algid, a. سرد ؛ ٹھنڈا ؛ سردی زدہ ؛
ٹھٹھرا ہوا ؛ لرزہ زدہ ۔

algidity, algidness, n. لرزہ ؛ سردی ؛ کپکپاہٹ ؛
ٹھٹھرے ہوئے ہونے کی حالت ۔

algin, n. (کیمیا) الجین ؛ آب باش لعابی اجزا میں
سے کوئی ایک جو بھوری سمندری کائی میں پائے جاتے ہیں یا اس سے
حاصل کیے جاتے ہیں ۔

algolagnia, n. (نفسیات) کسی کو ایذا دینے یا
خود ایذا سہنے سے حاصل ہونے والی فاسد جنسی مسرّت ؛ دردِ شہوی ؛
اذیت رسانی ؛ اذیت طلبی ؛ سادیت ۔

algology, n. اُشنیات ؛ کائی کے مطالعے سے
تعلق رکھنے والی نباتیات کی شاخ ؛ علم نباتاتِ بحری ۔

algologist, n. ماہر اُشنیات ؛
اس شاخِ علم کا ماہر ۔

algo-meter, n. درد پیما ؛ دباؤ سے
پیدا ہونے والے درد کے احساس کا اندازہ لگانے کا آلہ ؛ الم پیما ۔

algo-metric, a. درد پیمائی سے مُتعلق ۔

Algonkian, a. الگونکیائی ۔ (ارضیات) ایسے ارضیاتی
عہد یا دور کے متعلق یا چٹانوں کے اس طبقے یا نظام سے متعلق جو
شمالی امریکا میں کیمبریائی دور سے معاً پہلے تھا ۔ (اسم) الگونکی دور
یا نظام ۔

Algonquian, Algonquin, Algonkin, a. الگونکیائی ؛ شمالی
امریکی انڈین کے اس لسانی شجرے سے متعلق یا مرکب جو کبھی
لبریڈور اور ریاستہائے متحدہ امریکا کے مشرقی ساحل سے سنگلاخ
پہاڑوں کے مغربی شمالی نصف تک پھیلا ہوا تھا اور جس میں ایلگن
کوئین ، کے یانی ، کری ، شانی اور بہت سے اور قبائل شامل تھے ۔
(اسم) ایلگن کوئن قبیلے کا فرد ۔

algo-phobia, n. درد ترسی ؛ الم ترسی ؛
درد کا انتہائی خوف یا ڈر ؛ خوف درد ۔

algorism, n. [عرب ریاضی دان الخوارزمی کے نام پر]
الگورزم ؛ عربی اعشاریہ ؛ عربی اعداد ؛ حسابی اعداد نویسی کا عربی
نظام ؛ تخمینہ کاری کا کوئی طریقہ ، خصوصی ترقیم کے ساتھ ۔

algorithm, n. [عرب ریاضی دان الخوارزمی کے نام پر]
الگورزم ۔ (ریاضی) قواعدِ اعداد ، جن کی پابندی مسئلے کو حل کرنے
کے لیے ، مخصوص قسم کی طے شدہ ترتیب کے ساتھ ضروری ہوتی ہے
دیکھیے : algorism ۔

algorithmic, a. الگورزمی ؛ الگورزم سے
متعلق یا اس کو کام میں لاتے ہوئے ۔

alias, adv. عُرف ؛ کسی اور نام سے معروف ؛
المعروف ؛ بالخصوص ان افراد کے لیے لایا جاتا ہے جو اپنے ذاتی نام کے
علاوہ اور کوئی نام اپنا لیتے ہیں ۔ (اسم) اختیار کردہ یا فرضی نام ۔

alibi, n. (قانون) عذر عدم موجودگی ؛
یہ عذر کہ ملزم قانون شکنی کے ارتکاب کے وقت کسی اور جگہ تھا ،
اس لیے اسے مجرم نہیں گردانا جا سکتا ؛ بے قصوری کی کوئی
شہادت ؛ الیبی ۔ (فعل لازم) عذرداری کرنا ۔ (فعل متعدی) بے قصور
ہونے کے معقول ثبوت کی بنا پر الزام یا اتّہام سے بری کر دینا ۔

alidade, n. عصاد ؛ ایک قابلِ حرکت بازو
جو درجے دار دائرے پر سے گزرتا ہے ، اس کے ساتھ ایک خُرد پیما یا
اشاریہ لگا ہوتا ہے اور یہ زاویہ پیما آلات کے ساتھ متصل ہوتا ہے ؛ دوربین
اور سروے کرنے والے آلات کے متعلقات ۔

alien, a. غیر ؛ پردیسی ؛ بدیسی ؛ اجنبی ؛
اس حکومت ، سرزمین یا ملک سے تعلق نہ رکھنے والا جہاں وقتی طور
پر وہ رہ رہا ہو ؛ شہریت کی مراعات اور حق داریاں حاصل ہوئے بغیر کسی
بدیسی ملک میں سکونت پذیر ؛ مختلف الطبع ؛ بیگانہ ؛ مخالف یا
نامساعد (اس صورت میں to یا from بعد میں لگاتے ہیں) ۔

alien, n. پردیسی ؛ غیر ملکی ؛
جو کسی اور ملک میں پیدا ہوا ہو یا اس سے تعلق رکھتا ہو ؛ جو شہری
نہ ہو ؛ جو شہری مراعات کا حق دار نہ ہو ؛ اجنبی ؛ مختلف الطبع ؛
زمین پر اتری ہوئی کوئی ذی فہم ارضی ہستی/خلائی مخلوق ۔

alienability, n. (مابعد لفظ کو دیکھیے) انتقال پذیری ۔

alienable, a. قابلِ فروخت یا قابلِ انتقال ؛ انتقال پذیر ؛
(کسی اور کے سپرد کر دینے کے قابل) قابلِ بیع ؛ الگ ہو جانے والا ۔

alienage, n. غیر ملکی ہونے کی حالت ؛
غیر ملکی کا قانونی مقام یا قانونی حیثیت ۔

alienate, v.t.
دور کر لینا
(جیسے شفقت وغیرہ) ؛ بے گانگی یا انحراف اختیار کرنا (جہاں پہلے محبت یا دوستی موجود تھی) ؛ غیریت پیدا کر دینا (بعد میں from آتا ہے) ۔ (قانون) حقِ ملکیت ، جائیداد یا دوسرے حقوق کسی اور کے نام منتقل کرنا (ایسا کرنے والے کو alienator کہتے ہیں) ؛ بیچنا ؛ ہبہ کرنا ؛ الگ کرنا ؛ دل برداشتہ کرنا ؛ برگشتہ کرنا ۔

alienation, n.
انتقال (جائیداد وغیرہ کا) ؛
بیگانگی ؛ غیریت ؛ بیگانگی کا عمل یا بیگانگی کی حالت ؛ جوز (میاں بیوی) میں سے کسی ایک کی گرم جوشی اور محبت کی سردمہری میں تبدیلی ؛ ان بن ؛ برگشتگی ؛ روگردانی ؛ ناموافقت ۔ (قانون) کسی جائیداد کے حقِ ملکیت کی ایک سے دوسرے کو منتقلی ؛ ہبہ ؛ فروخت ؛ بیع ۔ (نفسیات) قانوناً دیوانگی ؛ ذہنی علالت ؛ ذہنی بیماری ۔

alienee, n.
منتقل الیہ ؛ جس کے نام حقِ ملکیت منتقل کیا گیا ہو ۔

alienism, n.
غیر ملکی ہونے کی حالت ؛
ذہنی خلل ؛ پاگل پن یا جنون کا تحقیقی مطالعہ اور علاج ؛ دماغی امراضیات ۔

alienist, n.
ماہرِ امراضِ دماغی ؛
ذہنی امراض کے نفسیاتی معالجے کے علم و عمل کا ماہر ۔

aliform, a.
بازو نُما ؛ بازو جیسا ؛ پنکھ صورت ۔

alight, v.i.
نیچے اترنا یا آنا
(جیسے گھوڑے کی پشت یا ہوائی جہاز سے) ؛ پرندے کی طرح درخت پر ٹک جانا یا بیٹھ جانا ؛ پیش آنا (بعد میں on آتا ہے) ۔

alight, a., adv.
روشن ؛ منور ؛ جگمگاتا ہوا ؛
آتش زدہ ؛ سوزاں ؛ مشتعل ۔

align, aline, v.t.
ایک خط میں لانا ؛
خط کھینچ کر سیدھ میں لانا ؛ صف بستہ کرنا (لشکر کو) ؛ ہم صف ہونا ؛ شانہ بشانہ ہونا ۔ (فعل لازم) ساتھ دینا (کسی جماعت یا مقصد کا) ۔

alignment, alinement, n.
صف بندی کا عمل
(الیکٹرانی یا میکانکی حصوں کو سیدھ میں لانے یا باہم مطابقت کا) ؛ خطِ تطابق ؛ ریل پٹڑی یا سڑک کا زمینی خاکہ (سلامیوں یا یک رخی تصویر کے مقابلے میں) ؛ اشیا کی قطار ؛ کسی پارٹی یا مقصد کے ساتھ وابستہ ہونے کا عمل ؛ وابستگی ؛ ہم رشتگی ۔

alike, a.
یکساں ؛ مشابہ ؛ ہم شکل ؛
ہم صورت ؛ مشابہت اور یکسانیت کا حامل ؛ بلا اختلاف ؛ ہم رنگ ؛ ہم وضع ؛ ایک سا ؛ ایک طرح کا ؛ ملتا جلتا ۔

alike, adv.
اسی صورت ، شکل یا درجے میں ؛
مساویانہ ؛ ہوبہو مشابہت رکھتا ہوا ؛ مشترکہ ۔

aliment, n.
غذائیت بخش ؛ خوراک ؛ غذا ؛
پرورش ؛ قُوّت ۔ (فعل متعدی) غذا دینا ؛ پرورش کرنا ؛ پرداخت کرنا ۔

alimental, a.
غذائی یا غذا سے متعلق ؛
خوراک مہیا کرنے کے متعلق ؛ پرورش کی صلاحیت لیے ہوئے ۔

alimentally, adv.
پرورش کرنے کے انداز میں ۔

alimentary, a.
غذا بخش ؛ غذا یا خوراک سے متعلق ؛
پرورش کی صلاحیت لیے ہوئے ۔

alimentary canal, n.
(تشریح الاعضا) انہضامی نالی ؛
وہ نالی جو مُنھ سے شروع ہو کر مقعد تک جاتی ہے اور جس میں سے خوراک گزرتی ہے ؛ معدے کی نالی ؛ قنات ہاضمہ ۔

alimentation, n.
تغذیہ ؛ غذا دینے کا عمل اور اس کی
قُوّت ؛ غذا دیے جانے اور اسے جاری رکھنے کی حالت ؛ گزارا ؛ برف اور یخ کے اضافے سے گلیشیائی انبار میں اضافہ ۔

alimony, n.
روٹی کپڑا ؛ نان نفقہ ؛
خرچ پاندان ؛ خاوند کی طرف سے مُطلّقہ بیوی کو یا جو قانوناً الگ ہو گئی ہو اس کو گزارے کے لیے دی جانے والی رقم ؛ گزارا خرچ ۔

aliphatic, a.
چربی کا یا اس سے متعلق ؛ چربیلا ۔
(کیمیا) کھلا زنجیری ؛ ان نامی مرکبات کا تسمیہ جن کی کاربنی ایٹموں سے بنی ہوئی ایک ہی کھلی لڑی ہوتی ہے ۔

aliquant, a.
متبائن ۔ (حساب) غیر صحیح مقسوم علیہ ؛
وہ عدد جو باقی چھوڑے بغیر کسی عدد سے پورا تقسیم نہ ہو سکے (جیسے ۷ کا عدد ۲۰ کا غیر صحیح مقسوم علیہ ہے) ۔

aliquot, a.
عاد ؛ صحیح مقسوم علیہ ؛
وہ عدد جو باقی چھوڑے بغیر کسی اور عدد سے تقسیم ہو جائے ، (جیسے ۷ کا عدد ۲۱ کا صحیح مقسوم علیہ ہے) ؛ عدد مُتداخل ۔

aliturgical, aliturgic, a.
(کلیسا) غیر عباداتی ؛
کلیسا کی سرکاری خدمات سے جس کا کوئی تعلق نہ ہو بالخصوص ان ایام سے متعلق جن میں مقدس عشائے ربّانی کی تقریب منانے کا اہتمام نہیں ہوتا ۔

aliunde, adv.
کسی اور ذریعے سے ۔

alive, a.
زندہ ؛ جیتا جاگتا ؛ بقید حیات ؛
عمل پیرا ؛ آگاہ ؛ قُوّت اور عمل میں موجود ، (جیسے to keep agitation alive) ؛ پھرتیلا ؛ جوشیلا ؛ پرجوش ، (جیسے alive with excitement) ؛ جلد متاثر ہو جانے والا ؛ حساس ؛ اثر پذیر جیسے حسنِ قدرت سے متاثر ہونے والا ؛ خوش ؛ بشاش ۔

alizarin, n.
مجیٹھی رنگ ؛ ایک رنگ
چڑھانے والا مواد جو اصلاً مجیٹھ سے حاصل کیا جاتا تھا اسی سے سُرخ خضاب (صبغہ) اخذ کیا جاتا تھا ۔ اب اسے مصنوعی طور پر بنایا جاتا ہے ۔

alkahest, alcahest, n.
محلّلِ تام ؛ وہ محلّلِ کُل
جس کی کیمیا گروں کو تلاش رہی ہے ۔

alkalescent, a.
دیکھیے : escent ۔
کھارا ؛ الکلائی بننے کا رجحان لیے ہوئے ؛ قدرے کھاری ؛ قلوی ۔

alkalescence, alkalescency, n.
کھاری پن ؛ قلویت ؛
کھاری ہونے کی صلاحیت یا کیفیت لیے ہوئے ۔

alkali, n.
القلی ؛ الکلی اصلاً وہ سوڈا
جو پودوں کی راکھ سے حاصل ہوتا ہے : اب اس کے کئی مرکبات ہیں اور ہر ایک کو یہی کہا جاتا ہے : سوڈیم ، پوٹاشیم ، لتھیئم ، رُبیڈیئم اور سیشیئم (جو القلی دھاتیں ہیں) کے ہائیڈرواکسائیڈوں سے اور امونیئم سے جو تیزابوں کو بے اثر و معتدل کر کے نمک بنا دیتے ہیں اور سرخ لٹمس پیپر کو نیلا کر دیتے ہیں ؛ کیلسیم ہائیڈرواکسائیڈ ایسے متعدد کم یا زیادہ تیز اساسوں میں سے کوئی ایک ؛ سوڈیم اور پوٹاشیم کے

کاربونیٹوں جیسے متعدد دیگر مرکبات میں سے کوئی ایک ؛ ایک حل پذیر معدنی نمک یا بہت سے حل پذیر نمکوں والے آمیزے جو مٹی میں پائے جاتے ہیں ؛ شورہ ؛ کھار۔

alkaliferous, a. القلی زدہ؛ شور زدہ ـ دیکھیے : ferous ـ

alkalify, v.t. v.i. القلی بن جانا یا بنا دینا ـ

alkaligenous, a. القلی پیدا کرنے والا ؛ شور زا ـ

alkali flat, n. کلری سطح ؛ شور زمین ؛ شورہ زمین جو دریا کے طاس کے ٹھہرے ہوئے پانی کی تہ میں ہوتی ہے جہاں القلی بڑی مقدار میں پائی جاتی ہے ـ

alkali metal, n. القلوی دھات ؛ کوئی دھات جیسے پوٹاشیم ، سوڈیم یا فرانسیئم جس میں ہائیڈرواکسائیڈ (آبی تکسید) کے لیے القلی موجود ہو ـ

alkali-meter, n. القلی پیما ؛ کسی آمیزے یا محلول میں القلی کی مقدار معلوم کرنے کا آلہ ـ

alkalimetry, n. القلی پیمائی ؛ کسی آمیزے یا محلول میں القلی کی اصلی مقدار معلوم کرنے کا طریق کار ـ

alkaline, a. قلوی ؛ القلی ؛ کھارا ؛ شور ـ

alkalinity, n. القلویت ؛ کھارا ہونے کی حالت ؛ وہ کیفیت جو کھار پیدا کرتی ہے ؛ شوریت ؛ کھار ؛ کھارا پن ـ

alkalinize, v.t. کھارا بنانا ؛ قلوی بنانا ـ

alkaline earths, n. القلوی مٹی ؛ شورہ ؛ بیرئم ؛ اسٹرونشیم، کیلسیم اور کبھی کبھی میگنیشیم کا آکسائڈ ـ

alkali soil, n. شور زمین ؛ ناقص آبی نکاس والی ہر قسم کی زمین ؛ بنجر علاقـہ جس میں حل پذیر معدنی نمکوں ، (بالخصوص سوڈیم) کی غیر معمولی بہتات ہوتی ہے اور جو خشک موسم میں عموماً سفید پپڑی یا ڈھوڑ کی شکل میں سطح پر نمودار ہو جاتی ہے ؛ کلر زدہ زمین ـ

alkalize, v.t. دیکھیے : alkalinize ـ

alkaloid, n. القلی نما ؛ قلیا ؛ قلیاسا؛ نائٹروجن رکھنے والی اساسی اشیاء ؛ یہ اصطلاح ان نائٹروجن آمیز مرکبات کے لیے استعمال کی جاتی ہے جو زندہ پودوں میں ہوتے ہیں اور فعال بنیاد رکھتے ہیں جیسے مارفین ، کونین ، ایکو نے ٹین ، کیفین وغیرہ ـ (صفت) القلی (کھار) سے متعلق یا اس کو لیے ہوئے ـ

alkaloidal, a. قلیا دار ـ

alkalosis, n. (امراضیات) بیش قلویت ؛ جسم کی وہ صورت حال جب اس میں القلی کی مقدار معمول سے بہت زیادہ جمع ہو گئی ہو ؛ قلوی افراط کا عارضہ ـ

alkanet, n. مہندی ؛ حنا ؛ ایک پودا جس کا اصطلاحی نام Alkanna tinctoria ہے اور اس کی جڑ سے سرخ رنگ حاصل ہوتا ہے ـ

Alkoran, n. قرآن مجید ؛ مسلمانوں کی وہ مقدس الہامی کتاب جس میں ان کے لیے وہ تمام دینی اور اخلاقی ضابطے موجود ہیں جن کے مطابق وہ اپنے مدنی ، قانونی اور عسکری معاملات وغیرہ سرانجام دیتے ہیں ـ

alkyd resin, n. الکائڈ رال ؛ اس لیسدار بیروزے کے گروہ میں سے کوئی ایک جسے فیتھالک ایسڈ یا ان ہائیڈرائیڈ اور گلیسرول سے تیار کیا جاتا ہے ـ اسے زیادہ تر ان چسپاندوں اور رنگوں میں برتا جاتا ہے جن کی شہرت ان کی نرماہٹ ، چمک اور موسموں کے اثرات کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت کے باعث ہے ـ

all, a. ہر ایک ؛ ساری تعداد یا مقدار (صفت یا حرف تعریف کے پہلے لگاتے ہیں) ؛ سے متعلق (جیسے all the men) ؛ اسم زماں سے پہلے آئے تو سارا عرصہ مراد ہوتا ہے(جیسے all the night / all the day) ؛ سب کچھ ؛ سارا ؛ سراسر ؛ کُل ؛ سب؛ ہر قسم کے ؛ ہر طرح کے ؛ all ایک سابقے کے طور آئے تو مراد ہوتا ہے ، سرتاسر(جیسے all-powerful)؛ نیز تمام کو محیط(جیسے all-expense-paid)اسی طرح عمل یا اقدام کی کلیت کا حامل بھی(جیسے all-seeing)ـ

all, n. سارا عدد ، ساری چیز ؛ مجموعہ ؛ میزان کُل ؛ جملہ ؛ تمام ؛ سب ؛ سارا ـ

above all, سب سے پہلے ؛ فائق ؛ اولاً ـ

at all, ہر حالت میں ؛ کم سے کم درجے یا مقدار تک ؛ کسی بھی صورت میں ـ

in all, ہر چیز کو حساب کتاب میں لاتے ہوئے ؛ مجموعی طور پر ؛ بحیثیت مجموعی ـ

all, adv. بحیثیت مجموعی ؛ تمام و کمال ؛ کاملاً ؛ مکمل طور سے ؛ پوری طرح ؛ قطعی طور پر ؛ بالکل (جیسے all alone)ـ

all but, تقریباً ؛ قریب قریب ؛ پوری طرح نہیں ـ

all one, بالکل وہی ؛ یکساں بلحاظ اثر ـ

allabreve, a. [حسب اختصار] ـ (موسیقی) دوہری تال یا چھوٹے سُر میں ؛ معمول کی یا تال چال کی صوتی طوالت کو نصف کرتے ہوئے اور دگنی تیزی کے ساتھ ادا کرتے ہوئے ـ (اسم) نغمہ یاگیت وغیرہ جو اس طرح گایا جائے ؛ علامت موسیقی جو اس عمل کی نمائندگی کرے ـ

Allah, n. اللہ ؛ قادرِ مطلق ـ

all-American, a. بالکل امریکی ؛ خالص امریکیوں کا بنا ہوا ؛ کلیتـہً ریاستہائے متحدہ امریکا میں ؛ امریکا میں کسی وقت کسی بھی شعبے بالخصوص کھیلوں میں سب سے بہتر منتخب کیا گیا ـ (اسم) کُل امریکن ٹیم کے لیے چنا گیا کھلاڑی یا فن کار ـ

allantoic, allantoidal, a. کُلمائی ؛ کُلما کا حامل یا اس سے متعلق ـ

allantois, n. (حیوانیات) کُلمیہ ؛ پرندوں ، رینگنے والے جانوروں اور میملوں کے جوف شکم کے عقبی سرے پر بڑھی ہوئی ایک تھیلی ـ

allargando, a. (موسیقی) نغمے کے پھیلنے اور واضح ہونے کے ساتھ آواز کا حجم یکساں رہے یا بڑھتا جائے ـ

all-around, all-round, a. مختلف میدانوں میں ٹھیک طرح کام کر سکنے کے قابل ؛ ہر فن مولا ؛ ہمہ گیر ـ

allay, v.t. چُپ کرا دینا ؛ (شور یا شورش کو) ٹھنڈا کرنا یا فرو کر دینا ؛ گھٹا دینا؛ دبا دینا ؛ شدت میں کمی پیدا کرنا ؛ (غم یا پیاس کو) تسکین دینا یا کم کرنا ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ ہلکا کرنا ؛ کم کرنا ؛ دبانا ؛ بٹھانا ؛ تخفیف کرنا ـ

allayer, n. ایسا کرنے والا شخص یا
ایسی چیز ؛ مُسَکِّن ؛ مُخَفِّف ۔

all but, adv. تقریباً ؛ قریب قریب ؛ بجز ؛
ماسوا ؛ سوائے ۔

all clear, n. سب خیر ؛ سب ٹھیک ہے ؛
اس بات کا سگنل (اشارہ) کہ خطرہ ٹل گیا ہے یا کوئی اندیشہ نہیں ہے ۔

allegation, n. الزام ؛ توثیق ؛ بیان ؛ اعلان ؛
وہ جس کی توثیق کی گئی ہو یا جسے زور دے کر کہا گیا ہو ؛ دعویٰ ؛
حجت ؛ تکرار ؛ عذر ۔

allege, v.t. الزام دینا ؛ ادعا کرنا ؛ قطعیت کے
ساتھ کہنا ؛ اعلان کرنا ؛ بطور دلیل ، دعویٰ یا عذر پیش کرنا ؛ حوالہ
دینا ؛ حجت کرنا ؛ تکرار کرنا ؛ تعرض کرنا ۔

allegeable, a. قابلِ حجت یا قابلِ توثیق ۔

alleged, a. ادّعا کردہ ؛ سچ ہونے کا دعویٰ
کیا گیا ؛ بیان کے مطابق درست ؛ مشکوک ؛ فرضی ۔

Allegheny spurge, n. ایک کم قد بوٹی یا جھاڑی
جس کے پھول ارغوانی مائل یا سفید ہوتے ہیں ؛ اسے باڑ یا زمین پوشی
کے لیے لگایا جاتا ہے ۔ اصطلاحی نام : pachysandra procumbens ۔

allegiance, n. وفاداری ؛ اپنی حکومت یا اپنے
حاکم کے ساتھ کسی شہری یا رعایا کے وفادار رہنے کی اخلاقی
پابندی ؛ ریاست یا حکمران کی واجب الادا ذمہ داری ؛ لہٰذا
عمومی طور پر اطاعت ، عقیدت ؛ لگن ۔

allegiant, a. مطیع ؛ وفادار (وغیرہ)۔
(اسم) جاں نثاری کا دم بھرنے والا ، (وغیرہ) ۔

allegoric, allegorical, a. تمثیل سے متعلق یا اس کے
انداز میں ؛ تمثیلی یا مجازی ؛ مثالیہ ۔

allegorically, adv. تمثیل کے طور پر یا اس انداز سے ؛
تمثیلی انداز میں ۔

allegorist, allegorizer, n. اس صنف سخن میں لکھنے والا ؛
ایلیگوری کا روپ دینے والا ؛ تمثیل نگار ؛ مجاز گو ۔

allegorization, n. تمثیل میں ڈھالنے کا عمل ؛
الیگری کے انداز میں تشریح یا تعبیر ؛ مثالیہ ؛ مجازیہ ۔

allegorize, v.t. تمثیل میں ڈھالنا ؛
الیگری کے روپ میں بیان کرنا ؛ تمثیلی انداز میں تشریح کرنا ۔ (فعل
لازم) تمثیل سے کام لینا ۔

allegory, n. الیگری ؛ مجازی قصہ ؛ مثالیہ ؛
تمثیلیہ ؛ تمثیلی بیان ؛ جس میں موضوع حقیقی کو کسی اور ایسے
موضوع کے روپ میں پیش کیا جائے جس کے حالات و خصائص باہم
مشابہ ہوں ؛ علامتی نمائندگی ؛ وہ داستان جس میں تجریدی خیالات
کو مشخص کیا گیا ہو ؛ استعارہ جسے آخر تک نباہا گیا ہو ؛ تمثیلی
قصہ ۔

allegretto, a., adv. (موسیقی) اینڈانٹے (andante) سے
تیزتر لیکن الیگرو سے کم تیز ؛ ذرا تیز ؛ رواں ؛ ایک نغماتی دھن ۔

allegretto, n. اس انداز کے مطابق حرکت نغمہ ۔

allegro, a. n. (موسیقی) تیز ؛ لہک کر ؛ الیگریٹو
سے زیادہ اونچی لیکن پریسٹو(presto)سے آہستہ ؛ (حرکات) الیگروٹی
تیز تیز؛جلد جلد ۔

allele, n. (جینیات) کسی باہم مبدل خصائص
جیسے بلند یا کوتاہ قامت والے جوڑے میں سے غالب اور مغلوب رکن
میں یہ خصائص مورثہ کی صورت میں پائے جاتے ہیں لیکن جینی
خلیوں کے وجود پذیر ہونے کے وقت جدا ہو جاتے ہیں ۔ دیکھیے :
Mendelism ۔

allelomorph, n. دیکھیے : allele ۔

alleluia, hallelujah, halleluiah, interj. ہللویا ؛ تحمید ؛ الحمد لِلّٰہ ؛
مقدس خوشی اور انبساط کا اظہار کرنے کے لیے یہودی بولتے ہیں
(بیشتر مناجات یا حمدیہ ترانوں میں) ۔ (اسم) حمد و ثنا کا گیت ۔

allemande, n. دوگتیا رقص ؛ سترھویں اور
اٹھارویں صدی کا مدھم درباری رقص جو جرمنی کے ایک لوک ناچ
سے فرانس میں تشکیل پایا ؛ ایک تین میٹری جرمن لوک ناچ ؛ اس
رقص کے لیے موسیقی ؛ اس کی دھن کے مطابق تیار کیا گیا کوئی
سازینہ ؛ کلاسیکی سازو آواز کے ساتھ اس دھن کے مطابق نغمہ زنی ، عموماً
افتتاحی نغمے کے بعد اس کی باری آتی ہے ۔

allergen, n. الرجی زا ؛ الرجی
پیدا کرنے والی کوئی شے ۔

allergenic, a. الرجی سے متعلق ۔

allergic, a. جسے الرجی ہو گئی ہو ؛ الرجی سے متعلق ؛
بہت حسّاس ؛ سریع الحس ۔

allergist, n. ماہر الرجی ؛ الرجی کے عوارضات
کا طبّی ماہر خصوصی ۔

allergy, n. الرجی ؛ خارش ؛ بعض چیزوں
مثلاً خوراک ، زرِ گُل ، ادویات یا گرمی سردی سے جو عام لوگوں کے
لیے بے ضرر ہوتی ہیں ، احساس میں شدت کا پیدا ہو جانا ؛ کائی بخار ؛
پتّی اوردمہ وغیرہ الرجی کی عام شکلیں ہیں ۔

allethrin, n. زرد رنگ کی کیمیائی
کیڑے مار دوا جو گھروں میں عام طور پر کیڑے مارنے کے لیے استعمال
کی جاتی ہے ۔

alleviate, v.t. بوجھ ہلکا کرنا (محاورۃً) ؛
کم کرنا ؛ آرام دینا ؛ برداشت کرنے کے قابل بنانا (غم ، درد ، بے چینی
وغیرہ) ؛ تخفیف کرنا ۔

alleviation, n. تخفیف ؛ کمی ؛ تسکین دہی کا عمل ،
(وہ فعل یا عمل جو گھٹاتا ہے ، کم شدید بناتا ہے ، زیادہ قابلِ برداشت
کرتا ہے) ۔

alleviator, n. سکون بخش (فرد یا چیز) ؛
کم کرنے والا ؛ قابلِ برداشت بنانے والا ۔

alleviative, alleviatory, a. تسکین آور ؛ مُسَکِّن ۔

alley, n. تختہ ؛ روش ؛ پٹڑی ؛
کنج ؛ گلی ؛ گلیارا ؛ کھوری ؛ ایک تنگ گزرگاہ یا گلی جو گھروں کی
دو طرفہ قطاروں میں سے گزرتی ہو ؛ ایک لمبا سا تنگ احاطہ جس کا
فرش چوبی ہوتا ہے اور وہاں باؤلنگ کرتے یا ٹین پنز (tenpins) کھیلتے
ہیں ۔ دیکھیے : bowling اور tenpins ۔

alley, n. کنچے یا گولیوں کا کھیل ؛

کھیل جو سفید یا رنگ دار بلوری گولیوں سے کھیلا جاتا ہے۔

alley-way, n. گلی (مکانوں کے بیچ کی) ؛ تنگ راستہ ؛ کوچہ ؛ تنگ گلی ؛ گلیارا ۔

All Fools' Day, n. یومِ حُمقا ؛ یکم اپریل ؛ پہلی اپریل کا دن ؛ اپریل فول کا دن جس میں ہر کوئی ہر کسی کو بیوقوف بنانے کی کوشش کرتا ہے ۔

all fours, n. تاش کا ایک کھیل جو چار بازیوں پر مشتمل ہوتا ہے اور یہ چاروں بازیاں جیتنا ہوتی ہیں ۔

on all fours, (چوپائے کے بارے میں) جو چاروں پاؤں کے بل چلتا ہو؛ (انسان کے بارے میں) جو ہاتھوں اور گھٹنوں کے بل ہو ، خصوصاً رینگتے ہوئے ۔

all hail, interj. سلامت باش ؛ جیتے رہو ؛ مبارک ؛ سلامت ۔

All-hallows, n. سب ولیوں کا دن ؛ یوم الارواح ۔

all-heal, n. ان متعدد پودوں میں سے کوئی ایک جن کو شفائی خوبیوں کے باعث یوں کہا جاتا ہے (بالخصوص جنگلی بالچھڑ یا بلّی لوٹن) کوئی شفا بخش پودا ؛ اکسیر ؛ اکسیراعظم ؛ خود شفائی ۔

alliable, a. ساتھ ملا لینے کے قابل ؛ متحد رکھنے کی صلاحیت کا حامل ۔

alliaceous, a. لہسن اور اس کے مماثل پودوں کے متعلق ؛ پیاز یا لہسن کی خصوصیات لیے ہوئے ۔

alliance, n. رشتہ ؛ تعلق ؛ نسبت ؛ متحد یا وابستہ ہونے کی حالت ؛ شادی کے ذریعے گھرانوں میں پیدا ہونے والی قربت یا تعلق ؛ قوموں کا باہمی اتحاد جس کی بنیاد سمجھوتے ، معاہدے یا شراکت پر ہو ؛ مفادات کا کوئی رابطہ یا میل ؛ کوئی سمجھوتہ یا اقرار نامہ ؛ افراد یا جماعتیں جو یوں متحد ہوں ؛ اتحاد ؛ سمبندھ ؛ ناتا ؛ میل ۔

allied, a. اقرار نامے ، رشتہ داری یا دوسرے بندھنوں کے ذریعے متحد ؛ شراکتی ؛ ملا ہوا ؛ جڑا ہوا ؛ تعلق دار ؛ اتحادی ۔ (بڑے A سے) عالمگیر جنگوں کے اتحادیوں کا یا کے اتحادی جیسے the Allied navies ۔

alligator, n. گھڑیال ؛ جنوب مشرقی امریکا اور چین میں پائے جانے والے گھڑیال جنس کی دو نسلوں میں سے کوئی ایک ، جو اصل مگرمچھ سے اپنے نسبتاً چھوٹے اور چپٹے سر ، بالائی جبڑے کے دانتوں کے جوف (جن میں نچلے جبڑے کے لمبے اور نوکیلے دانت پیوست ہو جاتے ہیں) اور کم جھلّی دار پاؤں کی وجہ سے مختلف ہوتے ہیں ؛ گھڑیال کی کھال سے کمایا ہوا چمڑا ؛ نہنگ ۔

alligator pear, n. گھڑیال پھل ؛ غرب الہند اور امریکا کے منطقہ حارہ میں پائے جانے والے درخت ''ایوو کاڈو'' کا پھل ۔

alligator snapper, n. گھڑیال کچھوا ؛ کاٹ کھانے والا کچھوا ؛ امریکا کی خلیجی ریاستوں کے دریاؤں میں پایا جاتا ہے ۔ یہ ایک پُرخور جانور ہے جس کا وزن ڈیڑھ سو پونڈ بھی ہو سکتا ہے اور لمبائی پانچ فٹ ۔

alliterate, v.i. لفظوں کا ایک جیسا سرِ حرف یا آواز رکھنا ؛ اس صنعت سے کام لینا ؛ صنعت تجنیس سے کام لینا ۔ (فعل متعدی) تجنیسِ لفظی یا حرفی سے کام لے کر شعر کہنا ؛ کسی جملے میں ایسے الفاظ لانا ۔

alliterator, n. اس صنعت سے کام لینے والا ۔

alliteration, n. شعر میں ایک جیسے حروف یا ایک جیسی آوازوں کو بار بار لانا ؛ تجنیسِ حرفی ؛ تجنیسِ لفظی ؛ صنعتِ تجنیس ۔

alliterative, a. جس میں صنعت تجنیس سے کام لیا گیا ہو ؛ اس صنعت سے متعلق ۔

allium, n. ایلیئم جنس کا کوئی گنٹھل پودا ؛ زنبق جنس کا (جیسے پیاز اور لہسن) تیز بودار ۔

allo, a. سے متعلق ؛ کے برابر ؛ ہم ترکیب ۔

allocable, allocatable, a. قابلِ تقسیم ؛ جسے بانٹا جا سکے ۔

allocate, v.t. مقرر کرنا ؛ متعین کرنا ؛ کسی شخص یا اشخاص کو الاٹ کر دینا یا بانٹ دینا ؛ الگ کر دینا (کسی مخصوص مقصد کے لیے اشیائے مخصوص کو) ؛ کسی کارپوریشن وغیرہ کے حصص کے طور پر ایک دوسرے کا حصہ الگ کرنا یا تقسیم کرنا ؛ ٹھہرانا ؛ تجویز کرنا ۔

allocation, n. تعیین ؛ تجویز ؛ الاٹ کرنے یا سپرد کرنے کا عمل ؛ تفویض ؛ بٹوارا ؛ تقسیم ؛ تخصیص ؛ اختصاص ۔

allochromatic, a. کئی رنگ پیش کرنے والا کوئی قیمتی پتھر ۔

allocution, n. کسی سے کلام یا گفتگو ؛ خطاب (خصوصاً رسمی ، حاکمانہ یا سرکاری) ۔

allodium, n. وہ ملکیتِ مطلق جو کامل خود مختاری کے ساتھ قبضے میں ہو اور اس کا کسی بالا دست کو نہ کرایہ دیا جا رہا ہو نہ خدمتانہ صلہ ۔

allodial, a. ایسی ملکیت کے متعلق ۔

allogamous, a. غیر بارور ۔ (نباتیات) غیر باروری کے ذریعے افزائش کی صلاحیت رکھنے والا ؛ پیوندی ؛ قلمی ۔

allogamy, n. (نباتیات) غیر باروری ؛ ایک پھول کے ابتدائی تخمک کی دوسرے پھول کے زیرے سے بارآوری خواہ وہ اسی پودے کا ہو یا دوسرے کا ؛ قلم بندی (آٹو گیمی یعنی خود باروری کے برعکس) ۔

allograph, n. دگرنوشت ؛ ایک شخص کی دوسرے شخص کی جانب سے لکھی گئی تحریر (برعکس خودنوشت یعنی آٹوگراف کے) ؛ حروف تہجی کے کسی حرف کی مختلف طریقے سے لکھائی (جیسے A اور a یا ت اور ۃ) ۔

allomerism, n. مختلف ترکیبی ؛ دگر ترکیبی ؛ قلمی یا بلوری شکل میں تبدیلی کیے بغیر کیمیائی ترکیب کی تغیر پذیری ۔

allomerous, a. دگر ترکیب ۔

allometry, n. غیر متناسب بالیدگی ؛ کسی نامیہ کے ایک حصے کی ، کل کے تعلق سے ، سائز میں بڑھوتری ۔

allometric, a. مبادل پیمائی / ایلومیٹری کا یا اس سے متعلق ۔

allomorph, n. متغیر الشکل ؛ مختلف الشکل ؛ کیمیائی ترکیب میں ایک مگر صورت میں مختلف جیسے کوئی معدنی

شے ۔ (لسانیات) کسی بامعنی اکائی کی بدلی ہوئی یا متبادل صورت جیسے dogs میں s-، matches میں es-' اور books میں s اور اِسی طرح oxen میں en ۔ یہ سب ایک مارفیم کے الـو مارف (allomorph) ہیں جس کا بنیادی مفہوم صیغہ جمع ہے ؛ کسی مارفیم کی ایک سے زیادہ متبادل صورتوں میں سے کوئی ایک۔دیکھیے : morpheme ۔

allomorphic, a. تغیّر شکلی کی خصوصیت لیے ہوئے ۔

allomorphism, n. تغیّر شکلی ؛ صورت کی تغیّر پذیری،کیمیائی ترکیب کی تبدیلی کے بغیر۔

allonym, n. دگر نامی ؛ کسی اور شخص کا نام جو مصنف نے اپنا لیا ہو ؛ کسی اور کے نام سے یوں چھپنے والا کام۔

allonymous, a. دگرنامی سے تعلق رکھنے والا ۔

allo-path, n. ایلوپیتھی پر عمل پیرا ؛ ڈاکٹر ؛ ایلو پیتھی کی پریکٹس کرنے والا ؛ علاج بالضد سے کام لینے والا ۔

allopathy, n. علاج بالضد ؛ ایلوپیتھی ؛ (ہو میو پیتھی کے برعکس) اس سے علاج امراض کا وہ طریقہ مراد ہے جس میں ان عوامل سے کام لیا جاتا ہے جو ایسے اثرات یا نتائج پیدا کرتے ہیں جو مرض کے پیدا کردہ اثرات سے مختلف ہوتے ہیں ۔

allopathic, a. ایلو پیتھی سے متعلق ۔

allopathically, adv. ایلو پیتھی طریقے سے ۔

allopathist, n. اس طریق علاج سے کام لینے والا ۔

allopatric, a. (ماحولیات) مختلف جغرافیائی خطوں میں پیدا یا ان میں وقوع پذیر ہوتے ہوئے ۔

allophane, n. ایلوفین ؛ ایک معدن جو ہلکے نیلے ، سبز یا بھورے رنگ کا ہوتا ہے اور جو ایلومینم کا غیر قلمی آبدار سلی کیٹ ہے ۔

allophone, n. (لسانیات) وہ صدائے کلام جس میں اسی آواز (صوتی ، فونیم) کا متبادل موجود ہو۔ دیکھیے: phoneme ۔

all-or-none, a. سب کا سب یا کچھ نہیں ۔

allot, v.t. حصوں میں یا مجموعی طور پر بانٹ دینا ؛ تقسیم کرنا ؛ تفویض کرنا ؛ حصہ دینا ؛ الاٹ منٹ کرنا ؛ الگ کر کے رکھ دینا ؛ مختص کرنا ؛ بٹوارا کرنا ۔

allotment, n. الاٹمنٹ ؛ الاٹ کرنے کا عمل ؛ جو الاٹ کیا جائے؛ حصہ ، جز یا قطعہ جو الاٹ یا عطا کیا گیا ہو ؛ تصرف میں لائی گئی جگہ یا زمین کا ٹکڑا ؛ بٹوارا ؛ تخصیص ۔

allotment system, فارم کے مزدوروں یا دوسرے لوگوں میں زمین کے چھوٹے چھوٹے حصوں کو تقسیم کرنے کا نظام ۔ (عسکری) وہ نظام جس کے ذریعے مسلح افواج کے کسی رکن کی تنخواہ کا کچھ حصہ الاٹی کو ادا کیا جاتا ہے ؛ کسی فوجی عملے کو کسی کمان یا کسی یونٹ کا اختیار سونپنا ۔

allotrope, n. بہروپ ؛ بدلتی ہوئی صورت ؛ کسی کیمیائی عنصر کی دو یا زیادہ میں سے ایک موجود صورت ، جیسے چارکول ؛ ''گریفائیٹ اور ''ڈائمنڈ '' کاربن کے ایلو ٹروپ ہیں ۔

allotropic, allotropical, a. بہروپی ؛ بہروپ کے متعلق یا اس کی خاصیت لیے ہوئے ۔

allotropy, allotropism, n. بہروپ پن ؛ کاربن ، سلفر اور فاسفورس جیسے بعض کیمیائی عناصر کی یہ خاصیت کہ وہ دو یا اس سے زیادہ واضح صورتوں میں موجود رہتے ہیں ؛ ذوشکلی ۔

allottable, a. الاٹ کیے جانے کے قابل ؛ قابلِ حصّہ بندی ۔

allottee, n. الاٹی ؛ وہ جس کو کچھ الاٹ کیا گیا ہو ؛ مقسوم الیہ ۔

all-out, a. (عسکری) تمام امکانی قوت اور مہیا وسائل کے ساتھ کیا گیا (حملہ ، دھاوا یا جنگ وغیرہ) ؛ مکمل ؛ تمام تر (جیسے all-out assistance : مکمل معاونت) ۔

all-over, n.,a. کوئی آراستہ کپڑا جس کی پوری زمین نمونوں اور ڈیزائنوں سے پُر ہو ؛ ہمہ نگاریں ۔

allow, v.t. عطا کرنا ؛ دینا ؛ حوالے کرنا ؛ ہونے دینا ؛ متعین کر دینا ؛ اجازت دینا ؛ اعتراف کرنا یا مان لینا (جیسے to allow a claim)؛ منہا کرنا ؛ مجرا دینا ؛ تخفیف کرنا ؛ الگ کر کے رکھ دینا (جیسے allow so much for loss) ؛ کسی کو اجازت نامہ دینا ؛ اجازت دینا ؛ منظوری دینا ۔ (فعل لازم) مان جانا ؛ رعایت یا چھوٹ دینا ؛ گنجایش رکھنا یا بندوبست کرنا (بعد میں for آتا ہے) ۔

allowable, a. اجازت دیے جانے کے لیے موزوں یا سزاوار ؛ غیر ممنوعہ ؛ روا ؛ مناسب ؛ مباح ؛ حلال ؛ جائز۔

allowably, adv. قابلِ اجازت انداز سے (شایستگی سے) ۔

allowance, n. اجازت : لائسینس ؛ منظوری ؛ وہ مقدار جس کی اجازت دی گئی ہو یا جو منظور کی گئی ہو (خصوصاً رقم)؛کٹوتی ؛ چھوٹ ؛ منہائی ؛ الاؤنس ؛ پروانگی ؛ بھتہ ؛ وظیفہ ۔ (عسکری) وہ نقد رقم جو کسی فرد کو آراستہ مکان ، مصارفِ خورد و نوش ، کرایہ ریل وغیرہ کے بجائے دی جاتی ہے ؛ بھتہ ۔ (فعل متعدی) الاؤنس منظور کر دینا ۔

allowedly, adv. اجازت کے ساتھ ؛ مسلمہ طور پر۔

alloy, n. مخلوط دھات ؛ بھرت ؛ کسی ادنی اور اعلی دھات کا مرکب ؛ وہ شے جس میں دھاتی خواص موجود ہوں اور وہ دو یا دو سے زیادہ کیمیائی عناصر سے مرکب ہو اور ان میں سے ایک عنصری دھات ہو ؛ کوئی دھاتی مرکب ۔ (مجازاً) خیر اور شر کا آمیزہ ۔

alloy, v.t. کسی (دھات) کی خالصیت کو کسی کم قدر دھات کا کچھ حصّہ ملا کر کم کرنا ؛ ملاوٹ کے ذریعے کم کرنا ؛ گھٹانا ؛ ناقص بنانا ؛ کھوٹ ملانا ۔

all right, a. درست ؛ تسلی بخش ؛ قابل قبول ؛ گوارا ؛ محفوظ ؛ ٹھیک ؛ صحیح سالم ؛ مناسب ۔ (متعلق فعل) تسلی بخش طریقے سے ؛ قابل قبول طریقے سے ؛ یقیناً ؛ رضامندی کی اصطلاح کے طور پر تنہا آتا ہے ؛ ہاں ؛ اچھا ۔

all-round, all-around, a. مکمل ؛ بہت سے میدانوں اور شعبوں میں علم و آگاہی رکھنے والا ؛ متعدد قسم کے کاموں میں مفید ۔

All Saints' Day, n. عیسائی بزرگوں کے اعزاز میں یکم نومبر کو ہر سال گرجے کے اندر منایا جانے والا تہوار ۔

all-seed, n. مختلف بہت سے بیجوں والے پودوں میں سے کوئی ایک جیسے خُرفہ ، ہفت بند وغیرہ ۔

All Souls' Day, n. دو نومبر کو تمام رومن کیتھولک

گرجوں اور بعض اینگلیکن گرجوں میں بھی منایا جانے والا یوم دعا جب مرے ہوؤں کے لیے دعائیں مانگی جاتی ہیں۔

all-spice, n. ایک قدرے چرپرا (تیز) ذائقے والا مسالا جو غرب الہند کے ایک درخت کا پھل ہے چونکہ اس میں بہت سے ذائقے ملے ہوئے خیال کیے جاتے ہیں اس لیے اس نام سے موسوم ہوا ؛ جمیکائی گرم مسالا۔

all told, adv. سب کچھ گننے کے بعد ؛ کل۔

allude, v.i. کنایہ کرنا ؛ اشاروں میں کہنا ؛ بالواسطہ حوالہ دینا ؛ کنایۃً بعید میں کہنا (بعد میں to لگاتے ہیں)۔

all-up weight, n. (ہوابازی) طیارے کا کل وزن جب وہ مسافروں ، مال اسباب ، عملے اور ایندھن سمیت فضا میں اڑ رہا ہو ؛ کُل بالائی وزن۔

allure, v.t. کوئی اچھی حقیقی یا دکھاوے کی پیش کش کر کے رجھا لینا ؛ کسی مجوزہ مسرت یا مفاد کے ذریعے اپنی طرف کھینچنا یا کھینچنے کی کوشش کرنا ؛ پھانسنا ؛ ورغلانا ؛ سبز باغ دکھانا ؛ رغبت دلانا ؛ افسوں پھونکنا ، موہ لینا ؛ للچانا ؛ حرص دلانا۔ (اسم) لبھاؤ ؛ کشش ؛ افسوں ؛ ترغیب ؛ دلربائی ؛ لالچ۔

allurement, n. ترغیب ؛ دلربائی کا عمل ؛ موہ۔

allurer, n. موہ لینے والا ؛ دلکش ؛ چت چور ؛ من ہرن۔

alluring, a. جس میں دلربائی ہو ؛ جو دعوت دے رہا ہو ؛ جس میں دلکشی اور دلربائی کی خوبی ہو ؛ دلفریب۔

alluringly, adv. دلربایانہ۔

allusion, n. اشارے کنایے کا عمل ؛ واضح طور پر نہ کہی گئی چیز کی طرف اشارہ ؛ بالواسطہ یا برسبیلِ تذکرہ تجویز ؛ درپردہ حوالہ ؛ اشارہ ؛ کنایہ ؛ ایما ؛ رمز ؛ تلمیح۔

allusive, a. کنایہ آمیز ؛ پوری طرح واضح نہ کی گئی بات یا چیز کا اشارہ یا حوالہ ؛ جس میں اشارے کنایے ہوں ؛ کنایہ دار ؛ مرموز ؛ اشارہ آمیز۔

allusively, adv. تلمیحاً ؛ اشارتاً ؛ اشارے کنایے کے ساتھ یا اس انداز میں ؛ رمز کے ساتھ۔

allusiveness, n. کنایہ آمیزی ؛ اشارہ یا کنایہ لیے ہوئے ہونا ؛ اشارت ؛ کنائیت ؛ رمزیت۔

alluvial, n. دریائی ؛ سیلابی (مٹی) ؛ بہتے پانی کی لائی ہوئی مٹی کا ذخیرہ خصوصاً وہ جس میں سونا موجود ہو ؛ کچھار ؛ دریا آورد۔

alluvial a. سیلاب آوردہ مٹی کا یا اس سے متعلق۔

alluvial fan, n. (طبعی ارضیات) پنکھے کی شکل کا دریائی مٹی کا ذخیرہ جو کسی چشمے کی گھاٹی سے نکل کر میدان میں آنے کے سبب رفتار کم ہو جانے کی وجہ سے بن جاتا ہے۔

alluvion, n. پانی کا ساحل سے ٹکرا ٹکرا کر اسے بہا لے جانے کا عمل ؛ سیلاب یا پانی کا کناروں سے بہ نکلنا ؛ سیلاب بہا کر جو کچھ لایا اور جس کی تہ جم گئی ہو ؛ کچھار ؛ نکاسی ؛ دریا برآمدہ زمین ؛ دریا برار۔ (قانون) زمین کے اوپر پانی سے لائی گئی مٹی کی تہ کی وجہ سے اراضی میں اضافہ۔

alluvium, n. بہتے پانی سے جمع شدہ مٹی ، کیچڑ اور ریت کی تہ ؛ دریا برآر مٹی۔ (ارضیات) وہ تہ نشین مادہ جو اس طرح ماضی قریب میں جمع ہوا ہو خصوصاً بڑے دریاؤں کی وادیوں میں۔

ally, v.t. بذریعہ شادی ، معاہدہ ، انجمن یا کنفیڈریشن متحد ہونا ؛ کسی رسمی اقرار نامہ کے ذریعے ملا دینا ؛ ایک دوسرے سے وابستہ کرنا یا جوڑ دینا ، جیسے دوستی یا مشاغل کے ذریعے۔ (فعل لازم) اتحاد قائم کر لینا۔

ally, n. اتحادی ؛ حلیف ؛ کسی شہزادے یا ریاست کا کسی معاہدے یا لیگ کے ذریعے کسی اور کے ساتھ اتحاد ؛ حمایتی ؛ امدادی ؛ مددگار ؛ کسی مخصوص مقصد کے حصول میں جو کسی کی مدد کرے۔ (عسکری) کوئی قوم (ملک) جس نے کسی اور قوم یا اقوام کے ساتھ کسی مشترک دشمن کے خلاف نبردآزمائی کے لیے اتحاد کیا ہو بالخصوص اس اتحاد کا رکن جو جرمنی کے خلاف عالمگیر جنگ اوّل اور دوم میں قائم کیا گیا تھا۔

Almagest, n. المجسطی ؛ اسکندریہ کے دوسری صدی عیسوی کے فلک شناس بطلیموس کی فلک شناسی کے بارے میں مشہور یونانی تصنیف۔ (چھوٹے a سے) وسطی دور کی کیمیا یا فلکیات وغیرہ سے متعلق تصانیف میں سے کوئی ایک۔

almamater, n. مادر علمی ؛ طالب علموں کی طرف سے اپنے مادر علمی کے لیے استعمال کی جانے والی اصطلاح ؛وہ اسکول، کالج یا یونیورسٹی جس میں کسی نے تعلیم حاصل کی ہو۔

almanac, n. تقویم ؛ جنتری ؛ کوئی جدول ، کتاب یا اشاعت (عموماً سالانہ) جس میں دنوں ، ہفتوں اور مہینوں کا اندراج ہو بشمول سورج چاند کے اوقات طلوع و غروب ، چاند کے تغیرات ، گرہن ، گرجوں کے معروف تہوار وغیرہ (کسی ایک سال یا کئی سالوں کے لیے)۔

almandine, almandite,n. یاقوت کے گہرے سرخ یا ارغوانی رنگ کی مختلف انواع کا نام۔

almighty, a. توانائے کل ؛ لامحدود قوت کا مالک۔

The Almighty, قادر مطلق ؛ ذوالجلال۔

almond, n. بادام ؛ بادام کا درخت ؛ بادام کی شکل کی کوئی بھی چیز ؛ اصطلاحی نام پرُونس ایمگ ڈیلس (Prunus amygdalus) ہے۔

almond-eyed, a. بادام چشم۔

almond-shaped, a. بادام صورت ؛ تنگ یا لمبی بیضوی لیکن دونوں جانب سے نوکدار شکل والا۔

almoner, n. خیرات ، صدقہ ، زکوٰۃ وغیرہ بانٹنے والا خصوصاً وہ افسر جو مذہبی انجمنوں ، ہسپتالوں یا خیرات گھروں میں خیرات کے طور پر دی جانے والی امداد کی تقسیم کرتا ہے یا احکام جاری کرتا ہے (خود یا افسران بالا کی جانب سے) ؛ مہتمم خیرات ؛ بھنڈاری ؛ لنگر خانے کا منصرم ؛ ناظم زکوٰۃ۔

almost, adv. تقریباً ؛ قریب قریب ؛ زیادہ تر۔

alms, n. خیرات ؛ بھیک ؛ غریبوں کو سہولت پہنچانے کے لیے مفت دی گئی کوئی چیز ؛ خدا کے نام پر دی گئی کوئی، چیز ؛ دان ؛ پُن۔

alms giver, n. خیرات دینے والا ؛ مخیّر۔

alms giving, n. خیرات دہی۔

alms house, n. خیرات گھر ؛ غریبوں کے لیے وہ جگہ جس کی سرکاری طور پر دیکھ بھال ہوتی ہو یا برطانیہ کی طرح نجی وقف ؛ محتاج خانہ ؛ لنگر خانہ ؛ خیرات خانہ۔

alms-man, n. خیرات یا سرکاری امداد پر گزارا کرنے والا ؛ خیرات وصول کرنے والا ؛ (خیرات خور) مرد خیرات (متروک) خیرات دینے والا۔

alnico, n. المونیم ، لوہے ، نکل اور دیگر عناصر کا وہ آمیختہ جس میں زبردست زوال ناپذیر سکت ہوتی ہے۔

aloe, n. کوار گندل ؛ گھیکوار ؛ زنبقی (سوسنی) جنس ایلو کا کوئی پودا ؛ ایلوا : خاص طور پر افریقی ہے۔ اس کی مختلف انواع سے جلابی دوا (ایلوین) تیار ہوتی ہے اور ریشہ بھی ، اسے قرن نخل بھی کہتے ہیں ، امریکی ایلو۔

aloft, adv. اونچائی پر ؛ ہوا میں ؛ زمین سے خاصا بلند۔ (جہاز رانی) بلند تر بلّیوں ، مستولوں یا رسّوں پر ؛ تختۂ جہاز پر۔

aloha, interj.,n. جزیرہ ہوائی والے خوش آمدید کہنے ، سلام کرنے یا خدا حافظ کہنے کے لیے یہ لفظ استعمال کرتے ہیں۔

alone, a. دوسروں سے الگ ؛ بے یارومددگار ؛ تنہا ؛ اکیلا ؛ تمام دوسروں کے علاوہ ؛ مجرد ؛ تن تنہا۔

aloneness, n. تنہائی۔

alone, adv. صرف ؛ الگ تھلگ ؛ دوسروں کو خارج کرتے ہوئے ؛ فقط ؛ محض ؛ بے مدد ؛ تن تنہا۔

along, adv. لمبائی کے لحاظ سے ؛ لمبائی کے ساتھ ساتھ (جیسے stretched along) ؛ تدریجی حرکت کے ساتھ یا مطابق : آگے کو(جیسے walk along)؛ مع (بعد میں with آتا ہے)؛ ایک سے دوسرے تک ؛ پاس ؛ آگے ؛ اگاڑی ؛ سب میں ؛ سارے میں ؛ سراسر۔

along, prep. کی لمبائی کے ساتھ (across کے برعکس) ؛ طولاً (اُدھر یا قریب) ؛ کے مطابق ؛ دوران یا عرصہ میں۔

along-shore, adv. ساحل یا کنارے کے ساتھ ساتھ ؛ طولاً اور ساحل کے قریب۔

along-side, adv. پہلو کے ساتھ ساتھ ؛ پہلو کے قریب کی جانب ؛ پہلو کے بالکل قریب ؛ ہم پہلو ، ایک دوسرے کے پہلو بہ پہلو جیسے to lie alongside ۔ (حرف جار) پہلو میں ؛ آمنے سامنے ؛ متوازی ؛ برابر برابر۔

aloof, adv. جدا ؛ پرے ؛ فاصلے پر ؛ دوسروں سے جان بوجھ کر الگ (ہمدردی، رعایت یا دلبستگی کی کمی کے باعث(جیسے .to keep aloof. ; to stand aloof) ۔ (صفت) ناوابستہ ؛ دلچسپی نہ رکھتا ہوا ؛ کم آمیز ؛ ہٹا ہٹا سا ؛ دور دور ؛ الگ الگ۔

aloofly, adv. کم آمیزی کے ساتھ ؛ دور دور رہتے ہوئے۔

aloofness, n. کم آمیزی ؛ تنہائی پسندی ؛ علیحدگی ؛ بے وابستگی ؛ بے نیازی۔

alopecia, n. مُوریختگی ؛ بالوں کا گر جانا (کسی بیماری کے باعث) ؛ گنجا پن ؛ بال جھڑ ؛ بال خورہ۔

aloud, adv. بہ آواز بلند ؛ سُنی جا سکنے والی آواز کے ساتھ ؛ سرگوشی سے نہیں ؛ بول چال کی عام آواز کے ذریعے ؛ چلّا کر ؛ پکار کر ؛ زور سے۔

alow, adv. کسی نیچی جگہ میں ؛ جہاز کا نچلا حصہ ؛ نیچے ؛ بلند (aloft کے برعکس)۔

alp, n. اونچا پہاڑ ؛ الپس پہاڑوں میں سے ایک۔

alpaca, n. الپاکا ؛ امریکی بھیڑ ؛ لاما کی جنس سے ایک جگالی کرنے اور دودھ پلانے والا جانور جو جنوب امریکی اینڈیز میں پایا جاتا ہے ، اپنی لمبی ملائم اور ریشمی اون کے باعث اہمیت رکھتا ہے ، اس کی اون سے بڑے خوبصورت کپڑے بنائے جاتے ہیں ؛ الپاکا اون سے تیار کیا گیا کپڑا ؛ اس کپڑے کی نقل۔

alpen-glow, n. کوہی شفق ؛ ایک سرخ سی روشنی جو طلوع آفتاب سے پہلے اور غروب کے بعد پہاڑیوں کی چوٹیوں پر اکثر دکھائی دیتی ہے۔

alpenhorn, alp-horn, n. ایک بہت لمبا ، مضبوط ، تقریباً سیدھا سینگ لیکن تھوڑا سا خم کھائے ہوئے اور آخری سرے پر پھیلا ہوا ، اس سے الپس پہاڑوں میں اشارہ رسانی اور سگنل کا کام لیا جاتا ہے۔

alpen-stock, n. کوہ پیما چھڑی ؛ شام چھڑی ؛ لمبی مضبوط چھڑی جس کے نچلے سرے پر نوکیلی سی لوہے کی شام لگی ہوتی ہے ، کوہ پیمائی میں اس سے کام لیتے ہیں۔

alpestrine, a. زیر باردی ؛ پہاڑی علاقوں کے متعلق۔ (نباتیات) پہاڑوں پر جنگلوں کی حد کے ساتھ ساتھ اُگنے والی ؛ الپسی ڈھلانوں سے تعلق رکھنے والا۔

alpha, n. الفا ؛ یونانی ابجد کا پہلا حرف۔(مجازاً) پہل ، ابتدا یا آغاز۔

alpha and omega, n. الف تای ؛ اوّل و آخر؛ یونانی ابجد کے ابتدائی اور آخری حروف۔ (مجازاً) آغاز اور انجام۔

alphabet, n. الفبا؛ حروفِ تہجی؛ کسی زبان کے مروجہ طریقے سے ترتیب دیے ہوئے حروف؛ اسی مقصد کے لیے مستعمل ابتدائی علامات اور اشارے ؛ لہٰذا ابتدائی عناصر، سادہ ترین اجزا؛ ابجد۔

alphabetic, alphabetical, a. الفبائی؛ حروف تہجی کے متعلق ؛ کسی ابجد (الف بے) سے متعلق ؛ جسے حروف ابجد مہیا ہوں ؛ ابجد کے ذریعے جس کا اظہار کیا گیا ہو ؛ ابجدی حروف کی ترتیب کے مطابق ؛ ابجدی ؛ بہ اُعتبار حروف تہجی۔

alphabetically, adv. الفبائی ، ابجدی ترتیب کے ساتھ ؛ حروف کے مروجہ نظام کے ساتھ۔

alphabetization, n. الفبائی ، ابجدی انداز میں لانے کا عمل ؛ ابجد کے ذریعے اظہار کرنا ؛ ابجد مہیا کرنے کا عمل۔

alphabetize, v.t. حروف تہجی کے مطابق ترتیب دینا۔

alpha decay, alpha disintegration, n. (طبیعیات) الفا ریزوں یا ذرات کے ذریعے نیوکلائیڈ کی کایا پلٹ ۔ دیکھیے: nuclide۔

alpha helix, n. واحد مرغولہ ؛ واحد مرغولی (کیمیائی) ساخت جس میں بعض لحمیات اور ڈی این اے کے خواص پائے جاتے ہیں ۔

alpha iron, n. الفا لوہا ۔ (فلزّیات) لوہے کی ایک صورت متغیّرہ جس میں بیٹا لوہے کی طرح ۹۱۰ درجہ سنٹی گریڈ درجہ حرارت سے نیچے بھی استحکام رہتا ہے مگر یہ بیٹا لوہے سے مقناطیسی ہونے کی وجہ سے مختلف ہوتا ہے ، دونوں ہی لوہے کی عام اقسام ہیں ۔ دیکھیے : ferrite ۔

alpha-meric, alphanumeric a. (کمپیوٹر) حرفی ہندسی ؛ اعداد اور حروف دونوں لیے ہوئے (جیسے an alphanumeric set of characters) ۔

alpha particle, n. عہ ذرہ ؛ الفا ذرہ ۔ (طبیعیات) ایک ذیلی ایٹمی ذرہ جس کا ایٹمی وزن چار ہوتا ہے اور مثبت چارج دو الیکٹرانی چارجوں کے برابر ہوتا ہے ، بنیادی طور پر یہ ہیلیم مرکزہ ہے جو بعض ایٹموں کے مرکزوں میں سے تابکاری انتشار کے ذریعے خارج ہوتا ہے ؛ الفائی ریزہ ۔

alpha ray, n. (طبیعیات) ہیلیم کے مرکزوں کا بہاؤ ۔

Alpine, a. الپسی پہاڑوں سے متعلق ۔ (چھوٹے a سے) الپ سے مشابہ ۔

alpinism, n. کوہ پیمائی کی مشق (کبھی کبھی بڑے A سے بھی لکھا جاتا ہے) ۔

alpinist, n. کوہ پیمائی میں ماہر یا دلچسپی لینے والا ۔

already, adv. موجودہ وقت سے پہلے ؛ کسی مخصوص وقت سے پہلے ؛ سابقاً ؛ بعجلت ؛ پہلے ہی ؛ پہلے سے ۔

Alsatian, a. لندن کے نواح میں السیشیا یا وھائیٹ فرائرز سے متعلق ؛ کبھی یہ جگہ مقروضوں اور مجرموں کی پناہ گاہ ہوتی تھی ۔

alsike, n. یورپی لوسن ؛ ایک یورپی چارہ گھاس جس کے سفیدی مائل یا پیازی پھول ہوتے ہیں ۔ ریاستہائے متحدہ امریکا میں چارے کے لیے اسے کثرت سے بوتے ہیں ؛ (اصطلاحی نام تپتیا دوغلی Trifolium hybridum) ۔

also, adv. مع ؛ علاوہ ازیں ؛ بلکہ ؛ اسی انداز میں ؛ اسی طرح ؛ نیز ؛ ماسوا ؛ مزید ؛ علاوہ ؛ بھی ۔

also-ran, n. کوئی شخص یا مقابلہ کرنے والا جو کامیابی کے حصول میں ناکام رہ جاتا ہے خصوصاً انتخاب ، گھڑ دوڑ یا دوسرے مقابلے میں ہار جانے والے کے لیے بولتے ہیں ۔

Altaic, Altaian, a. التائی سے متعلق (مشرقی ایشیا کا ایک وسیع پہاڑی سلسلہ) ؛ زبانوں کے اس خاندان سے متعلق جس میں ہنگری ، فن لینڈ ، ترکی وغیرہ کی زبانیں شامل ہیں ۔ (اسم) ایک یورپی ایشیائی لسانی خاندان جس میں منگولی ، تنگوسی ، ترکی اور کوریائی زبانوں کی ذیلی شاخیں شامل ہیں ۔

altar, n. قربان گاہ ؛ وہ بلند سطح یا جگہ جس پر کسی دیوی دیوتا یا کسی جد کے لیے قربانی دی جاتی تھی یا جہاں لوبان جلایا جاتا تھا ؛ عشائے ربّانی کی تقریب کے لیے گرجے میں رکھی ہوئی میز ۔

altar boy, n. مذہبی تقریب میں سرخیل کی مدد کرنے والا ؛ گرجے کا خدمت گار ؛ سیوک ؛ خادم ۔

altar call, n. وہ دعوتِ عام جس میں انجیلی واعظ لوگوں کو عبادت میں شامل ہونے کے لیے گرجے کے سامنے کی جانب آنے اور یسوع مسیح کے ساتھ اعلانِ وفاداری کرنے کو کہتا ہے ۔

altar piece, n. وہ تصویر ، پینٹنگ یا مجسمہ جسے قربان گاہ کے اوپر یا پیچھے سجاوٹ کے طور پر کسی گرجے میں رکھا گیا ہو ۔

altar rail, n. قربان گاہ کے سامنے والا جنگلا جو گرجے کی عبادت گاہ کو دوسرے حصے سے جدا کرتا ہے ۔

altar stone, n. پتھر کی وہ سل جو گرجے میں قربان گاہ پر لگی ہوتی ہے ؛ رومی کیتھولک کلیسا کے تعلق سے وہ پتھر جس پر شہیدوں کی قیمتی یادگاریں رکھی ہوتی ہیں ۔

altazimuth, n. آلۂ سمت و اِرتفاع ؛ فلک شناسی کا ایک آلہ جس سے اجرامِ فلکی کا ارتفاع یا سمت الراس معلوم کرتے ہیں ۔ یہ ایک عمودی چکّر اور اس کے ساتھ پیوست دوربین پر مشتمل ہوتا ہے ۔ دونوں میں عموداً اور افقاً حرکت کر سکنے کی صلاحیت ہوتی ہے ؛ ایسے دیگر متعدد آلات جو اسی انداز سے بنائے / برتے جاتے ہوں ۔

alter, v.t. دوبارہ بنانا یا بدلنا ؛ کوئی تبدیلی کرنا ؛ کمی بیشی کرنا ؛ پوری تبدیلی کی جگہ تھوڑی سی تبدیلی لانا ؛ بدلنا ؛ ترمیم کرنا ؛ اصلاح کرنا ؛ تغیّر کرنا ؛ پلٹنا ۔ (فعل لازم) بعض پہلوؤں سے مختلف ہو جانا ؛ اور ہو جانا ؛ بدل لینا (اپنی شخصیت کو) ؛ بدل جانا ؛ متغیّر ہونا ۔

alterability, n. تغیّر پذیری ؛ بدلنے کی صلاحیت ۔

alterable, a. تغیّر پذیر ؛ بدلنے کے قابل ؛ ممکن البدل ؛ تبدیلی کی صلاحیت لیے ہوئے ؛ قابل تبدیلی ۔

alterableness, n. تغیّر پذیری ؛ تغیّر پذیر ہونے کی صلاحیت ۔

alterably, adv. تغیّر پذیر انداز میں ؛ اس طرح کہ بدلا یا تبدیل کیا جا سکے ۔

alterant, n. تغیّر کنندہ ؛ وہ جو تبدیلی لاتا ہے ؛ جو بدل دیتا ہے ؛ مُبدِّل ۔

alteration, n. تغیّر ؛ بدل ؛ تبدیلی لانے کا عمل ؛ تغیّر پذیر ہونے کی حالت ؛ لائی گئی تبدیلی ؛ ادل بدل ؛ ردّوبدل ؛ تغیّر و تبدّل ۔

alterative, a. تغیّر آور ؛ تبدیلی جو ؛ تبدیلی لانے کی قوت رکھنے والا ۔

altercate, v.i. بحثنا ؛ تکرار کرنا ؛ باہم زبان درازی کرنا ؛ جھگڑنا ؛ تو تو میں میں کرنا ؛ تنازع کرنا ؛ قضیہ کرنا ؛ توتکار کرنا ۔

altercation, n. بحثا بحثی ؛ تنازع ؛ جھک جھک ؛ شدید باہم زبان درازی ؛ توتکار ؛ گرم بحثی ؛ گرم نزاعی ؛ الجھاؤ ؛ تو تو میں میں ؛ قضیہ ؛ ٹنٹا ۔

alterego, n. گہرا دوست ؛ نفسِ دیگر ؛ جان سہان ؛ بدلِ کامل ؛ ہمزاد ۔

alternate, v.t. باری باری انجام دینا ؛ باری کرنا ؛ باری لینے کی صورت پیدا کرنا ؛ باری باری ایک کو دوسرے کے ساتھ بدلنا ؛ ادل بدل کرنا ؛ باری باری کرنا ؛ مبادلہ کرنا ؛ باہم بدلنا ؛ بدلہ کرنا ؛ عوض معاوضہ کرنا ۔ (فعل لازم) باری باری آنا ؛ باری لینا ؛ باری باری مقام ، حالت یا اقدام کے درمیان باہم بدل جانا ۔

alternate, n.
متبادل ؛ باری دار ؛ ادل بدل کرنے والی کوئی شے ؛ سرکاری متبادل (جیسے کسی سیاسی اجتماع میں) ؛ بدل ۔

alternately, adv.
باری باری سے ؛ ادل بدل کر ۔

alternateness, n.
متبادلت ؛ ادل بدل ؛ ادلی بدلی ۔

alternatingly, adv.
باری باری سے ؛ نوبت بہ نوبت ۔

alternate, a.
نوبتی ؛ ادل بدل کا سلسلہ رکھتا یا بناتا ہوا ؛ باری باری آنے والا ؛ باری باری کے سلسلوں میں ؛ یکے بعد دیگرے ہونے والا سلسلہ ؛ اپنی باری پر یا ایک کے بعد دوسرے کے طور پر آنے والا ۔ (نباتیات) ڈنڈی پر پتوں کا انفرادی اور مختلف بلندیوں پر اُگنے کا سلسلہ ، پہلا ایک طرف دوسرا دوسری طرف یا مخصوص زاویاتی فاصلوں پر (ایک دوسرے کے حوالے سے) لگے ہوئے ہونا ۔ (جیومیٹری) دو غیر متصل زاویوں کو ظاہر کرتے ہوئے جو دو خطوط کو تیسرے خط کے قطع کرنے سے بنتے ہیں ؛ دونوں (متبادل زاویے) یا تو اندرونی ہوتے ہیں یا بیرونی اور ان میں سے ایک اس تیسرے خط کے ایک طرف ہوتا ہے اور دوسرا اس کے دوسری جانب ؛ متبادلہ زاویے ؛ زاویۂ متبادلہ ۔

alternating current, n.
(برقیات) بدلتی رو ؛ متبادل رو ؛ وہ رو جو اپنی گردش کی سمت بدلتی رہتی ہے (مخفف .A.C) ۔

alternation, n.
تبدُّل ؛ باری باری آنے کا عمل ؛ ادلا بدلی ؛ متبادل ہونے کی حالت ؛ باری باری ظاہر ہونا یا واقع ہونا ؛ مبادلہ ؛ ادل بدل ؛ باری باری ؛ نوبت ۔

alternation of generations, n.
تبدیلِ نسل ؛ تبادل آفرینش ۔ (نباتیات) کسی پودے کے عرصۂ حیات میں تخمکی اور زواجی دونوں تناسلی صورتوں کا باری باری ظاہر ہونا ؛ جنسی اور غیر جنسی باز آفرینی میں تبادل ۔ (بمقابلہ metagenesis) ۔

alternative, n.
متبادل ؛ دو چیزوں میں سے ایک کا انتخاب (بایں صورت کہ ایک کو لے لینے پر دوسری کو چھوڑ دینا نا گزیر ہو) ؛ دو معاملوں میں سے ایک کا امکان ، (بایں صورت کہ اگر ایک جھوٹ ہے تو دوسرے کا سچ ہونا قطعی ہے) ؛ بدل ؛ صورتِ دیگر ؛ دو میں سے ایک ؛ یہ یا وہ ۔

alternatively, adv.
متبادل صورت میں ؛ متبادلانہ ؛ عوض میں ۔

alternativeness, n.
متبادلت ؛ عوضانہ ؛ ادل بدل ۔

alternative, a.
دو چیزوں (صورتوں) میں سے ایک کے امکان یا انتخاب کیٔ پیش کش کرتے ہوئے ؛ صورت متبادل ؛ بدل ؛ عوض ۔

alternator, n.
متبادل گر ؛ متبادل رو پیدا کرنے والا برقی جنریٹر ۔

althea, n.
خطمی ؛ جنس خطمی کا کوئی پودا جیسے ہالی ہاک ، فرنگی خطمی یا گل خیرا (Althaea rosea)؛ دلدلی خطمی (marsh mallow) یا ایک اور خطمی نسل پٹوا (Hibiscus syriacus) کی پھول دینے والی گلشنی جھاڑی جسے گل شیرون بھی کہتے ہیں ۔

althorn, n.
بڑا نقارہ ؛ نوبت ؛ دھونس ؛ اونچی آواز دینے والا نقارہ جسے فرانسیسی نقارے کی جگہ بینڈ میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

although, conj.
اگرچہ ؛ اس سارے کو تسلیم کرتے ہوئے ؛ اس کے یوں ہوتے ہوئے ؛ فرض کیا کہ ؛ ہر چند ؛ اس تمام کو مانتے ہوئے ؛ باوجودیکہ ؛ چاہے ؛ گو کہ ؛ گرچہ ۔

altimeter, n.
ارتفاع پیما ؛ جیومیٹری (مساحت) کے اصولوں کے مطابق ارتفاع کا اندازہ لگانے والا آلہ ؛ اینی رائڈ بیرومیٹر کی طرح کا ایک آلہ جو کرہ ہوائی میں دباؤ کی تبدیلیاں معلوم کرتے ہوئے ارتفاع شناسی کرتا ہے ؛ بلندی ناپ ۔

altimetry, n.
ارتفاع پیمائی ؛ ارتفاع شناسی کی سائنس ؛ بلندی ناپنے کا علم ۔

altiplano, n.
سطح مرتفع ؛ بلند مرتفع میدان ۔

altitude, n.
ارتفاع ؛ اونچائی؛ فراز؛ بلندی؛ نیچے کے کسی مقام سے اوپر کے کسی مقام تک کی جگہ ؛ بلندی کا درجہ ؛ کوئی بلند جگہ یا علاقہ ؛ بلند مقام یا منصب ؛ رفعت ؛ عظمت ۔

alto, n.
(موسیقی) دون ؛ دھیما ؛ زنانہ سُر؛ پاتان ؛ عورتوں اور لڑکوں میں انتہائی اونچی آواز اور مردوں میں بلند ترین آواز ؛ عام مردانہ آواز سے اونچی پاٹ دار آواز ؛ اس آواز میں گانے والا ؛ موسیقی کے سازوں میں دوسرا سب سے بلند ساز ؛ اونچا سُر ؛ نکھاد ۔ (صفت) اس آواز سے متعلق ۔

altocumulus, n.
بلند مجتمع بادل ؛ بلندی میں بادلوں کا اجتماع جو اونی گالوں کی طرح یا گول گول ڈھیروں کی شکل میں جگہ جگہ نظر آتا ہے؛ بلند تودۂ ابر ۔

altogether, adv.,n.
کلی طور پر؛ بالکل؛ مکمل طور پر ؛ جملہ ؛ تمام کا تمام ؛ بحیثیتِ مجموعی ؛ بحیثیتِ کل ؛ تمام تر ؛ نرا ؛ سرتاپا ۔

in the altogether
(عام بول چال) ننگم ننگا ؛ عریاں ؛ برہنہ ۔

alto-relievo, n.
نمایاں مُنبت کاری ؛ نمایاں اور بلند ابھار ؛ وہ مجسمہ جس میں شکلیں پس منظر سے زیادہ نمایاں ہوں ؛ نمایاں منبت کاری سے بنا ہوا مجسمہ ۔

alto-stratus, n.
بلند طبق ابر ؛ بلند غمام ؛ مقابلۃً اونچا نقاب نما یا چادر نما بادل جو ابر پارے کی طرح ہوتا ہے اور آٹھ ہزار سے بیس ہزار فٹ کی بلندی پر پایا جاتا ہے ۔

altricial, a.
تغذیہ طلب ؛ انڈوں سے نکلتے وقت بے بس اور ناپخت صورت میں ماں باپ کی مدد اور توجہ کا محتاج ۔

altruism, n.
ایثاریت؛ جذبہ ایثار (بخلاف خود غرضی)؛انسانیت دوستی (selfishness کے برعکس)؛بے نفسی ۔

altruist, n.
ایثار پسند ؛ بے غرض؛ اس مسلک کا آدمی؛ بے نفس ۔

altrustic, a.
بے غرضانہ ؛ انسان دوستی سے متعلق ؛ دوسروں کا خیال رکھنے والا ؛ ایثار پیشہ ۔

alula, bastard wing, n.
(طیوریات) جُھوٹے پَر ؛ جناحِ باطل ؛ پرندے کے پر کی ابتدا میں اُگا ہوا زائد پروں کا گُچّھا ؛ فالتو کھمبراٹ ؛ باطل بازو ۔

alum, n.
پھٹکڑی ؛ دوہرے سلفیٹ رکھنے والا مرکب جس میں ایلومینیم کے ساتھ پوٹاشیم ، امونیم یا لوہے جیسی دھاتیں

ہوتی ہیں ؛ عام پھٹکڑی یا پوٹاش ایلم کو طب میں انقباض اور بندش کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ رنگ کو پختہ کرنے اور چمڑے کو کمانے میں اس کے ذریعے کھالوں کی اتصالیت کو بحال کرتے ہیں ؛ زاج ۔

alumina, n. الومینا ؛ الومنیا ؛ ایلومنیم کا طبعی یا کیمیائی اکسائیڈ ، زمینی عناصر میں یہ سب سے زیادہ پایا جاتا ہے ، طبعی طور پر کرنڈ (کرل پتھر) اور بکسائیٹ کی صورت میں ، ایلومینیم کا بڑا ماخذ بھی ہے ؛ زاج مٹی ۔

aluminate, n. (کیمیا) ایلومینیٹ ؛ ایک نمک جسے ایلومینیم ہائیڈرو اکسائیڈ سے بنایا جاتا ہے جب یہ ہلکے تیزاب کے طور پر عمل کرتا ہے ۔

aluminiferous, a. ایلومینی ؛ ایلم ؛ ایلومینا یا ایلومینیم کا حامل ؛ زاجی۔

aluminium, n. ایلومینیم ؛ برطانیہ میں اسے زیادہ تر aluminum لکھتے ہیں ۔

aluminize, v.t. ایلومینیم چڑھانا ؛ ایلومینم کی تہ جمانا یا اس کی آمیزش کرنا ۔

aluminosilicate, n. ایلومینو سلی کیٹ ؛ ایلومینیٹ اور سلیکیٹ کا کوئی مرکّب ، وہ طبعی صورت میں ہو یا ساختہ جیسے فلسپار یا زیولائیٹ ۔

aluminous, a. ایلومینس ؛ زاج دار ؛ ایلم یا ایلومینا سے متعلق یا ان کا حامل ۔

aluminum, n. (کیمیا) ایلومینم ؛ زاجیہ ؛ سلور ؛ ایک نیلگوں سفید مزاحِم تکسید دھات جس میں چاندی کی سی چمک ہوتی ہے (اگرچہ اصلی چاندی سے بہت کم درجے کی)۔

aluminum sulfate, n. (کیمیا) ایلومینم سلفیٹ ؛ ایک سفید نمک جو قلمی صورت میں ہوتا ہے اور عام طور پر پانی کو صاف کرنے میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

alumna, n. فاضلہ ؛ ایلمنہ ؛ ایلمنس (alumnus) کی تانیث؛ کسی تعلیمی ادارے سے فارغ التحصیل عورت ؛ سابق طالبہ ۔

alumnus, n. فاضل ؛ ایلمنس ؛ سابق طالب علم ؛ کسی تعلیمی ادارے٬ کالج یا یونیورسٹی کا فارغ التحصیل ۔

alumroot, n. بیخِ زاج ؛ شمالی امریکا کے متعدد پودوں میں سے (جن کا تعلق پتھر توڑ پودوں سے ہوتا ہے) کوئی ایک ، اس کی جڑیں قابض ہوتی ہیں ؛ اس پودے کی جڑیں ۔

Alundum, n. ایلنڈم ؛ ایک خراش آور سخت قسم کا مادہ جو ایلومینا کو پگھلا کر بنایا جاتا ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔

alunite, n. (کیمیا) سنگِ زاج ؛ معدنی پھٹکڑی ؛ ایک معدن ؛ پوٹاشیم اور ایلومینم کا ہائیڈرس سلفیٹ جو باریک دانہ دار ڈھیروں یا کبھی کبھی قلمی صورت میں بھی ملتا ہے ۔

alveolar, a. چھتے دار ؛ خانہ خانہ ؛ جس میں ساکٹ ، کھوکھلے خانے یا گڑھے پڑے ہوئے ہوں ؛ ساکٹوں سے بالخصوص دانتوں کے جوفوں سے متعلق ۔ (لسانیات) وہ حرف جو دانت کی قفلیوں کے ساتھ زبان کے چھونے سے بولا جائے ۔

alveolate, a. چھتے دار ؛ خانے دار ؛ مشبک ۔

alveolus, n. چھوٹا خانہ ؛ گڑھج ؛ گڑھا ؛ حفیرہ ؛ چھوٹا سا جوف جو دانت ، شہد کے چھتے یا رکاز میں ہوتا ہے ؛ دانت کی قفلی ؛ پھیپھڑوں کے دُور اندر آخری ہوا کی تھیلی ۔

always, adv. سدا ؛ ہمیشہ ؛ بے روک ٹوک ؛ ہمیشہ کے لیے ؛ مسلسل ؛ لگاتار (جیسے always the same) ؛ جتنی بار موقع ملے (جیسے always late) ؛ بشرطِ ضرورت ؛ مدام ؛ نِت ؛ بلا ناغہ ، متواتر ؛ دائم ؛ ہمیش ۔

Alyce clover, n. (نباتیات) چارہ بوٹی ؛ ایک دو سالہ یا یک سالہ بوٹی جو پھلی دار جنس سے تعلق رکھتی ہے اور چارہ کے طور پر بوئی جاتی ہے خصوصاً مستقل چارے اور سوکھی گھاس کے لیے ۔

alyssum, n. جنون توڑ پودا ؛ اسی نام و جنس کی بوٹیوں میں سے کوئی ایک ، اس کے چھوٹے زرد یا سفید خوشہ دار پھول ہوتے ہیں اور پتوں پر روئیں سی ہوتی ہیں ؛ الوسن ۔

sweet alyssum چھوٹے چھوٹے سفید پھولوں والا ایک گلشنی پودا ۔

a.m. بارہ بجے دوپہر سے پہلے اور آدھی رات کے بارہ بجے کے بعد (اسے جلی حروف سے بھی لکھتے ہیں : A.M.) ۔

A.M. دیکھیے : Amplitude Modulation ۔

am. ہوں ؛ فعل to be کے صیغۂ حاضر کا واحد متکلم حاضر؛ (میں) ہوں ۔

amah, n. اماّں؛ بندی؛ خادمہ ؛ ہند و چین وغیرہ میں دایہ ؛ باندی ؛ نوکرانی یا کھلائی ۔

amalgam, n. ملغم ؛ پارے کے کسی دھات یا دھاتوں کے ساتھ مل کر بنا ہوا بھرت ۔ (مجازاً) آمیزش یا جوڑ میل ؛ ممزوج ۔

amalgamable, a. ملغم پذیر؛ قابل آمیزش ۔

amalgamate, v.t. ملغم بنانا ؛ ملا کر ایک آمیزہ بنا دینا ؛ ملانا ؛ ایک کرنا ؛ یک جا کرنا ۔ (فعل لازم) آمیزہ بن جانا ؛ مل جانا ؛ گھل مل جانا ؛ ملغم بن جانا ۔

amalgamation, n. تلغیم ؛ ملغم کاری ؛ آمیزش ؛ خلط ملط ہونے کا عمل یا اس کا نتیجہ ؛ اختلاط ؛ اتحاد ؛ امتزاج ۔ (فلزّیات) پارے کے عمل سے قیمتی دھاتوں کو ان کے کچدھات سے حاصل کرنا ۔ (تجارت) دو یا دو سے زیادہ کارپوریشنوں٬فرموں اور کاروبار کا ادغام ۔

amalgamative, a. مائل بہ تلغیم ؛ تلغیمی ؛ آمیزش پذیر ؛ مائل بادغام ؛ ادغام پذیر۔

amalgamator, n. تلغیم کار ؛ مخلوط کر دینے والا ؛ باہم ملا دینے والا ۔

amanuensis, n. نویسندہ ؛ لکھنے والا ؛ منشی ؛ کاتب ؛ وہ شخص جس کا کام ہی یہ ہو کہ دوسرا جو کچھ بولتا جائے وہ لکھتا جائے یا جو کچھ کسی نے لکھا ہے اسے نقل کرتا جائے ؛ سیکرٹری ؛اسٹینو گرافر ؛ املا نویس ۔

amaranth, n. اَمرنت ؛ سدا بہار پھول ؛ ایک ایسے مفروضہ پھول کا شاعرانہ نام جو کبھی نہیں مرجھاتا ؛ گل جاوید ؛ ارغوانی مائل رنگ ؛ قطیفہ ؛ زلف عروس ۔

amaranthine, a. امرنت ؛ سدا بہار ؛ سدا بہار پھول سے متعلق ؛ امرنت پر مشتمل ہونا یا اس سے مشابہ ہونا ؛

کبھی نہ مرجھانے والا ؛ ارغوانی مائل رنگ والا ۔

amarelle, n. شاہ دانہ ؛ کھٹے آلوچے یا چیری کی ایک قسم جو سرخ یا میٹھے شاہ دانے سے اس لحاظ سے مختلف ہے کہ اس کا رس بے رنگ ہوتا ہے ؛ گلاس چیری۔

amaryllis, n. جنس نرگس ؛ سکھ رس ؛ ایک گنٹھی دار پودا ، نرگسی مکو ، بیلا ڈونا سوسن ، جس کے پھول لمبے ، سوسن کے مانند اور عموماً گلابی رنگ کے ہوتے ہیں ؛ وہ تمام پودے جو جنس نرگس (Amaryllis) سے متعلق رہے ہیں ۔

amass, v.t. ڈھیر لگانا ؛ اکٹھا کرنا (زیادہ مقدار یا تعداد میں) ؛ جمع کرنا ؛ انبار لگا لینا ؛ سمیٹ لینا ؛ بٹورنا ؛ ڈھیر کرنا ۔

amassment, n. جمع کرنے کا عمل ؛ سمٹائی ۔

amateur, n. پرستار ؛ شائق ؛ غیر پیشہ ور ؛ شوقین ؛ کسی فن یا مشغلے کو لطف اندوزی کے لیے اختیار کرنے والا (پیشہ وری یا منفعت کی بجائے) ؛ بعض اوقات اس سے ناپختہ اقدام اور خام نتیجہ بھی مراد لیا جاتا ہے ؛ مگن ؛ شائق فن ؛ اتائی ۔ (صفت) شائقانہ یا شائق ؛ کسی پیشہ ور کی سی سلیقہ مندی یا صلاحیت سے عاری ۔

amateurism, n. غیر پیشہ ورانہ انداز ؛ غیر پیشہ ور کا رویہ ، عمل یا کردار۔

amateurish, a. شوقیہ ؛ اتائی کا یا اتائی ہونے کی حالت ؛ جس سے شائق یا اتائی ہونے کا گمان ہو ؛ جس میں کسی پیشہ ور کی سی مہارت ، صفائی یا دیگر صلاحیتوں کا فقدان ہو۔

Amati, n. اماتی وائلن ؛ کریمونا (اٹلی) کے اماتی خاندان کا ، جو سولھویں اور سترھویں صدی میں گزرا ہے ، بنایا ہوا وائلن ۔

amative, a. عاشق مزاج ؛ محبت بھرا ؛ محبت کی طرف مائل ؛ سرشار عشق ؛ عاشق کے یا جنسی محبت کے متعلق ؛ عشقیہ ؛ عاشقانہ ۔

amativeness, n. عاشق مزاجی ؛ وہ رجحان جو جنسی جذبے کی طرف اکساتا ہے ؛ شہوت ۔

amatorial, a. محبت سے متعلق ؛ عشق کے یا جنسی محبت کے متعلق ۔

amatory, a. عاشقانہ ؛ محبت بھرا ؛ پُر از محبت ؛ محبت کے متعلق یا محبت پیدا کرنے والی ؛ محبت کا جس سے اظہار ہوتا ہو (جیسے اشعار یا آہیں) ؛ شہوانی ؛ رومانی ۔

amatol, n. ایک دھماکہ خیز شے ؛ ایمونیم نائٹریٹ اور ٹی این ٹی یا ٹرائی نائٹروٹولوئین (trinitrotoluene) کا مرکب جو دھماکہ پیدا کرتا ہے ۔

amaurosis, n. اندھا پن ؛ کوریت ؛ آنکھ میں بظاہر دکھائی دینے والے کسی نقص کے بغیر، بجز اس کے کہ پتلی ناقابل حرکت ہو جاتی ہے ؛ شبکیہ یا بصری عصبے میں ضعف آ جانے کے باعث جزوی یا کلی طور پر بے بصارتی ؛ ترمرا۔

amaurotic, a. اس مرض سے متعلق یا اس کے زیر اثر۔

amaze, v.t. متحیّر کرنا ؛ فوری حیرت یا تعجب سے دم بخود کر دینا ؛ حواس باختہ کر دینا؛ حیرت زدہ کر دینا ؛ حیران کر دینا ؛ چکرا دینا ؛ اچنبھے میں ڈالنا ؛ ہکا بکا کر دینا ۔

amazedly, adv. متحیرانہ ؛ حیّرت زدگی میں یا حیرت زدگی کے ساتھ ۔

amazedness, n. حیرت زدگی ؛ حیرت زدہ ہونے کی حالت ؛ استعجاب ؛ حیرانی ۔

amazing, a. حیران کن ؛ بہت تعجب انگیز ؛ دل انگیز حیرت ، (جیسے amazing grace) ۔

amazingly, adv. تحیر کے ساتھ ؛ حیرت زدگی کے عالم میں یا درجے تک ۔

amaze, n. (شاعری میں) تحیّر ؛ استعجاب ؛ تعجب ؛ حیرت ۔

amazement, n. تحیر ؛ استعجاب ؛ حیرت ؛ حیرانی ؛ اچنبھا ؛ حیران ہونے یا اچنبھے کی حالت۔

Amazon, n. دریائے امیزن ؛ جنوبی امریکا کا دریا جو پانی کی مقدار کے لحاظ سے دنیا میں سب سے بڑا ہے ؛ جنگجو عورتوں کی ایک نسل جس کے بارے میں یونانی اساطیر کا کہنا ہے کہ بحیرہ اسود کے پاس رہتی ہے ۔ (چھوٹے a کے ساتھ) بہت لمبی مضبوط عورت ؛ شورش انگیز عورت ؛ زنِ جنگ جو ؛ دیونی ۔

Amazonian, a. دیونی کا ؛ یونانی اساطیر کی جنگجو عورت کا یا اس کی مانند یا اس کے حسبِ حال ؛ جدال پسند ؛ جارح ؛ دریائے امیزن کے متعلق بھی آتا ہے ۔

amazonite, n. [دریائے امیزن کے نام پر] امیزونائٹ ؛ ایک خوبصورت ، نیم بہا ، سبز قسم کا فلسپار جو دریائے امیزن کے آس پاس اور دنیا کے بعض اور مقامات پر بھی پایا جاتا ہے ؛ سنگ امیزن۔

Amazon stone, n. دیکھیے: amazonite ۔

ambassador, n. سفیر ؛ ایلچی ؛ کسی حاکم یا ریاست کی جانب سے کسی دوسرے کے دربار میں ریاستی معاملات نپٹانے کے لیے مقرر کیا گیا سب سے بلند منصب وزیر ؛ پیغامبر ؛ درمیانی رابطہ کار ؛ مجاز سفیر ؛ سفیر مقتدر ؛ سرکاری نمائندہ۔

ambassadorial, a. سفیرانہ ؛ سفارتی ؛ سفیر سے متعلق ۔

ambassadress, n. سفیر کی بیوی ؛ خاتون سفیر ؛ سفیرہ ۔

amber, n. عنبر ؛ کہُربا ؛ ایک سخت ، پیلی زرد بلکہ کبھی کبھی سرخی مائل یا بھوری سی رکازی رال جو نابود صنوبروں کی دین ہے ، آرایشی سامان کے طور پر کام آتی ہے ؛ پیلے زرد سے لے کر بھورے رنگ تک کا عنبر۔

amber, a. عنبر گوں ؛ عنبریں ؛ عنبر کا ؛ عنبر کا سا ؛ اس رال کے سے رنگ والا ۔

amber-gris, n. عنبر اسود؛ ایک ٹھوس غیر شفاف ، مومی اور خاکستری رنگ مادہ جسے عطریات میں استعمال کرتے ہیں ؛ غالباً بڑی وھیل مچھلی کی فاسد رطوبت ۔

ambidextrous, a. دو ہتھیا ؛ دونوں ہاتھوں کو ایک سی سہولت اور بے تکلفی سے کام میں لا سکنے والا ؛ دو رخی (طرز عمل)؛ ہمہ گیر ؛ ہر فن مولا ؛ دوہتا ؛ دوہری ؛ منافق ۔

ambience, n. ماحولی مزاج ، فضا یا گردوپیش ۔

ambient, a. محیط ؛ گھیرا ڈالے ہوئے ؛

چاروں طرف سے گھیرے ہوئے (بہنے والی یا گھل مل جانے والی چیزوں کے لیے آتا ہے جیسے the ambient air) ۔

ambiguous, a. مبہم ؛ مشکوک ؛ غیر یقینی ؛ جس کی تعبیر دو طرح کی جا سکے ؛ غیر معین ؛ گول مول ؛ غیر واضح ؛ مشتبہ ۔

ambiguously, adv. مشکوک مفہوم کے ساتھ ؛ مبہم انداز میں ؛ اشتباہ کے ساتھ ۔

ambiguity, n. ابہام ؛ اشتباہ ؛ مبہم یا غیر واضح ہونے کی حالت ؛ بے یقینی یا شک بھری صورت حال ، خصوصاً کسی مفہوم کے بارے میں ۔

ambit, n. گھیرا یا دائرہ ؛ محیط ؛ گنجایش ؛ حلقہ ؛ حدود ؛ وسعت ؛ حدبندی ؛ مضافات ؛ نواح ؛ پھیلاؤ ۔

ambition, n. شدید خواہش ؛ جاہ طلبی ؛ اقتدار ، ناموری یا امتیاز کی بے تاب اور کبھی کبھی حد سے بڑھی ہوئی تمنا ؛ کسی مقصد کے حصول کی آرزو ؛ دوسروں میں نمایاں ہونے کی خواہش ؛ اپنے مشغلے ، کاروبار ، پیشے یا کسی اور راہ زندگی میں ترقی کرنے کی نیت ؛ فراخ حوصلگی ؛ بلند نظری ؛ آرزو ؛ اُمنگ ؛ غایت ۔ (فعل متعدی) بڑی آرزو مندی سے طلب میں لگنا ؛ خواہش کرنا ۔

ambitious, a. خواہش مند ؛ جاہ طلب ؛ اقتدار ، اعزاز ، ناموری ، عہدے ، برتری یا امتیاز کے لیے بے تاب یا حد سے بڑھی ہوئی چاہت رکھنے والا ؛ زبردست خواہش رکھنے والا ؛ خواہش مند (بعد میں of یا after آتا ہے)؛ خواہش سے ابھرنے والی ، اس کی مظہر یا اس کی خصوصیت لیے ہوئے ؛ نمود پسند ؛ بلند نظر ؛ فراخ حوصلہ ؛ غیر معمولی کوشش کی متقاضی خواہش ۔

ambivalence, n. دوگرفتگی ؛ کسی خاص فرد ، چیز یا اقدام کے بارے میں متضاد احساسات کی یک جائی ؛ دو جذبیت ۔

ambiversion, n. دیکھیے آنے والا لفظ ۔

ambivert, n. (نفسیات) دوبیں ؛ دروں بینی اور بروں بینی دونوں رجحانات کا حامل شخص ۔

amble, v.i. دو گامہ چلنا ؛ راہوار چلنا ؛ دُلکی چلنا ؛ ایک جانب کی دونوں ٹانگیں باری باری اٹھا کر چلنا (گھوڑے وغیرہ کا) ؛ لہٰذا، سہولت اور آسانی کے ساتھ مدھم چال سے چلنا؛ مزے مزے سے چلنا؛ آرام آرام سے چلنا ۔

amble, n, a. دو گامی چال ؛ نرم روی ؛ آساں روی ؛ گھوڑے وغیرہ کی ایسی چال چلتے ہوئے گام زنی ۔

ambler, n. ایسی چال چلنے والا ؛ دو گامہ ؛ راہوار ۔

amblygonite, n. ایک سفیدی مائل معدن جو زرد گوں لیتھیئم ایلومینیم فاسفیٹ کی قلموں کی صورت میں ملتا ہے ؛ لیتھیئم کا ماخذ ۔

amblyopia, n. کم بصری ؛ کم نظری ؛ ضعفِ بصر ؛ بینائی کی دھندلاہٹ یا کمزوری (اعضا میں کسی نمایاں نقص کے بغیر)؛ اندھے پن کی ابتدا ؛ غطش ۔

amboina wood, amboyna wood, n. [ملوکا جزائر امبوئنا سے متعلق] امبوئنا چوب ؛ بڑی خوبصورتی سے (قدرتی طور پر) نقشیائی اور کنڈلائی لکڑی جس کو الماریاں بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

ambroid, n. تودۂ عنبر ؛ عنبر کی زیادہ مقدار جو حرارت اور دباؤ کے ذریعے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں سے حاصل کی جاتی ہے ۔

ambrosia, n. امرت ؛ آبِ حیات ؛ یونانی دیوتاؤں کی افسانوی خوراک جو کھانے والوں کو اَمر بنا دیتی تھی ، لہٰذا کوئی شے جو ذائقے اور شامہ کو خوشگوار لگے جیسے ہوا کا معطر جھونکا یا مرہم وغیرہ ؛ ایک نقل جسے میٹھے سنگترے کے ٹکڑوں کو ناریل کے ٹکڑوں سے ملا کر تیار کیا جاتا ہے ؛ امبروشیا ۔

ambrosial, a. امرتی ؛ امرت سے متعلق ؛ امبروشیا سے معطر کیا یا بھگویا ہوا ؛ لذیذ ؛ خوشبودار ۔

ambrosially, adv. امرتی طریقے سے ؛ امبروشیائی انداز میں ؛ امبروشیائی مہک لیے ہوئے ۔

ambulacrum, n. منقال ؛ پاگزار ۔ (حیاتیات) وہ سوراخ دار جگہیں یا گزریں جن میں سے پنجے باہر نکالے جا سکتے ہیں اور سمندری سیہہ یا خارپشت وغیرہ کے لیے پانی میں چلنا پھرنا ممکن ہوتا ہے ۔

ambulacral, a. منقالی ؛ پاگزار سے متعلق ۔

ambulance, n. ایمبولینس ؛ بیماروں اور زخمیوں کے حسب حال ، ضروریات سے لیس گاڑی ؛ فوج کے ساتھ میدانِ جنگ میں موجود گشتی ہسپتال ؛ منقالہ ۔

ambulance chaser, n. (عوامی) حادثے کے شکار لوگوں کو اپنی چوٹوں کی بنا پر مقدمہ بازی کے لیے اکسانے والا وکیل یا اس کا ایجنٹ ۔

ambulant, a. گشتی ؛ جگہ جگہ گھومنے والا ؛ سیّار ۔

ambulate, v.i. گشت کرنا ؛ چلنا ؛ سفر کرنا ؛ ادھر ادھر گھومنا ۔

ambulatory, n. کسی عمارت میں بنی ہوئی کوئی سایہ دار گزرگاہ ؛ غلام گردش ؛ چھتّا ؛ سایہ دار راہ گزار یا راستہ ۔

ambulatory, a. چلنے پھرنے کی سکت اور صلاحیت والا ؛ چلنے کے لیے بنایا گیا ؛ سیر کے متعلق ؛ جگہ جگہ جانے کا عادی ؛ سکون نا آشنا ؛ گشتی ؛ سیّار ؛ قابلِ حرکت ؛ رواں ؛ خراماں ۔

ambuscade, n. کمین گاہ ؛ گھات ؛ پھندا ؛ جال ؛ گھات لگانے کی جگہ ؛ گھات میں بیٹھی ہوئی جمعیت ۔ (فعل لازم) گھات میں بیٹھنا ۔ (فعل متعدی) کمین گاہ میں (اپنے آپ کو) چھپانا یا وہاں سے حملہ کرنا ۔

ambuscader, n. گھات میں بیٹھنے والا ؛ گھاتی ۔

ambush, v.t. گھات لگانا ؛ فوجی دستوں وغیرہ کو کسی پوشیدہ جگہ متعین کرنا (دشمنوں پر اچانک حملہ کرنے یا حملہ کی خاطر انتظار کرنے کے لیے) ؛ کسی کمین گاہ میں چھپ بیٹھنا ، یوں چھپ کر بیٹھنا جیسے گھات میں ہوں ؛ کمین گاہ سے حملہ کر دینا ؛ بٹ ماری کرنا ۔ (فعل لازم) کمین میں بیٹھنا یا یوں بیٹھنا جیسے کمین میں ہوں ؛ گھات میں ہونا ؛ تاک میں رہنا ۔

ambush, n. گھات ؛ تاک ؛ قطار بندی یا نشست بندی جیسے فوجی دستوں یا دیگر افراد کو کسی پوشیدہ جگہ

اچانک حملہ کر دینے کے لیے گھات میں بٹھانا ؛ جمعیت کی جگہ یا پوزیشن ؛ خود وہ جمعیت ۔

ambusher, n. گھات مار ؛ گھاتی ۔

ambushment, n. کمین نشینی ؛ گھات میں بیٹھنے کا عمل یا مقام ؛ گھات ۔

ameba, n. دیکھیے : amoeba ۔

ameliorate, v.t. بہتر بنانا ؛ بہتر کرنا ؛ افاقہ لانا ؛ سدھارنا ؛ اصلاح کرنا ؛ درست کرنا ؛ سنوارنا ۔ (فعل لازم) بہتر ہو جانا ؛ افاقہ پذیر ہونا ؛ سدھرنا ؛ سنورنا ۔

ameliorable, a. قابل افاقہ ؛ قابل اصلاح ۔

amelioration, n. افاقہ پذیری کا عمل/حالت ؛ افاقہ ؛ بہتری ؛ اصلاح ؛ سدھار ؛ بہبود ۔

ameliorative, a. اصلاحی ؛ رفاہی ؛ افاقہ بخش یا افاقہ بخشی پیدا کرنے کی صلاحیت والا ؛ افاقہ پذیر۔

ameliorator, n. افاقہ بخش ؛ اصلاح کار ؛ مُصلح ۔

amen, adv., interj. آمین ؛ خلوص کے ساتھ ؛ فی الحقیقت (یہ لفظ صدق دلانہ اتفاق رائے کے اظہار کے لیے بالخصوص بولا جاتا ہے یا دعا کے بعد اختتامی لفظ کے طور پر)؛قبول فرما!خدا کرے ایسا ہی ہو۔ (اسم) آمین گوئی ؛ اتفاق رائے کا اظہار ؛ کوئی اختتامی لفظ یا عمل ۔

amenability, n. جواب دہ ہونے کی حالت ؛ اطاعت شعاری ۔

amenable, a. جواب دہی کا مستوجب ؛ ذمّہ دار ؛ مان جانے یا تسلیم کر لینے پر آمادہ (نصیحت وغیرہ)؛سرخم کر دینے والا ؛ اطاعت شعار ؛ رضا جُو ۔

amenableness, n. اطاعت شعاری ؛ رضا جوئی ۔

amenably, adv. رضا جویانہ ؛ اطاعت شعاری سے ۔

amend, v.t. بہتر بنانا یا بہتر صورت میں تبدیل کرنا ؛ بدل دینا (کسی بل ، آئین یا تحریک وغیرہ کو)؛ رسمی کارروائی کے ذریعے ٹھیک کرنا ؛ سدھارنا ؛ اصلاح کرنا ؛ کسی حکم یا منصوبے وغیرہ کو بدلنا یا اس میں ترمیم کرنا ۔ (فعل لازم) ذاتی اصلاح یا طور طریقوں اور اخلاقیات میں کی گئی غلطیوں کو دور کرنے کے ذریعے بہتر بننا یا ہونا ۔

amendable, a. قابلِ اصلاح یا درستی ۔

amender, n. اصلاح کرنے والا ؛ ترمیم کرنے والا ؛ ترمیم کار ۔

amendatory, a. اصلاح کر سکنے کے قابل ؛ اصلاحی ؛ ترمیمی ۔

amendment, n. ترمیم ؛ ترمیم کا عمل ؛ کسی طریقے سے بہتری کے لیے تبدیلی ؛ سُدھار ؛ درستی ؛ بہتر ہو جانے کا عمل ؛ بہتر ہو جانے کی حالت ؛ کسی قانون ساز بل میں ترمیم یا اجلاس سے پہلے کسی زیربحث تحریک کے نکات میں تبدیلی ۔ (بڑے A سے) آئین میں کیا گیا کوئی اضافہ ۔

amends, n. (حالت جمع) عوضانہ ؛ کسی نقصان یا چوٹ وغیرہ کے لیے کی گئی تلافی ؛ معاوضہ ؛ تسلی ؛ مساوی ؛ تاوان ؛ مکافات ؛ ہرجانہ ؛ بدلہ ۔

amenity, n. خوشگواری ؛ خوشگوار یا گوارا ہونے کی خوبی (موقع محل ، مستقبل ، آب و ہوا وغیرہ کے حوالے سے یا مزاج ، افتاد یا اطوار کے حوالے سے) ؛ آسایش ؛ ملائمت ؛ نرمی ؛ لطافت ۔

amenities, n. قبول خاطر خدوخال ، حالات ، طریقے وغیرہ ؛ مدنی سہولتیں ؛ سہولیات ۔

amenorrhea, n. (طب) احتباس الطمث ؛ حیض کا غیر طبعی یا فاسدانہ احتباس ۔

amentia, n. دماغی کمزوری ؛ ابلہی ؛ سٹھیاپا ؛ دماغی صلاحیت کی کمی ؛ بھولا پن ۔

amerce, v.t. مالی جرمانے کی صورت میں سزا دینا ، (رقم کا تعین عدالت کرتی ہے) لہٰذا کسی قسم کے ڈنڈ کی صورت میں سزا دینا ؛ جرمانہ کرنا ۔

amerceable, a. قابل جُرمانہ ۔

amercement, n. جرمانہ کرنے کا عمل ؛ عدالت کی جانب سے کسی خطاکار پر عائد کیا گیا جرمانہ ؛ ڈنڈ ۔

amercer, n. جرمانہ کرنے والا ۔

American, a. امریکی ؛ امریکا کے کسی ایک براعظم کا یا اس سے متعلق ؛ عموماً ریاستہائے متحدہ کا یا اس سے متعلق مراد لیا جاتا ہے ؛ نیز نام نہاد سرخ نسل جس کی جلد سرخی مائل یا بھورے سے رنگ کی ، آنکھیں کالی ، بال سیاہ اور کلّے کی ہڈیاں نمایاں بشمول شمالی اور جنوبی امریکا (کبھی کبھی اسکیموؤں کو الگ رکھتے ہوئے) کے اصلی باشندے جن کو امریکی انڈین کہا جاتا ہے ۔

American, n. امریکی ؛ امریکا کا باشندہ یا باسی ؛ اصلاً قدیم امریکی نسل (انڈین) کا رکن ؛ بعداً وہ شخص جو امریکا میں پیدا ہوا یا وہاں رہایش پذیر ہو گیا ، خصوصاً ریاستہائے متحدہ کا شہری ۔

Americana, n. امریکانا-(بصورت جمع) امریکا سے متعلق کتابیں ، اخبارات وغیرہ خصوصاً اس کی تاریخ اور اس کے جغرافیہ کے متعلق ؛ امریکی ۔

American eagle, n. امریکی عقاب ؛ گنجا عقاب۔ دیکھیے: eagle ۔

American English, n. امریکی انگریزی ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا میں بولی اور لکھی پڑھی جانے والی انگریزی جو برطانوی ، آسٹریلوی اور کینیڈا کی انگریزی سے قدرے مختلف ہے ۔

American Indian, n. امریکی انڈین ؛ شمالی اور جنوبی امریکا میں بسنے والی قدیمی اقوام میں سے کوئی ایک (ماسوا اسکیموؤں کے) ۔

Americanism, n. امریکیت ؛ امریکا پرستی ؛ امریکی بہی خواہی ، قومیت یا شہریت ؛ امریکی روش اور رواج ؛ وہ لفظ یا محاورہ جو امریکا میں وضع ہوا یا وہاں سے مروّج ہوا ؛ ریاستہائے متحدہ کی روایات ، حکمت عملیوں اور سیاست سے وفاداری ۔

Americanist, n. ماہر امریکیات ؛ امریکن انڈین کی رسومات اور زبانوں کے مطالعہ میں امتیاز حاصل کرنے والا ؛ امریکی جغرافیہ ، تاریخ وغیرہ کا تفصیل سے مطالعہ کرنے والا ؛ امریکی پالیسی کا حامی؛ امریکا پرست ۔

American ivy, n. امریکی لبلاب ؛ ایک ورجینی بیل ۔

Americanize, v.t. vi. امریکی بن جانا یا بنانا ؛ امریکی چلن یا طور طریقے کا پابند کرنا یا ہونا ۔

Americanization, n. امریکی بنانے کا عمل؛ امریکانا ۔

American plan, n. امریکی طریقہ ؛ ہوٹل چلانے کا وہ

طریقہ جس میں ایک مقررہ یومیہ رقم میں کھانا اور رہایش شامل ہوتے ہیں ۔ بمقابلہ European plan ۔

American sable, n. امریکی سمور ؛ امریکی سابل ؛ امریکی صنوبری مِرگ یا اس کی سمور ۔

American Standard Version, n. امریکی معیاری نسخہ ؛ امریکی بائیبل ؛ شاہ جیمز کے مستند ترجمے کا نظرثانی کر کے ۱۹۰۱ء میں شائع کردہ انجیل کا نسخہ ۔

americium, n: امریشیم ؛ ایک تابکار عنصر جو ہیلیم کے شدید توانا آئیون پر یورانیم اور پلوٹونیم پاشی کرنے سے پیدا ہوتا ہے ۔

Amer-ind, n. اَمرنڈ ؛ امریکن انڈین یا اسکیمو ؛ امریکن انڈین کی مادری زبانوں میں سے کوئی ایک ۔

ametabolic, a. کایا نا بدل ۔ (حیوانیات) جس کی قلبِ ماہیت بہت کم یا بالکل نہ ہوئی ہو ؛ عدم مقلب ۔

amethyst, n. مرطیس ؛ یاقوت ارغوانی ؛ بنفشی نیلا یا ارغوانی قسم کا پتھر جسے جڑاؤ زیورات میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

amethystine, a. مرطیسی ؛ یاقوتِ ارغوانی سے متعلق ، اس کا بنا ہوا یا اس کے مشابہ ۔

ametropia, n. نقص البصر ۔ (امراضیات) آنکھوں کی ایک بیماری جس کا تعلق انعطاف ضیا سے ہے (جیسے ضعف بصر میں) ؛ تیرہ نگاہی ؛ فطُور ۔

amharic, a. امہاری ؛ ایتھوپیا کی سامی النسل سرکاری و درباری زبان ۔ (اسم) ایتھوپیا کی سرکاری زبان : امہاری ۔

ami, n. دوست ۔ (عوامی) (یورپی برّاعظم میں) امریکی کو کہتے ہیں ۔

amiable, a. قبولِ خاطر اوصاف کا مالک ؛ محبت بھری اور کشش والی طبیعت والا ؛ خوش آئند ؛ ملنسار ؛ ہر دلعزیز ؛ نیک طبع ۔

amiability, amiableness, n. پیارا اور خوش آئند ہونے کا وصف ؛ شیریں مزاجی ؛ ہر دلعزیزی ؛ ملنساری ؛ نیک طبعی ۔

amiably, adv. کشش بھرے ، ملنسار یا تعاون کرنے والے انداز کے ساتھ ؛ خوش مزاجی سے ۔

amianthus, n. بَن کپاسی ؛ پنبۂ کوہی ؛ لچکدار اسبسٹوس (زمینی یا پہاڑی) سن ؛ ایک آتش ناگیر معدن جو بہت سے نازک فلامنٹ سے مرکب اور طویل ریشم کے ریشوں کی مانند لچکدار ہوتا ہے ۔

amicable, a. دوستی کا مظاہرہ کرنے والا ؛ اس خصوصیت کو لیے ہوئے ؛ صلح پسندی یا ہم آہنگی رکھتا ہوا دوستدار ؛ صلح جُو ؛ مجلسی یا باہمی معاملات میں خوش آہنگ ۔

amicability, amicableness, n. صلح جوئی ، یار باشی ؛ معاملت پذیری ۔

amicably, دوستانہ انداز میں ؛ صلح پسندی کے ساتھ ؛ صلح صفائی سے ؛ خوش اسلوبی کے ساتھ ۔

amice, n. عصابہ ؛ ایک بیضوی سا عمدہ لنن کا ٹکڑا جس پر کشیدہ کاری کی گئی ہو ، یہ شانوں سے ڈھلکا ہوتا ہے (بے آستین قبا کی طرح) ، پادری اسے گاہ گاہ عشائے ربّانی کی تقریب میں چوغے کے نیچے پہنتے ہیں ۔

amicus curiae, n. (قانون) عدالت دوست ؛ عدالت کے ساتھ کسی قانونی معاملے میں رضاکارانہ یا کہنے پر تعاون کرنے والا ۔

amid, amidst, prep. درمیان ؛ بیچ میں؛ گھرا ہوا ؛ دائرے میں آیا ہوا ؛ سے ملا ہوا ؛ میں ؛ دوران ۔

amide, n. ایمائیڈ ؛ کوئی کیمیائی مرکب جسے ایمونیا سے یوں حاصل کرتے ہیں کہ ہائیڈروجنی ایٹموں کی جگہ تیزابی یا اکائیل گروپ شامل کر لیے جاتے ہیں ۔

amidol, n. ایمیڈال ۔ (کیمیا) ایک نمک جسے ایک قسم کی فینائل سے حاصل کرتے ہیں اور اسے زیادہ تر فوٹو گرافی میں عکس اُجاگر کے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔

amidships, amidship, adv. (جہاز رانی) وسطِ جہاز ؛ کسی جہاز یا طیارے کے درمیان یا بیچ کی جانب یا جہاز کے اگلے سرے سے پچھلے سرے تک کے درمیان کا حصّہ ۔ (صفت) وسطی خط میں؛ طولاً (بحری یا ہوائی جہاز) ۔

amigo, n. (ہسپانوی) دوست ؛ یار ۔

amine, n. (کیمیا) ایمائن ؛ ایمونیا کے ان ماخوذ مرکبات میں سے کوئی جن میں ہائیڈروجنی ایٹم کو ایک یا دو نامیاتی ہائیڈرو کاربن سے بدل دیا جاتا ہے ۔

aminic, a. ایمائنی ؛ NH2 گروپ کی موجودگی کو ظاہر کرتا ہوا ۔

amino, a. (کیمیا) ایمائینو ؛ یک گرفتہ گروپ NH2 کی موجودگی یا اس سے تعلق کا مظہر؛ ایمائن کی موجودگی کا مظہر ۔

amino acid, n. (کیمیا) ایمائینو تیزاب ؛ ایک نامیاتی مرکب جس میں NH2 کا ایمائنو ایسڈ اور کم سے کم ایک کارباکسائل گروپ موجود ہوتا ہے اور یہی تیزاب پروٹین کے بنیادی اجزا ہوتے ہیں ۔

amino-benzoic acid, n. (کیمیا) ایمائینو بنزوئک ایسڈ ؛ بنزوئک ایسڈ کے تینوں قلمی ہم ترکیبوں میں سے کوئی ایک ؛ وٹامن بی کمپلیکس کو نمو دینے والا عامل یہی ہے ۔

amino-nitrogen, n. ایمائینو نائیٹروجن ؛ (کیمیا) ایمائینو جزو NH_2 میں موجود نائیٹروجن ۔

amino-pyrine, amido-pyrine, n. (ادویہ سازی) ایمائینو پائیرین ؛ بُخار سے تحفظ اور درد میں افاقہ کے لیے ایک دوا جو سفید قلمی شکل میں ہوتی ہے ۔

amir, n. امیر ؛ مسلم ممالک کا حکمران یا کمانڈار؛ سردار؛ ترکی عُمّال کے لیے بھی آتا ہے ۔

Amish, a.,n. جیکب امّان (امن یاامین) سے متعلق جو سترھویں صدی عیسوی کے سوئٹزر لینڈ کے مینو نائیٹ فرقے کا پیرو تھا ؛ جیکب امان کا پیروکار یا ان کا فرقہ ۔

amiss, adv. غلط انداز سے ؛ نا مناسب طریقے سے بھٹک کر؛ بُرے طور سے ؛ خلل انداز ہو کر ۔ (صفت) قصور وار ؛ غلط ؛ نامناسب ؛ بے موقع ؛ بے محل ؛ ناموافق ۔

amitosis, n. (حیاتیات) غیر خیطی تقسیم ؛ خلیوں کی تقسیم کا براہ راست طریقہ : اس میں مرکزہ (نیو کلیئس) کروموسومز یا لونیے بنائے بغیر سیدھا سادا دو نیم ہو جاتا ہے ۔ دیکھیے: بمقابلہ mitosis ؛ بے خیطیت ۔

amitotic, a. غیر خیطی تقسیم سے متعلق یا اس کا اندازہ لیے ہوئے ۔

amity, n. دوستی ؛ ہم آہنگی ؛ خوش معاملگی (خصوصاً اقوام کے مابین) ؛ صلح وآشتی ؛ افہام و تفہیم ۔

ammeter, n. ایمپئر پیما ؛ ایک آلہ جس سے برقی رو کو اکائیوں میں ناپا جاتا ہے ۔

ammine, n. (کیمیا) امائن ؛ ایک مرکب جس میں ایمونیائی سالمے دھاتی آئیون کے ساتھ ہم ترکیبی سے منسلک ہوتے ہیں؛ ایک امائینو مرکب ۔

ammino, a. (کیمیا) امائینو؛ امائن کا حامل یا اس سے متعلق ۔

ammo, n. ایمونیشن کا مخفف ؛ گولہ بارود وغیرہ ۔

ammonia, n. ایمونیا؛ اُڑ جانے والی القلی ؛ ایک بے رنگ ناگوار بو والی ، دم گھونٹ گیس ؛ نائٹروجن اور ہائیڈروجن کا ایک مرکب ، پانی میں حل پذیر اور یوں ایمونیا واٹر یا ''ایکوا ایمونیا'' بنتا ہے ۔ اسی لیے ایمونیا سے عام لوگ ایمونیا واٹر ہی مراد لیتے ہیں ۔

ammonic, a. ایمونیا سے متعلق ؛ ایمونیائی ۔

ammoniac, n. ایک چھتر دار پودے کلخ فارسی (Dorema) کا رس (گوند)، جس کی بُو بہت گندی ہوتی ہے اور اسے (تشنّج وغیرہ کا) دَورہ روکنے کے لیے استعمال کرتے ہیں بلکہ اخراجِ بلغم اور پلستر کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے ۔

ammoniacal, a. ایمونیائی؛ ایمونیا صفت ۔

ammoniate, v.t. ایمونیا آمیزی کرنا ؛ ایمونیے میں ملانا یا اس سے بھر دینا ۔ (اسم) اُن مرکبات میں سے کوئی ایک جن میں ایمونیا شامل ہے ؛ ایمونیا آمیز ۔

ammonify, v.t. ایمونیا زدہ کرنا ؛ ایمونیانا ؛ ایمونیے سے ملا دینا یا اسے بھر دینا ؛ ایمو نیا بنانا یا اس کے مرکبات بنانا ۔ (فعل لازم) ایمونیایا جانا ؛ ایمونیائی ہوئی صورت پیدا کرنا ؛ ایمونیا زدہ ہونا ۔

ammonification, n. ایمونیا زدگی ؛ ایمونیے کے ساتھ ملنے یا اس سے بھر جانے کا عمل ؛ اس عمل پیرائی کا نتیجہ ۔

ammonium, n. (کیمیا) ایمونیم ؛ ایک جزو مستقل NH_4 جو ایمونیم نمکیات میں اُس وقت ایک دھات کا کردار ادا کرتا ہے جب امونیا تیزاب کے ساتھ ترکیب پاتا ہے ۔

ammonium chloride, sal-ammoniac, n. (کیمیا ،ادویہ سازی) نوشادر؛ ایک سفید نمک جو صعود کر جانے والے قلمی سفوف کی شکل میں ہوتا ہے ۔ بیشتر (بیٹری کے) خشک سیلوں میں استعمال کیا جاتا ہے اور بلغم کے اخراج کے لیے بھی ؛ ایمونیم کلورائیڈ ۔

ammonium hydroxide, n. ایمونیم ہائیڈرو آکسائیڈ ۔ (کیمیا) ایک آب آمیختہ اساس جو صرف ایمونیا گیس اور پانی سے بنے ہوئے محلول میں ہوتا ہے ۔ یہ گھریلو صفائی کے کام میں بھی استعمال ہوتا ہے اور سونگھانے والے نمکوں میں بھی ۔

ammonium nitrate, n. (کیمیا) ایمونیم نائیٹریٹ ؛ پانی میں حل پذیر نمک ، قلمی سفوف کی صورت میں پایا جاتا ہے، کھاد اور دھماکہ خیز مادے بنانے کے کام آتا ہے ۔

ammonium sulfate, n. ایمونیم سلفیٹ ؛ پانی میں حل پذیر نمک ، قلمی ٹھوس صورت میں پایا جاتا ہے اور کھاد کا کام دیتا ہے ۔

ammunition, n. گولہ بارود ؛ اسلحہ ؛ سامان جنگ ؛ عام طور پر بعض اشیا اور سامان کا مجموعہ جن کو شکار کے لیے یا حقیقی دشمن کو نقصان پہنچانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ کارتوس ، توپ گولے وغیرہ (بموں ، بارودی سُرنگوں ، دستی بموں وغیرہ کو چھوڑ کر) ۔

amnesia, n. (امراضیات) نسیان ؛ یادداشت کا جزوی یا کُلی طور پر زائل ہو جانا ۔

amnesic, amnestic, a. نسیانی ؛ جس کی یادداشت جاتی رہی ہو ۔

amnesty, n. عفوِ عام ؛ درگزر ؛ معافی ، معاف کر دینے کا عمل ؛ کسی کے قصور کو بھول جانا ؛ حکومت کے خلاف رعایا کی جانب سے کی گئی زیادتیوں کے سلسلے میں عفو عام کا اعلان ؛ عام معافی ؛ جان بخشی ۔ (فعل متعدی) عفو عام کا اعلان کرنا ؛ معاف کر دینا ؛ عام معافی دینا ۔

amniocentesis, n. بزل غلاف جنین ؛ تجزیے کی غرض سے حاملہ کے رحم سے جنینی مائع نکالنے کا عمل تاکہ جنین کی صنف متعین کی جا سکے یا اُس کے کسی ممکنہ نقص کی تشخیص ہو سکے ۔

amnion, n. غلافِ جنین ؛ شیرداروں یا میمل (دودھ پلانے والوں)، پرندوں یا خزندوں ، (رینگنے والوں) کے جنین کے گرد لپٹی ہوئی جھلّی ؛ اسی قسم کی جھلّی جو مختلف قسم کے غیر فقری جانوروں کے جنین کو لپیٹے ہوتی ہے ۔

amoeba, ameba, n. امیبا ؛ بدلُو ۔ (حیاتیات) پروٹوزوا (نخز حوینی) جنس کا ایک رکن ؛ یک خلیائی نیم لعابی جانور جو کاذب پاؤں کے ذریعے حرکت کرتا اور غذا کھاتا ہے ۔

amoebic, a. امیبائی ؛ امیبا سے متعلق یا اس سے مشابہ ، امیبا کی موجودگی کے باعث یا اس کی موجودگی کی تاثیر سے (جیسے بعض امراض) ۔

amoebicide, n. امیبا کُش ؛ جراثیم کُش (دوا)؛ امیبا مار دوا یا عامل ۔

amoebiform, a. امیبانا ؛ امیبا جیسا ؛ امیبا کی طرح صورت بدل ۔

amoebic/amebic dysentry, n. (طب) امیبائی پیچش ؛ انتڑیوں کی پیچش ؛ پیچش کی ایک قسم جس میں انتڑیاں امیبا کے باعث زخم خوردہ ہو جاتی ہیں ۔

amoeboid, ameboid, a. امیبا رُوپی ؛ امیبا سے متعلق یا مشابہ ۔

amok, n., a., adv. دیکھیے: amuck ۔

amole, n. امول ؛ صابن ؛

ان مختلف پودوں میں سے کسی ایک کی جڑ ، جو میکسیکو کی ایلوا (Agave) نوع سے تعلق رکھتے ہیں اور جن کی جڑ صابن کے طور پر استعمال ہوتی ہے ؛ اس طرح مستعمل کوئی پودا ۔

among, amongst, prep. درمیان ؛ کسی کے ساتھ ملا دیا گیا یا ملا ہوا (عدد وغیرہ)؛بیچ میں ؛ وسط میں ؛ گروہ میں ؛ کے عدد میں یا کے اندر ؛ کے متحدہ اقدام کے ساتھ ؛ من جُملہ ؛ شرکت سے ؛ مقابلہ میں ؛ باہم دیگر ؛آپس میں ۔

amontillado, n. [ہسپانیہ کے شہر مونٹیلا سے متعلق] شیری کی قسم کی خشک ہسپانوی شراب جس کا رنگ ہلکا اور ذائقہ میٹھا ہوتا ہے ۔

amoral, a. لا اخلاقی ؛ غیر اخلاقی ؛ خیرو شر سے بے تعلق ؛ اخلاقی ذمہ داریوں سے بے نیاز یا عاری ؛ اخلاقی امتیازات سے آزاد ۔

amoretto, amorino, n. کیوپڈ ؛ عشق کا دیوتا ؛ کام دیو ۔

amorist, n. عاشق مزاج ؛ عشق یا عشق بازی میں لگا رہنے والا ۔

amoristic, a. عاشق مزاجی سے متعلق ؛ عاشقانہ ؛ عشقیہ ۔

amorous, a. عشق باز ؛ عاشق مزاج ؛ جنس مخالف کے افراد سے محبت پر مائل ؛ محبت کرنے یا جنسی تلذّذ کا رجحان دار ؛ پیار کرنے والا ؛ شائق ؛ رنگیلا ؛ مشتاق ؛ محبت سے متعلق ؛ شیدائی ؛ فریفتہ ؛ حاصلِ محبت ؛ مظہرِ محبت ؛ گرویدہ (بعد میں of لگاتے ہیں) ۔

amorously, adv. گرویدگی وغیرہ کے عالم میں ؛ مشتاقانہ ؛ پیار کے ساتھ ؛ عاشقانہ ؛ عشقیہ ۔

amorousness, n. تماش بینی ؛ عشق بازی؛ عاشق مزاجی ؛ گرویدگی وغیرہ ۔

amorphism, n. بے صورتی کسی مخصوص شکل یا واضح ڈھانچے کا نہ ہونا ؛ بے ڈولی ؛ بے روپی ؛ بے شکلا پن ۔

amorphous, a. بے شکلا ؛ کوئی واضح صورت نہ لیے ہوئے ؛ بے قاعدہ سی شکل کا ؛ معدنی قلمیں جس قسم کی باقاعدہ شکلیں لیے ہوتی ہیں اُن سے عاری ؛ کوئی واضح صورت اختیار نہ کیے ہوئے ؛ بے صورت ؛ بے ہیئت ؛ غیر واضح ؛ غیر منظم ؛ بے کردار ؛ بے ڈول ؛ غیر متشکل ۔

amortize, v.t. بے باق کرنا (گروی،رہن وغیرہ) ؛ سرمایہ بے باقی میں باقاعدہ ادائیگی کے ذریعے قرض چُکانا ؛ جائیداد کا کسی جماعت کے نام وقف کرنا ۔

amortization, n. بے باقی ؛ چکائی (محولہ بالا معنوں میں) ۔

amount, v.i. تفصیلات یا بُھٹکل کو اکٹھا کرکے میزان لگانا ؛ میزان کُل میں آ جانا ؛ میں منتج ہونا ؛ مرادف یا مساوی ہونا (بعد میں to آتا ہے)۔(اسم) دو مخصوص رقموں یا مقداروں کا حاصل جمع ؛ جوڑ ؛ شمار ؛ مبلغ ؛ میزانِ کُل ؛ نتیجہ ؛ حاصل ؛ رقم (اصل جمع سُودِ مکسوب) ۔

amour, n. عشقیہ ساز باز یا سانٹھ گانٹھ ؛ معاملہ یا چکر (عموماً ناجائز) ؛ عاشقی کا کوئی معاملہ ؛ آشنائی ؛ ناجائز (تعلق) ؛ معاشقہ ؛ حسن پرستی کا معاملہ ۔

ampelopsis, n. تاک نُما ؛ ورجینی بیل ؛ کوئی پودا (اسی نام و جنس کا) بشمول جنگلی بیلوں یا جھاڑیوں کے (جیسے مرچ بیل) ؛ نیز اسی قبیل کے اور پودے جیسے جاپانی عشق پیچاں یا ورجینی بیل ۔

amperage, n. امپیریج ؛ ایمپئروں کی صورت میں ناپی گئی برقی رو کی طاقت ۔

ampere, n. (برق) ایمپیئر؛ برقی رو کی طاقت کی اکائی ؛ ایک وولٹ کی برقی حرکت سے پیدا شدہ برقی رو جو ایک اوہم کی مزاحمت کے ذریعے کام کرتی ہے (فرانسیسی ماہر طبیعیات اے ایم ایمپیئر ۱۷۷۵ ۔ ۱۸۳۶ کے نام سے یہ اصطلاح منسوب ہے) ۔

ampere hour, n. ایمپیئر ساعت (برق) ۔ ایک گھنٹے میں ایک ایمپیئر کی رُو سے منتقل کی گئی بجلی کی مقدار جو ۳۶۰۰ کولوم ہوتی ہے ، اسے ایک یونٹ گنا جاتا ہے ۔ دیکھیے coulomb ۔

ampere turn, n. ایمپئیر چکر ؛ ایصالی کائل ، (لچھے) کا ایک پورا چکر یا لپیٹ جس میں سے ایک ایمپیئر رو گزرتی ہے ؛ وہ مقناطیس زاد قوت جو کسی کائل کے پورے چکر یا لپیٹ میں سے ایک ایمپیئر کے گزرنے سے پیدا ہوتی ہے ۔

ampersand, n. لفظ and کے لیے مخصوص نشان & ۔

amphetamine, n. ایک مرکب جسے زکام ، کاہی بخار،پژمردگی اور موٹاپے کی بعض صورتوں میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

amphibia, n. جل تھلیے ؛ بر بحریے ؛ سرد خون رکھنے اور ریڑھ کی ہڈی والے (فقرئی) حیوان جو خشکی وتری د ونوں جگہوں پر رہتے ہیں ۔ (بڑے A سے) فقرئیوں کی قبیل (بشمول مینڈک ، آبی چھپکلی ، سالامندر) جن کے لاروی شکل میں گل پھڑے ہوتے ہیں جو بڑے ہونے پر تنفسی پھیپھڑوں کا رُوپ دھار لیتے ہیں ۔

amphibian, a. جل تھلیائی / بر بحری ؛ جل تھلیوں میں سے ؛ اس نسل سے تعلق رکھنے والا ۔ (اسم) جل تھلیا / بربحریہ (پودا یا جانور)؛آبی طیارہ ۔

amphibiotic, a. جل تھلیائی حیوی ؛ بربحری حیوی ؛ لاروی حالت میں پانی کے اندر رہنے والوں کی زندگی کے بارے میں یا اُن کے متعلق ۔

amphibious, a. جل تھلی ؛ بربحری ؛ جل تھل میں رہنے کی صلاحیت والا ؛ بروبحر پر کام دے سکنے والا ۔ (عسکری) بری اور بحری عساکر کے باہمی تعاون سے؛ جارحانہ کسی ساحل پر جا اترنا ۔

amphibole, n. مبہمہ ؛ امفی بول ؛ ایک مختلف اجزائے ترکیبی کی معدنی سلیکیٹ جس میں عموماً کیلسیم کا سلیکیٹ ، میگنیشیم اور ایک یا ایک سے زیادہ دوسری دھاتیں شامل ہوتی ہیں اور جن کی مختلف قسمیں بشمول ٹریمو لائٹ ، عام ہارن بلینڈ وغیرہ ہوتی ہیں؛ ایسبیسٹوس کا ایک ماخذ ۔

amphibolic, a. مشکوک ؛ مبہم ؛ ذو معنی ؛ ملتبس ۔

amphibolite, n. امفی بولائیٹ ؛ ایک متغیرہ چٹان جو زیادہ تر امفیبول یا ہارن بلینڈ سے مرکب ہوتی ہے ۔

amphibology, n. ذو معنویت ؛ ابہام ؛ التباس ؛ کوئی ترکیب یا بات جس کی ایک سے زیادہ تاویلیں ممکن ہوں ، لہٰذا کوئی غیر یقینی مفہوم والا فقرہ ؛ نحوی ساخت سے پیدا ہونے والا ابہام ؛ ابہام گوئی ؛ ایہام گوئی ؛ پہلو دار بات ۔

amphibological, a. ابہام گوئی سے متعلق یا اس کے بارے میں ؛ غیر واضح معنی لیے ہوئے ؛ ابہامی ؛ ایہامی ؛ پہلو دار ۔

amphibolous, a. مفہوم کے لحاظ سے مبہم ؛ اشتباہی ؛ ابہام لیے ہوئے ؛ ذو معنوی ۔

amphiboly, n. مبہم کردار یا گفتار ؛ ابہام ؛ ایہام ؛ ایہام داری ۔

amphibrach, n. (عروض) وزن کا وہ تین ہجائی رکن جس کا وسطی رکن طویل ہوتا ہے جب کہ پہلا اور آخری مختصر ہوتا ہے یا وسطی رکن پر تاکید ہوتی ہے جب کہ پہلے اور آخری پر تاکید نہیں ہوتی ۔

amphicarpous, a. (نباتیات) دو ثمری ؛ دو پھلا ؛ دو قسم کے پھل دینے والا جس کے پھلوں کی شکل مختلف ہوتی ہے اور اُن کے پکنے کا وقت بھی مختلف ہوتا ہے ۔

amphidiploid, a. (حیاتیات) دہرا جفتہ ؛ جفت لونیوں کے دو سیٹ رکھنے والا : ایسے بین نوعی دوغلے کے ہر سیٹ کا رشتہ اس کے ہر مورث سے ہوتا ہے ۔ (اسم) کوئی بین نوعی دوغلا ، جس میں لونیوں کے دو جفت سیٹ ہوتے ہیں ۔

amphigory, n. مہمل ؛ بے معنی بک بک ؛ لغو پیروڈی ؛ مفہوم سے خالی کوئی تصنیف ۔

amphigoric, a. مہمل انداز کی ۔

amphimacer, n. (عروض) ایک تین رُکنی بحر موزوں جس میں وسطی رکن چھوٹا ہوتا ہے اور باقی دونوں طویل ۔

amphimictic, a. (حیاتیات) باہمی انفصالی صلاحیت رکھنے والا تاکہ بارور بچے پیدا کر سکے ۔

amphimixis, n. (حیاتیات) دوگمٹی ملاپ ؛ تولید جنسی میں جرمی خلیوں کی یک جائی یا ملاپ ۔ (جینیات) دو طرفی توارث ؛ بنیادی اعضا سے جینیاتی اطلاعات کا باہم مل جانا ۔ (نفسیات) تناسلی اور مقعدی شہوانیت کا ملاپ ؛ مخالطت ۔

amphipod, n. دو کارپایہ ؛ تازہ یا نمکین پانیوں کے چھوٹے خولدار جانوروں میں سے کوئی جس میں ریتلا پسو بھی شامل ہے ، اس کی ٹانگوں کے دو ٹکڑے ہوتے ہیں : ایک پُھدکنے کے لیے اور ایک تیرنے کے لیے ۔

amphiprostyle, a. (فنِ تعمیر) مندر کی طرح سامنے اور پیچھے کی جانب ستون والے برآمدے ؛ دو طرفہ ستونی دالان ۔ (اسم) اس طرز تعمیر کی کوئی عمارت ۔

amphistylar, a. (فنِ تعمیر) دو دالان والی ؛ ایسی عمارت (خصوصاً مندر) جس کے دونوں جانب یا دونوں سروں پر ستون ہوں ۔

amphitheater, n. بیضوی اکھاڑا ؛ مدرج کمرہ ؛ بیضوی شکل کی عمارت جس کے مرکزی حصے میں یوں نشستوں کی صف بندی کی گئی ہو کہ مرکز سے دور ہونے کے ساتھ وہ اونچی ہوتی جائیں ، ان پر بیٹھ کر لوگ کھیل ، مظاہرۂ فن یا کوئی تماشا دیکھتے ہیں ؛ اسی طرح ترتیب دیا گیا کوئی کمرہ جس میں ڈاکٹری کے طلبہ جراحی عمل دیکھ سکتے ہیں ؛ کوئی وسیع سماعت گاہ ؛ اکھاڑا ؛ پہاڑوں میں گھری ہوئی کوئی قدرتی کھوکھلی جگہ جو اس قسم کے تھیڑ سے مشابہ ہو ۔

amphitheatric, amphitheatrical, a. بیضوی اکھاڑے یا اس تھیٹر کے متعلق یا اس سے مشابہ ؛ وُہ جس کا اس تھیٹر میں مظاہرہ کیا گیا ہو ۔

amphitropous, a. (نباتیات) دورُخا ؛ تخمک سے متعلق جس کو یوں الٹ دیا گیا ہو کہ اس کا طنابی الحاقیہ ایک پہلو کے وسط میں ہو جائے ۔

amphora, n. دَلو ؛ دو دستہ صراحی ؛ یونانیوں اور رومیوں کا ایک لمبا اور تنگ ظرف جس کے دو دستے یا کان اور پتلی گردن ہوتی تھی اور جو شراب ، تیل ، شہد اور اس قسم کی دوسری چیزیں رکھنے کے لیے استعمال ہوتا تھا ۔

amphoteric, a. (کیمیا) دو عملہ ؛ دو تعاملہ ؛ تیزاب یا اساس کے طور پر عمل یا ردِّ عمل پیدا کرنے کے قابل ؛ ان دونوں یعنی تیزاب اور اساس کی خصوصیات کا اظہار کرنے والا ۔

ample, a. فراخ ؛ کُھلا ؛ وسیع پہنائی والا ؛ بڑے سائز والا ؛ گنجایش والا ؛ وسیع و عریض ؛ لمبا چوڑا ؛ کشادہ ؛ بڑھا لیا گیا جیسے ample room ؛ مطلوبہ مقصد کے لیے ہر طرح کافی ؛ وافر ؛ بہت زیادہ ؛ کثیر ، بہتات کے ساتھ (ample justice, an ample supply) ۔

ampleness, n. فراخی ؛ کثرت ؛ بہتات ؛ بہت ہونے کی حالت ؛ وسعت ؛ فراوانی ؛ وفور ۔

amplidyne, n. بلا واسطہ رو پیدا کرنے والا جنریٹر جس میں گردشی آرمیچر ہوتا ہے اور جس کی اعلیٰ درجے کی مثبت باز افزایش ہوتی ہے ۔ یہ ملحقہ برقی موٹر کے عمل میں قوت افزونی کے ساتھ ، وائینڈنگ کو دی گئی قوت بڑھا کر قوت کی زیادہ مقدار میں پیداوار کو باقاعدہ رکھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

amplification, n. افزوں گری ؛ افزونی ؛ بڑا کرنے کا عمل ؛ توسیع ؛ طویل وضاحت یا مکالمت ؛ بڑھاؤ ؛ پھیلاؤ ؛ مبالغہ ؛ طوالت ؛ افزایش ؛ فراخی ۔

amplificatory, a. افزوں گری کا حامل ؛ بڑا کرنے ، توسیع یا طول دینے کا کام دیتے ہوئے (جیسے کوئی داستان) یا اس کا رجحان لیے ہوئے ؛ مبالغے کا حامل ۔

amplifier, n. افزائندہ ؛افزوں گر؛ واسع ؛ وہ جو بڑھاتا ہے یا توسیع دیتا ہے ۔ (برقیات) وہ آلہ جس کے ذریعے برقی لہروں یا ہیجانوں کی طاقت یا توانائی کو زیادہ کیا جاتا ہے ، عموماً اس میں ایک یا ایک سے زیادہ خالی نلیاں یا ٹرانزسٹر شامل ہوتے ہیں ۔

amplify, v.t. افزوں کرنا ؛ وسیع تر ، دراز تر ، زیادہ فراواں وغیرہ کرنا ؛ اضافہ کرنا ؛ زیادہ تفصیل سے بیان کرنا ۔ (فعل لازم) بہت ہو جانا یا بڑھ جانا ؛ افزوں ہو جانا ؛ دلیل یا وضاحت میں طولانی ہو جانا؛ تفصیل سے کام لینا ، (بعد میں عموماً on لگاتے ہیں)۔

amplitude, n. فراواں ہونے کی حالت ؛

حدود کی وسعت ؛ بہتات ؛ سطح یا جگہ کی پہنائی ؛ بڑائی ؛ حیطہ ؛ سعت ؛ پھیلاؤ ؛ فراخی ۔ (فلکیات) ایک افقی قوس جو مشرقی اور مغربی نقطے اور سورج یا ستارے کے طلوع و غروب کے وقت اس کے مرکز کے درمیان قطع کرتی ہو ۔ (طبیعیات) حدِ ارتعاش ۔ (برق) متبادل رو کا اوسط سے بڑھ کر انتہائی انحراف ؛ متبادل رَو کی ایک سمت میں بڑی سے بڑی مقدار ، جسے اہتزاز (ارتعاش) کے دوران میں صفر سے ناپا جاتا ہے ۔

amplitude modulation, n. (برقیات) ریڈیائی ترسیل کا نظام جس میں حامل لہر کی مقدارِ اقصیٰ کو حسبِ ضرورت گھٹایا بڑھایا جاتا ہے (تعدد ارتعاشی کے برعکس) ؛ سعتی کمی بیشی ؛ حِیطی تغیر ؛ نشریاتی جال جو اس نظام سے کام لے رہا ہو ۔

amply, adv. کثرت کے ساتھ ؛ وسیع طور پر ؛ فراوانی سے ؛ بہتات کے ساتھ ؛ بہ افراط ؛ بہ کثرت ؛ بھر پور ۔

ampoule, ampul, ampule, n. بندنلی ؛ ایمپول ؛ بند نلکی ؛ ایک چھوٹا گنٹھی دار کیمیاوی مہر شدہ برتن جس میں زیر جلدی ٹیکے کے لیے محلول رکھا جاتا ہے ۔

ampulla, n. کُپّی ؛ پُھکنا ؛ فراخہ ؛ ایک کسی حد تک گول سی بوتل جسے رومی تیل رکھنے کے لیے استعمال کرتے تھے ؛ ایک برتن جس میں مختلف کلیسائی رسومات اور شاہوں کی تاجپوشی پر استعمال کرنے کے لیے مقدس تیل رکھا جاتا تھا ؛ امپولا ۔ (نباتیات) کھوکھلی صراحی نما پتّا ۔ (تشریح الاعضا) ایک نالی یا نہر کا پھیلا ہوا (کشادہ) حصہ ۔

ampullaceous, a. کُپی کی شکل کا یا اس سے متعلق ؛ کُپی کا ؛ فراخہ دار ؛ فراخی شکل ۔

amputate, v.t. قطع کر دینا ؛ کاٹ دینا (کسی حصۂ بدن کو عملِ جراحی سے) ؛ کاٹ کر جزوی یا کُلی طور پر الگ کر دینا ؛ قلم کر دینا ۔

amputation, n. قطع کاری ؛ بُریدگی ؛ بُرید کاری ؛ انقطاع ؛ قطع عضو ۔

amputee, n. مقطوع ؛ جس کا کوئی حصۂ بدن یا عضو کاٹ دیا گیا ہو یا کٹا ہوا ہو ؛ عضو بریدہ ؛ انگ کٹا ؛ مُبتَّر ۔

amtrac, amtrack, n. (عسکری) ایک بر بحری یا جل تھلی چپٹے پیندے کی زرہ پوش گاڑی جو زمین یا پانی کے دھاوا مارنے کے راستوں پر دونوں طرف پھیلے ہوئے بازوؤں سے چلائی جاتی ہے ۔

amuck, amok, n. قاتلانہ دیوانگی ؛ ایمکہ ؛ عاقبت نا اندیش تندوتیز جارحانہ یورش جسے اس جنونی فساد سے مشابہت دی جا سکتی ہے جو ایشیا کے مشرقی مجمع الجزائر میں دیکھنے میں آئی ، جس میں اذیّت رسیدہ لوگ شوریدگی کے عالم میں ادھر ادھر دوڑتے ہوئے ہر کسی پر حملہ کر دیتے ۔

run amuck, وحشی جنگ جُو کا سا ہو جانا ؛ سر پر خون سوار ہو جانا ؛ دیوانوں کا سا اقدام کرنا ؛ جنونی ہو جانا ؛ پاگل ہو کر لوگوں پر حملہ کرنا ۔

amulet, n. تعویذ ؛ جنتر منتر ؛ کوئی ایسی چیز جسے اس اعتقاد کے ساتھ پہنا یا پاس رکھا جائے کہ وہ بدی اور شر (بیماری یا جادو وغیرہ) کے خلاف حرز یا تعویذ کا کام دے گی ؛ گنڈا ؛ ٹُونا ۔

amuse, v.t. دل پرچانا ؛ دلچسپی کے ساتھ مصروف رکھنا ؛ دلچسپی پیدا کرنا ؛ ہنسانا ؛ تفریح کرانا ؛ دل بہلانا ؛ خوش کرنا (جیسے مزاح کے ساتھ) ؛ بہلانا ؛ خیال بٹانا ۔

amusable, a. بہلنے والا ؛ تفریح پذیر ۔

amusement, n. تفریح طبع ؛ بہلانے کا عمل ؛ بہلائے جانے کی کیفیت یا صورت ؛ چہچہاہٹ کی تھوڑی سی مقدار ؛ خوش باشی کی جانب جھکاؤ ؛ جو شے دل کو بہلاتی ہے ؛ تفریح ؛ شغل ؛ تماشا ؛ سیر ۔

amusement park, n. تفریحی پارک ؛ کوئی پارک (تفریح گاہ) جس کو کاروباری طور پر چلایا جا رہا ہو اور اس میں تفریحِ طبع کی سہولتیں ہوں جیسے چکر جُھولا ، پنگھوڑا ، آسمانی پہیہ ، پھسل بنڈا وغیرہ ۔

amusing, a. تفریحی ؛ پرتفنن ؛ دل خوش کُن ؛ بہلاوٹ لیے ہوئے ؛ دل کو شگفتہ کرنے والا ۔

amusingly, adv. تفنن یا بہلاوے کے طور پر ۔

amusive, a. تفریح مہیا کرنے والا ؛ بہجت پیدا کرنے والا ؛ تفریحی ۔

amygdalaceous, a. بادامی ؛ لوزی ؛ بادام کی قبیل کے پودوں سے تعلق رکھنے والا جس میں بادام ، آڑو ، آلوچہ ، چیری وغیرہ شامل ہیں ۔

amygdalate, a. بادامی ؛ باداموں کا ؛ باداموں سے متعلق یا مشابہ ۔

amygdaline a. باداموں سے بنا ہوا یا اس کے متعلق یا اس سے مشابہ ؛ بادامی ۔ (تشریح الاعضا) حلق کے کوّے یا اس سے متعلق ؛ لوزۃالحلق سے متعلق ۔

amygdalin, n. لوزین ۔ (کیمیا) ایک سفید گلائیکو سائیڈک سفوف جسے کڑوے باداموں سے حاصل کرتے ہیں ، یہ دوا کے طور پر خصوصاً اخراجِ بلغم کے کام آتا ہے ۔

amygdaloid, n. بادامی دار چٹان ؛ یہ اصطلاح اس آتشی چٹان (خصوصاً سیاہ رنگ کی) کے لیے استعمال ہوتی ہے جس میں گول یا بادامی شکل کے سوراخ یا جوف ہوں جن میں جزوی یا کلی طور سے مختلف معدنیات کی بلّوری گانٹھیں سی بھری ہوں ۔

amygdaloidal, a. بادامے دار یا اس سے متعلق ۔

amyl, n. ایمائل ۔ (کیمیا) ایک یک گیرہ ہائیڈرو کاربن جزو C_5H_{11} جو بہت سی ہم ترکیب ترمیمی صورتوں میں موجود ہوتا ہے ، اس کے مرکبات الکحلی تیل اور روح اثمار میں پائے جاتے ہیں ۔

amylaceous, a. نشاستی ؛ نشاستے سے متعلق یا مشابہ یا اناج کے نشاستہ دار حصے کے متعلق ۔

amylalcohol, n. ایمائل الکحل ۔ (کیمیا) ایک مائع جس میں وہ الکحل ہوتی ہے جو الکحلی تیل سے یا نشاستوں کی خمیر پذیری سے حاصل ہوتی ہے ، اسے زیادہ تر محلل کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

amylase, n. امیلاس ؛ نشاستے کو شکر میں بدل ڈالنے والا کوئی خامرہ (انزایم) (جیسے لعاب دہن اور نُمو پذیر بیجوں میں ہوتا ہے) ۔

amyloid, n.
ایمیلائیڈ؛ ایک قدرے لیسدار
غذائی شے جو نشاستے سے ملتی جلتی ہے ؛ نشاستہ ۔ (امراضیات)
مومی مادہ ؛ سخت مادہ جو بعض امراض میں بافتوں کے اندر بن جاتا
ہے ۔ (صفت) نشاستی ؛ نشاستہ دار ، نشاستے کی خاصیت والا یا اس
سے مشابہ ۔

amylolysis, n.
نشاستہ پاشی ؛ نشاستہ پاشیدگی ؛
نشاستہ ہضمی ؛ نشاستے کی شکر میں تبدیلی خصوصاً خامروں
(انزایموں) کے عمل سے ۔

amylopsin, n.
نشاستہ ہاضمین ۔ (کیمیا) ایک خامرہ
(انزایم) جو لبلبی رطوبت سے حاصل ہوتا ہے اور نشاستے کو شکر میں
بدلنے کی صلاحیت رکھتا ہے ؛ نشاستہ پاش ۔

amylose, n.
شکر نشاستہ ؛ امائلوس ؛
کاربو ہائیڈریٹ گروہ میں سے کوئی ایک جیسے نشاستہ سیلو لوز وغیرہ
یا اس کا مضاعف ۔

amylum, n.
نشاستہ ؛ امائیلم ۔

amyotonia, n.
نرمئ عضلہ ؛ بے عضلی چُستی ؛
عضلاتی کارگردگی کا فقدان ۔

an , a, indef. art.
ایک ؛ واحد حالت میں اسما کے پہلے لگایا
جانے والا لفظ (ایک قبیل کے زیادہ میں سے کسی ایک کا پتہ دینے
لیکن کسی ایک کو مخصوص نہ کرنے کے لیے اور نہ ایک (one) کی
طرح اس کے واحد ہونے کے دلیل بنتے ہوئے نہ ہی کسی پہلے سے معلوم
اور the کی طرح مخصوص کے لیے) ؛ ذیلی تراکیب : ,a dollar an ounce
,once an hour میں an میں تقسیم کاری پائی جاتی ہے اور ''فی'' کا
مرادف ہے یا ''ہر'' کا ، a حروف صحیح کے پہلے آتا ہے بشمول u
کی یائی آواز کے ، (جیسے European, unit وغیرہ) ؛ an ان لفظوں کے
پہلے آتا ہے ، جو حروفِ علّت کی آواز سے شروع ہوتے ہیں بلکہ کبھی
کبھی h والے لفظ کے پہلے بھی (جو عموماً بے آواز ہوتی ہے اور پہلا حرف
دباؤ سے خالی ہوتا ہے (جیسے an hour; an heir, an historian) ۔

ana, adv.
مساوی مقداروں میں ؛ ہر ایک کا ؛
ڈاکٹری نسخوں میں اجزائے نسخہ کے حوالے سے لکھا جاتا ہے ۔

ana, n.
ملفوظات ؛ اقوال زریں ؛
قابل یاد و ذکر کہاوتوں ، اقوال ، ضرب الامثال ، معلومات اور روایات
و حکایات کا مجموعہ ۔

anabaptism, n.
تجدیدی بپتسما ؛ اصطباغ ثانی ؛
جلی حروف میں ہو تو اس سے اس فرقے کے عقائد اور رسومات مراد ہوتے
ہیں ۔

anabaptist, n.
معتقد تجدید بپتسما ؛
جرمنی ، سوئٹزر لینڈ وغیرہ میں اُبھرنے والے ان فرقوں میں سے کسی
ایک کا پیرو جو سولھویں صدی کے اوائل میں اُٹھے اور انھوں نے کم
سنی کے اصطباغ کے جواز کے خلاف آواز اٹھائی تھی اور بالغوں کے
لیے شرکتِ عشائے ربّانی کے موقع پر بپتسمے کو جائز سمجھتے تھے ۔
اس کا اطلاق کم و بیش بعد میں ہونے والے اسی عقیدے کے فرقوں پر
بھی ہوتا ہے اور مذہبی تنظیموں پر بھی (لیکن اہانت اور حقارت کا پہلو
لیے ہوئے) ۔

anabasis, n.
اوپر کی جانب جانا ؛ چڑھائی ؛
ساحل سے اندر (خشکی کی جانب) مہم جوئی ؛ کوئی فوجی مُہم ؛ جلی
حروف میں ہو تو قیصر روم کی ۴۰۱ ق م میں فارس کے خلاف چڑھائی
جس کا تذکرہ زینو فون نے کیا ہے ۔

anabatic, a.
(موسمیات) بالا حملی ؛ اٹھنا ؛
اُبھرنا ، چڑھنا ، زمین کی افقی سطحِ مسطّح سے اوپر کو اٹھتی ہوا کی
سمت ۔

anabiosis, n.
باز حیات ؛ باز زندگی ؛
موت یا موت جیسی کیفیت سے زندگی کی طرف واپسی ؛ مر کر جینا ۔

anabolic steroids, n.
پٹھوں کو مضبوط بنانے والی
ادویہ کی ایک قسم جس کا استعمال غیر پیشہ ور کھلاڑیوں (امیچور
اتھلیٹس) کے مقابلے میں ممنوع ہو ۔

anabolism, n.
تعمیری تحّول ؛ مثبت استحالت
(استحالت منفی : Catabolism کے برعکس) ؛ تجمّع ؛ اجتماع ؛ تشکیل ۔

anabolite, n.
تعمیر کار ۔ (حیاتیات) کوئی مختلف
الاجزا شے جو تعمیری تحول کے ذریعے بسیط تر صورت سے ترکیب پذیر
ہوئی ہو ۔

anachronism, n.
غلط زمانی ؛ خطائے تاریخی ؛
تاریخی زمانہ متعین کرنے میں غلطی ؛ ترتیبِ زمانی میں غلطی ؛ خطائے
تاریخی ؛ سہوِ تاریخی ؛ کوئی غلطی جس میں عموماً کسی تاریخی عہد
کے اشخاص یا واقعات کا پہلے وقوع پذیر ہونے کی طرف اشارہ ملتا ہو ؛
کسی مخصوص عہد سے مطابقت نہ رکھتی ہوئی یا اس سے اجنبی
کوئی چیز ۔

anachronistic, anachronistical,
غلط زمانی یا سہو

anachronous, a.
تاریخی سے متعلق ۔

anaclinal, a.
(ارضیات) ڈھلوان یا طبقاتی میلان
کی طرف عرضاً واقع (جیسے کوئی وادی) ۔ دیکھیے :Cataclinal ۔

anacoluthic, a.
قواعدی ترتیب سے محروم ؛ جس میں بے ربطی ہو ۔

anacoluthon, n.
(گرامر) بے ربطئ جملہ ؛
جملے میں فقدانِ ترتیب ، بایں صورت کہ فقرے میں مؤخر مقدم سے
مختلف قواعدی ساخت رکھتا ہو ۔

anaconda, n.
اژدر ؛ ایک جسیم بھاری بھرکم
بے زہر سانپ (یونیکٹس مورینس Eunectes murinus) جو جنوبی
امریکا میں پایا جاتا ہے اور بیس فٹ تک لمبا ہوتا اور اپنے شکار کو اپنی
کُنڈلیوں میں کچل ڈالتا ہے ؛ بُوآ قسم کا کوئی بڑا سانپ ؛ اجگر ؛ سرال ؛
اژدہا ۔

anacoustic zone, n.
بالائے سمعی منطقہ ۔ (طبیعیات)
ایک سو میل کی بلندی سے اوپر کا خطہ جہاں ہوا کے سالموں کے
درمیان فاصلہ آواز کی لہری لمبائی سے زیادہ ہوتا ہے اور آواز کی لہریں
کہیں پہنچائی نہیں جا سکتیں ۔

Anacreontic, a.
انقریونی ؛ یونانی شاعر اَنکریون کی
شاعری سے ملتی جُلتی ؛ مے و محبت کی تعریف سے متعلق ؛ بزمیہ
شاعری (رزمیہ کے مقابلے میں) ؛ عشقیہ شاعری ۔

anacrusis, n.
کسی شعر کے شروع کے ایک یا ایک سے
زیادہ مؤکّد ارکان جو عروضی ڈھانچے میں شامل نہیں ہوتے ؛ موسیقی
میں وہ بم (چڑھاؤ) والا سُر جو پہلے زیر (اُتار) سے قبل آتا ہے ۔

anadem, n.
موباف ؛ ہار ؛ گجرا ؛ سر بند ؛
بال بند (یہ لفظ زیادہ تر اشعار میں استعمال ہوتا ہے) ۔

anadiplosis, n.
(علم بیان) تکرار لفظی ؛
پہلے جزوِ کلام یا جملے میں اس نمایاں لفظ کی تکرار جو اس سے پہلے کے جزوِ کلام یا جملے کے آخری حصے میں آیا ہو اور اکثر بدلے ہوئے یا وسیع مفہوم میں ہو۔

anadromous, a.
بالارَو ؛ (سامن مچھلی کی طرح)
انڈے دینے کے لیے مخصوص موسموں میں سمندر سے تازہ پانیوں میں چلے جانے والا (دیکھیے: Catadromous بمعنی تہ رو)۔

anaerobe, n.
ناہوائی نامیہ ؛ نا ہوا باش؛
ہوا یا خالص آکسیجن کے بغیر جینے والا خرد نامیہ۔

anaerobic, a.
نا ہوائی ؛ نا ہوا باش۔

anaesthesia, n.
دیکھیے: Anesthesia۔

anaglyph, n.
نقشینی زیور ؛ بالا مُنبّت ؛
ہلکے اُبھار والا زیور (کندہ کاری یا مُنبّت کاری والا)۔
(بصریات) دورنگی تصویر جسے اگر انھیں رنگوں کے چشمے میں سے دیکھیں تو گہرائی کا یا سہ ابعادی مغالطہ یا فریب نظر پیدا ہوتا ہے۔

anaglyphic, a.
نقیشی ؛ بالا منبتی۔

anagoge, anagogy, n.
معرفت ؛ عارفانہ ؛ صوفیانہ تفسیر ؛
لفظوں کا روحانی مفہوم یا اطلاق ؛ سِرّی یا تمثیلی تعبیر (خصوصاً کسی صحیفے کی)، عرفان ؛ روحانی تفسیر۔

anagogic, anagogical, a.
عارفانہ ؛ صوفیانہ ؛ روحانی مفہوم سے متعلق ؛ پُر اسرار ؛ رُوحانی ؛ عالی مرتبہ ؛ تفسیر معنوی ؛ تفسیر غائیہ۔

anagogically, adv.
عارفانہ/صوفیانہ طور پر ؛ ازروئے معرفت۔

anagram, n.
صنعت مقلوب ؛ تحریف ؛
کسی لفظ یا جملے کے حروف کی جا بدل کرکے نیا لفظ یا جملہ بنانے کا عمل ؛ ایک کھیل جس میں حرفوں کے ادل بدل سے نئے لفظ بنانا مقصود ہو ؛ یوں بنایا گیا نیا لفظ۔

anagrammatic, anagrammatical, a.
مقلوبی۔

anagrammatize, v.t.
تقلیب لفظی ؛ کوئی نیا لفظ بنانے کے لیے حرفوں کا الٹ پھیر کرنا۔ (فعل لازم) حروف کے الٹ پھیر سے الفاظ کا بننا۔

anal, a.
مقعدی ؛ دُبُری ؛ مقعد سے متعلق یا مقعد کے قریب واقع۔

analcime, analcite, n.
انالسم ؛ ایک معدن جو زینہ دار چٹانوں میں، قلمائی اور انبار کی صورت میں، بکثرت پایا جاتا ہے خصوصاً ایسی چٹانوں کی بادام نما جوفوں میں۔

analects, analecta, n.
اقتباسات ؛ اقتباس نامہ ؛
مختلف مصنفوں کے یک جا کر دیے گئے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے یا انتخابات ؛ گلدستۂ تحریر۔

analemma, n.
شمسی گھڑی ؛ وقت ناپنے کا قدیم آلہ ؛
سال کے ہر روز کی جدولِ شمسی اور تعدیل وقت کو ظاہر کرنے والا ایک درجہ دار آلہ جس کی شکل (انگریزی) آٹھ کے ہندسے کی سی ہوتی ہے۔

analeptic, a.
قوت بخش ؛ مقوی ؛ توانائی بخش ؛
بیماری کے بعد قوت بحال کرنے والا ؛ بیداری (خصوصاً دوا کی غنودگی سے)۔ (اسم) کوئی ایسی تدبیر ؛ صحت آور ؛ مقوی۔

analgesia, a.
(طب) بے حسیٔ درد ؛
درد کا عدم احساس ؛ باحواس حالت میں احساس درد کا فقدان۔

analgesic, n.
دافع درد ؛ مُسکّن دوا۔

analgetic, a.
(طب) بے حسیٔ درد کا سبب یا اس سے متعلق۔

analog, analogue, a.
(کمپیوٹر) مثیل ؛ اینالوگ ؛
مسلسل طبعی متغیرات سے متعلق (جیسے فاصلہ، وولٹیج یا گردش، بمقابلہ عددی مقداروں کے۔

analog computer, n.
مثیل کمپیوٹر ؛ اینالوگ کمپیوٹر ؛
ایسا کمپیوٹر جو طبعی تغیرات (اینالوگ) مثلاً برقی مزاحمت یا کسی دیے گئے مسئلے کے متبادلات کی مقداروں کو استعمال کرکے ان کے حل گراف کی صورت میں پیش کرتا ہے۔ مثلاً کسی اہتزاز نما کی بنائی ہوئی شکلیں ؛ ایسے طبعی نظام والا کمپیوٹر جس میں کسی مسئلے کا تجزیہ خود اس طبعی نظام کے بدلتے رویے سے منعکس ہو جاتا ہے اور جو خود مسئلے کے محدود انحرافات کو ظاہر کرتا ہے۔

analogical, a.
تمثیلی ؛ نظیری ؛ قیاسی ؛
مماثلت لیے ہوئے ؛ مشابہ ؛ بربنائے قیاس برتا گیا ؛ متماثل کو شامل کرتے ہوئے یا اس کا اظہار کرتے ہوئے۔

analogically, adv.
مثال کے طور پر ؛ قیاساً (وغیرہ)۔

analogist, n.
تمثیل پسند ؛ جو تمثیل کا شوقین یا اسی کے مطابق استدلال کرنے والا ہو۔

analogize, v.t.
نظیر دینا ؛ مثال لانا ؛
بربنائے مماثلت دلیل دینا یا توضیح کرنا ؛ کسی سوال پر کسی اور جگہ اس کی نظیر کو سامنے رکھ کر غور کرنا ؛ تمثیل لانا۔

analogous, a.
مماثل ؛ مماثلت دار ؛ اختلافات کے درمیان کچھ مشابہت بھی لیے ہوئے (بعد میں to یا with آتا ہے) ؛ ایک سا ؛ یکساں ؛ ہم فعل ؛ مثیل ؛ مشابہ ؛ ہم شکل ؛ ملتا جلتا ؛ مطابق۔

analogue, analog, n.
مثیل ؛ مانند ؛ کوئی چیز جس میں کسی اور کے ساتھ مشابہت پائی جائے ؛ مثل ؛ ہم فعل ؛ مماثل۔
(حیاتیات) کوئی عضو جو کسی اور جانور یا پودے کے عضو کے لحاظ سے تو وہی کام دیتا ہو لیکن اپنی اصل اور اپنی ساخت کے لحاظ سے مختلف ہو ؛ متوازی۔

analogue computer, n.
(دیکھیے : analog Computer)۔

analog recording, n.
مثیل صوت بندی ؛ صوتی لہر کے ارتعاش کی ریکارڈنگ کے ذریعے آوازوں کی باز آفرینی۔

analogy, n.
تمثیل ؛ تمثیلی استدلال ؛
مطابقت ؛ بعض حالات یا اثرات میں چیزوں کے درمیان پائی جانے والی یکسانیت یا موافقت ؛ ہم صُورتی ؛ متوازیت ؛ مشابہت ؛ ہم فعلی ؛ مماثلت۔

analphabet, n.
اَن پڑھ ؛ بالکل اَن پڑھ جو الف بے بھی نہ جانتا ہو۔

analysand, n.
تحلیل نفسی کے عمل سے گزرنے والا ؛ محلولِ نفسی۔

analysis, n.
تجزیہ ؛ تحلیل ؛ کسی مرکب شے کو اس کے اجزائے ترکیبی میں یا اجزائے مشتملہ میں الگ الگ کر دینا (برعکس synthesis کے) ؛ تشریح ؛ کسی چیز کو اس کے الگ الگ

حصوں میں کرکے سمجھنے نیز ان کے باہمی تعلق کو جاننے کی کوشش کرنا ؛ اس کے بارے میں بیان یا اعلان؛ اجزا شناسی کے لیے کیمیائی تجزیوں میں سے گزارنے کا عمل؛ نفسیاتی تجزیہ؛ تجزیۂ نفسی ۔

analysis situs, n. مقامیات؛ مقامات شناسی ۔

analyst, n. تحلیل کار ؛ تحلیل کرنے والا ؛ تجزیہ کار ؛ تجزیہ کا ماہر ؛ ماہر تجزیہ نفسی ۔

analytic, analytical, a. تجزیاتی ؛ تحلیلی ؛ تجزیہ سے یا تجزیہ کاروں سے متعلق ؛ تجزیے سے اکثر و بیشتر کام لینے والا (synthesis کے برعکس) ۔

analytically, adv. تحلیلی طور پر ؛ تجزیہ کارانہ طریقے سے ؛ تجزیے کے انداز سے ؛ تجزیے کے طور پر ۔

analytic geometry, n. تجزیاتی جیومیٹری؛ تحلیلی ہندسہ ؛ جیومیٹری کی وہ شاخ جس میں الجبرائی استدلال سے کام لیا جاتا ہے اور محددّوں کے لیے علامتوں کو استعمال کیا جاتا ہے ۔

analytics, n. علمِ تحلیل؛ علم بیان؛ منطق کی وہ شاخ جس کا تعلق تجزیہ اور تحلیل سے ہے ۔

analyzable, a. قابلِ تجزیہ؛ تجزیہ پذیر ۔

analyzation, n. تجزیہ کاری ۔

analyze, v.t. تجزیہ کرنا؛ اجزا میں الگ الگ کرنا؛ بنیادی خدوخال متعین کرنا؛ تنقیدی مطالعہ کرنا؛ جدا جدا کرنا (کسی مرکب شے کو اس کے حصوں میں یا قضیّوں میں)؛ تحلیل نفسی کرنا ۔

analyzer, n. تجزیہ کار یا تجزیہ نگار ؛ تجزیہ کرنے والا ؛ الگ الگ کرنے والی شے ۔

anamnesis, n. یادِ ماضی ؛ گزری ہوئی باتوں کی یاد؛ دورِ گزشتہ کے واقعات کی یاد؛ یاد آوری ۔ (طب) کسی نفسیاتی مریض یا بیمار کے کیس کے اصل کوائف ۔

anamnestic, a. سابقہ یادوں کے حوالے سے ۔

anamorphic, a. (بصریات) ایک دوسرے سے ، عموماً واقع ، دو سمتوں میں کسی عکس کا ، غیر مساوی تکبیر کا حامل ہوتے یا سبب بنتے ہوئے ۔

Ananias, n. جھوٹا؛ کاذب ۔

anapest, anapaest, n. ایک شعری بحر جس کے تین رُکن ہوتے ہیں : پہلے دو چھوٹے اور غیر تاکیدی جب کہ تیسرا طویل اور مؤکد ہوتا ہے ؛ اس بحر کا کوئی مصرع ۔

anapestic, anapaestic, a. محولہ بالا بحر سے متعلق ؛ محولہ بالا بحر پر مشتمل ۔

anaphase, n. قُطب سُوئی ؛ خیطی تقسیم میں وہ صورت جب لونی نیمے ایک دوسرے سے دُور اور خلیے کی مخالف سمتوں کی جانب چلے جاتے ہیں ۔

anaphora, n. (علم بیان) دو یا دو سے زیادہ ، یکے بعد دیگرے، آنے والے اشعار، اجزائے کلام یا جملوں کے آغاز میں ایک ہی لفظ یاالفاظ کی تکرار عموماً شاعرانہ اثر آفرینی کے لیے ؛ تکرار لفظی ۔

anaphrodisiac, n. قاطع باہ ؛ جنسی اشتہا کو کند یا کم کر دینے والی شے ۔

anaphrodisia, n. جنسی خواہش کی ماندگی ؛ جنسی ضعف ۔

anaphylaxis, n. (امراضیات) زُود حسی ؛ خارجی لحمیات ، جیسے پنسلین کے عمل کے خلاف بڑھی ہوئی حسّاسیت، جو اس کے پہلے ٹیکے سے پیدا ہوتی ہے ۔

anaphylactic, a. زُود حسیانہ ؛ محولہ بالا صورتِ حال سے متعلق ۔

anaphylactoid, a. محولہ بالا نوع کی زود حسی کی خاصیت لیے ہوئے ۔

anaplasty, n. پلاسٹک سرجری۔

anaplastic, a. پلاسٹک سرجری کا یا اُس سے متعلق۔

anaptotic, a. (علم زبان) کسی زبان کی صراحت لیے ہوئے ، جیسے انگریزی کی اس پہلو سے کہ اس میں تصریف سے کنارہ کشی کا رجحان پایا جاتا ہے یا وہ تصریفات سے کنارہ کر چکی ہے۔

anarch, n. باغی ؛ کسی ریاست میں بغاوت یا بدامنی پھیلانے والا نراجیہ ؛ انار کی یا انارکزم کا داعی یا پرچارک ۔

anarchic, anarchical, a. نراجی ؛ انارکی یا انارکزم کا یا اس سے متعلق ؛ نراج کی حالت میں ؛ لا قانونی۔

anarchism, n. نراج ؛ انارکزم ؛ یہ نظریہ کہ رسمی حکومتی نظام کو منسوخ کر دینا چاہیے اور فرد کو آزادانہ زندگی بسر کرنے دینا چاہیے نیز زمین اور دوسرے وسائل سب کی مشترک ملکیت ہونے چاہئیں ؛ نراجی اصولوں کی سرگرم حمایت ؛ لا قانونیت ؛ لا حکومتی ۔

anarchist, n. نراجی ؛ حکومت دشمن ؛ انتشاری ؛ انارکسٹ ؛ نراج وادی؛ آزادی کی بنیادی شرط اس امر کو قرار دینے والا کہ رائج الوقت نظام کے خلاف جارحانہ بغاوت کی جائے ۔

anarchistic, a. نراج پسندی ۔

anarchy, n. نراج ؛ بے حکومتی ؛ طوائف الملوکی ؛ معاشرے کی وہ حالت جب کوئی قانون اور کوئی اقتدار اعلیٰ نہ ہو ؛ بے لگام سیاسی افراتفری اور بد نظمی ؛ فوضیّت ۔

anarthria, n. عدم گویائی ؛ الفاظ ادا کرنے کی صلاحیت کا فقدان ؛ لا نطقی ۔

anasarca, n. (امراضیات) استسقاءِ لحمی ؛ جَلندھر ؛ زیر جلدی واصل بافتوں میں بہت زیادہ حد تک پانی بھر جانا ۔

anasarcous, a. جلندھر یا استسقاءِلحمی سے متعلق ۔

anastigmat, n. غیر ابہامی عدسہ ؛ لاماسکی نقص سے پاک ؛ عدسوں کا وہ نظام جس میں لاماسکی نقائص پر قابو پا لیا جاتا ہے ۔

anastigmatic, a. غیر ابہامی ؛ جو لاماسکی نقص سے پاک ہو ، (خصوصاً ایسے عدسوں یا اس عدسی نظام پر اس کا اطلاق ہوتا ہے جس میں ان نقائص پر قابو پا لیا جائے)۔

anastomose, v.i. (تشریح الاعضا و نباتیات) مل جانا یا ایک دوسرے کے اندر چلے جانا ؛ ننھی ننھی شاخوں یا باریک رگوں کے ذریعے باہمی ترسیل جیسا کہ انسانی جسم میں شریانوں اور وریدوں کے ذریعے ہوتی ہے ؛ نس میل ہونا۔

anastomosis, n. (تشریح الاعضا)تضم شریان ؛ نس جال ؛ شریانوں اور وریدوں کا ایک دوسرے سے جوڑ میل ۔

anastomotic, a. تضمّم شریان سے متعلق ۔

anastrophe, n. تبدیلئ الفاظ ؛ لفظوں کی قدرتی ترتیب میں ادل بدل ، (بنیادی طور پر خطابت میں تاثیر پیدا کرنے کے لیے) ۔

anatase, n. ٹائی ٹینئیم ڈائیکسائیڈ TiO_2 یہ چوکور قلموں کی صورت میں ہوتا ہے اور ایک سفید رنگ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

anathema, n. لعنت ملامت ؛ پھٹکار ؛ مذہبی ضابطے کے مطابق برادری باہر کرتے ہوئے مقتدر صاحب کلیسا کی بد دعا ، ملامت یا لعنت ؛ عموماً لعن طعن کے لیے آتا ہے ؛ بد دعا ؛ حکم سزا ؛ وہ شخص یا شے جس پر نفرین یا لعنت بھیجی گئی ہو ؛ ملعون ؛ مردود ۔

anathematize, v.t. بد دعا دینا بالعنت بھیجنا ؛ مقاطعہ کرنا ؛ کوسنا ؛ سراپ دینا ؛ سزا کا حکم سنانا ؛ خارج کرنا (برادری یا فرقے سے) ۔ (فعل لازم) مردود قرار دینا ؛ پھٹکارنا ؛ (اپنے آپ کو) کوسنا یا سراپ دینا ۔

anatomic, anatomical, a. تشریحی ؛ ترکیبی ؛ حیوانات یا ان کی چیر پھاڑ کے متعلق ؛ تشریح اعضا سے متعلق ۔

anatomist, n. تشریح کار ؛ جرّاح ؛ چیر پھاڑ کرنے والا ؛ علم تشریح کے اصولوں اور نظریے کا ماہر ؛ ماہر تشریح الابدان ؛ تحلیل یا تجزیہ کرنے والا ۔

anatomize, v.t. تشریح کرنا ؛ کسی ڈھانچے کا معائنہ کرنے یا اس کو عیاں کرنے کے لیے کاٹنا یا ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ مجازاً بالکل کھول کر رکھ دینا یا پوری طرح بے نقاب کر دینا ؛ تجزیہ کرنا ۔

anatomization, n. تشریح کاری ؛ چیر پھاڑ وغیرہ کا عمل ۔

anatomy, n. علم تشریح الاعضا ؛ اناٹومی ؛ علم تشریح ؛ کسی ثابت بدن کے مختلف حصوں کو اس مقصد سے کاٹنے یا غیر فطری طور پر الگ الگ کرنے کا فن کہ ہر ایک کا محل ، ساخت اور وظیفہ دریافت کیا جا سکے ؛ وہ علم جو ثابت اجسام کی اندرونی ساخت سے بحث کرے (جیسا کہ چیر پھاڑ سے واضح ہے) ؛ تفصیل کے ساتھ معائنہ و مطالعہ کرنے کے لیے کسی چیز کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے کا عمل ؛ پوسٹ مارٹم ؛ ڈیل ڈول ۔ (عوامی) انسانی ڈھانچا ؛ پنجر ۔

anatropous, a. (نباتیات) مقلوب ؛ تخمک کا بالیدگی کے ابتدائی مرحلے میں اُلٹ جانا جس سے اس کا روزنہ طنابی جانب ہو جاتا ہے اور پیندی (chalaza) مخالف سمت میں ہو جاتی ہے ؛ واژ رُخہ ۔

ancestor, n. جَد امجد ؛ سلف ؛ جس کی نسل سے کوئی شخص ہو (پدری یا مادری حوالے سے)؛ خصوصاً وہ جو دادا دادی سے ایک نسل پہلے کا ہو؛ پردادا یا پردادی ؛ مورث اعلیٰ ؛ آباء ؛ جس سے وراثت چلے ۔

ancestress, n. جدّہ ؛ بزرگ عورت جس سے نسلی نسبت ہو ۔

ancestral, a. جدّی ؛ اسلافی ؛ موروثی ؛ پُشتینی ؛ آبائی ؛ سلف سے متعلق یا اس سے نکلا ہوا ۔

ancestry, n. شجرہ ؛ حسب و نسب ؛ باپ دادا کی لڑی؛ خاندان ؛ گھرانا ؛ پیڑھی ؛ معزز نسب ؛ شجرۂ نسب ؛ عالی زاد ؛ مجازاً کسی خیال یا چیز کے ارتقاء کی تاریخ ۔

anchor, n. لنگر؛ ایک آہنی شے جو عموماً ایک سیدھی سلاخ پر مشتمل ہوتی ہے جسے عمود (شینک) کہتے ہیں ، اس کے اوپر کے سرے پر ایک ٹکڑا عرضاً ہوتا ہے جسے ساق (stalk) کہتے ہیں ، دو خمدار بازو شینک کے نچلے سرے پر ہوتے ہیں، ان میں سے ہر ایک، ایک تکونی پلیٹ پر جا کر ختم ہوتا ہے جسے زمین گیر (Fluke) کہتے ہیں ۔ اسے جہاز یا کسی اور ایسی شے کو نسبتاً کم گہرے پانی میں کھڑا رکھنے کے لیے کام میں لایا جاتا ہے؛ کوئی اور ایسی شے جو جہاز کے لنگر کا کام دے ۔ (مجازاً) استحکام اور تحفظ فراہم کرنے والا ؛ وہ جس پر حفاظت کے لیے انحصار کیا جائے ؛ جائے پناہ ؛ آسرا ؛ تکیہ ۔

at anchor, لنگر ڈالے ہوئے ؛ لنگر انداز ۔

anchor, v.t. جہاز کی طرح لنگر ڈال کر ٹھہرانا ؛ لنگر انداز کرنا ۔ (مجازاً) قابو کرنا ؛ پکڑ لینا ؛ مستحکم حالت میں کرنا ۔ (فعل لازم) لنگر انداز ہونا ؛ لنگر گرنا ؛ ٹھہرنا ؛ مقیم ہونا ۔

anchorage, n. لنگر اندازی کا عمل ؛ لنگر انداز ہونے کی صورت ؛ لنگر گاہ (جہاں جہاز کو لنگر انداز کیا جا سکے) ؛ بندرگاہ ؛ لنگر ٹیکس ؛ محصول لنگر اندازی ؛ کسی بندر گاہ پر جہاز کو لنگر انداز کرنے کا محصول ۔

anchoress, n. زاہدہ ؛ تارک الدنیا عورت ؛ جوگن ؛ بیراگن ۔

anchoret, anchorite, n. جوگی ؛ سادھو ؛ گوشہ نشین ؛ تارک الدنیا ؛ لذات دنیوی سے بچنے اور اللہ کرنے کے لیے لوگوں سے الگ تھلگ ہو بیٹھنے والا ؛ تیاگی ؛ بیراگی ؛ درویش ؛ فقیر ۔

anchoretic, a. گوشہ نشین کے متعلق یا اس کے طرز بودوباش کے متعلق ؛ جوگی کا ۔

anchorman, anchor person, n. ٹی وی کی خبروں میں اصل اناؤنسر جس سے ہر نامہ نگار رجوع کرتا ہے ۔

anchorring, n. دیکھیے : torus ۔

anchovy, n. سبنا مورہ ؛ ہیرنگ خاندان کی ایک چھوٹی مچھلی ، جو غذا کے طور پر کھانے کے کام آتی ہے؛ اصطلاحی نام Engraulidae ہے ۔

ancien regime, n. قدیم نظام حکومت ، خصوصاً ۱۷۸۹ء والے انقلاب فرانس سے پہلے کا سیاسی اور سماجی نظام ؛ نظام حکومت قبل انقلاب ۔

ancient, a. پرانا ؛ قدیم؛ پاستانی ؛ گزرے ہوئے ایام میں وقوع پذیر (خصوصاً بہت دور کے زمانے میں)؛ دور دراز زمانے سے متعلق یا اس کی علامات لیے ہوئے ؛ عہدِ عتیق سے متعلق ؛ دیرینہ ؛ پراچین سمے سے موجود ؛ قدیمی ؛ پرانا ؛ پراچین ؛ عتیق ؛ بڑی عُمر کا ؛ قدیم (an ancient city) ؛ سال خوردہ (an ancient man) ۔

anciently, adv.,n. قدیمی طور پر ؛ اگلے زمانے میں ؛ بہت پرانے وقتوں میں ۔

ancientness, n. پراچینتا ؛ پرانا پن ؛ قدامت ۔

ancient, n. تاریخ کے ابتدائی ایام کا انسان ؛ بہت عمر رسیدہ ؛ بزرگ یا بااثر انسان ؛ ایک کلاسیکی مصنف ۔

ancillary, a. ماتحت ؛ مددگار ؛ معاون ؛ محکوم۔

ancilla, n. ضمنی : ذیلی؛ سہایک ؛ مددگار ؛ امدادی۔

ancipital, a. (نباتیات) دو سرا؛ دو کونا ؛ دو دھارا۔

ancon, n. (تشریح الاعضا) مرفقؔ کہنی ؛ کہنی یا کہنی کی ہڈّی کا بالائی سرا۔ (فن تعمیؔر) دیوار گیر؛ سہارے کے لیے کسی عمارت میں بنایا گیا چوکھٹا ؛ چھجا ؛ بریکٹ ، توڑا؛ پتھر کا ابھار؛ کہانچہ۔

ancylostomiasis, n. خُطافی مرض ؛ کنڈل کیڑ روگ ؛ بک ورمی مرض ؛ مرض دیدان۔

and, conj. اور؛ و؛ لفظوں اور فقروں کو ملانے والا لفظ جو ربط یا اضافے کو ظاہر کرتا ہے ؛ کبھی کبھی سوالیہ یا بعض اور اجزائے جملہ کے پہلے بھی استعمال ہوتا ہے۔

andalusite, n. انڈالوسائٹ ؛ ایک معدن جو کئی رنگوں میں پایا جاتا ہے اور ایلومینم کے سلی کیٹ پر مشتمل ہوتا ہے۔

andante, a., adv. (موسیقی) دھیمی چال ؛ درمیانی ؛ یکساں اور آہستہ حرکت کے ساتھ ؛ بلمپت تال کے ساتھ۔

andantino, a., adv. (موسیقی) قدرے تیز تال ؛ بلمپت تال سے قدرے تیز تال کے ساتھ۔

Andean, a. جنوبی امریکا کے وسیع سلسلہ کوہ اینڈیز سے متعلق۔

andesite, n. اینڈیسائٹ ؛ ایک لمبی چوڑی آتشی چٹان جو مختلف رنگوں میں پائی جاتی ہے اور جھاویں سے ملتی جلتی ہے۔

andiron, n. اگن ٹیک ؛ آگ ٹیک ؛ لوہے کی ایک افقی سلاخ جو چھوٹے پایوں کے سہارے زمین سے اوپر اٹھی ہوئی ہوتی ہے ، اس کے ذریعے انگیٹھی میں جلتی لکڑیوں کے سرے اٹھے رہتے ہیں ؛ اُوٹھ سلاخ ؛ لوہ سلاخ۔

andradite, n. [برازیلی ماہر ارضیات جوز بی اینڈراڈا کے نام پر] یاقوت ؛ اینڈراڈائٹ ؛ ایک قسم کا یاقوت جو زرد ، سبز ، بھوری یا سیاہ قلموں میں پایا جاتا ہے۔

androgen, n. نرزا ؛ اینڈروجن ؛ ایک مادہ جو (عورتوں میں) ثانوی مردانہ جنسی خصوصیات پیدا کرتا ہے (اینڈروسٹرون کی طرح)۔

androgynous, androgynal, a. ذو جنس ؛ نر و مادہ دونوں حالتوں والا ؛ ایک ہی گچھے میں تذکیری اور تانیثی پھولوں والا پودا ؛ دونوں جنسوں کی جسمانی اور دماغی خصوصیات لیے ہوئے۔

androgyny, n. ذُوجنسیت ؛ نر مادگی۔

androsterone, n. اینڈروسٹرون ؛ مرد کے پیشاب میں پایا جانے والا ایک نر جنسی ہارمون۔

anecdote, n. قصہ ؛ حکایت ؛ روایت؛ چٹکلا ؛ نقل؛ کوئی مختصر کہانی ، جس میں کسی الگ سے واقعہ یا حقیقت کو اس کی دلکشی کی بنا پر بیان کیا گیا ہو ؛ کوئی سوانحی سرگزشت ؛ نجی زندگی کا کوئی ایک واقعہ ؛ ضمنی قصہ۔

anecdotage, n. شیخوخت ؛ بڑھاپے کا باتونی پن ؛ قصے کہانیاں سنانے کی چاٹ ؛ قصے کہانیاں، محاضرات، واقعات بیان کرنے کا شوق۔

anecdotic, anecdotal, anecdotical, a. حکایتی ؛ افسانوی ؛ قصوں کے متعلق ؛ افسانوں کے مزاج کا ؛ قصوں سے بھرا ہوا ؛ محاضراتی۔

anecdotist, n. قصہ خواں ؛ حکایت نگار ؛ قصے جمع کرنے والا یا سنانے والا ؛ جامع القصص۔

anechoic, a. بے گونج ؛ اس کمرے یا اسٹوڈیو سے متعلق جس میں گونج نہ پیدا ہونے کی خوبی ہو اور بازگشت غیر معمولی طور پر کم درجے کی ہو۔

anele, v.t. (قدیم) تدہین یا مالش کی رسم ادا کرنا ؛ عیسائی رسومات میں پادری کا مرنے والے کو روغن (مقدس) ملنا ؛ نزع مالی کرنا۔

anelectric, a. غیر برقی ؛ برقی خواص سے عاری ؛ رگڑ پر جو برق چارج پیدا کرنے کی صلاحیت نہ رکھتا ہو۔ (اسم) کوئی غیر برقی مادہ ؛ کوئی موصل۔

anemia, anaemia, n. (طب) انیمیا ؛ قلت الدَّم ؛ بُھس ؛ کم خونی ؛ ہوموگلوبین کی (خون میں) کمی جس سے توانائی اور قُوتِ حیات میں بھی کمی آجاتی ہے ؛ نظام (جسمانی) کی وہ حالت جس میں بعض اجزائے خون میں کمی نمایاں ہوتی ہے۔

anemic, a بُھسَا ؛ انیمیا کا مریض ؛ کمئِ خون سے متعلق ؛ قوّتِ حیات یا تنومندی کی جس میں کمی ہو۔

anemochore, n. باد نشر؛ باد پودا ؛ باد آورد بیج یا پودا ؛ باد بردارہ ؛ بیج یا پودا جسے ہوا نے بکھیر دیا ہو۔

anemograph, n. باد نگار؛ ہوا کی قوّت اور سمت کا اندازہ لگانے اور اسے ریکارڈ کرنے کا آلہ ؛ ریکارڈ کرنے والا ایک انیمو میٹر ؛ انیمو گراف۔

anemology, n. بادیات ؛ ہوا اور اس کے متعلقہ مظاہر کا مطالعہ ؛ انیمالوجی۔

anemometer, n. باد پیما ؛ ہوا کی قوت اور رفتار ناپنے والا آلہ ؛ انیمو میٹر۔

anemometry, n. باد پیمائی ؛ انیمو میٹر کے ذریعے ہوا کا زور اور اس کا دباؤ معلوم کرنے کا عمل۔

anemone, n. گل ہِوا ؛ شقائق ؛ لالہ ؛ اسی نام و جنس کا کوئی پودا ، اس کے پتے شگافتہ یا بیچ میں سے منقسم ہوتے ہیں اور رنگین پھولوں کی پنکھڑیاں نہیں ہوتیں ، (بالخصوص موسم بہار کا پنج برگہ لالہ جس کی پھول کی ڈنڈی پتلی و مہین اور پھول نازک اور سفید ہوتے ہیں)۔

anemophilous, a. (نباتیات) ہوا پسند ؛ باد جُو ؛ باد زیرگہ ؛ وہ پودا جس کی بار آوری ہوا کی مرہون منت ہو؛ ہوا ایک پھول کے کیسر کو اڑا کر دوسرے تک لے جاتی ہے اور یوں دونوں کے ملاپ سے پھول پھل میں بدلنے لگتا ہے ؛ انیمو فائیلس۔

anemoscope, n. باد نما ؛ مرغ باد نما ؛ ہوا کی سمت بتانے والا ایک آلہ۔

anemosis, n. باد حرکی ؛ بادیت ؛ بعض درختوں کی لکڑی کی یہ صورت کہ اس کے سالیانہ پرت ایک

دوسرے سے الگ الگ ہو جاتے ہیں ، بعض کا خیال ہے کہ ایسا تنے پر تیز ہواؤں کے عمل سے ہوتا ہے ؛ باد لرز ۔

anent, prep. دربارہ ؛ کے متعلق ؛ کے سلسلے میں ؛ بلحاظ ؛ بابت ؛ بارے ؛ متعلق بہ ۔

aneroid, a. بے آب ؛ بے مائع ؛ بغیر کسی سیال کے چل سکنے والا ۔

aneroid barometer, n. خشک باد پیما ؛ بے مائع باد پیما ؛ وہ بیرومیٹر جس کے عمل کا مدار ہوا کے دباؤ پر ہوتا ہے ، یہ دباؤ ہوا سے خالی ایک گول سربند دھاتی بکس پر پڑتا ہے جس کا سرپوش قدرے لچکدار ہوتا ہے ۔ اس کا خلا وہی کام دیتا ہے جو عام بیرومیٹر میں پارے سے لیا جاتا ہے ۔

anesthesia, n. تخدیر ؛ بے حسی ؛ مصنوعی بے ہوشی ؛ محسوس کرنے کی صلاحیت کی کمی یا خاتمہ ؛ عدم احساس کی مصنوعی طور پر پیدا کی گئی صورت (خصوصاً احساسِ درد کے لیے) ۔

anesthesiologist, n. (طب) ماہر تخدّر ؛ علم تخدیر میں ماہر طبیب ؛ ماہرِ بے ہوشی ۔

anesthesiology, n. تخدیریات ؛ تخدیری دواؤں کے استعمال کا علم ؛ علم تخدیر ؛ بیہوشیات ۔

anesthetic, a. مُخدر ؛ بے حسی آور ؛ تخدیر کا یا اس سے متعلق ؛ احساس یا سنسنی سے محروم کر دینے کی صلاحیت والا ؛ بے ہوشی آور ۔ (اسم) مُخدّر ؛ بے حس کُن ؛ بے ہوش کُن ؛ وہ شے جس میں یہ صلاحیت ہو جیسے کلوروفارم میں ، جب اس کے بخارات کو سونگھا جاتا ہے ۔

anethetist, anaesthetist, n. تخدیر کار ؛ مخدّرات سے (بطور علاج) کام لینے والا ؛ خادر ؛ ماہر بیہوشی ۔

anesthetize, v.t. تخدیر کرنا ؛ کسی مخدر شے کے اثر تلے لانا ؛ بے ہوش کرنا ؛ سُن کر دینا ؛ بے حس کر دینا ؛ درد کے احساس کو مار دینا ۔

anethole, n. ایناتھول ؛ سوئے کا تیل ؛ روغنِ سونف ؛ ایک قلمی مرکب جو سوئے اور سونف کے تیل سے حاصل ہوتا ہے ، خوشبویات اور علاج معالجے میں استعمال ہوتا ہے ۔

aneurysm, aneurism, n. (امراضیات) شریانی پھیلاؤ ؛ کسی بیماری یا زخم کی وجہ سے ، شریان کے کسی حصے پر خون کے دباؤ کے باعث ، شریان کا مقامی طور پر پھول جانا ؛ انو رسما ۔

anew, adv. دوبارہ ؛ پھر سے ؛ ایک بار اور ؛ نئے روپ میں ؛ از سر نو ؛ بار دگر ؛ نئی طرز سے ؛ مزید ؛ نئے سرے سے ؛ پھر کے سے ۔

anfractuosity, n. پیچیدگی ؛ پیچیدہ صورت حال ؛ بل یا بل کھاتا راستہ ؛ پیچیدہ فکری عمل ؛ پر پیچ ہونا ۔ (تشریح الاعضا) مغز کی پرپیچ مُلفّفات کو باہم جدا رکھنے والے میزابوں اور جوفوں میں سے کوئی ایک ۔

anfractuous, a. پُرپیچ ، خم دار ؛ بہت بل کھایا ہوا یا کھاتا ہوا ؛ بل دار ؛ پیچیدہ ؛ پیچ و خم لیے ہوئے ؛ حلقہ بند ۔ (نباتیات) کیسر دانی (زیرہ دانی) کی طرح پُرپیچ اور بل دار ۔

angary, n. (بین الاقوامی قانون) انگاری ؛ کسی برسرپیکار (ملک یا قوم) کا یہ حق کہ وہ ایام جنگ میں غیر جانب داروں کی املاک پر قبضہ کر لے یا اسے تباہ کر دے (لیکن پورے زر تلافی کے ساتھ) ۔

angel, n. فرشتہ ؛ مَلَک ؛ ہاتف ؛ قاصد (بالخصوص خدا کا) ؛ مذہباً غیر مادی ہستیوں کے قبیلے میں سے ایک ؛ خادمانِ خدا جن کو روایتی طور پر پَردار انسانی پیکر میں ظاہر کیا گیا ہے ؛ عمومی طور پر کوئی نیک یا بد روح ؛ سماوی خوبیاں اور دلکشیاں رکھنے والا انسان ۔ (بول چال) کسی تھیٹر وغیرہ کے کاروبار میں یا کسی سیاسی جدوجہد میں رقم لگانے والا ۔

angel, n. (طیرانیات) اینجل ؛ ایک قسم کا منعکس انتشار ، جس میں انعکاسی مواد ، پیراشوٹ یا غبارے کے ذریعے فضا میں معلق کیا جاتا ہے تا کہ وہ دیر سے نیچے آئے ؛ ارتفاع پیمائی کا ایک پیمانہ جو ایک ہزار فٹ کے برابر ہوتا ہے ۔

angel dust, n. سُلفہ ۔ (عوامی) فین سائیکلیڈین ہائیڈروکلورائیڈ کا عوامی نام : ایک انتہائی خطرناک مسکن جسے بیڑی میں ڈال کر پیا جاتا ہے تا کہ کیف و سرور اور خوابی کیفیت کو تیز کیا جائے ۔

angel fish, n. فرشتہ مچھلی ؛ گرم پانیوں کی خوش رنگ مچھلیوں میں سے کوئی ایک ، اس کا بدن (سانپ کی طرح) بہت پتلا ہوتا ہے ؛ تازہ پانی کی نقرئی و سیاہ امریکی مچھلی ۔

angel food cake, n. اینجل فوڈ کیک ؛ ایک لذیذ سفید کیک جسے بہت سے انڈوں کی سفیدی سے بنایا جاتا ہے لیکن مکھن وغیرہ نہیں ڈالا جاتا ۔

angelic, angelical, a. ملکوتی ؛ فرشتوں جیسا ؛ فرشتوں سے متعلق ؛ فرشتہ صفت ؛ فرشتہ خصلت ؛ فرشتہ خو ؛ فرشتہ گون ؛ فرشتہ سیرت ۔

angelically, adv. فرشتوں کے سے انداز میں ؛ ملکوتی انداز میں ۔

angelica, n. سُنبل خطائی ؛ انجلیق ؛ اسی نام و نسل کا کوئی لمبا چھتر دار پودا جسے ، خاص طور پر یورپ میں ، اس کی خوشبودار مہک اور جڑوں کی خاطر کاشت کرتے ہیں ۔

angel shark, n. پَردار شارک ؛ بحر اوقیانوس کی شارک مچھلیوں میں سے کوئی ایک ۔ اسے بڑے بڑے بازوؤں جیسے پروں کی بنا پر رے اور شارک کی درمیانی ارتقائی کڑی خیال کیا جاتا ہے ۔

Angelus, n. دعائے تبشیر ؛ انجلوس ؛ رومن کیتھولک کلیسا کے مطابق تجسیمِ مقدّس کی یاد میں کی گئی صدق دلانہ عبادت ؛ اس عبادت (انجلوس) کے ادا کرنے کا وقت بتانے کے لیے بجائی گئی گھنٹی ؛ دعائے بعثت ۔

anger, n. غیظ ؛ طیش ؛ غصہ ؛ غضب ؛ ناراضی ؛ عتاب ؛ جھونجل ؛ خفگی ؛ برہمی ؛ برافروختگی ؛ شدید منتقمانہ جذبہ جو اپنے آپ کو یا کسی اور کو پہنچائے گئے حقیقی یا خیالی صدمے سے بیدار ہوا ہو ۔

anger, v.t. بھڑکا کر غصہ دلانا ؛ کسی میں خفگی پیدا کر دینا ؛ غصے کر دینا ؛ برانگیختہ کرنا ؛ طیش میں لانا ؛

برہم کرنا ۔ (فعل لازم) غصے سے بھڑک اٹھنا ؛ طیش میں آنا ؛ برہم ہونا ؛ برافروختہ ہونا ؛ ناراض ہونا ۔

Angevin, a.
انجوی ؛ فرانس کے ایک سابقہ مغربی صوبے انجو کا یا اس سے متعلق ۔ (اسم) انجو کا باشندہ ؛ اس کے شاہی خاندان کا رکن ۔

angina, n.
(امراضیات) ذُبحہ ؛ درد سینہ ؛ گلے یا حلقوم کی کوئی سوزشی تکلیف ، (خنّاق ، التہابِ ورم ، گلسوئے وغیرہ) ، جس میں شدید درد کے دورے نمایاں ہوتے ہیں ؛ کوئی مرض جس میں شدید درد کے دورے پڑیں ؛ دردِ گلو ؛ انجائنا ؛ وجعِ صدر ۔

anginal, a.
ذُبحی ؛ انجائنا کے متعلق ۔

anginous, anginose, a.
انجائنا کا ؛ درد سینہ کا ؛ ذُبحی ۔

angina pectoris, n.
(امراضیات) ذُبحہ صدر ؛ درد سینہ ؛ ایک مرض جس کی نمایاں علامات چھاتی میں شدید درد ، ساتھ ہی دم گھٹنے کا احساس ہیں نیز دل اور شریانوں کی حالت بھی غیر صحت مند ہوتی ہے جس کا باعث عضلاتِ قلب تک مناسب خون کا نہ پہنچنا ہوتا ہے ؛ وجعِ صدر ۔

angiocarpous, a.
(نباتیات) ملفوف ثمرہ ؛ ایسے پھل دار درخت جن کی تخم دانیاں ایسے خولوں میں گھری ہوتی ہیں جو ان کا حصہ نہیں ہوتے جیسے بلوط کا پھل ۔

angiology, n.
عروقیات ؛ تشریح الاعضا کی وہ شاخ جو ظروفِ دموی اور لمفائی نظام کو زیر بحث و عمل لاتی ہے ۔

angioma, n.
(امراضیات) عروقی گلٹی ؛ ایک ابھار جو بیشتر پھولے ہوئے یا نوساختہ دموی یا لمفائی ظروف (شریانوں) پر مشتمل ہوتا ہے ۔

angiosperm, n.
(نباتیات) بند تخم (پودا) ؛ وہ پودا جس کا بیج بیج دانی میں بند ہوتا ہے ؛ ملفوف تخم ۔

angiospermous, a.
ملفوف تخمہ ؛ اس قسم کا پودا ؛ اس قسم کی صورت حال ۔

angle, n.
کونہ ؛ گوشہ ؛ زاویہ ؛ ایک ہی نقطے یا خط سے نکلنے والے دو یا زیادہ ضلعوں (اطراف) کے درمیان موجود حصہ یا کونہ ۔ (جیومیٹری) سیدھے یا خمدار خطوں میں یا اس طرح نکلنے والی سطحوں یا اس طرح بنی ہوئی شکل کے اندر کی جگہ ؛ دو خطوں کے ایک دوسرے سے دور ہو جانے (اتساع) کی مقدار جسے اس دائرے کی قوسِ مقطوع کے حوالے سے ناپا جاتا ہے جس کا مرکز ان خطوں کا نقطۂ اتصال ہوتا ہے ۔

angle, v.t.
زاویہ بنانا ؛ زاویوں کی صورت میں حرکت دینا یا خم دینا ؛ زاویے یا زاویوں پر رکھنا ۔

angled, a.
زاویہ دار ؛ کہنی دار ۔

angle, v.i.
کانٹا ڈالنا ؛ کانٹا لگانا ؛ کانٹے اور ڈوری کے ساتھ مچھلی پکڑنا ؛ کسی پُر فن طریقے سے کچھ طلب کرنا ؛ کسی زاویے پر چلنا ؛ کسی خاص سمت میں قدرے جھک جانا ؛ مخصوص زاویہ نظر دینا (جیسے خبر کو) ۔

Angle dozer, n.
بُل ڈوزر جس سے مٹی اور برف ہٹاتے ہیں ؛ ایک کمپنی کے بل ڈوزر کا ٹریڈ مارک ۔

angle iron, n.
کہنی ؛ اینگل آئرن ؛ لوہے کی زاویہ دار سلاخ خصوصاً سریا یا فولادی سلاخ جس کی عمودی تراش ایل (L) شکل کی ہو ۔ اسے لوہے کی اشیاء بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ کہنی دار سریا ۔

angle of attack, n.
(طیرانیات) زاویۂ عمل ؛ کسی ہوائی تہ کے وتر اور غیر مختل ہوائی بہاؤ کو ظاہر کرنے والے خط کے مابین بننے والا حادہ زاویہ ۔

angle of incidence, n.
زاویۂ وقوع ؛ پڑتا زاویہ ۔ (جیومیٹری ، طبیعیات) وہ زاویہ جس پر کوئی مادہ ، جسم یا شعاع کی سطح سے ٹکرائے ، اسے متحرک مادے سے نقطۂِ اتصال پر گرائے گئے عمود تک ناپا جاتا ہے ۔

angle of reflection, n.
زاویۂ انعکاس ؛ زاویۂ مراجعت ؛ وہ زاویہ جو کسی سطح کے مقامِ انعکاس پر واقع عمود اور شعاعِ منعکسہ کے مابین بنتا ہے ۔

angle of refraction, n.
(طبیعیات ، بصریات) زاویۂ انعطاف ؛ وہ زاویہ جو کسی سطح کے مقامِ انعطاف پر دو واسطوں میں واقع عمود اور شعاعِ منعطف کے درمیان بنتا ہے ۔

angler, n.
بنسی باز ؛ ڈوری کانٹے سے مچھلی پکڑنے والا ؛ بنسی باز مچھلی ؛ شکاری مچھلی ؛ ایک مچھلی جو یورپ اور امریکا کے ساحلوں میں پائی جاتی ہے اور جو اپنے مُنہ اور سر پر لگے ہوئے تاروں کی حرکت کے ذریعے چھوٹی مچھلیوں کو اپنے قریب لانے میں کامیاب ہو جاتی ہے اور ان کو لقمہ بنا لیتی ہے ؛ اُن مچھلیوں میں سے کوئی ایک جن کے مُنہ کی پشت پر ڈھیلا سا کانٹا ہوتا ہے ۔

angleworm, n.
بنسی کا چارا ؛ کیچوا (جسے مچھلی کے شکار کے لیے کانٹے پر لگا دیتے ہیں) ۔

Anglican, a.
انگریز ؛ انگریزی کلیسا سے متعلق ۔ (اسم) کلیسائے انگلستان کا رُکن ۔

Anglican Church,
کلیسائے انگلستان؛ انگریزی کلیسا ؛ کلیسائے انگلستان اور اس سے وابستہ دوسرے کلیسا ، کبھی اس میں ریاستہائے متحدہ اور کینیڈا کے اُسقفی کلیسا بھی شامل تھے ۔

Anglicanism, n.
کلیسائے انگلستان کے اصول اور اُن سے وابستگی ۔

Anglicism, n.
انگریزیت ؛ انگریز کے عام اوصاف اور طرزِ عمل ؛ کسی اور زبان میں انگریزی محاورہ ؛ انگلستان کی ثقافت اور روایات سے وفاداری ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا میں اس سے برطانوی محاورہ مراد لیا جاتا ہے ۔

Anglicist, n.
ماہرِ زبان انگریزی ؛ جس نے انگریزی زبان کا خصوصی مطالعہ کیا ہو (بالخصوص اس زبان کی تاریخ اور ساخت کا) ۔

Anglicize, Anglify, v.t.
انگریزیانا ؛ ساخت اور محاورے کے مطابق انگریزی میں ڈھالنا ؛ انگریزی محاورے یا انگریزی قیاسِ لُغوی کے مطابق بنانا (خصوصاً کسی مستعار غیر زبان کے لفظ کو) ؛ انگلیسیانا ۔

angling, anggling, n.
بنسی بازی ؛ ڈوری کانٹے سے مچھلی پکڑنے کا فعل یا شغل ؛ بنسی سے مچھلی پکڑنا ۔

Anglo-Catholic, n., a.
اینگلو کیتھولک ؛ کلیسائے انگلستان کا رُکن جو اپنے اس دعوے پر زیادہ زور دیتا ہے کہ اس کا کلیسا تاریخی طور پر کیتھولک کلیسا ہی کا حصّہ ہے ۔

Anglo-Catholicism, n. اینگلو کیتھولک عقائد یا اصول جن میں کیتھولک طریقِ عبادت پر زیادہ زور دیا جاتا ہے ۔

Anglo-French, n. انگریزی فرانسیسی ؛ نارمنوں کی فتح (۱۰۶۶ء) سے لیکر عہدِ وسطیٰ کے خاتمے تک انگلستان میں بولی جانے والی فرانسیسی ۔

anglography, n. دَم نگاری ؛ خون یا لمفی عروق کی ترتیب کے تعین کی ایک غیر جراحی تکنیک یا عمل ۔

Anglomania, n. انگریز پرستی ؛ کسی غیر ملکی کی انگریزوں ، ان کے اداروں یا رسم و رواج سے حد سے زیادہ وابستگی ۔

Anglo-Norman, n. اینگلو نارمن ؛ ان نارمنوں میں سے ایک جو فتح (۱۰۶۶ء) کے بعد یا ۱۰۶۶ء سے ۱۱۵۴ء تک انگلستان میں رہے یا ان کے اخلاف میں سے کوئی ، ان کا ادب اور ان کی زبانیں ۔ (صفت) اس عہد کے متعلق یا اس کے حوالے سے ۔

Anglo-phile, n. انگریز دوست ؛ انگریزی خیالات ، پالیسی ، اشیا وغیرہ اور خود انگلستان کے ساتھ ہمدردی رکھنے والا اور ان کی ستایش کرنے والا ۔ (Anglophobe کے برعکس) ۔

Anglo-phobe, n. انگریز دشمن ؛ انگریز بیزار ؛ جو انگلستان اور اس کی ہر چیز سے نفرت و عناد رکھے ۔

Anglo-phobia, n. انگریز ترسی ؛ انگریزوں ان کے رسم و رواج اور اداروں سے حددرجہ نفرت و عناد اور ترسناکی ۔

Anglo-Saxon, n. اینگلو سیکسن ؛ اس قوم کا فرد جو برطانیہ میں اینگلز ، سیکسنز اور دوسرے ابتدائی ٹیوٹانک آبادکاروں سے وجود میں آئی ؛ اُن کے اخلاف میں سے کوئی ایک ؛ انگریز نسل سے تعلق رکھنے والا ؛ ان لوگوں کی زبان جسے قدیم انگریزی کہتے ہیں ؛ سیدھی سادی زبان ؛ گنوارو اور عامیانہ سمجھے جانے والے الفاظ ۔ (صفت) اینگلو سیکسن یا قدیم انگریزی سے متعلق ۔

angora, n. انگورا ؛ ایک ہلکا کپڑا جو انقرہ (ایشیائے کوچک) کی بکری کے لمبے لمبے ریشمیں بالوں (اون) سے تیار کیا جاتا ہے ۔

Angora cat, n. انگورا بلی ؛ ایک لمبے بالوں والی پالتو بلی جو اصلاً انقرہ سے تعلق رکھتی ہے ۔

Angora goat, n. مرغوز ؛ انقرہ کی بکری ؛ بکری کی ایک قسم جو انگورا (انقرہ) میں اصلاً پائی جاتی تھی اور اب اپنے لمبے ریشمیں بالوں (اون) کے لیے پالی جاتی ہے ۔

Angora rabbit, n. انگورا خرگوش ؛ یورپی نسل کا سفید خرگوش جسے اس کے لمبے لمبے ریشمی بالوں کی وجہ سے پالا جاتا ہے ۔

Angora wool, n. انگوری اون ؛ مُہیر ۔

Angostura bark, n. [وینزویلا کے شہر انگوسٹورا کے نام پر] انگوستا چھال ؛ جنس گیلیپیا کے جنوبی امریکی سُدابی درخت کی کڑوی ، مہک دار چھال جو مقوی سمجھی جاتی ہے ۔

Angostura bitters, n. انگوستورا مرّیات ؛ انگوستا چھال سے تیار کردہ مقوی دوا ۔

angrily, adv. غصے کے عالم میں ؛ طیش / برہمی سے ۔

angriness, n. برہمی ؛ ناراضی ؛ غصے میں ہونے کی حالت ؛ غضب ناکی ؛ خفگی ؛ برافروختگی ۔

angry, a. ناراض ؛ نفرت و ناپسندیدگی محسوس کرتے ہوئے ؛ برانگیختہ ؛ غصے کا اظہار کرتے ہوئے ؛ خفا ؛ بھڑکا ہوا ؛ طیش میں ؛ برافروختہ ؛ برہم ؛ غضبناک ۔

angst, n. احساسِ خوف ؛ کرب ؛ تکلیف ۔

angstrom unit, n. [سویڈش ماہر طبیعیات انگسٹرام کے نام پر] انگسٹرم اکائی ؛ ملی مائیکرون کا دسواں یا سنٹی میٹر کا دس کروڑواں حصہ ؛ موج نور کا طول ظاہر کرنے کی اکائی ۔

anguish, n. شدید درد یا بے چینی ، (ذہنی یا بدنی)؛ عذاب ؛ کرب ؛ جذبات یا احساسات کی اثرپذیری ۔ (فعل متعدی) اضطراب و بے چینی پیدا کرنا ۔ (فعل لازم) بُری طرح اذیت میں ہونا ۔

angular, a. زاویائی ؛ زاویہ دار ؛ کونوں والا ؛ گوشہ دار ؛ نوکیلا ؛ زاویہ بناتا ہوا ؛ زاویہ لیے ہوئے ؛ گوشے دار استخوانی ۔

Angular motion, angular velocity, n. زاویائی حرکت یا رفتار ؛ دائرہ بنا کر گھومتے ہوئے ، کسی نقطے یا جسم کی حرکت یا رفتار ؛ نصف قطر کا دور ۔

angularity, n. زاویہ داری ؛ زاویہ دار ہونے کی حالت ؛ پہلو داری ۔

angularly, adv. زاویائی انداز میں ؛ زاویہ بناتے ہوئے ۔

angularness, n. زاویہ داری ۔

angulate, a. زاویہ کش ؛ زاویہ دار ؛ کونہ رکھتا ہوا ؛ گوشے دار ۔

angulation, n. زاویہ کشی ؛ زاویہ دار ہونے کی حالت ؛ زاویوں کے درجوں کی پیمایش ؛ کوئی زاویہ دار شکل یا ساخت ۔

anhydride, n. نابید ؛ آکسیجنی مرکبّات کی ایک قسم جسے پانی خارج کر کے بعض زیادہ مختلف الاجزا مرکبات سے حاصل کرتے ہیں ؛ بے آب مرکب ؛ این ہائیڈرائیڈ ۔

anhydrite, n. بے آب کیلسیم سلفیٹ ؛ ایک معدن جو موٹے دانوں والے گرینائیٹ پتھر (سنگ خارا) سے مشابہ ہے اور سیمنٹ میں جپسم کے بدل کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ؛ نابید جپسم ۔

anhydrous, a. (کیمیا) نابیدہ ؛ بے آب ؛ عملِ قلماؤ میں پانی سے خالی ۔

ani, n. انی ؛ ککو قبیلے کے پرندوں میں سے کوئی ایک جو امریکا کے زیادہ گرم علاقوں میں رہتا ہے ۔

aniline, n. نیلی ؛ اینی لین ؛ ایک مادہ جو نیل اور بعض دیگر نباتی مادوں سے حاصل ہوتا ہے اور نائٹرو بینزین سے مصنوعی طور پر بھی حاصل کیا جاتا ہے ۔ اسے رنگ سازی ؛ وارنش ، ادویات اور بروزوں میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

aniline dye, n. (کیمیا) نیلا رنگ ؛ اینی لین سے حاصل کردہ مصنوعی رنگوں میں سے کوئی ایک جو عموماً کول تار سے بنتا ہے ۔

animad version, n. اعتراض ؛ الزام ؛ ملامت ؛ ڈانٹ ڈپٹ ؛ سرزنش ؛ نکتہ چینی کا عمل ؛ پھبتی کسنا ؛ تنقیص یا

ناپسندیدگی کے اظہار کے لیے کہا گیا لفظ یا جملہ ؛ تنقید ؛ تنقیص ۔

animadvert, v.i. (متروک) ادراک رکھنا یا آگہی میں لانا؛ سرزنش ، ملامت ، نکتہ چینی یا تنقید کا نشانہ بنانا (بعد میں on یا upon لگاتے ہیں) ؛ تنقیص کرنا ؛ نکتہ چینی کرنا ۔

animal, n. حیوان ؛ جانور ؛ کوئی جاندار جو حس دار ہو اور خود حرکت کر سکتا ہو ؛ ادنیٰ یا بے شعور (انسان کے مقابلے میں) ، بیشتر چوپائے کے لیے آتا ہے ۔ (صفت) حیوانی ؛ جس کا جانوروں سے تعلق یا واسطہ ہو ؛ کسی جاندار کے حواسی حصے سے متعلق (بمقابلہ ذہنی یا روحانی حصے کے) ؛ حیوانی گوشت کا ، اس سے متعلق یا اس پر مشتمل ۔

animalcular, a. حیوانچوں یا خُوَین سے متعلق یا ان سے مشابہ ۔

animalculum, n. حیوانچہ ؛ خُوَین ؛ حیوانک ۔

animalcule, n. حیوانچہ ؛ خُوَین ؛ کوئی چھوٹا سا جاندار (کیڑا) خصوصاً وہ جو خوردبین سے دیکھا جا سکے اور اس کے بغیر نظر نہ آئے ۔

animal heat, n. حرارت غریزی ؛ حرارت جو تحولی عمل (غذا کے جزو بدن بننے کے عمل) سے زندہ جانوروں میں بنتی ہے ؛ حرارت حیوانی ۔

animal husbandry, n. علم حیوانات پروری ؛ زراعت کی وہ شاخ جس کا تعلق پالتو مویشیوں کی پرورش اور دیکھ بھال سے ہے ؛ حیوانات پروری ؛ افزایش و پرورش حیوانات ؛ افزایش مویشی ۔

animalism, n. حیوانیت ؛ شہوت پرستی ؛ حیوان ہونے والے خصائص ؛ صرف شہوانی حرکت میں آنے کی کیفیت ؛ نفس پرستی ؛ حسیات پرستی ؛ وہ نظریہ کہ انسان کی فطرت روحانی نہیں ہے ؛ فلسفہ حیوانیت ۔

animalist, n. حیوانی نظریے کا قائل ؛ شہوت پرست ؛ نفس پرست ۔

animality, n. فطرتِ حیوانی ؛ حیوان ہونے کی حالت ؛ حیوان کے سے خصائص ؛ دنیائے حیوانات ؛ انسان میں حیوانی خصلت (روحانی کے برعکس) ؛ حیوانیت ۔

animalization, n. حیوان گری ؛ حیوان بنانے کا عمل ؛ حیوان بنائے جانے کی حالت ۔

animalize, v.t. حیوان بنانا ؛ حیوانی زندگی دینا ؛ حیوانی مادے میں بدلنا ؛ حیوانی اشتہاؤں کے زیر عنان کرنا ؛ نفسانی جذبات کو ابھارنا ؛ شہوانی یا شہوت خیز بنانا ؛ وحشی بنا دینا ۔

animal magnetism, n. حیوانی مقناطیسیت ؛ شہوانی جاذبیت ؛ بعض افراد میں ایسی قوّت یا طاقت جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ ان میں تنویمی صلاحیت پیدا کر دیتی ہے ؛ جسمانی خصوصیات کی بنا پر جنسِ مقابل کے لیے (موجود) جاذبیت ۔

animal spirits, n. حیوانی جوہر ؛ جوش ؛ وفور حیات جو جسمانی صحت اور توانائی کے نتیجے میں پیدا ہوتا ہے ۔

animate, v.t. جلا دینا ؛ طبعی زندگی دینا ؛ قوت بخشنا ؛ جان ڈال دینا ؛ زندہ کر دینا ؛ زندگی ، روح یا سرگرمی عطا کرنا ؛ کسی شے کی طاقت اور اثر کو بلند کرنا ؛ ابھارنا یا اکسانا ؛ ولولہ دینا ؛ ہمت بندھانا ؛ ڈھارس دینا ؛ جوش دلانا ؛ متحرک تصویر کشی کرنا ؛ ذی روح بنانا ؛ حرکت میں لانا ۔

animate, a. جاندار ؛ ذی روح ؛ زندہ ؛ حیوانی زندگی رکھنے والا ؛ پُرجوش ۔

animated, a. جان آفریدہ ؛ متحرک ؛ جوشیلا ؛ پرزور ؛ زندہ دل ؛ توانا ؛ پُرجوش (جیسے an animated discourse) ۔

animating, a. حیات بخش ؛ حوصلہ بخش ؛ جان آفرین ؛ روح پرور ؛ زندگی دیتے ہوئے ؛ روح پھونکتے ہوئے ؛ جان ڈالتے ہوئے ؛ جلا دیتے ہوئے ؛ زندگی بخش ؛ جلا بخش ۔

animatingly, adv. جلا بخشی کے ساتھ ؛ جان آفرینی کے ساتھ ۔

animator, n. زندگی بخش ؛ جان آفریں ؛ بولتے کارٹون بنانے والا ۔

animated cartoon, n. بولتے کارٹون ؛ متحرک کارٹون ؛ ایک متحرک فلم جو خاکوں کے سلسلے پر مشتمل ہوتی ہے اور فلم بناتے وقت ، ایک خاکے سے دوسرے تک ، جو خفیف سی تبدیلیاں ظاہر کی جاتی ہیں ان سے یہ احساس پیدا ہوتا ہے کہ وہ خاکے حرکت کر رہے ہیں ۔

animation, n. جان آفرینی ؛ جلا بخشنے یا زندگی دینے کا عمل یا جاندار ہونے کی حالت ؛ جاندار ہونے کی کیفیت ؛ زندہ دلی ؛ چُستی ؛ بشاشت ؛ متحرک تصویر کشی ؛ جوش ؛ حیاتیت ۔

animato, a. پرجوش ۔ (موسیقی) جوش انگیز انداز میں ۔ (متعلق فعل) جوش بھرے طریقے سے ۔

anime n. انیمے ؛ انیم ؛ امریکی منطقہ حارہ کے ایک بڑے درخت سے رسنے والا گوند جس سے وارنش ، لاکھی روغن اور خوشبوئیں بنائی جاتی ہیں ؛ ایک قسم کا گوند ؛ سندروس ؛ رال ۔

animism, n. نسمیت ؛ روحیت ؛ قدیمی تصور جس کے مطابق ایک قوّت (روح کائنات) جو غیر مادی ہے لیکن مادے سے جدا بھی نہیں ہوتی اور وہی مادے کو شکل اور حرکت عطا کرتی ہے ؛ بے جان چیزوں میں بھی روح ہونے کا اعتقاد ؛ روح پرستی ؛ مظاہر پرستی ۔

animist, n. نسمیت یا روحیت کا قائل ؛ مظاہر پرست ۔

animistic, a. نسمیت یا روحیت کے عقیدے سے متعلق یا اس پر مبنی ؛ مظاہر پرستانہ ۔

animosity, n. بُغض ؛ کینہ ؛ تلخ اور جارح عداوت ؛ بدخواہی ؛ دُشمنی ؛ خصومت ؛ عناد ؛ بیر ۔

animus, n. نیت ؛ ارادہ ؛ مقصد ؛ جذبہ ؛ روح ؛ مزاج (خصوصاً معاندانہ جذبہ یا غصیلا مزاج) ؛ عداوت ؛ خصومت ؛ جان ؛ روحِ رواں ؛ نسمہ ۔

anion, n. منفی رواں ؛ زیر رواں ؛ منفی آئیون ۔ (طبعی کیمیا) کسی برق پاش کا وہ جزو جو برق پاشی میں مثبت قطب پر جمع ہو جاتا ہے ؛ منفی برقی اثر والا آئیون ۔

anionic, a. منفی رواں یا آئیون کے متعلق یا اس کا حوالہ لیے ہوئے ؛ آئیونی ۔

anise, n. سونف ؛ بادیان ؛ انیسون ؛

ایک چھتریلا پودا جو سال میں ایک بار بار آور ہوتا ہے ، اس کے بیجوں میں مہک ہوتی ہے ، ذائقہ گرم اور خوشگوار ہوتا ہے ؛ الکوحل سازی میں اس سے کام لیا جاتا ہے ۔

aniseed, n. سونف ؛ تخمِ بادیان ؛ اس کا ذائقہ ملیٹھی جیسا ہوتا ہے اور کھانوں میں استعمال کرتے ہیں ۔

anisette, n. عرق سونف ؛ بادیانی خوشبو والی شراب ۔

anisogamous, a. نابرابرزواجی ؛ غیر کفوزواجی ۔ (حیاتیات) اس قسم کا تولیدی عمل جس میں ایسے افراد کا اختلاط ہو جن کے قد کاٹھ ایک سے نہ ہوں یا مختلف ہوں ۔

anisometric, a. غیر ہم ترکیبی ؛ جو ہم ترکیبی یا آئسومیٹرک نہ ہو ؛ نا مساوی پیمایش والا ، اس کا اطلاق بلّور کی ان قلموں پر ہوتا ہے جو تینوں محوروں پر ایک دوسرے سے مختلف طور پر صورت پذیر ہوتی ہیں ۔

anisotropic, a. ناہم سموت ؛ قطبیت دار ؛ اس کا اطلاق ایسے اجسام پر ہوتا ہے جن کا سائز مختلف سمتوں میں بدلتا رہتا ہے ؛ مختلف السموت ۔

ankerite, n. اینکرائیٹ ؛ ایک معدن جو ترکیب کے لحاظ سے ڈولومائیٹ کے بہت قریب ہے ، البتہ اس میں لوہے کی مقدار نسبتاً زیادہ ہوتی ہے ۔دیکھیے : dolomite ۔

ankh, n. انخ ۔ (مصری آرٹ) ایک صلیب جس کے اوپر کی جانب چھلاّ ہوتا ہے جسے نسل اور طویل عمری کی علامت سمجھا جاتا ہے ۔

ankle, n. ٹخنہ ؛ پاؤں کو ٹانگ سے ملانے والا جوڑ ؛ کعب ۔

anklebone, n. ٹخنے کی ہڈی ؛ عظم الکعب ۔

anklet, n. پایل ؛ پازیب ؛ ٹخنے کا زیور ، سہارا یا حفاظت ؛ ٹخنوں سے ذرا اوپر جانے والی جراب ۔

ankylose, anchylose, v.t. جساۃ یا صلابت مفصل سے متاثر ہونا ؛ جُڑواں بڑھنا ۔ (فعل لازم) صلابتِ مَفصِل کا شکار ہونا ۔

ankylosis, anchylosis, n. جساۃ ؛ صلابت مَفصِل ؛ جما جوڑ ؛ جوڑوں کی کسی بیماری یا عمل جراحی کے نتیجے میں پیدا ہونے والی سختی اور جمود ؛ ایک دوسرے کے ساتھ ملی ہوئی ہڈیوں کے مفاصلی سروں کی غیر صحت مند پیوستگی ۔

ankylotic, a. صلابتِ مَفصِل سے متعلق ۔

anlage, n. بروز ۔ (حیاتیات) کسی نامی عضو یا حصے میں خلیوں کا ابتدائی اجتماع ؛ کسی نمو میں ابتدائی قدم ۔

annalist, n. وقائع نگار ؛ داستان نگار ؛ سوانح نگار ۔

annalistic, a. وقائع نگاری سے متعلق ؛ اس کا سا انداز لیے ہوئے یا اس سے مخصوص ۔

annals, n. وقائع ؛ تقویمی ترتیب کے مطابق واقعات کا ، باہمی تعلق یا ان کی تاریخ ، جس میں ہر واقعہ کو سال وقوع کے تحت درج کیا گیا ہو ؛ سالانہ سرگزشت ؛ اتہاس ؛ تواریخ ؛ ادوار ۔

Annamese, n. انامی ؛ ایک منگول قوم جو بیشتر ویت نام کے مشرقی ساحل پر آباد ہے ۔ یہ علاقہ کبھی فرانس کے زیر تسلط تھا اور انام کہلاتا تھا ؛ ویت نامیوں کا سب سے بڑا نسلی گروہ ؛ انامیوں کی زبان ۔

annatto, n. اناٹو ؛ ایک چھوٹا سا استوائی امریکی درخت جس کے بیج سرخی مائل نارنجی رنگ تیار کرنے کا مواد مہیا کرتے ہیں ؛ اناٹو سے حاصل کیا گیا رنگ ۔

anneal, v.t. تاؤ دینا ؛ تپانا ؛ شیشے یا لوہے وغیرہ کے برتنوں کو بھٹی یا تنور میں حرارت دینا اور پھر آہستہ آہستہ ٹھنڈا کرنا تا کہ ان میں بھربھرا پن کم ہو جائے ؛ بتدریج تاؤ کم کر کے پختگی پیدا کرنا ؛ رنگ پکا کرنے کے لیے گرم کرنا ؛ پکانا ؛ سخت کرنا ۔

annelid, n. حلقہ دار کیڑا ؛ کنڈل کیڑا ؛ ایک حلقہ دار کرم جو کنڈیالی قسم کے حلقہ دار جانداروں میں سے ہے ۔ یہ نام اس لیے پڑا کہ اس کا جسم کیچوے کی طرح بہت سے چھوٹے چھوٹے حلقوں سے بنا ہوتا ہے ۔

annelidan, a. کنڈل دار ؛ حلقہ دار ۔

annex, v.t. منسلک کرنا ؛ ملحق کرنا ؛ سرے پر جوڑنا ؛ کسی کے ساتھ ملا دینا ؛ جوڑ دینا جیسے کسی چھوٹی چیز کو بڑی کے ساتھ ؛ ضم کر دینا ؛ نتّھی کرنا ؛ شامل کرنا (بالخصوص سلسلے کے طور پر ، جیسے : to annex a penalty) ؛ الحاق کرنا ؛ جوڑنا ؛ ملانا ؛ لگانا ؛ شریک کرنا ۔

annex, n. منسلکہ ؛ ملحقہ ؛ مشمولہ ؛ جوڑی گئی چیز ؛ اضافہ ؛ ضمیمہ ؛ ایزادی شرط یا صراحت مزید ۔

annexation, n. انسلاک ؛ الحاق ، شمولیت ؛ عمل الحاق ؛ جس کا الحاق کیا گیا ہو ؛ اضافہ ؛ اتحاد ؛ اتصال ؛ اشتمال ۔

annexationist, n. الحاق پسند (وہ جو کسی ملک کا کوئی حصہ کسی اور ملک کے ساتھ الحاق کر لینے کے حق میں ہو) ۔

annihilate, v.t. نابود کر دینا ؛ ناپید کر دینا ؛ وجود ختم کر دینا ؛ ہستی مٹا دینا ؛ کالعدم کر دینا ؛ منسوخ کرنا ؛ کسی کی صورت یا مخصوص امتیازی خواص کو فنا کر دینا ؛ نیست و نابود کر دینا ۔

annihilation, n. نیستی ؛ فنا ؛ عمل انہدام یا منہدم ہو جانے کی حالت ؛ ستیاناس ؛ اعدام ؛ افنا ؛ تعدیم ؛ بربادی ۔

annihilator, n. فنا کر دینے والا ؛ منہدم کر دینے والا ۔

anniversary, n., a. برسی ؛ سال بہ سال ؛ سالگرہ ؛ مخصوص وقت پر سال کے ساتھ لوٹنے والا ؛ سالانہ ؛ کوئی مقررہ دن جب کوئی تقریب ہر سال منائی جاتی ہو ؛ سالانہ رسم ؛ کسی واقعہ کی یاد میں سالانہ تقریب (جیسے : a wedding anniversary شادی کی سالگرہ) ۔

anno Domini, سنِ عیسوی ؛ خداوند کے سال میں ۔ (سنِ عیسوی مراد ہے ۔ A.D اسی کا مخفف ہے) ۔

annohegirae, annohejirae, adv. سنِ ہجری ؛ ہجرت کے سال میں (بمطابق ۶۶۲ اے ۔ ڈی) ، اسلامی دور میں (کوئی تاریخ یا زمانہ) ۔ (اس کا مخفف ہے A.H.) ۔

annotate, v.t. شرح لکھنا ؛ تنقید کرنا ؛

اشارات لکھ کر اظہارِ خیال کرنا ؛ حاشیہ چڑھانا ؛ تحشیہ لکھنا ؛ شرح لکھنا ۔ (فعل لازم) شارح/نقّاد کا کردار ادا کرنا ؛ اشارات اور خیالات تحریر کرنا ؛ حاشیہ چڑھانا (بعد میں on لگاتے ہیں) ۔

annotated, a.
مشرح ۔

annotator, n.
شارح ؛ نقاد ؛ تنقید نگار ؛ حاشیہ نگار ؛ تحشیہ نگار ؛ مبصر ۔

annotation, n.
شرح ؛ تبصرہ/تنقید نگاری کا عمل ؛ کسی پر تنقیدی اشارات نگاری ؛ کسی کتاب کے کسی حصے پر کی گئی تنقید ؛ تحشیہ ؛ حاشیہ نگاری ۔

announce, v.t.
منادی کرنا ؛ شائع کرنا ؛ نشر کرنا؛ اعلان کرنا ؛ پہلے سے مطلع کر دینا ؛ نوٹس یا اطلاع اوّل دینا ؛ اعلان کرنے کا فرض ادا کرنا ؛ ڈھنڈورا پیٹنا ۔

announcement, n.
منادی ؛ اعلان کرنے یا اطلاع دینے کا عمل ؛ اعلان ؛ اشاعت ؛ نشرکاری ؛ نشریہ ؛ اطلاع ؛ کسی واقعہ کا رسمی اعلان ؛ ڈھنڈورا ۔

announcer, n.
مُعلِن ؛ اعلانچی ؛ ڈھنڈورچی؛ نشر کار؛ منّاد ؛ اناؤنسر ؛ اعلان کرنے والا (خصوصاً جو پروگرام وغیرہ سے ٹی وی اور ریڈیو پر متعارف کراتا ہو) ۔

annoy, v.t.
ناراض کرنا ؛ دق کرنا ؛ اذیت دینا ؛ بے سکون کرنا (اپنے مسلسل اور بار بار کے اقدامات سے) ؛ تنگ کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ ستانا ؛ برہم کرنا ؛ جھنجھلا دینا ؛ چڑانا ۔

annoyance, n.
ناراضی ؛ ایذا ؛ جنجھلاہٹ ؛ تنگ کرنے کا عمل ؛ تنگ ہونے کی حالت ؛ وجہِ اذیت ؛ عذابِ جان ؛ بنائے مصیبت ؛ مضرت ؛ ناگواری ؛ پریشانی ؛ تکلیف ؛ بیزاری ۔

annoyer, n.
اذیت رساں ؛ تکلیف دہ ؛ ناراض ؛ دق یا تنگ کرنے والا ۔

annoying, a.
تکلیف دہ ؛ وجہِ اذیت ؛ اذیت بخش ۔

annual, a.
سالانہ ؛ سال بہ سال ؛ صرف ایک سال یا ایک سالہ موسم میں قائم رہنے والا ؛ سال بھر میں کیا جانے والا ، سال کے مطابق شمار میں لایا جانے والا ؛ فصلی ۔(اسم) یک سالہ ؛ یک فصلہ؛ سال کے اندر اندر اُگنے،پھولنے،پھلنے اور ختم ہو جانے والا پودا ؛ سال میں ایک بار شائع ہونے والا کوئی ادبی جریدہ وغیرہ ؛ سالنامہ ۔

annually, adv.
سالانہ ؛ سال بسال ؛ ہر سال ۔

annual ring, n.
(نباتیات) سالانہ حلقے (تنے میں) ۔ کسی چوب دار پودے کے تنے کے گرد لکڑی کی سال بہ سال افزایش۔

annuitant, n.
سالیانہ گیر ؛ سالیانہ پانے والا ؛ سالیانہ دار۔

annuity, n.
سالانہ وظیفہ ؛ سالیانہ ؛ سالانہ مشاہرہ؛ سالانہ دی جانے والی رقم جو کسی شخص کو عمر بھر یا کسی خاص عرصے تک ملتی رہتی ہے ؛ ایسی رقم وصول کرنے کا حق اور ادا کرنے کی ذمہ داری ۔

annul, v.t.
نابود کرنا ؛ منہدم کرنا ؛ کالعدم کر دینا ؛ مٹا دینا ؛ منسوخ کرنا ؛ موقوف کر دینا ؛ قلمزد کرنا ؛ رد کرنا ؛ تنسیخ کرنا (قانون ، فرمان، معاہدہ وغیرہ کی)۔

annular, a.
حلقہ نما ؛ چُوڑی نما ؛ چھلے دار ، حلقہ صورت ؛ حلقے کے متعلق ؛ حلقہ صفت ؛ چنبری؛ حلقہ دار ۔

annularity, n.
حلقہ نمائی؛ حلقہ داری وغیرہ ۔

annularly, adv.
چنبری طریقے سے ؛ حلقہ دارانہ ؛ حلقہ نمایانہ ۔

annular eclipse, n.
حلقہ نما گہن ۔ (فلکیات) چھلے دار گرہن ؛ گرہن کی وہ صورت جس میں چاند کا سایہ سورج کے طشت کو پوری طرح ڈھانک نہیں لیتا اور پورے گرہن کے باوجود ایک روشن دائرہ سا نظر آتا رہتا ہے؛ کسوفِ چنبری ۔

annular ligament, n.
(تشریح الاعضا) رباطِ چنبری؛ حلقہ نما رباط؛ دائرہ نما رباط ؛ گول رباط ؛ ہڈیوں کو جوڑنے والا چھلّے دار بند ۔

annulate, a.
حلقہ دار ؛ چھلہ نما (جیسے کسی کرم کا بدن)؛پٹی دار ؛ چُوڑی دار ۔

annulated, a.
حلقہ دار ؛ چوڑی دار ؛ چھلہ نما ۔

annulation, n.
حلقے ڈالنا؛ چوڑی ڈالنا ؛ کوئی حلقہ نما یا چھلے دار ساخت ۔

annulet, n.
چھلاّ ؛ حلقیزہ ؛ انگشترک ؛ کوئی انگشتری نما (حلقہ نما) شے ۔ (فنِ تعمیر) کسی ستون یا منارے کے گرد بنایا جانے والا حلقہ یا کڑا ۔

annulment, n.
تنسیخ؛ منسوخی؛ کالعدم کرنے کا عمل یا ہونے کی حالت ؛ تنسیخِ نکاح کا عدالتی حکم ؛ بُطلان ؛ فسخ ۔

annulose, a.
حلقہ دار ؛ حلقوں سے مزیّن؛ حلقوں پر مبنی جسم کا؛ کیچوے ، کِرم ، جونک ، کیکڑے ، مکڑی اور کیڑے مکوڑوں کی دنیا سے متعلق ۔

annulus, n.
چھلاّ ؛ انگشتری ؛ حلقہ وش ساخت ، حصہ ، پٹی یا جگہ ؛ چنبر؛ حلقہ ؛ دائرہ ۔

annunciate, v.t.
خبر لانا ؛ مطلع کرنا ؛ بشارت دینا ؛ منادی کرنا ۔

annunciation, n.
خبر دہی کا عمل ؛ اعلان ؛ شہرت ؛ خبر ؛ اشتہار ۔ (بڑے A سے) وہ بشارت جو فرشتہ حضرت مریم کے پاس تجسیمِ مسیح کے بارے میں لے کر آیا تھا ؛ اس بشارت کے حوالے سے ۲۵ مارچ کو منائی جانے والی عیسوی تقریب ؛ بشارت مسیح ؛ عید بشارت ۔

annunciator, n.
مُبشّر ؛ اعلان کرنے والا ؛ برقی مظہر ؛ مشتہر ؛ مُعلِن ۔

anociassociation, anociation, n.
نادرد پذیری؛ صدمے اور مضرت رساں اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے عملِ جراحی سے پہلے ، دوران یا بعد میں علاج کا ایک طریقہ جس میں عمومی اور مقامی تخدیر (anesthesia) کی یک جائی سے دماغ کو آپریشن کے مقام سے جدا کر دیا جاتا ہے تا کہ انتبابی ذہنی تاثرات سے مریض کو محفوظ رکھا جا سکے ۔

anode, n.
مثبیرہ ؛ زیربرقیرہ ؛ اینوڈ ؛ کسی بیٹری یا خلا زدہ ٹیوب وغیرہ کا برقیرہ (الیکٹروڈ) یا قطبِ مثبت؛اسے اکثر ''پلیٹ'' کہا جاتا ہے (کیتھوڈ یا منفیرہ کے برعکس) ۔

anodize, v.t.
مثبیرانا ؛ استرکاری کرنا ؛ کسی دھات وغیرہ پر برق پاشی کے عمل سے کسی حفاظتی تہ کا استر

چڑھانا ۔

anodyne, n. درد رُبا ؛ کوئی درد دور کرنے والی دوا ؛ بے سکونی کو دور کرنے والی کوئی شے ؛ مُسکّن دوا ؛ بے چینی کو کم کرنے والی دوا ۔ (صفت) درد میں کمی کرنے والی ؛ سکون بخش ، مُسکّن ۔

anoint, v.t. چُپڑنا ؛ تیل ڈالنا ؛ تیل سے تر کرنا ؛ تیل یا روغنی شے کی مالش کرنا ؛ مقدّس روغن سے یا تیل سے کسی مقدّس رسم کو ادا کر کے نذر نیاز دینا ؛ وقف کر دینا ؛ تدہین کرنا ۔

anointer, n. تدہین کار ؛ تیل ڈالنے یا چُپڑنے والا ؛ نذر گزار ۔

anointment, n. تیل ڈالنے یا چُپڑنے کا عمل ؛ تدہین ؛ نذر گزاری ۔

anomalistic, a. بے قاعدگی سے متعلق ۔

anomalistic year, n. سالِ شمسی اَوجی ؛ زمین کی سورج کے گرد ایک مکمل گردش جو ۱۹۰۰ء میں ۳۶۵ دن ۶ گھنٹے ، ۱۳ منٹ اور ۵۳ سیکنڈ تھی اور ۲۶ سیکنڈ فی صد سال کی شرح سے اس میں اضافہ ہو رہا ہے ۔

anomalous, a. بے قاعدہ ؛ خلاف معمول ؛ عام اصول ، طریقے یا روش سے ہٹا ہوا ؛ خلاف قاعدہ ؛ اختلافِ قاعدہ ؛ انوکھا ؛ ورائے فطرت ؛ غیر معمولی ؛ غیر طبعی ۔

anomalously, adv. بے قاعدگی سے ؛ انوکھے پن سے ۔

anomalousness, n. بے قاعدگی ؛ انوکھا پن ؛ غیر طبعی صورت ۔

anomaly, n. بے قاعدگی ؛ عام قاعدے سے انحراف ؛ خلافِ قاعدہ ؛ کوئی غیر طبعی چیز ؛ بے ضابطگی ؛ بے استقامتی ؛ خرقِ عادت ؛ عدم یکسانی ۔ (فلکیات) خروج مرکز ؛ کسی سیارے کا سورج سے قریب ترین مقام سے فاصلہ (درجوں میں ناپا ہوا) ، نیز وہ زاویہ جو کسی سیّارے کی حرکت میں نمایاں بے قاعدگیوں کا پتہ دیتا ہے ۔ (موسمیات) کسی فضائی عنصر کی کسی عرض بلد سے مقامی قدرِ اوسط اور کسی عرض بلد سے اس عنصر کی قدر اوسط کے مابین فرق ۔ دیکھیے : meteorological elements ۔

anomie, anomy, n. (عمرانیات) عدم رسمیت ؛ دستور فراموشی ؛ کسی معاشرے یا فرد کی کیفیت جس میں معاشرتی اور کرداری معیار کمزور ، نابود یا بدلتے جا رہے ہوں ؛ لاقانونیت ؛ وہ معاشرہ جس میں معیار کمزور یا معدوم ہو گئے ہوں ۔

anonym, n. کوئی فرضی یا جعلی نام ؛ گم نام ؛ مجہول الاسم ۔

anonymity, n. بے نام ہونے کی حالت یا صورت ؛ گمنام باشی ؛ گمنامی ؛ بے نامی ۔

anonymous, a. غیر موسوم ؛ گم نام (مصنف ، ادیب وغیرہ کی صورت میں جس کا کوئی معلوم نام نہ ہو) ؛ مجہول الاسم ۔

anonymousness, n. بے نامی ؛ گمنامی ۔

anopheles, n. ملیریا مچھر ؛ اس نام و جنس کا مچھر ، جب اس میں ملیریا پیدا کرنے والے نامیے سرایت کر جاتے ہیں تو یہ انسانوں کو کاٹتے ہوئے اُن میں اس بیماری کو منتقل کر دیتا ہے ۔

anorak, n. انوراق ؛ ٹوپ دار جیکٹ؛ کلاہی پوستین ؛ پارکا ۔

anorexia, n. (طب) عدم اشتہا ؛ بھوک کا مرضیاتی فقدان (خصوصاً اعصابی بے اشتہائی یعنی نفسیاتی علامات کے ساتھ بھوک کا مر جانا)؛ بے اشتہائی ۔

anosmia, n. (طب) خشم ؛ عدم شامہ ؛ قوت شامہ یعنی سونگھنے کی حس کی کمی یا اس کا زوال ؛ بے شمّی ؛ فقدانِ شامہ ۔

another, a. دوسرا ؛ جو پہلے سا نہ ہو ؛ مختلف ؛ ایک اور ؛ سابق عدد میں ایک زائد ؛ کوئی دوسرا ؛ مزید ؛ دیگر ۔

another, pron. ایسا ہی دوسرا ؛ ایک اور ؛ ایسا ہی ایک اور ؛ دوسرا ؛ وہ جو موجودہ سے بالکل ممتاز ہو ؛ وہ جو کسی غیر مخصوص گروہ سے ہو ؛ اسے اکثر اسم کے بغیر استعمال کیا جاتا ہے اور کسی شخص یا چیز کے نام کے متبادل / ضمیر کے طور پر، one کے برعکس بالعموم لایا جاتا ہے (جیسے One went one way, another another way)؛ باہمی مفہوم میں بھی مستعمل ہے (جیسے love one another.) ۔

anoxemia, n. بے آکسیجن دمویت ؛ شریانوں کے خون میں آکسیجن کے عمل کی غیر معمولی طور پر کم ہونے کی حالت ؛ قلّتِ آکسیجن ۔

anoxia, n. (طب) بے آکسیجنی ؛ قلّتِ آکسیجن ؛ بدنی ریشوں میں آکسیجن کی کم فراہمی ؛ آکسیجن کی کمی سے پیدا ہونے والی پیچیدگیاں ۔

anschluss, n. ملاپ ؛ اتحاد ؛ حروف چِلی میں ہو تو ۱۹۳۸ء میں ہونے والا آسٹریا اور جرمنی کا سیاسی اتحاد ؛ انشلوس ۔

anserine, anserous, a. بطخی ؛ قازی ؛ بطخ یا اس کی کھال جیسا یا اس سے متعلق ؛ اُس انسانی جلد کے لیے استعمال ہوتا ہے جو سردی یا بیماری سے اکھڑی ہو گئی ہو ؛ بیوقوف ؛ احمق ۔

answer, v.t. جواب دینا ؛ جواباً بولنا یا لکھنا ؛ کسی کو جواب دینا ؛ تردید کرنا ؛ جواباً کچھ کہنا یا کرنا ؛ کی تعمیل میں کچھ کرنا ؛ کی تکمیل یا تسکین میں کچھ کرنا ؛ کسی کو یا کسی کے لیے حسابات پیش کرنا یا تیار کرنا ؛ ضامن بننا ؛ کے برابر یا شایانِ شان ہونا ؛ کام دینا ؛ مناسب رہنا ۔ (فعل لازم) جواب دینا ؛ جواباً بولنا یا لکھنا ؛ کسی بُلاوے کا جواب دینا ؛ موزوں یا مناسب ہونا ؛ پورا اترنا ۔

answer for کے لیے جواب دہ ہونا ؛ ضمانت دینا ۔

answer to سے معروف ہونا ؛ سے ملتا ہونا (مشابہت ، موزونیت یا تعلق باہمی کی بنا پر) ۔

answer, n. جواب ؛ تعمیل ارشاد ؛ کسی بلاوے ، سوال ، استدلال ، چیلنج ، پکار ، الزام ، عرض داری ، درخواست ، التجا یا خطاب کے جواب میں جو کچھ کہا،لکھا یا کیا گیا

ہو ؛ حساب یا ریاضی کے کسی مسئلے کا نتیجہ ؛ حل ؛ کسی اور چیز کے بدلے میں یا نتیجے میں جواباً جو کچھ کیا گیا ہو۔ (قانون) وکالت کرتے ہوئے واقعات کے سلسلے میں جوابی بیان ؛ جواب دعوی ؛ ردِ کلام ؛ تردید ؛ کسی الزام تراشی کا جواب ؛ صفائی نامہ ؛ بریّت ؛ مدافعت۔

answerable, a. جواب دہ ؛ قابلِ جواب دہی ؛ وضاحت کے لیے مجبور ؛ ذمہ دار ؛ ممکن الجواب۔

answerableness, n. جواب دہی ؛ جواب دہ ہونے کی صورت۔

answerably, adv. ذمہ دارانہ طریق سے ؛ جواب دہی کے انداز سے۔

ant, n. چیونٹی ؛ کیڑی ؛ نملیہ(Formicidae) کے خاندان کا پربند حشرہ ، عموماً قبائلی صورت میں رہتا ہے جس میں نر ، مادہ اور بے جنس اقسام شامل ہوتی ہیں ؛ یہ نام ان حشرات کے لیے بھی بولا جاتا ہے جن کے پروں میں رگوں کا جال سا بچھا ہوتا ہے اور جن کا درست نام دیمک (termite) ہے۔

anta, n. (فن تعمیر) اینٹا ؛ کوئی مربّع یا مستطیل پایہ یا ستون جسے اوپر کی جانب دیوار کو دبیز کر کے بنایا گیا ہو۔

ant-acid, n., a. ضدِ تیزاب ؛ ترشہ توڑ ؛ کھٹائی کا توڑ ؛ معدے کی ترشی ختم کرنے کے لیے ایک دوائی ؛ القلی ؛ دافع تیزابیت ؛ ضد ترشہ۔

antagonism, n. عناد ؛ معاند یا معاندانہ ہونے کا مزاج ؛ مخالف قوّت ؛ اشیا یا اصولوں کا تخالف یا تضاد ؛ احساسِ عداوت ؛ بیر ؛ لاگ ؛ مخالفت ؛ تضاد العمل ؛ دشمنی۔ (فعلیات) تخالفِ عضلات ؛ جاندار ریشوں یا خلیوں پر کسی شے کے عمل کی مخالفت ؛ تردیدِ عضلات۔

antagonist, n. معاند ؛ حریف ؛ کسی کے ساتھ برسرِمخاصمت ؛ مخالف ؛ مخاصم ؛ مقابل ؛ دشمن ؛ کسی دوا کے اثر کو زائل کرنے والی کوئی دوا ؛ کسی عضلے کے عمل پر ردّ عمل کرنے والا عضلہ۔ (صفت) تخالف یا مخالفت کرنے والا ؛ مزاحم (خصوصاً عضلات)۔

antagonistic, a. معاندانہ ؛ حریفانہ ؛ مخالفانہ ؛ مخاصمانہ۔ (اسم) وہ عضلہ جس کا عمل کسی اور کے تخالف میں ہو ؛ عُضلۂ مخاصم۔

antagonistically, adv. حریفانہ ؛ معاندانہ ؛ مخالفانہ انداز میں ؛ مخاصمانہ۔

anatagonize, v.t. مخاصمت کرنا ؛ مخالفت کرنا ؛ دشمن یا مخالف بننے کا اقدام کرنا۔ (فعل لازم) لڑانا ؛ لڑوانا ؛ ایک دوسرے کے مقابل کھڑا کر دینا۔

antalkali, n. ضدِالقلی ؛ القلی توڑ ؛ کوئی شے جو القلی کو معتدل کر دے۔

antalkaline, a. ضدِ قلوی ؛ القلی کو غیر موثر کرنے یا معتدل کرنے کی خصوصیت رکھنے والی۔

antarctic, a. (بیشتر بڑے A سے) قطب جنوبی یا انٹارکٹکا کا ؛ قطب شمالی یا آرکٹک کے مخالف سمت میں ؛ قطب جنوبی یا اس کے نواحی علاقے سے متعلق ، عموماً اس سے وہ دائرہ مراد لیا جاتا ہے جو خط استوا کے متوازی اور قطب جنوبی سے شمال کی جانب ۲۳° ۲۸ کے فاصلے پر واقع ہے۔

antarctic circle, n. دائرہ قطب جنوبی ؛ (عام طور پر اس لفظ کے حروف A اور C جلی لکھے جاتے ہیں) ؛ ایک فرضی خط جو زمین کے گرد دائرہ بناتا ہوا خط استوا سے متوازی ۲۸ °۲۳ کے فاصلے پر قطب جنوبی سے شمال کی جانب گزرتا ہے۔

ant bear, n. مُور خرس ؛ نمل خور ؛ آرڈ واک ؛ مورخور ؛ جنوبی امریکا کا ایک بڑا مُورخور ریچھ جیسا جانور جس کا اصطلاحی نام Myrmecophaga jubata ہے۔ اسے great ant eater بھی کہتے ہیں ؛ نمل خورِ کبیر۔

ant cow, ant cattle, n. تِیلی ؛ پیڑ جوں ؛ قملۂ سبز جس سے چیونٹیاں شہد حاصل کرتی ہیں۔

ante, n., (تاش) پتے بانٹنے سے پہلے پوکر کھیلتے وقت ہر کھلاڑی کی جانب سے لگایا گیا داؤ ؛ ادائی ؛ اخراجات میں شراکت۔

anteater, n. مور خور ؛ آرڈواک ؛ چیونٹیاں کھانے والا ایک چوپایہ بالخصوص وہ بے دانتا جانور جس کا تعلق مائر میکو فیگا (Myrmecophaga) جنس سے ہے۔ یہ چیونٹیاں اور دوسرے کیڑے مکوڑے کھاتا ہے اور اپنی لمبی لیس دار لعابی زبان سے انہیں چاٹ جاتا ہے۔

antebellum, a. جنگ سے قبل (اس سے اکثر ریاستہائے متحدہ امریکا کی خانہ جنگی مرادّ لی جاتی ہے)۔

antecede, v.t. قبل از وقت جانا؛ پہلے روانہ ہونا ؛ ما قبل آنا۔

antecedence, n. اوّلیت؛ وقتِ مقرر سے پہلے جانے کا عمل یا صورت؛ سبقت ؛ پہل ؛ تقدم۔

antecedent, n. ماقبل ؛ شرطِ مقدم ؛ مکانی یا زمانی لحاظ سے پہلے جانے والا ؛ کوئی شخص یا پہلے جانے والی کوئی شے۔ (گرامر) ضمیر کا مرجع ؛ وہ اسم جس کی طرف ضمیر نسبتی یا کوئی اور ضمیر اشارہ کرے ؛ پیش رَو۔ (جمع) کسی شخص کی زندگی کے سابقہ واقعات ؛ سابقہ رویّہ ، روش یا مسلمہ اصول ؛ اجداد۔

antecedent, a. پہلے جانے والا ؛ پیش رو ؛ مقدم ؛ سابقہ۔

antecedently, adv. سابقاً ؛ سابقہ وقت میں۔

antecessor, n. رہنما ؛ آگے جانے والا ؛ پیش پیش ؛ لیڈر ؛ پیش رو۔

ante-chamber, ante-room, n. ڈیوڑھی ؛ کوئی کمرا جس کا کسی اور کمرے یا باش گاہ میں دروازہ کھلتا ہو ؛ پیش کمرا ؛ پیش دالان ؛ دہلیز۔

antechoir, n. کسی گرجا کے احاطے کے اندر ، سماع خانہ کے سامنے کی کُھلی جگہ۔

antedate, n. پیش تاریخ ؛ اصلی تاریخ سے پہلے کی تاریخ۔

antedate, v.t. اصلی تاریخ سے پہلے یا قبل از وقت تاریخ ڈالنا ؛ آئندہ کی تاریخ آج ڈال دینا؛ حقیقی تاریخ سے پہلے کی کوئی تاریخ ڈالنا ؛ پہلے جانا (ہونا) جیسے England antedates the U.S. ؛ پیش بندی کرنا۔

ante-diluvian, a.
قبل نوح ؛ طوفان نوح سے
پہلے موجود ، وقوع پذیر یا ان سے متعلق ؛ عتیقی ؛ دقیانوسی ؛ پُرانا ۔
(اسم) طوفان (نوح) سے پہلے کا انسان ۔

anteflexion, n.
(امراضیات) پیش خمیدگی ؛
آگے کی جانب جھکاؤ (خصوصاً رحم کا) ۔ دیکھیے: retroflexion ؛
اعوجاج قدامی ۔

antelope, n.
چکارا ؛ مِرگ ؛ آہو ؛
ثوری قبیلے کے جگالی کرنے اور دودھ پلانے والے جانوروں کی بہت سی انواع میں سے ایک : یہ ہرن کے مشابہ لیکن فطرتاً مختلف ہوتا ہے ، اس کے سینگ کھوکھلے ، بے شاخ اور ان جھڑ ہوتے ہیں ؛ اس جانور کی کھال سے کمایا ہوا چمڑا ۔

antemeridiem, n.
قبل دوپہر (دن کا وقت
ظاہر کرنے کے لیے مستعمل) ؛ اس کا مخفف AM ہے اور یہی زیادہ مستعمل ہے جیسے 10 A.M. ۔

antemeridian, a.
جس کا قبل دوپہر سے تعلق ہو ۔

ante-mortem, a.
قبل از مرگ :
جیسے an ante mortem statement (پوسٹ مارٹم کے برعکس) ۔

ante-mundane, a.
قبل آفرینش ؛ تخلیق کائنات
سے پہلے کا ۔

antenna, n.
ہوائیہ ؛ محاس ؛ اینٹینا ؛
حشرات الارض جیسے کیڑوں اور قشریوں وغیرہ کے سروں سے سینگوں کی طرح آگے کو نکلے ہوئے تاروں میں سے ایک : ان کو لمس اور سماعت کے آلے خیال کیا جاتا ہے ؛ محسوس کار ۔

antennae ,n.
اینٹینا ؛ شاخہ ؛ قرن ؛
ریڈیو اور ٹیلیویژن کا وہ آلہ جس میں سے برقناطیسی لہریں نشر اور وصول کی جاتی ہیں (جمع :antennas) ۔

antennule, n.
(حیوانیات) چھوٹا سا اینٹینا ؛ تارچہ ؛ قرنک ۔

antependium, n.
جلباب ؛ قربان گاہ ،
منبر یا میز کے سامنے والے حصے کو ڈھانکنے والا پردہ یا کپڑا ۔

antepenult, n.
کسی لفظ کے آخری سے پہلے
کا رکن تہجی ؛ بجا ماقبل آخر ۔

antepenultimate, a.
ما قبل آخر کا رکنِ تہجی ۔

anterior, a.
مقدم ؛ قبل ؛ آ گے ؛
زمانی لحاظ سے پہلے ؛ سے قبل ؛ قبل از وقت ؛ مکاناً پہلے ؛ سامنے ؛ عقبی کے برعکس ؛ اگلا ؛ پہلا ۔

ante-room, n.
ڈیوڑھی ؛ بغلی کمرہ ؛
بڑے کمرے میں کھلنے والا چھوٹا کمرہ ؛ ملحقہ انتظار گاہ ؛ پیش دالان ۔

ante-type, n.
قدیم طرز کا ؛ قدیم ہیئت کا ؛
نمونۂ اصلی ۔

ante-vert, v.t.
(امراضیات) رِحم کو آگے لے جانا ؛
تھپک کر رِحم کو بے جگہ کرنا ، retrovert کے برعکس ۔

anteversion, n.
(رحم کی) پیش آوری ؛ تقدّم رِحم ۔

ant-helion, n.
شمس کاذب ؛ ایک تاباں حلقہ
یا حلقے ، جو کسرِ نور سے بنتے ہیں اور قطبی علاقوں میں طلوع و غروب کے وقت سورج کی مخالف سمت میں دکھائی دیتے ہیں ۔

anthem, n.
قومی ترانہ ؛ ترانہ ؛
حمدیہ گیت جو متبادل ٹکڑوں میں گایا جائے ؛ آجکل اس سے مقدس موسیقی کا وہ ترانہ مراد ہے جس کی دھن انجیل سے لیے گئے الفاظ کے مطابق ڈھالی گئی ہو ؛ حمد ، مناجات ، تہنیت ، حُب الوطنی کا کوئی نغمہ ؛ جیسے قومی ترانہ ۔

anther, n.
زیرہ دان ؛ زر دان ؛
پودے کے زرکیسے کا وہ حصہ جس میں زیرہ یا زردانے ہوں ۔

antheridium, antherid, n.
(نباتیات) نرجفته دان ؛
فرن کائی وغیرہ میں نر عضو تولید (جس میں نر گمٹے/تخم ہوتے ہیں) ۔

anthesis, n.
شگفتگی ؛ گل کشائی ؛
پھولوں کے کھلنے کے لیے ضروری عرصہ ؛ (غنچے سے) بڑھ کر پھول بننے کا عرصہ ۔

ant hill, n.
دمکوڑا ؛ کیڑنلہ ؛
مٹی،پتوں وغیرہ کی ڈھیری یا ٹیلہ جسے چیونٹیوں کے دَل نے اپنی بستی بسانے کے دوران یا بسانے کے لیے بنایا ہوتا ہے ۔

anthocyanin, n.
گل لونی ؛ پودوں کا پانی میں حل پذیر صبغہ
(نیلا ، ارغوانی یا سرخ) ؛ رنگین مادۂ گل ۔

anthodium, n.
گل ڈوڈی ؛ لفاف گُل ؛
فرقِ گُل خصوصاً مرکب پودوں میں ؛ مرکبِ گل ۔

anthologist, n.
بیاض/انتھالوجی تالیف کرنے والا ؛ مؤلفِ منتخبات ۔

anthologize, v.i.
انتخاب مرتب کرنا ؛ انتھالوجی تیار کرنا ۔
(فعل متعدی) منتخبات میں شامل کرنا ؛ بیاض مرتب کرنا ۔

anthology, n.
بیاض ؛ گلدستہ ؛ ادبی اقتباسات
یا قطعات کا مجموعہ بالعموم کسی ایک موضوع سے متعلق (جیسے an anthology of Pakistani poets) ؛ منتخبات ۔

anthophore, n.
گُل بردار ؛ گُل بر ؛
وہ عمودی اٹھان جو پھول کٹوری سے ترکیب پاتی ہے جیسا کہ قرنفل خاندان کے یک فصلیوں یا دوامی پودوں میں ہوتا ہے ، پنکھڑیاں کیسے اور بُقچے اس کی چوٹی پر ہوتے ہیں ۔

anthotaxy, n.
(نباتیات) ترتیبِ گل ؛
مرکزی ڈنڈی پر پھولوں کی ترتیب ؛ شگفت کاری ؛ گُل آرائی ؛ بالیدگی ۔

anthozoan, n.,a.
مونگے ؛ آبی کشیرپا ؛
بحری مرجان کی نوع میں سے کوئی ایک (جیسے مرجان ، شقائق البحر) ؛ سمندری جانوروں کی ایک قبیل ، جو مرجان سے بہت مشابہ ہے ۔

anthracene, n.
اینتھراسین ؛ کول تار سے ماخوذ
ہائیڈروکاربن جو مجیٹھی رنگ تیار کرنے اور اینتھرا کوئنین میں استعمال کیا جاتا ہے نیز تاب کار مادوں کی پیمایش کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

anthracite, n.
جھوٹا کوئلہ ؛ کوئلہ (بھڑکنا یا سلگنا) ؛
بے رال کوئلہ جس کی چمک دمک دھات کی حد تک پہنچ جاتی ہے ۔ یہ دھوئیں بغیر جلتا ہے ، شعلہ نہ ہونے کے برابر ہوتا ہے لیکن حرارت شدید تیز ہوتی ہے ؛ پتھری کوئلہ ؛ کچا کوئلہ ؛ معدنی کوئلہ ۔

anthracitic, a.
جُھوٹے کوئلے کا ؛
معدنی کوئلے سے متعلق ۔

anthrax, n.
(طب) راج پھوڑا ؛ دُنبل ؛

باز گرد بھوڑا ؛ بعض گرم خون والے حیوانوں کی متعدی بیماری جو راج بھوڑے کی چھوت سے انسان کو بھی لگ سکتی ہے ؛ جمرہ ؛ یاقوتِ احمر ؛ کالا زخم ؛ ہزار چشمہ ـ

anthropic, anthropical, a. بشری ؛ انسانی ؛ انسان سے متعلق ؛ اس عرصے کے متعلق جب سے انسان اس زمین پر آباد ہے ـ

anthropocentric, a. بشر مرکزی ؛ انسان کو مرکز کائنات گرداننے کے متعلق ؛ انسان اور اس کی اقدار کے حوالے سے ہر چیز کی تعبیر کوشی ـ

anthropo genesis, n. بشری تکوینیات ؛ نسل انسانی کا آغاز و ارتقا (بالخصوص علمی مطالعہ کے موضوع کے طور پر) ـ

anthropogenic, a. بشری تکوین ؛ نسل انسانی کے آغاز و ارتقا کے بارے میں یا اس کے حوالے سے ؛ تخلیقِ بشری کا احاطہ کیے ہوئے یا اس کے حوالے سے ـ

anthropography, n. بشر نگاری ؛ بشریات کی وہ شاخ جو انواعِ انسانی اور ان کی جغرافیائی تقسیم ، خصوصیات اور رسم و رواج کو بیان کرے ؛ انسانی نسلی جغرافیہ ؛ انتھروپوگرافی ـ

anthropoid, a. آدم نما ؛ آدم سے مشابہ ـ (اسم) بڑے بوزنہ میں سے کوئی ایک ـ

anthro polatry, n. انسان پرستی ؛ کسی انسان کی ، اسے خدا جانتے ہوئے پرستش ـ

anthropologic, anthropological, a. بشریاتی ؛ علم البشر (بشریات) سے متعلق ـ

anthropologist, n. ماہرِ بشریات ؛ بشریات میں تخصّص کا حامل ـ

anthropology, n. بشریات ؛ انسان اور نوعِ انسانی کا ، اس کی جسمانی اور ذہنی ہیئت کے لحاظ سے علم ، انسان کی ثقافتی ترقی اور معاشرتی حالات کا مطالعہ ، ماضی و حال دونوں کے حوالے سے ـ

anthropometric, a. بشر پیمائی کے متعلق یا اس کا حوالہ لیے ہوئے ـ

anthropometry, n. جسم پیمائی ؛ تن پیمائی ؛ بشر پیمائی ؛ جسم انسانی کی تقابلی پیمائش اور اس کا مطالعہ ـ

anthropomorphic, a. تجسیمی ؛ تشبیہی ؛ کسی غیر انسان خصوصاً دیوی دیوتا کو انسانی صورت و سیرت سے متصف کرتے ہوئے ؛ ایسی توصیف یا نسبت لیے ہوئے یا اس سے موصوف ـ

anthropomorphize, v.t. بشر پیکر بنانا ؛ تجسیم کرنا ؛ کسی کو انسانی خصوصیات سے متصف کرنا ؛ تجسیانا ـ

anthropomorphism, n. عقیدۂ بشر پیکری ؛ تجسیمیت ؛ تشبیہیت ؛ تجسیمی تصور یا اس کا اظہار (کسی دیوی دیوتا کے بارے میں) ؛ جسمِ انسانی میں روحِ پاک کا حلول ؛ تجسیم پرستی ؛ تجسیمی مسلک ؛ مُنکھ روپ واد ؛ اوتار واد ؛ حلولیت ـ

anthropopathy, n. بشر گدازی ؛ خدا یا کسی دیوی دیوتا کو انسانی جذبات و احساسات سے متصف ٹھہرایا جانا ـ

anthropophagi, n. (جمع) آدم خور ؛ مردم خور ـ

anthropophagic, anthropophagical, a. آدم خوری سے متعلق یا آدم خوری پر عمل پیرا ـ

anthropophagism, n. آدم خوری مسلک ـ

anthropophagist, anthropophagite, n. آدم خور ـ

anthropophagous, a. آدم خوری پسند ـ

anthropophagy, n. مسلک آدم خوری ـ

anthroposophy, n. (فلسفہ) نظریۂ دانش بشری ؛ آسٹروی معاشرتی فلسفی روڈلف سٹینر (۱۸۶۱ء تا ۱۹۲۵ء) کا پیش کردہ روحانی نظریہ جس میں انسان کی داخلی صورتِ حال کے حوالوں سے زندگی کی تشریح کی گئی ہے اور جس میں اس امکان کی پیش قیاسی کی گئی ہے کہ اس کی فطرت میں لگاتار اصلاح ہوتی جا رہی ہے یا ہوتی جائے گی ؛ انتھروپوصوفی ؛ علم ادراکِ آدم ؛ انسانی عقلیات ـ

anthurium, n. امریکی منطقہ حارہ کا اینتھوریم نامی جنس سے متعلق کوئی پودا جو پود گھروں میں اس لیے کاشت کیا جاتا ہے کہ بعض کے خوش نما خوش رنگ سربرگوں سے رسیلے پھولوں والی ڈنڈیاں ابھرتی ہیں یا بعض کے رنگدار پتے پھوٹتے ہیں یا ان پر خوبصورت پتیاں آتی ہیں ـ

anti, n. مخالف ؛ حریف ـ (بول چال) وہ جو کسی روش ، اقدام ، پالیسی یا پارٹی کے خلاف ہو ـ

antiaircraft, a.,n. (عسکری) طیارہ شکن ؛ جیسے اڑتے ہوئے ہوائی جہاز کو نشانہ بنانے کے لیے استعمال کیا گیا ہو یا کیا جائے بشمول زمینی توپیں ، میزائل چھوڑ ، بیلسٹک میزائل وغیرہ ـ

antiallergenic, antiallergic, a. ضدِ حسّی ؛ ضد حسّیت سے متعلق ؛ الرجی کی علامتیں دور کرنے والی (دوا) ؛ دافع الرجی ـ

antianxiety, a. دافعِ تشویش ؛ پریشانی دور کرنے والی (چیز) مثلاً کوئی دافع ہیجان دوا ـ

antiar, antiarin, n. اُپاس جاوا ؛ جاوا دیس کا اُپاس پیڑ : اس کا دودھیا رس نباتاتی زہروں میں سے سب سے زیادہ شدید تیز اور زہریلا ہوتا ہے ـ یہ رس تنے کو پَچھنے سے رِسنے لگتا ہے ؛ انتیار ـ

anti-art, n. ضدِ فن ؛ ضدِ آرٹ ؛ آرٹ کی وہ قسم جس میں کسی فنی یا جمالیاتی معیار کی پیروی نہ کی گئی ہو ـ

antiballistic missile, n. منضبط دفاعی میزائل جو پرواز کرتے ہوئے بیلسٹک میزائل کو روک کر تباہ کر دیتا ہے ـ

antibiosis, n. (حیاتیات) ضد حیاتیت ؛ دو نامیوں میں ایسا رشتہ یا تعلق جو اُن میں سے ایک کے لیے نقصان دہ ہو ؛ ضد زیستی ـ

antibiotic, n. ضد حیاتیہ ؛ ضد نامیہ ؛ ضد حَیَوی ـ (حیاتی کیمیا) پھپھوندی اور دیگر خرد نامیوں کے پیدا کردہ کیمیائی مرکبات کی اقسام میں سے کوئی ایک : اگر ان کا آمیزشی محلول تیار کیا جائے تو اس سے جراثیم کو مارا یا روکا جا سکتا ہے ، اس لیے اسے متعدی امراض کے علاج میں استعمال کیا جاتا ہے (بشمول پینسلین اور دوسری مائیسین دوائیں) ـ (صفت) ضدحیوی ادویات کا یا ان سے متعلق ؛ ضدنامیات ـ

antibiotically, adv. ضدحیوی طریقے سے ـ

antibody, n. (امراضیات) ضد جسم ؛ متعدد مادوں میں سے (جو خون میں موجود ہوتے ہیں یا صیانتی عمل

میں پیدا ہو جاتے ہیں) کوئی ایک ؛ یہ نظام بدن میں جراثیمی زہروں یا دوسرے زہریلے مادوں کی کاٹ کرتے ہیں ؛ تریاقچہ ؛ مادۂ دافع ۔

antic, a. عجیب و غریب ؛ انوکھا ؛ پُرکار ؛ بوالعجب ؛ مضحکہ خیز (داؤ پیچ یا وضع ڈھنگ) ۔ (اسم) مسخرا ؛ خوش گپ ؛ بھانڈ ؛ نقّال ؛ کوئی مضحکہ خیز یا بے سروپا صورت ؛ بیہودہ یا نامعقول اشارے ؛ عجیب سی حرکات و سکنات ؛ مسخرے پن کا نمونہ ؛ بے ڈھنگی حرکت ؛ پُرفن کرتب ؛ ہاتھ کی صفائی ۔

anticly, adv. پُرمذاق انداز سے ؛ مضحکہ خیزی کے ساتھ ۔

anticatalyst, n. (کیمیا) مانعِ عمل انگیز ؛ عمل انگیزی کو روک دینے والا ؛ انگیز دشمن ؛ نا عمل انگیز ۔

anticathode, n. ضد منفیرہ ؛ خلا زدہ ٹیوب کے ملفی برقیرے کی مخالف جانب والی پلیٹ جو اکثر پلاٹینم کی ہوتی ہے اور جب اُس سے منفیری شعاعیں ٹکراتی ہیں تو لاشعاعیں (ایکس ریز) پیدا ہوتی ہیں ؛ برقی رَو کا قطب مثبت ۔

antichrist, n. دجّال ؛ مسیح دشمن ؛ مسیح سے دشمنی رکھنے والی شخصیت یا طاقت ۔

anti-christian, a. عیسائی دشمن ؛ نصرانیت کے مخالف یا اس کے خلاف ۔

anticipant, a. متوقع ؛ توقع دار ؛ مُنتَظِر ۔

anticipate, v.t. پیش بینی کرنا ؛ پیش بندی کرنا ؛ پہلے ہی سے کام کر لینا ؛ پہلے ہی قدم اٹھا کر روک دینا یا بے دخل کر دینا ؛ پیش قیاسی کرنا ؛ پہلے سے سمجھ جانا ؛ پہلے ہی محسوس کر لینا یا جان جانا ؛ متوقع ہونا (رہنا) ؛ امید رکھنا ۔ (فعل لازم) متوقّع یا منصوب وقت سے پہلے کسی چیز کو موضوع بحث بنانا (جیسے کسی داستان میں) ؛ قبل از وقت کرنا ۔

anticipation, n. پیش بینی ؛ پیش بندی ؛ توقع ؛ پہل ؛ سبقت ؛ متوقّع ہونے کا عمل ؛ قبل از وقت اندازہ ؛ سابقہ خیال ؛ پیش پخت رائے ۔ (موسیقی) آہنگ (لحن) سے پہلے چھیڑی گئی لے ۔

anticipative, a. متوقعانہ ؛ منتظر ؛ چشم براہ ؛ آرزو مند ۔

anticipatively, adv. پیش بندی کے طور سے ؛ توقع لیے ہوئے ۔

anticipator, n. پہلے سے خیال کرنے والا ؛ امیدوار ؛ پیش بند ؛ متوقّع ۔

anticipatory, a. آرزو مندانہ ؛ جس سے خواہش کا اظہار ہو ؛ چشم براہانہ ؛ متوقعانہ ۔

anticlastic, a. ضدِّ انصرافی ؛ ایسی سطح کو کہتے ہیں جو لمبائی میں مقعر اور چوڑائی میں محدّب یا ان کے برعکس ہوتی ہے (جیسے کاٹھی؛ synclastic کے برعکس) ۔

anticlerical, a. کلیسائیت دشمنانہ ؛ دنیاوی معاملات میں پادریت اور کلیسائیت کے اثر و رسوخ کا مخالف ۔

anticlimactic, a. تنزل یا پستی سے متعلق ۔

anti climax, n. ضدِّ عروج ؛ تنزل ؛ پستی ؛ حضیض ؛ کوئی کلام یا اقتباس (تحریری یا زبانی) جس میں خیالات عروج پر پہنچنے کے بعد کسی کم اہم اور کم اثر بات پر جا ختم ہوتے ہیں ؛ صنعت قہقری ؛ کلائیمکس یعنی عروج کے برعکس ؛ اہم سے غیر اہم کی جانب اچانک مراجعت ؛ عروج سے زوال کی طرف مراجعت ۔

anti clinal, a. (ارضیات) کوہانی ؛ پُشتی ؛ دو طرفی ڈھال یا ڈھلوان لیے ہوئے (خطِّ وسطیٰ یا محور سے) ؛ یہ صورت چٹانی پرتوں کی اوپر کی جانب تہ سے پیدا ہو جاتی ہے ؛ اس تہ سے متعلق ۔

anticline, n. کوہان ؛ تہ دار چٹان کی دو طرفی ڈھال ؛ کوہانی لف ۔

anticoagulant, anticoagulative, n. (طب) مانع ترویب ؛ انجماد (خصوصاً خون کا) کو روکنے والا کوئی کارپرداز ؛ مانعِ انجماد ۔ (صفت) انجماد روک ؛ مانع ترویب ۔

anticonvulsant, n. مانع تشنج ؛ تشنج کو کم کرنے والی دوا ، مثلاً ایسی دوا جو مرگی کے علاج میں استعمال کی جاتی ہے ۔

anticyclone, n. معکوس گرد باد ؛ منقلب گردباد ؛ ایک موسمی صورت حال جس میں ایک خطے میں ہوا کا دباؤ زیادہ ہو جاتا ہے اور یہ دباؤ سب سے زیادہ مرکز میں ہوتا ہے اور ہلکی ہوائیں مرکز سے باہر کی جانب چلتی رہتی ہیں (گرد باد کی طرح اندر کو نہیں) ؛ ضدِ گرد باد ۔

antidepressant, n. مانع افسردگی ؛ اضمحلال و وحشت سے نجات دینے والی دوا ۔

antidotal, a. تریاقی ؛ تریاق کی خصوصیت لیے ہوئے ؛ تریاق کا کام دیتے ہوئے ۔

antidote, n. تریاق ؛ زہر مہرہ ؛ زہر کے یا معدے میں گئی ہوئی کسی نقصان دہ شے کے مضر اثرات کا توڑ کرنے والی کوئی دوا یا علاج ؛ (مجازاً) بدی کا سدّباب یا تدارک کرنے والا کوئی اقدام ۔

anti enzyme, n. (حیاتی کیمیا) مانعِ تخمیر ؛ خامروں کو روکنے یا بند کرنے یا نرم کر دینے والی کوئی شے ؛ کیمیائی مادہ جو کسی خارجی خامرے کے اثرات کے خلاف مدافعت یا مزاحمت کے لیے کسی نامیے کے اندر پیدا ہو جاتا ہے یا وہ پیدا کر دیتا ہے ؛ ضدِ خامرہ ۔

anti febrile, a. دافعِ تپ ؛ بخار کم کرنے کی صلاحیت لیے ہوئے ؛ بخار کا مقابلہ کرنے یا اسے دور کرنے کی خصوصیت رکھنے والی ؛ دافع بخار ؛ تپ روک ۔

anti federal, a. وفاق دشمن ؛ وفاقیت دشمن یا آئین وفاق کا مخالف ۔

antifederalism, n. نظریۂ وفاق دشمنی ؛ خلافِ وفاق یا وفاقیت ۔

anti federalist, n. وفاق دشمن ؛ جو وفاقیت کے خلاف ہو ۔ (بڑے A سے) اس سے وہ شخص مراد ہو گا جو اینٹی فیڈرل پارٹی کا رکن یا حمایتی تھا ؛ ۱۷۸۷-۱۷۸۸ء میں (ریاستہائے متحدہ امریکا کے) آئین کے اپنائے جانے کا مخالف ۔

anti fouling, a. (جہاز رانی) دافعِ غلاظت ؛ لیپ دار

روغنی تہ لیے ہوئے ؛ زیر آب سطحوں کو صدفِ ماہی اور سمندری کائی کے باعث آلودگی سے روکنے کی صلاحیت لیے ہوئے ؛ گند روک ۔

anti freeze, n. مانعِ انجماد ؛ کوئی شے جس کا نقطۂ انجماد کم درجے کا ہو ؛ سرد موسم میں احتراق دروں انجن کے نظامِ تبرید کو انجماد سے روکنے کے لیے : اسے ریڈی ایٹر میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

anti gen, n. ضد جسم زا ؛ ایک مادہ جسے خون یا ریشوں میں داخل کرنے سے ضد جسم یا تریاق پیدا ہو جاتا ہے ؛ تریاق زا ۔

anti-hero, n. ضد ہیرو ؛ ادب یا ڈرامے میں وہ مرکزی کردار جس میں ہیرو کی روایتی خوبیاں (جیسے جرأت مندی اور راستبازی) نہ پائی جاتی ہوں ۔

anti histamine, n. (طب) مانع ہسٹامین ؛ مانع الرجی ؛ ان متعدد مرکبات میں سے کوئی جو بدن میں ہسٹامین کو ناکارہ یا معدوم العمل بنا دیتے ہیں ؛ ان کو الرجی اور زکام کے علاج کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

antihypertensive, n.a. مانع بیش فشار دم ؛ خون کے زائد دباؤ کی مؤثر دوا ۔

anti-imperialism, n. شہنشاہیت دُشمنی ؛ امپیریلزم (شہنشاہیت) ، سلطنت کی رُوح اور اس کے طور طریقوں کی مخالفت جن کا اظہار خاص طور پر مقبوضات میں کیا گیا یا کیا جاتا ہے ؛ ملوکیت دشمنی ؛ سامراج دشمنی ۔

anti knock, n. شور بند ؛ ایک مادہ جسے احتراق دروں انجن کے ایندھن میں ملا دیا جاتا ہے ، جس سے شرح احتراق کم ہو جاتی ہے ، دباؤ کا تناسب زیادہ ہو جاتا ہے اور عمل احتراق میں انفجار رفع ہو جاتا ہے ۔

anti legomena, n. عہد نامۂ جدید کی بعض کتب جن کے الہامی ہونے کو ابتدائی کلیسائی دور میں عالمگیر سطح پر تسلیم نہیں کیا گیا تھا ۔

antilogarithm, antilog, n. (ریاضی) ضدِ لوگارتھم ؛ لوگارتھم کے مطابق عدد ۔ دیکھیے : logarithm ۔

antimacassar, n. روغن چوس ؛ فرنیچر پوش ؛ غلاف کرسی ؛ خانے دار سوتی یا اونی دھاگے کی بنی ہوئی پوشش جو بازو اور پشت کو تیل سے میلا ہونے سے محفوظ رکھے ۔

anti magnetic, a. ضدِ مقناطیسی ؛ جس سے مقناطیس نہ بنایا جا سکے ؛ مقناطیسیت کے مزاحم بھرتوں پر مشتمل جیسے ایک ضد مقناطیسی دقیق آلہ ۔

anti malarial, a., n. دافعِ ملیریا ؛ ملیریا روک ۔

anti matter, n. ضدِ مادہ ؛ ضدِ ذرات پر مشتمل مادہ ۔

anti mere, n. (حیاتیات) جوابی حصۂ جسم ؛ جانوروں کے مخالف پہلوؤں کے دو یا دو سے زیادہ متماثل حصوں میں سے کوئی ایک ۔

anti microbial, a.,n. دافعِ خُرد جراثیمی ؛ خرد جرثوموں کی نمو کو روکنے یا ختم کرنے والا ؛ جراثیم کُش ۔

anti missile, a. میزائل شکن ؛ میزائل روک ؛ میزائل مار ؛ دشمن کے میزائلوں سے مدافعت کے لیے بنایا گیا کوئی میزائل ۔

anti missile, missile, n. میزائل شکن میزائل ؛ دھماکے سے پھٹنے والا میزائل جسے اس لیے چھوڑا جاتا ہے کہ دشمن کے میزائل کو پرواز ہی میں تباہ کر دے یا روک دے ۔

antimonic, a. سُرمئی ؛ اینٹی مونی کا حامل جیسے antimonic acid ۔

antimonious, a. اینٹی مونائی ؛ جس میں دوسرے اینٹی مونی مرکبات کی نسبت اینٹی مونی (سرمہ) کی مقدار زیادہ ہو ، جیسے antimonious acid ۔

antimony, n. سرمہ ؛ کحل ؛ آنجن ؛ اینٹی مونی ایک دھاتی ، چمکیلا ، بھربُھرا سفید رنگ کا عنصر جو بھرتوں ، ادویات اور صبغات میں خاص طور سے استعمال ہوتا ہے ۔

antimonial, a. سرمئی ؛ سرمے (اینٹی مونی) سے متعلق یا اس کی خصوصیت کا حامل ؛ اینٹی مونی کا مرکب؛ جس میں اینٹی مونی موجود ہو؛ سُرمے سے متعلق ؛ سرمہ آگیں ۔ (اسم) اینٹی مونی سے تیار کردہ کوئی شے ؛ وہ دوا جس میں سرمہ جزوِ خاص ہو ؛ سُرمہ دار ؛ مکحول ۔

antinuclear, a. خلاف جوہری قوت ؛ جوہری اسلحے یا توانائی کے مراکز کی تنصیب کے خلاف ۔

anti neutrino, n. (طبیعیات) ضد نیوٹرینو ؛ ایک فرضی نیم جوہری ذرّہ جس کا نیوٹرینو سے وہی تعلق ہے جو پوزیٹرون کا الیکٹرون سے ہوتا ہے ، اس کی کمیت صفر کے قریب ہے ، اس میں برقی چارج نہیں ہوتا ، گردش نیوٹرینو سے الٹی سمت میں ہوتی ہے، خیال کیا جاتا ہے کہ تاب کاری کی بوسیدگی کے دوران اس کا اخراج ہوتا ہے ۔

anti neutron, n. (طبیعیات) ضد نیوٹرون ؛ ایک فرضی ذرہ جو نیوٹرون کے برابر ، برقی چارج کے بغیر اور نیوٹرون کے برعکس مقناطیسی معیارِ اثر کا حامل ہوتا ہے ۔

anting, n. نمل فشانی ؛ بعض پرندوں کا طفیلی کیڑے مکوڑوں کو اپنے پروں سے جھاڑنے کا عمل ۔

antinode, n. (طبیعیات) ضدِ عُقدہ ؛ وہ نقطہ ، خط یا سطح جہاں کسی مرتعش وجود کا ارتعاش سب سے زیادہ ہوتا ہے اور جو متصل عُقدوں کے درمیان واقع ہوتا ہے ۔

antinomian, a. قانون کے برعکس ؛ اینٹی نومین لوگوں کا یا ان سے متعلق ۔ (اسم) (بڑے A سے) اس سے وہ شخص مراد ہے جس کا یہ عقیدہ ہو کہ مشیت ایزدی میں اخلاقی قانون کی پابندی لازمی نہیں اور نہ اس کا کوئی فائدہ ہے اور نجات کے لیے محض ایمان ہی کافی ہے ؛ منکر اخلاقیات ۔

antinomy, n. قوانین اور اصولوں میں اختلاف ؛ تضاد ؛ تناقض ؛ انکارِ اخلاقیات ۔

anti nucleon, n. (طبیعیات) ضد نیوکلیون ؛ ایٹم کے مرکزے کا ایک ذرّہ جس کی کمیّت نیو کلیون کی سی ہوتی ہے لیکن برقی چارج مختلف ہوتا ہے اور مقناطیسی معیارِ اثر کی سمت بھی مختلف ہوتی ہے ۔

anti oxidant, n. مانعِ تکسید ؛ ایک مادہ جسے ربڑ کو بوسیدگی سے بچانے کے لیے اس میں ملایا جاتا ہے ؛ تکسید کو

روکنے والی کوئی شے ۔

antiparticle, n. (طبیعیات) ضد ذرّہ ؛ ایک نیم جوہری ذرہ (جیسے اینٹی نیوٹرون یا اینٹی پروٹون) جو تابکار بوسیدگی میں ملتا ہے اور اپنے مثیل ذروں یعنی نیوٹرون ، پروٹون یا نیوٹرینو سے برقی چارج اور مقناطیسی معیارِ اثر میں متضاد ہوتا ہے ۔

antipasto, n. بھوک آور ؛ ایک اطالوی اشتہا آور کھانا جو عموماً مچھلی ، گوشت اور زیتون وغیرہ سے تیار کیا جاتا ہے ۔

antipathy, n. تنافر ؛ قدرتی کراہت ؛ احساس میں جبلی تضاد یا تخالف ؛ کسی شے کی موجودگی میں محسوس کی جانے والی کراہت ؛ مغائرت ؛ تضادِ طبعی ؛ تنفر ؛ بَیر ؛ اکراہ (عموماً بعد میں to لگاتے ہیں) ۔

antipathetic, a. مغائرت دار ؛ متنفّر ۔

antipathetically, adv. مغائرت سے ۔

anti-periodic, a.,n. (طب) مانع میعادی ؛ میعادی امراض میں کارگر (مثلاً میعادی بخار ، باری کا بخار وغیرہ میں) ۔

anti personnel, a. (عسکری) خلاف افرادی ؛ سامان کے بجائے افراد کی نابودی یا مزاحمت کے لیے استعمال کی جاتی ہے ؛ جان لیوا ۔

anti phlogistic, a.,n. دافعِ التہاب ؛ سوزش یا نظام جسم کی کسی برانگیختگی کو دور کرنے والی ؛ دافعِ سوزش ؛ دافعِ ورم ۔

anti phon, n. جوابی نغمہ ؛ باری باری گائے جانے والے حمدیہ نغمے یا ترانے میں ایک منڈلی یا مجمع کے ایک حصے کی جواباً نغمہ سرائی ؛ مناجات سے پہلے یا بعد میں گایا جانے والا کوئی بند ۔

antiphony, n. استجاب خوانی ؛ جوابی گیت ؛ باری باری کی نغمہ سرائی ۔

antiphonal, antiphornary, n. جوابی نغموں ، گیتوں یا حمدوں کی کتاب یا مجموعہ ؛ نشید نامہ ۔

antiphonal, antiphonic, a. جواب سرائی ، مکالمہ سرائی یا باری باری گانے سے متعلق ۔

anti phrasis, n. (علم بیان) لفظوں کا اصل معنی کے بجائے متضاد معنی میں استعمال ۔

anti podal, a. برعکس ؛ متقابل ؛ ضد ؛ متضاد سمتوں سے تعلق رکھنے والا ؛ کرۂ ارض کی اُلٹی جانب ؛ متضاد الوَجہ ؛ قُطراً سمت مخالف میں ؛ تحت الارضی ۔

anti pode, n. برعکس ؛ ضد ؛ کوئی چیز جو کسی اور چیز کے بالکل برعکس ہو ؛ وہ نقطۂ زمین جو کسی دی گئی جگہ سے ۱۸۰ درجے پر ہو ؛ قطبِ مقابل ۔

anti podes, n. نقیض ؛ متقابل ؛ کرۂ ارض کی دوسری جانب بسنے والے ؛ کرۂ ارض کی بالکل دوسری جانب والا خطّہ ۔(مجازاً) وہ چیز جو کسی اور شے سے قطعی متضاد ہو ؛ اضدادی ؛ سمت القدم ۔

anti pope, n. پوپ دشمن ؛ پوپ کی مخالفت میں اس کے پاپائی اختیارات غصب کر لینے والا ؛ مدعی پوپ ۔

anti poverty, a. افلاس دشمنی ؛ افلاس سے نجات دلانے یا اس کے خلاف مہم چلانے کا منصوبہ ، خصوصاً ایسی تنظیم یا ایسے پروگرام کے بارے میں کہا جاتا ہے جو اقتصادی طور پر کسی پست علاقے میں انجام دیا جائے ؛ خلافِ غربت ۔

antiproton, n. (طبیعیات) ضدِ پروٹون ؛ ایک فرضی ذرہ جس کی کمیت ایک پروٹون کے برابر ہوتی ہے لیکن اس میں منفی برقی چارج ہوتا ہے ۔ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ یہ فرضی معکوس ایٹم کے مرکزوں میں موجود ہے ۔

antipyretic, n. دافع بخار ؛ تپ روک ؛ بخار میں کام دینے والی کوئی دوا ۔

antipyrine antipyrin, n. اینٹی پائرین ؛ ایک سفید قلمی سفوف جسے بخار اتارنے یا درد دور کرنے کے لیے دیتے ہیں ۔

anti quarian, a. عتیقی ؛ پاستانی ؛ عتیقیات یا دور عتیق سے متعلق ؛ نادر کتابوں کے متعلق ۔ (اسم) عتیقیات شناس ۔

antiquarianism, n. عتیقیات ۔

antiquary, n. ماہرِ عتیقیات ؛ ایامِ قدیم کا ان کے آثار کے ذریعے مطالعہ کرنے والا ؛ ماہرِ عہدِ عتیق ؛ آثار شناس ؛ ماہرِ آثارِ قدیمہ ؛ قدامت شناس ۔

antiquate, v.t. قدیم بنانا ؛ کوئی نئی یا مفید تر چیز پیش کر کے پہلی کو فرسودہ قرار دینا ؛ کسی چیز کو قدیم بنا کر پیش کرنا ۔

antiquated, a. کہنہ ، غیر مستعمل ؛ پرانا ؛ متروک ؛ پرانی طرز کا ؛ ساقط الرّواج ؛ سال خوردہ ؛ زمانے سے پیچھے ؛ دقیانوسی ۔

antique, a. عتیق ؛ پارینہ ؛ جو ایام قدیم میں گزرا ہو ؛ قدیم ایام سے تعلق رکھنے والا یا چلا آنے والا ؛ گزرے وقتوں کی خصوصیات کا حامل ؛ پرانے فیشن کا (an antique robe.) ؛ پرانی وضع یا پرانے انداز کا ؛ ایسا کاغذ جو چکنا نہ ہو ۔ (اسم) کوئی شے جو پرانی ہو چکی ہو (عموماً سو سال کی) ؛ قدیم فنون کی حامل اشیا یا نوادر کے لیے یہ لفظ بولا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) عتیق بنانا ؛ کہنہ بنانا ؛ کسی چیز کو ایسے بنا کر پیش کرنا کہ وہ عہد پارینہ کی معلوم ہو ؛ کسی کاغذ یا کپڑے پر نقش ابھارنا ؛ کندہ کرنا ۔

antiqueness, n. قدامت ؛ عتیقیت ؛ پارینیت ؛ دقیانوسیت ۔

antiquity, n. عہدِ عتیق ؛ قدیم ہونے کی خصوصیت ؛ قدامت ؛ عرصۂ دراز ؛ ایامِ قدیم ؛ اگلے وقت (خصوصاً ازمنہ وسطیٰ سے پہلے کے) ؛ اگلے وقتوں کے لوگ ؛ (جمع کی صورت میں) قدیم زمانوں کی باقیات ؛ اقوامِ قدیم کے ادارے ، رواج وغیرہ ؛ قرونِ سابقہ ۔

antirrhinum, n. تھوتھنی نُما ؛ کیونکہ اس نوع کے پھول جانوروں کی تھوتھنی کے مشابہ ہوتے ہیں ؛ انترینا ؛ اسی نام و جنس کے پودوں میں سے کوئی ایک ؛ گل میمموں کی طرح یہ بھی ''علفِ خنازیر'' کے خاندان سے ہے ۔

antiscorbutic, a. (طب) دافع اسکربوط ؛ مصفیٔ خون ؛ اسکروی یا خارشی رجحان کا توڑ ۔ (اسم) مصفیٔ خون دوا ؛ اسکروی روک دوا ؛ مانع اسکروی ۔

anti-Semitism, n. یہود دشمنی ؛ سام دشمنی ؛ یہودیوں سے خصومت یا ان سے امتیاز ۔

anti sepsis, n. انسدادِ عفونت ؛ خُردنامیوں کی روک تھام یا ان کا اِتلاف ؛ مانعِ عفونت ؛ عفونت ربائی ۔

anti septic, a. دافعِ عفونت ؛ اینٹی سیپٹک ؛ دفعِ عفونت سے متعلق ؛ عفونت رُبا ؛ جراثیم سے پاک ؛ خصوصی طور پر صاف ؛ کبھی کبھی (مجازاً) تحقیری معنی میں بھی آتا ہے : بمفہوم رُوکھا ، غیر دلچسپ یا احساسات سے عاری ۔

anti septically, adv. دفعِ عفونت کرتے ہوئے ۔

anti septicize, v.t. عفونت ربائی کرنا ؛ کسی دافعِ عفونت (اینٹی سیپٹک) دوا سے علاج کرنا ۔

anti septic, n. دافعِ عفونت ؛ مصفیّ ؛ صافی ؛ خردنامیوں کی افزایش کو روکنے والی کوئی عامل/دوا ۔

anti serum, n. ضدِ مَصل ؛ وہ سیرم (مَصل) جس میں وہ ضد اجسام شامل ہوتے ہیں جن کو کسی حیوان کے خون سے حاصل کیا جاتا ہے اور دوسرے جانوروں کو بعض بیماریوں سے بچاؤ کے لیے اس کا ٹیکہ لگایا جاتا ہے ۔

anti slavery, a., n. انسدادِ غلامی ؛ غلامی دشمن ؛ غلامی کے خلاف یا مخالف ؛ غلامی کی مزاحمت یا مخالفت ۔

anti-social, a. سماج دشمن ؛ سماج بیزار ؛ سماجی میل جول یا روابط سے نفور ؛ معاشرتی نظام یا ان اصولوں کے خلاف جن پر کوئی معاشرہ قائم ہے ؛ غیر مجلسی ؛ ناملنسار ؛ بیزار طبع ۔

antistrophe, n. جواب سرائی ؛ قدیم یونانی منڈل بھجن کا ایک ٹکڑا جو پہلے گائے گئے ٹکڑے کے جواب میں ہوتا ہے اور منڈلی بائیں سے دائیں کو لوٹتے ہوئے اسے گاتی ہے ۔ (عروض) کسی عشقیہ نظم کے دو ہم وزن بندوں میں سے دوسرا بند ۔

antistrophic, a. جوابی ؛ جوابِ سَرا ؛ بازگردانی ۔

antitank, a. ٹینک شکن ؛ کسی ٹینک یا بکتر بند گاڑی پر حملہ کرنے یا اسے تباہ کرنے کے کام میں لائی جانے والی کوئی(شے) ؛ ٹینک توڑ ؛ ٹینکوں کے خلاف اقدامات سے متعلق ؛ ٹینک روک ۔

anti thesis, n. جوابِ دعویٰ ؛ ضدِ دعویٰ ؛ ضد ؛ تضاد ؛ مخالفت ؛ باہمی فرق ۔ (علمِ بیان) صنعت تضاد ؛ وہ استعارہ یا کنایہ جس میں متضاد کو متضاد کے خلاف استعمال کیا جاتا ہے ؛ متضاد لفظوں یا جذبوں پر مبنی ۔

anti thetical, anti thetic, a. صنعتِ تضاد سے متعلق یا اس کا رنگ لیے ہوئے ؛ متضاد ؛ متناقض ۔

anti thetically, adv. صنعتِ تضاد سے کام لیتے ہوئے ۔

anti thyroid, a. ضدِ درقیہ ؛ غدۂ درقیہ کی تیز کاری کو روکنے کی صلاحیت کا حامل ؛ گھنڈی روک ۔

antitoxic, a. مانعِ سَمّیت ؛ دافعِ سَمّیت ؛ زہر یا زہریلے اثرات کا توڑ کرنے والا ؛ بطور دافعِ سَمّیت یا اس سے متعلق ۔

anti toxin, n. دافعِ سم ؛ جسم میں پیدا ہو جانے والا ایک مادہ ، جو کسی مخصوص زہر آلود یا متعدی عامل کا توڑ کرنے کے قابل ہو ؛ کسی دیے گئے زہر کے ساتھ مدافعتی ٹیکوں میں پیدا ہونے والے ضدِ اجسام ، جو بعض بیماریوں کے خلاف مدافعت پیدا کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں ۔

anti trades, n. منقلب تجارتی ہوائیں ؛ منطقہ حارہ کی ہوائیں جو تجارتی ہواؤں کے اوپر اور الٹی سمت میں چلتی ہیں ؛ بادِ مخالف ۔

anti trust, a. مانعِ ارتکازِ معیشت ؛ خلافِ ارتکاز ؛ بڑے بڑے تجارتی اتحّادوں کی اجارہ داری کے خلاف سرکاری یا قانونی رکاوٹیں تا کہ اقتصادی قوّت کا ارتکاز کم ہو اور مقابلے کی حوصلہ افزائی ہو ۔

antitussive, a. دافعِ سُعال ؛ مانعِ سُرفہ ؛ کھانسی کو روکنے یا اس پر قابو پانے کی صلاحیت لیے ہوئے ؛ کھانسی توڑ ۔

anti type, n. اصلی نمونہ ؛ مثیل ؛ کسی شکل و صورت سے ملتا جلتا ؛ کسی نمونے میں جس کی جھلک موجود ہو ؛ جس کی شکل پہلے ہی کسی نمونے کے مطابق ہو ؛ اصل ؛ اساسی ۔

anti venin, anti venene, n. تریاق ؛ دافعِ بِس ؛ ایک دافعِ زہر جو سانپوں وغیرہ کے زہر کے بار بار ٹیکے لگانے سے خون میں پیدا ہو جاتا ہے ؛ نیز ایسے خون سے حاصل کیا گیا دافعِ زہر ؛ فادِ زہر ؛ بادِ زہر ۔

anti vitamin, n. ضدِ حیاتین ؛ وہ مادہ جو حیاتین/ وٹامن کو مختلف التّرکیب آمیزے میں تبدیل کر کے یا ان کے ساتھ خلط ملط ہو کر بے اثر بنا دیتا ہے ۔

antivivisectionist, n. مخالف تقطیع زندہ ؛ سائنسی تجربات کی خاطر زندہ جانوروں کی چیر پھاڑ کا مخالف ۔

antler, n. شاخِ سینگ ؛ ہرن کے سینگ کی ایک شاخ خصوصاً بارہ سنگھے کی ؛ ہڈی نما سینگ (عموماً شاخ در شاخ) جو ہرن کی نوع کے جانوروں کے سر پر ہوتا ہے ؛ قرنِ گوزن ۔

antlered, a. شاخ دار سینگ رکھنے والا ۔

antonomasia, n. (علمِ بیان) مجاز مرسل : کسی شخص کے ذاتی نام کی جگہ اسے صفاتی یا عرفی نام سے مخاطب کرنا جیسے His Highness ؛ استعارہ : اسمِ خاص کو اصل معنی سے ہٹا کر استعمال کرنا (جیسے a shylock) ۔

antonomastic, a. مجازاً ؛ استعارۃً ۔

antonym, n. متضاد ؛ ایک لفظ جو مفہوم کے لحاظ سے دوسرے کی ضد ہو ؛ متضاد المعنی (synonym مترادف کے برعکس) ۔

antrorse, a. (نباتیات) بالا رُخ ؛ سمت کے لحاظ سے پیش نمو یا بالا نمو ۔

antrum, n. مغارہ ؛ اطاقچہ ؛ غار ۔ (تشریح الاعضا) اس سے وہ جوف (گڑھا سا) مراد ہے جو کسی کھوکھلے عضو میں پیدا ہو گیا ہو ؛ جوف (بالخصوص جبڑی) ؛ کھوڑ ۔

anuresis, n. عُسرالبول ؛ حبس البول ؛ پیشاب نہ کر سکنے کا روگ ۔

anuretic, a. عُسر البولی ؛ عُسر البول کا مریض ؛ بند بَول ۔

anuria, n. احتباس البولی ؛ پیشاب کا بالکل بند ہو جانے کا عمل ؛ فقدان البول کے باعث پیشاب نہ کر پانے کا عمل ۔

anurous, a. (حیوانیات) بے دُم ؛ بے دُمہ ۔

anus, n.
(تشریح الاعضا) مقعد ؛
غذائی نالی کا آخری دہانہ ؛ دُبر ۔

anvil, n.
آہرن ؛ نہائی ؛ سندان ؛
(۱) وہ آہنی اڈہ جس کی سطح ہموار اور عموماً فولادی ہوتی ہے ، جس پر دھاتوں کو ہتھوڑے سے کوٹ کر مطلوبہ شکل دی جاتی ہے ۔ (۲) کان کی ایک اندرونی ہڈی جسے اسی رعایت سے سندانی ہڈی کہتے ہیں ۔

anxiety, n.
تشویش ؛ کسی واقعہ یا غیر یقینی صورتِ حال کے حوالے سے ذہنی بے چینی یا تکلیف ؛ فکر مندی ؛ پریشانی ؛ الجھن ؛ بے سکونی ؛ اضطراب ؛ فکر ؛ اندیشہ ؛ تردد ۔

anxious, a.
مُشوش ؛ متذبذب ؛ متفکّر ؛
متردّد ؛ بے چین (آئندہ یا آن جانی صورت حال کے بارے میں) ؛ اذیت ناک تذبذب کے عالم میں ؛ پریشانی یا بے سکونی سے یا اس کا میلان لیے ہوئے (بعد میں for, about, on account of لگاتے ہیں) ؛ آرزو مند ؛ مشتاق ؛ اندیشہ ناک ؛ فکرمند ۔

anxiously, adv.
بے تابانہ ؛ مضطربانہ ۔

anxiousness, n.
بے تابی ؛ اضطراب ۔

any, a.
کوئی ؛ ایک ؛ کوئی ایک ؛
کوئی بھی ؛ مقداراً کچھ (وہ کم ہو یا زیادہ ، چند ہو یا بہت جیسے any eggs , any money) ؛ اقراری جملوں میں عموماً اس کا وہی مفہوم ہوتا ہے جو every یا all کا ہوتا ہے (جیسے any child knows that) ؛ کچھ ؛ جو بھی ؛ کسی قسم کا ؛ کوئی سا ؛ کوئی بھی ؛ ہر ایک ۔

any, pron.
کوئی شخص یا اشخاص ؛
کوئی سا فرد ؛ کوئی سی مثال یا تعداد ؛ ممکنہ مقدار یا حِصّہ ؛ انگلستان کی عوامی بولی میں اس کا مفہوم : دو میں سے کوئی ایک بھی ؛ جو بھی ؛ جو کوئی ۔

any, adv.
کسی بھی حد یا درجے میں ؛
کسی بھی حد تک ؛ تھوڑا سا ؛ بالکل ؛ کچھ بھی ۔

any body, pron.
کوئی شخص ؛ کوئی بھی ؛
کوئی ایک ؛ کوئی اہم شخصیت : (جیسے Everybody who was any body was present) ۔

anyhow, adv.
بہر صورت ؛ جو بھی ہو ؛
جس طرح بھی ہو ؛ بہر حال ؛ تمام حالات میں ؛ بے توجہی سے ؛ جیسے بن پڑے ؛ یونہی ؛ اٹکل پچو ۔

anymore, adv.
اب ؛ فی الوقت ؛ سردست ۔

anyone, pron.
کوئی شخص ؛ کوئی فرد ؛ کوئی ایک ۔

anyplace, adv.
کسی جگہ ؛ کسی مقام پر ۔

anything, n., pron.
کوئی بھی چیز ؛ کوئی سی چیز ؛
کسی قسم کی کوئی شے ؛ کچھ سہی (جو بھی ہو مضائقہ نہیں) ؛ ہر چیز ۔ (متعلق فعل) (متروک) بالکل ؛ کسی بھی درجے تک ؛ کسی بھی حد تک ۔

anything but, adv.
کسی طرح بھی نہیں ؛ ہر گز نہیں ؛
بالکل نہیں ۔

any way, adv.
بہر حال ؛ بہر طور ؛
کسی نہ کسی طرح ؛ کسی حد تک ؛ ہر طرح ؛ (عطفی طور پر) جو بھی صورت ہو ؛ ہر حالت میں ۔

any ways, adv.
(مقامی بولی میں) ہر طرح ؛ بہر حال ۔

anywhere, adv.,n.
کہیں ؛ کسی جگہ بھی ؛
کسی بھی جگہ پر ؛ بالکل ؛ کسی بھی درجے یا حد تک ۔

anywise, adv.
کیسے ہی ؛ کسی بھی طرح ؛ کسی صورت یا حد تک ؛ جس طرح سے ہو ؛ کسی صورت سے ۔

Anzac, n.
انزاک ؛ آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کی فوجی کور : یہ لفظ دونوں ملکوں کے ابتدائی حروف ملا کر وضع کیا گیا ہے ؛ نیز کوئی آسٹریلیا یا نیوزی لینڈ کا باشندہ بالخصوص فوجی سپاہی ۔

aorist, n.
(گرامر) فعل مضارع ؛
یونانی افعال کا ایک صیغہ جو ماضی مطلق کو ظاہر کرتا ہے یا بلاتکمیل فاعلیت کو ظاہر کرتا ہے ۔

aorta, n.
(تشریح الاعضا) شریانِ کبیر ؛ اورطہ ؛
شریانی نظام کی سب سے بڑی شریان جو دل کے بائیں جوفے سے نکلتی ہے اور پھیپھڑے کی شریان کے علاوہ تمام شریانیں اس سے نکلتی ہیں ؛ شاہ رگ ؛ رگِ جاں ۔

aortal, aortic, a.
اورطی ؛ شریانِ کبیر سے متعلق ۔

apace, adv.
فوراً ؛ بہ عجلت ؛
تیز قدمی سے ؛ تیز ؛ سرعت کے ساتھ ؛ جلدی سے ۔

apache, n.
شمالی امریکا کے ایک قدیم قبیلے کا نام ؛ فرانسیسی کوچہ گرد اوباش ؛ انجام ناشناس ؛ غنڈا ؛ شہدا ۔

apagoge, n.
کسی مسئلے کو اس طرح ثابت کرنا کہ اس کا برعکس غیر ممکن یا لغو ظاہر ہو؛ احالہ بہ مُحال ۔

apanage, n.
دیکھیے : appanage ۔

aparejo, n.
(ہسپانوی امریکی) کینوس یا بھرے چمڑے کی زین یا کاٹھی ۔

apart, adv.
الگ الگ ؛ علیحدگی کی حالت میں ؛ جُدا ؛
دوسروں سے دور یا نمایاں ؛ کچھ فاصلے پر؛ ٹکڑے ٹکڑے؛ علیحدہ ۔

apartness, n.
علیحدگی ؛ جدائی ۔

apart, a.
الگ الگ ؛ علیحدہ ؛ الگ تھلگ ؛
یکتا ؛ منفرد (جیسے زمین آسمان کا فرق) ۔

apart from, prep.
علاوہ ازیں ؛ اس کے سوا ۔

apart heid, n.
نسلی امتیاز ؛ جمہوریہ جنوبی افریقہ میں سرکاری طور پر نسلی گروہوں کو الگ تھلگ رکھنے اور کالوں کے خلاف امتیاز برتنے کی پالیسی ؛ نسلی علیحدگی ۔

apartment, n.
اُطاق ؛ کسی عمارت میں کوئی کمرا ؛
کسی گھر کے اندر دیوار کھڑی کر کے دوسروں سے الگ کیا گیا حصہ ؛ رہایشی اکائی کی صورت میں کئی کمرے؛ شُقّہ ۔

apartment building, n.
اُطاقی عمارت ؛
الگ الگ کمروں میں بٹی ہوئی عمارت جس کے کمرے الگ الگ کرائے پر اٹھائے جائیں ۔ اسے اپارٹمنٹ ہاؤس بھی کہتے ہیں ۔

apathetic, apathetical, a.
بے حس ؛ احساس سے عاری ؛
جس میں فقدانِ احساس ہو؛ بے پروا ؛ جذبات سے خالی ؛ بے تعلق ؛ بے درد ؛ سرد مہر ؛ پتھر دل ۔

apathy, n.
بے پروائی ؛ بے حسی ؛

احساس کا فقدان ؛ جذبات ، جوش اور اشتعال کا نہ ہونا ؛ بے تعلقی ؛ سخت دلی ؛ سرد مہری ؛ مُردہ دلی ۔

apatite, n.
اپاٹائیٹ ؛ کیلسیم فلوروفاسفیٹ
جس میں چونے کا فاسفیٹ زیادہ ہوتا ہے اور اسے کھاد کے طور پر استعمال کرتے ہیں ؛ معدنی کیلسیم فاسفیٹ کی بہت سی اقسام میں سے کوئی ایک : یہ معدن فاسفیٹی چٹانوں میں ، ہڈیوں میں اور دانتوں میں پائے جاتے ہیں ۔

ape, n.
بُوزنہ ؛ بے دُم بندر ؛
افریقی بن مانس پونگو کی نسل سے تعلق رکھنے والا اونچے قد کاٹھ کا انسان نما حیوان جس کے دانتوں کی شکل اور تعداد انسانوں کی سی ہوتی ہے ۔ اس کے دم اور رخساری تھیلیاں بھی نہیں ہوتیں ؛ بن مانس ؛ میمون ۔ (مجازاً) نقل کرنے والا ؛ رِیس کرنے والا ۔ (فعل متعدی) ریس کرنا ؛ نقل اتارنا ۔

apish, a.
بوزنوں کی سی خصلت والا ؛
اپنے سے بڑوں کی نقل اتارنے یا ریس کرنے والا ۔

apishly, adv.
بوزنوں کے سے انداز میں ۔

apishness, n.
بوزنہ پن ؛ نقالی ؛ رِیس ۔

apeak, adv., a.
نوک پر ؛ آر پار ہونے کے انداز میں ؛
عموداً ۔ (جہاز رانی) عمودی یا عمود کی جانب جھکاؤ لیے ہوئے (لنگر یا گودی)۔

ape-man, n.
نسناس ؛ بوزنہ آدمی ؛
بڑے بوزنوں اور اصلی آدمیوں کے ارتقائی سلسلے کی درمیانی کڑی ؛ انسان جس کی پرورش بوزنوں نے کی ہو۔

apercu, n.
سرسری نظر ؛ ایک جھلک ؛
طائرانہ نظر ؛ سرسری جائزہ ؛ خاکہ یا خلاصہ ؛ فوری تاثر۔

aperient, a.
(طب) مُلَیِّن ؛ ہلکا جُلّاب آور ؛
مُسہِل ؛ مُنفج ؛ قبض کشا ۔ (اسم) آنتوں کو اجابت کے لیے کھول دینے والی دوا ؛ کوئی جلّاب آور دوا ؛ قبض کشا دوا ؛ ہلکا جلّاب ۔

aperiodic, a.
غیر دوری ؛ جو باری کا
نہ ہو (جیسے بخار)؛ بے قاعدگی سے ظہور پذیر ؛ بے دوران ؛ بے نوبت ؛ بے قاعدہ ۔ (طبیعیات) کسی اشاریہ نما سوئی یا کسی اور متحرک حصے کا حامل ، اس سے متعلق یا اسے ظاہر کرتے ہوئے ، جو مقام اختتام تک کسی جنبش یا بازگشت کے بغیر پہنچتا ہو۔

aperitif, n.
اشتہا آور سیّال ؛ مقویّ و مفرّح ،
الکحلی شراب کی کوئی قسم یا اس کا کوئی حصہ جو کھانا کھانے سے پہلے اشتہا انگیزی کے لیے پیا جاتا ہے ۔

aperture, n.
روزن ؛ جھری ؛ مُنھ ؛
سوراخ ؛ مدخل ؛ شگاف ؛ موکھا ؛ دراڑ ؛ گزرگاہ ؛ چھید ؛ دُوربین یا کسی اور بصری آلے کے خارجی شیشے کے کھلے حصے کا قطر ؛ کیمرے کے چہرے کی جانب کا روزن جس میں سے تصویر اتارتے وقت روشنی کی شعاعیں گزرتی ہیں ؛ سہوہ ۔

apery, n.
بُوزنی رویّہ یا نقالی ؛
مسخرہ پن ؛ بندر بھبکی ۔

apetalous, a.
(نباتیات) بے گلبرگ ؛ بے پنکھڑی ؛
بے پنکھ ؛ اپنکھڑ ؛ بے پتیا ۔

apetalousness, n.
بے برگی ؛ بے پتیا ۔

apex, n.
راس ؛ چوٹی ؛ نوک ؛
اونچان یا کسی شے کا مقامِ عروج ؛ قُلّہ ؛ سرا ؛ اَنی ۔

aphaeresis, apheresis, n.
(گرامر) حذفِ حرف ؛
کسی لفظ کا ابتدائی حرف یا رکن گرا دینا جیسے possum کہ اصلاً اس کے پہلے o تھا یا جیسے اعجوبہ سے عجوبہ ۔ (طب) کسی تکلیف دہ شے کو ہٹانے کا عمل ؛ دوا وغیرہ کے ذریعے اخراج ۔ (جراحت) کسی عضو وغیرہ کو کاٹنے کا عمل ؛ قطع عضو ۔

aphanite, n.
ایفینائٹ ؛ باریک دانوں والی
آتشیں چٹان جس کے ذرے آنکھ سے نظر نہیں آتے ۔

aphanitic, a.
ایسی چٹان سے متعلق یا کی مانند ۔

aphasia, n.
فتورِ گویائی ؛ فتورِ نُطق ؛
فتورِ کلام ؛ بولنے یا الفاظ و خیالات میں ربط کی صلاحیت کا فقدان جو دماغی بافتوں کے متاثر ہو جانے سے پیدا ہوتا ہے جب کہ اعضائے تکلم اور عام ذہانت پر اثر نہیں پڑتا۔

aphelion, n.
اوجِ شمسی ؛ بُعد ابعد ؛
کسی سیّارے یا دُمدار ستارے کے مدار کا وہ مقام جو سورج سے بعید ترین ہو (perihelion کے برعکس) ؛ بعید ترین نقطہ ۔

aphemia, n.
(امراضیات) سلبِ کلام ؛
زوالِ گویائی (خصوصاً وہ صورت جس میں خیالات کو لفظی جامہ نہ پہنایا جا سکے)۔

aphesis, n.
سقوطِ حرفِ اوّل ؛ کسی لفظ
کے ابتدائی حرف علت یا بے تاکید رکن کا سقوط جیسے squire کہ اصلاً esquire تھا ۔

aphetic, a.
جس کا حرفِ اوّل ساقط کر دیا گیا ہو۔

aphid, n.
کملۂ سبز ؛ تیلی ؛
رُکھ جُوں ؛ ایک چھوٹا سا مشابہ پَرحشرہ ، جو کملہ نوع (aphididae) سے تعلق رکھتا ہے،بہت بڑی تعداد میں پایا جاتا ہے اور بلا کا غارتگر ہوتا ہے؛ تقریباً ہر نوع کے پودے میں اس کی نشوونما ہوتی رہتی ہے ۔

aphidian, a.
اس نوع سے متعلق ۔

aphis, n.
کملہ ؛ رُکھ جُوں ؛ تیلی ۔

aphislion, aphidlion, n.
رُکھ جُوں خور ؛ تیلی خور ؛
کملہ خور ؛ متعدد سنڈیوں (حشراتی لاروؤں) میں سے کوئی، جیسے ''فیتہ پر'' حشرات جن کی خوراک کملے ، رکھ جوئیں وغیرہ ہیں ؛ بالغ حشرے (مکوڑے) کو بھی کہتے ہیں ۔

aphis-sugar, n.
کملہ شہد ؛ تیلی شہد ؛
نباتی کملہ کی خارج کی ہوئی مٹھاس (شہد)۔

aphonia, n.
فقدانِ صوت ؛ آواز کا
بالکل جاتے رہنا ؛ بے گوئی ؛ گونگا پن ؛ بے صوتی ۔

aphonic, a.
بے صدا ؛ بے صوت ۔

aphorism, n.
کہاوت ؛ مقولہ ؛ جامع کلمہ ؛
مَثل ؛ قولِ حکیم ؛ چند لفظوں میں ادا کیا گیا کوئی اصول یا مقولہ ؛ اہم صداقت کا حامل کوئی مختصر سا جملہ؛ قول ؛ کسی نظریے یا عقیدے کا کوئی کلیہ یا مقولہ؛ نیز دیکھیے : axiom اور maxim ۔

aphorist, n.
بلیغ گو ؛ بلیغ نویس ۔

aphoristic, a.
بلاغت سے متعلق یا مشابہ
یا لیے ہوئے ؛ اجمال گوئی یا مقولہ کے روپ میں ۔

aphoristically, adv. مقولے یا کہاوت کی صورت یا انداز میں ۔

aphorize, v.i. اجمال و بلاغت سے کام لینا ۔

aphotic, a. تاریک ؛ بے نور ۔

aphrodisiac, a. شہوت انگیز ؛ مبہی ؛
قوتِ باہ کو بھڑکانے والا ۔ (اسم) باہ انگیز غذا یا دوا ؛ افرو ڈائسی ۔

Apohrodite, n. افروڈائٹ ؛ رَتی ؛ کام دیوی ؛
یونان کی حسن و محبت کی دیوی ؛ رومیوں نے اسے زہرہ (وینس) کہا ہے ۔

aphyllous, a. (نباتیات) بے برگہ ؛ بے پتیا ؛
بے پات ؛ پتوں سے خالی ۔

apian, a. مگسی ؛ نحلی ؛
شہد کی مکھیوں کا یا ان سے متعلق ۔

apiarian, a. نحل پروری/شہد کی
مکھیوں کے پالنے سے متعلق ۔ (اسم) مکھی پال ؛ مگس بان؛ نحل پرور ۔

apiarist, n. مگس بان؛ نحل پرور۔

apiary, n. چھتّا ؛ مکھی گھر ؛ مگس خانہ ؛
وہ جگہ جہاں شہد کی مکھیاں شہد حاصل کرنے کے لیے رکھی جاتی ہیں ؛ مکھیوں کے لیے بنایا ہوا مصنوعی چھتا ؛ نحل گاہ ۔

apical, a. راسی ؛ راس ، چوٹی یا
نوک سے متعلق ؛ کسی مخروطی شے کے نوکیلے سرے سے متعلق ؛ چوٹی پر کا ؛ سرے کا ۔ (صوتیات) جسے صرف نوکِ زبان سے ادا کیا جا سکے ؛ برنوکی ۔

apiculate, a. (نباتیات) نکیلا ؛ نوکدار(پتا)؛ راس دار۔

apiculture, n. مگس بانی ؛ نحل پروری ؛
شہد کی مکھیاں پالنا؛ نحل داری (خصوصاً تجارتی بنیادوں پر) ۔

apicultural, a. مگس بانی ، نحل پروری سے متعلق ۔

apiculturist, n. مگس بان ؛ مگس پرور ؛
نحل پرور ؛ نحل بان ۔

apiece, adv. فی کس یا شے ، فی ؛ فرداً فرداً ؛
ایک ایک ؛ حسبِ جزو ؛ ہر ایک کو اس کے حصے کے مطابق (جیسے : Two dollars apiece was their reward) ۔

apish, a. بوزنہ صفت ؛ بوزنہ صورت ؛
بندر کی طرح کا یا اس کی مانند ؛ بھونڈے پن سے نقّالی ؛ احمقانہ طور پر تصنّع سے کام لیتا ہوا ؛ مضحکہ خیز ؛ بے وقوف ؛ گھامڑ ؛ گنوار ۔

apivorous, a. مگس خور ؛ نحل خور ؛
شہد کی مکھیوں پر پلنے والا (بعض پرندوں کی طرح) ۔

aplacental, a. بے مشیمہ ؛ ان شیر دار پستانی(میمل)
جانوروں پر اس کا اطلاق ہوتا ہے جن کے بچے آنول نال کے بغیر ہوتے ہیں جیسے کنگرو یا برّی،بحری چھچھوندر۔

aplanatic, a. (بصریات) بے کروی ضلالت ؛
نقص رُبا : جس سے روشنی کی شعاعیں منتشر ہو جانے اور ماسکے تک نہ پہنچنے کا نقص دور کیا جاتا ہے مثلاً aplanatic lens ۔

aplasia, n. عدم نمُو یا نقص نمو ؛
کسی بافت یا عضو کا پیدایشی طور پر نہ ہونے یا پوری طرح نمو پذیر نہ ہونے کی حالت ۔

aplastic, a. عدم نموئی کی خصوصیت کا حامل ۔

aplite, n. سنگِ خارا ؛ باریک دانوں والا
گرینائیٹ پتھر جس میں زیادہ تر گار اور فلسپار شامل ہوتا ہے ۔ نیز دیکھیے : haplite ۔

aplomb, n. [عمود ہونے کی حالت] ضبطِ نفس ؛
کامل خود اعتمادی سے پیدا ہونے والی خود اطمینانی ؛ تیقّن ؛ پُرسکُونی ؛ طمانیت ۔

apocalypse, n. کشف ؛ الہام ؛ خصوصاً ان یہودی اور
نصرانی تحریروں کی صنف میں سے کوئی ایک جو ۲۰۰ ق م سے ۳۵۰ ب م ظہور میں آئیں اور جن کا دعویٰ تھا کہ وہ حقیقی مشیت ایزدی کو لوگوں پر واضح کر رہی ہیں ۔ (بڑے A سے) کتابِ الہام یعنی عہد نامۂ جدید کی آخری کتاب ؛ آسمانی کتاب ؛ کشفِ یوحنّا ۔

apocalyptic, a. الہامی ؛ کشفی ؛ کشف یا
الہام سے متعلق یا اس کی خاصیت لیے ہوئے ؛ بالخصوص آسمانی کتاب؛ کشفِ یوحنا سے متعلق ۔ (اسم) الہامی تحریر یا ادب ۔

apochromatic, a. (بصریات) عدیم الضلالت ؛ غیر مُضِل ؛
کروی اور لونی انحراف کی اصلاح کرنے والا ۔

apocope, n. ترخیم ؛ کسی لفظ کے آخری حرف یا رکن کا ترک ۔

apcopate, v.t. ترخیم کرنا ؛ کسی لفظ کے آخر کا جزو حذف کر دینا ۔

Apocrypha, n. کتبِ مشکوک ؛ اسفارِ محرّفہ؛
جعلی اناجیل ؛ ان چودہ انجیلوں کا مجموعی نام جن کو مستند نہیں سمجھا جاتا ۔ یہ عہد نامۂ قدیم کے عوامی اور خصوصی ترجموں میں تو شامل ہیں لیکن یہودی اور پروٹسٹنٹ فرقے کے ایڈیشنوں میں نہیں ہیں ۔ (چھوٹے A سے) کوئی مشکوک الاصل اور غیر مستند تحریر۔

apocryphal, a. (بڑے A سے) جعلی اناجیل ؛ چودہ انجیلوں سے
متعلق؛ غیر مستند ؛ غیر یقینی سند یا اعتبار کا ؛ جعلی ؛ مشکوک ۔

apocryphally, adv. جعلی طریقے سے ؛
مشکوک طور پر ؛ مشتبہ طور پر ۔

apodal, a. بے پا ؛ بے پیرا ؛ بے پایہ ؛
ان مچھلیوں کے متعلق کہا جاتا ہے جو (اِیل یا کٹار مچھلی وغیرہ کی طرح) بطنی پَر نہیں رکھتیں ؛ اَپیرا ۔

apodictic, a. وجوبی ؛ صریحی ؛ قابل وضاحت ؛
وضاحتِ دار ؛ بلا خوفِ تردید واضح ؛ مسلّم ؛ پایۂ ثبوت کو پہنچا ہوا ؛ بدیہی ۔

apoenzyme, n. (حیاتی کیمیا) پیش خامرہ ؛ وہ
لحمیہ جو کسی اور معاون خامرے کے ساتھ مل کر خامروں کا فعال نظام تشکیل دے اور زیرخامرہ نظام کی خصوصیت ظاہر کرے ؛ بطلانی خامرہ ۔

apogamy, n. (نباتیات) بے جفتی زواجیّت ؛
ناملِ زواجیّت ؛ تزویجی عمل کے بغیر افزایش گری ۔ (حیوانیات) کبھی کبھی کا ملاپ یا جفتی ؛ ہر قسم کی مخلوط نسل رانی ؛ اَن مِل زوجیت ۔

apogee, n. اوجِ ارض ؛ اوجِ مدارِ قمر ؛
کسی سیارے یا جرمِ فلکی کے مدار کا وہ مقام جو زمین سے بعید ترین فاصلے پر واقع ہو (دیکھیے : perigee) ؛ چاند کے مدار کا ایسا مقام ؛

کوئی دور ترین مقام ؛ مُنتہائے کمال ، بُعدِ انتہائی ۔

apograph, n. مثنیٰ ؛ کسی مسودے کی نقل یا باز نوشت ؛ نقل (مخطوطہ کی) ۔

apolitical, a. غیر سیاسی ؛ سیاست سے کوئی واسطہ یا دلچسپی نہ رکھنے والا؛ سیاست سے نفور ؛ سیاسی طور پر جس کی کوئی اہمیت نہ ہو ۔

Apollo, n. اپالو ؛ سورج دیوتا ؛ یونانیوں اور رومیوں کا ایک دیوتا جو روشنی ، صحت ، شفا ، موسیقی، شاعری ، پیش گوئی وغیرہ کا خداوند کہلاتا ہے ، اسے حد سے زیادہ مردانہ حسن و شباب کا پیکر خیال کیا جاتا ہے ؛ کوئی حسین و تنومند جوان مرد ؛ ایک خلائی جہاز جو تین آدمیوں کو خلا میں لے جا کر چاند پر اتارنے کے لیے تیار کیا گیا تھا ۔

Apollonian, a. یونانی دیوتا اپالو کے متعلق یا اس کا حوالہ لیے ہوئے یا اس سے مشابہ ؛ کردار میں متوازن ؛ ہم آہنگ ۔

Apollyon, n. ابلیس ؛ شیطان ؛ دوزخ کا غارتگر فرشتہ ۔

apologetic, a. معذرت خواہ ؛ معذرت کے بارے میں یا متعلق یا معذرت دار ؛ الفاظ یا استدلال سے صفائی پیش کرتا ہوا ؛ متاسف ؛ عذر خواہ ؛ نادم ۔

apologetically, adv. معذرت خواہانہ ؛ معذرت کے طور پر ۔

apologetics, n. دینیات کی وہ شاخ جس کے ذریعے عیسائی علمی طور پر اس قابل کر دیے جاتے ہیں کہ وہ اپنے عقائد کو باجواز ٹھہرا سکیں اور مخالفین کو جواب دے سکیں ؛ اعتذاریات ۔

apologist, apologizer, n. عذرخواہ ؛ کسی مقصد کا دفاع کرنے والا ؛ اپنی تقریر یا تحریر میں معذرت خواہی کرنے والا ؛ موئید ۔

apologize, v.i. معذرت چاہنا ؛ نادم ہونا ؛ عذر معذرت کرنا ؛ عذر خواہی کرنا کسی ناانصافی پر ۔

apologue, n. حکایت ؛ اخلاقی قصہ ؛ سبق آموز قصے (جیسے حکایاتِ لقمان) ؛ تمثیل ۔

apology, n. اعتذار ؛ مدافعت میں کہی یا لکھی گئی کوئی چیز ؛ جواز ؛ برأت ؛ پریّت ؛ اعتراف (عموماً اظہار افسوس کے ساتھ اور کسی نامناسب قول یا فعل کے لیے) ؛ معذرت ؛ عذر خواہی ؛ حمایت ۔ (بول چال) ادنیٰ بدل ؛ کام چلاؤ ۔

apomorphine, n. (کیمیا) مارفین نما ؛ ایک مصنوعی قلیاسا/الکلائیڈ ، جو مارفین سے تیار کیا جاتا ہے ، قے آور اور مُخرج کے طور پر ہائیڈرو کلورائیڈ کی شکل میں استعمال ہوتا ہے ۔

apo neurosis, n. صِفاق ؛ ایک سفید چمکیلی اور مزاحم جھلیّ جو باہم گتھے ہوئے ریشوں سے مرکّب ہوتی ہے اور عضلاتِ ارادی ، بڑی شریانوں اور بدن کے بعض اور حصوں کو محیط ہوتی ہے اور یہ وتر عریض کے بڑھنے سے ترکیب پاتی ہے ؛ وتر عریض ؛ عضلوی پردہ ؛ عصب زادہ ؛ عصبیہ ۔

apo neurotic, a. صفاقی ، عصبیاتی ۔

apo pemptic, a. الوداعی ؛ رخصت کرنے سے متعلق ۔

apo phasis, n. (علم بیان) اناره ؛ کسی بات پر اظہارِ خیال کرنے سے انکار کرتے ہوئے اشارے کنایے میں اسے کہہ بھی جانا ۔

apo physis, n. (تشریح الاعضا) آماسہ ؛ گومڑ ؛ گومڑا ؛ کوئی ابھار ؛ ہڈی کا آگے کو بڑھا ہوا حصہ ؛ بیرون نامیہ ۔

apoplectic, apoplectical, a. مرگی کا شکار ؛ مرگی سے متعلق ؛ مرگی کے باعث ؛ مرگی کا رجحان لیے ہوئے ؛ سکتہ زدہ ؛ سکتہ میں ۔

apoplectic , n. مرگی کا مریض ۔

apo plexy, n. (امراضیات) مرگی ؛ سکتہ ؛ حسیّات اور ارادی حرکت کا اچانک کم یا ختم ہو جانا : اس کا باعث دماغی اجتماع خون یا دماغ میں شریانِ خون کا پھٹ جانا ہوتا ہے ۔

aport, a., adv. (جہازرانی) بندرگاہ کی جانب ؛ بائیں جانب ۔

aposematic, a. (حیوانیات) واضح صورت کا ؛ انتباہ کی صورت میں ؛ انتباہی ۔

aposiopesis, n. (علم بیان) خطابی وقفہ ؛ دورانِ خطاب بولتے بولتے اچانک رُک جانا اور اثر انگیزی کے لیے کسی خیال یا بات کو نامکمّل چھوڑ دینا ۔

apostasy, n. ارتداد ؛ جس کا ادعا ہو ، اسی سے لاتعلقی ؛ اپنے اصولوں ، عقیدے یا جماعت سے کامل برگشتگی ، انحراف یا علیحدگی ۔

apostate, n. مُرتد ؛ جس نے اپنے عقیدے ، اصولوں یا جماعت کو چھوڑ دیا ہو ۔ (صفت) باطل ؛ غدار ؛ مرتد ۔

apostatize, v.i. مرتد ہونا ؛ بے دین ہو جانا ؛ دین کے اصول ، عقیدے یا جماعت کو چھوڑ دینا ۔

aposteriori, a. (منطق) استقرائی ؛ معلول تا علّت ؛ اثرات ، نتائج یا حقائق کے مشاہدے پر مبنی ؛ نتیجے سے سبب کی جانب ۔ (فلسفہ) استنباطی ۔ دیکھیے : a priori ۔

apostle, n. رسول ؛ حواری ؛ حضرت عیسیٰ کے ان بارہ حواریوں میں سے ایک جن کو ارشاد ربانی کی تبلیغ کے لیے نامزد کیا گیا تھا ؛ اسی قسم کے مشن والا کوئی شخص ؛ وسیع پیمانے پر اخلاقی اصلاح کرنے یا نئے اصولوں کا داعی ؛ بعض فرقوں میں یہ ایک اعلیٰ مذہبی منصب ہے ؛ مارمن کی بارہ رکنی انتظامیہ کا رُکن ۔

apostleship, n. رسالت؛ پیغامبری ؛ نبوت ۔

Apostles' Creed, n. روایتی عیسوی مذہب جو اصلاً بارہ حواریوں سے منسوب ہے ؛ حواری مسلک ۔

apostolate, n. رسالت ؛ پاپائیت ؛ حواری کی عظمت ، اس کا مشن یا منصب ؛ حواری اختیار کے مالک پوپ کا بلند مرتبہ یا اس کا عہدہ ۔

apostolic, apostolical, a. پاپائی ؛ حواری سے متعلق ، کے متعلق یا اس کا امتیازی وصف (خصوصاً بارہ حواریوں کا)؛ حواریوں کے نظریات کے مطابق ؛ کسی حواری سے شروع ہوتا ہوا ؛ حواریانہ ۔

Apostolic see, منصبِ رسالت/پاپائیت ؛ روم کے بشپ کی کرسیٔ عدالت جسے بلاواسطہ پطرس حواری نے قائم کیا تھا ۔

apostolic succession, سلسلۂ رسالت ؛ پہلے حواری (رسول)

سے موجودہ پوپ تک اور پھر پوپ کے توسط سے بشپ کلیسا تک ، بلا انقطاع منصبِ رسالت ۔

apostolic delegate, n. پاپائی نمائندہ (کسی ایسے ملک میں جس کے پاپائے روم کے ساتھ باقاعدہ سفارتی تعلقات نہ ہوں) ۔

Apostolic Fathers, n. (جمع) حواریاتی پادری ؛ پہلی یا دوسری صدی عیسوی کے کلیسائی پادریوں کا ایک گروہ جن کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ انہوں نے حضرت عیسیٰ کے حواریوں میں سے کسی ایک کی زیارت کی تھی یا ان سے رسم و راہ تھی ۔

apostrophe, n. حذفی علامت ؛ کسی لفظ میں حرف یا حروف حذف کرنے کی علامت (جیسے don't میں) ؛ اسما میں حالت تملیکی ؛ اعداد اور حروف کی جمع میں بھی اس سے کام لیتے ہیں (جیسے the three R's) ؛ ناموجود شخص سے بلاواسطہ خطاب یا خطابت میں کسی چیز کو تجسیم کر کے پیش کرنے کا عمل ۔

apothecaries' measure, n. پیمانۂ عطار ؛ ادویہ کا امریکی نظام ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا میں استعمال ہونے والا اکائیوں کا نظام جو مائع ادویہ سازی اور دوا کی خوراک تیار کرنے میں استعمال ہوتا ہے ۔

apothecaries' weight, n. پیمانۂ دوا سازی ؛ ناپ تول کا نظام جو دوائیاں بنانے اور دوا کی خوراک تیار کرنے کے لیے مستعمل ہے ۔

apothecary, n. عطار ؛ دوا فروش ؛ دوا ساز ؛ دارو فروش ؛ دوا خانہ ۔

apothegm, apophthegm, n. سبق آموز کہاوت ؛ پند آموز مقولہ ؛ مختصر ، مؤثر اور سبق آموز مقولہ ؛ کوئی پُرمعنی کہاوت ۔

apothegmatic, apothegmatical, a. سبق آموز کہاوت سے متعلق ؛ پند آموز خصوصیات لیے ہوئے یا ایسی کسی بات سے متعلق ؛ اس قسم کے جملے یا کلام پر مشتمل ۔

apothegmatize, v.i. سبق آموز جملہ یا مقولہ کا استعمال کرنا ۔

apothem, n. (جیومیٹری) ارتفاع ؛ کسی مساوی الزوایا کثیرالاضلاع کے مرکز سے کسی ایک ضلع پر گرایا گیا عمود ؛ عمود از مرکز ۔

apotheosis, n. تجلیل ؛ کسی شخص کو دیوتا کا درجہ دینے کا عمل ؛ کسی کی بڑھائی ؛ الوہیت دہی ؛ خداگردانی ؛ تقدیس ؛ تحریم ۔

apotheosize, v.t. دیوتا بنانا ؛ کسی شخص کو دیوتا سروپ کہنا ، ماننا یا ٹھہرانا ۔

Appalachian, a. اپالاچی ؛ شمالی امریکا کی مشرقی جانب کے پہاڑوں سے متعلق جو صوبہ کیوبک کی کیپ گاسپے سے لے کر شمالی الباما تک چلے جاتے ہیں اور مختلف ناموں سے کئی سلسلوں میں بٹے ہوئے ہیں خاص طور پر ان پہاڑوں کا وہ علاقہ جو متحدہ امریکا میں پڑتا ہے ۔

appall, appal, v.t. خوف زدہ کرنا ؛ ہیبت زدہ کرنا ؛ دہشت سے بدحواس کر دینا ؛ نراس کر دینا ؛ ہیبت بٹھا دینا ؛ خوف دلانا ؛ ڈرانا ؛ دھمکانا ۔

appalling, a. ہولناک ؛ شدید طور پر قابلِ نفرت ۔

appallingly, adv. ہولناکی سے ۔

appanage, apanage, n. خاصہ ؛ وہ مشاہرہ یا جاگیر جو بادشاہ چھوٹے شہزادوں کے لیے مقرر کر دیتے ہیں ؛ زندگی میں اپنے منصب یا مقام کے حوالے سے جو کچھ کسی کے حصے میں آتا ہو ؛ قدرتی لیاقت یا وصف ۔

apparatus, n. کسی مقصد کو پورا کرنے کے لیے مہیا کی گئی اشیا ؛ کسی مقصد ، کارروائی یا تجربے کی تکمیل کے لیے اشیا یا سامان کا ذخیرہ یا مجموعہ ؛ کسی گروہ یا تحریک کی تنظیم (اکثر سیاسی اور سازشی) ؛ آلاتِ تجربہ ؛ آلاتِ تشریح ؛ اوزار ؛ آلہ ۔ (فعلیات) ان اعضا کا مجموعہ جو سب ایک ہی کام میں اعانت کر رہے ہوں ۔

apparel, n. لباس ؛ پوشاک ؛ کپڑے ؛ پیراہن ؛ تن پوش ؛ قبا ؛ بالا پوش ۔ (جہاز رانی) جہاز کا مستول ، بادبان ، فرنیچر وغیرہ ۔

apparel, v.t. لباس پہنانا ؛ کپڑے پہنانا ؛ پوشاک پہنانا ؛ آراستہ کرنا ۔

apparent, a. ظاہر ؛ جو دکھائی دے رہا ہو ؛ عیاں ؛ حدِّ نظر کے اندر ؛ نگاہ یا قوّتِ فیصلہ کے اندر ؛ ظاہری (اکثر اصل سے ممتاز) ؛ صاف ؛ روشن ؛ واضح ؛ غیر مبہم ؛ قابل فہم ؛ آشکارا ؛ ان معنوں میں اب محض خبر کے طور پر آتا ہے ؛ مرئی ؛ صریح ۔

heir apparent, ولی عہد ؛ جائز وارث ؛ جس کا بشرطِ زندگی موجودہ مالک کی وفات کے بعد وارث ہونا یقینی ہو ؛ حقِ وراثت رکھنے والا ۔

apparently, adv. بظاہر ؛ واضح طور پر ؛ آشکارا طور پر ؛ ظاہراً ؛ دیکھنے میں ؛ نمایاں طور پر ؛ ظاہر طریقے سے ؛ مرئی طور پر ؛ صریحاً ۔

apparition, n. ظہور ؛ دکھائی دینے کا عمل ؛ مظاہرت ؛ ظاہریت (دکھاوٹ) ؛ پیکرِ خیالی (خصوصاً بھوت) ؛ سایہ ؛ آسیب ؛ نظر آنے والی بدروح (آخر میں al لگانے سے حالتِ صفت بن جاتی ہے) ۔

apparitor, n. کسی مجسٹریٹ یا عدالت کا قاصد یا عہدہ دار ؛ چوب دار ؛ حاجب ۔

appeal, v.i. التجا کرنا ؛ مرافعہ کرنا ؛ اپیل کرنا ؛ امداد ، رحم ، ہمدردی اور ایسے ہی جذبات کے حوالے سے پکارنا ؛ کسی دوسرے شخص یا ہیئتِ مجاز کے آگے فیصلے یا الزام شوئی کے لیے رجوع کرنا ۔ (قانون) حتمی فیصلے کے لیے اعلیٰ تر عدالت یا جج کی عدالت میں (مقدمہ) لے جانا ۔ (فعل متعدی) (قانون) کسی معاملے کو ادنیٰ سے اعلیٰ عدالت میں تبدیل کرانا ۔ (متروک) جرم کا الزام عائد کرنا ؛ ملزم ٹھہرانا ۔ (اسم) پکار یا التجا (مدد ، رحم ، ہمدردی وغیرہ کے لیے) ؛ عرض داشت ؛ گزارش ؛ درخواست ؛ استدعا ؛ استغاثہ ؛ کسی اور کو ثبوت یا فیصلے کے لیے بھیجنا ؛ حقِ مرافعہ ؛ استعانت ؛ امداد طلبی (جیسے : an appeal to arms) ؛ کشش ۔

appealable, a. قابلِ مرافعہ ؛ جو قابلِ اپیل ہو ۔

appealer, n. اپیل کنندہ ؛ اپیل کرنے والا ؛ استغاثہ کرنے والا ؛ ملتجی ؛ درخواست گزار ۔

appear, v.i. نظر آنا ؛ آنکھ کو دکھائی دینے لگنا ؛ نگاہ میں آنا ؛ کسی کے روبرو آنا (ہو جانا) ؛ نمایاں ہونا ؛ عامۃ النّاس کے سامنے آنا ؛ ثبوت کے ذریعے واضح ہونا یا کر دینا ؛

دکھائی دینا ؛ کی طرح نظر آنا ؛ شائع ہونا ؛ چھپنا ؛ عیاں ہونا ؛ پیش ہونا ؛ حاضر ہونا ؛ شریک ہونا ۔

appearance, n. ظہور ؛ اظہار ؛ باریابی ؛ آمد ؛ حاضری ؛ موجودگی ؛ نمود ؛ کسی ایک شخص یا ایک سے زیادہ اشخاص کے سامنے پیشی ؛ دیکھی گئی شے ؛ منظر ؛ آسیب ؛ خارجی نمود ؛ حقیقت یا جوہر کے مقابلے میں محض دکھاوا ؛ شباہت ؛ قد کاٹھ ؛ شکل و صورت ۔ (قانون) کسی فریق کا قانونی چارہ جوئی کے لیے عدالت میں آنا یا وکیل کے پاس جانا ؛ حاضری (عدالت میں) ۔

appeasable, a. قابلِ تسکین ؛ قابلِ اطمینان ؛ قابلِ روک تھام ؛ قابلِ رفع ؛ قابلِ تشفی ؛ رفع پذیر ؛ تشفی پذیر۔

appease, v.t. دلاسا دینا ؛ تشفی کرنا ؛ ڈھارس بندھانا ؛ تسکین دینا ؛ رفع کرنا ؛ فرو کرنا ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ تیزی کم کرنا (جیسے بھوک کی) ؛ سکون یاب کرنا ؛ کسی شخص کو یا غصے کو ٹھنڈا کرنا ؛ مخالف کی شرائط مان کر صلح کرنا ؛ سکون بخشنا ؛ اطمینان بخشنا ۔

appeasement, n. دلاسا ؛ تشفی ؛ طمانیت ؛ ڈھارس ؛ روک تھام ؛ تسکین ؛ رفع ۔

appeaser, n. تسکین دہ ؛ طمانیت بخش ؛ سکون آور۔

appellant, n. مرافع ؛ ملتجی ؛ اپیلانٹ ؛ کسی عدالتی فیصلے کے خلاف اپیل کرنے والا ؛ مقدمے کو عدالتِ بالا میں لے جانے والا ۔

appellate, a. مرافع گیر؛ اپیلوں سے متعلق ؛ اپیلوں کی سماعت اور فیصلے کا اختیار رکھنے والا ؛ عدالت مرافعہ ؛ حاکمِ اپیل ۔

appellation, n. عُرف ؛ وہ لفظ جس سے کوئی چیز یا شخص معروف ہو (نام ، خطاب ، لقب وغیرہ) ؛ عرفِ عام ؛ تسمیہ۔

appellative, a. عرفی ؛ نکرہ ؛ اسم عام یا نکرہ کی طرف اشارہ کناں ؛ عرف عام کا کام دینے والا ؛ موسوم یا معروف ۔ (اسم) عرفِ عام ؛ توضیحی نام ۔ (گرامر میں) اسم نکرہ یا اسم عام۔

appellee, n. (قانون) جس کے خلاف اپیل کی گئی ہو ؛ مرافعہ الیہ ۔

append, v.t. منسلک کرنا ؛ ٹانکنا ؛ نتھی کرنا ؛ کسی شے کے ساتھ ضمیمے کے طور پر نتھی کرنا یا جوڑ دینا ؛ متعلق کرنا ؛ ملحق کرنا ؛ ساتھ ملا دینا ؛ ملحق کر دینا ؛ لگانا ؛ شامل کرنا ؛ جوڑنا ؛ انضمام کرنا ۔

appendage, n. ضمیمہ ؛ مشمولہ ؛ کسی بڑی چیز کے ساتھ اضافہ کی گئی یا وابستہ کی گئی کوئی چیز ؛ کوئی ذیلی حصہ (جز)؛ تعلیق ؛ تتمہ ؛ زائد ؛ اضافہ ؛ حاشیہ ؛ لاحقہ ؛ ملحقہ چیز۔

appendant, a. ملحق ؛ تابع ؛ لٹکتا ہوا ؛ بجا طور پر کسی سے متعلق ؛ ضمیمے کے طور پر شامل ؛ ضمنی ؛ ذیلی ۔ (اسم) حاشیہ ؛ تعلیقہ ؛ وصلہ ۔
(جراحی) زائدہ برآری ؛ ا اندھے غدود پر عمل جراحی ؛ زائدہ شگافی ۔

appendicitis, n. ورم زائدہ ؛ سوزشِ زائدہ ؛ وہ مرض جس میں زائد دودیہ آنت (جو انسان اور بعض جانوروں میں ہوتی ہے) سوج جاتی ہے ؛ زائد آنت کی سوزش ۔

appendicular, a. زائدی ؛ کسی انگ یا عضوی زائدہ سے متعلق (جیسے an appendicular skeleton)۔

appendix, n. ضمیمہ ؛ زائدہ ؛ لاحقہ ؛ ساتھ لگی ہوئی یا اضافہ شدہ کوئی چیز ؛ کسی کتاب کے ساتھ لگایا گیا ضمیمہ جو اس سے متعلق تو ہو لیکن اصل کام کے لیے ناگزیر نہ ہو ؛ تعلیقہ ؛ وصلہ ؛ تتمہ ۔ (تشریح الاعضا) کور آنت ؛ اپینڈکس ؛ معائی زائد ؛ اعورِ زائد ۔

apperceive, v.t. ادراک کرنا ۔ (نفسیات) ادراک کا شعور رکھنا ؛ شعور کے ساتھ ذہن میں لانا ؛ سمجھنا ۔

apperception, n. ادراک ؛ مدرکیت ؛ تصور ۔ (نفسیات) ادراکِ شعوری ؛ خود آگاہی کو ہم رکاب رکھنے والی ارادی ذہنی سرگرمی ؛ ذہن میں پہلے سے موجود تصورات یا خیالات کے ذریعے نئے ادراک یا تصورات کا انجذاب ؛ صاف بینی ۔

appertain, v.i. متعلق ہونا ؛ تعلّق رکھنا لگاؤ یا نسبت رکھنا (بعد میں to آتا ہے) ۔

appetence, appetency, n. خواہش ؛ میلان ؛ جھکاؤ ؛ شدید طبعی لگاؤ یا رغبت ؛ اشتہا ؛ بھوک ؛ چاہ ؛ لگن ۔

appetite, n. مسرّت یا خیر کے لیے طبعی خواہش ؛ ذوق ؛ میلان ؛ ترجیح ؛ جسمانی ضرورت یا اشتہا کو پورا کرنے کی خواہش ؛ جبلّی انگیزش ؛ کھانے یا پینے کی خواہش ؛ اشتیاق یا تمنا ؛ رجحان ؛ رغبت ۔

appetitive, a. مشتہی ؛ اشتہا سے متعلق ۔

appetize, v.t. رغبت دلانا ؛ اشتہا پیدا کرنا ۔

appetizer, n. اشتہا آور ؛ اشتہا کو تیز کرنے کے لیے کھانے سے پہلے دی جانے والی خوردنی یا نوشیدنی ؛ بھوک آور ؛ اشتہا پیدا کرنے والی چیز ؛ بھوک تیز کرنے والی چیز۔

appetizing, a. اشتہا انگیز ؛ اشتہا کو تیز کرنے یا اکسانے والی (شے یا کیفیت)۔

applaud, v.t. اظہارِ پسندیدگی کرنا ؛ تالی بجانا ؛ مرحبا کہنا ؛ زور سے تحسین و آفرین کہنا ؛ نعرۂ تحسین بلند کرنا ؛ تالی بجا کر توصیف کرنا ؛ اظہارِ خوشنودی کرنا ؛ بہت زیادہ تعریف کرنا ؛ تعریف کے پُل باندھنا ۔ (فعل لازم) واہ واہ کرنا ؛ اظہارِ رضامندی کرنا ؛ منظور کرنا ۔

applause, n. بہ آوازِ بلند ستایش ؛ تالیاں بجا کر یا نعرے لگا کر ظاہر کی گئی خوشنودی ؛ توصیف ؛ تعریف ؛ آفرین ؛ پرزور تحسین ؛ نمایاں اظہارِ مسرت ؛ نعرۂ تحسین ۔

applausive, a. تعریفی ؛ توصیفی ۔

apple, n. سیب ؛ سیب کا درخت (اصطلاحی نام : مالوس پومیلا) ؛ بہت سے اور پھلوں یا درختوں کو بھی اسی نام سے پکارا جاتا ہے حالانکہ سیب یا سیب کے درخت کی کوئی خصوصیت ان میں نہیں ہوتی یا بہت ہی کم ہوتی ہے جیسے اناس وغیرہ کو pine apple کہا جاتا ہے ۔

apple of one's eye, آنکھ کا تارا ؛ گراں بہا شے یا شخص ؛ محبوب ؛ آنکھ کی پتلی ۔

apple of discord فساد کی جڑ۔

apple-jack, n. ایپل جیک ؛ سیب کی برانڈی کا امریکی نام ۔

apple-pie, a.
بر طرح بہترین ؛ مکمل ؛ عمدہ ؛
کامل ؛ بے عیب (جیسے apple-pie order) ۔

Appleton layer, n.
دیکھیے : F layer ۔

appliance, n.
اطلاق ؛ وسیلہ ؛ آلہ ؛
اوزار ؛ اسباب ؛ اطلاق یا استعمال کا عمل ؛ استعمال کی گئی چیز : کوئی گھریلو استعمال کی شے (خصوصاً برقی یا گیس سے چلنے والی چیز جیسے ٹوسٹر ، ریفریجریٹر وغیرہ) ۔

applicability, n.
اطلاق پذیری ؛ تطبیق ؛ موزونیت ؛
مطابقت ؛ قابل اطلاق ہونے کا وصف ؛ اطلاقیت ۔

applicable, a.
قابل اطلاق ؛ اطلاق کے لیے موزوں ؛
منطبق ؛ مناسب ؛ موزوں ؛ اطلاق پذیر ؛ ضروری ؛ قابل استعمال ؛ صحیح ؛ برمحل ۔

applicant, n.
درخواست گزار ؛ عرض گزار ؛
امیدوار ؛ سائل ؛ استعمال میں لانے والا ۔

application, n.
درخواست ؛ عرضی ؛ اطلاق ؛ استعمال ؛
اطلاق میں لائی گئی چیز ؛ عرض و التجا کرنے کا عمل ؛ گہرا مطالعہ ؛ توجہ ؛ کسی نظری شے کی عملی تجربے کے ذریعے آزمایش ؛ ملازمت یا داخلے وغیرہ کا فارم ؛ لگانے کا عمل ۔

applicative, applicatory, a.
اطلاقیاتی ؛
جس میں کوئی اطلاقیت ہو ؛ قابل اطلاق ہونے سے متعلق ؛ عملی ؛ اطلاقی ۔

applicator, n.
عامل ؛
ملساق پچکاری ؛ ضمادی ؛ دوائی ، غازہ یا کیمیاوی چیزوں کو لگانے کا کوئی آلہ ۔

applied, a.
اطلاقی ؛ عملی ؛ کسی چیز پر لگایا ، چسپاں یا پیوست کیا گیا (جیسے applied ornaments in needle work)؛ عملی استعمال میں لایا ہوا جیسے سائنس کے مجرد اصولوں کا عملی طور پر اطلاق (تجریدی اور نظری کے برعکس) ۔

applier, n.
اطلاق کنندہ ؛ لگانے والا ؛
اطلاق کرنے والا ۔

applique, a.
جڑاؤ ؛ پیوستہ ؛
کسی ایسے مواد سے بنا ہوا جو آرایش و زیبایش کے لیے کسی دوسری چیز پر ٹانکا گیا ہو ۔ (اسم) جڑاؤ کا کام ؛ اپلیق ۔ (فعل متعدی) جڑنا ؛ (کسی اور شے پر) اپلیق دوزی کرنا یا ٹانکنا ؛ جڑاؤ کام کی طرح لگانا یا بنانا ۔

apply, v.t.
اطلاق کرنا ؛ منطبق کرنا ؛
لگانا ؛ پر رکھنا (مثلاً ہاتھ کو میز پر) ؛ کسی اور چیز پر رکھنا ؛ کسی خاص مقصد کے لیے استعمال میں لانا ؛ کسی خاص معاملے پر منطبق کرنا یا کام میں لینا ؛ چسپاں کرنا ؛ کسی شخص یا چیز کے لیے موزوں یا متعلق جان کر استعمال کرنا (محاورہ یا کہاوت وغیرہ) ؛ توجہ کے ساتھ منہمک کرنا یا کام میں لگانا ؛ مصروف یا منہمک کرنا (ذہن کو) ۔ (فعل لازم) کوئی تعلق ، مطابقت یا مشابہت رکھنا ؛ عرضداشت کرنا ؛ درخواست کرنا ؛ منظور کرنا ؛ اتفاق کرنا ؛ رجوع کرنا (بعد میں to آتا ہے) ؛ درخواست دینا ؛ طالب ہونا ؛ خواستگار ہونا ؛ امیدوار ہونا ۔

appoint, v.t.
تقرر کرنا ؛ کسی خاص عہدے یا کام
پر حکماً متعیّن کر دینا ؛ مامور کرنا ؛ الاٹ کرنا ؛ مقرر کرنا ؛ نامزد کرنا ؛ تعینات کرنا ؛ ضروریات یا لوازمات سے لیس کرنا یا مہیّا کرنا (آج کل صرف appointed کی صورت میں بطور ماضی معطوف مستعمل ہے) ۔

appointee, n.
تقرریاب ؛ مقرر کیا گیا شخص ؛
مامور ؛کسی قانونی‌فرمان کے تحت فائدہ حاصل کرنے والا ؛ فیض یاب ۔

appointor, n.
تقرّر کنندہ ؛ مقرر کرنے والا ؛
مامور کرنے والا ؛ قانونی فرمان یا عہد کے ذریعے کسی کو فائدہ پہنچانے والا ؛ فیض رساں ۔

appointive, a.
تقرّراتی ؛ تقرّر سے متعلق ؛
تقرّر کی صورت میں یا تقرر پر موقوف ۔

appointment, a.
تقرّر ؛ تقرّر کرنے کا عمل ؛
فرمان یا حکم نامہ ؛ کسی عہدے یا دفتری منصب پر تقرر ؛ منصب ؛ تعیناتی ۔ (قانون) کسی سابقہ وصیّت یا دستاویز کی رو سے کسی جائیداد کا حق استعمال ؛ مصروفیت (کسی اجلاس وغیرہ کے سلسلے میں) ؛ تعین وقت ؛ جمع کی صورت میں اس سے سازوسامان اور لوازمات خانہ یا دفتر مراد لیا جاتا ہے ؛ اسباب ؛ اسامی یا عہدہ ۔

apportion, v.t.
کسی واضح اصول کے مطابق
منصفانہ طور پر حصے کرنا اور تقسیم کرنا ؛ حصّہ رسدی دینا ؛ مناسب حصّوں میں بانٹ دینا ؛ الاٹ کرنا ؛ مقرر کرنا ؛ نام ہونا (کسی کے) ۔

apportionment, n.
بانٹنے کا عمل ؛ بٹوارا ؛
بانٹ ؛ حصّہ رسدی تقسیم ؛ بٹوتی ؛ انتخابی حلقوں یا کسی قانون ساز ادارے میں ارکان کی تعداد کی تقسیم (خصوصاً ریاستہائے متّحدہ امریکا کے ایوانِ نمایندگان میں تعدادِ ارکان) ۔

appose, v.t.
پہلو بہ پہلو رکھنا ؛ تہ بہ تہ رکھنا ؛
ساتھ ساتھ رکھنا ؛ ثبت کرنا ؛ لگانا ؛ یکے بعد دیگرے رکھنا ۔

apposite, a.
موزوں ؛ مناسب ؛ مطابق ؛ موافق ؛
برمحل ؛ انتہائی موزوں ، برجستہ (جواب یا دلیل وغیرہ) ؛ موقع کے مطابق ۔

appositely, adv.
برجستہ انداز میں ؛
موزوں یا مناسب طریقے سے ۔

appositeness, n.
موافقت ؛ مناسبت ؛ موزونیت ؛
مطابقت ؛ برجستگی ؛ درستی ۔

apposition, n.
تہ بہ تہ رکھنے کا عمل ؛
اضافہ ؛ ترتیب ؛ پہلو بہ پہلو رکھنے کا عمل ۔ (گرامر) عطفِ بیان ؛ دو اسموں یا اسمیہ ترکیبوں کا باہمی تعلق جو کسی جملے میں ایک دوسرے کے ساتھ ساتھ ہوں اور ان میں سے بعد میں آنے والے اسم یا ترکیب کو کاما لگا کر الگ کر دیا گیا ہو اگرچہ دونوں سے مراد ایک ہی چیز یا شخص ہو (جیسے Cicero, the orator, was there) ۔

appositional, a.
پہلو بہ پہلو ؛ دوش بدوش ؛
اضافی ۔

appositive, a.,n.
عطفِ بیانیہ ؛ پہلو بہ پہلو رکھا ہوا ؛
تہ بہ تہ رکھا ہوا ؛ گرامر میں وہ صفتی ترکیب یا صفت جو اپنے موصوف کے فوراً بعد آئے ۔ (اسم) اسم بدل ؛ موصولہ ۔

appraisal, n.
قیمت بندی ؛ تقویم ؛
بہاشناسی ؛ بہا سنجی ؛ تخمینہ کار کی لگائی گئی قیمت ؛ آنک ؛ تشخیص ؛ اندازہ ؛ جانچ ۔

appraise, v.t.
قیمت مقرر کرنا ؛ کسی ہیئتِ مجاز کی ہدایت پر قیمت کا تخمینہ لگانا ؛ اندازہ کرنا ؛ جانچنا ؛ تخمینہ لگانا ۔

appraisement, n. تشخیص ؛ جانچ ؛ اندازہ ، تخمینہ کاری؛ متعینہ قیمت۔

appraiser, n. تخمینہ کار؛ مال اسباب یا املاک کی قیمتِ تشخیص اور متعین کرنے والا لائسینس دار شخص ؛ مُقوّم۔

appreciable, a. قابل تحسین ؛ قابلِ توصیف ؛ قابلِ قدر ؛ نمایاں ؛ عمدہ ؛ پسندیدہ ؛ قابل تعریف ؛ اس حد تک بڑا کہ اس کے بارے میں تخمینہ لگایا جا سکتا ہو یا پیمایش کی جا سکتی ہو۔

appreciably, adv. نمایاں طور پر ؛ پسندیدگی سے ؛ محسوس طور پر ؛ قابل ادراک طور پر۔

appreciate, v.t. تحسین کرنا ؛ حد درجہ احترام کرنا ؛ قدر دانی کرنا ؛ داد دینا ؛ اندازہ لگانا ؛ پرکھنا ؛ قیمت بڑھانا ؛ دام زیادہ کرنا ؛ شایانِ شان عزت یا قدر کرنا ؛ مناسب قیمت یا تخمینہ لگانا ؛ توصیف کرنا ؛ سراہنا ؛ استحسان کرنا ۔ (فعل لازم) قیمت میں بڑھ جانا ؛ زیادہ قدروقیمت کا ہو جانا۔

appreciatory, a. تعریفی ؛ توصیفی ؛ تعریف و توصیف سے متعلق۔

appreciation, n. تحسین ؛ استحسان ؛ توصیف کرنے کا عمل ؛ تنقید ؛ تبصرہ ؛ تقریظ ؛ اندازہ ؛ جائزہ ؛ قدروقیمت میں اضافہ ؛ احسان مندی ؛ جمالیاتی قدر کا شعور ؛ قدرت شناسی ؛ قدردانی ؛ جانچ ؛ پرکھ ؛ حالات کا صحیح اندازہ ؛ داد دہی۔

appreciative, a. قدر شناس ؛ قدر دان ؛ شایان ؛ قدرافزا۔

apprehend, v.t., v.i. کسی شخص کو پکڑنا ؛ گرفتار کرنا ؛ قابو میں کر لینا ؛ ذہنی طور پر گرفت میں لے لینا ؛ ماخوذ کرنا ؛ درک کرنا ؛ اندیشہ کرنا ؛ سمجھنا ؛ زیرِ حراست لینا ؛ کسی سے خطرہ یا خدشہ محسوس کرنا ؛ کی توقع رکھنا ؛ بات کی تہ کو پہنچ جانا ؛ خائف ہونا ؛ تشویش ہونا ؛ ڈرنا ؛ سے ہراساں ہونا ؛ کسی آنے والی برائی کا کھٹکا لیے ہونا ؛ تاڑ جانا ؛ خوف کھانا۔

apprehensible, a. قابلِ گرفت ؛ قابلِ ادراک ؛ فہم یا ادراک میں آ سکنے کے قابل ؛ جسے عقل قبول کرے ؛ جو سمجھ میں آ سکے ؛ معقول ؛ قابلِ فہم۔

apprehension, n. گرفتاری ؛ حراست ؛ ادراک ؛ سمجھ بوجھ ؛ خوف ؛ خدشہ ؛ فہم ؛ سمجھ ؛ عملِ تفکر ؛ رائے ؛ اعتقاد ؛ فہم و ادراک کا ملکہ ؛ اندیشہ ؛ تشویش ؛ دھڑکا ؛ وسوسہ۔

apprehensive, a. اندیشہ ناک ؛ سراسیمہ ؛ خائف ؛ مشوّش ؛ ہراساں ؛ یقین کر لینے ،خوف زدہ ہونے یا ڈر جانے کا میلان لیے ہوئے ؛ کسی تبدیلی کی توقع یا اندیشہ لیے ہوئے۔

apprehensively, adv. اندیشہ کے ساتھ ؛ تشویش سے ؛ پریشانی کے ساتھ ؛ خوف کے ساتھ۔

apprehensiveness, n. سراسیمگی ؛ خوف زدگی ؛ اندیشہ مندی ؛ تشویش ناکی ؛ ہراس ؛ فکر مندی۔

apprentice, n. کار آموز ؛ مبتدی ؛ شاگرد ؛ نوآموز ؛ جو کسی حرفت ، فن یا پیشہ کی تربیت حاصل کرنے کا قانوناً پابند ہو۔

apprenticeship, n. کارآموزی ؛ میعادِ کارآموزی ؛ شاگردی۔

apprentice, v.t. کسی کو شاگرد بنانا ؛ کسی ماہر استاد کی نگرانی میں دینا تا کہ وہ کوئی فن یا پیشہ سیکھ سکے ؛ کارآموزی کرنا۔

appressed, a. پیوستہ (جیسے پتّے ڈالی سے یا جیسے چٹانی طبقات کی تہیں) ؛ معانق۔

apprise, apprize, v.t. تحریری یا زبانی نوٹس دینا ؛ مطلع کرنا ؛ اطلاع دینا ؛ خبر دینا ۔ نیز دیکھیے : appraise ۔

approach, v.i. نزدیک ہونا ؛ مکانی یا زمانی طور پر قریب جانا یا ہونا ؛ قریب ہونا ؛ نزدیک ہو جانا ؛ زیادہ قریب پہنچ جانا ؛ پاس آنا ۔ (فعل متعدی) نزدیک آنا ؛ اصلاً یا مجازاً قریب ہونا یا پہنچ جانا ؛ کسی کے پاس آنا تا کہ اس سے تقابل کیا جا سکے ؛ قریب قریب لے آنا ؛ تجویز کرنا ؛ آغاز کر دینا ؛ رسائی پیدا کرنا ؛ پہنچنا ۔ (اسم) کسی معینہ مقام یا چیز کے قریب پہنچنے یا ہو جانے کا عمل ؛ تقرب یا قریب رسی ؛ رسائی ؛ عمارتوں میں/تک آنے جانے کا راستہ یا گزرگاہ ؛ کسی فرودگاہ یا بمباری کے ہدف سے نزدیکی یا اس کا راستہ ؛ نزدیکی ؛ قرب ؛ آمد ؛ پہنچ ؛ اندازِ نظر ؛ طرزِ نظر۔

approachability, n. رسائی پذیری ؛ رسائی کے قابل ہونے کی خوبی یا کیفیت۔

approachable, a. رسائی پذیر ؛ قابل رسائی ؛ جو اس قابل ہو کہ اس تک رسائی ہو سکے ؛ سہل الوصول۔

approbate, v.t. منظور کرنا ؛ منظوری دینا ؛ اظہار خوشنودی کرنا ؛ خوشی کا اظہار کرنا ؛ کسی کے متعلق اظہارِ اطمینان کرنا ؛ اظہارِ پسندیدگی کرنا ؛ صاد کرنا۔

approbation, n. استحسان ؛ قبولیت ؛ اجازت ؛ رضا ؛ اظہار پسندیدگی ؛ پسندیدگی ؛ منظوری ؛ تعریف ؛ تسلیم۔

approbative, approbatory, a. صاد کرتا ہوا ؛ باعث اطمینان ؛ پسندیدہ ؛ جس سے پسندیدگی ظاہر ہو ؛ تعریفی۔

appropriable, a. قابل تصرّف ؛ جسے کسی خاص استعمال کے لیے کام میں لایا جا سکے ، الگ کیا جا سکے یا تفویض کیا جا سکے۔

appropriate, v.t. اپنانا ؛ ہتھیا لینا ؛ قبضہ کرنا ؛ مخصوص کرنا ؛ دعوے دار بننا ؛ دوسروں کو بے دخل کر کے اپنے قبضے میں کر لینا ؛ اپنا حق سمجھ کر ناجائز طور پر دعوے دار بننا یا استعمال میں لانا ؛ کسی خاص مقصد کے لیے الگ کرنا یا تفویض کرنا ؛ نکال رکھنا ؛ فنڈ یا رقم مہیا کرنا (خصوصاً امریکی کانگرس کے ایکٹ کے ذریعے) ؛ تصرف میں لانا ۔ (صفت) کسی خاص شخص یا استعمال کے لیے الگ کردہ ؛ متعلقہ یا مخصوص ؛ موزوں ؛ مناسب ؛ درست ؛ برمحل ؛ باموقع ؛ صحیح ؛ ٹھیک۔

appropriately, adv. مناسب طور پر ؛ مناسب طریقے سے۔

appropriator, n. متصرف ؛ تصرف میں لانے والا ؛ قبضہ کرنے والا۔

appropriateness, n. مناسبت ؛ موزونیت ؛ درستی۔

appropriation, n. تصرف ؛ قبضہ ؛ تخصیص ؛ مدبندی ؛ قبضہ جما لینے کا عمل ؛ کسی خاص استعمال یا مقصد کے لیے مخصوص ؛ مختص ؛ مختص یا علیحدہ کردہ کوئی شے ؛ کسی خاص مقصد کے لیے رقم خرچ کرنے کی سرکاری اجازت ؛ اس خاص مقصد کے

لیے منظور کی گئی رقم ۔

appropriative, a. قابضانہ ؛ متصرفانہ ۔

approvable, a. قابلِ منظوری ۔

approval, n. منظوری ؛ پسندیدگی ؛ اجازت ؛ توصیف ؛ تحسین ؛ استحسان ۔

approve, v.t. صاد کرنا ؛ منظور کرنا ؛ توثیق کرنا ؛ تعریف کرنا ؛ کسی کی عمدگی اور موزونیت کا اعتراف کرنا ؛ (اس کے) متعلق اچھا خیال رکھنا ؛ اچھی رائے رکھنا یا موافقانہ رویہ رکھنا ؛ اطمینان بخش پانا ؛ کسی تجویز، منصوبے ، عرضداشت وغیرہ کی سرکاری طور سے منظوری دے دینا ۔ (متروک) اصل یا درست ظاہر کرنا یا ثابت کرنا (جیسے to approve one's bravery) ؛ پسند کرنا ؛ تصدیق کرنا ۔ (فعل لازم) خوش ہو جانا ؛ خوشی محسوس کرنا ؛ خوشنودی ظاہر کرنا ؛ اچھا خیال کرنا ؛ موافقانہ یا اچھا فیصلہ کرنا (بعد میں of آتا ہے) ۔

approver, n. صاد کنندہ ؛ پسند کرنے والا ؛ منظوری دینے والا ؛ سرکاری گواہ ؛ اقراری مجرم ؛ وعدہ معاف گواہ ۔

approvingly, adv. صاد کرتے ہوئے ؛ منظوری دیتے ہوئے ۔

approximate, v.t. قریب آنا یا لانا ؛ تخمینہ لگانا ؛ تخمینہ کے قریب آنے کا باعث بننا (رقم ، حالت ، درجہ کے) ۔ (فعل لازم) قریب آنا ؛ قریب پہنچنا ۔ (صفت) قریبی حالت ، جگہ یا مقدار میں ہونا ؛ تقریباً برابر یا ایک سے ۔

approximately, adv. تقریباً ؛ تخمیناً ؛ لگ بھگ ۔

approximation, n. قربت ؛ تقرب ؛ قریب لانے کا عمل ؛ اندازہ ؛ تخمینہ ؛ قریب قریب صحیح اندازہ ؛ قریب رسی ؛ قُرب ؛ نزدیکی ؛ مشابہت ۔

appulse, n. جڑھ دوڑ ؛ قریب رسی ؛ درآویخت ؛ ٹکر ؛ ٹھوکر ؛ صدمہ ۔ (فلکیات) دو اجرام سماوی کا ایک دوسرے سے قِران یا ٹکراؤ ۔

appulsion, n. تصادم ؛ قِران ؛ لگن ۔

appulsive, a. متصادم ؛ (حالت) لگن میں ۔

appurtenance, n. حاشیہ ؛ ملزوم ؛ متعلق ؛ لواحق ؛ وہ جو کسی کے ساتھ لازم ہو، جس کا کسی سے تعلق ہو یا جو کسی اور شے کے تحت ہو ؛ لاحقہ ؛ ضمیمہ ؛ کسی جائیدادکے وہ حقوق یا متعلقات جو اس کی فروخت کے ساتھ ہی دوسرے کو منتقل ہو جائیں ؛ مضاف ۔

appertenant, a., n. مستلزم ؛ تعلق دار ؛ متعلق ؛ بہت موزوں ۔ (قانون) قانونی لازمے کی حیثیت لیے ہوئے ؛ برمحل ۔

apraxia, n. (طب) فسادِ فعل ؛ انتشارِ فعل ؛ ارادی حرکت میں اختلال جس کے باعث با مقصد مربوط حرکت کی صلاحیت جاتی رہتی ہے اگرچہ عضلاتی سکت ، حسیّت اور عام نظم و ارتباط میں کوئی کمزوری واقع نہیں ہوتی ۔

apraxic, a. فسادِ فعل کا شکار یا اس سے متعلق ۔

apricot, n. خوبانی ؛ جنس خوبانی (Prunus armeniaca) کا گول سا پھل ، جو ذائقے میں آڑو اور آلوچے جیسا ہوتا ہے ؛ اس پھل کا درخت ؛ گلابی مائل زرد یا ہلکا نارنجی رنگ ۔

April, n. اپریل ؛ عیسوی سال کا چوتھا مہینہ جو تیس دن کا ہوتا ہے ۔

April fool, n. اپریل فول ؛ وہ شخص جسے یکم اپریل کو تفنّن کے طور پر بیوقوف بنایا جائے (کوئی اوٹ پٹانگ پیغام بھیج کر یا کسی اور طریقے سے) ۔

April Fool's Day, n. یکم اپریل ؛ اپریل فول منانے کا دن ۔

a priori, a., adv. استدلالِ علت تا معلول ؛ سبب سے نتیجے کی طرف استدلال کرتے ہوئے ، a posteriori کے برعکس؛جہاں نتیجے سے سبب کی طرف استدلال کیا جاتا ہے ؛ اس کا اطلاق اس علم پر ہوتا ہے جو جملہ تجربات سے بے نیاز یا ان سے قبل ہو ۔

apron, n. پیش بند ؛ بالا پوش ؛ ایپرن ؛ کوئی کپڑے یا چمڑے کا ٹکڑا جسے اس لیے پہن لیا جاتا ہے کہ کپڑے گندے نہ ہوں یا انہیں کوئی نقصان نہ پہنچے ؛ بدن کے اگلے حصّے کے لیے بالا پوش ؛ کوئی حفاظتی پارچہ یا ٹکڑا ؛ ہوائی اڈے کا وہ پختہ رقبہ جہاں ہوائی جہاز رکتے اور مسافروں کو اُتارتے ہیں ۔ (ارضیات) کسی چٹانی ملبے میں ریت یا بجری کا آگے کو بڑھا ہوا یا نکلا ہوا حصہ ؛ اسٹیج کا وہ حصہ جو آگے کی محراب اور سامنے کے پردے سے باہر نکلا ہوتا ہے ؛اسٹیج کا اگلا حصہ ۔ (فعل متعدی) ایپرن ڈالنا یا پہنانا ؛ پیش بند بہم پہنچانا ۔

apropos, a., adv. برمحل ؛ بروقت ؛ حسب مطلب (جیسے an apropos remark)؛معقول ؛ کام کا ؛ موزوں ۔

apropos of, prep. کے تعلق سے ؛ سے متعلق ؛ متعلق بہ ؛ مناسبت سے ؛ بحوالہ ۔

apse, n. محرابی طاق ؛ تاج ؛ جھروکا ؛ کسی عمارت کا وہ حصہ جسے نقشے میں حدِ آخر کے طور پر یا نیم دائرے یا کثیر الاضلاع کی صورت میں آگے کو بڑھا ہوا دکھایا گیا ہو اور جس کی چھت گنبد نما یا محرابی شکل کی ہو (خصوصاً ایسا ڈھانچا جو گرجے کے آخری حصے پر بنا ہوا ہو) ۔

apsis, n. (فن تعمیر) محرابی طاق ؛ تاج ؛ جھروکا ؛ نیم قوسی یا کثیر الاضلاع طاق ۔ (فلکیات) کسی سیّارے یا جرمِ سماوی کے مدار میں ان دو مقامات میں سے کوئی ایک مقام جو مرکزِ کشش سے اس کے زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم فاصلے کی نشان دہی کرتے ہیں ؛ اَوج یا حضیض ۔

apt, a. درست ؛ موزوں ؛ مناسب ؛ معقول ؛ ذہین ، طبّاع ؛ زود آموز ؛ برمحل ؛ راغب ؛ مائل ؛ مستوجب ؛ لائق ؛ قابل ؛ چُست ؛ میلان رکھنے والا ؛ تیار ؛ کار آمادہ ؛ مُستعد ۔

aptly, adv. مناسب انداز میں ؛ منصفانہ طور پر ؛ معقولاً ؛ رضاو رغبت کے ساتھ ؛ جلدی سے ؛ زیرکی سے ؛ مناسبِ موقع ۔

aptness, n. مناسبت ؛ طبّاعی ؛ کارآمادہ ہونے کی حالت یا خوبی ؛ آمادگی ؛ موزونیت ؛ رجحان ؛ زود فہمی ؛ زود آموزی ۔

apteral, a. (حیوانیات) بے پَر ؛ بے جناح ؛ بے بازو ۔ (کلاسیکی ، فن تعمیر) پہلوؤں پر ستونوں کے بغیر عمارت ۔

apterous, a. (حیوانیات) بے پَر ؛ بے جناح ؛ بے بازو ؛ پروں کے بغیر (جیسا کہ بعض حشرات) ۔ (نباتیات) بے غشائی

یا لنڈورا پودے ۔

apteryx, n. بے پرا ؛ لنڈورا پرندہ ؛
کیوی ؛ نیوزی لینڈ سے مخصوص ایک بے دم اور ننھے مُنّے بازوؤں والا پرندہ جو اب وہاں تقریباً نایاب ہے ؛ ایپٹیرکس ۔

aptitude, n. استعداد ؛ میلانِ طبع ؛
رُجحان ؛ کار آمادہ (وغیرہ) ہونے کی حالت یا خوبی ؛ فطری صلاحیت ؛ اُفتادِ طبع ؛ موزونیت ؛ مناسبت ؛ تعلیمی صلاحیت ؛ ذہانت ؛ رغبت ؛ کار آمادگی ۔

aqua, n. ماء ؛ آب ؛ عرق ؛ پانی ؛ کوئی مائع ؛
محلول خصوصاً ادویہ سازی کا ۔

aqua board, n. پن تختہ ؛ ایک موج تختہ جو
پانی پر پھسلنے (آبی اسکی انگ) کی تربیت دینے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ ہتھوں والا پن تختہ ۔

aqua cade, n. [کلیو لینڈ کی آبی نمایش ۱۹۳۷ء
کے حوالے سے] آبی کہفہ ؛ آبی نمایش ؛ جس میں موسیقانہ لوازمات کے علاوہ پیراکی ، غوطہ خوری اور کرتب نمائی کا اہتمام ہوتا ہے ۔

aqua fortis, n. آبِ قوی ؛ نائیٹرک ایسڈ
(شورے کا تیزاب) ۔

aqua lung, n. آب شُش ؛ آبی پھیپھڑا ؛
زیر آب سانس لینے کا آلہ جو آب روک نقاب اور دبی ہوئی ہوا کے سلنڈروں (استوانوں) پر مشتمل ہوتا ہے ۔

aquamarine, n. آبِ بحر ؛ نیلگوں زبر جد ؛ فیروزہ ؛
بہت عمدہ زبر جد جسے اس کی نیلاہٹ یا سمندری سبز رنگ کے باعث یہ نام دیا گیا ؛ نیز فیروزی یا نیلگوں سبز رنگ ۔

aquanaut, n. آب نورد ؛ خاص غوّاص ؛
وہ غوطہ خور جو زیر آبی ماحول میں رہنے اور کام کرنے کے امکانات و حالات کا جائزہ لینے کے لیے طویل عرصے تک زیرِ آب رہتا ہے ۔

aquaplane, n. آبی پُشتہ ؛ جل پُشتہ ؛
آب تخت ؛ ایک تختہ جس پر آدمی کھڑا ہوتا ہے اور ایک تیز رو کشتی اسے کھینچتی ہے ۔ (فعل لازم) آبی پُشتے پر سوار ہونا ۔

aqua pura, n. خالص پانی ؛ آبِ خالص ؛ آبِ مُقطّر ؛
آبِ کشیدہ ؛ عَرق ۔

aqua regia, n. ماءالملوک ؛ آبِ سلطانی ؛
شور نمک تیزاب ؛ ایک حصہ تیزاب شورا اور تین تا چار حصے تیزاب نمک کا آمیزہ : یہ عام طور پر دھاتوں خصوصاً سونے اور پلاٹینم گلانے میں استعمال ہوتا ہے ؛ زر گداز ؛ تیزاب سلطانی ۔

aquarelle, n. آبی رنگ تصویر ؛
وہ تصویر جو آبی رنگوں سے بنائی گئی ہو ؛ اس رنگ سے تصویر سازی ؛ آبی رنگ مصوری ۔

aquarist, n. محافظ ظرفاب ؛ پن گھر یا
ماہی خانے کا محافظ ۔

aquarium, n. پن گھر ؛ ماہی خانہ ؛ ظرفاب ؛
کوئی برتن،حوض یا ظرفاب وغیرہ جس میں آبی پودے اور جانور رکھے جاتے ہوں ؛ ایسے ظرفابوں یا ماہی گھروں کو عام نمایش کے لیے رکھنے کی جگہ ؛ آب گاہ ؛ آبستان ۔

Aquarius, n. بُرج دَلوْ ؛ آب بردار ؛
برجوں کے منطقے میں ستاروں کا وہ جمگھٹ جو برج جدی اور برج حوت کے مابین واقع ہے؛ منطقة البروج میں گیارہواں برج جس میں سورج پندرہ جنوری کے لگ بھگ داخل ہوتا ہے ؛ کُنبھ ۔

aquatic, a. آبی ؛ پانی سے متعلق ؛
پانی میں رہنے یا پانی میں اکثر آنے جانے والا ۔ (اسم) پانی میں اُگنے والا پودا ؛ آبی پودا۔(جمع کی صورت میں) وہ کھیل یا ورزشیں جو پانی کے اوپر یا اندر کھیلی یا کی جائیں جیسے کشتی رانی یا پیراکی ۔

aquatint, n. آبِ قوی کاری ؛ تانبے پر
کھدائی کا ایک طریقہ جس سے وہ حُسن و اثر پیدا ہو جاتا ہے جو آبی رنگ یا پختہ روشنائی کی نقاشی سے مشابہ ہوتا ہے ؛ اس قسم کی مُنبّت کاری ۔

aqua-vit, n. دیکھیے : Akvavit ۔

aqua vitae, n. [آبِ حیات] الکحل ، برانڈی یا
وھسکی جیسی تند و تیز شراب ؛ روحِ شراب ۔

aqueduct, n. آبراہ ؛ نالی ؛ آب ریز ؛ بمبا ؛
کوئی نالی یا آب ریز جس کے ذریعے پانی ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتے ہیں ؛ آبادی تک پانی مہیا کرنے کے لیے بنائی گئی کوئی آب گزر۔

aqueous, a. آب دار ؛ مائی ؛ آبی ؛ آبگیں ؛
پانی کا ؛ پانی جیسا ؛ پانی لیے ہوئے ؛ آبی (چٹانیں) : ایسی چٹانوں کو کہتے ہیں جو پانی کے لائے ہوئے مادے سے بنتی ہیں ؛ مرطوب ۔

aqueously, adv. آب داری سے ؛ آبی طریق پر۔

aqueousness, n. آب داری ؛ مائیت ؛ رطوبت ؛
پانی پن ۔

aqueous humor, n. (تشریح الاعضا) رطوبتِ مائیہ ؛
آبِ چشم ؛ وہ آبی سیال جو آنکھ کے بلوریں عدسے اور قرنیہ کے مابین اندرونی اور بیرونی خانوں میں بھرا ہوتا ہے ؛ آنکھ کی رطوبت ۔

aqui culture, n. آب پروری ؛ آبی کاشت ؛
آبی حیوانات پروری ؛ پانی کے قدرتی باسیوں کی نسل افزائی ؛ ماہی پروری ۔

aquifer, n. (ارضیات) آب اندوخت ؛ نفوذ پذیر
چٹانوں (ریت وغیرہ) کی تہ جس میں پانی ہوتا ہے (خصوصاً وہ جو کنوئیں وغیرہ کے لیے سوت یا منبع کا کام دیتی ہیں) ۔

equiferais, a. آب اندوختہ ؛ آب خیز۔

aqui-legia, n. (نباتیات) گلِ فاختہ ؛ ایک پودا
جو اس نام کی جنس سے تعلق رکھتا ہے اور گُلِ کبوتر بھی اس جنس سے ہے ۔

aquiline, a. عقابی ؛ عقاب
سے متعلق ؛ عقاب کی چونچ سے مشابہ ؛ خمدار ؛ آگے سے مڑی ہوئی طوطے جیسی ۔

Arab, n. عرب ؛ ملک عرب کا باشندہ ؛
عربی نسل کا (جو اب ایشیا اور افریقہ میں پھیلی ہوئی ہے اور کبھی جنوبی یورپ میں بھی تھی) ؛ عربی نسل کا گھوڑا ؛ تازی ۔ (چھوٹے a کے ساتھ) آوارہ یا مردود کے لیے آتا ہے ، خصوصاً کوچہ گرد بچہ (عموماً street Arab ترکیب میں) ۔

arabesque, n. [نقش عربی طراز] عربی گلکاری ؛

منقش ؛ وہ آرایش کاری جس میں پھولوں ، پتوں ، پھلوں ، ہندسی شکلوں وغیرہ کو بڑے پیچیدہ (دقیق) نمونوں میں پیش کیا جاتا ہے اور خالص اسلامی مزاج کو مدنظر رکھتے ہوئے اس میں کسی جاندار کی شکل شامل نہیں کی جاتی ؛ چیتن کاری کیا ہوا؛ نقشین ؛ طغریٰ ؛ بیلے رقص میں وہ صورت جب فن کار ایک پاؤں پر کھڑا ہو کر اپنے جسم اور ایک بازو کو آگے لے جاتا ہے جب کہ اس کا دوسرا بازو اور دوسری ٹانگ اسی افقی سطح پر پیچھے پہنچ جاتے ہیں ۔

Arabian, a. عربی ؛ ملک عرب یا اہل عرب سے متعلق ۔ (اسم) اعرابی ۔

Arabian, n.,a. تازی گھوڑا ؛ تیز و طرار عربی گھوڑوں کی نسل ۔

Arabian coffee, n. عربی قہوہ ؛ ایک چھوٹے قد کا سدا بہار افریقی پیڑ یا بڑی جھاڑی جسے گرم ملکوں میں بیجوں کے لیے کاشت کیا جاتا ہے اور اس سے کافی تیار کی جاتی ہے ۔

Arabic, a. عربی ؛ ملک عرب یا اہل عرب سے متعلق یا ان سے ماخوذ جیسے عربی فن تعمیر یا عربی اعداد اور شکلیں ۔

Arabic, n. عربی (زبان) ؛ عربوں کی زبان ؛ ایک سامی بولی جس نے بہت سی مشرقی اور دوسری زبانوں کو مستفیض کیا ہے اور جو عرب ، لبنان ، اردن ، مصر ، عراق ، شام اور شمالی افریقہ کے بعض علاقوں میں بولی جاتی ہے ۔

arabica coffee, n. (اکثر بڑے A سے) عربی قہوہ سے تیّار کیا گیا ایک مشروب ؛ عربی قہوہ ۔

arability, n. قابل کاشت ہونے کی حالت ؛ کاشت پذیری ۔

Arabist, n. عربی دان ؛ ماہر عربیات ؛ عرب شناس ؛ عربی زبان ، ادب اور علوم کا ماہر۔

arable, a.,n. قابلِ کاشت ؛ زراعتی ؛ کاشتنی ۔

araceous, a. عجالہ یا جنگلی سوسن کی ایک نسل سے تعلق رکھنے والے پودے بشمول عجالہ ، بدبوئی گوبھی ، گورگیاہ ، تارو وغیرہ ۔ دیکھیے : arum ۔

arachnid, n. عنکبہ ؛ مکڑی ؛ عنکبات یا بے پر مفصِل پایاں میں سے کوئی ایک جس کا جسم حلقہ دار ہو؛ جُوں اور بچھّو وغیرہ اس قبیل سے تعلق رکھتے ہیں ۔

arachnidan, n. عنکبی ؛ عنکبوں میں سے کوئی ایک ؛

arachnoid, a. جالا نما ؛ عنکبہ نما ؛ عنکبیہ ؛ عنکبوتیہ ؛ مکڑی کے جالے جیسا ۔ (تشریح الاعضا) ایک نیم شفاف پتلی سی جھلّی جو مغز اور حرام مغز پر لپٹی ہوتی ہے ؛ غشائے عنکبوتی ۔ (نباتیات) وہ پودا یا پتہ جس پر روئیں مکڑی کے جالے سے لگتے ہیں ؛ روئیں بوٹی ۔ (حیوانیات) مکڑی جیسا ؛ مکڑ رُوبی ؛ عنکبوتیہ نما ؛ جالا دار ۔ (اسم) عنکبوتی جھلّی ؛ عنکبہ ۔

aragonite, n. اراگونائٹ ؛ کیلسیم کاربونیٹ ؛ کیمیائی طور پر یہ کیلسائٹ کی مانند ہوتا ہے لیکن معینّی قلموں ، زیادہ سختی اور کثافتِ اضافی وغیرہ میں مختلف ہوتا ہے ۔

Aramaic, a. آرامی ؛ سامی ؛ قدیم ملکِ آرام (شام اور عراق) سے متعلق ؛ ان زبانوں یا بولیوں کے گروہ سے متعلق جو ملک آرام اور نواحی علاقوں میں بولی جاتی تھیں ۔ (اسم) آرامی زبان یا بولیوں کا گروہ جس کا سامی قبیلے سے تعلق ہے اور جن میں شامی زبان اور حضرت عیسیٰ کے زمانے کی فلسطینی بولی شامل ہیں ۔

Aramean, Aramaean, a. آرامی ؛ ملک آرام کا یا آرام سے یا وہاں کی زبان سے متعلق ؛ آرامینی ۔ (اسم) ملک آرام سے تعلق رکھنے والے علاقے کا سامی النسل شخص ؛ نیز آرامی زبان ۔

araneid, n. عنکبوت ؛ مکڑی ؛ عنکبیہ سلسلے کا خشرہ ۔

araneiform, a. عنکبوت نما ؛ مکڑی جیسا ؛ مکڑیلا ۔

araneose, araneous, a. جالا نُما ؛ عنکبوتی تار نما ؛ مکڑی جال جیسا ؛ عنکبیہ ۔

Arapaho, Arapahoe, n. اراپاہُو ؛ الگونکی میدانوں کے ریڈ انڈین کا ایک ذیلی گروہ جو کبھی جنوبی ساسکا چیوان اور مینی ٹوبا سے لے کر نیو میکسیکو اور ٹیکساس تک آباد تھے ؛ اراپاہو لوگوں کی الگونکی زبان ؛ اس قبیلے کا فرد ۔

Arawak, n. اراواک ؛ اراواکی ؛ ریڈ انڈین کا ایک ذیلی قبیلہ جو اب جنوبی امریکا کے شمال مشرقی ساحل پر آباد ہیں ؛ اراوا کی (فرد) ؛ اراوا کی (بولی) ۔

Arawakan, n.,a. اراواکن ؛ ریڈ انڈین کا ایک گروہ جو کبھی فلوریڈا سے چِلّی تک کے علاقے میں آباد تھا اور اب زیادہ تر جنوبی امریکا میں آباد ہے ۔ اس گروہ کا فرد ؛ ان زبانوں کا خاندان جنھیں اراواکن بولتے ہیں ۔

arbalist, arbalest, n. منجنیق ؛ ایک طاقت ور کڑی کمان جو ازمنہ وسطیٰ میں بہت مستعمل تھی ؛ اربیل ۔

arbalister, n. منجنیق انداز ؛ اربیلا ؛ منجنیق چلانے والا ۔

arbiter, n. ثالث ؛ پنچ ؛ حَکَم ؛ نزاعی صورت میں رفعِ نزاع کے لیے فریقین کی طرف سے منتخب یا مقرر کیا گیا شخص ؛ بغیر دباؤ کے فیصلہ کرنے یا فیصلہ سنانے والا ؛ مُنصِف ؛ مختارِ کُل ۔

arbitrable, a. پنچایتی فیصلے کے قابل ؛ قابلِ ثالثی ؛ قابلِ انفصال ۔

arbitrage, n. (مالیات) ہنڈی کا کاروبار ؛ ہنڈی بہوار : یہ اندازہ لگانا کہ کس طریقے سے مختلف مقامات پر ایک ہی وقت میں مال و زر اور حصص وغیرہ کی قیمتوں میں موجود فرق سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے ؛ حصص کی بیک وقت خرید و فروخت جس میں قیمتوں کے فرق سے فائدہ اٹھایا جائے ؛ محاکمہ قیمت ؛ ہُنڈی بیوپار ۔

arbitral, a. ثالثانہ ؛ پنچایتی ؛ ثالث یا ثالثی کے متعلق ؛ حَکمیہ ۔

arbitrament, n. حُکم ناطق ؛ فیصلہ ؛ تصفیہ ؛ عطائیگی ؛ ثالثی ؛ فیصلۂ مطلق کا اختیار ۔

arbitrarily, adv. مَن مانے طور سے ؛ بلا سوچے سمجھے ؛ بے قاعدگی سے ؛ مستبدانہ ؛ جبراً ۔

arbitrariness, n. خودسری ؛ سرزوری ؛ مطلق العنانی ؛ مَن مانی ؛ استبداد ؛ زبردستی ؛ زور آوری ۔

arbitrary, a. مَن مانا ؛ اپنی خواہش یا مرضی کے مطابق دیا گیا یا کیا گیا کوئی فیصلہ یا کام ؛ جس کا قانون کی بجائے ثالث کے ذریعے فیصلہ کیا گیا ہو ؛ کیا گیا فیصلہ ؛ کم فکری پر

مبنی ؛ آمرانہ ؛ استبدادی ؛ تحکمانہ ؛ ظالمانہ ؛ بے قابو ؛ بے قاعدہ ؛ بے طور ؛ بے روک ٹوک ؛ بے وجہ ۔ (ریاضی) غیر معیّن ؛ جس کی کوئی مخصوص قیمت نہ ہو ؛ عدداختیاری ۔

arbitrate, v.i.
ثالث بننا ؛ سرپنچ بننا ؛
کسی تنازع کو سننا اور فیصلہ دینا (جیسے مزدوروں کے مسئلے میں گفت و شنید) ۔ (فعل متعدّی) سماعت کے بعد فیصلہ سنانا ؛ تصفیہ کرنا ؛ ثالثی کرنا ؛ پنچایت کرنا ۔

arbitration, n.
ثالثی ؛ پنچایت ؛ کسی ایک شخص
یا اشخاص کا (جسے یا جن کو فریقین نے چُن لیا ہو) سماعت کر کے تنازع کے بارے میں کیا گیا فیصلہ ۔ (بین الاقوامی قانون) بین الاقوامی تنازعوں کا عدالتی طریق کار کے ذریعے تصفیہ ؛ پنچایتی فیصلہ ؛ وہ فیصلہ جو بذریعہ حَکَم ہو ۔

arbitrator, n.
ثالث ؛ منصف ؛ پنچ ؛
حَکَم ؛ ثالثی کرنے والا ۔

arbor, arbour, n.
منڈوا ؛ شجرپوشہ ؛ منڈپ ؛
منڈھا ؛ درخت یا بیل چھاؤں والا گوشہ جسے عام طور پر اوپر چڑھنے والی جھاڑیوں یا بیلوں کو جعفری کے ارد گرد گوندھ کر بنایا جاتا ہے ۔

arborous, a.
شجر پوش ؛ شجری ؛ چھاؤں دار ۔

arbor, n.
دُھرا ؛ کسی مشین یا کل کا وہ
بنیادی محور یا دُھرا جس کے ذریعے دوسرے حرکت کرنے والے حصوں کو حرکت میں لایا جاتا ہے یا جو گھومتے ہوئے قاطع آلے کو سہارا دیتا ہے ۔

arboraceous, a.
شجر نما ؛ پیڑ جیسا ؛
درختوں سے متعلق ۔

Arbor Day, n.
یومِ شجر کاری ؛ یومِ درختاں ؛
ریاستہائے متحدہ امریکا میں درخت کاری کا دن جو ہر ریاست میں الگ الگ ہوتا ہے اور بعض میں یوم تعطیل ہوتا ہے ۔

arboreal, a.
شجری ؛ درختوں سے متعلق ؛
درختوں پر یا درختوں میں رہنے والا ؛ رُکھ باسی ؛ درخت کی خصوصیت رکھنے والا ۔

arboreous, a.
شجری ؛ کثرتِ اشجار کی خصوصیات
رکھنے والا ؛ شجر دار ؛ جُھنڈ دار ؛ درختوں سے گھری ہوئی جگہ میں رہایش ۔

arborescence, n.
شجر گُونی ؛ شجر گُوں ہونے کی حالت ؛
پیڑ جیسی ہیئت یا نمو ۔

arborescent, a.
شجر گُوں ؛ مانندِ درخت ۔
(نباتیات) فطرت و عادت کے لحاظ سے درخت کی طرح ؛ کثیر شاخہ ۔

arboretum, n.
شجرگاہ ؛ شجرستان ؛
وہ جگہ جہاں مختلف قسم کے درختوں اور جھاڑیوں کو سائنسی تعلیمی یا زیبایشی مقصد کے لیے کاشت کیا گیا ہو ۔

arboriculture, n.
شجریات ؛ علم الاشجار ؛
شجر کاری ؛ درختوں اور جھاڑیوں کی کاشت ، پیدایش اور دیکھ بھال کا فن (خصوصاً سجاوٹ کے لیے) ؛ علم درخت کاری ۔

arboriculturist, n.
شجرکار ؛ ماہر شجریات ۔

arborization, n.
تشجّر ؛ شجر نما قلمیں ؛
معدنی متحجّرات (رکاز) یا شجر صورت کوئی چیز ؛ درخت کی شکل میں کسی چیز کی بناوٹ ۔

arborvitae, n.
شجرِ حیات ؛ بعض نوکیلے پتوں والے
درختوں کا مشترک نام ؛ شجرہ ؛ وہ درخت نما ترتیب جو کاسۂ سر کو عموداً کاٹنے پر حرام مغز میں دکھائی دیتی ہے ۔

arbutus, n.
قُطلب ؛ فرنگی تُوت ؛ سدا بہار درخت
یا جھاڑی کا اصطلاحی نام جس پر چمکیلے سرخ یا زرد بیر لگتے ہیں ؛ زمین پر پھیلی ہوئی اور مہکتے گلابی پھولوں والی ایک جھاڑی ۔

arc, n.
کمان ؛ قوس ؛ کمان صورت کوئی چیز
(جیسے قوس قزح) ؛ کوئی عمارتی محراب ۔ (جیومیٹری) کسی دائرے یا خم دار خط کا کوئی حصہ ۔ (فلکیات) دائرے کا وہ حصہ جو کسی جرم سماوی کے بالائے اُفق یا زیر افق مرئی راستے کا مظہر ہوتا ہے ۔ (برق) وہ منوّر یا تاباں پُل جو برقی رو کے دو موصلوں یا مقامات کے درمیانی خلا میں پیدا ہوتا ہے جس کا باعث ایصالی بخارات کی حرارتی چمک ہوتی ہے ۔ (فعل لازم) (برق) قوس بنانا ۔

arcade, n.
رواق ؛ چھتّا ؛ آرکیڈ ؛
ستونوں یا کھمبوں کے سہارے بنائی گئی محرابوں کا سلسلہ ؛ محرابی چھت یا چھتی ہوئی گزرگاہ (بعض اوقات جس کے ساتھ دکانیں بھی بنی ہوتی ہیں) ؛ کسی عمارت میں کوئی محرابی گزرگاہ ؛ کوئی محرابی عمارت ؛ مُسقّف راستہ ؛ بارہ دری ۔

arcadia, n.
آرکادیا ؛ یونانِ قدیم کا ایک خطہ
جسے دیہاتی سادگی، معصومیت اور طمانیت میں مثالی گنا جاتا تھا ؛ لہٰذا کوئی ایسا سادہ خطہ ۔

Arcadian, a.
آرکادیائی ؛ آرکادیا کا
یا اس سے متعلق ۔ (چھوٹے a سے) سادہ ؛ دیہاتی ۔ (اسم) آرکادیا کا باشندہ ؛ آرکادیا میں بولی جانے والی قدیم یونانی بولی ۔ (چھوٹے a کے ساتھ) پُر سکون اور سادہ زندگی بسر کرنے والا ۔

arcane, a.
پوشیدہ ؛ خفیہ ؛ مبہم ؛ غیر واضح ۔

arcanum, n.
اکسیرِ اعظم ؛ صدری نسخہ ؛
راز ؛ بھید ؛ سِرّ (خصوصاً ان رازوں میں سے ایک جن کی تلاش میں کیمیا گر سرگرداں رہے) ۔

arch, n.
محراب ؛ کسی قوسی خط پر پھانے
یا پچّر کی شکل کے اس طرح سے جڑے ہوئے ٹکڑوں یا پتھروں کی عمارت ، جو ان پچّروں کے باہمی دباؤ کے ذریعے قائم رہے ؛ کمان کی شکل کی کوئی ساخت یا چھت ؛ محراب دار دروازہ ؛ محرابی چھت ؛ قُبہ ؛ گنبد ۔

arch, a.
مکار ؛ چالاک ؛ کائیاں ؛ چالباز ؛
عیّار ؛ بدمعاش ؛ اوباش ؛ سرغنہ ؛ چھٹا ہوا ؛ پرلے درجے کا ۔

arch, v.t.,v.i.
محراب سے مزیّن کرنا ؛
ڈھانکنا یا پاٹ دینا ؛ محراب یا قوس کی طرح خم دینا ؛ محراب یا قوس کی صورت اختیار کرنا؛محراب کی مانند تننا (جیسے a bridge arching over the river) ۔

Archaean, Archean, a.
(ارضیات) قدیمی (چٹانیں) ؛
طبقات الارض کی ان قدیم ترین چٹانوں کو کہا جاتا ہے جو خاصیت میں قلمی ہوتی ہیں اور جن میں گرینائٹ ، سائنائٹ اور ابرق موجود ہوتی ہیں ؛ آرکیائی (چٹانیں) ؛ اوّلین عصری ۔ (اسم) اوّلین عصری دور ، قدیم دور (ان چٹانوں کے بننے کا دور) ۔

کی حکومت ۔

archdeacon, n.
صدر شماس ؛ آرچ ڈیکن ؛ شماسِ اعظم ؛ انگلینڈ میں کلیسائی عہدے دار جو مرتبے میں بشپ سے دوسرے درجے پر ہوتا ہے اور جس کا عمل دخل سارے اسقفی حلقے پر یا اس کے کسی حصے پر ہوتا ہے ۔

archdeaconate, archdeaconry, archdeaconship, n.
صدر شماسیت ؛ شماسیت اعظم ؛ آرچ ڈیکن کی رہایش ، اس کا دائرۂ اختیار اور عہدہ ۔

arch diocese. n.
صدر تعلقہ ؛ آرچ بشپ کا روحانی حلقہ ۔

arch ducal, a.
آرچ ڈیوک یا آرچ ڈیوکن سے متعلق ۔

arch duchess, n.
آرچ ڈیوک کی بیوی ؛ آرچ ڈیوکن ۔

arch duchy, n.
آرچ ڈیوک کا حلقہ یا مرتبہ ؛ آرچ ڈیوکن کا حلقہ یا مرتبہ ۔

arch duke, n.
صدر ڈیوک ؛ آرچ ڈیوک ؛ سلطنتِ آسٹریا کے شاہی خاندان کا کوئی شاہزادہ ؛ کوئی حکمران شہزادہ ۔

Archean, a.
دیکھیے : Archaean ۔

arched, a.
محراب دار ؛ قوس دار ؛ قوس کی طرح خمدار ؛ قوسوں والا ؛ محرابی ۔

arch-enemy, n.
ازلی دشمن ؛ سب سے بڑا دشمن ؛ شیطان ؛ ابلیس ؛ جانی دشمن ۔

Archeozoic, a.
دیکھیے : Archaeozoic ۔

archer, n.
تیر انداز ؛ تیر کمان چلانے والا یا اس میں طاق ؛ کماندار ۔

archery, n.
فنِ تیر اندازی ؛ تیز انداز کے زیر استعمال سازوسامان (تیر کمان اور ترکش وغیرہ) ۔

archetypal, archetypical, a
اوّلین نمونے کا ۔

arche-type, n.
اوّلین نمونہ ؛ نمونۂ اوّل ، نقش اول ؛ پہلی بناوٹ ؛ وہ پہلا نمونہ جس کے مطابق کوئی چیز بعد میں بنائی جائے یا جس کے وہ مطابق ہو ۔

archfiend, n.
بڑا شیطان ؛ ابلیس (پہلے the لگانے سے) ۔

archidiaconal, a.
صدر شماس کا ؛ آرچ ڈیکن کے متعلق ؛ بڑے ڈیکن کے متعلق ۔

archiepiscopate, n.
صدر اسقفیت ؛ آرچ بشپ کی سرفرازی ، عہدہ یا حلقۂ اختیار ۔

archil, orchil, n.
نباتی رنگ ؛ کائی سے حاصل کیا جانے والا بنفشی یا ارغوانی رنگ کا مادہ ؛ اس رنگ کا ماخذ پودا ۔

archimage, archimagus, n.
ساحرِ اعظم ؛ سرساحر ؛ بڑا جادوگر ؛ جادو گروں کا سرغنہ ۔

archimandrite, n.
صدر خانقاہ ؛ یونانی کلیسا میں کوئی راہب یا راہب اعلیٰ (اس کے ماتحت دوسرے راہب اور خانقاہیں ہوتی ہیں) ۔

Archimedean, a.
آرشمیدسی ؛ یونانی ماہرِ طبیعیات آرشمیدس سے یا اس کے متعلق ۔

Archimedean screw,
آرشمیدسی پیچ ؛ پانی کو اوپر لے جانے کا آلہ : ایک لچکیلی ٹیوب کو سلنڈر کے گرد پیچدار میخ کی طرح لپیٹ دیا جاتا ہے اور اسے جھکاؤ کی صورت میں رکھ کر نچلے

archaeological, archeological, a.
آثاریاتی ؛ آثار شناسی سے متعلق ۔

archaeologist, archeologist, n.
ماہرِ آثاریات ؛ آثار شناس ؛ آثار دان ۔

archaeology, archeology, n.
آثاریات ؛ علمِ آثار قدیمہ ؛ آثار شناسی ؛ آثارِ قدیمہ (خصوصاً زمانہ قبل از تاریخ کے آثار) کی سائنس جو اقوام کی تاریخ شناسی ان کے وجود کے ابتدائی زمانے کی باقیات سے کرتی ہے ۔

archaeopteryx, n.
[قدیم پرندہ] اوّلین جناحہ ؛ آرکیو پٹیرکس ؛ رکاز میں پایا جانے والا اس معدوم نسل کا پرندہ جو تقریباً کوے کے برابر تھا ، اس کے دو پنجے تھے ، اس میں انگوٹھا اور پیش انگشت شامل تھے یہ اس کے پردار بازوؤں سے باہر نکلے ہوئے تھے اور میمل کی طرح جس کے بیس ریڑھ مہرے تھے ؛ معلوم طائری نمونے میں قدیم ترین ؛ اوّلین طائر ۔

archaeornis, n.
[قدیم پرندہ] (طیوریات) آرکیورنس ؛ پرندوں کی ایک معدوم جنس جس کا زمانہ جُراسی دور سے بھی پہلے کا بتایا جاتا ہے ؛ اس دانت دار پرندے کو خزندوں اور موجودہ پرندوں کے درمیان کی ارتقائی کڑی خیال کیا جاتا ہے ۔

Archaeozoic, Archeozoic, a.
(ارضیات) اوّلین حیاتی ؛ قدیمی عہد کے ایک حصے سے متعلق جس کے بارے میں قیاس کیا جاتا ہے کہ اس دور میں نامیاتی زندگی پائی جاتی تھی ۔

archaic, a.
قدیم ؛ متروک ؛ کُہنہ ؛ پارینہ ؛ دقیانوسی ؛ پاستانی ؛ پرانے فیشن کا ؛ عتیقی ؛ زمانی طور پر پہلے وقتوں کی خصوصیات لیے ہوئے ؛ موجودہ زمانے میں جس کا استعمال عام نہ ہو (جیسے بعض قدیم و متروک الفاظ) ؛ زمانۂ سابق (عموماً زیادہ پرانے زمانے) سے جو چلا آ رہا ہو (بالخصوص کوئی ارتقائی مرحلہ) ۔ (بڑے A کے ساتھ) فنونِ لطیفہ کا ایک اسلوب جو یونان میں ساتویں اور پانچویں صدی قبل مسیح میں پروان چڑھا ۔

archaic smile, n.
(فنونِ لطیفہ) تبسّمِ پارینہ ؛ قدیم یونانی مجسموں میں پائی جانے والی مسکراہٹ سے ملتی جلتی مسکراہٹ ۔

archaism, n.
قدامت ؛ عتیقیت ؛ دقیانوسیت ؛ قدیم لفظ یا محاورہ ؛ اسلوب و استعمال کی قدامت ؛ کسی چیز کا ماضی سے باقی ہونا ۔

archaist, n.
ماہر عتیقیات ؛ قدامت پسند ؛ دقیانوس ۔

archaistic, a.
قدیم ؛ عتیقی ؛ قدامت پسندانہ ۔

archaize, v.i.
قدامت سے کام لینا ؛ قدامت کا تاثر دینا ؛ قدامت کا اثر قبول کرنا ۔ (فعل متعدی) قدیمی روپ دینا ؛ عتیقی اثر یا خصوصیت پیدا کرنا ۔

archangel, n.
فرشتۂ اعظم ؛ رئیس الملائکہ ؛ سماوی مخلوق میں سب سے بلند منصب فرشتہ ۔

archbishop, n.
صدر اُسقُف ؛ صدر بشپ ؛ آرچ بشپ ؛ اُسقُفِ اعظم ؛ لاٹ بشپ ؛ وہ بشپ جو دیگر بشپوں کا نگران اور اپنے روحانی حلقے میں بھی وہ اسقفی اقتدار کا مالک ہو ؛ رئیس الاساقفہ ؛ لاٹ پادری ۔

arch bishopric, n.
صدر اسقفیت ؛ اسقفیت اعظم ؛ کسی لاٹ بشپ کا حلقۂ اختیار ، عہدہ اور عملداری ؛ بڑے لاٹ پادری

سرے کو پانی میں ڈبو دیا جاتا ہے ، پیچ کو گھمانے سے پانی بالائی سرے تک پہنچ جاتا ہے ۔

archipelago, n. بحرالجزائر ؛ مجمع الجزائر ؛ کوئی آبی خطہ جس میں بہت سے جزیرے جا بجا ہوں ؛ بہت سے جزیروں کا مجموعہ ۔

architect, n. ماہر تعمیرات ؛ آرکی ٹیکٹ ؛ عمّار ؛ میر تعمیر ؛ مہندس ؛ تعمیراتی فن اور سائنس میں ماہر ؛ تعمیرات کے بارے میں ، نقشے ، ڈیزائن بنانے اور دورانِ تعمیر اُن کی نگرانی کو اپنا پیشہ بنا لینے والا ؛ کسی بھی کام کا منصوبہ اور نقشہ تیار کرنے والا ۔

architectonic, a. عماریاتی ؛ فن تعمیر یا اس کے ماہرین سے متعلق ؛ فن تعمیر سے مشابہ ساخت ، بناوٹ ، ترتیب اور تکنیک (جیسے a novel's architectonic structure) ۔

architectonics, n. عماریات ؛ علم تعمیر ؛ فنِ عمارت گری ؛ علمِ عمارت سازی ۔

architectural, a. عماریاتی ؛ فن عمارت سازی یا فنِ تعمیر کے متعلق ؛ عمارت سازی کے اصول و ضوابط کا پابند ؛ فنِ تعمیر کی خوبیاں لیے ہوئے ؛ فن تعمیر کا ۔

architecture, n. فنِ تعمیر ؛ تعمیر کا فن اور سائنس ؛ فنونِ لطیفہ کی وہ شاخ جس کا مقصد ایسی عمارتوں ، احاطوں ، بستیوں اور بعض اوقات ایسے لوازمات اور تزئین کی فراہمی ہوتا ہے جو شایستہ اور لطیف ذوق کی تسکین کرے ؛ تعمیر ؛ ساخت ؛ ایسی تعمیر کا طرز ، ڈھنگ یا وضع جیسے رومی طرز تعمیر ؛ فن تعمیر کا ماحصل ؛ کسی چیز کا ڈھانچا ، ساخت یا بناوٹ (جیسے کسی ڈرامے کی) ۔

architrave, n. مرغول ؛ شہتیر گردنہ ؛ بڑی ڈاٹ ؛ کسی تعمیر کا وہ حصہ جو ستون کے بالکل اوپر ہو ؛ دروازے یا دریچے وغیرہ کے اوپر کی تزئین کاری (عموماً مستطیل شکل کی) ۔

archival, a. دستاویزاتی ؛ محافظ خانوں یا ان میں رکھی ہوئی اشیا و دستاویزات سے متعلق ۔

archive, n. دستاویز ؛ آرکائیو ؛ محافظ خانہ ؛ وہ ریکارڈ یا دستاویز جسے کسی چیز کے ثبوت کے طور پر محفوظ کیا گیا ہو ؛ محفوظات ، یہ تقریباً ہمیشہ ہی جمع میں آتا ہے اور اس سے وہ دستاویزات یا ریکارڈ مراد ہوتے ہیں جن کا کسی خاندان ، کارپوریشن ، فرقہ ، برادری یا قوم سے تعلق ہوتا ہے ؛ وہ جگہ جہاں ایسا ریکارڈ محفوظ کیا جاتا ہے ؛ اطلاعات اور معلومات کا کوئی وسیع ذخیرہ ؛ دستاویزات خانہ ۔

archivist, n. محافظ دستاویزات ؛ محافظ خانوں یا ریکارڈ کا پاسبان ؛ قیّم ، مہتمم یا محافظ ۔

archivolt, n. (فنِ تعمیر) درون محراب ؛ کسی محراب کے اندر کی تزئین اور مُنبّت کاری : مرغول یا مستطیل دریچے کی تزئین کاری کے مانند ۔

archly, adv. مکاری سے ؛ چالبازی سے ؛ مکار یا اوباش کے انداز میں ؛ لفنگے پن کے ساتھ ؛ عیاری سے ؛ دادا گیری سے ۔

archness, n. مکاری ؛ چالبازی ؛ کائیاں پن ؛ عیاری ؛ بدمعاشی ؛ دادا گیری ۔

archon, n. آرکون ؛ قدیم ایتھنز کے سرکردہ میجسٹریٹوں میں سے ایک جن کو شہری اور مذہبی اداروں کی دیکھ بھال کے لیے چُنا جاتا تھا ؛ کوئی حاکم یا میجسٹریٹ ۔

arch way, n. زیرِ محراب راستہ ؛ محرابی راستہ ۔

arci form, a. کمان صورت ؛ محرابی ؛ قوسی شکل کا ؛ قوس دار ۔

arc lamp, arc light, n. قوس لیمپ ؛ قوسی روشنی ؛ ایک قسم کا لیمپ جس میں برقی قوس سے کام لیا جاتا ہے ۔

arctic, a. شمالی ۔ (اکثر بڑے A کے ساتھ) قطب شمالی کا یا اس کے نواح کا ؛ قطبی خطوں کا ، اُن سے یا اُن کے مانند ؛ سرد ؛ منجمد ؛ برفانی ۔

The Arctic- قطب شمالی ؛ دائرۂ قطب شمالی کا اندرونی خطہ ۔

arctic, n. قطبی بُوٹ ؛ ربڑ کا آب روک بوٹ جسے دوسرے جوتے کے اوپر ٹخنوں یا ان سے اوپر تک پہنا جاتا ہے ؛ بالا جوتا ۔

arctic circle, n. دائرۂ شمالی ؛ دائرۂ قطب شمالی ۔ (اکثر بڑے A کے ساتھ) ایک فرضی دائرہ جو زمین کے گرد کھینچا ہوا ہے ؛ یہ قطب شمالی سے ۲۷′ ۲۳° جنوب کی جانب اور خط استوا کے متوازی ہے ۔

arcuate, a. قوس دار ؛ کمان کی شکل میں خمدار یا قوسی ۔

ardency, n. سوز ؛ گرمی ؛ سرگرمی ؛ اشتیاق ؛ شدت ؛ تندہی ؛ مستعدی ؛ فرطِ شوق ۔

ardent, a. سوزاں ؛ جلنے کا احساس پیدا کرتا ہوا ؛ گرم (جذبات اور لگاؤ پر اس کا اطلاق ہوتا ہے) ؛ سرگرم ؛ پُرجوش ؛ جذباتی ؛ مشتاق ؛ متمنی ؛ شائق ؛ راغب ۔

ardent spirits, مقطّر شرابیں ۔

ardor, (Brit.) ardour, n. اشتیاق ؛ رغبت ؛ حرارت (لغوی معنوں میں) ؛ سرگرمی یاسوز(جذبات یا اشتیاق کا) ؛ مشتاقی ؛ گرم جوشی ؛ لگن ؛ دھن ۔

arduous, a. اوگھٹ ؛ کٹھن ؛ دشوار (ڈھلوان کے باعث)؛چڑھنے میں دشوار ؛ مشقت آمیز ؛ مشکل ؛ کڑا ؛ سخت (کام ، روزگار) ؛ پُرجوش ؛ محنتی ؛ توانا (کس بل والا) ؛ جفا کش ۔

are, ہیں ؛ ہوتے ہیں ؛ فعل حاضر کا صیغۂ جمع اور فعل حاضر میں to be کا صیغۂ واحد ۔

are, n. آر ؛ رقبے کی پیمایش کی اکائی جو ایک سو مربع میٹر یا ۱۱۹٫۶ مربع گز کے برابر ہوتی ہے ۔

area, n. رقبہ ؛ میدان ؛ سطح ؛ دائرۂ کار ؛ کوئی ہموار زمین جو حد بند ہو جیسے کسی کمرے کا فرش وغیرہ ؛ کوئی جغرافیائی خطہ ؛ کسی مخصوص کام کے لیے مخصوص کی گئی جگہ؛کسی عمارت کے تہ خانے کی کھڑکیوں کے سامنے کی نشیبی جگہ ؛ صحن ؛ آنگن ؛ کسی کھلی جگہ کے مشمولات ؛ ایک سطح جس کی وضاحت مربع گز ، مربع فٹ ، مربع انچ میں دی گئی ہو ؛ میدانِ علم یا دائرۂ مطالعہ ؛ میدانِ تحقیق ؛ قشر دماغ کا ایک حصہ جس کا اپنا مخصوص منصب ہوتا ہے ؛ دائرۂ کار ، (سرگرمی یا فکر و عمل کا) ۔

areal, a. میدانی ؛ کسی رقبے سے متعلق ۔

area code, n علاقہ کوڈ ؛ ٹیلی فون کا سہ ہندسی کوڈ ، جس سے صارفین کے علاقے کا تعین ہوتا ہے ؛ یہ مقامی نمبر سے پہلے ہوتا ہے ۔

area way, n. نشیبی راستہ ؛ وہ نشیبی راستہ جو تہ خانے میں جانے کے لیے ہو ؛ کسی تہ خانے کی کھڑکی کے سامنے ہوا اور روشنی کے لیے کھلی جگہ ۔

arena, n. اکھاڑا ؛ دنگل ؛ میدان ؛ وہ احاطہ جس میں عموماً ریت بچھائی جاتی تھی اور جو رومی بیضوی اکھاڑے کے مرکزی حصے میں ہوتا تھا ؛ لہٰذا ہر قسم کے مقابلے کی جگہ ۔

arenaceous, a. ریتیلا ؛ ریت بھرا ؛ ریت سے پُر ؛ ریگ صفت ؛ ریت کی خاصیت لیے ہوئے ؛ دانے دار ؛ دردرا ۔

arena theater, n. مدوّر تھیٹر ؛ دائرہ نما تھیٹر ؛ گول تھیٹر ؛ وہ تھیٹر جسے اس طرح ترتیب دیا گیا ہو کہ اسٹیج کے چاروں طرف حاضرین کی نشستیں ہوں اسے گول تھیٹر (theater-in-the-round) بھی کہتے ہیں ۔

arenose, a. ریت بھرا ؛ ریت سے بھرا ہوا ؛ ریت مِلا ؛ ریتیلا ۔

aren't, are not کا اختصار ۔

areographic, a. (فضائیات) مریّخ پیمائی کا ؛ مریّخ کے وہ مقامات جن کی پیمایش بلحاظ عرض البلد مریخی خطِ استوا سے اور بلحاظ طول البلد خطِ نصف النہار سے کی گئی ہو ۔

areola, areole, n. ہالہ ؛ حلقہ ؛ کوئی چھوٹی سی جگہ یا رقبہ ؛ درز ؛ جھری ؛ چھوٹا سا شگاف ؛ سرپستان یا پھنسی پھوڑے کے گرد گہرے رنگ کی گولائی یا ہالہ ۔

areolation, n. کوئی چھوٹی سی جگہ یا مقام جو آس پاس کی باقی سطح سے رنگ ، بناوٹ وغیرہ میں مختلف ہو ۔

areology, n. مریخیات ؛ علم مریخ ؛ مریخ سیّارے کے بارے میں سائنسی تحقیق (جس میں اس کی مداری حرکت وغیرہ کا مطالعہ شامل نہیں) ۔

arethusa, n. (نباتیات) آری تھیوسا ؛ ثعلبِ مصری ؛ ایک ادنیٰ ، بَرّی ، دلدلی بوٹی ۔

argent, n. (نقابت) نقرئی ؛ فِضّہ ؛ سیمیں ؛ ہتھیاروں پر چڑھاہوا سفید رنگ جس پر چاندی کا گمان گزرے ؛ نقرئی ملمع ۔(صفت) چاندی جیسا ؛ چاندی کی طرح چمکدار ؛ سیمیں ؛ نقرئی ؛ روپہلا ۔

argentic, a. چاندی کا ، اس سے متعلق یا اس کی مانند ؛ نقرئی ؛ روپہلی ۔

argentiferous, a. سیم زا ؛ نقرہ زا ؛ نقرہ دار ؛ جس میں چاندی پائی جاتی ہو ؛ جس سے چاندی نکالی جاتی ہو ۔

argentine, n. سیمیں ؛ سلیٹ مٹی ؛ چاندی جیسی ایک سفید دھات ۔ (صفت) نقرئی ؛ روپہلی ؛ سیمیں ۔

Argentine, a. آرجنٹینی ؛ آرجنٹائین کا یا اس کی ثقافت اور باشندوں سے متعلق (ارجنٹائن جنوبی امریکا کا ایک ملک جو کوہ اینڈیز اور بحر اوقیانوس کے درمیان واقع ہے) ۔ (اسم) آرجنٹائین کا باشندہ ۔

argentite, n. سیم خام ؛ نقرۂ خام ؛ کچی چاندی ؛ چاندی کا سلفائیڈ ؛ اس کی ایک قیمتی کچدھات ۔

argentous, a. سیم دار ؛ نقرہ دار ؛ جس میں خالص چاندی کی شرح چاندی کے کسی مرکب کے مقابلے میں زیادہ ہو ۔

argentum, n. (کیمیا) چاندی کا کیمیائی نام ؛ آرجنٹم ۔

argil, n. چکنی مٹّی ؛ کمہار کی مٹّی ؛ صلصال ؛ گِل ؛ کمہاری مٹّی ۔

argillaceous, a. چکنی مٹّی کا ؛ صلصالی ؛ مٹیالا ؛ خاکی ؛ گِلی ۔

argillite, n. صلصالی چٹان ؛ کوئی رسوبی تہ دار چٹان جو مٹی کی بنی ہوئی ہو ؛ گاچنی ؛ گِلی چٹان ؛ مٹی چٹان ۔

arginine, n. (حیاتی کیمیا) آرجی نائن ؛ ایک امائینوایسڈ جو پودوں اور جانوروں میں لحمیات کی تشکیل کے لیے لازمی جزو ہے اور سامن ، ہیرنگ وغیرہ مچھلیوں کے نطفے میں بھی موجود ہوتا ہے ۔

argon, n. آرگون ؛ ایک بے رنگ بے بو گیسی عنصر جو کیمیائی طور پر بے حرکت ہوتا ہے اور برقی قمقموں اور ٹیوبوں میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

Argonaut, n. آرگوناٹ ؛ آرگوران ؛ یونانی داستانوں کے ان افراد میں سے ایک جو جاسن کے ساتھ آرگو جہاز میں ''طلائی اون'' کی تلاش میں نکلے تھے ؛ کوئی تلاش کار مہم جو ۔ (چھوٹے a کے ساتھ) حلزونِ کاغذی ؛ کاغذی گھونگا؛ قیر ماہی کی ایک قسم (بحیرہ روم کا کاغذی جہاز ران) جس کی مادہ کشتی نما خول میں انڈے جمع کرتی ہے ۔

argosy, n. [یوگو سلاویہ کے شہر کے نام پر] آرگوسی ؛ بڑا تجارتی جہاز یا کوئی ایسا جہاز جس میں قیمتی مال و اسباب لدا ہو ۔ (شاعری) جہازوں کا بیڑا ؛ فراواں رسد ۔

argot, n. چور بولی ؛ آرگوٹ ؛ ٹھگ بولی ؛ چوروں اچکّوں کی مخصوص بولی ؛ کوئی بھی خودساختہ بولی جو کسی مخصوص طبقے میں مروّج ہو ؛ عامیانہ بولی ۔

arguable, a. قابلِ استدلال ؛ قابلِ بحث ۔

argue, v.i. دلیل دینا ؛ کسی مسئلے ، مفروضے ، خیال ، رائے یا تدبیر کی حمایت یا تردید میں دلائل دینا ؛ استدلال پیش کرنا ؛ بحث کرنا ؛ تبادلۂ خیال کرنا ؛ اختلاف کرنا ؛ بحثنا ؛ الجھنا ۔ (فعل متعدی) ثابت کرنا ؛ ظاہر کرنا ؛ دلالت کرنا ؛ ثبوت دینا ؛ نتیجہ نکالنے کا جواز مہیا کرنا (جیسے conduct which argued suspicion) ؛ کٹھ حُجتی کرنا ؛ استدلال سے قائل کر لینا ۔

arguer, n. باحث ؛ دلیل دینے والا ۔

argument, n. دلیل ؛ کسی تحریر یا تقریر کا موضوع ؛ کسی کتاب یا اس کے کسی حصے کا خلاصہ یا تلخیص ؛ کسی کے حق میں یا مخالفت میں دی گئی دلیل ؛ بحث و مباحثہ ؛ مناظرہ ؛ بحث ؛ تبادلۂ خیال ؛ عمل استدلال ؛ نزاع لفظی ؛ تُو تو میں مَیں ۔

argument, n. (ریاضی) زاویۂ حامل ؛

وہ آزاد متغیرہ جس پر کسی ریاضیاتی رقم کی قدر منحصر ہوتی ہے ۔ (کمپیوٹر) بُرہان ؛ وہ مطلوبہ ہدف جسے اگر پا لیا جائے تو وہ کمپیوٹر کو مابعد دی جانے والی ہدایات کی تعمیل کرا سکتا ہے ۔

argumentation, n. استدلال ؛ دلیل دینے کا عمل ؛ مباحثہ ؛ بحث ؛ مناظرہ ؛ مکالمہ ؛ دلیل بازی ؛ حجّت ۔

argumentative, a. استدلالی ؛ منطقی ؛ دلیل پر مبنی ؛ حُجّتی ؛ تنازع ، جھگڑے یا بحث مباحثے کا عادی ؛ مدلّل ۔

argumentum, n. حجّت ؛ بُرہان ؛ مدلل بحث ؛ مربوط استدلال ۔

Argus, n. آرگس ؛ یونانی اساطیر کی ایک شخصیت جس کی سو چوکس آنکھیں تھیں ؛ (لہٰذا) کوئی چوکس شخص ؛ چوکس ۔ (چھوٹے a کے ساتھ) چکور کی ایک قسم جس کا تعلق تیتری جنس سے ہے اور اس پر آنکھوں جیسے نشان ہوتے ہیں ؛ تیتری چکور ۔

Argus-eyed, a. چوکنّا ؛ تیز نظر ؛ ہزار چشم ؛ چوکس ؛ نگران ؛ باریک بین ؛ خبردار ؛ ہوشیار ۔

argyle, argyll, n. [اسکاٹ لینڈ سے] آرگائل نمونہ ۔ (اکثر بڑے A کے ساتھ) بُنائی میں مختلف رنگوں کا نمونہ جسے یک رنگی زمین پر بنایا گیا ہو ؛ اس نمونے پر بُنی ہوئی جُراب ۔

Arhat, n. آرہتی ؛ بدھ بھکشو جسے نروان حاصل کرنے کے باعث بہت احترام سے دیکھا جاتا ہے ۔

aria, n. گیت؛ بول ؛ تان؛ ایک صدائی نغمہ مع اپنے لوازمات کے (جیسے کہ اوپیرا میں)؛ دُھن؛ گانا ۔

Arian, n. آریوسی ؛ آریوس کے نظریات کا قائل جو چوتھی صدی عیسوی میں گزرا ہے اور حضرت عیسیٰ کو مخلوق اور خدا سے کم درجہ مانتا تھا ۔ (صفت) آریوسی (عقائد) ؛ ان عقائد سے متعلق ۔

ariboflavinosis, n. (طب) وہ کیفیت جو رائیبو فلیون (حیاتین بی ۲ یا جی) کے خوراک میں کم ہونے سے پیدا ہو جاتی ہے اور جس سے منھ کی (لعابی) جھلیوں میں خراش ہونے لگتی ہے نیز زبان کی رنگت ماند پڑ جاتی ہے ؛ ارائیبوفلیونی بیماری ۔

arid, a. بنجر (زمین) ؛ خشک ؛ نمی سے محروم ؛ تپش سے جھلسا ہوا ؛ بے رطوبت ؛ ویران ؛ تپتا ہوا ؛ بے تخیّل ؛ بے روح ؛ سُوکھا ۔

aridity, n. بنجر پن ؛ یبوست ؛ خشک ہونے کی حالت ؛ خشکی ؛ دلچسپی کا فقدان ؛ سوکھا پن ۔

Aries, n. بُرج حمل ؛ ایک شمالی مجمع النجوم جو بُرج ثور اور بُرج حوت کے درمیان واقع ہے ؛ مِنطقة البروج کے بارہ میں سے پہلا بُرج ؛ میکھ ۔

aright, adv. بجا ؛ ٹھیک طریقے سے ؛ ٹھیک صورت میں ؛ بجا طور پر ؛ صحیح صحیح ؛ درستی کے ساتھ ؛ موزوں طریقے سے ؛ صحیح طور سے ؛ ٹھیک ؛ کما حقہ ۔

aril, n. قشرِ زائد ؛ ڈوڈا ؛ چھلکا ؛ پوست ؛ بعض پودوں کے بیجوں کا دوہرا یا اضافی پردہ جو اصل غلاف تخم کے اوپر ہوتا ہے اور خودبخود گر جاتا ہے (جیسے جائفل کا) ۔

arioso, adv., n. (موسیقی) اریا دُھن کے انداز میں ؛

دیکھیے : aria ؛ ایک نغماتی ہدایت کاری ۔

arise, v.i. اُٹھنا ؛ اونچا ہونا ؛ پہلے سے بلند جگہ پر چلے جانا ؛ چڑھنا ؛ اوپر جانا ؛ بلند ہونا ؛ نکلنا ؛ طلوع ہونا ؛ نظر میں آنا ، ظاہر ہونا ؛ بستر سے اٹھنا ؛ بیٹھنے یا لیٹنے کی حالت ختم کرنا ؛ اُچھل پڑنا ؛ آغاز ہونا ؛ ابتدا ہونا ؛ عمل پیرا ہونا ۔

arista, n. (نباتیات) ؛ بالُو ؛ ریش ؛ ریش دار نمو ؛ بال ؛ بانجر ؛ کسار ۔

aristate ریش دار ؛ بالُو دار ؛ بال دار ۔

aristocracy, n. اشرافیہ ؛ ملک میں اعلیٰ خاندان یا بلند منصب لوگوں کی حکومت ؛ حکومتِ امرا ؛ طبقۂ خواص ؛ کسی ملک کے اشراف یا بڑے لوگ ؛ معززّین کی جماعت یا طبقہ ؛ اشرافِ شاہی ۔

aristocrat, n. اشراف ؛ اشرافیہ کا رکن ؛ ذی شرف ؛ اشرافیت کی حمایت کرنے والا ؛ اس کی نقالی کرنے والا ؛ رکن طبقۂ امرا ؛ خواص ۔

aristocratic, aristocratical, a. اشرافی ؛ شاہانہ طمطراقی ؛ شاندار ؛ اشرافیہ سے متعلق ۔

aristocratically, adv. اشرافی طرز حکومت سے متعلق ؛ اشرافیہ سے مشابہ ؛ متعلق باشراف ۔

Aristotelian, a.,n. ارسطاطالیسی ؛ ارسطوئی ؛ مشائی ؛ ارسطو کے متعلق ؛ یونان کا یہ مشہور فلسفی ۳۸۴ ق م میں پیدا ہوا اور اس نے مشائی مکتب کی بنیاد رکھی ؛ ارسطو کی پیروی کرنے والا ۔

arithmetic, n. علمِ حساب ؛ علم اعداد ؛ ہندسوں یا عددوں کے ذریعے حساب کاری کا فن ۔ (صفت) حسابی ؛ حساب سے متعلق ؛ حساب میں برتے جانے والے اصولوں یا طریقوں کے مطابق ۔

arithmetically, adv. حسابی طریقے سے ۔

arithmetician, n. ماہرِ حساب ؛ حساب داں ۔

arithmetic mean, n. حسابی اوسط ؛ بہت سے عددوں کو کسی ترتیب سے جمع کر کے، حاصل جمع کو مجموعے کے عددوں کی تعداد پر تقسیم کرنے سے حاصل شدہ مقدار (جیسے ۳ ـ ۷ ـ ۹ ـ ۱۱ اور ۱۵ کا حسابی اوسط ۹ ہے) ۔

arithmetic progression, n. سلسلہ حسابیہ ؛ سلسلہ جمع و تفریق ؛ حسابی تسلسل ؛ عددوں کا کوئی سلسلہ جو کسی مستقل مقدار سے کمی بیشی ظاہر کرتا ہو، (جیسے ۲ ـ ۴ ـ ۶ ـ ۸ اور ۹ ـ ۷ ـ ۵ ـ ۳) ۔ دیکھیے geometric progression :

ark, n. (صحائف) کشتیٔ نوح ؛ سفینہ ؛ آرک ؛ الواحِ موسیٰ یا میثاق و ضوابطِ بنی اسرائیل کا مخزن ؛ وہ بہت بڑی کشتی جس میں حضرت نوح اور ان کی آل طوفان میں محفوظ رہے ؛ کوئی جائے پناہ ؛ عبادت گاہِ یہود میں وہ جگہ جہاں تورات رکھی جاتی ہے ۔

arm, n. بازو ؛ آستین ؛ دست ؛ بانہہ ؛ انسانی بدن کا وہ عضو جو کندھے سے ہاتھ تک ہوتا ہے ؛ کوئی پیش عضو ؛ بنیادی جسم میں سے باہر نکلی ہوئی کوئی چیز جیسے درخت کی شاخ ؛ سمندر کی آبنائے ؛ کوئی ٹیک یا سہارا جیسے آرام کرسی کا

بازو ؛ قومی دفاع کی کوئی شاخ ۔

arm, n. ہتھیار ؛ فوجی سروس کی کوئی شاخ ۔ (جمع) جنگ ؛ سپاہ گری ؛ جنگ و جدل ؛ عسکری پیشہ ؛ زرہ بکتر ؛ عسکری خاندانی اعزازات ؛ نقابتی نشانات ؛ امتیازی نشانات ۔

arm, v.t. لیس کرنا ؛ مُسلّح کرنا ؛ ہتھیار یا آلاتِ حرب مہیا کرنا یا ان سے لیس کرنا ؛ ایسی چیز مہیا کرنا یا اس کو عندالطلب رکھنا جو قوت ، مضبوطی یا صیانت میں اضافہ کر سکے ؛ قلعہ بندی کرنا ؛ ہتھیار بندی کرنا ۔ (فعل لازم) اپنے لیے اسلحہ مہیا کرنا ؛ ہتھیار اٹھانا ۔

armer, n. ہتھیار بند ؛ مُسلّح

armada, n. آرمیڈا ؛ ہتھیار بند جہازوں کا بیڑا ؛ جنگی جہازوں کا دستہ ۔(بڑے A کے ساتھ) وہ ہسپانوی بیڑا جو ملکہ الزبتھ اول کے عہد میں (۱۵۸۸ء) انگلستان پر حملہ آور ہونے کے لیے تیار کیا گیا تھا ۔

armadillo, n. آرمیڈیلو ؛ بکتر بند اَونت ؛ مُدّرع ؛ ایک ممیل جو شمالی اور جنوبی امریکا کے گرم خطوں سے مخصوص ہے ۔ اس کی کھال سخت اور استخوانی خول سے ڈھکی ہوتی ہے جو زرہ بکتر کی مانند ٹکڑوں میں نظر آتا ہے (اور اس بنا پر اسے یہ نام دیا گیا ہے) ؛ استخواں پشت ۔

Armageddon, n. [مجدون کے میدان کے نام پر] ہر مجدون ؛ قوموں کا آخری باہمی جدال (بائیبل مکاشفہ ۱۶ : ۱۶) ؛ کوئی فیصلہ کن معرکہ ؛ معرکۂ خیر و شر ؛ بین الاقوامی جنگ ؛ جنگ عظیم ۔

armament, n. اسلحہ ؛ آلاتِ جنگ ؛ اسلحہ بندی ؛ جنگ کے لیے کسی قوم کی لیس افواج ، برّی فوج یا بحری فوج ؛ حربی سازوسامان ؛ جنگی تیاری ۔

armementerium,n. سازوسامان ؛ سوئی کانٹا ؛ آلات خصوصاً طبی آلات ؛ طبی سازوسامان ؛ کسی معالج کے زیر استعمال ادویات ، آلات ، وسائل معالجہ وغیرہ ۔

armature, n. مقنازرہ ؛ آرمیچر ؛ ناظر ؛ لوہے کا ایک ٹکڑا جو دو مقناطیسی قطبوں کو ملاتا ہے ؛ ڈینیمو یا جنریٹر کا وہ حصہ جو بنیادی طور پر لوہے کے دھرے کے گرد لپٹے تار یا لچّھوں پر مشتمل ہوتا ہے ؛ محافظ مقناطیس ؛ زرہ بکتر ؛ کوئی شے جو محافظت (دفاع) کا کام دے ؛ بالائی پوشش یا خول ؛ بعض پودوں کے کانٹے اور نوکیلے اُبھار ۔

arm chair, n. آرام کرسی ؛ بازو دار کرسی ؛ کرسی جس کے بازو ہوتے ہیں تا کہ ان پر کہنیوں اور بازوؤں کو ٹکایا جا سکے ۔

arm chair, a. پیر تسمہ پا ؛ طفیلی ؛ کھیل یا سفر وغیرہ کے عملی تجربے سے بے بہرہ لیکن دوسروں کے وسیلے سے لطف اندوز ہونے والا ؛ نیز وہ شخص جو کسی ایسے معاملے کے بارے میں مشورے دیتا ہے جس کے بارے میں اس کا تجربہ ناقص اور ایسا کرنا اس کی ذمہ داری بھی نہیں ہوتی ؛ لال بجھکڑ ؛ چاچا خوامخواہ ؛ دوسرے کے پھٹے میں ٹانگ اڑانے والا ۔

armed, a. بازو دار (جیسے long-armed) ؛ ہتھیار بند ؛ قلعہ بند ؛ مستحکم ؛ مُسلّح ؛ خار دار ۔

armed forces, n. مسلح افواج ؛ تمام بری،بحری اور فضائی افواج (کسی قوم کی یا کسی اتحادی اقوام کے گروہ کی) ۔

Armenian, a. ارمنی ؛ آرمینیائی ؛ آرمینیا کا باشندہ (مغربی ایشیا کا ایک قدیم ملک جس کا کچھ علاقہ اب جمہوریۂ روس میں واقع ہے اور کچھ ترکی اور ایران میں) ؛ آرمینی لوگوں سے متعلق یا ان کی ہند یورپی زبان سے متعلق ۔ (اسم) ارمنی ؛ آرمینی (آرمینیا کا باشندہ) ؛ آرمینیوں کی ہند یورپی زبان (ارمنی) جو آرامی حروفِ تہجی سے ماخوذ ہے ۔

armful, n. بازو بھر ؛ کوئی شے جس قدر بازوؤں میں سمٹ سکے ؛ جو بازوؤں کے اندر آ سکے ؛ خاصی مقدار ۔

arm hole, n. مُہری ؛ بغل ، آستین ؛ کسی لباس میں بازو کے لیے کھلا حصہ ۔

armiger, n. اسلحہ بردار ؛ کسی نواب یا سُورما کا زرہ یا اسلحہ بردار ؛ سردار ؛ منصب دار ؛ جسے امتیازی نشانات لگانے کا حق ہو ؛ ارباب ۔

armigerous, a. اسلحہ بردار ؛ ارباب ۔

armillary sphere, n. (فلکیات) آکاس گولا ؛ کنگنی گولا ؛ اَسفیر ؛ چھلّوں یا کنگنوں کی ترتیب ، جس کے ذریعے افلاک کے بنیادی دائروں اور گردشوں کی وضاحت کی جاتی ہے ۔

Arminian, n. آرمینی ؛ ولندیزی عالم آرمینیس (م ۱۶۰۹ء) کی تعلیمات کو ماننے والے پروٹسٹنٹ فرقے کا رکن (آرمینیس کالوِن کے نظریۂ جبروقدر کا مخالف تھا) ۔

armistice, n. عارضی صلح ؛ التوائے جنگ ؛ متحارب فریقوں میں باہمی سمجھوتے کے ذریعے جنگی اقدامات کا تعطل ۔

Armistice Day, n. یومِ صلحِ عارضی ؛ یومِ کار آزمودان ؛ ۱۱ نومبر ۱۹۱۸ء: جرمنی کے کہنے سے اتحادیوں نے جنگ عظیم اول کے آخری دنوں میں تعطلِ جنگ منظور کر لیا تھا ۔ اسی کی یاد میں یہ دن منایا جاتا ہے ۔

armlet, n. کھاڑی ؛ کھاڑی کا سا (جیسے کسی سمندر کا حصہ) ؛ ندّی ؛ بازو بند ؛ جوشن ؛ بازو کے بالائی حصے کے لیے زیبایشی پہناوا ۔

armoire, n. بڑی الماری (کپڑوں کی) ؛ توشہ خانہ ؛ نعمت خانہ ؛ جامہ دان ؛ وارڈروب ۔

armor, (Brit.) armour , n. زرہ بکتر ؛ محافظ ؛ غلاف ؛ دفاعی آلات ؛ جنگ یا کھیل وغیرہ میں بدن کی حفاظت کے لیے کوئی بالا پوش ؛ فولادی غلاف (طیارے ، ٹینک یا جنگی جہاز کی محافظت کے لیے) ؛ تار اور ربڑ کی نلکیوں پر دبیز حفاظتی غلاف یا دبیز کوٹنگ ۔

armor-clad, armour-clad a. (حفاظت کے پیش نظر) زرہ بند ۔

armored, armoured, a. (عسکری) بکتر بند (فوجی گاڑیاں اور سازوسامان) ؛ ٹینک اور دوسرے بکتر بند سامان سے لیس عسکری دستہ ۔

armorer, armourer, n. زرہ ساز ؛ زرہ بکتر یا آلاتِ جنگ تیار یا مرمت کرنے والا ؛ آلات اور اسلحہ وغیرہ کا محافظ ۔

سلاح دار ؛ اسلحہ ساز ؛ ہتھیار ساز ۔

armorial, armourial, a. نقابتی ؛ زرہ یا اسلحہ سے متعلق ؛ خاندانی نشان سے متعلق ؛ خاندانی اسلحہ سے متعلق ؛ خاندانی سلاحشوری ؛ سپر ؛ سپرچہ ؛ جائے نام ۔

Armoric, a. آرموریکا ؛ فرانس کے شمال مغربی حصے سے متعلق جسے کبھی آرموریکا کہا جاتا تھا اور اب اسے بَرٹنی کہا جاتا ہے ۔

Armorican, n. آرموریکی ؛ برٹن ؛ برٹنی کے کلٹی باشندوں کی بولی جو ویلز کی بولی سے قریب ہے ۔

armory, armoury, n. سلاح خانہ ؛ اسلحہ خانہ ؛ جنگی سازوسامان کا گودام ؛ ہتھیاروں کا ذخیرہ ؛ محفوظ فوجیوں کو تربیت دینے کی جگہ ؛ ہتھیار گھر ۔

arm pit, n. بغل ؛ کندھے یا بالائی بازو کے نیچے کا حصہ ؛ کنار ۔

army, n. فوج ؛ جوانوں کی جمعیت ، جو رجمنٹ، بریگیڈ وغیرہ کی درجہ بندی کے ساتھ مخصوص افسروں کے ماتحت ہوتی ہے (باستثنا بحری یا فضائی عساکر) ؛ بَری فوج کا کوئی ایک یونٹ ؛ لشکر ؛ ہجوم ؛ انبوہ کثیر ؛ ازدحام ؛کثیر تعداد ۔

army ant, n. لشکری چیونٹی ؛ بڑی چیونٹیوں کے ذیلی سلسلے مہا چیونٹیوں (Dorylinae) میں سے کوئی ایک ۔ یہ چیونٹیاں بڑے بڑے گروہوں میں سفر کرتی ہیں اور عموماً عارضی ٹھکانے بناتی ہیں ۔

army worm, n. لشکری سُنڈی ؛ کپاس سُنڈی ؛ کپاس کیڑا ؛ شب پروانے جو عموماً لشکر کی صورت میں سفر کرتے ہیں اور ہر سبز شے کو لقمہ بناتے ہیں ۔

arnica, n. گاؤ چشم ؛ آرنیکا ؛ اس نام و نسل کا ایک مرکب پودا جسے پہاڑی تمباکو بھی کہتے ہیں ، اس کی جڑوں سے مازو تیزاب (tannin) اور سوکھے پھولوں کی کھنڈیوں سے ٹنکچر تیار کیا جاتا ہے جسے زخموں اور خراشوں پر لگاتے ہیں ۔

aroid, aroideous, a. عجالہ نما ؛ آرُم نما ؛ آرُم پودے جیسا ؛ جنگلی سوسن جیسا ۔ (اسم) اس جنس کا کوئی پودا ۔

aroma, n. مہک ؛ بوباس ؛ خوشگوار بُو ؛ خوشبو ؛ عطر ؛ گلدستہ ؛ کوئی نمایاں وصف ؛ ذائقہ ۔

aromatic, aromatical, a. مہکتا ہوا ؛ خوشبودار ؛ بھینی بھینی باس والا ؛ عطر بیز ؛ معطر ؛ مہکیلا ؛ معنبر ۔ (کیمیا) ایسے مرکب کا ، جس میں کاربن ایٹم کا ایک حلقہ نا سیر شدہ (کم گرفتہ) ہو۔

aromatic, n. کافور ؛ ایک خوشبودار مفرد یا مرکّب دوا یا بوٹی جس کی بُو اور ذائقہ تیز چبھتا ہوا ہوتا ہے ؛ جائفل ۔

aromatize, v.t. مہک دار کرنا ؛ خوشبو دار بنانا ؛ معطر کردینا ۔

around, adv. ارد گرد ؛ گردا گرد ؛ حلقہء دائرے یا سرکٹ میں ؛ حلقے کی صورت میں چکر کاٹتا ہوا ؛ ہر جانب ؛ چار سو ؛ یہاں وہاں ؛ جا بجاً ؛ ہر کہیں یا ہر طرف ؛ یہیں کہیں یا پاس ہی ؛ چاروں طرف ۔

around, prep. چار سو ؛ چکّر ، دائرے یا سرکٹ میں ؛ گھیر لینے یا احاطہ کر لینے کے انداز میں ؛ ہر جانب ۔ (بول چال) ادھر ادھر ؛ کہیں آس پاس ہی ۔

arouse, v.t. اٹھانا ؛ عمل پر اُبھارنا ؛ حرکت دینا ؛ حرکت میں لانا ؛ اُکسانا یا مشقت پر آمادہ کرنا ؛ بیدار کرنا ؛ جگانا ؛ جان ڈال دینا ؛ کان کھولنا ؛ برانگیختہ کرنا ؛ مشتعل کرنا ؛ بھڑکانا ؛ احساس دلانا ؛ حرکت پیدا کرنا ۔ (فعل لازم) اپنے آپ کو بیدار کرنا یا بیدار ہو جانا ۔

arpeggio, n. (موسیقی) گت ؛ کسی تار یا تانت کی واضح آواز جب سُر تیزی اور تواتر سے چھیڑا جائے ؛ ایسی تان کے لیے چھیڑی گئی تانت ۔

arpent, n. آرپنٹ ؛ قدیم ایّام میں فرانس میں مستعمل جریب (پیمانہ) جو اوسطاً ۸۵ء ایکڑ کا ہوتا ہے ، کیوبک اور لیوسیانہ کے صوبوں میں آج بھی استعمال ہوتا ہے ؛ کیوبک کا ایک پیمانہ جو تقریباً ۱۲ جریب کے برابر ہوتا ہے ۔

arquebus, harquebus, n. توڑے دار بندوق ؛ پرانے انداز کی ایک بندوق جسے ٹیک دے کر چلایا جاتا ہے ۔

arrack, n. عرّاق ؛ مشرق اور شرق اوسط میں پی جانے والی ایک کشید جسے چاول ، نیز ناریل ، کھجور وغیرہ کے رس سے تیار کرتے ہیں ؛ تاڑی ؛ مد ؛ نبیذ ۔

arraign, v.t. کٹھرے میں لانا ؛ کسی الزام کے سلسلے میں جواب دہی کے لیے عدالتِ انصاف میں طلب کرنا یا قانونی چارہ جوئی کرنا ؛ ماخوذ کرنا ؛ استغاثہ دائر کرنا ؛ ذوق و عقل کی عدالت کے سامنے طلب کرنا ؛ الزام لگانا ؛ اتہام لگانا ؛ اعلانیہ مجرم ٹھہرانا ؛ کھلے عام لعن طعن کرنا ؛ قابلِ مواخذہ ٹھہرانا ؛ عیب جوئی کرنا ۔

arrange, v.t. ترتیب دینا ؛ بندوبست کرنا ؛ سنوارنا ؛ قرینے سے رکھنا ؛ ڈھب سے آراستہ کرنا ؛ مناسب جگہ پر رکھنا ؛ ٹھیک طریقے سے ٹکانا ؛ متعین کر لینا ؛ کسی معاملے میں سمجھوتے یا مفاہمت پر پہنچ جانا ؛ تیار کرنا ؛ موزوں کرنا (کسی نغمے وغیرہ کو) ؛ مرتّب کرنا ؛ ڈھال لینا ؛ تیار کرنا ۔ (فعل لازم) مفاہمت پر آ جانا ؛ کسی سمجھوتے یا تصفیے پر پہنچ جانا ۔

arrangement, n. بندوبست ؛ ترتیب ؛ تصفیہ ؛ بندوبست کرنے کا عمل ؛ موزوں صورت میں ترتیب دہی ؛ کوئی ابتدائی اقدام ؛ سجاوٹ ؛ آراستگی ؛ مرتّبہ ؛ تنظیم دادہ ۔ (جمع) تیاریاں ؛ تصفیہ ؛ انظام ؛ موزوں کاری (کسی نغمے وغیرہ میں) ۔

arrant, a. بدنام ؛ برا ؛ خبیث ۔ دیکھیے : errant ۔

arrantly, adv. بدنامی کے ساتھ ۔

arras, n. [فرانس کے علاقے اراس کے نام پر] اراس ؛ دیوار آویز ؛ سرا پردہ ؛ نمدہ ؛ مشجّر پردہ ؛ مصور پردہ ؛ پارچہ جس پر مختلف شکلیں بنی ہوتی ہیں اور یہ دیواروں پر لٹکایا جاتا ہے ؛ تھیٹر میں اس سے وہ پردہ مراد ہوتا ہے جو ڈھیلا ڈھالا لٹکا ہوا اسٹیج کے پس منظر کا کام دیتا ہے ۔

array, n. صف ؛ صف بندی ؛ افراد یا اشیا کا اجتماع یا ذخیرہ جسے سلیقے سے آراستہ کیا گیا ہو (جیسے جنگ کے وقت فوج) ؛ صف بستگی ؛ صف آرائی ؛ لباس ؛ پوشاک ؛ جامہ ۔

array, v.t. صف بندی کرنا ؛ صف آرا ہونا ؛ ترتیب میں رکھنا یا کرنا (جیسے جنگ کے وقت دستوں کو) ؛ سجانا ؛ پہنانا ؛ لباس پہنانا ؛ سنگارنا ؛ سنوارنا ۔

arrear, n. (عموماً جمع) بقایا ؛ باقیات ؛ بقایا جات ؛ باقی ؛ پچھلا ؛ واجبات ؛ وہ قرض جو مقررہ وقت پر ادا نہ کیا گیا ہو ۔

arrearage, n. بقایا ؛ وصول طلب واجبات ؛ قرض ؛ وہ قرض یا بقایا جو عرصہ سے واجب الادا ہو ؛ پس ماندگی ۔

arrest, v.t. گرفتار کرنا ؛ پکڑنا ؛ روکنا ؛ کسی حاکم مجاز سے حاصل کردہ وارنٹ کی بنا پر گرفتار کرنا یا حراست میں لینا ؛ متوجہ کرنا ؛ توجہ منعطف کرنا ؛ تحویل میں لینا ۔

arrest, n. گرفتاری ؛ پکڑ لینے کا عمل ؛ روک ؛ حراست ؛ تحدید ؛ مزاحمت ؛ بندش ؛ امتناع ؛ انسداد ۔

arrester, arrestor, n. پکڑ لینے والا ؛ گرفتار کنندہ ۔

arrestment, n. گرفتاری ؛ حراست ؛ نظر بندی ؛ ممانعت ؛ روک ؛ بندش ؛ پابندی ۔

arresting, a. جاذب توجہ ؛ متاثر کر لینے والا ؛ اثر انگیز ؛ جاذب نظر ۔

arrhythmia, n. فقدانِ آہنگ یا آہنگ میں اختلال (جیسے دل کی دھڑکن میں) ؛ بے قاعدگی ۔

arrhythmic, a. باقاعدگی یا آہنگ کے بغیر؛ بے آہنگ ؛ بے قاعدہ ۔

arris, n. کگر ؛ کنارا ؛ باڑ ؛ وہ خط جس پر کسی شے کی دو واصل سطحیں زاویہ بناتی ہوں ۔

arrival, n. آمد ؛ پہنچ ؛ ورود ؛ آنے کا عمل ، کسی مقصد تک رسائی یا پہنچ ؛ حصول ؛ آنے والا فرد یا چیز ۔

arrive, v.i. پہنچنا ؛ آنا ؛ کسی خاص جگہ یا مقام پر آ جانا ؛ منزل تک جا پہنچنا ؛ کسی نقطے یا مرحلے پر پہنچ جانا ؛ کوئی مخصوص نتیجہ یا صورت اختیار کر لینا (اس کے بعد at آتا ہے) ؛ کسی نتیجے پر پہنچنا ؛ وارد ہونا ؛ رونما ہونا ۔

arrive, n. بلند منصب یا دولتمندی تک دیکھتے دیکھتے پہنچ جانے والا ۔

arriviste, n. چلتا پرزہ ؛ مشکوک یا مبہم ذرائع سے کامیابی حاصل کرنے والا ؛ عیار ۔

arrogance, n. نخوت ؛ کبر ؛ غرّہ ؛ اترانے کی کیفیت ؛ اپنے منصب ، اعزاز یا مقام کے بارے میں مبالغہ آمیز دعوے کرنے کی عادت ؛ خود نمائی ، خودبینی ؛ دوسروں کی تحقیر کے ساتھ غرور ذات ؛ شوخ چشمی ؛ تکبر ؛ خود رائی ؛ گھمنڈ ؛ زعم ؛ تمکنت ؛ تحقیر ۔

arrogant, a. اپنے منصب ، اختیار یا اپنی قدرومنزلت کی بنا پر بہت زیادہ اترانے والا ؛ گستاخ ؛ متکبر ؛ مدّمغ ؛ لاف زن ؛ مغرور ؛ گھمنڈی ؛ شوخ چشم ؛ مختال ؛ زعیم ؛ خودبیں ؛ خودپسند ۔

arrogantly, adv. تکبّر سے ؛ غرور سے ؛ خودپسندانہ طور پر ۔

arrogate, v.t. بے جا دعویٰ کرنا ؛ ادعائے باطل کرنا ؛ ناروا حد تک یا ڈھٹائی کے ساتھ کوئی دعویٰ یا مطالبہ کرنا ؛ تحکمانہ انداز میں کسی پر اپنا حق جتانا ؛ بے باکی سے کسی بات کو کسی سے منسوب کرنا ؛ تکبّر کرنا ۔

arrogation, n. بے جا دعویٰ ؛ ادعائے باطل ؛ برتر مراعات یا پاسداری کا تقاضا ؛ تکبر ؛ غُرّہ ؛ خودپسندی ؛ خودبینی ۔

arrondissement, n. فرانس کا انتظامی ضلع ؛ فرانس میں کسی محکمے کی سب سے بڑی انتظامی قسمت (ڈویژن) ۔

arrow, n. تیر ؛ بان ؛ پیکان ؛ ناوک ؛ کمان سے چلایا جانے والا ہتھیار جو چوب بید اور تیز نوک دار سرے پر مشتمل ہوتا ہے ؛ سمت دکھانے کے لیے اس قسم کا کوئی نشان ، جو اکثر سائن بورڈوں یا عمارتوں وغیرہ پر بنا ہوتا ہے ؛ تیر سے مشابہ کوئی چیز۔ (بڑے A کے ساتھ) (فلکیات) شمالی منطقة النجوم جسے سہم الرامی کہتے ہیں ۔

arrowhead, n. پیکانی علامت ؛ سرِ تیر ؛ تیر کی نوک یا اس کا سرا جو مخصوص انداز کا لمبوترا تکونی شکل کا ہوتا ہے اور جس کی نوک عموماً زاویہ معکوس کی طرح ہوتی ہے ؛ پیکانی شکل کا کوئی نشان ۔ (نباتیات) آبی جنس (سہمی) کا کوئی پودا جس کے پتے پیکانی شکل کے ہوتے ہیں ۔

arrow headed, a. پیکانی ؛ تیر جیسا ۔

arrowroot, n. اراروٹ ؛ منطقہ حارہ سے تعلق رکھنے والا امریکی پودا نَے نُما جیت آلو (Maranta arundinacea) یا بعض دوسری قسمیں جن کی جڑوں سے خوردنی نشاستہ حاصل کیا جاتا ہے اور جو مختلف کھانوں میں استعمال ہوتا ہے ؛ اس پودے کا نشاستہ ؛ کسی اور پودے کا اسی قسم کا نشاستہ ؛ ایسے نشاستے سے تیار کیا گیا کوئی کھانا ۔

arrow wood, n. تیر لکڑی ؛ چوب تیر ؛ مختلف اور متعدد قسم کی ان جھاڑیوں اور پودوں میں سے کوئی جن کی شاخیں مضبوط اور سیدھی ہوتی ہیں ۔ ان کو کبھی تیر سازی میں استعمال کیا جاتا تھا جیسے واہو (Wahoo) یا جنس شبدر ۔

arroyo, n. آبی گزرگاہ ؛ تلہٹی ؛ ایک آب گزر (جنوب مغربی ریاستہائے متحدہ میں) ؛ کسی ندی کی تلہٹی یا خشک گزرگاہ ؛ نالا ۔

arsenal, n. بارود خانہ ؛ سلاح خانہ ؛ برّی یا بحری افواج کے اسلحے اور فوجی سازوسامان کا مخزن ؛ گودام یا میگزین ؛ کوئی سرکاری ادارہ جہاں فوج کے لیے سازوسامان تیار یا ذخیرہ کیا جاتا ہو ۔

arsenate, n. (کیمیا) سنکھیا ؛ زرنیخ ؛ زرنیخی تیزاب کا نمک ۔

arsenic, n. زرنیخ ؛ سنکھیا ؛ ایک عنصر : ایک سرمئی سفید مادہ جس میں دھاتی چمک پائی جاتی ہے اور جس سے زہریلے مرکبات بنتے ہیں ؛ آرسینک ٹرائی آکسائڈ یا زرنیخ کا کشتہ جو سفید یا شفاف اور انتہائی زہریلا مرکب ہے ، ادویات اور صنعت میں استعمال ہوتا ہے ؛ سمّ الفار ؛ ہڑتال ۔

arsenic, a. زرنیخی؛ سم الفاری؛ ہڑتالی ؛ سنکھیے کا یا اس سے متعلق ؛ جزوی طور پر سنکھیے سے مرکب (خصوصاً پنج گرفتہ حالت میں) ۔

arsenical, arsenious, a. زرنیخی ؛ سنکھیے کا/سے متعلق ؛

سَمّ الُفار دار ؛ زرنیخ آلود ؛ سنکھیا دار ؛ سم الفاری ۔

arsenide, n. (کیمیا) آرسینائیڈ ؛ سنکھیے اور کسی مثبت بار رکھنے والے گروہ (جیسے دھات) کا دوعنصری مرکب جس میں زرنیخ آکسیجن سے وابستہ نہیں ہوتا ۔

arsenite, n. آرسنائٹ ؛ ایسے تیزاب کا نمک جس میں زرنیخ کسی سہ گرفتہ عنصر کے ساتھ موجود ہو ۔

arsenopyrite, n. زرنیخی چقاق ؛ زرنیخ کی اہم کچدھات ؛ ایک نقرئی سفید یا فولادی سرمئی معدن ، جو لوہے ، زرنیخ اور گندھک کا مرکب ہوتا ہے اور معیّنی قلموں ، تودوں یا دانہ دار صورتوں میں ملتا ہے ۔ دیکھیے : mispickel-

arsine, n. (کیمیا) آرسائن ؛ ایک بے رنگ انتہائی آتش گیر اور سخت زہریلی متعفن اور لہسنی بُو دار گیس ۔

arsis, n. (موسیقی) غیر تاکیدی ؛ کسی تال کا وہ حصہ جس پر زور نہ دیا گیا ہو ؛ بم (زیروبم) ۔ (عروض) کسی بجا پر زیادہ زور یا دباؤ ؛ اصلاً غیر تاکیدی بجّا ۔

arson, n. آتش زنی ، املاک وغیرہ کی معاندانہ آتش زدگی ۔

arsonist, n. آگ لگانے والا ؛ آتش زن ۔

art, n. فن ؛ آرٹ ؛ کسی خاص مقصد کو پورا کرنے کے لیے اشیا کو استعمال میں لانا یا ان سے کام لینا ؛ مقصد و منشا کی تکمیل کے لیے ذرائع کا ، فطرت کے علی الرغم ، بروئے کار لانا ؛ بعض امور کو آسان بنانے کا اصولی نظام ؛ ان اصولوں کی اطلاقی مہارت : سائنس کے برعکس جیسے فنِ تعمیر یا کندہ کاری کا فن ؛ فنون لطیفہ ؛ فنون لطیفہ میں سے کوئی ایک یا جملہ فنون یعنی وہ جو ذوق یا جمالیاتی حس کو تسکین دیں جیسے مصوری ، مجسمہ سازی ، موسیقی وغیرہ ؛ مصور یا مجسمہ ساز کا پیشہ ؛ ان فن کاروں کے لیے مخصوص و مطلوبہ مہارت ؛ فنّی ملکہ ؛ فنّی چابکدستی ؛ استادی ؛ ہنرمندی ؛ مکّاری ؛ منافقت ۔

art, (متروک) (شاعری) صیغہ واحد حاضر ، be کا فعل حال ۔

artemisia, n. (گُلبانی) مَروا ؛ افسنتین ؛ ساج برش بودا ؛مرکب پودوں کی ایک جنس جو شمالی نصف کرہ کے زیادہ خشک علاقوں میں پائی جاتی ہے خصوصاً سہ برگہ افسنتین ؛ مغربی ساج برش ۔

arterial, a. شریانی ؛ شریان یا آکسیجن آمیز خون سے متعلق جو شریانوں میں ہو ؛ کسی کوچے یا شاہراہ میں آمدورفت کے متعلق ۔ (اسم) وہ کوچہ یا شاہراہ جس میں آمدورفت کی سہولت ہو ۔

arterialize, v.t. آکسیجن آمیز کرنا ؛ وریدی خون کو آکسیجنی طریقے سے شریانی خون میں بدلنا ۔

arteriography, n. (طب) شریان نگاری؛ کسی ''شعاع روک'' شے کا ٹیکہ لگا کر ایکس رے کے ذریعے شریان یا شریانی نظام کا مشاہدہ؛ نبض یا شریانوں کی کیفیت نگاری ؛ نبض نگاری ۔

arteriola, n. دیکھیے: Arteriole-

arteriole, n. (تشریح الاعضا) شریانک ؛ راضع ؛ عضلاتی دیوار والی ایک چھوٹی شریان جس کا قطر تقریباً ۰٫۲ ملی میٹر ہوتا ہے ؛ ایک اختتامی شریان جو عروقِ شعری میں خون پہنچاتی ہے ۔

arteriolar, a. شریانکی ؛ شریانک سے متعلق ۔

arteriosclerosis, n. صلابتِ شریان ؛ تَصَلّبِ شریان ؛ ایک مرض جس میں شریانی دیواروں کی دبازت دورانِ خون میں رکاوٹ پیدا کرتی ہے ؛ شریانی صلابت ؛ شریانی سختی ؛ شریانی دبازت ۔

arteriovenous, a. شریانی وریدی ؛ شریانوں اور وریدوں سے متعلق ؛ شریان وریدی ۔

arteritis, n. (امراضیات) سوزشِ شرائین ؛ شریان کی سوجن؛ شریانی ورم ۔

artery, n. نَس ؛ شریان ؛ استوانی قسم کی نالیوں کا نظام جن کے ذریعے خون دل سے بدن کے تمام حصوں تک پہنچتا ہے اور پھر وریدوں کے ذریعے واپس آتا ہے ۔ (مجازاً) نقل و حمل کی شاہراہ یا آمدورفت کا راستہ ۔

artesian, a. فواری (کنواں)؛ آرٹزی (کنواں)؛ ایک قسم کے کنویں کا یا اس سے متعلق: اسے زمین میں عموداً سوراخ کر کے بنایا جاتا ہے اور عموماً بہت گہرا ہوتا ہے ۔ اس کے ذریعے پانی سطح زمین پر زیر زمین دباؤ کے باعث دھار یا فواری صورت میں مسلسل بہاؤ کے ساتھ آتا رہتا ہے ۔

artful, a. پُرفن ؛ عیّار ؛ پیچدار ؛ چالاک ؛ چابک دست؛ اختراعی؛ ماہر ؛ چالباز ؛ فریبی ۔

artfully, adv. چابکدستی سے ؛ چالاکی کے ساتھ ؛ مکاری سے ۔

artfulness, n. چابکدستی ؛ چالاکی ؛ مکاری وغیرہ ۔

arthralgia, n. (امراضیات) وجعِ مَفاصل ؛ جوڑوں کا درد ؛ درد (خصوصاً عصبی درد جو کسی جوڑ میں ہو) ۔

arthralgic, a. وجع مفاصلی ؛ جوڑوں کے درد سے متعلق ۔

arthritic, a.,n. مفصِلی ؛ نقرس یا ورمِ مفاصل سے متعلق یا اس کا شکار مریض ۔

arthritically, adv. مفصِلی طور پر ۔

arthritis, n. نقرس ؛ جوڑوں میں کسی طرح کی سوجن ؛ وجع المفاصل ؛ گٹھیا ۔

arthromere, n. (حیوانیات ، تشریح الاعضا) مَفصِل پارہ ؛ کسی مفاصلی یا جوڑ بند خصوصاً بے ریڑھ جانور کے حلقۂ جسم میں سے کوئی ایک ۔

arthropod, n. مفصلی پایہ ؛ جوڑ بند ؛ مفصِل پایاں (آرتھروپوڈا) قبیل کا کوئی رُکن جو بے ریڑھ جانوروں کا ہم نسل، حلقہ دار جسم اور جوڑ دار اعضا رکھتا ہے ۔ اس نسل میں ہزار پایے ، عَنکبوتیے ، خولیے اور حشرات شمار ہوتے ہیں ۔

arthropodal, arthropodan, arthropodous, a. مفصِل پایاں سے متعلق ۔

arthrosis, n. (تشریح الاعضا) مفصلیت ؛ جوڑ بندی ؛ دو سادہ یا کرکری ہڈیوں کا جوڑ یا سیون ۔

arthrospore, n. (جرثومیات) انفصالی بذرہ ؛ وہ علیحدہ کیا ہوا نموئی خلیہ جو حالتِ سکون میں ہو : جراثیم کی بعض انواع میں ملتا ہے لیکن اسے حقیقی بذرہ یا تخمک نہیں سمجھا جاتا ۔

arthrosporous, a. انفصالی بذرے سے متعلق ۔

Arthurian, a.
آرتھری ؛ قدیم برطانیہ کے
داستانی بادشاہ آرتھر کا یا اس سے متعلق جو اپنے سرداروں (نائٹوں)
سمیت رومانوی ادب کے بڑے حصے کا موضوع رہا ہے ۔

artiad, n.
(کیمیا، متروک) جفت ایٹمی نمبر
والا عنصر (perissad کے برعکس) ۔

artichoke, n.
آرٹی چک ؛ کنگر ؛ فرشوف ؛
ایک مخلوط پودا جو اونٹ کٹارے سے ملتا جُلتا ہے ۔ اس کی چوٹی پر
گھنا اور موٹا سا پھول ہوتا ہے جسے سبزی کے طور پر استعمال کرتے
ہیں ۔ دیکھیے : Jerusalem artichoke ۔

article, n.
شے ؛ مقالہ ؛ دفعہ ؛ کوئی جزو جملہ ؛
آئیٹم ؛ نکتہ یا کیفیت ؛ رکنِ ایمانی ؛ نظریہ یا فریضہ ؛ کسی معاہدے یا
عہدنامے کی کوئی ایک دفعہ (جیسے اقوام متحدہ کے چارٹر کی) ؛
اخبار ، میگزین یا کسی جریدے میں کوئی نثرپارہ ؛ کوئی خاص جنس یا
چیز ؛ اسما کے پہلے لگایا جانے والا وہ جزو کلام جو ان کے اطلاقی دائرے
کو محدود یا مخصوص کر دیتا ہے جیسے انگریزی میں an, a اور the
ہیں ۔

article, v.t.
مدّوار یا دفعہ وار تحریر کرنا ؛
پابند ٹھہرانا ، جیسے کسی نوآموز کو ؛ عہد نامہ لکھنا ۔

acticular, a.
مفصلی ؛ مَفاصِلی ؛ جوڑ بندانہ؛
گرہ دارانہ ؛ جوڑوں یا کسی ایک جوڑ سے متعلق ۔

articulate, a.
مَفصِلی ؛ حلقہ دار ؛ جوڑ بند ؛
جوڑا ہوا ؛ جوڑوں سے بنا ہوا ؛ گٹھیلا ؛ گرہ دار ؛ ممیّز ؛ اعضائے تکلّم کی
واضح اور بامعنی حرکت سے بنا ہوا ؛ صاف صاف تلفّظ کیا گیا ؛ صاف
طور سے اظہار کردہ ؛ واضح (تقریر یا اظہار گفتگو میں) ؛ بلا تکلف
یا ذخیرہ الفاظ کے ساتھ بولنے والے کے متعلق ؛ برجستہ گو ؛ ترتیلی ۔

articulately, adv.
ترتیلاً ؛ برجستگی کے ساتھ ؛ واضح انداز سے ۔

articulateness, n.
ترتیل ؛ برجستگی ؛ برجستہ گوئی ؛ قوّتِ اظہار ۔

articulate, v.t.
جوڑ ملانا ؛ جوڑ کے ذریعے ایک کرنا ؛
اعضائے نطق کی موزوں اور بامعنی حرکت کے ساتھ بات کرنا ؛ واضح
طور پر بولنا یا کلام کرنا ؛ ترتیل کے ساتھ کلام کرنا ۔ (فعل لازم) قابل
فہم آوازیں نکالنا ؛ الفاظ یا ارکان الفاظ کو ترتیلاً ادا کرنا یا واضح طور
پر ادا کرنا ۔

articulator, n.
واضح کلام کرنے والا (وغیرہ) ۔

articulation, n.
نُطق ؛ گویائی ؛ تلفّظ ؛ لہجہ ،
ترتیل ؛ قوتِ گویائی ؛ تکلّم ؛ طرز کلام ؛ بات کرنے کا عمل ؛ تکلم آشنا
کیے جانے کا عمل یا انداز ؛ جوڑنا یا ملانا (ہڈیوں کا) ؛ جوڑ بندی ؛ جوڑ ؛
دو جوڑوں کے درمیان کا حصہ ۔

articulatory, a.
نُطقی ؛ تلفّظی ؛ تکلّم کا یا
اس سے متعلق ؛ ترتیلی ؛ مَفصلی ۔

artifact, artefact, n.
مصنوعہ ؛ انسان کی بنائی ہوئی
کوئی شے ، خصوصاً کوئی سادہ سا زیور یا اوزار ؛ کسی بیرونی ادارے
یا ایجنسی کی تیار کردہ نقلی چیز ۔ (حیاتیات) بافتوں کی ساخت میں
غیر فطری تبدیلی ؛ خدعہ ۔

artifice, n.
حیلہ ؛ مہارت ؛ چابکدستی یا زیرکی کے
ساتھ کی ہوئی کوئی منصوبہ بندی ؛ عیارانہ اختراع ؛ گہری چال ؛ ٹال
مٹول ؛ حکمت عملی ؛ فریب ؛ شاطری ؛ دھوکا دہی ؛ فریب کاری ۔

artificer, n.
صنّاع ؛ ماہر یا تربیت یافتہ
کاریگر ؛ منصوبہ ساز ؛ مکینک ؛ دست کار ؛ موجد ۔

artificial, a.
مصنوعی ؛ انسانی مہارت ،
محنت یا فنی چابکدستی سے بنایا یا ایجاد کردہ ؛ دکھاوے کا ؛ نقلی ؛
فرضی ؛ خود ساختہ ؛ جعلی ؛ بناوٹی ؛ جو اصلی اور قدرتی نہ ہو ؛
نمایشی ۔

artificiality, n.
مصنوعی پن ؛ تصنّع ؛
نقلی پن ؛ بناوٹ ۔

artificially, adv.
بناوٹی طریقے سے ؛ انسانی مہارت
اور تدبیر سے ؛ مصنوعی طور پر ۔

artificialness, n.
مصنوعی پن ؛ نقلی پن ۔

artificial horizon, n.
(طیرانیات) مصنوعی افق ؛
طیارے کے پرواز نما کا وہ خط جو جہاز کے اٹھاؤ اور جھکاؤ کی حرکات
ظاہر کرنے کے لیے بنایا جاتا ہے ؛ پرواز نما ؛ افق نما ۔

artificial intelligence, n.
مصنوعی ذہانت ؛ کمپیوٹر میں
انسانی ذہانت سے مخصوص کام انجام دینے کی صلاحیت جیسے تجربے
سے سیکھنا اور استدلال کرنا ۔

artificial language, n.
مصنوعی زبان ؛ ایک ترکیبی
مصنوعی زبان جو استعمال کے مقررہ نمونوں پر مبنی ہے مثلاً کمپیوٹر
میں استعمال کے لیے مخصوص ۔

artificial respiration, n.
مصنوعی تنَفس ؛ سانس کا سلسلہ رک
جانے پر ہوا کا تواتر کے ساتھ پھیپھڑوں میں داخل خارج کرنے کا عمل ۔

artillerist, n.
توپچی ؛ گولہ باز ؛ گولہ باری کا ماہر ۔

artillery man, n.
توپچی ؛ توپ خانے کا کوئی فوجی ۔

artillery, n.
توپخانہ ؛ سابقاً چھوٹے بڑے
سب جارحانہ آلاتِ حرب ، لیکن اب چھوٹی بڑی توپیں اور گولے ؛ توپ
خانہ مع دیگر لوازمات (افراد سازوسامان) ؛ توپوں کی دیکھ بھال کرنے
والے جوان اور افسر ؛ بڑی توپوں کو استعمال کرنے اور سنبھالنے کا علم ؛
فوج کی وہ شاخ جو ایسی توپیں استعمال کرے؛ آرٹلری ۔

artily, adv.
فنکاری کے ساتھ ؛
فنکارانہ انداز میں ۔

artiness, n.
فن کاریت ؛ فن کارانہ نمود ؛
کیفیتِ فن کاری ۔

artio-dactyl, n.
سُم شگافتہ ؛ وہ سُم دار میمل
جس کے ہر پاؤں میں دو کُھر ہوتے ہیں ، جیسے بیل اور دوسرے
جُگالیے ؛ جُفت انگشتا ۔

artisan, n.
ہُنر مند ؛ دستکار ؛ کسی فن یا
حرفت میں ماہر ؛ مکینک ۔

artist, n.
مصوّر ؛ آرٹسٹ ؛ کسی فن یا
پیشے میں ماہر ، خصوصاً وہ جسے فنونِ لطیفہ یعنی مصوری ، مجسمہ
سازی ، کندہ کاری اور عمارت سازی کا ادّعا بھی ہو اور وہ اس میں
مشغول بھی ہو ، لیکن یہ لفظ زیادہ تر مصوّر کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛
ماہر مطرب ، سازندہ یا گویّا ؛ فن کار ۔

artiste, n.
فن کار ؛ آرٹسٹ ؛ غیر معمولی
طور پر کسی فن یا آرٹ کا ماہر (بطور موسیقار، رقاص یا میر مطبخ) ۔

artistic, a.
جمالیاتی ؛ فن کارانہ ؛

آرٹ سے متعلق یا آرٹسٹوں سے متعلق ؛ فن میں تربیت یافتہ ؛ آرٹ کے
جمالیاتی معیاروں کو پورا کرتا ہوا ؛ آرٹ کے تقاضوں کی پابندی کرتا
ہوا یا اس کی خاصیت لیے ہوئے ؛ ذوق اور شعور فن کا مظاہرہ کرتا ہوا ؛
غنائی مہارت کا ثبوت دیتا ہوا ۔

artistically, adv.
فنکارانہ انداز سے ؛ جمالیاتی طور پر ۔

artistry, n.
کاریگری کی معراج ؛
فنکارانہ صلاحیت ۔

artless, a.
بے ہنر ؛ اناڑی ؛ چالاکی ،
مہارت اور ہنر نہ رکھنے والا ؛ خام ؛ ناپختہ ؛ ناتراشیدہ ؛ سادہ ؛ طبعی ؛
بھولا ؛ بھوندو ۔

artlessly, adv.
اناڑی پن سے ؛ سادگی سے ؛
بھولے پن سے ؛ تصنّع سے خالی انداز کے ساتھ ۔

artlessness, n.
سادگی ؛ بھولا پن ؛ سیدھا پن ۔

arty, a.
ہنر نما ؛ فن کی نقالی کرتا ہوا
خصوصاً بھڑکیلے ، پُر تصنّع اور بے ڈھنگے نمایشی انداز میں ؛ فنکار بننے
کی کوشش کرتے ہوئے ۔

arum, n.
عجالہ ؛ سوسن ؛ آرُم ؛
اس نام و نسل کے پودے کی جنس کا کوئی پودا جس کے پھول بڑے بڑے
کفچوں کی صورت میں کھلتے ہیں ؛ کوئی متعلقہ پودا جیسے سفید
سوسن یا سوسن نیل ۔

arundinaceous, a.
نرسل نما ؛ سرکنڈے سے متعلق
یا نرسل سے مشابہ ۔

Aryan, n., a.
(نسلیات) آریائی ؛ اوائل
ہند یورپی زبانیں بولنے والوں کی نسل یا اولاد ؛ نازی عقیدے کے
مطابق نارڈک نسل کا غیر یہودی کاکیشین (کوہ قاف کا باشندہ) ۔
(لسانیات) ہند یورپی زبانیں ؛ ہند ایرانی زبانیں ۔

arytenoid, a.
(تشریح الا عضا) ڈوئی کی شکل کی یعنی
حنجرے کی وہ دو کُرکری ہڈیاں یا ان سے متعلق جن کے ساتھ صوتی وتر
وابستہ ہوتے ہیں ؛ ان عضلات اور غدودوں سے متعلق جو حنجرے سے
پیوست ہوتے ہیں ۔ (اسم) اس قبیل کی کوئی نرم ہڈی ؛ سبوچیہ ۔

arytenoidal, a.
سبوچیہ سے متعلق ۔

as, adv.
جیسا ، ویسا ، تیسا ؛
اس حد یا درجے تک ؛ ربط باہم میں ؛ مقدم کے طور پر (جیسے as good as gold) ؛
مؤخر کو کبھی کبھی ترک کر دیا جاتا ہے (جیسے This is as a good) ؛
مثلاً ؛ کے انداز یا اسلوب میں ؛ مانند ؛ موافق ؛ مثل ۔

as well as,
اسی قدر یا اسی کا سا ؛
نیز ؛ اور ؛ مزید برآں (جیسے to give facts as well as opinions) ؛ لہٰذا ؛
مع ۔

as well
بھی ؛ نیز ۔

as, conj
جیسا ؛ جیسے ؛ مختلف صورتوں
یعنی ہم ترکیبوں میں باہمی درجہ ، حد یا انداز ظاہر کرنے کے لیے
(جیسے such as, so as (as good as gold, in the same way as before
ایسی ترکیبوں میں مقصد یا نتیجہ ظاہر کرتے ہوئے (اس صورت
میں مصدری حالت کے ساتھ ، جیسے such as to please - to listen so as to hear) ؛
نیز (مقدم کے بغیر) درجے یا انداز میں (جیسے to be good as gold, to rank as major, do as we do) ؛
نیز جب یا جس عرصہ میں ؛ چونکہ ؛ مثال کے طور پر ؛ بھی یا ابھی ؛

(زیادہ تر اس ترکیب ہی میں مستعمل ہے جیسے as yet) ۔

as if, as though
جیسے ، گویا کہ ؛ یوں سمجھیئے ۔

as it were,
یوں کہیئے کہ ۔

as, prep.
مانند ؛ کی حیثیت میں ؛
کے طور پر (جیسے He works as a salesman.) ۔

as, n.
ایس ؛ بارہ اونس
کا رومی پیمانہ ؛ تانبے یا کانسی کا رومی سِکّہ جو وزن میں آدھا
اونس ہوتا تھا ۔

asafetida, asafoetida, n.
ہینگ ؛ ایک گوندل رال جس
کی بُو لہسنی ہوتی ہے ؛ ایران اور افغانستان کے کئی پودوں کی جڑوں
سے حاصل ہوتا ہے جن کا تعلق ہینگ سے ہے ، اسے دافع تشنّج کے طور
پر علاج معالجے میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ حلتیت ۔

asbestos, asbestus, n.
پہاڑ کپاس ؛ پنبہ کوہی ؛
اسبسٹاس ؛ ایک ریشہ دار معدنی شے جس کے ریشے باریک ، لچک
دار ، جھوک دار اور آتش ناپذیر ہوتے ہیں چنانچہ اس سے آگ روک
کپڑا ، کاغذ وغیرہ تیار کیا جاتا ہے ؛ معدنی لہنینا (chrysotile) کو اسی
کام میں لیا جاتا ہے ؛ اسبسٹاس سے بنائی ہوئی کوئی شے ۔

asbestine, a.
اسبسٹاسی ؛ ناسوز ؛
آتش نا پذیر ۔

ascend, v.i.
چڑھنا یا اوپر جانا (descend کے برعکس) ؛
بلند مقام یا درجے تک لے جانا ؛ اوپر کی جانب ڈھلوان یا میلان رکھنا ؛
آغاز یا منبع کی جانب جانا ؛ (زمانی لحاظ سے) پیچھے جانا ؛ صعود کرنا ؛
پیچھے لوٹنا ؛ ابھرنا ؛ بلند ہونا ؛ طلوع ہونا ؛ مائل بہ فراز ہونا ؛ اُٹھایا
جانا ۔ (فعل متعدی) اوپر چڑھنا ؛ سوار ہونا ؛ اوپر جانا ؛ (دریا) کے منبع
کی طرف جانا ۔

ascendable, ascendible, a.
چڑھنے کے قابل ۔

ascendance, ascendence, n.
چڑھائی ؛ بالا دستی ؛ تفوق ؛ فوقیت ؛
طلوع ؛ غلبہ ؛ بالاروی ؛ عروج ۔

ascendancy, n.
چڑھائی ؛ غلبہ ؛
چڑھتے جانے کی حالت ۔

ascendant, ascendent, a.
چڑھتا ہوا ؛ بلند ہوتا ہوا ؛
ابھرتا ہوا (خصوصاً افق پر سے یا نصف النہار کی جانب) ؛ بالا دست ؛
برتر ؛ طالع ؛ غالب ؛ حاوی ؛ بالا رو ۔

ascendant, n.
جدّ (descendant کے برعکس) ۔
(نجوم) کسی ایک وقت پر افق کے اوپر ابھرتے ہوئے بُرج کا درجہ یا مدار
شمسی کا مقام ؛ زائچہ ؛ لہٰذا مجازاً اثر آفرینی یا غلبے کا مقام ؛ نقطۂ
طالع ؛ کیفیت ؛ برتری ؛ فضیلت ؛ فوقیت ؛ تسلط ؛ غلبہ ۔

ascender, n.
بالا ؛ طباعت میں نچلے خانے کے
چھوٹے حرف کا وہ حصہ جو حرف x کی اونچائی سے اوپر نکل جائے ؛
نچلے خانے کا کوئی حرف جس کا ایک حصہ حرف x کی اونچائی سے
اوپر چلا جائے ، جیسے d کا حرف ؛ اوپر چڑھنے والا ؛ بالا رَو ۔

ascending, a.
چڑھ ؛ ہوا ؛ طلوع ہوتا ہوا ؛
ابھرتا ہوا ۔ (نباتیات) بالا نمو ؛ صاعد ؛ اوپر اٹھتا ہوا ؛ نکلتا ہوا (خصوصاً
ٹیڑھا یا بنیاد سے خم کھائے ہوئے) ۔

ascension, n.
چڑھاؤ ؛ صعود ؛ چڑھنے کا عمل ؛
چڑھائی ؛ رفعت ؛ عُروج ۔ (فلکیات) کرہ ہائے سماوی میں کسی ستارے

یا مقام کا افق سے اوپر ابھر آنا ؛ طلوع ؛ مطلع۔(بڑے A کے ساتھ)
(کلیسیات) معراجِ عیسیٰ ؛ رفعِ مسیح ؛ حضرت عیسیٰ کا جسدِ خاکی
کے ساتھ زمین سے آسمان پر چلا جانا (لوقا ۲۵ : ۵۱) ۔

ascensional, a.
صعودی ؛ چڑھائی یا رفع عیسیٰ سے
متعلق یا اس کا حوالہ لیے ہوئے ۔

Ascension Day, n.
یوم رفع عیسیٰ ؛ ایسٹر کے بعد
چالیسواں دن جب آسمان پر حضرت عیسیٰ کے جسداً چلے جانے کی
سالانہ تقریب منائی جاتی ہے ۔

ascent, n.
چڑھاؤ ؛ بلندی ؛ اٹھان ؛ ابھار ؛
چڑھنے (طلوع ہونے) کا عمل ؛ بالا سمتی حرکت ؛ صعود ؛ ترقی ؛ طلوع ؛
چڑھنے کا راستہ ؛ چڑھائی ؛ عروج ؛ اوج ؛ اوپر کی جانب ڈھلاؤ ؛ کم تر
سے بالا درجہ کی طرف یا مخصوص سے عمومی کی طرف جانے کا عمل
وغیرہ ۔

ascertain, v.t.
یقینی بنانا ؛ یقین کرنا ؛
دریافت کرنا ؛ آزمایش یا امتحان کے ذریعے دریافت کر لینا یا تسلّی کر
لینا ؛ ثابت کرنا ؛ یقین کے ساتھ نتیجے پر پہنچنا ؛ جانچنا ؛ تحقیق کرنا ؛
تشخیص کرنا ؛ معلوم کرنا ؛ پتا لگانا ۔

ascertainable, a.
قابلِ تیقّن؛ قابل تحقیق ؛
قابل دریافت ؛ تسلّی طلب وغیرہ ۔

ascertainment, n.
تیقن ؛ تسلّی طلبی کا عمل ؛
تحقیق ؛ دریافت ؛ تنقیح ؛ تشخیص ۔

ascetic, a.
زاہدانہ ؛ راہبانہ ؛ ریاضت و عبادت
میں سخت اور شدید ؛ کٹّر ؛ مشقت پسند ؛ عابدانہ ۔ (اسم) زاہد ؛ عابد ؛
جوگی ؛ ترک دنیا کر کے انتہائی پارسائی کی زندگی گزارنے والا ؛
تارک الدنیا ؛ تیاگی ؛ بہت زیادہ نفیٔ ذات اور ریاضت کرنے والا ؛
مرتاض ؛ سنیاسی ؛ راہب ۔

asceticism, n.
رہبانیت ؛ ریاضت ؛ زہد ؛
جوگ ؛ درویشی ؛ تپسیا ۔

ascidian, n.
لفیّہ ؛ غلاف دار ؛ بحری جانوروں
کی لفیہ (ascidiacea) قسم کا کوئی جانور ، جیسے مُشکیلا
(sea squirt) ؛ پوست دار ۔

asclepiad, n.
(نباتیات) آک ؛ مدار ؛
شِیر گیاہی قبیلے کا کوئی پودا ؛ کوئی پودا جس میں سے دودھ نکلتا
ہے ۔

ascocarp, n.
(نباتیات) کِیسی ثمر ؛
کھمبیوں یا فطرات کی اعلیٰ قسم ؛ مخروطی ، طشتری یا پیالہ نما اجسام
جن میں تھیلیاں ، تخمک/بذرے اور بے زرتار (paraphyses) ہوتے ہیں ؛
لفہ ثمر ۔

ascogonium, n.
(نباتیات) کیسہ دان ؛ لفہ دان ؛
بعض اعلیٰ نسل کی کھمبیوں یا فطرات کے زواجی پودے میں موجود
مونث جنسی عضو ۔

ascogonial, n.
کیسہ دان کا یا اس سے متعلق ۔

ascomycete, n.
لفی فطرات ؛ فنجائی یا کھمبیوں
کی ایک قسم جس کے بذرے یا تخمک لفہ دانوں میں تشکیل پاتے
ہیں ، بعض خمیر اور پھپھوندیاں بھی اس ذیل میں آتی ہیں ۔

ascorbic acid, n.
خارش روک ؛ ضد گوشت خورہ ؛
حیاتین سی جو ترشاوہ پھلوں ، ٹماٹروں اور سبزیوں میں موجود ہوتا ہے
اسے مصنوعی طور پر بھی تیار کیا جاتا ہے ؛ سکروی روک تیزاب ۔

ascot, n.
ایسکاٹ ؛ ایک قسم کا چوڑا گلوبند
جسے ٹھوڑی کے نیچے یوں گرہ دی جاتی ہے کہ اس کے دونوں سرے
ایک دوسرے کے آر پار ہوتے ہیں ۔

ascribable, a.
قابلِ انتساب ؛ قابلِ حوالہ ؛
قابلِ نسبت ۔

ascribe, v.t.
منسوب کرنا ؛ تہمت لگانا یا
کسی مقصد کے لیے حوالہ دینا ؛ سر باندھنا ؛ سونپنا ؛ ذمہ دار ٹھہرانا ؛
تھوپنا ؛ کسی خوبی یا موزونیت سے متصف کرنا ؛ محمول کرنا ؛
مختص کرنا ؛ نسبت دینا ۔

ascription, n.
منسوب کرنے کا عمل ؛ انتساب ؛
تعلق ؛ نسبت ؛ لگاؤ ۔

ascus, n.
(نباتیات) لفہ دان ؛ قُمچہ ؛ لف دار کھمبیوں کی
ان چھوٹی چھوٹی تھیلیوں یا کیسہ دانوں میں سے کوئی ، جن کے اندر
جنسی بذرے یا تخمک نمو پاتے ہیں ۔

asepsis, n.
بے عفونتی ؛ خُردنامیوں کی عدم موجودگی ؛
دفع عفونت ؛ عدم عفونتِ خون ؛ پاکی ۔

aseptic, a.
بے عفونت ؛ بے تعفن ؛ عفونتی مواد
سے پاک یا پاک شدہ ؛ مرض پیدا کرنے والے جراثیم سے پاک ؛ نیز
احساس و حرارت سے عاری ۔

asexual, a.
(حیاتیات) لا جنسی ؛ بے جنسی ؛
غیر تناسلی ؛ اجاتی ؛ واضح جنسی آلات نہ رکھنے والا ؛ ناقص جنسی
عضو رکھنے والا ؛ نر اور مادہ کی جفتی کے بغیر یا جنسی امتیاز کے
بغیر وقوع پذیر ؛ جنسی امتیاز و عمل کے بغیر پیدا ہونے والا ۔

asexually, adv.
لا جنسی طور پر ۔

asexual generation, n.
(حیاتیات) لا جنسی تخلیق ؛
کسی نامیے کی تولید (جسے نسلی تبدل سے گزرنا پڑتا ہے) جس میں لا
جنسی تولید عمل میں آتی ہے ۔

asexual reproduction, n.
(حیاتیات) لا جنسی تولید ؛
ملاپ کے بغیر (جرثومی خلیوں کی) تولید (جیسا کہ انشقاق خلیہ یا
تخمک سازی وغیرہ میں ہوتا ہے) ۔

as for, prep.
جہاں تک اس کا تعلق ہے ؛ جہاں تک ۔

ash, n.
راکھ ؛ خاکستر ؛ پورے طور سے
جلی ہوئی چیز کی باقیات ؛ وہ سفوف یا خاکستر جو آگ کے عمل کے
بعد رہ جاتا ہے ۔ (عموماًبصورتِ جمع) ناقابلِ احتراق پذیر رسوب ۔ (جمع)
کریاکرم کے بعد انسانی جسم کی باقیات ؛ چتا کی راکھ ؛ بھبوت ؛
رمادؔ ۔

ash, n.
دیودار ؛ زیتونی قبیلے کا ایک اسی
نام و جنس کا معروف درخت ، جسے اس کی سخت اور مضبوط عمارتی
لکڑی کے باعث کثرت سے لگایا جاتا ہے ؛ اس درخت کی لکڑی ۔

ashamed, a.
شرمسار ؛ نادم ؛ احساسِ شرم
یا جرم لیے ہوئے ؛ شرمندہ ؛ شرم یا خجالت محسوس کرتا ہوا ؛ ندامت کا
اظہار کرتا ہوا (جیسے an ashamed look) ؛ شرم یا تمسخر کے احساس
سے محجوب ؛ منفعل ؛ عرق عرق ؛ خجل ۔

ashamedly, adv. شرمندگی کے ساتھ ؛ شرمساری کے عالم میں ۔

ashcan, n. راکھ دان ؛ کوڑے دان ؛ دھات کا پیپا جس میں کوڑا کرکٹ ڈالتے ہیں ۔ (بحریہ ، عوامی) زیر آب چلنے والے بموں کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

ashen, a. دیوداری ؛ دیودار کا ، اس سے مشابہ یا اس کی لکڑی سے بنا ہوا ؛ دیودار نما ؛ خاکستری ؛ راکھ کا ؛ رمادی ۔

Ashkenazi, n. اشکنازی ؛ سفاردیم یا ہسپانوی ، پرتگالی یہودیوں یا ان کی اولاد کے مقابلے میں مرکزی اور مشرقی یورپ کے یہودیوں یا ان کے اخلاف میں سے کوئی ایک ۔ یہ دونوں گروہ ایک دوسرے سے عبرانی کے تلفظ اور طرز عبادت میں اختلاف رکھتے ہیں لیکن بنیادی طور پر ہم عقیدہ ہیں ۔

ashlar, ashler, n. مُربع پتھر ؛ تراشا پتھر ؛ مربع تراشا ہوا عمارتی پتھر ؛ عمارتوں کا ایسے پتھروں سے بنایا ہوا ماتھا ؛ ایسے ماتھے کے لیے تراشیدہ پتھر ؛ سنگی رُوکار ۔

ashore, adv. ساحل یا کنارے پر ؛ دریائی یا سمندری پٹی پر ؛ پانی سے متصل زمین پر ؛ ساحل کی جانب ؛ لبِ ساحل ؛ لبِ دریا ۔

Ash Wednesday, n. چہار شنبہ خاک ؛ چِلّہ کا پہلا دن ؛ ایسٹر سے پہلے کے چالیس دن کا زمانہ جسے لینٹ کہتے ہیں ، لینٹ کا پہلا دن ۔

ashy, a. خاکستری ؛ رمادی ؛ خاک آلود ؛ خاکستر کا بنا ہوا ؛ راکھ میں اٹا ہوا ۔

Asian, a. ایشیائی ؛ ایشیا یا اس کے باشندوں سے متعلق ۔

Asian cholera, n. (امراضیات) ہیضہ ۔

Asian flu, Asian influeza, n. (امراضیات) ایشیائی زکام ؛ ایشیائی انفلوئنزا ؛ انفلوئنزے کی ایک متغیر وبائی صورت ، جس کی ابتدا غالباً چین سے ہوئی تھی ۔

Asiatic, a. ایشیا یا اس کے باشندوں سے متعلق ۔ (اسم) ایشیائی ؛ ایشیا کا باشندہ ۔

aside, n. (تھیٹر) گریز ؛ کسی اداکار کی وہ باتیں جو محض سامعین کے لیے ہوتی ہیں اوراسٹیج پر بیٹھے ہوئے دوسروں کے بارے میں سمجھا جاتا ہے کہ وہ ان کو نہیں سُن رہے ہیں ؛ اصل بات سے جملۂ معترضہ کے طور پر گریز ، تخلیے کی بات ۔

aside, adv. ایک سمت پر یا ایک طرف کو؛ ایک طرف ، ایک جانب ؛ تھوڑے فاصلے پر ؛ جدا ؛ الگ ؛ معمول کی سمت سے ذرا فاصلے پر ؛ اپنے خیال ، دلچسپی یا پاسداری سے ماورا ؛ پرے ؛ علیحدہ (جیسے : to lay cares aside) ؛ پس انداز طور پر (جیسے to set something aside) ؛ الگ ہٹ کر ؛ کسی الگ جگہ پر ۔

aside from, prep. علاوہ ؛ باستثنا ؛ علاوہ ازیں ۔

as if, conj. گویا کہ یا یوں سمجھیے کہ ؛ جانو ؛ گویا ؛ جیسا کہ ۔

asinine, a. گدھے سے مخصوص یا گدھے کے سے وصف والا ؛ انتہائی احمق یا ڈھیٹ ؛ بے وقوف ؛ گدھا ؛ گھامڑ ۔

ask, v.t. پوچھنا ؛ کہنا ؛ گزارش کرنا ؛ التماس کرنا ؛ حاصل کرنے کے لیے لفظاً کہنا ؛ درخواست کرنا (شخص مذکور سے پہلے of لگاتے ہیں) ؛ چاہنا ؛ توقع کرنا یا ادعا کرنا ؛ مطالبہ کرنا ؛ استفسار کرنا ؛ پرسش کرنا ؛ دریافت کرنا ؛ سوال کرنا ؛ کسی کے بارے میں معلوم کرنا ؛ آگاہی کے لیے پوچھنا (جیسے کوئی راستہ پوچھنا) ؛ مدعو کرنا ۔ (فعل لازم) عرض کرنا ؛ آرزو مند ہونا (شے سے پہلے for لگاتے ہیں) ؛ التجا کے ذریعے معلوم کرنا یا طلب کرنا (عموماً بعد میں after آتا ہے) ۔

asker, n. سائل ؛ پوچھنے والا ؛ سوال اٹھانے والا ؛ دریافت کرنے والا ؛ عرض گزار ۔

askance, askant, adv. بغلی راہ سے ؛ ٹیڑھ کے ساتھ ؛ کنکھیوں سے ؛ ترچھی نظر سے ؛ گوشۂ چشم سے ؛ بے اعتمادی یا شک کے ساتھ ؛ شبہے کے ساتھ ۔

askew, a., adv. ترچھا ؛ ٹیڑھا ؛ کج ؛ ترچھی یا ٹیڑھی وضع میں ؛ ترچھے پن کے ساتھ ؛ کجی کے ساتھ ۔

aslant, adv. ٹیڑھ پن سے ؛ کجی کے ساتھ ۔ (حرفِ جار) ترچھے پن کے ساتھ آر پار ؛ آڑا ؛ سلامی دار ۔

asleep, a., adv. خوابیدہ ؛ سویا ہوا ؛ خفتہ ؛ نیند کی حالت میں ؛ آرام کی حالت میں ؛ سکون کے عالم میں ؛ محو آرام ۔

aslope, a., adv. نشیبی ؛ ڈھلوانی ؛ ڈھلاؤ ؛ سلامی؛ وتری حالت میں ؛ وتراً ؛ قطراً ؛ عمود سے یا زاویہ قائمہ سے ہٹا ہوا ۔

asocial, a. معاشرت ناپسند ؛ کھنچا کھنچا ؛ اَمِل ؛ مردم گریز ؛ جلوت گریز ؛ اکل کھرا ؛ خودغرض ؛ خودنگر ؛ گوشہ نشین ؛ دوسروں سے الگ تھلگ ۔

as of, prep. دوران میں ؛ کسی مخصوص تاریخ یا وقت وغیرہ پر ؛ سے ؛ کو ۔

asomatous, a. بے جسم ؛ بے بدن ؛ غیر مادی ۔

asp, n. افعی ؛ ناگ کی ایک مہلک قسم (خصوصاً مصری ناگ) ؛ برّاعظم یورپ میں پائے جانے والے افعی کی قسم ۔

aspish, a. افعی گوں ؛ افعی صفت ۔

asparagin, asparagine, n. (حیاتی کیمیا) ناگدونا ؛ ایک ایماینو تیزاب : یہ معینی قلموں کی شکل میں ہوتا ہے اور مارچوب ، خطمی ، بلاون (بیلا ڈونا) اور کئی پودوں میں پایا جاتا ہے ۔

asparagus, n. مارچوب ؛ ناگدون ؛ ہالون ؛ سوسن قبیلے کی ایک سدا بہار بوٹی جسے سبزی کے طور پر کھانے کے لیے کاشت کیا جاتا ہے ؛ اس پودے کی شاخیں ، کونپلیں ۔

aspartame, n. اسپارٹیم ؛ شکر کا ایک مصنوعی بدل ۔

aspartic acid, aminosuccinic acid, asparaginic acid, asparagic acid, n. (حیاتی کیمیا) ناگدونی تیزاب ؛ ایک ترش ایماینو تیزاب ، جو لحمیات میں برق پاشیدگی سے حاصل ہوتا ہے ۔

aspect, n. رُخ ؛ پہلو ؛ منظر ؛ آنکھ یا دماغ میں آنے والی صورت یا کیفیت ؛ حلیہ ؛ چہرے کی مخصوص کیفیت ؛ بشرہ ؛ انداز ؛ ڈھنگ ؛ وضع ؛ طور ؛ پیش منظر ؛ خدوخال ؛ نظارہ ؛ روپ ؛ صورت ؛ پیکر ؛ سمت ۔ (نجوم) جوگ ؛ لگن ؛ وضع ؛ کسی اور سیارے کے حوالے سے کسی سیارے کا مقام ۔

aspect ratio, n. (ٹیلی ویژن) تناسبِ نظر ؛ عکس کی چوڑائی کا بلندی سے تناسب ۔

aspen asp, n. چنارِ لرزاں ؛ سفیدے کی ایک نوع جو اپنے لرزتے پتوں کے باعث بہت معروف ہے ۔ یہ پتے ہوا کی خفیف ترین جنبش سے بھی حرکت میں آ جاتے ہیں ۔

asperges, n. (رومن کیتھولک کلیسا) پاکابی (پاک + آبی) ؛ اتوار کو بڑے اجتماع کے موقع پر قربانگاہ ، پادری اور شرکا پر آبِ مقدس چھڑکنے کی رسم ۔ (بڑے A کے ساتھ) وہ حمدیہ گیت جو اس لفظ سے شروع ہوتا ہے اور اس وقت گایا جاتا ہے جب پادری یہ رسومات ادا کرتا ہے ۔

aspergillosis, n. (طب) بدن کی بافتوں میں یا جھلی کی سطح پر اُبّی پھپھوندی (اسفر جیلوس) کی موجودگی سے پیدا ہونے والی بیماری ۔ (بیطاری) پرندوں کی ہوائی تھیلیوں اور پھیپھڑوں میں اس قسم کی پھپھوندی سے پیدا ہونے والی بیماری ۔

aspergillus, n. (نباتیات) اُبّی ؛ اسفر جیلوس ؛ بُرشیہ ؛ اسی نام و نسل کی ایک پھپھوندی جو لفی فطرات ascomycetes کے گروہ سے تعلق رکھتی ہے ، جس کے ساتھ شاخ در شاخ پھیلے ہوئے تخمک بردار ہوتے ہیں ۔

asperifoliate, a. (نباتیات) ناہموار برگہ ؛ کھردرے پتوں والا ۔

asperity, n. کھردرا پن ؛ کھردرا ہونے کی حالت یا خصوصیت ؛ لمس ، ذائقے ، سماعت یا احساس کے لیے جس میں کھردرا پن یا سختی ہو ؛ ترشی ؛ تیز کھٹا پن ؛ کڑواہٹ ؛ شدّت ؛ درشت مزاجی ؛ تلخی ؛ تندی ؛ خشونت ۔

asperse, v.t. چھڑکنا ؛ گندی خبروں ، جھوٹے اور نقصان پہنچانے والے الزامات کی بوچھاڑ کر دینا ؛ بہتان باندھنا ؛ بدنام کرنا ؛ اتہام لگانا ؛ تہمت لگانا ؛ عیب لگانا ؛ طوفان لگانا یا باندھنا ۔

aspersion, n. چھڑکاؤ ؛ بوچھاڑ ؛ بد نام کرنے والی خبروں اور الزامات کی بوچھاڑ ؛ افترا پردازی ؛ نقصان رساں تنقید ؛ بدنام کرنے کا عمل ؛ الزام لگانے والا کوئی بیان ؛ اتہام ؛ تہمت ؛ بہتان ۔

asphalt, n. رال ؛ اسفال ؛ اسفالٹ ؛ رال کی سب سے زیادہ عام قسم ؛ معدنی تارکول ؛ جلد پگھل جانے والی ایک سیاہ یا بھورے رنگ کی شے : اس کی بو تیز اور تارکول سی ہوتی ہے ؛ اسفالٹ یا رال اور ریت یا بعض دیگر چیزوں کا آمیزہ جسے راستہ پختہ کرنے ، فرش بنانے یا پانی کے ٹینک میں استر کاری کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

asphalt rock or stone, n. اسفال پتھر ؛ ایک سیاہ رنگ کا رالی چونا پتھر ۔

asphaltic, a. اسفالی ؛ اسفالٹ دار ؛ اسفالٹ سے متعلق ؛ رال دار ۔

asphaltite, n. اسفالٹیٹ ؛ دیسی اسفالٹ جو زیر زمین پایا جاتا ہے ۔

aspheric, aspherical, a. (بصریات) غیر کُروی سطح ؛ جو ٹھیک طرح کُروی نہ ہو ۔

asphodel, n. بروق ؛ سوسنِ سفید ؛ سوسن کی قسم کا اسی جنس کا پودا جو اصلاً جنوبی یورپ سے ہے اور جس کے پھول سفید یا زرد ہوتے ہیں ؛ نیز متعدد اور سدابہار پودوں میں سے کوئی (جیسے کنول) ؛ گُلِ جنت ۔

asphyxia, n. اختناق ؛ احتباس ؛ سکتہ ؛ غشی ؛ بدن میں آکسیجن کی کمی یا کاربن ڈائی آکسائیڈ کی زیادتی سے پیدا ہو جانے والی غشی ، گھٹن یا بے ہوشی ، جس کی وجہ تنفّس میں رکاوٹ ہوتی ہے بالخصوص دم گھٹنے یا ڈوبنے سے یا ایسی گیسوں میں سانس لینے سے جن میں سانس لینا مضر ہوتا ہے ۔

asphyxiate, v.t. دم گھٹنے کی حالت میں لانا یا ایسی حالت پیدا کرنا ؛ احتباس کا باعث بننا ؛ حبسِ دم وغیرہ کے ذریعے معمول کے عملِ تنفّس کو روک کر ہلاک کر دینا یا بے ہوش کر دینا ؛ دم گھونٹنا ؛ سکتہ زدہ کرنا ۔ (فعل لازم) سکتہ زدہ ہو جانا ۔

asphyxiation, n. خنق ؛ دم گھٹنا یا نبض ڈوبنا (عمل یا حالت) ۔

aspic, n. ایک کھانا جو صاف مزیدار گوشت اور مچھلی یا ٹماٹر کی جیلی سے تیار کیا جاتا ہے ؛ اسپک ۔

aspidistra, n. اسطوخودوس ؛ اسی نام و جنس کی ایک بوٹی جو گرمی، سردی، ڈھول وغیرہ کا مقابلہ کرنے کی سکت رکھتی ہے ، اس لیے اسے فولادی پودا بھی کہا جاتا ہے ۔

aspirant, n., a. متمنّی ؛ آرزو مند ؛ مشتاق ؛ امیدوار ۔

aspirate, v.t. (صوتیات) سانس کی زوردار آواز کے ساتھ ادا کرنا ؛ کسی حرف کو ہائیہ آواز کے ساتھ ادا کرنا جیسے horse میں h کی آواز ، ہاتھی میں ھ کی آواز وغیرہ ؛ ہائیانا ۔ (طب) مائع کو بدن سے خارج کرنا ، استخراج مائع کرنا ؛ مائع کو پھیپھڑوں میں دروں کش کرنا ؛ مائع کشی کرنا ۔

aspirate, n. (صوتیات) ہائیہ ؛ horse میں h کی طرح سے نکالی گئی آواز ؛ کوئی ہائیہ حرف ، آواز یا اس کی علامت ؛ حلقی آواز ۔

aspiration, n. سانس لینے کا عمل ؛ عمل تنفس ۔ (صوتیات) تلفظ میں کوئی ہائیہ آواز ؛ چاہت یا اشتیاق ؛ کوئی اضطراب انگیز خواہش ؛ تمنا ؛ امنگ یا آرزو (بیشتر اعلیٰ اور احسن کے لیے) ۔ (طب) جسم میں سے مائع کا اخراج ؛ استخراج مائع ؛ مائع کشی ۔

aspiratory, a. تنفّس سے متعلّق ؛ ہوا کشی کے لیے موزوں ؛ استخراجی ۔

aspirator, n. ہوا کش ؛ بادکش ؛ مائع کش ؛ منفاس ؛ ہوا ، مائعات یا دانے دار مادوں کو عملِ دروں کشی کے ذریعے حرکت میں لانے کا آلہ ۔

aspire, v.i. متمنی ہونا ؛ خواہش مند ہونا ؛ شدت سے آرزو مند ہونا ؛ کسی بلند و بالا شے کو مطمحِ نظر بنانا ؛ خواہاں ہونا (بعد میں to یا after لگاتے ہیں) ؛ چڑھنا ؛ اونچا مقام حاصل کرنا ؛ اوپر کی طرف اشارہ کرنا ؛ بلند پروازی کرنا ۔

aspirin, n. (علم ادویہ) اسپرین ؛ ایک سفید قلمی مشتق جو سلیسیلک ایسڈ سے حاصل ہوتا ہے ، درد میں افاقے اور بخار میں کمی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ اس سے بنی ہوئی ٹکیہ ۔

asportation, n. بُردگی (خصوصاً مال اسباب کا عمداً وہاں سے اٹھا لے جانا جہاں اسے رکھا گیا تھا) ۔

as regards, prep. جہاں تک کہ تعلق ہے ؛ کے متعلق ۔

ass, n. گدھا ؛ چوپائے کی ایک قسم ؛ خر ؛ حمار ؛ یہ گھوڑے کے خاندان سے ہے اور لادو جانور ہے ؛ بدھو یا احمق

آدمی ؛ گھامڑ ؛ بغلول یا بے مغز شخص ۔

assafetida, n. دیکھیے : asafetida ۔

assagai, assegai, n. الزغائیہ ؛ کافروں کا ایک ہتھیار ؛ پھینکے جانے والا ایک نیزہ ؛ برچھے کی ایک قسم ؛ جنوبی افریقہ کا ایک نوکیلا درخت جس سے اس قسم کے نیزوں کے لیے لکڑی حاصل ہوتی ہے ۔

assail, v.t. ہلّہ بولنا ؛ چڑھائی کرنا ؛ تندی کے ساتھ جھپٹ پڑنا ؛ ٹوٹ پڑنا ؛ حملہ کرنا ؛ ہتھیاروں یا دلائل سے حملہ کرنا ؛ تنبیہ ، لعن طعن ، بدزبانی ، تنقید یا خوشامد و عاجزی وغیرہ سے ، پیچھے پڑنا ؛ پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑنا ؛ اثر انداز ہو جانا ۔

assailable, a. جس پر حملہ ہو سکے ؛ حملے کے قابل ؛ قابل حملہ ۔

assailant, n. حملہ آور ؛ ہلّہ بولنے والا ۔

assassin, n. [حشیشین کے طریق قتل کی بنا پر] ہلاک کنندہ (خصوصاً دولت کے لیے یا اعتقادی شدت کی بنا پر) ؛ قاتل (خصوصاً کسی اونچی سیاسی شخصیت کا) ۔ (بڑے A کے ساتھ) حشیشین ؛ اس باطنی فرقے کا رکن جس نے صلیبی جنگوں کے دنوں میں عیسائیوں کو خوف زدہ کر دیا تھا ؛ قاتل ؛ فدائی ؛ گھت گھاتی ۔

assassinate, v.t. اچانک یا خفیہ حملہ کر کے ہلاک کر ڈالنا ؛ اچانک تشدد کا نشانہ بنا کر قتل کر دینا ؛ مکاری سے قتل کرنا ؛ گھات یا دغا سے مارنا ؛ چھپ کر مار ڈالنا ۔

assassination, n. قتل (خفیہ طریقے سے یا دغا سے) ؛ ہلاکت ۔

assassinator, n. قاتل ؛ ہلاک کرنے والا (محولہ بالا معنی میں) ۔

assault, n. حملہ ؛ دھاوا ؛ یورش ؛ چڑھائی ؛ وار ؛ تشدد آمیز اقدام (زبانی یا جسمانی) ۔ (قانون) ضرب لگائے بغیر دھمکی یا حملے کی کوشش (بمقابلہ battery) ؛ کسی قلعہ بند دفاعی نظام پر اچانک اور زبردست حملہ ۔

assault, v.t. حملہ کرنا ؛ دھاوا بولنا ؛ یورش کرنا ؛ چڑھائی کرنا ؛ وار کرنا ؛ ہلّہ بولنا ؛ مخالفانہ نیت یا تشدد کے ساتھ ٹوٹ پڑنا ؛ قوت کے ساتھ پل پڑنا ؛ حملہ کر دینا ؛ زنا بالجبر کرنا ۔

assaulter, n. حملہ آور ؛ دھاوا مار ؛ آبرو ریز ۔

assault boat, storm boat, n. (عسکری) وار کشتی ؛ ایک چھوٹی ہلکی کشتی جس سے جھیلوں اور دریاؤں کو عبور کرنے یا ساحلوں پر اترنے کے لیے برّی، بحری دستے کام لیتے ہیں ۔

assay, n. جانچ ؛ پرکھ ؛ جانچ پرکھ ؛ تجزیہ ؛ کسوٹی ؛ کسی دھات کے خاص طور سے سونا، چاندی اور ان کی کچدھاتوں اور بھرت وغیرہ کے وزن ، قدر اور خالص ہونے کی جانچ ؛ کسی دھات کی اجزائے ترکیبی معلوم کرنے کے لیے اس کا تجزیہ ؛ زیر تجزیہ مواد یا دھات ؛ نتائج تجزیہ ۔

assay, v.t.,v.i. آنکنا ؛ پرکھ کرنا ؛ کسنا ؛ آزمائش کے ذریعے جانچنا ؛ دھاتوں کے خالص پن اور ان کے اجزا کی جانچ کرنا ۔

assayer, n. پارکھ ؛ جانچنے والا ؛ پرکھنے والا ؛ کسوٹی ۔

assegai, n. دیکھیے : assagai ۔

assemblage, n. ہجوم ؛ اجتماع ؛ جمگھٹا ؛ ازدحام ؛ انبوہ ؛ مجموعہ ؛ مجمع ؛ ذخیرہ ؛ منڈلی ؛ مجلس ؛ محفل ؛ سبا ؛ انجمن ؛ بزم ؛ یک جا کرنے کا عمل ؛ یک جا ہونے کی حالت ؛ افراد کا اجتماع یا مخصوص اشیا کا ذخیرہ ۔

assemble, v.t. اکٹھا کرنا ؛ مجتمع کرنا ؛ جمع کرنا ؛ یک جا کرنا ؛ جوڑنا ؛ کسی ایک جگہ یا شے یا ڈھانچے میں جمع کرنا ؛ اکٹھا کر لینا ؛ اکٹھا ہونے کو کہنا ؛ منعقد کرنا ؛ باہم جوڑ دینا (جیسے کل پرزوں کو) ؛ اجتماع کرنا ۔ (فعل لازم) اکٹھا ہونا ؛ مل بیٹھنا ؛ یکجا ہونا ؛ جمع ہونا ؛ مجتمع ہونا ؛ انعقاد پذیر ہونا ۔

assembler, n. جمع کرنے والا ؛ اکٹھا کرنے والا ؛ جمع کار ۔

assembly, n. مجلس دستور ساز ؛ مجلس ؛ مجمع ؛ اکٹھ ؛ اسمبلی ؛ ایک ہی جگہ پر لوگوں کی مجلس یا ان کا اجتماع (عموماً کسی ایک مقصد کے لیے) ؛ پیچیدہ مشینری کا باہمی جوڑ ؛ مشینی پرزوں کا ذخیرہ ؛ کوئی اشتمالی حصہ ، جو خود جوڑے گئے اجزا پر مشتمل ہو ؛ جمع کاری ۔

assembly line, n. جمع کاری سلسلہ ؛ پیداواری سلسلہ جس میں مختلف کام تواتر کے ساتھ کیے جاتے ہیں تاآنکہ پیداوار مکمل صورت پا لیتی ہے ۔

assembly man, n. رکن مجلس دستور ساز ؛ رکن اسمبلی ۔

assent, n. رضامندی ؛ قبولیت ؛ تسلیم ؛ کسی تجویز سے اتفاق ؛ معاہدہ ؛ موافقت ؛ سمجھوتہ ؛ اقرار ؛ توثیق ۔

royal assent, شاہی توثیق ؛ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں پاس ہو جانے والے بل پر برطانوی فرماں روا کی توثیق جس کے بعد وہ قانون بن جاتا ہے ؛ حتمی توثیق ۔

assent, v.i. مان لینا ؛ رضامند ہونا ؛ قبول کرنا ؛ کسی تجویز یا پیش کردہ امور پر ذہنی رضامندی کا اظہار کرنا ؛ اتفاق کرنا ؛ توثیق کرنا ؛ تسلیم کرنا ۔

assenter, n. مُتفق ؛ توثیق کرنے والا ؛ ماننے والا ؛ تسلیم یا قبول کرنے والا ۔

assentation, n. تملّق ؛ خوشامد کے طور پر مان لینا ؛ جی حضوری ۔

assert, v.t. حق جتانا ؛ کسی دعوے یا حق ملکیت کو منوا لینا ؛ اثباتِ قطعی کرنا ؛ وثوق سے کہنا ؛ دھڑلے سے کہنا ؛ آگے بڑھ کر اپنے حقوق و دعاوی جتلانا ؛ ادّعا کرنا ۔

asserter, assertor, n. مدعی ؛ جتانے والا ؛ مُصر ؛ وکیل ۔

assertion, n. ادّعا ؛ توثیقی عمل ؛ اثباتِ دعوی ؛ اعلانِ قطعی ؛ بیانِ حتمی ؛ توثیق ؛ اصرار ؛ دعوی ۔

assertive, assertory, n. قطعی ؛ پُراعتماد تائید کرتے ہوئے ؛ تحکّمانہ ؛ تصریحی ؛ ادّعائی ۔

assertively, adv. ادّعا کے طور پر ؛ قطعی طور پر ؛ تصریحی طور پر ۔

assertiveness, n. ادعائیت ۔

assess, v.t. تعین کرنا ؛ تشخیص کرنا ؛ کسی پر کوئی مخصوص رقم (جیسے ٹیکس) لگانا ؛ عائد کرنا ؛ ٹیکس لگانے کے لیے کسی جائیداد کی مالیت کا اندازہ لگانا ؛ نقصان کی رقم کا تعین یا تصفیہ کرنا ؛ کسی شے کی قدروقیمت کا تعین کرنا ؛ اندازہ لگانا ؛ جائزہ لینا ؛ ٹیکس لگانا ؛ تخمینہ لگانا ؛ جانچنا ؛ پرکھنا ؛ جمع تشخیص کرنا ۔

assessable, a. قابلِ تشخیص ؛ قابلِ محصول ؛ ٹیکس کے قابل۔

assessment, n. تعین ؛ تشخیص ؛ تشخیص کا عمل ؛ تخمینہ کاری ؛ جائیداد، منافعوں یا آمدنی کا ٹیکس لگانے کے لیے مالی تشخیص ؛ کسی شخص یا جائیداد پر لگایا گیا ٹیکس یا مخصوص رقم ؛ جانچ ؛ آنک۔

assessor, n. تشخیص کنندہ ؛ مُشخِص ؛ ٹیکس لگانے کے لیے تخمینہ کاری پر مامور شخص (خصوصاً غیر منقولہ جائیداد پر) ۔

asset, n. اثاثہ ؛ املاک ؛ جائداد ؛ کسی شخص کے قرضوں یا واجبات کی ادائیگی کے لیے موجود مالی اسباب اور املاک کا کوئی حصہ : عموماً جمع میں استعمال ہوتا ہے ؛ کسی شخص کے کل اثاثے کا کوئی حصہ ۔(جمع) نقد اور اشیا ؛ کوئی منفعت ۔

asseverate, v.t. اقرار واثق کرنا ؛ قطعیت کے ساتھ توثیق کرنا یا کہنا ؛ ثقاہت کے ساتھ ایسا کرنا ؛ قول دینا ؛ حتمی طور پر کہنا ؛ وثوق سے کہنا ۔

asseveration, n. اقرارِ واثق ؛ قول ۔

assibilate, v.t. (صوتیات) سسکارنا ؛ ہش ہش یا شی شی کی آوازیں نکالنا ؛ سسکاری سے ادا کرنا (حروف کو)۔

assiduity, n. انہماک ؛ منہمک ہونے کا وصف ؛ کسی کاروبار یا مشغولیت میں مسلسل یا تن دہی کے ساتھ لگے رہنے کا عمل ؛ تن دہی ؛ ریاضت ؛ محنت ؛ فکرِ پیہم ؛ عزمِ بالجزم ؛ دھیان ؛ لگن ؛ محنت مشقت ؛ پِتّے ماری ۔

assiduous, a. منہمک ؛ ثابت قدم ؛ متوجہ ؛ محنتی ؛ صادق ؛ پُرعزم ؛ مستقل مزاج ؛ ان تھک ؛ پِتّے مار ؛ مسلسل تن دہی یا توجہ سے کیا گیا ؛ تن دہ ؛ کسی کام میں جُت جانے والا ۔

assiduously, adv. مستقل مزاجی سے ؛ تن دہی سے ۔

assiduousness, n. تن دہی ؛ انہماک ؛ محنت ؛ مشقت ؛ لگن ؛ ریاضت ۔

assign, v.t. سپرد کرنا ؛ سونپنا ؛ تفویض کرنا ؛ مختص کرنا ؛ الاٹ کردہ حصے کے طور پر نشان زد کرنا ؛ حصہ بندی کرنا ؛ الاٹ کرنا ؛ متعین کرنا ؛ تخصیص کرنا ۔ (قانون) کسی دوسرے کے نام کرنا ؛ منتقل کرنا ۔

assign, n. منتقل الیہ ؛ سپرددار ؛ متولّی ؛ وہ شخص جس کے نام جائیداد یا قانونی حق منتقل کر دیا جائے ۔

assignability, n. حوالگی یا سپردگی ؛ سپرد کیے جانے کی شرط ، صورت یا کیفیت ۔

assignable, a. قابلِ انتقال ؛ قابلِ سپردگی ؛ قابلِ تفویض یا تعین ؛ سپرد کیے جانے کے قابل یا منسوب کیے جانے کے قابل ۔

assignably, adv. قابلِ انتقال طریقے سے ؛ قابل سپردگی انداز سے ۔

assignation, n. سپردگی ؛ انتقال ؛ تفویض ، تخصیص ؛ حوالگی ؛ الاٹ کرنے یا تفویض کرنے کا عمل ؛ مختص یا مخصوص کرنے کا عمل ؛ انتقال حقّیت کے ذریعے حوالگی ؛ ملاقات کے لیے وقت و مقام کا تعین (خاص طور پر ناجائز جنسی محبت کے لیے) ۔

assignee, n. سپرددار ؛ عوضی ؛ منتقل الیہ ؛ مفوض الیہ ؛ منتظم ؛ کارندہ ؛ ولی ؛ متولّی ؛ جس شخص کے سپرد کچھ کر دیا گیا ہو ؛ جس شخص کو کوئی کام یا کاروبار کرنے یا کسی استفادۂ حق کے لیے مقرر یا مفوض کر دیا گیا ہو ۔

assigner, assignor, n. تفویض کار ؛ تفویض کرنے والا ؛ نامزد کرنے والا ؛ منتقل کُنندہ ۔

assignment, n. تفویض ؛ انتقال ؛ حوالگی ؛ توجیہہ ؛ تحویل ؛ تخصیص یا تعیین کا عمل ؛ وہ تحریر جس کے ذریعے انتقال حق ہوا ہو ؛ انتقال نامہ ؛ وہ ذمہ داری جس پر کسی کا تقرر کیا گیا ہو ، سپرد کیا گیا کام ۔

assimilability, n. جذب پذیری ؛ تحلیل پذیری ۔

assimilable, a. جذب پذیر ؛ قابلِ ہضم ؛ قابلِ استحالہ ؛ یک جان ہونے والا ؛ قابلِ تحلیل ۔

assimilate, v.t. جذب کر لینا ؛ یک جان کرنا ؛ ایک سا کرنا ؛ مماثل بنانا ؛ ہضم کر لینا (جیسے غذا کو نظامِ بدن میں) ؛ نامیاتی بافتوں کا حصہ بنانا ؛ ڈھال لینا (ڈھل جانا) ؛ بالخصوص سماجی اور ثقافتی طور پر ؛ مثال دینا ؛ موازنہ کرنا ؛ اپنانا ؛ جزوِ بدن بنانا ؛ استحالہ کرنا ؛ انگ لگنا ؛ پچانا ۔ (فعل لازم) ایک جیسا ہو جانا ؛ ہم آہنگی اختیار کرنا ؛ جسم کا حصہ بن جانا ؛ حالات سے سمجھوتا کر لینا ؛ سازگاری اختیار کرنا ؛ غذا کو جزو بدن بنانے کا عمل کرنا ؛ ایک رنگ میں رنگا جانا ؛ ہضم ہو جانا ؛ تحلیل ہو جانا ۔

assimilate, n. کوئی کھائی ، جذب یا ہضم کی ہوئی شے ؛ ہضم شدہ یا جذب شدہ شے ۔

assimilation, n. استحالہ ؛ تحلیل ؛ ہضم ؛ انجذاب ؛ امتزاج ؛ انضمام ؛ جذب ؛ ہضم کرنے یا ہو جانے کا عمل ؛ وہ عمل جس کے ذریعے جانور اور پودے غذائی مادوں میں یوں تبدیلی پیدا کرتے اور ہضم کرتے ہیں کہ وہ ان کے بدن کا حصہ بن جاتے ہیں ۔ (صوتیات) ادغامِ صوت ؛ ملحقہ آوازوں کو ملا کر ایک بنا لینے کا عمل (جیسے cupboard کو kuberd بولتے ہیں) ۔

assimilative, assimilatory, a. ہاضم ؛ اخّاذ ؛ محلّل ؛ انجذابی خاصیت رکھنے والی کوئی شے ؛ ہضم آور ۔

assist, v.i. مدد دینا ؛ سہارا دینا ؛ اعانت کرنا ؛ ہاتھ بٹانا ؛ دست گیری کرنا ؛ کسی کام میں حصہ لینا ۔ (فعل متعدی) کسی کام میں یا کسی کے ساتھ شریک ہونا ؛ مدد کرنا ؛ امداد کرنا ؛ معاون کے طور پر کسی کا شریک کار ہونا ۔

assist, n. مدد ؛ اعانت ؛ سہارا ؛ کمک ؛ مدد کرنے کا عمل (جیسے ہاکی یا بیس بال کھیلتے ہوئے گول کرنے میں) ۔

assistance, n. اعانت ؛ مدد ؛ معاونت ؛ مدد کرنے کا عمل ؛ دی گئی مدد یا اعانت ۔

assistant, a. معاون ؛ مُمِد ؛ مدد گار ؛ دست گیر ؛ کسی دفتر یا کام میں کسی اعلیٰ منصب دار کے ساتھ وابستہ مددگار ۔ (اسم) معاون ؛ مددگار ؛ مُمِد ؛ کسی دفتر یا کام میں کسی بلند منصب دار کی اعانت کرنے والا ۔

assize, n. (عموماً بحالتِ جمع) انگلستان میں کاؤنٹی عدالت کے میقاتی اجلاس جن کے ذریعے جیوری کے پاس

موجود بعض اور مقدمات کو نبٹایا جاتا ہے ؛ کوئی آرڈیننس ؛ کوئی عدالتی فرمان یا ڈگری ؛ کوئی جانچ یا تخمینہ ؛ پہلے اس سے وہ آرڈیننس مراد تھا جو ناپ تول اور اشیا کی قیمتوں کو مقرر کرتا تھا ؛ سرکاری نرخ ؛ قانونی قیمت (اسی لیے سائز کا لفظ اس کا حصہ ہے) ۔

assmill, n. خراس ۔

associable, a. قابلِ شرکت ؛ قابلِ الحاق ؛ تلازم پذیر ؛ شریک کیے جانے ، جوڑے جانے یا ملائے جانے کے قابل ؛ قابلِ معاشرت ۔

associate, v.t. شریک کرنا ؛ حصہ دار یا ساتھی وغیرہ بنا لینا ؛ (چیزوں کو باہم) ملانا یا یک جان کرنا ؛ ملانا یا ملا دینا ؛ یکجا کرنا ؛ متحد کردینا ؛ متلازم کرنا ؛ رفیق بنانا ؛ مربوط کرنا ۔ (فعل لازم) جماعت کی صورت متحد ہونا ؛ کسی اتحاد یا انجمن کا رکن بننا ؛ متلازم ہونا ؛ مراسم رکھنا ؛ ایکا کرنا ؛ شریک ہونا ؛ رفیق بننا ؛ مربوط ہونا ۔

associate, a. شریک ؛ مستلزم ؛ رفیق ؛ ساتھی ؛ دلچسپی، مقصد یا عہدہ وغیرہ میں شریک ؛ شریک کار ؛ کسی شخص یا اشخاص کا شریک کار ؛ کم رتبہ یا کم مراعات کا حامل (جیسے: شریک پروفیسر An associate professor) ۔

associate, n. ساتھی ؛ سنگتی ؛ رفیق ؛ حصہ دار ؛ ہم صحبت ؛ جلیس ؛ وفاق کا رکن ؛ شریک کار ؛ شریک جُرم ؛ اتحادی ؛ ہم نشین ۔

association, n. شرکت ؛ تلازم ؛ رفاقت ؛ ساتھی بن جانے کا عمل یا شراکت دار ہو جانے کی صورت ؛ تعلق ؛ اتحاد ؛ یونین یا ایسی سوسائٹی جس کے ارکان باہمی مفادات یا مشترکہ مقصد کے لیے متحد ہوں ؛ جماعت ؛ اتحاد ؛ انجمن ؛ ادارہ ؛ مجلس ؛ ربط ؛ میل جول ۔ (فلسفہ) تلازمِ خیال ؛ وہ رجحان جس کے ذریعے ایک خیال یا احساس ایک اور خیال یا احساس کی یاد دلاتا ہے ۔ (ماحولیات) پیوستگی ؛ عضویات کی گروہ بندی جو یکساں حالات کے تحت اکٹھے رہ رہے ہوں اور یکساں امتیازی پہلو رکھتے ہوں ؛ ائتلاف ۔

associational, a. شرکتی ؛ اتحادی ؛ متلازم ؛ ائتلافی ؛ محولہ بالا معنی میں بطور اسم صفت ۔

association football, n. دیکھیے : soccer ۔

associative, a. تلازمی ؛ ائتلافی ؛ ارتباط اور تلازم کی صلاحیت لیے ہوئے ؛ اتحاد اور شرکت کا رجحان لیے ہوئے ؛ اشتراک کی جانب لے جانے والا ۔ (ریاضی ، منطق) ترتیب میں تبدیلی لائے بغیر اجزا کی دوبارہ گروہ بندی پر بھی برابری کو قائم رکھے ہوئے جیسے $(a+b)+c = a+(b+c)$ ؛ ائتلافی ؛ اس خصوصیت کا حوالہ دیتے ہوئے (جیسے associative law) ۔

assonance, n. صوتی مشابہت ؛ ہم صوتی ؛ تجنیسِ صوتی ؛ ہم آہنگی ۔ (عروض) قافیہ بندی کی ایک نامکمل قسم جس میں صوت علّت کا خیال رکھا جاتا ہے جب کہ قافیوں کے حروفِ صحیح مختلف ہوتے ہیں ۔

assonant, a. ہم صوت ؛ یک صوت ؛ صوتی مشابہت رکھنے والا عروض ؛ وہ شعر جس میں صرف حروف علّت کی ہم آہنگی ہو ۔

as soon as, conj. جیسے ہی ؛ جوں ہی ؛ وقت کے فوراً بعد ؛ جب ہی ؛ جتنی جلد ممکن ہو ؛ اسی وقت ۔

assort, v.t. درجہ بندی کرنا ؛ قِسم بندی کرنا ؛ الگ الگ کرنا ؛ چھانٹنا ؛ الگ الگ کر کے انواع ، درجوں یا اقسام میں تفریق کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ قسم قسم کا موزوں سامان فراہم کرنا (جیسے to assort a cargo) ؛ موافق و موزوں بنانا ؛ صنف بندی کرنا ۔ (فعل لازم) موافق ہونا ؛ باہم موزوں ہونا ؛ باہم راس ہونا ؛ شریک بننا ؛ رفاقت دینا ؛ ہم مجلس ہونا ؛ ساتھ دینا ؛ صنف بند ہونا ۔

assortative, a. قِسم بند ؛ صِنف بند ؛ درجہ بند ۔

assorter, n. درجہ بند ؛ قسم بند ؛ قسم بندی کرنے والا ؛ چھانٹیا (وغیرہ) ۔

assorted, a. قسم بند ؛ صنف بند ؛ مرکّبہ ؛ مختلف منتخبہ نمونوں اور قسموں وغیرہ سے بنا ہوا (جیسے assorted chocolates) ؛ موزوں یا مناسب (جیسے acuriously assorted couple) ۔

assortment, n. قسم بندی ؛ صنف بندی ؛ ترتیب ؛ درجہ بندی ؛ چھانٹنے کا عمل ؛ چھانٹی گئی چیزوں کا مجموعہ ؛ قسم قسم کا مجموعہ ؛ تشکیلہ ۔

assuage, v.t. دلاسا دینا ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ ہلکا کرنا ؛ شدت کم کرنا ؛ افاقہ دینا ؛ درد یا تکلیف میں کمی لانا یا اسے گوارا بنانا ؛ اعتدال پر لانا ؛ جذبات یا ہیجان کو ٹھنڈا کرنا یا دھیما کرنا ؛ تسلی دینا ؛ تشفی دینا ؛ تسکین دینا ۔

assuagement, n. دلاسا ؛ تسلی ؛ تسکین ؛ کمی ۔

assuasive, a. تسکین بخش ؛ افاقہ آور ۔ (اسم) سکون بخش دوائی ؛ مسکن ۔

assume, v.t. اپنے اوپر لینا ؛ اختیار کرنا ؛ قبول کرنا ؛ فرض کر لینا ؛ تسلیم کر لینا ؛ ذمّہ لینا ؛ تسلیم کرنا ؛ اختیار کر لینا ؛ اخذ کرنا ؛ روپ دھار لینا ؛ روپ بھرنا ؛ تصرف میں لانا ؛ مختص کرنا ؛ استعمال کرنا ؛ قبضہ کر لینا ؛ قابض ہو جانا ؛ نہ ہونے پر ہونا بتانا ؛ حقیقت سمجھ کر فرض کر لینا ؛ قبضہ ظاہر کرنا ؛ دھارن کرنا ؛ دعویٰ کرنا ؛ اکڑنا ؛ دکھلاوا کرنا ؛ ظاہر داری کرنا (جیسے to assume a wise air) ۔ (قانون) اپنے ذمے لینا یا عہد کرنا ؛ وعدہ کرنا ۔ (فعل لازم) متکبر ہونا ؛ شیخی بگھارنا ؛ اپنے حق سے زیادہ طلب کرنا ۔

assuming, a. شیخی بگھارتا ہوا ؛ مغرور ؛ متکبّر ؛ پُر نخوت ؛ شیخی خور ؛ تعلّی باز ؛ گستاخ ؛ خود پسند ؛ گھمنڈی ؛ اکڑباز ۔

assumpsit, n. (قانون) نالش برجانہ بربنائے عہد شکنی ؛ عام معاہدے یا غیر موثق عہد توڑنے کے باعث ہرجانے کی چارہ جوئی ؛ قابلِ مواخذہ عہد ۔

assumption, n. مفروضہ ؛ تعلّی ؛ شیخی ؛ قبضہ گیری ؛ خود بینی ؛ نخوت ؛ تکبّر ؛ فرض کردہ شے ؛ اوّلیہ ، قضیّہ یا قیاسِ فرضی جسے بعد کے واقعات کے لیے فرض کر لیا گیا ہو ۔ (بڑے A کے ساتھ) وہ کلیسیائی تیوہار جو پندرہ اگست کو معصوم مریم کے جسد کو مرنے کے بعد معجزانہ طور سے آسمان پر اٹھائے جانے کی یاد میں منایا جاتا ہے ؛ عیدِ استقبالِ مریم ۔

assumptive, a. مفروضاتی ؛ فرض یا تسلیم کیے جانے کے قابل ؛ فرض کیا گیا ؛ یقینی سمجھا گیا ؛ گستاخ ؛ تعلّی باز ؛ متکبر ۔

assurance, n. یقین دہانی ؛ ضمانت ، حلف ؛
ذمہ داری ؛ کامل یقین دلانے والا عہد ؛ کامل ترغیب یا اُکساوا ؛
توقعات ؛ پُختہ یقین ؛ پوری امید ؛ غیر متزلزل استقلال ؛ شوخی ؛ بے
ادبی ؛ بے حیائی ؛ بے خوفی ؛ دیدہ دلیری ؛ قابل تعریف اعتماد ؛ خود
اعتمادی ؛ ہمّت ؛ حوصلہ ؛ پختگی ؛ استقلال ۔ (برطانوی) بیمہ ۔

assure, v.t. کسی کو یقین دلانا یا باور کرانا ؛
قائل کرنا ؛ صدق دل سے یا حلفیہ اعلان کرنا یا توثیق کرنا ؛ تصدیق
کرنا ؛ اطمینان دلانا ؛ امید دلانا ؛ یقین دلانا ؛ بیمہ کرنا ۔ (عہد نامہ
جدید) ہمت بڑھانا اور پُراعتماد بنانا ۔

assured, a. یقینی ؛ پُروثوق ؛ گارنٹی شدہ ؛
شک و شبہ سے بالا تر؛ غیر مشکوک ؛ حد سے زیادہ جری ؛ پُر اعتماد ؛
بیمہ شدہ : جس نے زندگی یا سامان کا بیمہ کرا لیا ہو (ان معنوں میں
اکثر اسم کے طور پر آتا ہے) ۔

assuredly, adv. بالیقین ؛ یقین کے ساتھ ؛ یقیناً ؛ بلاشبہ ۔

assuredness, n. تیقّن ؛ اعتماد کامل ؛
پُر یقین ہونے یا یقینی ہونے کی حالت ۔

assured, n. بیمہ شدہ فریق ؛ وہ فریق
جس کے حق میں بیمہ پالیسی موجود ہے ۔

assurer, n. بیمہ کار؛ بیمہ کرنے والا ؛ یقین دلانے والا ؛
خصوصاً بیمہ کے کاغذات مکمل کرنے والا ؛ وثیقہ نویس بیمہ ۔

assurgent, a. بالا خیز؛ ابھرتا ہوا ؛
اوپر کو اٹھتا ہوا ؛ مائل بہ فراز ۔

Assyrian, a. آشوری ؛ (قدیم ایشیائی علاقے)
آشوریہ ، ان کے باشندوں اور ان کی زبان سے متعلق ۔ (اسم) آشوریہ
کا باشندہ ؛ آشوری زبان ۔

Assyriology, n. آشوریات ؛ آشوریہ کے باقیات کا مطالعہ یا علم ۔

Assyriologist, n. ماہرِ آشوریات ۔

astatic, a. غیر جامد ؛ متحرک ؛ غیر مستحکم ؛
نا استوار؛ کسی ایک حالت میں رہنے کے رجحان سے عاری جیسے
مقناطیسی سوئی جس کی رخ نمائی کی طاقت کو جامد یا بے اثر کر دیا
گیا ہو۔ (طبیعیات) قطبیت سے محروم یا خالی ؛ اچل ۔

astatically, adv. نا استواری کے ساتھ (وغیرہ) ۔

astaticism, n. نا استواریت ۔

astatine, n. (کیمیا) ایسٹیٹین ؛
ایک غیر مستحکم عنصر جس کا تعلق ہیلوجن خاندان سے ہے جو بسمتھ
پر الفا ذرات کی بوچھاڑ سے پیدا ہوتا ہے ۔

aster, n. گُل مینا ؛ گُل نجمہ ؛ اَیسٹر ؛
تارا پھول ؛ مرکب پودوں کی ایک بڑی جنس جس کے کرن دار نلکی
کی شکل کے یا صرف نلکی نما پھول ہوتے ہیں جن کی شکل ستاروں
سے ملتی جلتی ہے ۔

asteria, n. سنگ ستارہ ؛ نیلماں کی طرح کا ایک
قیمتی پتھر کہ جسے کبوشنی وضع (بے پہلو) سے تراشا جائے تو وہ ستارے
کی طرح چمک اٹھتا ہے دیکھیے : asterism ۔

asteriated, a. نیلماں کی طرح ؛ سنگ ستارے
کی سی چمک لیے ہوئے ؛ ستارہ گوں ۔

asterisk, n. نجمہ ؛ ستارہ ؛ ستارے سے
ملتی جلتی ایک شکل جسے لکھائی اور چھپائی میں کسی حوالے ،
اشارے یا خالی جگہ کو پُر کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

asterisk, v.t. ستارہ کا نشان ڈالنا ؛ ستارہ ڈالنا ؛ نجمہ یا ستارہ بنانا ۔

asterism, n. عقد النجوم ؛ نچھتّر ؛
ستاروں کا ایک گروہ ؛ کسی تحریر کے شروع میں تین ستاروں کا
نشان جو متوجہ کرنے کے لیے لگایا جاتا ہے ؛ بعض قلمائی معدنوں کی
خاصیت کہ وہ روشنی گزرنے یا منعکس ہونے پر ستارہ نما چمک دیتے
ہیں جیسے نیلم ؛ نجمیّت۔

astern, adv. جہاز کے دنبالے پر یا میں
یا کی طرف ؛ جہاز کے عقب میں ؛ پیچھے کی جانب ؛ دنبالۂ جہاز آگے
کیے ہوئے۔

asternal, a. (تشریح الاعضا) بے قَص ؛ سینے کی
ہڈی سے ناوابستہ ؛ قص یا سٹرنم کے بغیر ؛ جو قص دار نہ ہو۔

asteroid, n. سیّارچہ ؛ ان چھوٹے سیّاروں
میں سے کوئی ایک جو سورج کے ارد گرد خصوصاً مریخ اور مشتری
کے مداروں کے درمیان گھومتے ہیں ، ان کا صحیح نام سیّارہ نما یا
سیّارچہ (planetoids) ہے ؛ ستارہ مچھلی ؛ نجمیہ۔

asteroid, asteroidal, a. ستارہ نما؛ ستارے سے مشابہ؛
سیّارچوں سے متعلق ؛ ستارہ مچھلی سے متعلق ۔

asthenia, n. نقاہت؛ ناتوانی ؛ ضُعف ؛ کمزوری ۔

asthenic, a. ضعیف ؛ ناتواں ؛ کمزور ؛
دبلا پتلا ؛ دھان پان ۔

asthma, n. دمہ ؛ ضیق النفس ؛
ایک مُزمِن تشنجی روگ جس میں سانس لینے میں دشواری یا تکلیف
ہوتی ہے ۔

asthmatic, a. دمہ زدہ ؛ ضیق النفسی ؛
دمہ سے متعلق ۔ (اسم) دمے کا مریض ؛ ضیق النفس کا مریض ؛
مریض دمہ ۔

as though, conj. جیسا کہ ؛ جیسے ؛ گویا کہ ؛
یوں کہیئے کہ ؛ جانو ؛ مانو ۔

astigmatic, a. لاماسکی ؛ مبہم ۔

astigmatically, adv. لاماسکی طور پر؛ مبہم انداز سے ۔

astigmatism, n. آنکھ یا عدسے کا نقص ، جس میں
باہر سے آنے والی شعاعیں ماسکہ (فوکس) پر مرکوز نہیں ہو پاتیں اور
یوں بصارت یا عکس ادھورا رہ جاتا ہے ؛ شعاعی بے ارتکازی ؛
لاماسکیت ۔

astir, adv.,a. متحرک ؛ ہلتا ہوا ؛ کلبلاتا ہوا ؛ حرکت میں ۔

as to, prep. کے متعلق ؛ بحوالہ ؛ کے مطابق ۔

astomatal, a. (نباتیات) بے مونہا ؛ بے دہن ؛ بے فم ۔

astomatous, a. (حیاتیات) بے دہن ؛ غیر فَمی ؛ مُنہ نہ رکھنے والا ۔

astonish, v.t. حیران کرنا ؛ ششدر کرنا ؛ متعجب کرنا ؛
حیرت میں ڈال دینا ؛ متحیر کر دینا ؛ حیرت ، اچنبھے یا تعجب سے متاثر
کرنا ؛ ہکا بکا رہ جانا ؛ حیرت زدہ کر دینا ۔

astonishing, a. حیرت انگیز ؛ تعجب خیز؛
حیران کن ؛ اچنبھے میں ڈال دینے والا ؛ عجیب۔

astonishment, n. تحیّر ؛ حیرت ؛ اچنبھا ؛ تعجّب

حیرانی ؛ حیرت زدہ ہونے کی حالت یا اس کا احساس ؛ اچرج ؛ کمال کی حیرت زدگی ؛ کمالِ تعجب ۔ (عہد نامہ عتیق) حیرت کا سبب یا معاملہ ؛ تحیر زا ؛ تحیّر خیز ؛ تعجّب خیز ۔

astound, v.t. ششدر کر دینا ؛ ہکّا بکّا کر دینا ؛ حیرت زدہ کر دینا ؛ بھونچکا کر دینا ؛ دم بخود کر دینا ؛ دنگ کر دینا ؛ اچنبھے میں ڈال دینا ؛ متحیّر کر دینا ۔

astounding, a. حیرت انگیز ؛ حیران کر کے رکھ دینے والا ؛ تعجب خیز ۔

astraddle, adv. (زین کے آسن کی طرح) دونوں طرف ٹانگیں پھیلائے ہوئے ؛ چڑھی کے انداز میں ۔ (صفت) زین آسن ۔

astragal, n. (فن تعمیر) محدّب،کم چوڑا آرایشی حاشیہ جو اکثر مہرہ دار صورت میں ہوتا ہے ۔

astragalus, n. (تشریح الاعضا) عظم الکعب ؛ بڑے ریڑھ دار جانوروں کی وہ ہڈی جو کف پا کے اندر ہوتی ہے ؛ انسان کے ٹخنے کی ہڈی ۔

astrakhan, astrachan, n. [روسی علاقے استراخان کے نام پر] استراخان ؛ استراخان کے نوخیز برّوں (بھیڑ کے بچوں) کی گھنگریالی پوستین ؛ اس سے ملتا جلتا گھنگریالی کھردرا کپڑا ۔

astral, a. کوکبی ؛ نجمی ؛ ستاروں سے متعلق ؛ ستارہ دار ۔ (تھیوسوفی) نسمہ ؛ جسم مثالی ؛ نورانی پیکر ؛ ایسے فوق الحواس جوہر کا بنا ہوا نورانی جسمِ ثانی جو فضاؤں کو محیط ہے اور مرنے کے بعد بھی فرد کو باقی رکھتا ہے ۔

astrally, adv. کوکبی انداز میں ؛ نسمہ کے ساتھ ۔

astray, adv., a. گمراہ ؛ بہکا ہوا ؛ سیدھی راہ یا صحیح مقام سے ہٹا ہوا ؛ صراطِ مستقیم سے دور ؛ بھٹکا ہوا ؛ گم گشتہ ؛ گم شدہ ؛ آوارہ ۔

astride, adv., prep. زین پر بیٹھنے کے انداز میں ؛ زین آسن ؛ ٹانگیں چیرے ؛ دونوں ٹانگوں کو چیرے ہوئے ؛ گھوڑ آسن ؛ دونوں جانب ایک ایک ٹانگ کر کے سوار (گھوڑے کے آسن کی طرح) ؛ دونوں جانب ٹانگیں لٹکا کر یا آلتی پالتی مار کر بیٹھے ہوئے ۔

astringency, n. قبض ؛ حبس ؛ کساؤ ؛ قبض یا حبس کی خاصیت ۔

astringent, a. قابض (دوا)؛سخت مزاج ؛ سخت گیر ؛ درشت ؛ تند یا ترش مزاج ۔ (طب) قابض؛ حابس ؛ عاکد ؛ جریانِ خون کو روکنے والی ؛ خون روک ؛ بدن کے متعلقہ ریشوں اور نالیوں کو سکیڑتے ہوئے جریان خون یا اخراجی زیادتی کو روکنے والی ؛ خون بند ۔

astrigent, n. کوئی قابض و حابس شے جیسے پھٹکڑی ، کتّھا وغیرہ ۔

astrodome, n. کوکبی گنبد ؛ قبہ ستارہ بینی ؛ ہوائی جہاز یا خلائی جہاز کے پیٹ یا جسم میں ایک شفاف گنبد سا بنا ہوتا ہے ، جس کے ذریعے دورانِ پرواز میں سماوی مشاہدات کیے جاتے ہیں ؛ کھیل اور دوسری تفریحات کے لیے بنے ہوئے شفاف موسمیائی اکھاڑے کو بھی کہتے ہیں ؛ تفریحی گنبد ۔

astrodynamics, n. سماوی حرکیات ؛ خلائی گاڑیوں کی پرواز کی منصوبہ بندی اور رہنمائی میں پیش آنے والے مسائل کے لیے سماوی میکانیات ، سماوی قذفیات (Astroballistics) ؛ نظریۂ دھکیل وغیرہ کا عملی اطلاق ۔

astro gate, v.t. (طیرانیات) فلک پیمائی کرنا ؛ سیّاروں کے مابین خلا میں ستارہ پیمائی کے ذریعے فضا ناپنا ۔

astrogation, n. فلک پیمائی ۔

astrogator, n. فلک پیما ۔

astrolabe, n. اصطرلاب ؛ ایک آلہ جسے کبھی سورج اور ستاروں کا سمندر سے ارتفاع معلوم کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا اور اب اس کی جگہ رُبع اور سدُس آلات نے لے لی ہے ؛ سماوی ارتفاع کو ٹھیک ٹھیک پیمایش کرنے والا آلہ جیسا کہ مساحتی کاموں میں استعمال ہوتا ہے ۔

astrologer, n. مُنجّم ؛ جوتشی ؛ نجومی ؛ اخترشناس ؛ علمِ نجوم سے کام لینے والا ۔

astrologic, astrological, a. نجوم یا جوتش کا ۔

astrology, n. علم نجوم؛ علم جوتش ؛ اختر شناسی ؛ ایک نظام جس کا تعلق انسانی معاملات پر سماوی اجسام کے فرضی اثرات سے ہے ۔

astrometry, n. نجوم پیمائی ؛ فلکیات کی وہ شاخ جس کا تعلق اجرام سماوی کے جیومیٹری پر مبنی رشتوں اور ان کی ظاہری اور حقیقی حرکات سے ہے ۔

astronaut, n. خلانورد ؛ خلائی گاڑی میں سوار ہونے والا ؛ سیاروں کے مابین خلا میں سفر کرنے والا ؛ خاص کر ان آزمایشی ہوابازوں میں سے ایک جو امریکا میں اس خلائی پرواز کے پروگرام میں حصہ لینے کے لیے منتخب کیا گیا تھا جس میں انسان کو خلا میں بھیجا گیا ۔

astronautics, n. خلائیات ؛ علمِ خلانوردی ؛ خلائی جہاز کو چلانے کا عمل ، مہارت اور فن ؛ خلائی پرواز کی سائنس ؛ علم خلائی جہاز رانی ۔

astronautical, a. خلائیاتی ۔

astronavigation, n. سماوی جہاز رانی ؛ اجرام سماوی کے مشاہدے کی مدد سے خلائی جہاز کے اندر بیٹھ کر جہاز کی رفتار اور سمت پر اپنا قابو رکھنا ، اسے فلکی جہاز رانی (celestial navigation) بھی کہتے ہیں ۔

astronomer, n. ماہرِ فلکیات ؛ علم ہیئت کا ماہر ؛ اجرام سماوی کا مشاہدہ کرنے والا ؛ ہیئت دان ۔

astronomic, astronomical, a. فلکیاتی ؛ ہیئتی ؛ ہیئت سے متعلق ؛ فلک شناسی کے متعلق ؛ حد درجہ فراخ ؛ بے حد وسیع ، حد سے زیادہ بڑا ؛ وسیع و عریض ۔

astronomically, adv. فلکیات یا علمِ ہیئت کے اصولوں کے مطابق ؛ فلکیاتی یا ہیئتی طور پر ۔

astronomical unit, n. فلکیاتی اکائی ؛ فلک شناسی کی ایک بنیادی پیمایش ؛ زمین اور سورج کا اوسط درمیانی فاصلہ جو ۱۴۹,۵۹۹,۰۰۰کلومیٹر ہے (تقریباً ۹۳,۰۰۰,۰۰۰میل) ۔

astronomy, n. فلکیات ؛ علمِ ہیئت الافلاک ؛ فلک شناسی ؛ علمِ ہیئت ؛ اختر شناسی ؛ اجرامِ فلکی کا علم ؛ وہ علم

جو اجرام سماوی کے مقام ، جسامت ، حرکات ، کیفیت اور ساخت سے متعلق ہے ۔

astrophotography, n. فلکی عکاسی ؛ سماوی فوٹوگرافی ؛ اجرام سماوی کی تصویر کشی (فلک شناسی کے مقاصد کے لیے) ؛ کوکبی عکاسی ۔

astro physicist, n. (طبیعیات) ماہر فلکی طبیعیات ؛ فلکی طبیعیات دان ۔

astrophysics, n. فلکی طبیعیات ؛ فلکیات کی ایک شاخ جس کا موضوع سماوی اجرام کی کیمیائی ترکیب اور طبعی خواص(مثلاً تنویر ، جسامت ، کمیت ، کثافت اور درجہ حرارت) ہیں ؛ ہیئتی طبیعیات ۔

astute, a. ہوشیار ؛ زیرک ؛ تیز فہم ؛ زود فہم؛ چالاک ؛ دانش مند؛ ذہین ؛ سیانا ؛ ذکی ؛ پُرفن ؛ عیّار ۔

astutely, adv. عیّاری سے ؛ سیانے پن سے ؛ درّاکی کے ساتھ ؛ تیز فہمی سے ؛ ہوشیاری سے؛ مکّاری (چالاکی) سے ۔

astuteness, n. ہوشیاری ؛ عیاری ؛ زیرکی ؛ درّاکی ؛ تیز فہم ہونے کی خاصیت؛ دانائی ؛ چالاکی ؛ سیانا پن ؛ ذکاوت؛ تیز فہمی ؛ ذہانت ؛ دانشمندی ۔

asunder, adv., a. الگ ؛ جدا ؛ الگ الگ ؛ ٹکڑے ٹکڑے ؛ پارہ پارہ ؛ الگ الگ صورت میں؛ علیحدہ علیحدہ ۔

as well as, prep. مزید برآں ؛ کے علاوہ ؛ نیز ؛ مع ؛ بھی ۔

as yet, adv. ابھی تک ؛ موجودہ وقت تک ؛ مقررہ وقت تک؛ تا حال ؛ تاوقتِ موعود ؛ ہنوز ؛ اب تک ۔

asylum, n. محتاج خانہ ؛ دارالامان ؛ ملجا ؛ ٹھکانا ؛ پناہ گاہ ؛ مامن ؛ پناہ ؛ سکون یا تحفظ کی جگہ ؛ جسمانی معذوروں یا ذہنی بیماروں کو قبول کرنے اور ان کی کفالت کرنے والا ادارہ ۔

asymmetry, n. عدم تشاکل ؛ عدم موزونیت ؛ بے آہنگی ؛ کسی کل کے اجزا میں تناسب اور آہنگ کی کمی ؛ بے تناسبی ؛ بے جوڑ پن ۔

asymmetric, asymmetrical, a. عدم تشاکلی ؛ غیر متشاکل ؛ بے آہنگ ؛ ناموزوں ؛ ناقابل تطبیق ؛ ناقابلِ مصالحت۔

symptómatic, a. بے علامتی ؛ کسی بیماری کی علامت سے پاک ۔

asymptote, n. (ریاضی) متقارب ؛ وہ خط جو کسی خم کے قریب سے قریب تر ہوتا جائے لیکن اس سے کبھی مل نہ سکے ۔

asymptotic, asymptotical, a. متقاربی ؛ متقارب کی خصوصیت لیے ہوئے ۔

asymptotically, adv. متقاربی انداز سے ۔

asynchronism, n. ناہم زمانی ؛ ناہم عصری ؛ ناہم دوری ؛ ہم عصری یا ہم وقتی کا فقدان ؛ عدم معاصرت۔

asynchronous, a. ناہم زمان؛ ناہم عصر ؛ بیک وقت ظاہر نہ ہونے والا ؛ ناہم وقت ؛ ناہم دور۔

asyndetic, asyndetical, a. نامعطوف ؛ بے عطفِ ؛ حروف عطف کے استعمال سے خالی۔

asyndeton, n. صنعتِ بے عطفی ؛ حروفِ عطف سے خالی انداز خطابت (جیسے I came, I saw, I conquered) ۔

at, prep. پر ، اوپر ، میں ، پر ؛ کے ؛ سے ؛ سمت ؛ طرف ؛ حالت میں ؛ اتفاق یا قرب کو ظاہر کرتے ہوئے ؛ زماناً (جیسے at first) مکاناً (جیسے at home, at church) ؛ بحوالہ مشغولیت یا حالت (جیسے at work, at prayer) ؛ بحوالہ درجہ یا کیفیت (جیسے at best, at the worst) ؛ بحوالہ نتیجہ (سبب سے ہم آہنگ) (جیسے at the sight) ؛ دو چیزوں میں موجود تعلق کے حوالے سے (جیسے at your command) ؛ قیمتاً (جیسے at a dollar ahead)؛ کسی سمت میں (جیسے fire at the target)۔

at large, کُھلے بندوں ؛ آزاد ؛ بے زنجیر ؛ ناپابند ؛ بے قید ؛ بحیثیتِ مجموعی (جیسے the country at large) ؛ علی العموم ؛ بلاتفریق ؛ علی الاطلاق ۔

Atabrine, n. (علم ادویہ) کوئینا کرین ؛ ملیریا میں دی جانے والی ایک دوا ۔

atacamite, n. [چلی کے صوبے ایٹا کاما کے نام پر] ایٹا کامائٹ ؛ ایک معدن ؛ تانبے کا اساسی کلورائڈ جو عام طور پر چھوٹی چھوٹی سبز منشوری قلموں کی صورت میں پایا جاتا ہے ۔

ataghan, n. دیکھیے:Yataghan ۔

at all, adv. بالکل ؛ مطلق ؛ ہر گز ؛ کچھ بھی ؛ ذرا بھی ؛ کسی بھی طور طریقے سے ؛ کم سے کم حد تک ؛ بہر حال (عموماً منفی معنی میں آتا ہے جیسے not at all well) ۔

ataman, n. (روسی) اتمان ؛ قزّاق قوم کا سردار۔

atamasco, n. سوسن سفید ؛ جنس نرگس کا ایک پودا جو ریاستہائے متحدہ کے جنوب مشرقی علاقے میں پایا جاتا ہے ، سوسن کی طرح اس پر ایک ہی سفید پھول کھلتا ہے ؛ نیز اس جنس کا کوئی پودا ، اسے atamasco lily کہتے ہیں ۔

ataractic, n., a. مُسکّن ؛ سکون بخش ؛ کوئی دوا جو اضطراب یا تناؤ کو دور کرتی ہے ؛ سکون آور۔

atavic, atavistic, a. راجع بہ اجداد ؛ راجع بسَلف ؛ قدیم اسلاف کا یا ان سے متعلق ۔

atavism, n. رجعت بہ اجداد ؛ مشابہت الاجداد ؛ اخلاف کی کسی جدّ سے مشابہت ؛ حیوانوں کی ہیئتِ اصلی کی جانب بازگشت یا واپسی ؛ رجعتِ جدّی ؛ برگشت ۔ (طب) کسی جدّی بیماری یا خصوصیت کا اعادہ ؛ پُرکھا روگ ؛ جدّی مرض ۔

ataxia, ataxy, n. اختلال ؛ فقدان ترتیب ؛ فقدانِ نظم ؛ بد نظمی ؛ بے نسقی ؛ گڑبڑ ؛ فساد ۔ (طب) برجلہ ؛ اختلال عضلات ؛ عضلات کے افعال میں بے قاعدگی یا مرض کے بحران اور دورے پڑنے کی حالت ۔

ataxic, a. بر جلی ؛ مُختل ؛ بے قاعدہ ؛ بدنظم ؛ بے قاعدگی جس کی خصوصیت ہو ؛ بے نسق ؛ مفسد ۔

atelectasis, n. (امراضیات) ریّہ ؛ عدم تمدّد ؛ پھیپھڑے کی جزوی طور پر ناکارہ ہو جانے کی حالت ؛ پھیپھڑے کی پوری طرح نہ پھیلنے کی حالت (خصوصاً ولادت کے وقت) ۔

atelier, n. نقاش خانہ ؛ ورکشاپ (بالخصوص مجسمہ سازوں اور مصوروں کے کام کرنے کا کمرہ) ؛ اطاق کار۔

atempo, a., adv. (موسیقی) بر تال ؛ اصل رفتار پر

ایک جٹ جو میکانیکی دباؤ گر (کمپریسر) استعمال نہیں کرتا بلکہ جہاز کی حرکت سے ہوا کو احتراق خانے میں لے جاتا ہے اور دھکا پیدا کرتا ہے۔

at-home, n.
گھر پر ؛ گھر میں ؛ خانہ باش ؛ مخصوص ساعتوں میں مہمانوں کا استقبال جس میں میزبانوں کے بارے میں بتا دیا جاتا ہے کہ وہ اس وقت گھر پر ہوں گے ؛ دعوت ؛ استقبالیہ ؛ کسی موضوع یا بات سے پوری طرح واقف یا باخبر۔

athrocyte, n.
(حیاتیات) ذخار خلیہ ؛ وہ خلیہ جس میں یہ صلاحیت ہوتی ہے کہ خارجی مواد کو نگل کر اپنے مایۂ حیات کے اندر دانے دار صورت میں ذخیرہ کر لے۔

athwart, prep.
آر پار ؛ ایک طرف سے دوسری طرف تک ۔ (جہازرانی) جہاز کے راستے کو آر پار یا آڑا کاٹتے ہوئے ؛ آڑا ؛ ترچھا ؛ آڑ میں۔

athwart, adv.
دوسرے کو پریشان کرنے یا گھبراہٹ میں ڈالنے کے انداز میں ؛ مخالفت کے انداز میں ؛ برعکس طور پر ؛ مخالفانہ ۔ (جہازرانی) کسی دوسرے جہاز کے راستے کو ترچھا یا آڑا کاٹنے کے انداز میں۔

atilt, a., adv.
متمائل ؛ جھکاؤ پر ؛ جھکا ہوا ؛ نیزہ بازی میں نیزے کے ساتھ جھکا ہوا ؛ نیزہ تانے ہوئے ؛ تُلے ہوئے۔

Atlantean, a.
اطلانتہ سے متعلق ؛ بحر اوقیانوس میں گم شدہ جزیرے سے متعلق ؛ اطلانتہ یا طیطان اطلس سے متعلق۔

atlantes , n.
مرد پیکر (ستون) ؛ باردوشہ (اطلس (atlas) کی حالتِ جمع) ۔ سنگ تراشیدہ (پوری یا نصف) انسانی شکلیں جن کو ستونوں یا مستطیل عمودوں کی جگہ عمارتوں میں سہارے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا اور یوں لگتا تھا جیسے یہ انسانی پیکر سارا بوجھ خود اٹھائے ہوئے ہیں۔

Atlantic, n.
بحراوقیانوس۔

Atlantic, a.
اطلسی ؛ باردوشی ؛ مرد پیکر ؛ (دیوتا یعنی اطلس) سے متعلق یا اس کی نسل میں سے ؛ اوقیانوسی ؛ بحرِ ظلمات کا ؛ سمندر کے اس حصے سے متعلق جو مشرق میں یورپ اور افریقہ اور مغرب میں امریکا کے درمیان واقع ہے ؛ کوہستانِ اطلس سے متعلق۔

Atlantis, n.
اطلانتہ ؛ بحراوقیانوس میں ایک افسانوی جزیرہ : اس کا ذکر سب سے پہلے افلاطون نے کیا تھا ، ۱۹۶۷ء میں آثار شناسوں کا کہنا تھا کہ اصلی اطلانتہ ممکن ہے یونان کے ساحل سے ہٹا ہوا کوئی جزیرہ ہو۔

Atlas, n.
باردوش ؛ اطلس ؛ سورج دیوتا ؛ طیطانوں میں سے ایک جو حکایت کے مطابق زمین کو اپنے کندھوں پر اٹھائے ہوئے تھا ؛ لہٰذا بوجھ تلے دبے ہوئے شخص کو بھی کہا جاتا ہے۔ (چھوٹے a کے ساتھ) (تشریح الاعضا) حامل الراس ؛ گردن کا پہلا مہرہ (جسے سر کو سنبھالے رکھنے کے باعث اس نام سے موسوم کیا گیا) ؛ گردن مُہرہ ؛ گردن منکہ ؛ فہقہ۔

atlas, n.
اطلس ؛ اٹلس ؛ زمین کے نقشوں کا ایک جِلدی مجموعہ ؛ کسی بھی موضوع کے متعلق تشریحی یا توضیحی خاکوں یا جدولوں کی کتاب ؛ ستونی مرد پیکروں میں سے کوئی ایک۔

آ جانے کی ہدایت ؛ بروقت۔

Athapascan, Athapaskan, Athabascan, Athabaskan, a.
اتھا پاسکی ؛ ان شمالی امریکی انڈین کے لسانی گروہوں سے متعلق جو ایلاسکا سے خلیج ہڈسن تک اور جنوب میں میکسیکو تک پھیلے ہوئے ہیں اور جن میں اپاچے ، نواجو اور دیگر قبائل شامل ہیں۔

atheism, n.
الحاد ؛ کُفر ؛ دہریت ؛ خدا یا کسی ہستئ برتر کی موجودگی سے انکار۔

atheist, n.
مُلحد ؛ کافر ؛ دہریہ ؛ الحاد پرست ؛ منکرِ خدا ؛ ناستک۔

atheistic, atheistical, a.
ملحدانہ ؛ الحادی ؛ کافرانہ ؛ خدا کی موجودگی کا انکار کرتا ہوا۔

atheling, n.
[اینگلو سیکسن دور میں] شہزادہ ؛ شاہی خاندان کا ایک فرد ؛ شریف و معزّز آدمی۔

athenaeum, atheneum, n.
[دیوتائے دانش ایتھینی کی نسبت سے] بزم دانش ؛ علمی یا ادبی مجلس ؛ ادب و فن کو فروغ دینے کا ادارہ جہاں کتابیں اور رسالے وغیرہ ممبروں کے پڑھنے کے لیے رکھے جاتے ہیں ؛ دارالمطالعہ ؛ ایتھینیم۔

Athenian, a.
ایتھینی ؛ یونان کے شہر ایتھنز کے متعلق ۔ (اسم) ایتھنز کا باشندہ ؛ ایتھینی شہری۔

atheroma, n.
(امراضیات) چربی دار گلٹی ؛ ایک ایسی حالت جس میں شریان کی اندرونی دیواروں میں چربی جمع ہونے لگتی ہے جس سے اکثر تصلّبِ شریان پیدا ہو جاتا ہے ؛ سوزش شرائین ؛ نرم گرہ دار سلعہ۔

athero sclerosis, n.
(امراضیات) صلابت شریان ؛ تصلب شریان ؛ ایک مرض جس میں شریان چرب اندوزی کے باعث خطرناک حد تک سُکڑ جاتی ہے ؛ اس مرض کی تین قسموں میں سے ایک۔

athetosis, n.
(امراضیات) رعشہ اصابع ؛ کنع ؛ ایک کیفیت (بیماری) جس میں ہاتھ پاؤں آہستہ آہستہ بے اختیاری اور بے قاعدگی کے ساتھ حرکت کرتے رہتے ہیں (زیادہ تر بچوں میں)۔

athirst, a.
تشنہ ؛ پیاسا ؛ مشروب طلب ؛ سخت اشتہا یا خواہش لیے ہوئے (اس کے بعد for آتا ہے) ؛ مشتاق ؛ آرزو مند ؛ خواہاں ؛ شائق ؛ تشنہ کام۔

athlete, n.
کسرتی ؛ پُھرتی اور توانائی کے کھیلوں یا مشقوں میں تربیت یافتہ ؛ ورزش کار ؛ پہلوان ؛ ورزشی ؛ قوی ہیکل ؛ اتھلیٹ۔

athlete's foot, n.
(امراضیات) پیروں کا داد (بیماری) ؛ ایک متعدی بیماری جو مرطوب علاقوں میں ایک قسم کی پھپھوندی سے پیدا ہو جاتی ہے۔

athletic, a.
ورزشی ؛ کسرتی ؛ ورزش کار یا ایسی کسرتوں سے متعلق جن کی ورزش کی جاتی ہے ؛ قوی ؛ توانا ؛ مضبوط ؛ چست ؛ تنو مند ؛ پھرتیلا ؛ مستعد۔

athletics, n.
کسرتی کھیلیں ؛ ورزشی مشقیں ؛ کھیل (جیسے ٹینس ، کشتی رانی ، مُکہ بازی وغیرہ) ؛ اتھلیٹکس۔

athletically, adv.
ورزشی طور پر ؛ کسرتیوں کی طرح ورزش کاری کے انداز سے۔

athodyd, n.
(طیرانیات) ہوائی حرحرکیاتی نلکی ؛

Atlas, n.
اٹلس ؛ ایک دور مار بیلسٹک میزائل
جو ریاستہائے متحدہ امریکا کی فضائیہ کے لیے بنایا گیا تھا ۔

atmolysis, n.
بھاپ پاشی ؛ مخلوط گیسوں کی
کسی مسام دار مادے میں سے جزوی نفوذ کے ذریعے علیحدگی ؛ بخار پاشی ۔

atmometer, n.
تبخیر پیما ؛ عملِ تبخیر کو ناپنے کا آلہ ۔

atmometory, n.
تبخیر پیمائی ۔

atmosphere, n.
کرّۂ ہوا ؛ خلائے بسیط ؛ فضا ؛
ماحول ؛ کسی سیّارے یا دوسرے جرم فلکی کو محیط کیے ہوئے ہوائی سیّال کی مکمل کمیّت ؛ اس قسم کا کوئی اور گیسی غلاف یا وسیلہ، خصوصاً وہ جو کسی جرم سماوی کے گرد ہو؛ کرہ ہوائی کے ایک مربع انچ عمود کے دباؤ کی مقدار (جو ۱۴٫۶۹ پونڈ ہوتی ہے) ؛ ہوا کا دباؤ۔ (مجازاً) فضا یا ماحول (جیسے to live in an atmosphere of doubt) ۔

atmospheric, a.
فضائی ؛ کرہ ہوائی سے متعلق ؛
اس میں موجود یا اس پر مشتمل ؛ غبار آلود یا مکدر ؛ فضائی حالت کی وجہ سے دھندلا ؛ ہوائی ؛ ماحول ساز ؛ کیفیت انگیز (جیسے atmospheric music) ۔

atmospheric pressure, n.
ہوائی دباؤ ؛ فضائی دباؤ ؛
کرۂ ہوائی کا دباؤ ؛ کرہ فضائی میں کسی مقام پر دباؤ جو متعلقہ مقام کے اوپر فضائی گیس کے وزن کی وجہ سے ہوتا ہے ۔

atmospherics, n.
فضائی گڑبڑ ؛ ہوائی اضطرابات ؛
ریڈیائی نشریات میں مداخلت جو برمقناطیسی اشعاع کے باعث اصلاً طوفانِ برق و باد میں بذریعہ اخراجِ برق اور اس کی بے قاعدہ موجوں سے پیدا ہوتا ہے ۔

atoll, n.
اڈّل ؛ مرجانی چٹان ؛ جزیرہ مرجانی ؛ مرجانیہ ؛
حلقۂ مرجانی ؛ مونگے کا جزیرہ جو مونگوں کے حلقے یا پٹی پر مشتمل ہوتا ہے اور کسی جھیل یا کھاڑی کو گھیرے ہوتا ہے ، بحرالکاہل میں ایسے بہت سے جزیرے ہیں (مالدیپ کے جزائر میں سے ایک کا نام اڈّل ہے) ۔

atom, n.
ایٹم ؛ ذرہ ؛ جوہر ؛
چھوٹا ناقابل تقسیم ذرہ ؛ جزو۔ (کیمیا ، طبیعیات) ایٹم ؛ کسی عنصر کا وہ چھوٹے سے چھوٹا ذرہ جو کیمیائی ترکیب پا سکے : یہ ذیلی جوہری ذرات (پروٹون ، نیوٹرون اور الیکٹرون) پر مشتمل ہوتا ہے اور ان کی تعداد و ترتیب ہی کسی عنصر کا وصفِ امتیاز ہوتی ہے ؛ ان ذرات کا گروہ جن سے کسی اصلیہ (radical) کی چھوٹی سے چھوٹی مقدار وجود پذیر ہوتی ہے (جیسے Carboxylatom) ؛ ایٹم بم کے مرکزے کا کام دینے والا ایٹم چنانچہ ایٹمی طاقت، خصوصاً تعمیری اور تخریبی طاقت ؛ دقیق مقدار ۔

atomic, a.
ایٹمی ؛ جوہری ؛ ذرّاتی ؛
جزوی ؛ معمولی ؛ ایٹموں سے متعلق ؛ ایٹموں پر مشتمل ؛ انتہائی چھوٹا ؛ ایٹمی توانائی سے قوت پانے یا اس سے کام لینے والا ۔ (کیمیا) آزاد ایٹموں کی صورت میں موجود ۔

atomical, a.
ایٹمیاتی ؛ جوہراتی ؛ ذرّاتی ۔

atomist, n.
ایٹمی فلسفے یا نظریے کا مُعتقد ؛
جوہریت پسند ؛ معتقدِ جوہریت ؛ جوہری نظریے کا قائل ۔

atomic bomb, n.
ایٹم بم ؛ جوہری بم ؛
ایک بم جس کے پھٹنے کی طاقت یورینیم یا پلوٹونیم کے ایٹمی مرکزوں پر نیوٹران کی بارش سے ایٹمی توانائی نکلنے پر مبنی ہوتی ہے ۔

atom bomb, v.t.
ایٹم بم گرانا ۔

atomic clock, n.
ایٹمی گھڑی ؛ ایٹمی کلاک ؛
جوہری کلاک ؛ بڑی ہی پابند وقت برقی گھڑی جو بعض مادوں کے ایٹموں یا سالموں کی صوتی تھرتھراہٹ کے تعدّد سے چلتی ہے ۔

atomic cock tail, n.
(عوامی) ایٹمی مشروب ؛
کسی مائع میں تاب کار ہم جائیوں (آئیسوٹوپوں) کا محلول جو سرطان کے علاج کے لیے پلایا جاتا ہے ۔

atomic energy, n.
ایٹمی توانائی ؛ جوہری توانائی ؛
وہ توانائی جو کسی ایٹمی مرکز کے اندر ایسے تغیرات سے حاصل ہوتی ہے جو ایک بھاری مرکزے کے انشقاق یا ہلکے مرکزے کے بھاری مرکزے سے ملاپ کے ذریعے رونما ہوتے ہیں ۔

atomicity, n.
(کیمیا) ایٹم پن ؛ جوہریت ؛
کسی گیس کے سالمے میں برقیوں (الیکٹرونوں) کی تعداد ؛ کسی عنصر کے سالمے میں موجود ایٹم ؛ الکحل یا الکلی میں ہائیڈروکسل گروہ ؛ کسی تیزاب میں کاربکسل یا دوسرے گروہ ؛ کسی مادے کی گرفت یا ملاپ کی صلاحیت ۔ (فلسفہ) ایٹمی ہونے کی خاصیّت یا کیفیت ؛ جوہر پن ۔

atomic mass, n.
(کیمیا) ایٹمی کمیّت ؛ کسی بھی قسم
کے ایٹم کی کمیّت : اسے عموماً ایٹمی کمیّتی اکائیوں میں ظاہر کیا جاتا ہے ؛ جوہری کمیّت ۔

atomic mass unit, n.
(طبیعیات) ایٹمی کمیّتی اکائی ؛ کمیّت
کی اکائی جس سے ایٹمی اور ذیلی ایٹمی ذرات کی کمیّت ظاہر کرتے ہیں : یہ ایک کاربنی ایٹم (آئیسوٹوپ ۱۲) کی کمیت کا بارھواں حصہ ہے ۔ مخفف .amu ۔

atomic number, n.
ایٹمی نمبر ؛ جوہری عدد ؛
وہ عددِ کامل جو ایٹمی مرکزے کے مثبت بار اور برقیاتی بار کے حاصلِ ضرب کو ظاہر کرتا ہے ؛ ایٹمی معتدل مرکزے کے باہر برقیوں کی تعداد اور مرکزے کے اندر پروٹون کی تعداد ۔ مخفف .at.no علامت Z ۔

atomic philosophy, n.
ایٹمی فلسفہ ؛ فلسفۂ جوہریت ؛
فلسفے کا وہ مسلک جس کے مطابق جواہر اپنے خواص کی بنا پر اور کسی خالق کی وساطت کے بغیر تمام اشیا کو وجود میں لائے ۔

atomic physics, n.
ایٹمی طبیعیات ؛ جوہری طبیعیات ؛
جوہر کی ساخت اور اس کے اجزائے ترکیبی کا علم ۔

atomic pile, n.
(طبیعیات) ایٹمی تودہ ؛ جوہری تودہ ؛
ایٹمی ری ایکٹر ۔

atomics, n.
(بصورت واحد مستعمل)
ایٹمیات ؛ جوہریات ؛ طبیعیات کی وہ شاخ جس کا موضوع ایٹم اور اس سے حاصل ہونے والی توانائی ہے ۔

atomic theory, n.
ایٹمی نظریّہ ؛ جوہری نظریہ ؛
یہ نظریّہ کہ تمام مادہ ایٹموں پر مشتمل ہے ؛ یہ نظریہ کہ تمام کیمیائی ملاپ ایک مخصوص انداز میں ذرّاتِ حقیقی یا جواہر اجسام یعنی ایٹموں سے وقوع پذیر ہوتے ہیں ؛ ایٹم کی ساخت کے بارے میں کوئی نظریہ ۔

atomic weight, n.
(کیمیا) ایٹمی وزن ؛ جوہری وزن ؛

کسی بھی عنصر کے ایٹم کی کمیّت ، جو ہائیڈروجن کے ایٹم کو اکائی تسلیم کرنے کی نسبت سے معلوم کی جاتی ہے؛ اگرچہ عام طور پر کاربن (۱۲) اور آکسیجن (۱۶) کے پیمانے سے ناپی جاتی ہے۔ مخفف .at.wt ۔

atomic weight unit, n. (طبیعیات) ایٹمی وزن اکائی ؛
آکسیجن کی ہم جائی ترکیب کے معتدل ایٹم کے وزن کا سولھواں حصہ ؛ جوہری وزن کی اکائی ۔

atomism, n. ایٹمیت ؛ جوہریت ؛ نظریۂ جوہریہ ؛
وہ فلسفہ جو اس نظریہ کی تائید کرتا ہے کہ مادہ چھوٹے چھوٹے تقسیم ناپذیر لیکن متناہی اجزا کا مرکبّ ہے ۔ (نفسیات) وہ نظریہ جس کے مطابق تمام نفسیاتی مظاہر چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں یا سادہ اکائیوں کی صورت میں ہوتے ہیں ۔

atomistic, a. ایٹمیتی ؛ جوہریتی ؛
ایٹمیت یا جوہریت سے متعلق ؛ ایٹموں سے متعلق ؛ جوہریت یا انفرادیت کی خصوصیت لیے ہوئے ۔

atomize, v.t. ایٹمیانا ؛ جوہرانا ؛
سالمہ کو جوہروں میں تحلیل کرنا ؛ ناقابلِ تقسیم ذرّات میں تبدیل کرنا ؛ ایٹموں کی صورت میں منتقل کر دینا ؛ لہٰذا ذرہ ذرّہ کر دینا ؛ کسی چیز کو پُھوار یا دُھول وغیرہ میں بدل دینا ؛ ایٹمی حملے یا تباہی کا نشانہ بنانا ۔

atomizer, n. ایٹم پاش ؛ جوہر ساز ؛ جوہر پاش ؛
عرق پاش ؛ ایٹمیانے یا ایٹم میں تبدیل کرنے والا شخص یا کوئی چیز ؛ ایک آلہ جس سے جراثیم مارنے ، ٹھنڈا کرنے یا مُعطّر کرنے کے لیے کسی مائع کو چِھڑکا جا سکے ۔

atom smasher, n. (طبیعیات) قاطع ایٹم ؛ قاطع جوہر ؛
مسرع ذرات۔ دیکھیے accelerator ۔

atomy, n. (متروک) ایٹم ؛ جوہرک ؛ ذرہ ؛
بے وقعت مخلوق ؛ ریزہ ؛ نحیف ؛ پنجر ۔

atonal, a. اکھرج ؛ غیر آہنگ ؛ بے سُرا ۔

atonalistic, a. اکھرج کا ؛ بے سُرے پن کا ۔

atonality, n. (موسیقی) نغمہ سازی کا ایک ڈھب
جس میں سُر اور تار کا تعلق بنیادی کھرج کے ساتھ نہیں ہوتا ۔

atone, v.t., v.i. تلافی کرنا ؛ کفارہ ادا کرنا ؛
کسی خطا یا جرم پر اپنی اصلاح ، توبہ یا تسکین کرنا ؛ ڈنڈ دینا ؛ ہرجانہ ادا کرنا ؛ معاوضہ دینا ؛ تلافی مافات کرنا ؛ ہم آہنگ کرنا ۔

atonement, n. کفّارہ ؛ ادائیگی کفّارہ ؛
مصالحت یا درستی احوال ؛ مخالفت یا عداوت کے بعد مصالحت ؛ خصوصاً حضرت عیسیٰ کے ذریعے خدا کی انسان کے ساتھ مصالحت ؛ تلافیٔ مافات ؛ ہرجانہ دہی ؛ تاوان ؛ ڈنڈ ؛ ہم آہنگی ۔

atoner, n. ہرجانہ ادا کرنے والا ۔

atonic, a. (طب) ناتواں ؛ ضعیف ؛
غیر مُقوّی ؛ غیر مشدد ۔

atony, n. (طب) ضُعفِ اعصاب ؛ ناتوانی ؛
بے ہمتی ؛ عضلاتی قوت میں خرابی ؛ نقاہت ۔

atonicity, n. نقاہت ؛ ناتوانی ؛ ضعف ۔

atop, adv. چوٹی پر ؛ سب سے اونچا ؛
بالا ؛ سر پر ؛ اوپر ۔ (حرف ربط) کی چوٹی پر ۔

atrioventricular, a. (تشریح الاعضا) اطاق بطینی ؛
دل کے جوف اور اطاق دونوں سے متعلق ۔

atrip, a. (جہاز رانی) تھوڑا اوپر ؛
ذرا بلند ؛ اس لنگر کے متعلق جو تہ میں تار کے ذریعے ڈھیلا کیا گیا ہو ؛ بادبانوں کا افقی وضع سے عمودی وضع میں ہونے یا کرنے سے متعلق ۔

atrium, n. ایوان ؛ اطاق ؛ داخلی ہال اور عموماً
قدیم رومی گھر کا سب سے عالیشان کمرہ ؛ گھر کے اندر مرکزی صحن ۔ (حیوانیات) لفیہ جانوروں میں وہ خانہ جس میں ان کی انتڑیاں کھلتی ہیں ۔(تشریح الاعضا) دل کے دونوں خانوں میں سے کوئی ایک ؛ اُذین ۔

atrial, a. اطاقی ۔

atrocious, a. انتہائی قبیح ، سفاک یا ظالم ؛ سنگ دل ؛
نہایت بُرا ؛ انتہائی طور پر قابل نفرت ، دہشت انگیز ؛ ہیبت ناک ؛ بھیانک ؛ گھناؤنا ؛ ہولناک ؛ خوفناک ؛ خبیث ؛ بدذات ؛ نابکار ۔

atrociously, adv. سنگدلانہ طریقے سے ؛ خباثت سے ۔

atrocity, n. خباثت ؛ سنگ دلی ؛ پاجی پن ؛ سفاکی ؛
نابکاری ؛ بدذاتی ؛ بے رحمی ؛ ظلم اور برائی کی انتہا ؛ انتہائی ظالمانہ ، گھناؤنی یا کراہت انگیز صورت حال ، موضوع یا فعل ۔

atrophic, a. دُبلا ؛ لاغر ؛ لاغری سے متعلق ۔

atrophy, n. دبلا پن ؛ لاغری ؛ بدن ،
اس کے عضو یا حصے کا سوءِ غذا یا کسی اور سبب سے ذبول یا لاغر ہو جانا ؛ سُوکھا ؛ ذبول ۔ (فعل متعدی) کمزور کر دینا ؛ نڈھال کر دینا ؛ لاغر کر دینا ۔ (فعل لازم) سوکھے کے مرض میں مبتلا ہونا ؛ لاغر ہونا ؛ کمزور ہو جانا ؛ دُبلا ہونا ۔

atropine, atropin, n. (علم ادویہ) عرق مکو ؛
عرق عَنَب الثعلب ؛ ایک زہریلی الکلی جو مکو کے پودے سے حاصل کی جاتی ہے ، اسے آنکھ کی پتلی کو پھیلانے اور تشنج میں افاقے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ اٹروپین ۔

attacca, v. [attaccare کا فعل امر] (موسیقی) نغمے یا
ساز کو ایک دم چھیڑ دینا ؛ سُر چال کے آخر میں اگلا سُر اٹھانے کی فوری ہدایت ۔

attach, v.t. جوڑنا ؛ نتھی کرنا ؛ منسلک کرنا ؛
ضبط کرنا ؛ قرق کرنا ؛ شامل کرنا ؛ چمٹائے رکھنا ؛ باندھنا ؛ گرہ ڈالنا ؛ ٹانکنا ؛ ساتھ جوڑ دینا ؛ ساتھ ملا دینا ؛ نسبت دینا ؛ منسوب کرنا ؛ قانونی ذریعے سے قبضے میں لے لینا (جیسے قرضہ کی صورت میں) ؛ ملحق کرنا ۔ (فعل لازم) چمٹ جانا ؛ ساتھ مل جانا ؛ جُڑ جانا ؛ بندھ جانا ؛ شریک ہونا ؛ وابستہ ہونا ؛ منسوب ہونا ؛ منسلک ہونا ؛ متعلق ہونا ۔

attachable, a. انسلاک پذیر ؛ چمٹنے والا ؛
قابلِ نسبت ؛ قابلِ قرقی ۔

attache, n. اتاشی ؛ کسی بیرونی ملک میں
اپنے ملک کے سفارت خانے سے منسلک شخص ۔

attache case, n. اٹیچی کیس ؛ ایک کم وزن بریف کیس
یا سوٹ کیس جو کاروباری کاغذ لانے یا لے جانے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

attached, a. وابستہ ؛ خوب پختہ ؛ جڑا ہوا ؛
باندھا ہوا ؛ کسی اور عمارت سے ملی ہوئی دیوار والا

(جیسے an attached garage) ؛ ملحقہ ؛ قُرق شدہ ۔ (حیوانیات) بنیاد سے مستقلاً جڑا ہوا ؛ زیریں سطح سے ملا ہوا ؛ منسوب ؛ منسلک ؛ نتھی ۔

attachment, n.
وابستگی ؛ انسلاک ؛ الحاق ؛ ربط ؛ پیوستگی ؛ جوڑنے یا جڑنے کا عمل ؛ وہ عمل پیرائی جس میں دو ذرے ٹکرا کر ایک مرکب ذرہ بن جاتے ہیں (جیسے منفی آئون کسی برقیے کی کسی ایٹم یا سالمے سے پیوستگی کے ذریعے تشکیل پاتا ہے) ؛ گہری وابستگی یا لگاؤ ؛ کوئی جذبہ یا پسند جو ایک شخص کو دوسرے سے یا کسی جگہ سے منسلک کر دے ؛ الفت ؛ اُنس ؛ چاہ ؛ محبت ؛ احترام ؛ ایک شے کو دوسری سے جوڑ دینے والی کوئی شے ؛ وابستہ شے ؛ کوئی منسلکہ (خصوصاً کسی مشین یا برقی کل کے ساتھ ملا ہوا) ؛ رفاقت ؛ ہمدمی؛ وفاداری ۔ (قانون) قرقی ؛ کسی شخص یا مال کو قانونی چارہ جوئی سے اپنا دیا ہوا قرضہ وصول کرنے کے لیے قبضے میں لے لینے کا فعل ۔

attack, v.t.v.i
حملہ کرنا ؛ زور یا تشدد کے ساتھ کسی پر ٹوٹ پڑنا ؛ چڑھائی کرنا ؛ مارنا ؛ شدید تنقید کا نشانہ بنانا ؛ دھاوا بول دینا ؛ ہلہ بول دینا ؛ فعل ، قول یا تحریر سے نقصان پہنچانے کی کوشش کرنا ؛ گرفت میں لے لینا (جیسے کوئی بیماری) ؛ حملہ کر دینا ؛ حملے کا آغاز کر دینا ؛ حملہ آور ہونا ؛ فوج کشی کرنا ۔

attack, n.
حملہ ؛ زور یا شدت کے ساتھ کیا گیا ہلہ یا طنز (کردار کشی کے ساتھ) ؛ دھاوا ؛ چڑھائی ؛ مرض کی گرفت یا پکڑ ؛ اصابت مرض ؛ یورش ؛ تاخت ۔

attain, v.t.
تکمیل کرنا ؛ حاصل کرنا ؛ کوشش سے پہنچ جانا ؛ مکمل کر لینا یا حاصل کر لینا ؛ لے لینا ؛ پا لینا (کسی مقصد یا منتہا کو) ؛ آلگنا ؛ آ پہنچنا ؛ پہنچ جانا (کسی مقام پر) ۔ (فعل لازم) پہنچنا ؛ آنا ؛ آ پہنچنا (بعد میں to لگاتے ہیں) ؛ پانا ۔

attainable, a.
قابل حصول؛ حصول پذیر ؛ تکمیل پذیر ؛ ممکن الحصول ؛ قابلِ رسائی ۔

attainder, n.
(متروک) انجام دہی ؛ کسی شخص پر اس کی غداری یا سنگین جرم کی بنا پر دی گئی سزائے موت کے نتائج (عواقب) لاگو کرنا ؛ شہری مراعات کی ضبطی ۔

attainment, n.
حصول ، تحصیل ؛ اکتساب ؛ تکمیل پذیری ؛ دستیابی ؛ یافت ؛ پہنچ ؛ استعداد ۔

attaint, v.t.
(قانون) انجام تک پہنچانا ؛ لاحق کرنا ؛ ضبط کرنا ۔ (متروک) کسی جرم کا مرتکب پانا (جیسے غداری یا کسی سنگین جرم کا) جس میں شہری مَراعات کی ضبطی شامل ہو ؛ بے عزّت کرنا ؛ ذلیل کرنا ؛ کلنک کا ٹیکہ لگانا ؛ بدنام کرنا ۔

attar, atar, athar, otto, n.
[فارسی ، اردو] عطر گلاب ۔

attempt, v.t.
کوشش کرنا (کامیاب ہونے کے لیے) ؛ جہد کرنا ؛ جدوجہد کرنا ؛ عزم کرنا ؛ اقدام کرنا ؛ کرنے میں لگ جانا ؛ قصد کرنا ؛ سعی کرنا ؛ (کسی کی جان لینے کے لیے) حملہ آور ہونا ۔

attempt, n.
کوشش ؛ سعی ؛ اقدام ؛ جہد ؛ آزمایش ؛ (کھیل میں) کوئی پوائنٹ جیتنے کے لیے کی گئی کوشش ، حملہ ، ہلّہ یا دھاوا ۔

attemptable, a.
قابلِ سعی ؛ اقدام پذیر ؛ قابلِ کوشش ؛ جہد پذیر ۔

attend, v.t.
ساتھ دینا ؛ ساتھ حاضر رہنا (رفیق ، ساتھی یا ملازم کے طور پر) ؛ کسی مقصد کے لیے کہیں موجود ہونا (گرجا/مسجد/رقص گاہ وغیرہ میں) ؛ بالکل پیچھے پیچھے آ جانا، خصوصاً نتیجے کے طور پر (جیسے بخار کے ساتھ لرزہ) ؛ دھیان دینا ؛ نوکری کرنا ؛ خدمت کرنا ؛ متوجہ ہونا ؛ توجہ کرنا ؛ غور کرنا ۔(فعل لازم) حاضر رہنا ؛ لحاظ کرنا ؛ توجہ دینا ؛ حاضر یا موجود ہونا (فرض کی بجا آوری میں) ؛ حاضر باش یا خدمت گار کے طور پر کام کرنا ؛ ہم عناں ہونا (بعد میں on یا upon بھی لگا لیا جاتا ہے) ۔

attendance, n.
حاضری ؛ حاضر باشی ؛ حاضری دینے یا حاضر رہنے کا عمل ؛ انتظار یا خدمت گزاری کا عمل ؛ نوکری ؛ کارپردازی ؛ کسی مقصد کے لیے حاضری دینے والے لوگ (موجود لوگ) ؛ حاضر لوگوں کی تعداد ؛ تیمارداری ۔

attendant, a.
ہم رکاب ؛ خدمت گار ؛ حاضر باش ؛ اردلی ؛ خادم ؛ ملازم ؛ کسی کے حضور موجود یا حاضر خدمت ؛ معاً بعد آنے والا یا منسلک ؛ پیرو ۔

attendant, n.
حاضر باش ؛ مصاحب ؛ خدمت گار ؛ خادم ؛ اردلی ؛ کسی کی اردل میں یا کسی کے ساتھ رہنے والا ؛ دربان؛ پیرو ؛ پیروکار ؛ پیچھے پیچھے چلنے والا ؛ جو موجود یا پابندی سے موجود ہو ؛ ساتھی ؛ ہم رکاب ۔

attention, n.
حاضر باشی ؛ توجہ ؛ لحاظ ؛ غور ؛ حاضر رہنے کا عمل ؛ خیال رکھنے کا عمل ؛ کان کو آواز پر لگانا ؛ ذہن کو ان چیزوں پر لگانا جو غور و فکر کے لیے سامنے لائی گئی ہوں ؛ چوکسی ؛ مستعدی ؛ مشاہدہ ؛ شایستگی یا لحاظ ؛ مروت کا عمل ؛ سپاہی کا رسمی انداز یا مخصوص انداز اختیار کرنے کا حکم ؛ خیال ؛ دھیان ؛ التفات ؛ لحاظ یا پاس ؛ انہماک ۔

attentive, a.
متوجہ یا چوکس ؛ ملتفت؛ خبردار ؛ منہمک ؛ ہوشیار ؛ آمادہ ؛ سرگرم ؛ پُرشوق ؛ تیز نظر ؛ باریک بیں ؛ صاحبِ نظر ؛ غور سے مشاہدہ کرنے والا ؛ احتیاط سے دیکھ بھال کرتا ہوا ؛ محتاط ؛ عادتاً محتاط یا خیال رکھنے والا ۔

attentively, adv.
دھیان کے ساتھ ؛ غور سے ۔

attentiveness, n.
توجہ ؛ دھیان ؛ انہماک ؛ احتیاط ۔

attenuate, v.t.
رقیق کرنا ؛ پتلا کرنا؛ تخفیف کرنا ؛ نازک اور عمدہ بنانا ؛ کثافت کم کرنا ؛ تقلیل کرنا ؛ ہلکا کرنا ؛ کمزور کرنا ؛ کم کرنا ؛ گھٹانا ؛ لطیف بنانا ۔ (فعل لازم) دبلا ، ہلکا یا کمزور ہونا ۔

attenuate, a.
رقیق ؛ دبلا ؛ پتلا ؛ ہلکا ؛ لطیف ۔ (نباتیات) آگے سے پتلا ؛ انتہا پر کم چوڑا ؛ گاؤ دم ۔

attenuation, n.
ترقیق ؛ تلطیف ؛ دبلا کرنے کا عمل یا اس کا نتیجہ ؛ دبلا پن ؛ دبازت ، کثافت اور طاقت میں کمی ؛ تقلیل ؛ کمزوری ؛ رقّت ؛ پتلا پن ۔

attest, v.t.
شہادت دینا ؛ تصدیق کرنا ؛ توثیق کرنا (درست ہونے یا حقیقی ہونے کی) ؛ صداقت کا اعلان کرنا ؛ آشکار کرنا (اپنی خوشی وغیرہ کو) ؛ گواہی دینا ؛ ظاہر کرنا ۔ (فعل لازم) گواہ بننا ؛ گواہی دینا ؛ شاہد ہونا ؛ موثق ہونا (بعد میں عموماً to آتا ہے) ۔

attestation, n.
تصدیق یا توثیق ؛ زبانی یا

تحریری بیانِ صادق (کسی چیز کے بارے میں) ؛ حلفیہ بیان یا اقرار ؛ ثبوت ؛ تصدیق نامہ ؛ شہادت ؛ گواہی ؛ اقرار حلفی ؛ محضر نامہ ۔

attester, n. تصدیق کنندہ ؛ مُصدِّق ؛ تصدیق کرنے والا ؛ شاہد ۔

attic, n. (فنِ تعمیر) بالا خانہ ؛ چوبارہ ؛ کسی عمارت پر اٹھائی گئی کم اونچی منزل ؛ گھر کے سب سے بالائی حصہ میں کوئی کمرہ جس کی کھڑکیاں کارنس یا چھت میں ہوں ۔

Attic, a. اٹیکی ؛ یونان کے شہر اٹیکا یا اس کے خاص بڑے شہر ایتھنز سے متعلق ؛ ان اوصاف کا مظہر جو ایتھنز کے باشندوں میں پائی جاتی تھیں جیسے نفاست ، نزاکت ، سادگی (بے ریائی) ۔

Attic wit, Attic salt, لطیف مزاح ؛ شایستہ ظرافت ؛ وہ لطیف مزاح یا ظرافت جس کے لیے ایتھنز کے لوگ مشہور تھے ۔ (اسم) اٹیکا یا ایتھنز کی زبان ، یہ قدیم یونان کی سب سے بڑی ادبی اور سب سے زیادہ نفیس زبان تھی ۔

Atticism, atticism, n. اٹیکیت ؛ اٹیک پسندی ؛ ایتھنز کے رسم و رواج ، اسالیب یا زبان کی ممتاز خصوصیات ؛ ایتھنز کے رسم و رواج سے لگاؤ یا تعلق خاطر ۔

attire, v.t. لباس پہننا ؛ آراستہ کرنا ؛ سنوارنا ؛ نفیس اور شاندار کپڑوں کو زیب تن کرنا ۔

attire, n. لباس ؛ کپڑے ؛ پوشاک ؛ پیرہن ؛ ملبوس ۔ (نقابت) ہرن کے سینگ ۔

attitude, n. رویہ ؛ وضع ؛ ڈھنگ ؛ کسی شخص کی وضع قطع ؛ کسی شخص یا چیز کے بارے میں انداز ؛ جذبہ یا اقدام ؛ طرز ؛ انداز ؛ دھج ۔ (طیرانیات) کسی خاص لمحے میں طیارے کا وہ اختیار کردہ رخ جو اس کے تینوں محوروں کے انحراف سے متعین ہو ۔

attitudinize, v.i. تصنّع آمیز یا بناوٹی رویہ ، تفاخر یا انداز اختیار کرنا ۔

attorn, v.t. (قانون) کسی اور کی طرف رجوع کرنا ؛ منتقل کرنا ؛ مختار بنانا ۔ (فعل لازم) (قانون) کسی نئے جاگیردار کی طرف اپنی اطاعت اور خدمت گزاری منتقل کر دینا ؛ کسی مزارع کا اپنے نئے زمیندار کے ساتھ تعلّق کو تسلیم کر لینا ؛ منتقل ہونا ۔

attorney, n. مختار ؛ وہ قانونی کارندہ جو کسی مؤکّل کی قانونی معاملات میں نمایندگی کرتا ہے ؛ وکیل ؛ وہ جسے کسی کی جگہ معاملات طے کرنے کے لیے نامزد یا تسلیم کیا گیا ہو ؛ اٹارنی ۔

letter or power of attorney, n. مختار نامہ ؛ وہ تحریر جس کے ذریعے ایک آدمی کسی دوسرے کو اپنی نمایندگی کا اختیار دیتا ہے ۔

attorneyship, n. مختاری ؛ وکالت ۔

Attorney General, n. مختارِ اعلیٰ ؛ اٹارنی جنرل ؛ وفاقی محکمہ عدلیہ کا سربراہ ۔ (چھوٹے a کے ساتھ) کسی وفاقی عدالتی ضلع کا قانونی نمایندہ اور افسرِ اعلیٰ ؛ ریاستی مجلسِ قانون ساز کا قانونی مشیر ۔

attract, v.t., v.i. کھینچنا یا کشش کرنا (ذہنی یا جسمانی طور پر) ؛ کسی اثر اندازی کے ذریعے قریب آنے یا پاس ہونے پر مائل کرنا ؛ شوق دلانا ؛ رجھا لینا ؛ لبھا لینا ؛ مبذول کر لینا ؛ ترغیب دینا ؛ دعوت دینا ؛ طرف دار بنا لینا ؛ اینچنا ؛ موہ لینا ؛ گرویدہ کرنا ؛ فریفتہ کرنا ؛ قوتِ کشش رکھنا یا اس سے کام لینا ؛ کشش انگیز ہونا ؛ پُر کشش ہونا ؛ جاذب ہونا ؛ دلکش ہونا ۔

attractable, a. قابلِ کشش ؛ کشش پذیر ۔

attractor, n. جالب ؛ کشش انگیز ؛ کشش دار ؛ جلب توجہ کرنے والا ؛ جاذب ۔

attraction, n. کشش ؛ قوتِ کشش ؛ جوہرِ کشش ؛ دلکشی ؛ جذبِ باہم ؛ کششِ باہم ؛ گرویدگی ؛ دلربائی ؛ ترغیب ؛ لبھاؤ ۔ (طبیعیات) وہ قوت جس کے ذریعے مادے کے تمام ذرّات ایک دوسرے کی جانب کھنچتے یا کشش پذیر ہوتے ہیں ۔

attractive, a. پُرکشش ؛ دلکش ؛ جاذب ؛ کشش کرنے کی خوبی لیے ہوئے ؛ لبھانے یا گرویدہ کرنے کی صلاحیت رکھنے والا ؛ شوق انگیز ؛ فریفتہ کر لینے والا ؛ ترغیب انگیز ؛ دلفریب ؛ من موہن ۔

attractively, adv. دل کشی کے انداز میں ۔

attractiveness, n. دلکشی ؛ دلفریبی ؛ کشش ؛ جاذبیت ؛ ترغیب انگیزی ۔

attribute, v.t. منسوب کرنا ؛ کسی کے سر ڈالنا ؛ کسی شخص یا چیز سے متعلق یا اس کے سبب سے خیال کرنا ؛ تفویض کرنا ؛ کسی کے کھاتے میں ڈالنا ؛ کسی شخص یا چیز کے سبب سے پیدا شدہ سمجھنا ؛ نسبت دینا ؛ صفت قرار دینا ؛ سبب بتانا ۔

attribute, n. وصف ، خاصیت یا خصوصیت جسے کسی شخص یا چیز سے منسوب کیا جا سکے ؛ خاصہ ؛ صفت ۔ (فنونِ لطیفہ) کسی تصویر یا مجسمہ میں کردار ، منصب یا عقیدہ کے اظہار کے لیے اضافی علامت : جیسے عقاب کو مشتری کی علامت کے طور پر بنایا جاتا ہے ۔

attributable, a. قابلِ وصف ؛ قابلِ نسبت ؛ توصیف پذیر ۔

attribution, n. انتساب ؛ توصیف ؛ نسبت دینے کا عمل جو کسی کے وصف کی بنا پر ہو ؛ نسبت ۔

attributive, a. وصفی ؛ کسی وصف سے متعلق ؛ کسی وصف کا مظہر ۔ (گرامر) موصوف سے پہلے آنے والا ؛ توصیفی ؛ صفتی ۔ (اسم) (گرامر) کسی وصف کا مظہر لفظ ؛ صفاتی ؛ ملحقہ اسم کی توصیف کرنے والا اسم (جیسے : a university graduate) ۔

attributively, adv. (گرامر) توصیفی انداز میں ؛ اسم سے پہلے لایا گیا ؛ بطور صفت برتا گیا ؛ از روئے صفت ۔

attrited, a. گِھسا ہوا ؛ فرسودہ ؛ پٹا ہوا ؛ منفعل ۔

attrition, n. گھسائی ؛ فرسودگی ؛ رگڑ سے گھس کر رہ جانے یا ختم ہو جانے کی حالت ۔ (مجازاً) آئے دن کی بک بک جھک جھک سے عاجز آ جانا ؛ کسی ادارے سے از خود مزدوروں، ملازموں یا طلبہ اور عملے کی تعداد میں مسلسل کمی (رضا کارانہ طور پر) ۔ (دینیات) انفعال یا ندامت ؛ کسی گھٹیا مقصد کے لیے گناہ کرنے پر ملامت ضمیر یا ندامت ؛ ناقص توبہ (دیکھیے contrition) ۔

attritive, a. گِھسائی یا فرسودگی ظاہر کرتا ہوا ؛ فرسودہ ؛ انفعالی ۔

attritus, n فرسودہ ؛ گِھس کر پارہ پارہ ۔

attune, v.t. سُر میں کرنا ؛ سُر ملانا

(کسی ایک آواز کو دوسری کے ساتھ) ؛ مطابق کرنا۔ (مجازاً) بڑے سلیقے سے ترتیب دینا ؛ ہم آہنگ کرنا ؛ موافقت، مطابقت یا مصالحت پیدا کرنا ؛ ٹھاٹ ملانا ؛ لَے ملانا ؛ آواز ملانا۔

atypical, atypic, a. خلاف معمول ؛ مروجہ اسلوب یا معمول سے ہٹا ہوا ؛ کسی نمونے سے مختلف ؛ بے نمونہ ؛ بے قاعدہ۔

aubergine, n. بینگن ؛ بادنجان ؛ بینگن کا پھل یا پودا ؛ بینگنی رنگ۔

auburn, a. سرخی مائل بھورا (عموماً بالوں کے لیے آتا ہے)۔ (اسم) سرخی مائل بھورا رنگ۔

Aubusson carpet, n. آبسنی قالین ؛ فرانس کے شہر آبسن کا دستی بنا ہوا غالیچہ : مرکز میں عموماً ایک بڑا سا تمغا بنا ہوتا ہے اور عمدہ رنگوں اور دھاگوں سے تیار کیا جاتا ہے۔

au courant, a. تابہ امروز ؛ آج کے دن تک ؛ تا دم تحریر ؛ تازہ واقعات سے آگاہ ؛ تازہ ترین ؛ تاریخ جاریہ تک ؛ تا تاریخ۔

auction, n. نیلام ؛ تاش کے بعض کھیلوں میں بولی دینے کا عمل۔

auction, v.t. نیلام کرنا ؛ نیلام کے ذریعے فروخت کرنا۔

auction bridge, n. بولی تاش ؛ تاش کا ایک کھیل جو کنٹریکٹ برج سے پہلے مقبول ہوا : اس کھیل میں اگر داؤ یا بولی مقررہ بولی سے زیادہ ہو جائیں تو وہ بھی بازی میں شمار کیے جاتے ہیں۔ دیکھیے : Contract bridge۔

auctioneer, n. نیلام کنندہ ؛ نیلام کار ؛ بولیا ؛ بولی کے ذریعے اشیا فروشی کرنے والا۔

auctorial, a. مصنف کا یا اس سے متعلق ؛ مصنف کی جانب سے۔

audacious, a. نڈر ؛ بے شرم ؛ حد سے زیادہ بے باک ؛ بدی میں بے حجاب ؛ گستاخ ؛ جلد باز ؛ بے ادب ؛ سرکش ؛ ڈھیٹ ؛ بے تمیز ؛ بدتمیز ؛ بے حیا ؛ بے لگام ؛ نامنفعل ؛ دیدہ دلیر ؛ برائی میں بے جھجک ؛ من چلا ؛ اکھڑ ؛ بے لحاظ ؛ بے مروّت ؛ بد لحاظ ؛ مُنھ پھٹ۔

audaciously, adv. گستاخانہ ؛ بے باکانہ وغیرہ۔

audacity, n. بے باکی ، گستاخی ، ڈھٹائی ؛ بے حیائی ؛ دیدہ دلیری ؛ شوخ چشمی ؛ نڈرپن ؛ اکھڑ پن ؛ بد تمیزی ؛ بے لحاظی ؛ بے لگامی۔

audible, a. قابلِ سماعت ؛ سماعت پذیر جسے کانوں کے ذریعے سنا جا سکے ؛ اتنا بلند کہ سنائی دے سکے ؛ مسموع ؛ ممکن السمع۔

audibly, adv. سُننے کے انداز سے ؛ مسموعی انداز سے ؛ اونچی آواز سے۔

audibility, audibleness, n. سماعت پذیری ؛ سنائی دیے جا سکنے کا وصف ؛ مسموعیت ؛ سمعیت ؛ قوتِ سماعت۔

audience, n. سامعین ؛ سماعت ؛ غور سے سُننے کا عمل ؛ کسی شخص یا اجتماع کے سامنے سُنے جانے کا اختیار یا اس کا موقع ؛ استماع ؛ کسی عام اجتماع میں موجود لوگ ؛ حاضرین ؛ باریابی۔

audile, n. (نفسیات) سمعیہ ؛ وہ شخص جس کے ذہن میں بصری سے زیادہ سمعی نقوش واضح ہوں۔

audio, a. سمعی ؛ سُنی جا سکنے والی صوتی لہروں کی بازآفرینی ؛ نشرکاری اور وصولی سے متعلق ؛ سامعہ۔

audio, n. (ٹیلیوژن) کسی مسودے یا پیش کش وغیرہ کا صوتی حصہ ؛ وہ سازوسامان جس کا تعلق سمعی ارتعاشات وصول کرنا ہوتا ہے (video کے برعکس)۔

audio frequency, a. (برق) سمعی تعدّد ارتعاش ؛ ان ارتعاشات کے متعلق جو صوتی لہروں کے سُنے جانے والے تعدّد ارتعاش کے مطابق ہوتے ہیں یعنی ایک سیکنڈ میں بیس سے لے کر بیس ہزار چکر تک۔

audio meter, n. سمع پیما ؛ سماعت پیما ؛ آواز پیما ؛ قوت سماعت کا اندازہ لگانے کا آلہ۔

audio metry, n. سماعت پیمائی۔

audiophile, n. سمعی شوقین ؛ عاشق سمعیات ؛ سماعت پسند۔

audio-visual, a. سمعی بصری ؛ سننے اور دیکھنے کا یا ان سے متعلق جیسا کہ بعض تدریسی اور تعلیمی طریقے جن میں متحرک تصویروں ، چارٹوں اور صوت نگاروں (فونو گراف) سے کام لیا جاتا ہے۔

audit, n. تنقیح ؛ محاسبی ؛ آڈٹ ؛ جانچ پڑتال ؛ رقومات اور املاک سے متعلق معاملات یا حسابات کی مناسب افسروں یا اس مقصد کے لیے مقرر کردہ اشخاص کے ذریعے جانچ پڑتال ؛ لہٰذا حساب طلبی ؛ کسی کے اعمال کی پڑتال یا محاسبہ۔

audit, v.t. تنقیح یا محاسبہ کرنا ؛ کسی کھاتے یا حسابات وغیرہ کی جانچ کرنا ؛ جانچ پڑتال کرنا ؛ کسی کورس میں ، اسے پاس کرنے کے مقصد کے بغیر داخلہ لینا۔

audition, n. سامعہ ؛ سننے کی حِس یا سننے کا عمل ؛ سماعت ؛ کسی فنکار کی صلاحیتوں کا اندازہ لگانے کے لیے عملی آزمایش ؛ آزمایشی کارکردگی ؛ آواز یا اداکاری یا فن کا عملی امتحان ؛ آڈیشن۔

audition, v.t. آزمایشی طور پر سننا ؛ پیشہ ورانہ ملازمت کے حصول کے سلسلے میں گلوکار ، موسیقار یا کسی اور فن کار کا سمعی امتحان لینا۔ (فعل لازم) سمعی آزمایش میں سے گزرنا ؛ آڈیشن دینا۔

auditive, a. سماعتی ؛ سماعت سے متعلق یا حسِ سماعت سے متعلق ؛ سمعی۔

auditor, n. سامع ؛ سننے والا ؛ دھیان دینے والا ؛ تنقیح کار ؛ محاسب ؛ آڈیٹر ؛ کوئی حساب یا کھاتوں کی پڑتال کرنے والا ؛ جماعت میں پڑھنے لیکن امتحان نہ دینے والا طالبِ علم۔

auditorium, n. سماعت گاہ ؛ آڈیٹوریم ؛ کسی اوپیرا یا عوامی ہال وغیرہ میں وہ جگہ جو سامعین کے لیے مخصوص ہوتی ہے ؛ عام اجتماعات کے لیے مخصوص عمارت ، ہال یا بڑا کمرہ۔

auditory, a. سامعاتی ؛ سامعہ سے متعلق ؛ آلات و حسِ سماعت سے متعلق۔

auditory nerve, n. (تشریح الاعضا) عصبِ سامعہ ؛

رگِ سماعت جو اعضائے سماعت سے شروع ہو کر نیم مدور نالیوں سے ہوتی ہوئی دماغ تک جاتی ہے اور یہ سَر کی آٹھویں قحفی (cranial) رگ ہے ، اسے صوتی رگ (acoustic nerve) بھی کہتے ہیں ۔

au fait, a. استاد کامل ؛ باصلاحیت ؛ کامل ؛ باخبر ؛ طاق ؛ آگاہ ؛ لائق ؛ تجربہ کار ۔

augend, n. (ریاضی) مزید فیہ ؛ وہ عدد جس پر کسی اور عدد کا اضافہ کیا گیا ہو ۔

auger, n. برما ؛ آگر ؛ لکڑی یا زمین میں سوراخ کرنے کا آلہ ۔

aught, ought, n. صفر ؛ زیرو ۔

aught, adv. کسی بھی لحاظ سے ؛ کسی بھی حد تک ؛ ہر گز ؛ بالکل ؛ قطعی ؛ کسی قدر ؛ کچھ بھی ۔

augite, a. اجائیٹ ؛ معدنیات کی ایک قسم جس کا رنگ سبز کاہی یا سبزی مائل سیاہ یا گہرا مخملی سیاہ ہوتا ہے ۔ اس میں چونے، کیلسیم ، میگنیشیم اور لوہے کے سلیکیٹ پائے جاتے ہیں ، زیادہ گہرے رنگ والی قسم میں المونیم ہوتا ہے ۔

augitic, a. اجائیٹی ؛ اجائیٹ نما ۔

augment, v.t.v.i. بڑھانا ؛ بڑا کرنا (سائز یا وسعت میں) ؛ زیادہ کرنا ؛ پھیلانا؛ پُھلانا ؛ ورم کرنا یا ہونا ؛ سوجنا ؛ زیادہ بڑا کر دینا ؛ اضافہ کرنا ؛ تکثیر کرنا ؛ بڑھنا ؛ بڑا ہو جانا ؛ پھولنا ؛ مستزاد کرنا ۔

augmentable, a. اضافہ پذیر؛ تکثیر پذیر ۔

augmenter, n. اضافہ کنندہ ؛ مکثر ۔

augment, n. (گرامر) زائدہ؛ فعل کی بعض تصریفی صورتوں کے آغاز میں کیا گیا اضافہ (یونانی افعال کے بعض صیغوں میں e اور جرمن فعل کے ماضی معطوف میں ge کو پہلے لگایا جاتا ہے)۔

augmentation, n. تکثیر ؛ تکبیر ؛ بیشی ؛ بڑھوتری؛ اضافہ ؛ ایزاد ؛ افزونی ؛ ابتدا میں کوئی حرف لگانے کا عمل ؛ بڑھانے کا عمل ؛ افزودہ ہو جانے کی حالت یا کیفیت ؛ افزودگی؛ بڑھانے کی خاطر اضافہ کی گئی چیز ۔

augmentative, a.,n. ایزادی ؛ تزایدی ؛ افزوں کار ؛ جس میں افزوں کاری وغیرہ کی خوبی یا صلاحیت پائی جائے ؛ اضافہ کار ۔ (گرامر) حرفِ مبالغہ ؛ کسی لفظ کی جسامت کو زیادہ کرنے والا یا اس کے مفہوم میں شدت پیدا کرنے والا پیش حرف ؛ افعل التفضیل ۔

augmented, a. اضافہ شدہ ؛ بڑا کیا گیا ؛ افزودہ ؛ مضاعف ۔ (موسیقی) بڑے بڑے وقفوں کے بعد کسی نیم سُرتی کے ذریعے بڑھایا گیا (سُر) ۔

augratin, a. پنیر اور روٹی کے چُورے اور مکھن کے ساتھ اس قدر بھونا ہوا کہ اس میں بھورا پن آ جائے کھرچن جیسا ۔

augur, n. رمّال ؛ فال گیر ؛ کاہن ؛ پیش گو ؛ نجومی ؛ غیب داں ؛ منجّم؛ قدیم رومیوں کا ایک کارندہ جس کا کام پرندوں کی اُڑان یا بعض دیگر حرکات سے یا چوپایوں کے بعض مخصوص مظاہر سے ، بجلی چمکنے یا دیگر خلاف معمول واقعات سے آیندہ پیش آنے والے حادثات و واقعات کے بارے میں شگون اخذ کرنا ہوتا تھا ؛ (لہذا) شگون یا فال کے ذریعے پیش گوئی کرنے والا ۔

augur, v.i. قیاس کر لینا ؛ تعبیر لینا (آثار اور شگون سے) ؛ شگون ٹھہرنا ؛ شگون لینا (اچھا یا بُرا) ؛ علامت بننا ۔ (فعل متعدی) قیاس کرنا ؛ اندازہ لگانا ؛ پیش گوئی کرنا ؛ فال لینا؛ فال نکالنا؛ شگون لینا ؛ غیب کی بات کہنا ؛ توقع کرنا (افراد کے حوالے سے) ؛ دلالت کرنا ؛ بدشگونی کرنا (کسی شے کے حوالے سے) ؛ فال دیکھنا ؛ شگون بچارنا ۔

augury, n. رمل ؛ فال گیری ؛ پیش گوئی ؛ کہانت ؛ غیب دانی کا علم و عمل ؛ وہ جس کی بنیاد پر پیش گوئی کی جائے (جیسے شگون) ؛ تعبیر ؛ غیب دانی ۔

august, a. عظیم ؛ شاندار ؛ شاہانہ ؛ ہیبت انگیز ؛ احترام انگیز ؛ عالی جاہ ؛ جلیل القدر ؛ دبدبہ والا ؛ پُررعب ؛ رعب دار ۔

augustly, adv. شاہانہ انداز سے ؛ رعب و دبدبہ سے ؛ شان و شوکت سے ؛ بڑے ٹھاٹھ کے ساتھ ۔

August, n. [رومی بادشاہ آگسٹس کے نام پر] اگست ؛ سال کا آٹھواں مہینہ جس کے اکتیس دن ہوتے ہیں ۔

Augustan, a. شہنشاہ آگسٹس سے متعلق جیسے آگسٹن عہد جو رومی ادب کا انتہائی عظیم دور گنا جاتا ہے ؛ لہذا کسی بھی ملک کا ادبی لحاظ سے تابناک دور (انگلستان میں خصوصیت سے نو کلاسیکی دور) ۔

Augustinian, a. اگسٹائنی ؛ سینٹ آگسٹائن (۳۵۴۔۴۳۰ء) سے متعلق ؛ شمالی افریقہ میں ہپو کے بشپ یا اُس کے نظریات سے یا اس کے اصول کو ماننے والے کسی مذہبی سلسلے سے متعلق ۔ (اسم) سینٹ اگسٹائن کے خیالات کا پیرو یا ان کے نظریات کو اختیار کرنے والا ؛ ان متعدد مذہبی سلسلوں میں سے کسی ایک کا رکن جن کی سینٹ آگسٹائن سے اسمی اور اصولی نسبت ہے ۔

au jus, a. (گوشت کی) یخنی کے ساتھ پیش کیا گیا ۔

auk, n. آق ؛ آک ؛ شمالی نصف کرہ کے زیادہ سرد علاقے میں پائے جانے والے تیراک پرندوں کا نام : ان کی ٹانگیں بہت پیچھے کو نکلی ہوئی ہوتی ہیں جس سے وہ بمشکل سیدھے کھڑے ہو سکتے ہیں ، ان کے پر بہت چھوٹے اور اڑنے سے زیادہ تیرنے اور غوطہ لگانے میں مفید رہتے ہیں ۔

auklet, n. آقچہ ؛ بحرالکاہل شمالی کے چھوٹے آک پرندوں میں سے کوئی ایک ۔

au lait, a. دُودھ کے ساتھ ۔

auld, a. اسکاٹ لینڈ میں old کا تلفّظ و املا ۔

auld lang syne, ("old long since") قدیم ایّام (خصوصاً جو بڑی حسرت کے ساتھ یاد کیے جائیں) ؛ یادِ ماضی ۔

au naturel, a. فطری حالت میں ؛ عریاں ؛ سادہ ؛ سادگی سے پکا ہوا ؛ کچّا پکّا ۔

aunt, n. چچی ؛ خالہ ؛ پھوپھی ؛ ممانی ؛ تائی ؛ آنٹی ؛ ماں یا باپ کی بہن ؛ چچا کی بیوی ؛ کسی بھی پکی عمر کی عورت کے لیے حرفِ خطاب ؛ auntie اور aunty اس کی بے تکلف تصغیری صورتیں ہیں ۔

aura, n. [ہوا] نسیم ؛ ہالہ ؛ نسمہ ؛

کسی شخص یا چیز کے گرد کسی خوبی کا ہالہ یا اس سے پھوٹتا ہوا
پُراسرار تاثر ؛ کوئی مہک یا مقناطیسیت ؛ اخراجِ تنفس ؛ صدور۔
(امراضیات) کسی قسم کے حملے یا دورے (ہسٹریا اور مرگی وغیرہ)
سے پہلے کی کھٹک ؛ اس کا احساس یا تھرتھری ؛ پیش احساسی ؛
کپکپی۔

aural, a. اُذنی ؛ کان سے متعلق۔

auriform, a. گوش صورت ؛ انسانی کان کی
سی شکل والا ؛ کان جیسا۔

aurally, adv. کانوں کے ذریعے۔

aureola, aureole, a. زرّیں ؛ سنہری ؛ تابندہ ؛ چمک دار۔
(مصوری) تاجِ نور ؛ نورانی ہالہ ؛
حلقۂ نور ؛ کسی مقدس شخصیت کے گرد بنایا گیا نوری ہالہ (جیسے
حضرت عیسیٰ یا کسی حواری کے گرد) ؛ نوری ہالے سے ملتی جلتی
کوئی چیز ؛ حلقۂ نور جو کسی کے گردا گرد ہو۔ (فلکیات) چاند کے گرد
کبھی کبھی نظر آنے والا ہالہ۔

Aureomycin, n. (علم الادویہ) آریومائیسین ؛

aureate, a. فنجائی سے مشتق ضد حیوی دوا۔ (تجارتی نشان)۔

aurevoir, interj. خدا حافظ ؛ اللہ حافظ ؛ بخیر باش ؛
پھر ملنے تک بخیر باش ؛ پھر ملیں گے۔

auric, a. (کیمیا) طلائی؛سونے کا ؛ سونا لیے ہوئے
(خصوصاً اپنی پوری کیمیائی گرفت کے ساتھ)۔ (بمقابل aurous)۔

auric acid, (کیمیا) سونے کا ہائیڈرو
اوکسائیڈ، ہلکا تیزاب جو سونے کا کشتہ یا نمک بناتا ہے۔

auricle, n. اُذین ؛ لالۂ گوش ؛ کان کا بیرونی
حصہ یا کان کا سر سے باہر کو نکلا ہوا حصہ ؛ میمل جانوروں کے دل
کے دونوں جوفوں میں سے کوئی ایک ؛ یہ دونوں بطون (ventricles) کے
اوپر کان کی سی شکل کے ہوتے ہیں ؛ اُذنہ ؛ اُذن القلب۔

auricula, n. زرد پامچال ؛ بسنتی گلاب
کے قبیلے کا ایک بُستانی پھول جو سوئٹزرلینڈ کے کوہ آلپس میں خود
رو ہے۔

auricular, a. اُذنی ؛ سماعی ؛ کان سے متعلق ؛
حسِّ سماعت سے متعلق ؛ اُذنہ سے متعلق ؛ کان میں پہنچائی گئی ؛
کان پڑی ؛ پادری کے کان میں کیا گیا اعتراف ؛ اقرارِ سرّی ؛کان میں
راز دارانہ کہی گئی بات ؛ کانا پھُوسی ؛ دل کے کسی اُذنہ (اوریکل)
کے متعلق۔

auriculate, a. گوش صورت ؛ لَو دار ؛ کان یا
کانوں جیسی توسیع رکھتا ہوا ؛ بہت استعمال کیا ہوا (ورق کتابی) ؛
گوشک دار ؛ زوائد دار ؛ گوشی۔

auriferous, a. سونا ور ؛ طلا خیز ؛ طلا دار ؛
جس سے سونا نکلتا ہو ؛ جس میں سونا موجود ہو (جگہ یا چٹان)۔

aurora, n. [فجر کی دیوی آرورا کے نام پر]
آرورا ؛ قطبی روشنیاں ؛ انوار قطبی ؛ وسطی یا بالائی عرض بلدوں کے
اوپر بالائی فضا میں کہیں کہیں ہونے والی نور افشانی۔

auroral, a. فجر سے متعلق یا اس کے مشابہ ؛
قطبی روشنیوں سے متعلق یا ان سے مشابہ ؛ گلابی ؛ گلگلوں۔

aurora australis, n. جنوبی آرورا ؛
جنوبی نصف کرّے کی قطبی روشنی۔

aurora borealis, aurora polaris, n. شمالی آرورا ؛ انوار قطبی ؛
شمالی قطبی روشنیاں یا نورانی شعاعیں : یہ ایک نور افشاں شہابی
منظر ہوتا ہے جس کی تابناکی بدلتی رہتی ہے اور شمالی جانب کی
فضاؤں میں رات کے وقت دکھائی دیتی ہے ، قطب شمالی کے خطے میں
اس کی جھال آگینی سب سے زیادہ ہوتی ہے ، اسے برقی الاصل سمجھا
جاتا ہے۔

aurous, a. (کیمیا) طلائی ؛ سونے کا ؛
سونے کا یا سونا لیے ہوئے (خصوصاً اپنی کیمیائی یک گرفتگی میں)۔

aurum, n. سونا (مخفف Au)؛زر ؛ طلا۔

auscultate, v.t.,v.i. (طب) صدری سماعت کرنا ؛
آلہ سماع الصدر کے ذریعے سینے یا پیٹ کی آوازیں سُن کر تشخیص
کرنا۔

auscultation, n. (طب) سماع الصدر ؛ استماع الصدر ؛
صدا شناسی ؛ بدن کے اندرونی اعضا خصوصاً چھاتی کی کیفیت شناسی
کا ایک طریقہ ، یہ کام یا تو کان لگا کر اٹھتی ہوئی آوازوں کی جانچ
سے یا آلہ سماع الصدر (اسٹیتھسکوپ) کے ذریعے کیا جاتا ہے۔

auscultator, n. آلہ سماع الصدر ؛ سامع الصدر (ڈاکٹر)۔

auscultatory, a. سماع الصدری۔

auspice, n. تطّیر ؛ پرندوں سے فال نکالنا ؛
کسی قسم کا شگون یا کوئی علامت (نیک و بد کے بارے میں) ؛ جمع
کی صورت میں بمعنی سہارا ؛ حفاظت یا موزوں اثر ؛ سعد ؛ حمایت ؛
سرپرستی۔

auspicious, a. نیک شگون ؛ کامیابی کے
آثار لیے ہوئے ؛ ساز گار ؛ آسودہ حال ؛ خوش ؛ سعید ؛ موافق ؛ نیک
(ساعت) ؛ شُبھ (گھڑی) ؛ مبارک ؛ طالع ؛ نیک فال۔

austenite, n. [ماہر فلزیات سر رابرٹ آسٹن کے نام پر]
(فلزیات) آسٹینائٹ ؛ آئرن کاربائڈ کا محلول یا گیما آئرن میں پایا جانے
والا کچا فولاد ؛ لوہے کی وہ بہروپی صورت، جو بہت زیادہ درجہ حرارت
پر بھی قائم رہتی ہے ؛ کاربن اسٹیل بنانے میں بنیادی تعمیری مادے کے
طور پر استعمال ہونے والا گیما آئرن۔

austere, a. درشت ؛ کسیلا ؛ تُرش ذائقہ ؛
شدید ؛ سنگین ؛ متین ؛ حد سے زیادہ سادہ ؛ محدود ؛ بے لچک ؛ کٹرّ ؛
پُر مشقت ؛ سخت ؛ تند ؛ تیز۔

austerity, n. درشتی ؛ سادگی ؛ کفایت شعاری ؛
تندہی ؛ شدت ؛ مشقت ؛ سختی ؛ کٹر پن۔

austral, a. جنوبی ؛جنوب میں موجود یا واقع ؛ دکنی۔

Australasian, a. آسٹریلیشیا کا یا اس سے متعلق ؛
بحرالکاہل اور ملحقہ سمندروں کے خطوں کی ایک قسمت جو
آسٹریلیا ، پاپوآ ، تسمانیہ ، نیوزی لینڈ اور نواحی جزیروں پر مشتمل ہے۔
(اسم) اس خطے کا باشندہ۔

Australian, a. آسٹریلیائی ، آسٹریلوی ،
آسٹریلیا سے متعلق ؛ آسٹریلیا کے لوگوں ، زبانوں اور ثقافت کے متعلق
جو ایشیا کے جنوب مشرق میں بحر ہند اور بحر الکاہل کے درمیان واقع
ایک براعظم کا نام ہے۔ (ارضیات) اس جغرافیائی تقسیم کا جس میں
آسٹریلیا ، نیوگنی ، تسمانیہ ، نیوزی لینڈ ، پولی نیشیا اور ملحقہ جزائر

شامل ہیں ـ (اسم) آسٹریلیا کا باشندہ ؛ آسٹریلیا کے اصلی باشندے یا ان کی بول چال جس میں سو سے زیادہ زبانوں کے عناصر ترکیبی پائے جاتے ہیں ـ

Australian ballot, n. آسٹریلوی رائے شماری ؛ خفیہ رائے شماری ؛ خفیہ ووٹ ڈالنے کا طریقہ یا رواج ، جس میں تمام نامزد امیدواروں کے نام ہوتے ہیں اور یہ مقام رائے شماری پر تقسیم کیے جاتے ہیں ، جن پر اہل رائے دہندگان خفیہ طور پر نشان لگاتے ہیں ـ

australite, n. (ارضیات) آسٹریلائٹ ؛ شہابِ شفاف ؛ طبعی حالت میں پائے جانے والے شیشے کی ایک قسم کا گول سا ڈلا یا ڈھیلا جو آسٹریلیا میں پایا جاتا ہے ، اگرچہ اس کی اصل نامعلوم ہے ـ

Australoid, a. آسٹریلیائی ؛ آسٹریلیا اور جنوبی ایشیا اور جنوبی بحرالکاہل کے اصلی باشندوں پر مشتمل ایک نسلی گروہ کا یا اس سے متعلق ـ

australo-pithecine, n.,a. آسٹریلو پتھے سن ؛ جنوبی بُوزنہ ؛ پلیسٹوسین دور کی ایک معدوم انسانی نسل جس کی دندانی بناوٹ موجودہ انسان کی سی تھی ـ

Australorp, n. [آسٹریلیا اور آرپنگٹن کے نام پر] آسٹریلورپ ؛ سیاہ رنگ کی آسٹریلوی مرغیوں کی زیادہ انڈے دینے والی گھریلو نسل ـ

Austrian, a. آسٹریائی ؛ آسٹروی ؛ وسطی یورپ کے ملک آسٹریا کے لوگوں ، ان کی زبان یا کلچر کا یا ان سے متعلق ـ (اسم) آسٹریا کا رہنے والا ؛ آسٹریا کی جرمن بولی ـ

Austro asiatic, a. جنوبی ایشیائی ؛ جنوبی ایشیا اور پاک و ہند میں کبھی ہر طرف بولی جانے والی زبانوں کے خاندان کا یا اس سے متعلق ـ

Austronesian, a. آسٹرونیشیائی ، آسٹریلیا اور جنوبی ایشیا کی زبانوں کا یا ان سے متعلق جو جزائر بحرالکاہل کے قدیم باشندے بولتے ہیں ـ اسے ملایو پولی نیشی بھی کہتے ہیں (Malayo-Poloynynesian) ـ

autacoid, n. (فعلیات) خود علاجی ؛ خود درمان؛ خود داروُ؛ خون یا لِمف کے نظام میں کسی اور عضو کے ذریعے داخل کیے جانے والا مادہ ، جو جسم میں کسی دوسری جگہ کے نامیاتی عمل کو متاثر کر دیتا ہے ـ

autarchy, n. مطلق العنانی ؛ استبدادیت ؛ غیر آئینی حکومت ـ

autarch, n. مطلق العنان ؛ مستبد ـ

autarky, n. اقتصادی خود کفالت ؛ اقتصادی لحاظ سے خود مختار علاقہ ؛ خود کفیل ـ

autarkic, a. خودمختارانہ ؛ خود کفالت سے متعلق ـ

autecology, n. فردی ماحولیات ؛ ماحول شناسی کی وہ شاخ جو جانداروں کی انفرادی بناوٹ کا مطالعہ کرتی ہے ـ

authentic, a. معتبر ؛ جو جعلی یا جھوٹا نہ ہو ؛ اصلی ؛ مستند ؛ بھروسے کے قابل ؛ حقیقی ؛ جائز ؛ مصدقہ ؛ قابل اعتماد ؛ سندی ؛ معتمد ؛ متحقق ـ

authenticate, v.t. معتبر ٹھہرانا؛ مستند بنا دینا ؛ تصدیق کرنا ؛ کسی ثبوت کے ذریعے مستند بنانا ؛ توثیق کرنا وغیرہ ؛ اصلی یا کھرا قرار دینا ؛ موثق جاننا ؛ معتبر قرار دینا ؛ سچا ٹھہرانا ؛ اثبات کرنا ـ

authentication, n. تصدیق ؛ توثیق ؛ مستند ثابت کرنے کا عمل ؛ مستند ہونے کی ثبوت دہی ـ

authenticity, n. استناد ؛ مستند ہونے کا وصف ؛ کھرا ہونے کا جوہر ؛ کھرا پن ؛ صحت ؛ معتبری ؛ صداقت ـ

authenticator, n. استناد کنندہ ؛ تصدیق کنندہ ؛ مصدِّق ؛ مستند بنانے یا ثابت کرنے والا ؛ مُحقق ؛ مؤثق ـ

author, n. مصنِّف ؛ کسی چیز کا خالق یا وجود میں لانے والا ؛ تخلیق کار ؛ طبع زاد ادب پارے کا لکھاری یا مؤلف ـ (فعل متعدی) کوئی چیز خود لکھنا یا تخلیق کرنا ؛ تصنیف کرنا ؛ تالیف کرنا ـ

authoress, n. مصنّفہ ؛ خاتون مصنف ـ

authoritarian, a. استبدانہ ؛ انفرادی آزادی کے برعکس اصول تحکّم کی حمایت کرتے ہوئے ؛ حکمران کی بے چون و چرا اطاعت کی طرفداری کرتے ہوئے ـ (اسم) تحکم پسند ؛ آمریت پسند ـ

authoritarianism, n. استبدادیت ؛ آمریت پسندی ؛ تحکم پسندی کا نظریہ یا دستور ـ

authoritative, a. مستبد ؛ حاکمانہ ؛ آمرانہ ؛ بااختیار؛ باجواز اختیار لیے ہوئے یا مقتدر صورت میں ؛ معتبر ؛ ظالم ؛ ہمہ مقتدر ؛ سندی یا اسنادی (علم) ـ

authority, n. اقتدار ؛ اختیار ؛حاکم مجاز ؛ سند ؛ ہیئت اقتدار ؛ مقتدرہ ؛ کام کرنے یا حکم دینے کا اختیار و اقتدار ؛ عمل داری ؛ قلمرو ؛ بالا دستی ؛ حاکمیت ؛ تسلط ؛ ایک یا ایک سے زیادہ افراد جن کے ہاتھ میں اقتدار و اختیار ہو ؛ صاحب اختیار ؛ عموماً جمع کی صورت میں (جیسے : the civil authorities)؛حکومت یا حکومتی ادارہ ؛ کسی حقیقت ، رائے ، اقدام وغیرہ کی حمایت میں حوالے کا ماخذ یا کسی شعبے کا ماہر (جیسے .a person's authority for a statement) ؛ کسی جج ، عدالت یا صدرنشین کا فیصلہ ؛ ثبوت ؛ جواز ؛ ثقہ یا ثقاہت (جیسے a work of no authority) ؛ پُراعتمادی ؛ تیقّن (جیسے to speak with authority) ـ

authorization, n. جواز ؛ منظوری ؛ حکم ؛ تفویض ؛ اختیارنامہ ؛ مجازیت ؛ اجازت ؛ جوازیت ـ

authorize, v.t. مجاز ٹھہرانا ؛ جواز دینا ؛ سند یا حوالہ دینا ؛ منظوری اجارہ یا قانونی اختیار دینا ؛ کوئی کام کرنے کا حق دینا ؛ بااختیار کرنا ؛ قانونی (جائز) شکل دینا ؛ کسی سند یا روزمرہ یا قبول عام کے ذریعے مسلّمہ قرار دے دینا (جیسے authorized idiom) ؛ جواز پیدا کرنا ؛ منظوُر کرنا ؛ بجا ثابت کرنا ـ

Authorised Version, n. مصدقہ نسخۂ انجیل ؛ بائیبل کا شاہ جیمز والا مصدّقہ ترجمہ جو ۱۶۱۱ءمیں شائع ہوا تھا ـ

authorship, n. تصنیف و تالیف کا کام ؛ مصنف ہونے کی کیفیت یا خصوصیت ؛ کسی تصنیف کا سرچشمہ ؛ مصنف کا پیشہ ؛ مصنفی ؛ مولفی ـ

autism, n. (نفسیات) خود تسکینی ؛ ناکام تمناؤں اور خواہشوں کی خواب/خیالی پلاؤ کی صورت میں

تسکین ده فراریت ؛ خود فکری ؛ خوش خیالی ؛ خیال بافی ۔

autistic, a. خود فکر ؛ خیال باف ۔

auto, n. آٹو (آٹو موبائیل کا مخفف) ؛ (جزو ترکیبی کے طور پر) خود؛آپ ۔

autobahn, n. آٹوبان ؛ جرمن شاہراہ اعظم ۔

autobiographer, n. تزک نگار ؛ آپ بیتی نویس ؛ خودنوشت نگار ؛ آپ بیتی قلمبند کرنے والا ؛ خود نویس ؛ اپنی سوانح حیات خود لکھنے والا ۔

autobiographical, autobiographic, a. تزک نگارانہ ؛ خودنویسانہ ؛ آپ بیتی پر مشتمل ؛ خود نوشتی ۔

autobiographically, adv. تزک یا آپ بیتی کے انداز میں ؛ خودنوشت کے طور پر ۔

autobiography, n. تزک ؛ آپ بیتی ؛ خودنوشت سوانح حیات ؛ اپنی سوانح حیات جسے خود ہی لکھا گیا ہو ؛ خود نوشت ؛ سرگزشت ۔

autobus, n. دیکھیے: omnibus ۔

autochthon, n. اصلی باشندہ ؛ پراچین ؛ دیسی ؛ مقامی ؛ کسی ملک کے قدیم باشندوں میں سے کوئی ؛ کسی خاص ملک کا اصلی باشندہ ۔

autoclave, n. سربند جوشارہ ؛ مطّہرہ ؛ خود داب جوش دان ؛ پریشر کُکر ؛ جراثیم سے پاک کرنے یا کھانا پکانے کا ایک ہوا بند برتن جس میں بھاپ کے بڑھے ہوئے دباؤ سے کام لیا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) سربند جراثیم کُشی کرنا ؛ سربند جوشارے کو استعمال کرنا ۔

autocracy, n. خودرائی ؛ شخصی حکومت ؛ مطلق العنانی ؛ فردِ واحد کی حاکمیت ؛ بادشاہی ؛ آٹو کریسی ۔

autocrat, n. مطلق العنان ؛ مُستبد ؛ جابر ؛ خود مختار ؛ مطلق العنان حاکم ؛ کسی اور کے تحکم کے بغیر حکومت کرنے والا ؛ لہٰذا ہر وہ شخص جو کسی حوالے سے کسی معاملے میں غیر محدود اختیارات کا مالک ہو یا بن بیٹھے ۔

autocratic, autocratical, a. مطلق العنانی یا شخصی حکومت سے متعلق ؛ مطلق ؛ استبدادی ؛ مطلق العنان ؛ آمر ؛ حکمرانی کے غیر محدود اختیارات کا مالک ۔

autocratically, adv. جابرانہ ؛ مطلق العنانی کے طور پر ؛ مستبدانہ ۔

autocutalysis, خود حملانیت ۔

auto-da-fe, n. رسم تعذیب ؛ ایک عوامی تقریب جو اسپین اور پرتگال میں دیوانِ تفتیش اور ان کے ماتحت اداروں کی جانب سے ان لوگوں کو مصلوب کرنے کے سلسلے میں منعقد ہوتی تھی جو ملحد قرار دیے جاتے تھے ؛ رسم تعزیر ۔

autodidact, n. خود آموز ؛ خود تعلیم یافتہ ۔

autodyne, n. (برقیات) خود حرکتی ؛ ایک مختلف الحرکات سرکٹ جس میں معاون برقی رو ایک ایسے آلے سے پیدا کی جاتی ہے ، جو راست گری کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

autoecious, a. (نباتیات) یک گیر (طفیلیہ) ؛ خوداستوار ؛ ایک ہی میزبان (پودے) پر نمو کے تمام مدارج طے کرنے والا جیسے بعض قسم کی طفیلی فنجائی ۔

autoecism, n. یک گیری ؛ خوداستواریت ۔

autoerotic, a. (نفسیات) خود شہوانی ؛ خود لذتی ؛ خودلذتی کا شکار ۔

autoerotism, n. (نفسیات) خود شہوانیت ، خود لذتیت ؛ اپنی ذات ہی سے اور اپنی ذات ہی میں جنسی تلذّذ حاصل کرنا ، عموماً مشت زنی کے ذریعے ؛ کسی مرئی خارجی مُحرّک کے بغیر جنسی بیداری ؛ ازخود جنسی بیداری ۔

autogamous, a. (نباتیات) خودزواجی ؛ خود بارور ؛ خود زواجی کے ذریعے پیدا شده ۔

autogamy, n. (نباتیات) خود زواجی ؛ خودباروری ؛ کسی پھول کے بیضکوں کا اپنے ہی زرِ گل سے بارور ہو جانا ۔ (دگرزواجی (allogamy) کے برعکس) ۔

autogenesis, autogeny, n. خودزائی ؛ خودزائیدگی ؛ خود زادگی ؛ بدائیت ؛ خودباروری ؛ خود تولیدی ۔

autogenetic, a. خود زائیدگی سے متعلق ؛ بدائیت خلق کا ۔

autogenic, a. خود زا ؛ خود زائیدہ ؛ خود زادہ ۔

autogenous, a. خود زائیدہ ؛ خود زاد ۔

autogiro, autogyro, n. خودگردشی طیارہ ؛ خود دوّار طیّارہ ؛ ایک قسم کا طیارہ ، جس کے پیٹ کے اوپر ایک بغیر طاقت کے گھومنے والا پنکھا لگا ہوتا ہے جس سے طیارہ عمودی طور پر اوپر نیچے ہو سکتا ہے اور جہاز کو اٹھائے رکھتا ہے ، اس کے ساتھ ہی سامنے کی طرف روایتی پنکھا ہوتا ہے جو جہاز کو آگے کی طرف لے جاتا ہے ۔

autograph, n. خودنگارش ؛ آٹو گراف ؛ خودنوشت ؛ دستخط ؛ کسی شخص کی اپنی/ہاتھ کی تحریر ؛ اصل مسودہ یا دستخط ۔

autograph, v.t. خود نگاری کرنا؛ آٹو گراف دینا ؛ اپنے ہاتھ سے لکھنا ؛ اپنے دستخط ثبت کرنا ؛ اصل تحریر یا صورت میں دوبارہ لکھنا ۔

autographic, a. خود نگار ؛ خود نوشتہ ؛ ہاتھ لکھی تحریر کے متعلق ؛ اصل تحریر یا ہیئت کے مطابق ؛ باز نویسی ؛ خود نگار (جیسے کوئی آلہ) ؛ ایسے آلے کا ریکارڈ کردہ ۔

autoharp, n. خود سُرا ؛ ایک بربط نما آلۂ موسیقی جس کے تاروں کے آر پار رکاوٹی سلاخیں ہوتی ہیں،جب ان میں سے کسی ایک کو دبایا جاتا ہے تو کسی مخصوص سُر کے تاروں کے سوا باقی سب تار دب جاتے ہیں ۔

autohypnosis, autohypnotism, n. خود تنویم ؛ اپنے آپ پر تنویمی حالت (نومی کیفیت) آپ طاری کر لینا ۔

autohypnotic, a. خود تنویمی ۔

autoimmune disease n. مرض خود منیع ؛ بیماری جو جسم کے مدافعتی نظام کے اضمحلال سے پیدا ہوتی ہے اور جس میں مدافعتی نظام اپنے ہی اعضائے جسم پر اثر انداز ہوتا ہے ۔

auto-infection, n. (امراضیات) خود تعدیہ ؛ ذاتی چھوت ؛ جسم انسانی کے اندر ہی کسی روگ کا شکار ہو جانا ۔

auto-inoculation, n. (امراضیات) خود جُدرین ؛ خود تلقیح ؛ کسی صحت مند حصۂ جسم کو اپنے ہی بیمار حصۂ جسم

کی طرف لاتا ہے ؛ وہ برقیاتی نظام جو طیارے کو مقررہ راستے پر از خود متوازن اور رواں رکھتا ہے ۔

automation, n.
خود کار سازی ؛ کسی صنعتی مشین ، عمل یا نظام کو خودکار بنانے کی تکنیک ؛ مختلف نظاموں یا عملوں کو قابو میں رکھنے والے برقیاتی آلات ۔

automatism, n.
خودکار پذیری ؛ غیر شعوری عمل ؛ از خود کاری ۔ (فلسفہ) قسریت ؛ انسانی حرکات کو غیر شعوری سمجھنے کا نظریہ (یہ خیال کہ اعمال انسانی میں شعور بے اختیار ہے) ۔ (فعلیات) غیر ارادی حرکت ؛ شعوری عصبی تحریک کے بغیر کسی عضو یا عضوی عمل کا غیر ارادی وظیفہ (جیسے دل کا) ۔ (نفسیات) غیر ارادیت ؛ شعوری ارادے کے بغیر مصروف عمل رہنے کی صورت جیسے سوتے میں چلنا ؛ وہ نظریہ (خصوصاً مصوری میں) جو ذہن کو کسی کنٹرول یا قدغن کے بغیر تصورات کی صورت میں اظہار کرنے دیتا ہے ؛ نظریہ بے قدغنی ؛ سررئیلزم ۔

automatization, n.
خودکار سازی ؛ خود کاری ۔

automatize, v.t.
خود کار بنانا ۔

automaton, n.
خود حرکی ؛ وہ جو خود کار ہو ؛ کوئی خود کار مشین ؛ جانداروں کی ارادی یا اختیاری حرکات کی نقل کرنے والی کَل یا مشین ؛ روبوٹ ؛ مشینی آدمی ؛ میکانیکی طریقے سے کام کرنے والا کوئی شخص ۔

automobile, a.
خود حرکی ؛ از خودحرکت پذیر ؛ خود متحرک ۔

automobile, n.
آٹو موبائل ؛ خود حرکی گاڑی ؛ چار پہیوں والی گاڑی (خصوصاً موٹر کار ؛ بس ؛ ٹرک وغیرہ) ۔

automotive, a.
خود متحرک؛ خود حرکی ؛ خود حرکت ؛ گاڑی کی طرح خود اپنی تحّرکی قوت سے چلنے والا ۔

autonetics, n.
خودکاریات ؛ وہ علم جس میں خودکار انضباطی نظاموں کا مطالعہ کیا جاتا ہے ۔

autonomic, a.
خود مختاری کا یا اس سے متعلق، از خود ؛ بلا کراہ ؛ بے ساختہ ؛ بے ارادہ محوِ کار (جیسے افعالِ اضطراری) ؛ خود کار نظام عصبی کا یا اس سے متعلق ؛ آزاد ۔

autonomic nervous system, n.
(فعلیات) خود کار عصبی نظام ؛ عصبی نظام کا وہ حصہ جو ظروفِ دموی ، دل ، احشا (Viscera) ، عام عضلات اور غدودوں کو کار آمادہ رکھتا ہے اور غیر ارادی عمل میں باقاعدگی پیدا کرتا ہے ۔

autonomist, n.
خود مختاری پسند ؛ خودمختاری کا حامی ؛ سوراج وادی ۔

autonomous, a.
خود مختار ؛ خود آئینی ؛ ناپابند ؛ نامحکوم ؛ آزاد ؛ صرف اپنے ہی قوانین کا پابند ؛ خود مختاری سے متعلق ۔ (حیاتیات) محض نامیے یا اس کی کسی حالت کی بجائے ایک خود مختار نامیے کی صورت میں موجود ۔ (نباتیات) خود بخود ؛ غیر شعوری ؛ خودرو ۔

autonomy, n.
خودمختاری ؛ سوراج ؛ خودآئینی ؛ حق خود اختیاری ؛ آزادی ؛ کوئی خود مختار فرقہ یا گروہ ۔

autophyte, n.
(نباتیات) خودپرور ؛ بنیادی غیر نامی مادے سے اپنی خوراک پیدا کرنے والا پودا ۔

کے وائرس کا ٹیکہ لگانا ۔

autointoxication, n.
(امراضیات) خود مسمومی ؛ ذاتی تسمُّم ؛ اپنے ہی جسم کے اندرونی زہریلے مادوں سے مسموم ہو جانا؛ خود سمیّتی ۔

autokinesis, n.
حرکتِ ارادی ؛ خود حرکتی ؛ ارادی یا اضطراری حرکت ۔

autokinetic, a.
خود کار ؛ خود حرکت ؛ ارادی متحرک ۔

autokinetic illusion, n.
حرکت التباسی ؛ کسی ساکن شے یا روشنی کا نظر میں جما کر دیکھنے سے متحرک معلوم ہونا ۔ (illusion کی جگہ effect بھی لگا لیتے ہیں) ۔

autologous, a.
خود پیوندی ؛ اپنے ہی جسم میں پیوند کیا گیا یا لگایا گیا (جیسے an autologous transplant) ۔

autolysate, n.
(حیاتی کیمیا) خود پاشیدہ ۔

autolysin, n.
(حیاتی کیمیا) خود پاشندہ ؛ خود پاشی کرنے والا عامل ۔

autolysis, n.
(فعلیات) خود پاشی ؛ کسی بافت کے خلیوں میں خمیر پیدا ہونے سے تحلیل یا انتشار ۔

automacily, n.
خود روانی ۔

automat, n.
خود کار مشین ؛ کوئی خود کار مشین جس میں سکّے یا مناسب ٹوکن ڈالنے پر کھانے کی چیزیں خود بخود باہر آ جاتی ہیں ؛ ایسی مشینیں استعمال کرنے والا ریستوران ۔

automate, v.t.
خودکاری کے ذریعے کنٹرول کرنا ؛ خودکاری کی طرف لے آنا ؛ خود کار بنا دینا ۔(فعل لازم) خود کار ہو جانا ؛ خود کار کر لینا ۔

automatic, a.
خود کار ؛ غیر ارادی ؛ قسری ؛ قبل مغلوب یا غیر ارادی یا اضطراری طور پر ؛ اچانک ؛ خود عنان ؛ خود کاری کے انداز میں ؛ از خود ۔ (فعلیات) ارادے کے بغیر متحرک (جیسے کہ بعض عضلاتی حرکات) ؛ اسلحے میں خالی کارتوس باہر پھینکنے اور نئے داخل کرنے کے لیے بازجست قوت استعمال کرتے ہوئے ۔ (میکانیات) انسانی کنٹرول کے بغیر از خود کام کرنے والی(کوئی مشین)؛ خود کار(مشین)۔

automatically, adv.
خود کارانہ طریقہ سے ؛ از خود ؛ خودبخود ۔

automatic, n.
خودکار کل پرزہ وغیرہ ؛ خودکار اسلحہ ۔

automaticity, n.
خودکاریت ؛ خود کار ہونے کی حالت ۔

automatic computer, n.
خودکار کمپیوٹر ؛ جو مختلف عمل مناسب وقفے سے ازخود انجام دے ۔

automatic control, n.
خودکار کنٹرول ؛ قسری کنٹرول ؛ از خود قابو؛ برقیاتی یا دیگر خود کار ذرائع سے ، خلائی جہازوں سمیت ، مختلف آلات کا کنٹرول ۔

automatic gun, n.
خودکار بندوق؛ بندوق ، پستول یا کوئی آتشیں اسلحہ جو پہلے فائر کے بعد متواتر چلتا رہتا ہے ۔

automatic pilot, n.
(طیرانیات) خود کار طیارہ ران ؛ خود کار پائلٹ ؛ وہ آلہ جو خود بخود کسی ہوائی جہاز یا کسی ہوائی گاڑی کے طولاً غوطے یا قلابازی یا ہچکولے کی صورت میں اسے توازن

autopilot, n. خود کار جہاز ران ؛ ایک قسم کا آٹو میٹک پائلٹ ؛ خود کار پائلٹ ۔

autoplasty, n. (جرّاحی) خود رفو گری ؛ کسی ضرر یا زخم کی صورت میں مریض ہی کے جسم سے کوئی بافت لے کر پیوند لگانا یا رفو کرنا ۔

autopsy, n. لاش کا طبی معائنہ ؛ پوسٹ مارٹم ؛ موت کے بعد بدن کی چیر پھاڑ اور معائنہ (موت کا سبب معلوم کرنے کے لیے) ۔

autopsic, autopsical, a. طبی معائنے کا ؛ پوسٹ مارٹم کا ۔

autopsically, adv. پوسٹ مارٹم کے انداز میں یا کے طور پر ۔

autoradiograph, n. خود شعاع نگار ؛ کوئی تصویر یا عکس جسے کسی فوٹو گرافی کی فلم یا پلیٹ پر اتارا گیا ہو اور جس سے اس فلم کے ساتھ ملا کر رکھے گئے مادے میں موجود تابکار مواد کی موجودگی کا پتہ چلتا ہو ، اسے ریڈیو آٹو گراف بھی کہتے ہیں ۔

autosexing, a. (حیاتیات) خود تجنیسی ؛ پیدائش کے وقت ہی یا بیضے سے نکلتے ہی جنسی امتیاز ظاہر کرنے والا ۔

autosomal, a. (جینیات) خودلونی ؛ آٹوسوم کا یا اس سے متعلق ۔

autosome, n. (جینیات) خودلونیہ ؛ آٹوسوم ؛ کوئی لونیہ جو جنسی لونیہ نہیں ہوتا ۔

autosuggestion, n. (نفسیات) خود تلقینی ؛ داخلی توجہ سے ایسے خیالات کا ذہن میں آنا جن سے حقیقی و طبعی اثرات مرتب ہوں ۔

autotelic, a. (فلسفہ) خودغایتی ؛ خود مقصدی ؛ وجود کے لیے غیر منطقی تحت الشعوری جبلت رکھنے والا ۔

autotomize, v.t. (حیوانیات) خود تراش ہونا ؛ اس تجربے سے گزرنا ۔ (فعل متعدی) خود تراشی کرنا ۔

autotomy, n. (حیوانیات) خود تراشی ؛ جسم کے تباہ شدہ یا شکنجے میں آئے ہوئے عضو کو اضطراری طور پر علیحدہ کر دینے یا ہو جانے کا عمل (جیسے چھپکلی کی دُم یا کیکڑے کا پنجہ)؛ خود کردہ جرّاحی ؛ بتْرِ ذاتی ۔

autotoxemia, n خود سمیّتی ؛ خود مسمومی ؛ خود خماری ۔

autotoxin, n. (امراضیات) خود سمیہ ؛ جسم میں از خود پیدا ہو جانے والا کوئی زہریلا مواد یا سمیہ جو جسم کے خلاف محوِ کار ہو ۔

autotransformer, n. (برق) از خود بدل گر ؛ آٹو ٹرانسفارمر ؛ وہ ٹرانسفارمر جس میں ابتدائی اور ثانوی لچھوں (کوائل) کو ادل بدل کر استعمال کیا جا سکتا ہے ۔

auto transplant, n. (جراحی) خود پیوندی ؛ ایک ہی بدن کے کسی حصے سے لے کر کسی اور جگہ پیوند کردہ بافت ۔

autotroph, n. (حیاتیات) خود تغذیہ ؛ وہ خُرد نامیہ جو کاربن ڈائی آکسائڈ ہی سے کاربن پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو ؛ کوئی خود پرور نامیہ ۔

autotrophic, a. (حیاتیات) خود تغذیائی ؛ خود پرور ؛ وہ جسے اپنی غذا تیار کرنے کے لیے صرف غیر نامی مواد ہی کی ضرورت ہو (جیسا کہ بعض پودوں اور بکٹیریا وغیرہ میں ہوتا ہے) ۔

autotruck, n. آٹو ٹرک ؛ ٹرک ۔

autotype, n. خود عکسی طباعت ؛ عکاسی کا ایک طریقہ جس میں کاربن کا رنگ استعمال کیا جاتا ہے ؛ اس طریقے سے تیار شدہ تصویر ۔

autumn, fall, n. خزاں ؛ پت جھڑ ؛ سال کا تیسرا موسم ؛ گرمی اور سردی کے درمیان کا موسم جو تقریباً ۲۲ ستمبر سے شروع ہوتا ہے اور ۲۱ دسمبر تک رہتا ہے ؛ خریف ؛ بعدِ شباب ؛ ڈھلتی عمر ۔

autumnal, a. خزانی ؛ خریفی ؛ ڈھلتی عمر کا ؛ پت جھڑ کے موسم سے متعلق ؛ موسم خزاں کا پیدا کردہ ؛ خزاں میں اکٹھا کیا گیا ۔ (مجازاً) ڈھلتی عمر کے دور سے متعلق ۔

autumnal equinox, n. اعتدالِ خزانی ؛ اعتدال خریفی ؛ وہ وقت جب گرمیوں کے بعد دن اور رات کی طوالت برابر ہو جاتی ہے (۲۲ ستمبر) ۔

autumn crocus, n. (نباتیات) سورنجان خریفی ؛ جنس سورنجان کے خزاں میں کھلنے والے سوسنی پودوں میں سے کوئی ایک : ان کے پھول سفید ، ارغوانی یا ہلکے گلابی ہوتے ہیں ۔

autunite, n. آٹیونائٹ ؛ ایک ہلکا زرد فلوری قلمی معدن ، جو تقریباً چوکور صورت میں پایا جاتا ہے ۔

auxesis, n. (حیاتیات) ازدیادیہ ؛ خصوصاً وہ جو کسی خلیے کے حجم میں اضافے کے باعث ہو ۔

auxiliary, a. ذیلی ؛ امدادی؛ مددگار ؛ سہارا دیتا ہوا ؛ اضافی ؛ معاون ؛ مُمِدّ ؛ مؤید ؛ ضمیمے کے طور پر ؛ کمک کا کام دیتا ہوا ۔ (اسم) مددگار یا معاون ؛ عہد ؛ کسی دیگر تنظیم کے ماتحت کوئی گروہ ۔ (عموماً جمع) اتّحادی (جنگ وغیرہ میں) ؛ کوئی مال بردار جہاز وغیرہ (بمقابلہ جنگی طیارے کے) (جیسے یو ایس نیوی میں naval auxiliary) ؛ کوئی بادبانی جہاز جس میں توانائی بھی اضافی طور پر موجود ہو ۔ (گرامر) امدادی فعل do, may be, will, have وغیرہ کے سے الفاظ جو زمانہ ، صیغہ ، حالتِ فعل اور صورت فعل کو ظاہر کرتے ہوں اور فعل کی پہلی یا تیسری صورت کے ساتھ لگائے جاتے ہوں ؛ معاونِ فعل ۔ (ریاضی) امدادی ؛ کوئی مقدار جو کسی عمل کو آسان کرنے کے لیے شامل کی جائے ۔

auxiliary landing gear, n. امدادی اتار پہیے ؛ ہوائی جہاز کے اُتار پہیوں کا وہ حصہ جس سے جہاز کو زمین پر استوار رکھا جاتا ہے (جیسے بیرونی پہیے) لیکن جو جہاز کا پورا بوجھ نہیں اٹھاتے ۔

auxiliary power unit, n. امدادی توانائی یونٹ : جسے طیارے وغیرہ میں بوقت ضرورت استعمال کے لیے ساتھ رکھا جاتا ہے ۔

auxin, n. نمُوِیّن ؛ ایک مادہ یا ہارمون جس سے پودے خصوصاً اس کی جڑوں ، کلیوں اور پھلوں وغیرہ کی نشوونما میں باقاعدگی آ جاتی ہے ۔

avail, v.t. مدد دینا ؛ فائدہ پہنچانا ؛

نفع رسانی کرنا ؛ کام میں لانا ؛ فائدہ اٹھانا ؛ مستفید ہونا ؛ کارآمد ہونا ۔
(فعل لازم) کام کا ، مفاد کا یا بھلے کا ہونا ؛ کسی کام آنا ؛ کام کے لائق
ہونا ؛ مفید ہونا ؛ سود مند ہونا ؛ پھل دینا ۔ (اسم) اپنے مقصد کی تکمیل
میں مؤثر استعمال ؛ کام ؛ پھل ؛ فائدہ ؛ حصول ؛ مدد ؛ دسترس ۔

avail oneself of,
کسی کو اپنے ڈھب پر لے آنا ؛
کسی سے فائدہ اٹھانا ؛ مستفید ہونا ۔

availability, n.
دستیابی ؛ حصول یا قابل حصول
ہونے کی حالت ؛ جواز ؛ کوئی دستیاب شے یا شخص ؛ موجودگی ۔

available, a.
دستیاب ؛ قابل حصول ؛
قابل استعمال ؛ قابلِ رسائی ؛ اثر انگیز ؛ میّسر ؛ مفید مطلب ؛ موجود ۔

avalanche, n.
برفشار ؛ برف ، یخ ، چٹان یا
زمین کا بہت بڑا تودہ جو کسی پہاڑ سے یا کسی ڈھلوان بلندی سے نیچے
کو پھسل رہا ہو ۔

avalanche, n.
(طبیعیات ، کیمیا) وہ جمع آوری
عمل جس میں برقی میدان سے حرکت پذیر باردار ذرات کسی معتدل
گیس کے سالموں یا ایٹموں سے ٹکرا کر مزید باردار ذرات پیدا کرتے
ہیں ۔

avalanche, v.i.
برفشار ہونا ؛ کسی
برفشار میں پھنس کر یا اس کی مانند نیچے کو آنا ۔

avant-garde, n., a.
پیش رو ؛ پہل کار ؛
کسی بھی میدان میں اختراعی پیش قدمی کرنے والے لوگ بالخصوص
فن کار یا ادیب جو غیر تقلیدی یا انقلابی تصورات یا اسالیب سے کام
لینے میں پہل کرتے ہیں ۔ (عسکری) ہراول ۔

avarice, n.
حرص ؛ طمع ؛ لالچ ؛ آز ؛
دولت کے حصول اور قبضے کی انتہائی خواہش ؛ تکاثر ؛ لوبھ ۔

avaricious, a.
حریص ؛ کنجوس ؛
تکاثر دوست ؛ طامع ؛ لالچی ، لوبھی ۔

avariciously, adv.
حریصانہ ؛ لالچ کے انداز میں ۔

avariciousness, n.
حریص یا لالچی ہونے کی کیفیت ۔

avast, interj.
(جہاز رانی) روکو! ٹھہرو ! !
سفر کی حالت میں رکنے ، ٹھہرنے یا تھم جانے کا حکم ؛ کبھی کبھی عام
بول چال میں انہی معنوں میں اور بغیر کسی بحری حوالے کے بھی بولا
جاتا ہے ۔

avatar, n.
اوتار ؛ مظہر ۔

ave, interj.
[Ave Maria کا اختصار بمعنی دعا]
خوش آمدید ؛ خدا حافظ ؛ خدا فضل کرے ۔

avellan, a.
[اٹلی کے قدیم شہر ابیلا کے نام پر]
(نقابت) اویلی ؛ اس صلیب کی صورت کا جس کے بازو بندق (اخروٹ)
کے سے ہوتے ہیں ۔

Ave Maria, n.
[''خدا کی رحمت'' حضرت مریم
کے لیے حضرت جبرائیل کے پہلے الفاظ] رومن کیتھولک کلیساؤں میں
حضرت مریم کی منقبت ؛ اس دعا کو انگریزی میں Hail Mary کہا جاتا
ہے جو لاطینی ترکیب Ave Maria کا ترجمہ ہے ۔ اسے وظیفے اور بعض
دیگر عبادات کے وقت بھی پڑھا جاتا ہے ۔

avenge, v.t.,v.i.
بدلہ لینا ؛ انتقام لینا ؛
کسی غلط کار کو بدی یا دکھ پہنچا کر بدلہ لینا ؛ پاداش یا مکافات
لینا ؛ بدلہ چکانا ؛ سزا دینا (کسی کے نقصان پہنچانے پر) ؛ کسی موذی
کو سزا یا دکھ دے کر تسکین پانا ۔

avenger, n.
منتقم ؛ بدلہ جُو ۔

avens, n.
جئی ؛ جنس شب بُو کی
خودرو متعدد انواع کا نام ، ان کے پھول سرخ ، زرد اور سفید ہوتے
ہیں ۔

aventurine, aventurin, n.
سنگ دلربا ؛ حجر البرق ؛
نقلی ہیرا ؛ بناوٹی جواہرات جو شیشے ، تانبے کے آکسائیڈ اور لوہے کے
آکسائیڈ سے تیار کیے جاتے ہیں ؛ ایک مرکب جو اتفاقی طور پر دریافت
ہو گیا تھا ؛ کوئی معدن خصوصاً فلسپار (حجر الشمس) یا سنگِ مردہ ؛
اِس میں ابرق ، کچے لوہے اور بعض دیگر معدنیات کے ریزے ہوتے
ہیں ۔

avenue, n.
خیابان ؛ گزرگاہ ؛ راستہ ؛
داخل ہونے کے لیے کوئی راہ ؛ کوئی کُھلا یا سیدھا راستہ یا گلی ؛کوچہ
یا روش (خیابان) جس کے دونوں طرف درخت ہوں ؛ سایہ دار راستہ ۔
(مجازاً) ذرائع رسائی اور وسائلِ حصول ۔

aver, v.t.
اعتماد کے ساتھ ادعا کرنا ۔
مثبت یا قطعی انداز میں اعلان کرنا ؛ تحکمانہ لہجے میں کہنا ؛ وثوق
سے کہنا ؛ حتمی طور پر کہنا ۔

average, n.
اوسط ؛ درمیانی ؛ بیچ کا ؛
برابر کا پڑتا ؛ کوئی رقم یا مقدار جو مختلف رقموں یا مقداروں کی تعداد
کے وسط میں ہو ؛ درمیانی یا وسطی رقم ؛ متعدد مختلف صورتوں کا
مقابلہ کر کے اس کی بنیاد پر لگایا گیا عام اندازہ یا تخمینہ ؛ درمیانہ ۔
(بحری قانون) وہ امدادی رقم جو کسی جہاز پر لادے گئے مال و اسباب
کے مالکان کو ادا کرنا پڑتی ہے ۔

average, v.t.
اوسط نکالنا ؛ اوسط کے طور پر لینا ؛ اوسطانا ۔
(فعل لازم) تمسّکات کو خریدنا یا بیچنا (اپنی مملوکات کا موافق اوسط
برقرار رکھنے کے لیے) ؛ اوسط لانا ۔

average, a.
اوسط ؛ متوسط ؛ درمیانہ ؛
اوسط تناسب یا وصف کو ظاہر کرتا ہوا ؛ اوسط دیتا ہوا ؛ جو انتہائی نہ
ہو ؛ معمولی ؛ معمول کے خصائص لیے ہوئے ؛ اوسط کے اصولوں کے
مطابق ؛ تخمین شدہ ؛ اوسط درجہ کا ۔

average deviation, n.
(شماریات) اوسط انحراف ؛
انحرافات کا وہ اوسطاً حسابی وسط جو کسی مقررہ قدر سے بلالحاظ
علامت لیا گیا ہو ، عموماً اعداد و شمار کا حسابی وسط ۔

averment, n.
ادعا ؛ اثبات ؛ توثیق ؛
اقرار ؛ قطعی اعلان ؛ دعویٰ ؛ ثبوتِ دعوی ؛ حتمی بیان ؛ اظہار ۔

averse, a.
رُوگردان ؛ خلاف ؛ ناپسندیدگی کا
احساس لیے ہوئے ؛ پھرا ہوا ؛ نارضامند ؛ کراہت آمیز (اب بعد میں to
ضرور لگایا جاتا ہے) ؛ مخالف ؛ برعکس ؛ احساس کراہت لیے ہوئے ؛
نقیض ۔

aversion, n.
روگردانی ؛ مخالفت یا کراہت ؛
ناپسندیدگی ؛ نارغبتی ؛ عدم میلان ؛ ہچکچاہٹ ؛ نفرت (کبھی کبھی
بعد میں to لگاتے ہیں) ؛ اختلاف ۔

avert, v.t.
موڑ دینا ؛ رُخ کسی اور طرف
کرنا یا پھیرنا ؛ ٹالنا ؛ دفع کرنا ؛ ہٹانا ؛ پھرا دینا (نگاہوں کو ، مصیبت

کو) ؛ بُرے راستے پر ڈال دینا ؛ پلٹا دینا ؛ روک دینا ؛ نظر اتارنا ؛ نظر جھاڑنا ۔

Aves, n. (حیوانیات) طیّور ؛ پرندے ؛
ریڑھ دار جانداروں کی وہ قسم جو پرندوں پر مشتمل ہے ۔

avgas, n. (ہوابازی؛عوامی) طیاروں میں استعمال ہونے والا پٹرول ۔

avian, a. طیوری ؛ پرندوں سے متعلق ۔

aviarist, n. چڑی پال ؛ پرند پال ؛ چڑی باز ؛
صیّاد ؛ طیور شناس ۔

aviary, n. چڑیا خانہ ؛ طیور خانہ ؛
پرند گھر ؛ وہ عمارت یا احاطہ جس میں پرندے پالے پوسے جاتے ہیں اور ان کی نسل افزائی کی جاتی ہے ۔

aviate, v.i. ہوابازی کرنا ؛ ہوا نوردی کرنا ؛
طیارہ اڑانا ؛ طیارہ چلانا ؛ طیارہ رانی کرنا ۔

aviation, n. ہوا بازی ؛ ہوا نوردی ؛
ہوا سے زیادہ وزنی مشینوں کو فضا میں اڑانا ؛ کوئی عسکری طیارہ ؛ طیران ، طیارہ سازی اور اس کا ڈیزائن ۔

aviator, n. ہوا باز ؛ ہوا نورد ؛پائلٹ ؛
طیارچی ؛ طیارہ ران ۔

aviatrix, n. خاتون ہوا باز/ہوا نورد ۔

aviculture, n. طیور پروری ؛ پرند پروری ؛
پرندوں کی افزایش نسل اور پرورش ۔

avid, a. مُشتاق ؛ پرجوش ؛ شوقین ؛
آرزو مند ؛ متمنّی ؛ راغب ؛ لالچی ؛ حریص (for کے ساتھ) ۔

avidin, n. (حیاتی کیمیا) طیورین ؛ ایک لحمیہ
جو انڈوں کی سفیدی میں ہوتا ہے اور حیاتین ح (بائیوٹین) کو معتدل کر دیتا ہے ۔

avidity, n. حرص ؛ طمع ؛ لالچ ؛ ہوکا ؛
شوق ؛ تمنا ؛ شغف ؛ اشتیاق ؛ شدّتِ آرزو ؛ رغبت ۔

avifauna, n. طیور نامہ ؛ طیوری خطہ ؛ طیوری عہد ؛
کسی عہد یا علاقے کے پرندوں کا اجتماعی نام ۔

avigation, n. ہوائی جہاز رانی ؛ فضائی پرواز ۔

avionic, a. طیر برقیاتی ۔

avionics, n. طیر برقیات ؛ ایسے برقیاتی اور برقی آلات کی ایجاد اور ان کا استعمال جو ہوائی جہازوں ، میزائلوں اور خلائی گاڑیوں میں کام دیتے ہیں ؛ اس میدان میں ترقی دادہ آلات اور نظامات ۔

avirulent, a. (امراضیات) نامسموم ؛ ناروگ آور ؛
زہر آلودگی سے پاک ۔

avitaminosis, n. قلتِ حیاتین ؛ حیاتینی کمی سے
پیدا ہونے والی بیماری ۔

avocado, n. مگر ناشپاتی ؛ جنس غار کے
چھوٹے سے درخت کا گہرا سبز یا ارغوانی خوردنی پھل : یہ امریکا کے حاری خطّے اور غرب الہند میں عام پایا جاتا ہے ؛ ایووکیدو درخت (اسے alligator Pear بھی کہا جاتا ہے) ۔

avocation, n. دھندا ؛ مشغلہ ؛ شغل ؛ کام ؛ پیشہ ؛
فارغ وقت کے لیے اختیار کیا گیا کوئی مشغلہ یا حرفت ؛ کسی شخص کا روزمرہ کا کاروبار یا پیشہ ؛ انعطافِ توجہ یا رُخ ۔

avocet, n. دیکھیے : Avoset ۔

avoid, v.t. (قانون) باطل کر دینا ؛ کالعدم
کر دینا ؛ حذر کرنا ؛ پہلو تہی کرنا ؛ ٹال مٹول کرنا ؛ سے پرے پرے رہنا ؛ کترانا ؛ پرہیز کرنا ؛ گریز کرنا ؛ بچ کے رہنا ؛ کنارہ کرنا ؛ اجتناب کرنا ؛ احتراز کرنا (خرج ، خطرے ، بُری صحبت وغیرہ سے) ۔

avoidable, a. قابلِ گریز ؛ قابلِ اجتناب ؛
قابلِ احتراز ؛ ابطال پذیر ؛ کالعدم قرار دینے کے قابل ؛ قابلِ حذر وغیرہ ۔

avoidance, n. اجتناب ؛ احتراز ؛ پرہیز ؛
کالعدم وغیرہ کر دینے کا عمل ؛ ٹال مٹول ؛ پرہیز کرنے یا گریز کرنے کا عمل ؛ کنارہ کشی ؛ حذر ۔

avoir-du-pois, n. تجارتی پونڈ ؛ وزن تول کا
ایک نظام جس میں ایک پونڈ کے سولہ اونس ہوتے ہیں اور اونس سولہ ڈرام کا ہوتا ہے (بمقابلہ ٹرائے نظام کے جس میں صرف بارہ اونس ہوتے ہیں) ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا میں عام اجناس کے وزن تول میں کام آنے والا نظام ۔

avoset, avocet, n. ابونحت ؛ لم ڈھینگ ؛ لق لق ؛
لمبی ٹانگوں والا پرندہ ، جس کے سیاہ سفید ملے جلے پر اور آگے سے خمیدہ طویل پتلی چونچ ہوتی ہے ۔

avouch, v.t. ڈنکے کی چوٹ کہنا ؛ کھلے بندوں
توثیق کرنا یا حمایت میں کہنا ؛ عہد کرنا ؛ ذمہ داری لینا ؛ تائید کرنا ، ثابت کر دینا ؛ با جواز ٹھہرانا (کسی بیان وغیرہ کو) ؛ اقرار کرنا ؛ ضمانت دینا ؛ ثبوت مہیا کرنا ؛ اقبال کرنا ؛ ادعا کرنا ۔

avow, v.t. (حق ، جواز یا دفاع کے لیے جذبات
وغیرہ کا) کھلے بندوں اظہار کرنا ؛ اعتراف کرنا ؛ تسلیم کرنا؛ اپنے سر ڈال لینا ؛ واشگاف الفاظ میں کہنا ؛ بیان کرنا ؛ کہنا ؛ اظہار کرنا ۔

avower, n. اعتراف وغیرہ کرنے والا ؛
معترف ؛ تسلیم کر لینے والا ؛ علی الاعلان کہنے والا ۔

avowal, a. اعتراف ؛ کُھلا اعلان ؛
قول ؛ بیان ؛ اظہار ؛ اقرار ۔

avowed, a. واضح ؛ واشگاف ؛ صاف ؛
اعلانیہ ؛ مُسلّمہ ؛ کُھلّم کُھلاّ ۔

avowedly, adv. واشگاف انداز سے ؛ کُھلّم کُھلاّ
انداز سے ؛ غیر مبہم طور سے ؛ برملا ؛ علی الاعلان ؛ کُھلے بندوں ۔

avulse, v.t. طاقت سے یا بزور
الگ کرنا (جیسے کسی زخمی جگہ سے گوشت کو) ؛ اکھیڑنا ؛ نوچنا ۔

avulsion, n. بزور علیحدگی ، قلع ؛ انقطاع ؛
اُکھاڑ ؛ بُردگی ۔ (قانون) قلع زمین ؛ دریا بردگی ؛ سیلاب بردگی ؛ دریا بُرد زمین ۔

avuncular, a. چچا ، ماموں ، پھوپھا ،
خالو کا یا ان سے متعلق (چچیرا وغیرہ) ۔

await, v.t., v.i. انتظار کرنا ؛ انتظار میں ہونا ؛
چشم براہ ہونا ؛ توقع لیے ہونا ؛ کسی کے لیے تیار ہونا ؛ مستعد ہونا ؛ راہ دیکھنا ؛ راستہ دیکھنا ؛ منتظر رہنا ؛ آسرا کرنا ۔

awake, a. بیدار ؛ چوکنّا ؛ چوکس ؛

اقدامی حالت میں ؛ مستعد ؛ ہوشیار ؛ جاگتا ۔

awake, v.t. بیدار کرنا ؛ نیند سے جگانا ؛ نیند کی سی حالت سے بیدار کرنا ؛ عمل آمادہ کرنا ؛ آگاہ کرنا (to کے ساتھ) ۔ (فعل لازم) جاگ اٹھنا ؛ بیدار ہونا ؛ نیند کی سی حالت سے اٹھ بیٹھنا ؛ باخبر یا خبردار ہونا ؛ ہوشیار ہونا ؛ چوکنا یا چوکس ہونا ؛ مستعد ہونا ۔

awaken, v.i. جاگ پڑنا ؛ بیدار ہو جانا ۔ (فعل متعدی) جگانا ؛ نیند سے اٹھانا ؛ باخبر کرنا ؛ ہوشیار کرنا ۔

awakening, n, a. نیند سے اُٹھانے کا عمل ؛ بیداری ؛ مذہبی احیا ؛ کسی قسم کی کوئی آگاہی ؛ خبرداری ؛ احساس ۔

award, v.t. عطا کرنا ؛ فیصلہ کرنا ؛ انعام دینا ؛ محاکمہ کرنا؛ ثالث کی حیثیت سے فریقین کے دعووں پر اپنی رائے دیتے ہوئے قانونی طور پر فیصلہ سنانا یا مستوجب سزا قرار دینا ؛ بطور حق دینا ؛ انعام کے طور پر مرحمت کرنا ۔

award, n. عطیہ ؛ انعام ؛ عدالتی حکم ؛ فیصلہ ؛ تصفیہ ؛ پیش کردہ نکات کی بنا پر ثالثی فیصلہ ؛ عطائے معاوضہ ۔

awarder, n. انعام دینے والا ؛ مُعطی ۔

awardable, a. قابل عطا ؛ قابل انعام۔

aware, a. آگاہ ؛ جاننے والا ؛ واقف ؛ مطلّع ؛ ہوشیار ؛ با خبر ؛ چوکس ؛ خبردار (بعد میں of آتا ہے)۔

awareness, n. آگاہی ، واقفیت ؛ ہوشیاری ؛ خبرداری ۔

awash, a., adv. آب بُرد ؛ موج بُرد ؛ سیلاب بردہ ؛ پانی کی زد میں ؛ پانی یا سیلاب کے لپیٹ میں آ جانے کی سطح پر ۔

away, a., adv. پَرے ؛ الگ ؛ ایک طرف ؛ دور ؛ باہر؛ کسی جگہ سے غیر حاضر ؛ دور کہیں ۔ (کھیل) میدان کے اس حصے میں جو مخالف کھلاڑیوں کا ہو؛ گھر سے باہر (جیسے an away game) ۔(گالف) جوف سے باہر دور جا پڑنے والی گیند ۔ (بیس بال) اس میں آؤٹ ہو جانا مراد ہے (جیسے one away in the 7th inning)؛ فاصلے پر؛ کسی اور جگہ ؛ کچھ فاصلے تک (جیسے : to go away)؛ راستے پر؛ حذفِ عبارت کرتے ہوئے اس سے چل پڑنے کا مفہوم لیا جاتا ہے (جیسے whither away so fast)؟ بہت سے فعلوں کے ساتھ مل کر یہ استعمال یا ختم کر چکنے کا مفہوم پیدا کرتا ہے (جیسے to loiter away, to idle away, to squander away)؛ کسی فعل میں شدت پیدا کرنے کے لیے بھی اسے ساتھ لگا دیتے ہیں (جیسے laugh away, eat away) ۔

awe, n. رعب ؛ دبدبہ ؛ ہیبت یا دہشت ؛ تحسین و احترام آمیز ڈر ؛ جلال ؛ پُرتعظیم خوف ؛ استعجاب ؛ (کسی پُرجلال شے کو دیکھنے سے) دھاک ۔

awe, v.t. vi. مرعوب کرنا ؛ رعب ڈالنا ؛ رعب جمانا ؛ دباؤ ڈالنا ؛ ڈر بٹھانا ؛ خوف زدہ کر دینا ؛ خوف زدہ کر کے یا احترام و تعظیم کے سبب باز رکھنا ؛ سکّہ بٹھانا ؛ دھاک بٹھانا یا باندھنا ۔

aweary, a. (شاعری) خستہ ؛ افسردہ ؛ کسل مند ؛ آزردہ ؛ بیزار ؛ عاجز ؛ تھکاماندہ ؛ تنگ ۔

aweather, a., adv. ہوا رخ ؛ باد رخ ؛ جہاز کا موسمی رخ پر ہونا (alee کے برعکس) ۔

aweigh, a. (جہازرانی) لٹکا ہوا ؛ (لنگر کا) اس قدر عموداً اٹھا ہوا ہونا کہ وہ زمین سے نہ ٹکرائے ۔

aweless, awless, a. بے رعب ؛ نڈر ؛ بے خوف ؛ احترام یا استعجاب کا جذبہ بیدار نہ کر سکنے والا ۔

awesome, a. رعب دار ؛ تعجب انگیز (جیسے an awesome display of talent) ؛ پُرجلال ؛ با رعب ۔

awestricken, awe-struck, a. مرعوب ؛ دہشت زدہ ؛ رعب زدہ یا ہراساں ؛ متحیر ؛ ڈرا ہوا ؛ دہلا ہوا ۔

awful, a. رعب دار ؛ بارعب ؛ خوفناک ؛ ہولناک ؛ مہیب ؛ بھیانک ؛ ڈراؤنا ؛ ناگوار ؛ بدصورت ؛ قابل اعتراض ؛ ہیبت انگیز یا ہیبت آور ؛ خوف بھرا یا عزت و احترام کے گہرے جذبات سے مِلا ہوا رعب داب جو دہشت سے پیدا ہوتا ہے ۔

awfully, adv. پُررعب طریقے پر ؛ پُرخوف انداز سے ؛ ایسے انداز سے جو خوف زدہ کر دے ۔ (بول چال) خوفناک طریقے سے ؛ انتہائی طور پر ؛ کثرت سے ؛ حددرجہ ۔

awfulness, n. دیکھیے : awe,n. ۔

awhile, adv. ذرا کی ذرا ؛ پل بھر کے لیے ؛ تھوڑے وقت کے لیے ؛ کچھ عرصے تک ؛ قلیل عرصے کے لیے ؛ پل بھر کو ۔

awhirl, adv,a. بھنور میں ؛ چکر میں ؛ مرغولے میں ؛ گرداب میں ؛ بگولے میں ۔

awkward, a. بے ڈھب ؛ بھدّا ؛ کُڈھب ؛ بد وضع ؛ ہاتھوں کو یا آلات کو استعمال کرنے میں ناقص مہارت رکھنے والا ؛ اناڑی پن کا مظاہرہ کرنے والا ؛ بدسلیقہ ؛ نا سکون بخش ؛ تکلیف دہ ؛ گنوار ؛ بس میں نہ آنے والا ؛ خطرناک ؛ پریشان کن ؛ اَن گھڑ ؛ اناڑی ؛ بھونڈا ؛ پھوہڑ۔

awkwardly, adv. بے ڈھب طریقے سے ؛ بے ڈھنگے پن سے ؛ بُری طرح سے وغیرہ ۔

awkwardness, n. اناڑی پن ؛ بے ڈھنگا پن ؛ بھدّا پن ؛ بدسلیقگی ؛ ناشایستگی ؛ پھوہڑ پن ؛ بے تمیزگی ۔

awl, n. سُتالی ؛ آر؛ چمڑے یا لکڑی وغیرہ میں سوراخ کرنے کا ایک نوکیلا اوزار ؛ سُوا ؛ سُتاری ۔

awn, n. بالو ؛ کسار ؛ ریشہ ، ڈاڑھی ؛ اناج یا گھاس کا ریشہ یا کسار یا کوئی اور اسی قسم کی ریشہ دار شے ؛ بانجر۔

awned, a. بالو دار ؛ کسار دار ؛ ریشہ دار۔

awning, n. سائبان ؛ دھوپ اور بارش سے کھڑکی یا عرشے کو بچانے کے لیے تانا ہوا کینوس کا ڈھانچا ؛ ترپال ؛ نمگیرہ ۔

awry, a., adv. ترچھا ؛ آڑا ؛ ایک طرف کو جھکا یا بل کھایا ہوا ؛ ٹیڑھا ؛ بینڈا ؛ بھینگا ؛ مڑا ہوا ؛ کج رو ؛ بھولا بھٹکا ؛ بھولا چوکا ؛ راستے سے ہٹا ہوا ۔

ax, axe, n. کلہاڑی ؛ کلہاڑا ؛ تبر ؛ تیشہ ۔

get the ax, (عوامی) اچانک بر طرف یا موقوف کر دیا جانا جیسے ملازمت یا اسکول سے ۔

ax, axe, v.t. کلہاڑا چلانا ؛ کلہاڑے سے کاٹنا ؛ ڈھالنا یا درست کرنا ۔ (عوامی) ملازمت سے برطرف کر دینا ؛ برخاست کرنا ؛ الگ کر دینا ؛ معطل کرنا ۔

axial, a. محوری ؛ محور یا دھرے سے متعلق ؛ شاخی ۔

axially, adv. محوری طور پر ؛ محور کے مطابق ۔

axial skeleton, n. (تشریح الاعضا) محوری ڈھانچا ؛ سر اور ریڑھ سمیت انسانی ڈھانچے کا حصہ ؛ انسانی دھانچے کا بالائی حصہ ۔

axil, n. (نباتیات) بغل ؛ گوشہ ؛ کسی پتے یا اس کے تنے کی اوپر کی جانب یا اسے سہارا دیے ہوئے تنے یا شاخ کے درمیان بنا ہوا زاویہ (بغل گوشہ) ۔

axilla, n. (تشریح الاعضا) اِبط ؛ بغل ؛ بغلی گڑھا ؛ کسی پرندے کے بازو سے ملحقہ نیچے کی جانب اسی قسم کی کوئی جگہ ۔ (نباتیات) بغل گوشہ ۔

axillar, a. معاون (اسم/عموماً جمع) کسی پرندے کے پروں کے نیچے کا بغل سے ملحق حصہ ؛ بغل : شہ پَر ۔

axillary, n. بغلی ؛ ابطی ؛ معاون ۔ (صفت) بغل یا بغل گوشے سے متعلق ؛ کسی پودے کی بغل سے اُگنے والا یا وہاں پر واقع ؛ بغل رَو ۔

axiology, n. (فلسفہ) علم الاقدار ؛ قدریات ؛ اقدار اور قدری جائزے ، ان کی حقیقت اور اقسام وغیرہ کا مطالعہ خصوصاً اخلاقیات ، جمالیات اور مذہبیات میں ۔

axiological, a. قدریاتی ؛ اقداری ؛ قدری ۔

axiom, n. اوّلیہ ؛ بدیہہ ؛ مُسلّمہ ؛ اصول متعارفہ ؛ کوئی بدیہی صداقت یا مسئلہ ؛ کوئی مُسلّمہ جس کی سچائی اس قدر واضح ہو کہ دلیل اور وضاحت سے اس پر کچھ بھی اضافہ نہ کیا جا سکے ؛ کوئی مسلّمہ اصول (کسی آرٹ یا سائنس میں) ؛ آفاقی طور پر مانی ہوئی کوئی بات ؛ جامع کلمہ ۔

axiomatic, a. اولیّاتی ؛ بدیہی ؛ مُسلّم ؛ کسی امر بدیہی سے متعلق ؛ خودعیاں ؛ واضح بالذّات ۔

axis, n. محور ؛ دُھرا ؛ ساق ؛ قطر ؛ شاخ ؛ خط مرتب ؛ محوری مہرہ ؛ محورہ ؛ کوئی حقیقی یا فرضی خط مستقیم جو کسی جسم میں سے گزرتا ہو اور جس پر وہ جسم فی الحقیقت یا امکانی طور پر گھومے یا گھومتا ہو ؛ ایک فرضی خط جس کے مطابق کوئی وجود آہنگ دار یا متوازن رہتا ہے ؛ گردن کا وہ محوری مُہرہ جس پر سر گھومتا ہے ۔ (بڑے A کے ساتھ) دوسری عالمگیر جنگ میں جرمنی ، اٹلی اور جاپان کا اتحاد ۔

axis cylinder, n. (تشریح الاعضا) مرکز عصبہ ؛ کسی عصبی ریشے کا مرکزی ارتباطی حصہ ؛ مغز ۔

axite, n. (تشریح الاعضا) طرف محور ؛ جسمانی محور کی مختتم شاخوں میں سے کوئی ایک ۔

axle, n. دُھرا ؛ تکلہ ؛ دھری ؛ محور چرخ ؛ وہ سوئی ، سلاخ یا دُھرا وغیرہ جس پر یا جن کے ذریعے کوئی پہیہ گھومتا ہو ؛ دھرے کے دونوں سروں میں سے کوئی ایک ؛ پورا دُھرا یا اسی قسم کی کوئی اور سلاخ جو دو مخالف سروں سے وابستہ پہیوں کے ذریعے محو حرکت ہو ۔

axletree, n. چرخی محور ؛ دُھرا ؛ دُھرے کا ڈنڈا ؛ ایک سلاخ جو کسی گاڑی کے نیچے آر پار لگی ہوتی ہے ، اس کے دونوں جانب ایک گول تکلا سا ہوتا ہے جس پر پہیہ گھومتا ہے ۔

axman, axeman, n. کلہاڑیا ؛ کلہاڑا چلانے والا ؛ لکڑ ہارا ؛ تبریا ؛ پرانے زمانے کی جنگوں میں تبریا ۔

Axminster, n, قالین کی ایک قسم ؛ عمدہ قسم کا ایک بُردار قالین جو مخمل کی سی نرم پشم کا بنا ہوتا ہے (انگلستان کے ایک مقام ایکس منسٹر میں دستی بُنا جاتا تھا) ۔

axolotl, n. بربحری چھپکلی ؛ جل تھلی سالا مندر ؛ میکسیکو کی جھیلوں میں پائے جانے والے دُم دار بَربحریوں کا ایک رکن ، مینڈک کی طرح اس کے بھی چار عضو ہوتے ہیں ، اس کے پھیپھڑے بھی ہوتے ہیں اور گلپھڑے بھی؛ اگرچہ بعض اوقات گلپھڑے ساتھ چھوڑ جاتے ہیں ۔

axometer, n. محور پیما ؛ ایک آلہ جس کے ذریعے عینکوں کے فریم آنکھوں کی درمیانی جگہ کے مطابق سیٹ کیے جاتے ہیں ۔

axon, n. (تشریح الاعضا) جسمانی محور ؛ محور جسم ؛ لمبا سا اکہرا عصبی خُلیائی تار جس کے ذریعے جسمانی خلیوں کی مرسلہ عصبی دھڑکن دماغ تک پہنچتی ہے ؛ محوریّہ ۔

axonometric projection, n. (نقشہ نویسی) محور پیما شکل ؛ ایک تصویر کشی جس میں سہ ابعادی شے کو ، پیمانے کے عین مطابق قوسوں اور وتروں سے اس طرح بنایا جاتا ہے کہ یہ بگڑا ہوا منظر (آنکھ سے مشابہ) پیش کرتی ہے ۔

ay, aye, adv. (شاعری میں) ہمیشہ ؛ دائم ؛ مدام ؛ سدا ؛ نِت ۔

aye, ay, interj. ہاں؛ اقرار یا رضا مندی کی مظہر آواز ؛ اچھا ؛ بجا ؛ یقیناً ؛ بے شک ؛ بلے ۔

aye, n. ہاں ؛ بجا ؛ پارلیمانی آداب میں رضامندی ؛ حق میں دیا گیا ووٹ (جیسے the ayes have it) ۔

Aymara, n. ایمارا ؛ پیرو اور بولیویا کے ملکوں میں رہنے والے انڈین باشندے اور ان کی زبان ۔

Ayrshire, n. آرشیر ؛اسکاٹ لینڈ کے اسی نام کے ایک مقام کی گائے جس کا قد درمیانہ اور رنگ سفید اور بھورا ہوتا ہے ۔

Ayatollah, n. آیت اللہ ؛ ایران کے شیعہ مسلمانوں کے روحانی پیشوا ۔

azalea, n. [سُوکھا] اچالیہ ؛ جنس کنیر (Rhododendron) کے اریقی (heath) خاندان کا ایک پودا ، اس کی بعض دوغلی قسمیں (پھولوں کی کثرت اور خوشنمائی کے باعث) کاشت کی جاتی ہیں ۔

azimuth, n. [عربی لفظ کا بگاڑ] (طیرانیات) السّمت ؛ راستہ ؛ طرف ؛ سمت ؛ السموت ؛ افقی سطح پر قطب نما کے ذریعے دی گئی کسی طیارے کی زاویائی سمت : اسے عموماً شمال صادق سے گھڑی وار ، صفر سے ۳۶۰ درجے تک ناپا جاتا ہے ۔ اجرام